UNIVERSAL
LIBRARY
OU_226441
UNIVERSAL
LIBRARY

226441

Osmania University Library

Call No. ۴۹۷۶۵۱۴ Accession No. 11682

Author ۲۰۱

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

ولا یاتونک بمثل الا جئناک بالحق واحسن تفسیرا

یہ تفسیر دنیائے اسلام کے دینی سلسلے میں سب سے پہلی تفسیر ہے اور صحت روایت و کامل شان نزول وغیرہ کے اعتبار سے اپنی آپ ہی نظیر ہے جسکے مطالعہ کے لیئے شائقین کی طبیعتیں عرصہ سے بے چین تھیں یعنی

احسن التفاسیر

کی

دوسری منزل

جسمیں احادیث حسنہ صحیحہ اور اقوال صحابہ کرام سے قرآن شریف کی تفسیر کیگئی ہے اور بڑے بڑے نکات و لاینحل مقامات مشہور و معروف تفاسیر مثل تفسیر خازن تفسیر ابن جریر تفسیر ابن کثیر تفسیر معالم التنزیل وغیرہ سے حل کیئے ہیں اور صحت روایت کا حد درجہ خیال رکھا گیا ہے۔ اسکے ساتھ ہی قرآن شریف کی شان نزول جہانتک صحیح سند کے ساتھ مل سکی ہے نہایت صحت کے ساتھ لکھی گئی ہے

جسکو

عمدۃ المفسرین۔ سند المحدثین۔ فاضل اجل۔ عالم اکمل۔ علامۂ زمن۔ جناب مولٰنا و بافضل اولسنا مولوی سید احمد حسن صاحب سابق تعلقدار اول حیدرآباد دکن۔ حال وظیفہ خوار سرکار عالی نظام خلد اللہ ملکہ نے تالیف کیا ہے

اور مرزا محمد عبد الغفار مالک افضل المطابع و افضل الاخبار دہلی کے اہتمام سے

افضل المطابع دہلی میں چھپکر شائع ہوئی
سنہ ۱۳۲۷ھ

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں

قیمت فی جلد منزل مکرر علاوہ محصول ڈاک

المنزل الثانی

سورۃ المائدۃ

مدنیۃ وھی مائۃ وعشرون اٰیۃ وستۃ عشر رکوعا

حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے مطابق یہ سورۃ مدنی ہے اور اسکی ایکسو بیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ

اے ایمان والو پورا کرو اقرار حلال ہوئے تم کو چوپائے

الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ

مواشی اُسکے سوا جو تم کو سُناوینگے مگر حلال نہ جانو شکار کو اپنے

حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝

احرام میں اللہ حکم کرتا ہے جو چاہے

مسند امام احمد اور طبرانی میں اسمار بنت یزید سے روایت ہے کہ حجۃ الوداع کے سفر میں سورۂ مائدہ کی یہ آیتیں نازل ہوئیں اُس شان نزول کی روایۃ کی سند میں اسمار بنت یزید کا پروردہ شہر بن حوشب ایک راوی ہے جسکو بعضے علماء نے ضعیف اور کثیر الارسال لکھا ہے۔ لیکن تقریب میں اُسکو صدوق لکھا ہے۔ شہر بن حوشب کی یہ روایت اسمار بنت یزید سے ہے جو شہر بن حوشب کی پرورش کرنے والی ہیں اُس سبب سے اِس سند میں ارسال کا وہم بھی باقی نہیں رہتا۔

کیونکہ تابعی بغیر ذکر صحابی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت کرے تو اسکو ارسال اور اسکی حدیث کو مرسل کہتے ہیں اس سند میں وہ بات نہیں ہے۔ عقد عہد کو کہتے ہیں اس میں علماء مفسرین کا اختلاف ہے کہ ان آیتوں میں عقود کے معنی کون سے عہود کے ہیں۔ تفسیر ابن جریر میں علی بن طلحہؓ کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت ہے اُس میں حرام وحلال چیزوں کے جو احکام عہد کے طور پر قرآن شریف میں ہیں اُنہی احکام کو عقود کی تفسیر قرار دیا گیا ہے۔ یہ اُوپر گزر چکا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی جو روایت علی بن طلحہ کے واسطے سے تفسیر میں ہو وہ نہایت صحیح شمار کیجاتی ہے اس لیئے یہی تفسیر رفع اختلاف کے لیئے کافی ہے۔ آگے اللہ تعالیٰ نے حرام وحلال کا ذکر جو فرمایا ہے اُس سے بھی حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے۔ بھیمۃ الانعام کے معنی چوپائے مویشی کے ہیں۔ ان معنی میں بستی کے جانور اُونٹ گائے بکری بھیڑ اور جنگلی شکار کر کے کھانیکے قابل جانور مثلاً نیل گائے ہرن یہ سب داخل ہیں۔ انعام کے لفظ میں چوپائے درندے داخل نہیں ہیں۔ کیونکہ عرب کے محاورے میں درندوں کے نام جُدا جُدا ہیں اسی حکم شرعی کے جتلانے کے لیئے اللہ کے رسول نے فرمایا ہے کہ سب درندے چوپائے حرام ہیں۔ چنانچہ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت جابر سے جو روایتیں ہیں اُن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درندے جانوروں کے حرام ہونیکا ارشاد فرمایا ہے۔ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ کا مطلب یہ ہے کہ آگے آیت حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ میں جن جانوروں کا ذکر فرمایا ہے وہ حرام ہیں غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ کا مطلب یہ ہے کہ حاجیوں کو احرام کی حالت میں خشکی کے جانوروں کا شکار حرام ہے ہاں دریائی جانوروں کا شکار حالتِ احرام میں روا ہے چنانچہ اس کا ذکر آگے آتا ہے اب آگے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے علم اور ارادۂ ازلی کے موافق جن جانوروں کے حلال یا حرام ہونیکا حکم فرمادیا ہے اُسکی مصلحت کو وہی خوب جانتا ہے۔ اللہ کی مصلحت کے برخلاف اہل مکہ نے بعض جانوروں کو بحیرہ سائبہ وغیرہ کے نام سے جو حرام ٹھیرا رکھا ہے یہ ملتِ ابراہیمی میں نہیں ہے۔ بلکہ یہ زمانہ کفر کی رسم ہے ہر ایمان دار شخص کو اس سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ بحیرہ سائبہ جانوروں کا ذکر اس سورہ میں آگے آویگا

منزل ۲

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ

اے ایمان والو حلال نہ سمجھو اللہ کے نام کی چیزیں اور نہ ادب والا مہینا اور نہ نیاز کے جانور

وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ

جو سکے کو جاویں اور گلے میں لٹکن والیاں اور نہ آنے والوں کو ادب والے گھر کی طرف کہ ڈھونڈتے ہیں فضل اپنے رب کا

وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ۭ

اور خوشی اور جب تم احرام سے نکلو تو شکار کرو

ابن جریر میں عکرمہ اور سدی سے روایت ہے کہ ایک شخص شریح بن ہند مدینہ میں آکر مسلمان ہو گیا تھا اور اپنے وطن میں جاکر پھر مرتد ہو گیا اور اس قصہ کے ایک سال کے بعد اس شخص نے حج کا قصد کیا صحابہؓ نے آنحضرت سے درخواست کی کہ اگر آپ اجازت دیویں تو شریح بن ہند کے ساتھ جو نیاز کعبہ کے جانور اور تجارت کا مال ہے اسکو ہم لوٹ لیویں۔ آپنے فرمایا یہ کیونکر ہو سکتا ہے وہ تو نیاز کے جانور لیکر حج کے ارادہ سے جا رہا ہے اتنے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ مشرکین اپنے آپ کو ملت ابراہیمی کا پابند جان کر حالت شرک میں بھی حج کیا کرتے تھے اور سورۂ برارت کے نازل ہونے سے پہلے بموجب حکم اس آیت کے مسلمانوں کو منع تھا کہ مشرکوں کو حج سے روکیں۔ سورۂ برارۃ میں جب یہ حکم اترا کہ مشرک لوگ ناپاک اور نجس ہیں آیندہ سال سے وہ مسجد حرام کے پاس نہ آیا کریں جب سے سورۂ مائدہ کی اس آیت کا حکم منسوخ ہے۔ ابوجعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر میں اس آیت کے منسوخ ہونے پر اجماع نقل کیا ہے کہ ایک جماعت مفسرین کی اس آیت کے منسوخ ہونیکے قائل نہیں ہیں اور شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ نے فوز الکبیر میں اس آیت کے منسوخ ہونے کو تسلیم نہیں کیا۔ زیادہ تفصیل اسکی سورۂ برارت میں آویگی حاصل یہ ہے کہ جو علما سورہ مائدہ کی کسی آیت کے منسوخ ہونیکے قائل نہیں ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ سورۂ برارت کے نازل ہونے سے پہلے مشرک مسلمان سب حج کو جاتے تھے اور اس وقت تک یہ عام حکم تھا کہ کسی حج کے جانے والے کو خواہ مشرک ہو یا مسلمان حج کے جانے سے روکا نہ جاوے سورۂ برارۃ کے اس حکم سے کہ آیندہ سال سے مشرک لوگ مسجد حرام کے پاس نہ آیا کریں سورۂ برارۃ کے پہلے کا جو وہ عام حکم تھا اس میں ایک تخصیص ہو گئی اسکو ناسخ و منسوخ نہیں کہا جا سکتا۔ شعائر شعیرہ کی جمع ہے جسکے معنے نشانی کے ہیں۔ احرام باندھنا۔ قربانی کے جانوروں کا ساتھ لینا۔ احرام کے مہینوں میں حج کے ارادہ سے سفر کرنا پہچان کے لیئے قربانی کے جانوروں کے گلے میں پٹہ کا ڈال دینا یہ سب باتیں حج کے ارادہ میں اللہ کی تعظیم کی نشانیاں ہیں۔ اس لیئے انکو شعائر اللہ فرمایا۔ سورۂ بقر میں گزر چکا ہے کہ احرام کے مہینے شروع شوال سے لیکر ذی الحجہ کی دسویں تک ہیں اور یہ بھی گزر چکا ہے کہ رجب۔ ذیقعدہ۔ ذی الحجہ۔ محرم۔ ان مہینوں میں رفع شر کے طور پر لڑنا جائز ہے۔ لڑائی کی ابتدا اپنی طرف سے مسلمانوں کو جائز نہیں ہے۔ ھدی قربانی کے وہ جانور جنکو حاجی اپنے ساتھ لیجاتے ہیں قلائد وہ پٹے جو ان جانوروں کے گلے میں پہچان کے لیئے ڈالتے ہیں امین البیت الحرام کے معنی حاجی لوگ۔ حاصل معنی آیت کے یہ ہیں کہ ان تعظیم کے مہینوں میں لوٹ مار کرنا اور اللہ کی تعظیم کی نشانیوں کی توہین کرنا مسلمانوں کو جائز نہیں ہے کیونکہ حاجی لوگ اگرچہ حج کے سفر میں تجارت کا مال بھی ساتھ رکھیں تو رکھیں لیکن اصل قصد انکا حج سے اللہ کی رضامندی حاصل کرنیکا ہوتا ہے حالت احرام میں خشکی کے جانوروں کا شکار جو منع فرمایا تھا اب آگے فرمایا کہ احرام کے کھل جانے کے بعد وہ ممانعت

منزل ۲

باقی نہیں رہتی اگر بغیر احرام والا کوئی شخص شکار کے جانور کا گوشت احرام والے شخص کو دیوے تو احرام والے شخص کو اس کا گوشت کھانا جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ وہ شکار احرام والے شخص کی خاطر سے نہ کیا گیا ہو۔ معتبر سند سے مسند امام احمد اور ابن ماجہ میں ابوقتادہ کی جو حدیث ہے اس میں یہ سب ذکر تفصیل سے ہے۔ اگر احرام والا شخص غیر احرام والے شکاری شخص کی کچھ مدد کرے تو اس شکار کے جانور کا گوشت بھی احرام والے شخص پر حرام ہو جاتا ہے چنانچہ اس کا ذکر صحیح مسلم کی ابوقتادہ کی حدیث میں ہے۔ یہ حدیثیں آیت کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہیں۔ یہ اوپر گزر چکا ہے کہ حج کے ذیل میں کچھ تجارت کیجاوے تو اس سے حج میں کچھ فتور نہیں پڑتا ۞

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ

اور باعث نہ ہو تم کو ایک قوم کی دشمنی کہ تمکو روکتے تھے آدب والی مسجد سے اس پر کہ زیادتی کرو اور آپس میں مدد کرو نیکی کام پر

وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ○

اور پرہیزگاری پر اور مدد نہ کرو گناہ پر اور زیادتی پر اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ کا عذاب سخت ہے

تفسیر ابن ابی حاتم میں زید بن اسلم سے روایت ہے کہ قصہ حدیبیہ کے بعد کچھ مشرکین مدینہ کی راہ سے عمرہ کی نیت سے مکہ جاتے تھے صحابہ کرام نے آنحضرت سے اجازت چاہی کہ جس طرح مشرکوں نے ہمکو حدیبیہ کے قصہ کے وقت مکہ میں جانے اور عمرہ کرنے سے روکا تھا ہم بھی ان کو روکیں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ حاصل معنی آیت کے یہ ہیں کہ جن لوگوں نے دشمنی کر کے تم کو کعبہ میں جانے سے روکا تھا صلح حدیبیہ کے بعد ان لوگوں سے دشمنی کا بدلہ لینا صلح کی شرط کے خلاف ہے۔ ایسی ناجائز اور زیادتی کی باتوں پر مسلمانوں کو ایکا کرنا نہ چاہیئے بلکہ مسلمانوں کا ایکا اور آپس کی امداد ہمیشہ نیک باتوں پر ہووے اور ناجائز امداد سے خدا کا خوف دل میں رہے کیونکہ خدا کا عذاب بڑی سخت چیز ہے صحیح مسلم میں نواس بن سمعان کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بر کے معنی حسن اخلاق کے فرمائے ہیں اور فرمایا ہے کہ اثم وہ کام ہے جسکے کرنے سے آدمی کو ایک خلجان پیدا ہو اور وہ اس کام کو لوگوں سے چھپاوے۔ یہ حدیث گویا آیت کی تفسیر ہے ۞

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ

حرام ہوا تم پر مُردہ اور لہو اور گوشت سور کا اور جس چیز پر نام پکارا اللہ کے سوا

وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا

اور جو مر گیا گھٹ کر یا چوٹ سے یا گر کر یا سینگ مارے سے یکہ جسکو کھایا پھاڑنے والے نے مگر جو

ذَكَّيْتُمْ ۭ وَمَا ذُبِحَ عَلَي النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ

تم نے ذبح کیا اور جو ذبح ہوا کسی تھان پر اور یہ کہ بانٹا کرو پانسے ڈال کر یہ گناہ کا کام ہے

اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ

آج ناامید ہوئے کافر تمہارے دین سے سو ان سے مت ڈرو بلکہ اللہ سے ڈرو

یہ اوپر گزر چکا ہے کہ یہ آیت اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ کی تفسیر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ میں عام طور پر چوپایوں کے حلال ہونیکا جو حکم دیا گیا ہے اس میں سے وہ چوپائے حرام ہیں جن کا ذکر اس آیت میں ہے مُردار وہ جانور جو بغیر ذبح اور شکار کے اپنی موت سے مرجائے۔ سورۂ بقرہ میں مسند امام احمد ابن ماجہ مستدرک حاکم وغیرہ کے حوالہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث گزر چکی ہے کہ مُردار جانوروں میں سے دو مردار جانور مچھلی اور ٹڈی حلال ہیں۔ اس حدیث کی سند میں عبداللہ بن زید بن اسلم کو بعضے علماء نے اگرچہ ضعیف کہا ہے لیکن امام احمد نے عبداللہ بن زید کو ثقہ لوگوں میں شمار کیا ہے۔ اس حدیث کی سند کا صحیح ہونا تسلیم کرکے ابوزرعہ وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے اس کا جواب اور علماء نے یہ دیا ہے کہ اس حدیث میں اُحِلَّ لَنَا کا لفظ ہے اور اصول حدیث میں یہ طے ہو چکا ہے کہ صحابی کے جس قول میں اس طرح کے لفظ ہوں وہ قول حدیث نبوی کے حکم میں ہوتا ہے۔ سورۂ بقرہ میں یہ گزر چکا ہے کہ ذبح کے وقت جانور کی رگوں میں سے نکل کر جو خون بہا کرتا ہے وہ خون حرام ہے گوشت میں لگا ہوا خون حرام نہیں ہے۔ عبداللہ بن عمر کی حدیث جو اوپر گزری اس میں یہ بھی ہے کہ خون میں سے وہ خون کلیجی اور تلی حلال ہیں۔ اوپر سے جانوروں کے گوشت کا ذکر تھا اسلیئے لحم الخنزیر فرمایا اور سورۂ انعام میں لحم الخنزیر فرماکر اسکے بعد فَاِنَّهٗ رِجْسٌ بھی فرمایا تاکہ معلوم ہوجاوے کہ گوشت پر منحصر نہیں سور کے سارے اجزا ناپاک ہیں۔ بعضے مفسروں نے سورۂ انعام کی آیت کی تفسیر میں یہ بحث جو کی ہے کہ لحم خنزیر کی ترکیب اضافی ہے اور اس طرح کی ترکیب اضافی کے بعد جو ضمیر آتی ہے وہ مضاف کی طرف پھرا کرتی ہے مضاف الیہ کی طرف نہیں پھرا کرتی اس لیئے فانہ میں جو ضمیر ہے وہ لحم کی طرف پھرے گی اور معنی یہ ہونگے کہ سور کا گوشت ناپاک ہے اس معنی کی بنا پر سور کے سارے اجزا کا ناپاک ہونا آیت سے نہ نکلے گا۔ اس کا جواب اور علماء نے یہ دیا ہے کہ آیت کمثل الحمار یحمل اسفارا اور آیت واشکروا نعمۃ اللہ علیکم ان کنتم ایاہ تعبدون کی بھی یہی ترکیب ہے اور ان میں یحمل کی ضمیر اور ایاہ کی ضمیر مضاف الیہ کی طرف پھرتی ہے اس لیئے یہ ضروری نہیں ہے کہ اس طرح کی ترکیب میں ہمیشہ ضمیر کا مضاف کی طرف پھرنا لازمی ہو۔ صحیح مسلم ابوداؤد اور ابن ماجہ میں بریدہ اسلمی کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو سر کھیلنے والا شخص جب تک جوسر کھیلتا ہے تو اسکے ہاتھ گویا سور کے خون میں ڈوبے رہتے ہیں۔ جن علماء نے سور کے سارے اجزا کو ناپاک ٹھیرایا ہے اس حدیث سے ان کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے۔ کیونکہ اس حدیث میں اللہ کے رسول نے ناپاکی کو سور کے گوشت میں منحصر نہیں فرمایا۔ اگرچہ اب عیسائی لوگ سور کو حرام نہیں سمجھتے لیکن توراۃ کے حصہ استثناء

منزل ۲

کے باب ۱۴ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل عیسائی مذہب میں سور قطعی حرام ہے۔ دباغت سے امام ابوحنیفہ رح اور امام شافعی رح کے نزدیک سور کی کھال پاک نہیں ہوتی امام مالک رح اور امام احمد رح سے اس باب میں مختلف روایتیں ہیں۔ دباغت اُس طریقہ کو کہتے ہیں جس سے کھال کو پاک وصاف کرکے استعمال کے قابل کیا جاتا ہے امام ابویوسف رحمہ اللہ کو اس باب میں امام ابوحنیفہ رح سے اختلاف ہے۔ صحیح مسلم ترمذی ابن ماجہ اور مسند امام احمد میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے ایک کھال دباغت سے پاک ہوسکتی ہے اس حدیث سے امام ابویوسف رح کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے۔ زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی بڑی کتابوں میں ہے۔ جمہور مفسرین نے آیت وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ کے یہ معنی کیے ہیں کہ یہ وہ جانور ہے جسکے ذبح کے وقت سوا اللہ کے اور کسی کا نام لیکر اُسکو ذبح کیا جاوے جس طرح مشرکین مکہ جانوروں کے ذبح کرنے سے پہلے اپنے بتوں کے نام زد کرتے تھے اور ذبح کے وقت اُن بتوں کا نام لیکر اُن جانوروں کو ذبح کرتے تھے۔ جمہور مفسرین کے معنی کے علاوہ تفسیر عزیزی میں آیت کے یہ معنی بیان کیے گئے ہیں کہ سوا اللہ کے کسی اور شخص کی تعظیم کی غرض سے اگر کوئی جانور اُس شخص کے نام کا ٹھیرایا جاوے اور ذبح کے وقت عادت کے طور پر بسم اللہ اللہ اکبر زبان سے کہہ کر اُس جانور کو ذبح کیا جاوے تو ایسے جانور کا گوشت بھی حرام ہے۔ آپ نے اس قول کے صحیح ہونیکی وجہ شاہ صاحب نے یہ بیان کی ہے کہ مثلاً جو لوگ سید احمد کبیر کی گائے بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کرتے ہیں جب اُن سے یہ کہا گیا کہ اس گائے کے معاوضہ کا گوشت بازار سے لیکر ایک دو دفعہ تم اپنا کام چلاؤ تاکہ معلوم ہو کہ ذبح کے وقت تمھارا بسم اللہ اللہ اکبر کا زبان سے کہنا دلی ارادہ سے ہے تو ان لوگوں نے اس بات کو منظور نہیں کیا جس سے معلوم ہوا کہ ذبح کے وقت ان لوگوں کا بسم اللہ اللہ اکبر کہنا برائے نام ہے انکی نیت میں اُس شخص کی تعظیم ذبح کے وقت بھی بسی ہوئی ہوتی ہے جسکے نام کا اُنھوں نے وہ جانور ذبح سے پہلے ٹھیرایا تھا اس لیئے اس ذبح کو ذبح شرعی نہیں کہہ سکتے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ حضرت عمرؓ کی صحیح بخاری و مسلم کی حدیث اِنَّمَا الاعمال بالنیات اور صحیح مسلم کی ابوہریرہ کی حدیث اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَىٰ أَجْسَادِكُمْ وَلَا إِلَىٰ صُوَرِكُمْ وَلَٰكِنْ يَنْظُرُ إِلَىٰ قُلُوبِكُمْ اور اس قسم کی اور حدیثوں کے موافق شریعت کے سارے کاموں کا دارومدار آدمی کی نیت اور دلی ارادہ پر ہے اس واسطے نیت اور دلی ارادہ کی بنا پر جو فیصلہ شاہ صاحب نے کیا ہے وہ بالکل اصول شرع کے موافق ہے۔ گلا گھٹ کر جو جانور مرجاوے اُسکو منخنقہ کہتے ہیں۔ لکڑی وغیرہ کے مارنے سے جو جانور مرجاوے وہ موقوذہ ہے۔ اونچی جگہ سے گرکر جو جانور مرجاوے وہ متردیہ ہے۔ دوسرے جانور کے سینگ مارنے سے جو جانور مرجاوے وہ نطیحہ ہے۔ کسی درندہ نے ایک جانور پر حملہ کیا اور کسی شخص نے اُس جانور کو زندہ پاکر اُسے ذبح کرلیا تو وہ حلال ہے نہیں تو حرام یہ تفسیر بعضے مفسرین کے قول کی بنا پر ہے لیکن حضرت عبداللہ بن عباس کا قول یہ ہے کہ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

بہ سے وَمَآ اَکَلَ السَّبُعُ تک سب جانوروں سے متعلق ہے اور معنی آیت کے یہ ہیں کہ ان سب جانوروں میں سے جس جانور کو کوئی شخص زندہ پاکر ذبح کرلیوے تو وہ حلال ہے ذکوۃ کے معنی ذبح کرنے کے ہیں ذبح کرنے کی چیز ایسی ہونی چاہیئے جس سے گردن کی رگیں کٹ کر خون بہ جاوے دانت اور ناخون سے ذبح منع ہے چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کی رافع بن خدیج کی حدیث میں اس کا ذکر تفصیل سے ہے سلف کے نزدیک جو جانور دم ہلاوے یا آنکھیں کھولکر دیکھنے لگے یا کھڑا ہوجاوے وہ زندہ شمار کیا جاویگا مشرکین مکہ نے تین سو ساٹھ تھان بتوں کے نام کے کعبہ کے اطراف میں بنا رکھے تھے جس میں تیر رکھے تھے اُن تھانوں کی پوجا بھی کی جاتی تھی اور اُن تھانوں پر بتوں کے نام کے جانور بھی ذبح کیئے جاتے تھے اُن ہی جانوروں کو مَا ذُبِحَ فرمایا اور اُن تھانوں کو نصب فرمایا ہبل بت کے نام کا ایک بڑا تھان تھا وہاں پر تین تیر رکھے ہوئے تھے ایک پر اجازت لکھی ہوئی تھی دوسرے پر مخالفت اور تیسرا خالی تھا مشرکین مکہ کو جب کسی کام کے کرنے نہ کرنے میں پس وپیش ہوتا تھا تو اُس تھان کے کاہن کے پاس جاتے تھے وہ کاہن اُن تیروں کو جوے کے پانسوں کی طرح اس طرح کام میں لاتا کہ اُن کو ایک تھیلی میں ڈالکر بغیر دیکھے ایک تیر نکالتا اگر اجازت کا پانسا نکل آتا تو وہ کام کرلیا جاتا اور ممانعت کے پانسے پر اُسی کام کا ارادہ فسخ کردیا جاتا تھا۔ اگر خالی تیر والا پانسہ نکلتا تو پھر گھڑی گھڑی وہ پانسے یہانتک کام میں لائے جاتے کہ اجازت یا ممانعت کا پانسہ نکل آتا۔ ان تیروں کے پانسوں کا نام ازلام ہے۔ اور استقسام کے معنے ان پانسوں کے ذریعے سے کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم دریافت کرنے کے ہیں۔ مشرکین مکہ کا یہ غلط اعتقاد تھا کہ ان پانسوں کے ذریعے سے غیب کی خبر کا دریافت کرنا ملت ابراہیمی کا ایک مسئلہ ہے چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ فتح مکہ کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے اندر ابراہیم علیہ السلام اور اسمعیل علیہ السلام کی تصویریں دیکھیں جن کے ہاتھوں میں بھی یہی پانسے تھے انکو دیکھ کر آپنے فرمایا اللہ ان مشرکوں کو ہلاک کرے جنھوں نے یہ تصویریں بنائی ہیں ابراہیم علیہ السلام اور اسمعیل علیہ السلام نے تو کبھی پانسے ہاتھ میں نہیں لیئے۔ یہ پانسوں کا عمل ہبل بت کے تھان پر کیا جاتا تھا اس لیئے تھانوں کے ذکر میں اس کا ذکر بھی فرمایا۔ اس طریقہ سے ایک تو غیب کی خبر دریافت کی جاتی تھی جو سوا اللہ تعالیٰ کے کسیکو معلوم نہیں۔ دوسرے غلطی سے اسکو ملت ابراہیمی کا ایک حکم شمار کیا جاتا تھا اس واسطے اس طریقہ کی ممانعت فرمائی۔ قرآن شریف کے نازل ہونے سے پہلے شیاطین آسمان کی بہت سی خبریں سن آتے تھے اور عرب کے کچھ لوگوں سے اس واسطے کہدیتے تھے کہ یہ لوگ ان شیاطینوں کی نذر نیاز کرتے رہتے تھے۔ ان ہی لوگوں کو کاہن کہتے ہیں یہ کاہن لوگ فال کے طور پر ان باتوں کو عام لوگوں کی ضرورت کے وقت بہت سی باتیں اپنی طرف سے ملاکر عام لوگوں سے کہدیتے تھے اور عام لوگوں

سے کچھ لے لیا کرتے تھے اسی پر ان کا ہنوں کی گزران تھی صحیح بخاری و مسلم اور فقط صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رض کی حدیثیں ہیں اُن میں ان شیاطینوں اور کاہنوں کا ذکر تفصیل سے ہے دلکم فسق کا یہ مطلب ہے کہ جن باتوں کا اُوپر ذکر گزرا کہ وہ باتیں حرام ہیں اُنکو حلال جاننا نافرمانی اور گمراہی ہے کیونکہ ملّۃ ابراہیمی میں ان باتوں کے کرنے کا کہیں حکم نہیں ہے۔ فتح مکہ سے پہلے مشرکین مکہ کو یہ اُمید تھی کہ شاید دین اسلام ضعیف ہو کر قریش میں کے جو لوگ مسلمان ہو گئے ہیں وہ پھر بُت پرست بن جاویں فتح مکہ کے بعد مشرکوں کی وہ اُمید منقطع ہو گئی اُسی کا ذکر آگے فرما کر فرمایا کہ مشرکوں کا خوف تو اب اُٹھ گیا مگر ہر ایماندار کو اللہ کا خوف دل میں رکھنا چاہیئے تاکہ اللہ سے نڈر ہو جانے کے سبب سے حالت اسلام میں کچھ ایسے کام مسلمانوں سے نہ ہو جائیں جس سے اللہ کی مدد کم ہو کر اسلام میں ضعف آجاوے۔ صحیح مسلم میں حضرت جابر کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جزیرہ عرب میں شیطان کے بہکانے سے بُت پرستی جو پھیلی ہوئی تھی وہ تو ایسی گئی کہ شیطان اُس سے ناامید ہو گیا لیکن آپس کی لڑائیوں کے لیئے شیطان کے بہکاوے کا اثر اسلام میں باقی ہے۔ یہ حدیث آیت کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیت کے آخری ٹکڑے اور حدیث میں اُن آپس کی لڑائیوں سے پیشین گوئی کے طور پر ڈرایا گیا ہے جو اللہ سے نڈر ہو جانے اور شیطان کے بہکانے میں پھنس جانے سے باہم مسلمانوں میں لڑائیاں ہوئیں جن سے آخر کو اسلام میں ضعف آگیا ✣ منزل ۲

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلٰمَ

آج میں پورا دے چکا تم کو دین تمہارا اور پورا کیا تم پر میں نے احسان اپنا اور پسند کیا میں نے تمہارے واسطے

دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

دین مسلمانی پھر جو کوئی ناچار ہو گیا بھوک میں کچھ گناہ پر نہیں ڈھلتا تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

بخاری اور کتب حدیث میں روایت ہے کہ بعضے یہودی لوگوں نے حضرت عمر رض سے کہا کہ قرآن میں ایک آیت ایسی اُتری ہے کہ اگر ہم لوگوں پر وہ آیت اُترتی تو ہم اُسکے اُترنے کے دن کو عید ٹھیراتے حضرت عمر رض نے فرمایا مجکو معلوم ہے کہ کہاں اور کس دن یہ آیت اُتری ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس دن دو عیدیں جمع تھیں کیونکہ حجۃ الوداع کے عرفہ اور جمعہ کے دن یہ آیت اُتری ہے۔ ابن جریر نے سدی سے روایت کی ہے کہ اس آیت کے نازل ہونیکے بعد پھر کوئی حکم حلال یا حرام کی بابت نہیں نازل ہوا اور اس آیت کے نزول کے دو مہینے اکیس روز کے بعد آنحضرت نے وفات پائی۔ ابن جریر میں یہ بھی روایت ہے کہ جس روز یہ آیت اُتری ہے خدا کا شکر ہے کہ اُسکے اُترنے کے دن دو عیدیں جمع تھیں کیونکہ حجۃ الوداع کے عرفہ کے دن یہ آیت اُتری ہے ابن جریر میں

یہ بھی روایت ہے کہ جس روز یہ آیت اُتری اُس روز حضرت عمرؓ بہت روئے آنحضرت نے حضرت عمرؓ سے رونے کا سبب پوچھا اُنھوں نے جواب دیا کہ آج تک دن بدن دین کے بڑھنے کی توقع تھی اِس آیت سے معلوم ہوا کہ آج دین کا مرتبہ کمال کو پہنچ گیا اور ہر کمال کو زوال کا خوف ہے اِس لیئے میں روتا ہوں آنحضرت نے فرمایا سچ ہے صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے صاحب شریعت نبی حضرت نوح علیہ السلام سے لیکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کی شریعتوں کو ایک خوشنما مکان سے تشبیہ دیکر یہ فرمایا کہ اُس مکان میں ایک آخری اینٹ کی کسر تھی وہ آخری اینٹ میں ہوں کہ میری شریعت کے بعد وہ مکان پورا ہو گیا کیونکہ میں خاتم النبیین ہوں۔ یہ حدیث اس آیت کی گویا تفسیر ہے کس لیئے کہ آیت اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب ہوا کہ پچھلی شریعتوں کی تکمیل شریعت محمدی سے ہوئی اور شریعت محمدی کی تکمیل قرآن شریف کے نزول کی تاریخ سے شروع ہو کر سارے قرآن کے نزول کے ختم پر وہ تکمیل پوری ہو گئی۔ ترمذی اور مستدرک حاکم میں حضرت عائشہؓ اور عبداللہ بن عمرؓ سے جو روایتیں ہیں اُن کا حاصل یہ ہے کہ سورۂ مائدہ حرام و حلال کے باب میں آخری سورہ ہے اسکے بعد حرام و حلال کا کوئی حکم نہیں اُترا۔ ان روایتوں کی بنا پر تفسیر سدی وغیرہ میں ہے کہ اس مطلب کے ادا کرنے کے لیئے اِس سورت میں اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ فرمایا لیکن امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت جو صحیح بخاری میں ہے وہ اسکی مخالف ہے کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ سورۂ بقر کی آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا سورۂ مائدہ کے بعد نازل ہوئی ہے اس روایت کی بنا پر قتادہ اور سعید بن جبیر کے قول کے موافق حافظ ابن جریر کے نزدیک صحیح مطلب آیت اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ کا یہ نہیں ہے کہ حرام و حلال کے احکام پورے ہو کر اس آیت کے نزول کے دن اسلام کامل ہو گیا بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اِنَّا فَتَحْنَا میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے خواب کو سچا کر کے مسلمانوں سے یہ وعدہ جو فرمایا تھا کہ اسلام کے غالب اور کامل ہونیکا وہ زمانہ آنیوالا ہے جس میں مسلمان بے خوف و خطر کعبہ کا حج کریں گے اور حدیبیہ کی مزاحمت کی طرح کوئی مخالف اسلام کچھ مزاحمت نہ کر سکے گا حجۃ الوداع کیوقت اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ پورا ہو گیا اس لیئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اپنے وعدے کے پورے ہو جانیکی نعمت مسلمانوں کو یاد دلائی حضرت عمرؓ کے رونے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اُس رونے کی حالت کو تصدیق کرنے کی روایت جو اُوپر گزری اُس سے سعید بن جبیر اور قتادہ کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے کیونکہ کمال و زوال اسلام کی قوت و ضعف کی حالت سے بھی ہے۔ کس لیئے کہ اسلام کے بعد کوئی شریعت قیامت تک نہیں ہے جو اسلام کے احکام کو منسوخ کر کے اُن پر کچھ زوال کا اثر ڈالے اسلام میں پچھلے سب نبیا اور پچھلی سب شریعتوں کے حق ہونیکی صداقت ہے اور قیامت تک یہی دین قائم رہے گا پچھلی شریعتوں میں جس طرح کچھ ردّ و بدل ہوا وہ اس میں کچھ نہ ہوگا

منزل ۲

کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور اسلام آخری شریعت ہی اس لیئے فرمایا کہ اس آخری زمانہ میں اللہ کو دین اسلام پسند ہے۔ آگے فرمایا کہ اوپر جن چیزوں کے حرام ہونیکا ذکر گزرا وہ چیزیں ایسے شخص کو حلال ہیں جو بھوک سے لاچار ہو جاوے اور سوا ان حرام چیزوں کے اور کوئی حلال چیز اس شخص کو کھانے کو نہ ملے۔ زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی سورۂ بقر میں گزر چکی ہے یہ جو مشہور ہے کہ تین دن کے فاقہ کے بعد حرام چیز حلال ہوتی ہے اس کا کچھ پتہ شرع کے احکام سے نہیں لگتا۔ بلکہ شرع میں لاچار اور بے بس آدمی کے لیئے یہ حکم ہے۔ اور معتبر سند سے مسند امام احمد میں ابو واقد لیثی سے جو روایت ہی اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو لاچار اور بے بس ٹھیرا دیا ہے جسکو صبح اور شام کا کھانا میسر نہ آوے ترمذی میں بریدہ کی حدیث ہی جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہونگی جس میں اسی صفیں امت محمدیہ کی ہونگی۔ اسلام کے اللہ تعالیٰ کے پسند ہونیکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بہ نسبت اور شریعتوں کے دنیا میں اللہ تعالیٰ نے اسلام کو دو چند پھیلایا ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ مخمصہ کے معنی بھوک کے ہیں۔ متجانف کے معنے کسی جانب کو مائل ہونے والا شخص

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ ٱلطَّيِّبَٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ ٱلْجَوَارِحِ

تجھ سے پوچھتے ہیں کہ ان کو کیا حلال ہی تو کہہ تم کو حلال ہیں ستھری چیزیں اور جو سدھاؤ شکاری جانور ورڑاکے کو

مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ ٱللَّهُ ۖ فَكُلُوا۟ مِمَّآ أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَٱذْكُرُوا۟

کہ انکو سکھاتے ہو کچھ ایک جو اللہ نے تم کو سکھایا ہے سو کھاؤ اس میں سے کہ رکھ چھوڑیں تمہارے واسطے کہ

ٱسْمَ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلْحِسَابِ ۝

اللہ کا نام لو اس پر اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ شتاب لینے والا ہے حساب کا

مستدرک حاکم ابن ابی حاتم اور ابن جریر میں ابو رافع کی شان نزول کی روایت ہی جسکو حاکم نے صحیح کہا ہی اس روایت کا حاصل یہ ہی کہ ایک دفعہ حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضرت کے پاس آنکر دروازہ پر رک گئے گھر کے اندر نہیں آئے آنحضرت نے ان سے اسکا سبب دریافت کیا تو انھوں نے جواب دیا کہ جس گھر میں کتا ہو اس گھر میں فرشتے نہیں آتے پھر تلاش سے معلوم ہوا کہ گھر میں ایک کتہ کا پلا تھا آنحضرت نے اسکو نکلوا دیا اور کتوں کے مارنے کا حکم دیا اسی ذیل میں بعضے صحابیوں نے کتے کے شکار کا حکم آنحضرت سے پوچھا اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ کتوں کے مارنیکا حکم سنکر صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ اس لیئے پوچھا کہ اگر شکاری کتے کے پالنے کی بھی ممانعت ہو تو شکاری کتے جو انکے پاس ہوں انکو نکالدیں صحیح بخاری مسلم وغیرہ میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شکار کیواسطے یا کھیتی یا مویشی کی حفاظت

کے لیئے کُتّے کا پالنا روا ہی نہیں تو نہیں۔ یہ حدیث اِس آیت کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیت میں فقط شکاری کتّے کے پالنے کی اجازت ہی اور حدیث میں یہ بھی تفسیر ہے کہ سوا شکار کی ضرورت کے دو ضرورتیں اور بھی ایسی ہیں جن میں کتّے کا پالنا روا ہی۔ کتّے کے شکار کے حلال ہونے میں یہ شرطیں ہیں۔ شکاری کتا سدھا ہوا ہو اُسکا سدھا ہوا ہونا یوں معلوم ہوگا کہ کم سے کم دو دفعہ یا تین دفعہ اُسکو آزما لیا جاوے کہ جس وقت اُسکو شکار پر چھوڑا جاتا ہی تو وہ جاتا ہے اور جب روکا جاتا ہی تو رُک جاتا ہی۔ مالک کی بلا اجازت شکار کا گوشت کھا جانیکی جرأت نہیں کرتا۔ کُتّے کو شکار پر چھوڑتے وقت بسم اللہ کہکر اُسے چھوڑنا چاہیئے اگر جان بوجھ کر بسم اللہ کا کہنا ترک ہوگیا اور کتّے کا پکڑا ہوا شکار کا جانور ذبح کرنے سے پہلے مرگیا تو ایسے جانور کا گوشت کھانا اکثر علماء کے نزدیک جائز نہیں ہی۔ کتّے کا پکڑا ہوا جانور اگر جیتا ہاتھ آجاوے تو اُسکو ذبح کرنا ضرور ہے۔ اگر ذبح کرنے سے پہلے وہ جانور مرگیا اور کُتّے نے اُس میں سے کچھ گوشت کھالیا تو گویا یہ کتّا سدھا ہوا نہ رہا اِس لیئے اِسکے شکار کا گوشت ناجائز ہے۔ ہاں اگر کُتّے نے اُس میں سے کچھ نہیں کھایا تو یہ شکار جائز ہی کیونکہ سدھے ہوئے کتّے کا جانور کو پکڑنا شرع میں قائم مقام ذبح کے ہی۔ چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کی عدی بن حاتم کی حدیث میں اِسکا ذکر ہے اگر سدھے ہوئے کتّے کے شکار میں دوسرا اجنبی کُتا شریک ہوجائے اور شکار کا جانور ذبح کرنے سے پہلے مرجائے تو یہ گوشت مُردار ہے خواہ کتا اُس میں سے کچھ کھاوے یا نہ کھاوے۔ اور درندوں میں سے چیتے کے شکار کا اور پرندوں میں سے باز وغیرہ شکاری جانوروں کے شکار کا بھی یہی حکم ہے جو کُتّے کے شکار کا ہی عدی بن حاتم کی جس حدیث کا حوالہ اُوپر گزرا اُسکی روایت میں اُنھوں نے کُتّے کے شکار کے مسئلہ میں تیر کے شکار کا یہ مسئلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ تیر کے شکار کا جانور اگر ذبح کرنیسے پہلے مرجاوے تو اُس کا کیا حکم ہے آپنے جو جواب دیا اُس کا حاصل یہ ہی کہ اگر تیر سے جانور کے جسم میں زخم لگا اور خون نکلا تو یہ جانور حلال ہے نہیں تو نہیں۔ اِس لیئے بعضے علماء نے یہ بات نکالی ہے کہ بندوق کے شکار کا بھی یہی حکم ہی کیونکہ بندوق کا زخم تیر کے زخم سے بڑھکر ہوتا ہی۔ تیر کو کمان سے گولی چھرّے کو بندوق سے جب چلایا جاوے تو بسم اللہ کہہ کر چلایا جاوے۔ چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کی ابی ثعلبہ کی حدیث میں اسکا ذکر ہے۔ طَیِّبَاتُ کے معنے ذبح کیئے ہوئے حلال جانور۔ جوارح کے معنی شکاری جانور مکلبین کے معنی سدھے ہوئے جانور مِمَّا علمکم اللہ سے وہ عقل مقصود ہی جو اللہ تعالیٰ نے شکاری جانوروں کے سدھانے کے لیئے انسان کو دی ہے واذکروا اسم اللہ علیہ کے معنے اُوپر گزر چکے کہ شکاری جانور کے شکار پر چھوڑنے کے وقت بسم اللہ کہکر اُسے چھوڑنا چاہیئے۔ آخر آیت میں حساب کیوقت اپنے سامنے کھڑے ہونے سے اللہ تعالیٰ نے مسلمان شکاریوں کو ڈرایا تاکہ شکار میں جو شرطیں ٹھیرائی گئی ہیں شکاری لوگ اُن شرطوں کی پابندی کریں۔ اور اِس پابندی میں بے احتیاطی کرنے سے اُس دن کا حساب یاد رکھکر ڈریں ✤

منزل ۲

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۭ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَطَعَامُكُمْ

آج حلال ہوئیں تم کو سب چیزیں ستھری اور کتاب والوں کا کھانا تم کو حلال ہے اور تمہارا کھانا

حِلٌّ لَّهُمْ ۡ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اُن کو حلال ہے اور قیدوالی عورتیں مسلمان اور قیدوالی عورتیں پہلی کتاب والوں کی

مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ

جب اُن کو مہر ادا کیے قید میں لانے کو زمستی نکالنے کو اور نہ چھپی

اَخْدَانٍ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ع ۱

آشنائی کرنے کو اور جو کوئی منکر ہوا ایمان سے اُسکی محنت ضائع ہوئی اور آخرت میں وہ ہارنے والوں میں ہے

آج کے دن سے مقصود وہی دن ہے جس روز یہ آیت اُتری طیبات کے معنی اُوپر گزر چکے ہیں کتاب والوں کے کھانیکا مطلب اکثر سلف کے نزدیک اُنکے ذبح کیئے ہوئے جانوروں کا ہے۔ صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت عائشہ اور ابوہریرہ کی جو روایتیں ہیں اُنکا حاصل یہ ہے کہ فتح خیبر کے وقت ایک یہودیہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کے بھنے ہوئے گوشت کی ایک ران بھیجی جس میں زہر ملا ہوا تھا آپنے بھی اُس گوشت میں سے کچھ کھایا اور بشر بن براء صحابی نے بھی کچھ کھایا جسکے سبب بشر بن براء پر تو اُس زہر کا اسقدر اثر ہوا کہ اسی شکایت میں اُن کا انتقال ہوگیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی اُس زہر کا کسیقدر اثر ہوا۔ یہ حدیث فعلی اور تقریری دونوں طرح پر گویا اس آیت کی تفسیر ہے۔ کیونکہ آپنے کچھ گوشت اُس ران میں سے کھا کر یہ جتلایا کہ اہل کتاب کے ذبح کیئے ہوئے جانور حلال ہیں۔ اسی کو حدیث فعلی کہتے ہیں۔ اور بشر بن براء نے آپکے رُوبرو وہ گوشت کھایا اور آپنے اُنکو منع نہیں کیا اسکو حدیث تقریری کہتے ہیں۔ عرب کے کچھ لوگ بنی تغلب وغیرہ جبتک عیسائی نہیں ہوئے تھے تو عیسائیوں میں جانور خالص اللہ کے نام پر ذبح ہوا کرتے تھے۔ عرب کے ان قبیلوں کے عیسائی ہوجانیکے بعد عیسائی مذہب میں سے یہ بات جاتی رہی اس واسطے اب اگر معلوم ہوجاوے کہ عرب کے رواج کے مطابق اُس جانور کی گردن مروڑ کر اُسے مارا گیا ہے تو اس طرح کے جانوروں کے حرام ہونیکا حکم آیت وما اُھِلَّ لغیر اللہ والمنخنقۃ میں اُوپر گزر چکا ہے۔ اکثر سلف کے نزدیک محصنات کے معنی یہاں آزاد عورتوں کے ہیں اس لیئے اُنکے نزدیک اہل کتاب کی لونڈیوں سے نکاح جائز نہیں ہے۔ اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح ہوجانیکے بعد اگر میاں بی بی کا کھانا الگ الگ پکتا تو بڑی دقت کی بات تھی اس لیئے اُوپر فرمادیا کہ اہل اسلام اپنے گھر کا پکا ہوا کھانا اہل کتاب کو کھلا سکتے ہیں۔ اب آگے فرمایا کہ عورتوں سے کھلم کھلا بدکاری کا یا درپردہ آشنائی کا چندروزہ تعلق نہ رکھا جاوے بلکہ نکاح شرعی کے بعد ہمیشہ اُن کو اپنے پاس رکھا جاوے۔

آخر آیت میں فرمایا کہ دنیاوی طور پر اہل اسلام اور اہل کتاب میں کھانے پینے اور بیاہ نکاح کا تعلق پیدا ہو گیا۔ تو اس سے کیا ہوتا ہے اصل میں تو اہل کتاب اپنے عقبیٰ کو سنبھالیں کہ ضد کے سبب سے منسوخ شریعتوں پر جو عمل کر رہے ہیں اسکو چھوڑ کر اسلام کے تابع ہو جائیں ورنہ منسوخ شریعتوں کے موافق جو کچھ یہ لوگ کر رہے ہیں وہ اللہ کے نزدیک سب اکارت ہے اور اس کا کچھ اجر عقبیٰ میں ملنے والا نہیں کیونکہ غلام کو اجر اس کام کا ملتا ہے جو کام آقا کی مرضی کے موافق ہو خلاف مرضی کام پر اجر کا ملنا تو درکنار الٹا مواخذہ اسکے گلے پڑیگا کس لیے کہ اس آخری زمانہ کا حکم ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ جب انھوں نے سن لیا تو پھر اس کی مخالفت سے انکو عقبیٰ میں بڑا نقصان اٹھانا پڑیگا صحیح مسلم کی ابوہریرہ رض کی حدیث گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اہل کتاب میں سے میرا حال سنکر میری نبوت کو نہ مانیگا وہ دوزخ کے عذاب سے نجات نہیں پا سکتا یہ حدیث آیت کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے ✣

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى

اے ایمان والو جب تم اٹھو نماز کو تو دھولو اپنے مونہ اور ہاتھ

الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۭ

کہنیوں تک اور مل لو اپنے سر کو اور پاؤں ٹخنے تک اور اگر تم کو جنابت ہو تو خوب طرح پاک ہو

منزل ۱

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا ایک شخص تم میں آیا ہو جائے ضرور سے یا لگے ہو عورتوں سے

فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ۭ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

پھر نہ پاؤ پانی تو قصد کرو زمین پاک کا اور مل لو اپنے مونہ اور ہاتھ اس سے اللہ نہیں چاہتا

لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

کہ تم پر کچھ مشکل رکھے لیکن چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے اور اپنا احسان پورا کیا چاہتا ہے تم پر کہ شاید تم احسان مانو

اللہ تعالیٰ نے دنیا میں انسان کی راحت کی چیزیں اس لیے پیدا کی ہیں کہ انسان ان سے راحت اٹھا کر اس راحت کے شکریہ میں اللہ کی کچھ عبادت کرے اسی واسطے اوپر کی آیتوں میں انسان کی راحت کی حلال چیزوں کا ذکر فرما کر ان آیتوں میں ہر روز کی پانچ وقت کی عبادت نماز کا ذکر فرمایا اور نماز کے لیے طہارت ضروری ہے اس واسطے نماز کے ذکر کے ساتھ وضو غسل اور تیمم کے حکم کی تفصیل فرمائی۔ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہونیکا ارادہ جب کوئی مسلمان شخص کرے اور وہ بے وضو ہو تو اس پر وضو فرض ہے اور باوضو ہو کر پھر دوسرا وضو کرے تو مستحب ہے۔ صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رض کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بے وضو آدمی کی نماز اُس وقت تک قبول نہیں ہوتی کہ وہ شخص وضو نہ کرلیوے صحیح مسلم میں بریدہ کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ فتح مکہ کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وضو سے چند نمازیں پڑھیں اِس بات کو دیکھ کر حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ حضرت ایک وضو سے چند نمازوں کا پڑھنا آپ کی عادت کے برخلاف ایک امر ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کو جواب دیا کہ مَیں نے یہ کام جان بُوجھ کر کیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جواب کا حاصل مطلب یہ ہے کہ باوضو آدمی کا ہر نماز کے وقت تازہ وضو کرنا ثواب کی بات ہے ورنہ ایک وضو سے چند نمازیں بھی جائز ہیں چنانچہ اسی بات کے جتلانے کے لیئے مَیں نے ایک وضو سے چند نمازیں پڑھی ہیں یہ حدیثیں آیت کی گویا تفسیر ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بے وضو آدمی پر ہر نماز کے وقت وضو فرض ہے اور باوضو آدمی مستحب کے طور پر ہر نماز کے وقت تازہ وضو کرسکتا ہے۔ وضو میں غرارہ کرنا اور ناک میں پانی دینا امام احمدؒ کے نزدیک فرض ہے لیکن اور علماء اسکو سُنّت کہتے ہیں اسیطرح ڈاڑھی کے بالوں کی جڑوں تک پانی کا پہنچانا بعضے علماء کے نزدیک فرض ہے مگر اور اکثر علماء اسکو بھی سنت کہتے ہیں حاصل یہ ہے کہ آیت میں وضو کے جن چار فرضوں کا ذکر ہے اُن میں تو اختلاف کرنیکا کسیکو کچھ موقع نہیں رہے۔ باقی کے فرائض وہ احادیث سے ثابت کیے گئے ہیں جنکی وجہ ثبوت اور وجہ اختلاف کی تفصیل بڑی کتابوں میں ہے۔ ہاتھوں کے دھونے وقت کہنیوں کا بھی دھونا اسپر سوا امام زفر کے اور سب علماء کا اتفاق ہے۔ اِس باب میں حضرت جابر کی حدیث جسکو دارقطنی اور بیہقی نے روایت کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھوں کے دھوتے وقت کہنیوں کو بھی دھویا اس حدیث کو نووی منذری ابن صلاح وغیرہ نے ضعیف کہا ہے لیکن صحیح مسلم میں ابوہریرہ کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ نے مونڈھے تک اپنے ہاتھ دھوئے اور پھر یہ کہا کہ مَیں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسیطرح وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ اِس حدیث سے جمہور علماء کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہے کہ ہاتھوں کے دھوتے وقت کہنیوں کو دُھونا بلکہ اجر کے لحاظ سے اس سے بھی کچھ بڑھانا چاہیئے۔ چنانچہ ابوہریرہ کی اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مونڈھوں تک ہاتھ دھوکر یہ فرمایا کہ قیامت کے دن وضو کے اعضا میں اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ایک چمک پیدا ہوجائیگی اس لیئے جس سے ہوسکے وہ اپنی اس چمک کو بڑھائے بعضے علماء نے ابوہریرہ رضؓ کے اِس فعل پر یہ اعتراض کیا ہے کہ ابوہریرہ رضؓ کا یہ فعل عمرو بن شعیب کی اُس حدیث کے مخالف ہے جو مسند امام احمد نسائی ابوداؤد وغیرہ میں ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص وضو کی حد سے بڑھا اُس نے اپنے نفس پر ظلم کیا اُس کا جواب اور علماء نے یہ دیا ہے کہ عمرو بن شعیب کی اس حدیث میں وضو کے اعضا کو تین دفعہ دُھونے کی حد کا ذکر ہے اِس لیئے اُس حدیث کے یہ معنی ہیں کہ جو شخص اس تین دفعہ کی حد سے بڑھا اُس نے اپنے نفس پر ظلم کیا کہ وہ اسراف میں پکڑا جاویگا غرض ابوہریرہؓ کی

منزل ۲

حدیث میں اور عمرو بن شعیب کی حدیث میں کچھ مخالفت نہیں ہے۔ ابو ہریرہ کی حدیث پر ایک بڑا اعتراض بھی ہے کہ ابو ہریرہ اپنے اس فعل میں تن تنہا ہیں کسی اور صحابی سے یہ فعل پایا نہیں جاتا۔ یہ اعتراض بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ کی صحیح روایتوں میں یہ فعل حضرت عبداللہ بن عمر کا بھی موجود ہے۔ حضرت عثمان اور حضرت علیؓ سے تین دفعہ مسح کرنیکی جو روایتیں ہیں وہ تو ضعیف ہیں ہاں صحیح حدیثوں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سارے سر کا اور بعضے سر کا ایک دفعہ مسح کرنا ثابت ہے اس واسطے علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے امام مالک اور ایک روایت میں امام احمد کے نزدیک سارے سر کا مسح فرض ہے لیکن صحیح مسلم ابوداؤد اور ترمذی میں مغیرہؓ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعضے سر کا مسح کرنیکا ذکر ہے۔ اللہ کے رسول کی شان سے فرض کا ترک کرنا بہت بعید ہے اس واسطے سارے سر کے مسح کی فرضیت میں علماء کو کلام ہے۔ امام ابوحنیفہ ربع سر کے اور امام شافعی رح بلا قید بعضے سر کے مسح کے قائل ہیں۔ دلیلیں ہر ایک مذہب کی بڑی کتابوں میں ہیں۔ علیحدگی گردن کے مسح کے باب میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے۔ پیروں کے باب میں اللہ کے رسول نے یہ مطلب سمجھایا ہے کہ تمام عمر اپنے پیر دھوئے۔ پیروں کا مسح ایک دفعہ بھی اللہ کے رسول سے ثابت نہیں۔ پھر یہی عمل آپکے صحابہ کا رہا۔ آتا ہے مذہب میں پیروں کے مسح کا جو رواج ہے وہ کسی روایت سے ثابت نہیں ہوتا صحیح مسلم وغیرہ میں کئی صحابہ سے روایتیں ہیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ صحابہ کی ایڑیاں وضو کے وقت سوکھی دیکھ کر یہ فرمایا کہ ایسی ایڑیوں کو دوزخ کی آگ کی خرابی بھگتنی پڑیگی۔ ان حدیثوں سے معلوم ہو سکتا ہے کہ پورے طور پر پیروں کے دھونے کی کسقدر تاکید ہے کہ تھوڑی سی جگہ کے سوکھے رہجانے پر بھی دوزخ کی آگ کا سامنا ہے پھر ایسی حالت میں پیروں پر مسح کیونکر جائز ہو سکتا ہے کیونکہ مسح میں تو بہت سی جگہ پیروں میں سوکھی رہ جاتی ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن زید کی اور صحیح مسلم میں حضرت عثمان کی جو روایتیں ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے اعضاء کو کبھی ایک ایک دفعہ دھویا ہے اور کبھی دو دو دفعہ اور کبھی تین تین دفعہ ہاں تین دفعہ سے زیادہ دھونا منع ہے جس کا ذکر عمرو بن شعیب کی حدیث کے حوالہ سے اوپر گزر چکا۔ اکثر علماء کا قول ہے کہ ایک دفعہ دھونا فرض ہے تین دفعہ تک سنت ہے عربی زبان میں غسل کے معنے بدن کے بھیگ جانے اور تر ہو جانے کے ہیں چنانچہ عرب لوگ غسلہ المطر جب بولتے ہیں کہ کوئی شخص مینہ کے پانی میں ایسا بھیگ جاوے کہ اس کا سارا بدن تر ہو جائے۔ سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے حتی تغتسلوا اور یہاں فاطہروا فرمایا۔ طہارت کے لفظ سے ستھرائی کی تاکید نکلتی ہے اس سبب سے بعضے علماء اس بات کے قائل ہیں کہ ناپاکی کے غسل میں بدن پر پانی ڈالتے وقت بدن کو ہاتھ سے ملنا بھی چاہیئے صحیح بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہؓ اور میمونہ کی جو روایتیں ہیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غسل کی کیفیت کا بیان ہے ان روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب ناپاکی کے بعد غسل کا ارادہ

منزل ۲

فرماتے تھے تو پہلے کبھی دو دفعہ اور کبھی تین دفعہ دونوں ہاتھ دھوتے پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالکر بائیں ہاتھ سے شرمگاہ کو دھوتے اور پھر مٹی سے ملکر یہ الٹا ہاتھ دھوتے اور پھر وضو کرتے اُسکے بعد سر کے بال بھگو کر اُنگلیوں سے بالوں کی جڑوں تک پانی پہنچاتے اور تین دفعہ سر پر تین لبوں سے پانی ڈالکر باقی کے جسم پر ایک دفعہ پانی ڈال لیتے اور پھر دونوں پاؤں دھوتے تھے۔ ان حدیثوں میں ہاتھ سے بدن کے ملنے کا ذکر نہیں ہے۔ اسیطرح ان حدیثوں میں غرارہ اور ناک میں پانی دینے کا ذکر بھی نہیں ہے اس واسطے اکثر علماء غسل میں اسکی فرضیت کے بھی قائل نہیں ہے ہاں امام ابوحنیفہؒ اور سفیان ثوری غسل میں ان دونوں باتوں کے فرض ہونے کے قائل ہیں۔ دلیلیں ہر ایک مذہب کی بڑی کتابوں میں ہیں۔ جاگتے میں مباشرت کرنے سے سوتے میں صحبت سے عورت کے حیض یا نفاس سے پاک ہو جانے سے جو غسل کا حکم ہے اسی غسل کو ناپاکی کے بعد کا غسل کہتے ہیں اس غسل کے فرض ہونے میں کچھ اختلاف نہیں ہے صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ام سلمہؓ سے اور معتبر سند سے مسند امام احمد اور نسائی میں خولہ بنت حکیم سے اور معتبر سند سے مسند امام احمد و ترمذی۔ اور ابوداؤد میں حضرت عائشہؓ سے جو روایتیں ہیں اُن کا حاصل یہ ہے کہ سوتے میں مباشرت کا خواب دیکھنے کے بعد منی کا کچھ اثر کپڑے پر پایا جاوے تو غسل فرض ہوتا ہے ورنہ فقط خواب و خیال کا کچھ اعتبار نہیں۔ یہ حدیثیں خواب میں مباشرت کے دیکھنے کی گویا تفسیر ہیں۔ اس ناپاکی کے غسل کے علاوہ جمعہ کا۔ عیدین کا۔ جدید اسلام کا پچھنے لگوانے کا بھی غسل ہے ان سب غسلوں کے فرض ہونے نہ ہونے میں علما کا اختلاف ہے تفصیل اس اختلاف کی بڑی کتابوں میں ہے۔ سورۃ النساء میں تیمم کے حکم کا ذکر غسل کے ذیل میں اور یہاں وضو کے ذیل میں فرمایا تاکہ معلوم ہو جاوے کہ عذر کی حالت میں تیمم غسل اور وضو دونوں کا قائم مقام ہو سکتا ہے۔ تیمم کی شان نزول اور تفسیر سورۃ النساء میں گزر چکی ہے اب آگے فرمایا اللہ تعالیٰ یہ نہیں چاہتا کہ تمکو پچھلی اُمتوں کی طرح مشقت میں ڈالے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ تم میں پچھلی اُمتوں کی برابر مشقت اُٹھانے کی طاقت نہیں ہے اس لیئے اللہ تعالیٰ نے تمھاری آسانی کے واسطے بجائے غسل اور وضو کے تیمم کا حکم نازل فرمایا تاکہ تم ہر حال میں پاک و صاف رہ کر اللہ تعالیٰ کی اس آسانی کی نعمت کے شکریہ میں اُسکی عبادت سے غافل نہ رہو۔ صحیح مسلم میں حذیفہؓ سے روایت ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ اُمت محمدیہ پر تیمم کے حکم کا نازل ہونا اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہے کیونکہ پچھلی اُمتوں میں یہ تیمم کا حکم نہیں تھا۔ آیت میں تیمم کے حکم کو شکر کے قابل ایک نعمت جو فرمایا یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے۔ تورات کے حصہ احبار لاویں کے باب پندرہ کے موافق اہل کتاب پر ناپاکی کے بعد کا غسل فرض ہے مگر ان لوگوں نے اُس پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے۔ مسند امام احمد وغیرہ میں اُبی بن کعب کی حدیث [illegible] کا حاصل یہ ہے کہ ابتدا اسلام میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا کہ عورت سے صحبت کرنیکے بعد

منزل ۱

اگر منی نہ نکلے تو غسل فرض نہیں ہوتا۔ لیکن مابعد میں آپ نے یہ حکم دیا کہ منی نکلے یا نہ نکلے فقط صحبت سے ہی غسل فرض ہو جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ ابتدار اسلام میں جو حکم تھا وہ مابعد کی حدیثوں سے منسوخ ہے۔ ابی بن کعب کی اس حدیث کو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے صحیح کہا ہے

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

اور یاد رکھو احسان اللہ کا اپنے اوپر اور عہد اس کا جو تم سے ٹھیر گیا ہے جب تم نے کہا کہ ہم نے سنا اور مانا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ جانتا ہے جیوں کی بات اے ایمان والو کھڑے ہو جایا کرو اللہ کیواسطے

شُهَدَاۗءَ بِالْقِسْطِ ۠ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ

گواہی دینے کو انصاف کی اور ایک قوم کی دشمنی کے باعث عدل نہ چھوڑو عدل کرو یہی بات لگتی ہے

لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تقوی کو اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو وعدہ دیا ہے اللہ نے ایمان والوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

منزل ۲

کہ انکو بخشنا ہے اور بڑا ثواب ہے اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری آیتیں وہ ہیں دوزخ والے

اوپر یتیم کے حکم کو قابل شکر ایک نعمت فرما کر ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنی عام نعمتوں اور احسانوں کو یاد دلایا ہے اور ان نعمتوں اور احسانوں کے شکریہ کا طریقہ بھی جتلایا ہے کہ ان نعمتوں اور احسانوں کے یاد کرنے کے وقت اس عہد کو یاد کیا کرو جو اللہ کے رسول کی معرفت تم نے اللہ تعالیٰ سے ٹھیرا کر اس عہد کو پورا کرنے کا پھر اقرار بھی کیا ہے یہ عہد وہی بیعت اسلام کا معاہدہ ہے جو ہر مرد و عورت سے اسلام کے قبول کرنے کے وقت اللہ کے حکم سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ٹھیرایا کرتے تھے۔ شریعت میں جن باتوں کا حکم ہے رنج و خوشی ہر حال میں انکے موافق عمل کرنے کا اور جن باتوں کی مناہی ہے ان سے بچنے کا یہ معاہدہ بیعت اسلام کے وقت ٹھیرایا جاتا تھا۔ صحیح بخاری و مسلم میں عبادہ بن صامت کی ایک بڑی حدیث ہے جس میں اس معاہدہ کا تفصیل سے ذکر ہے۔ اگرچہ بہت سے مفسروں نے اس معاہدہ کی اور تفسیر بھی کی ہے لیکن جو تفسیر اوپر بیان کی گئی وہ امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق ہے اور حافظ ابوجعفر ابن جریر نے اسی تفسیر کو اور تفسیروں پر ترجیح دی ہے۔ اس معاہدہ کے یاد دلانے کے بعد فرمایا کہ اس معاہدہ پر قائم رہنے اور عہد شکنی کی نوبت نہ آنے دینے میں ہر ایماندار کو چاہیئے کہ اللہ سے ڈرتا رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو لوگوں کے دل تک کے بھید معلوم ہیں اس لیئے معاہدہ پر قائم رہنے والوں کا اور عہد شکنی کی نوبت کو روا نہ رکھنے والوں کا کوئی حال اس

غیب دان سے چھپ نہیں سکتا۔ اسی معاہدہ کی تاکید میں فرمایا کہ شریعت میں اللہ اور اللہ کی مخلوق کے جو حقوق ٹھیر چکے ہیں انصاف سے ادا کرنے میں ہر ایمان دار کو ثابت قدم اور دلت پر تیار اور کھڑا ہونا چاہیئے کہ یہی معاہدہ کے پورا کرنے کی باتیں ہیں۔ یہ بھی فرمایا کہ فتح مکہ سے پہلے اگرچہ کچھ لوگ ایسے بھی تھے کہ وہ تمام ایمانداروں کے دشمن تھے لیکن فتح مکہ کے بعد جب وہ بھی اسلام میں داخل ہو گئے تو اب اُس پہلی دشمنی کا کچھ خیال دل میں نہ رکھنا چاہیئے بلکہ اب اُن سے بھی اُنکے موافق یا مخالف گواہی اور اُنکے ہر ایک معاملہ میں وہی انصاف کا طریقہ برتنا چاہیئے جو ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے برتا کرتا ہے۔ کیونکہ یہی انصاف کا طریقہ متقی بننے کا ایک قریب تر راستہ ہے اس لیئے اس طریقہ کے برخلاف کوئی راستہ اختیار کرنے سے خدا کا خوف کرنا چاہیئے کہ وہ ہر شخص کے نیک و بد سب کاموں سے واقف ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت جابرؓ کی ایک بہت بڑی حدیث ہے جس میں حجۃ الوداع کے وقت مقام عرفات پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ کے ذکر میں یہ ہے کہ آپنے فرمایا اہل مکہ کے اسلام کے بعد اسلام کے پہلے کے سب جھگڑے میں نے اپنے قدموں کے نیچے مل ڈالے جس کا مطلب یہ ہے کہ اسلام کے بعد اسلام سے پہلے کا کوئی جھگڑا کسی مسلمان کو نہ کرنا چاہیئے بلکہ اسلام کے بعد سب مسلمان ایک دل ہو کر میل جول سے رہیں۔ اب آگے نیکی کی جزا اور بدی کی سزا کا ذکر فرمایا تاکہ اس عہد پر قائم رہنے کی رغبت اور عہد شکنی کا خوف ہر ایماندار شخص کے دل میں پیدا ہو جائے ۔

منزل ۲

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

اے ایمان والو یاد رکھو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب قصد کیا ایک لوگوں نے یہ کہ تم پر

ع ۱۵ ۶ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

ہاتھ چلائیں پھر روک لیئے تم سے اُنکے ہاتھ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور اللہ پر چاہیئے بھروسا ایمان والوں کو

اگرچہ مفسرین نے چند قصہ اس آیت کی شان نزول میں بیان کیئے ہیں۔ لیکن غورث بن حارث کا قصہ جسکو عبدالرزاق نے حضرت جابرؓ کی روایت سے اپنی تفسیر میں اس آیت کا شان نزول قرار دیا ہے اُسکی سند معتبر ہے اور بہ نسبت اور قصوں کے اِس قصہ کی اصل صحیح روایت سے ثابت ہے۔ حاصل اُس قصہ کا یہ ہے کہ بخاری نے حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے کہ جنگ ذات الرقاع کے جاتے وقت ایک جنگل میں پیڑوں کے سایہ میں ہم سب لوگ ٹھیر گئے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں میں بھی ذرا سو گیا اور لوگوں کی بھی ذرا آنکھ جھپک گئی۔ آنحضرت کی تلوار جو ایک پیڑ میں آپنے لٹکا دی تھی غورث بن حارث نے چپکے سے آنکر اتنے میں تلوار لی اور تلوار کو میان سے کھینچ کر آنحضرت صلعم کی طرف اُسکو تولا اور وار کرنا چاہا اور آنحضرت سے کہا اب تمکو مجھ سے کون بچا سکتا ہے آپنے فرمایا اللہ مجکو بچا سکتا ہے روایت ابن اسحاق میں ہے کہ اتنے میں حضرت جبرئیلؑ نے آنکر

غورث بن حارث کے سینہ پر ایک تھپکی ماری جس سے تلوار اُسکے ہاتھ سے چھوٹ کر دور جا پڑی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جھٹ وہ تلوار اُٹھالی اور غورث بن حارث سے پوچھا کہ اب تجکو کون بچا سکتا ہے اُس نے کہا کوئی نہیں آپنے فرمایا خیر جا اپنا راستہ پکڑ۔ واقدی نے اِس قصہ کے بعد ذکر کیا ہے کہ اس حال کو دیکھ کر غورث بن حارث مسلمان ہوگیا اور اُسکے سبب سے بہت سے لوگوں کو ہدایت ہوئی۔ اِس قصہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ احسان فرمایا کہ اُنکو ایک مخالف شخص کے حملہ سے بچایا۔ پھر اِس خاص احسان میں اُمت کے لوگوں کو شریک کرکے یہ آیت اِس تنبیہ کے لیئے نازل فرمائی کہ اُمت کی ہدایت کے لیئے رسول کا آنا اللہ کا ایک بڑا احسان ہے اور اُس احسان کی حفاظت یہ اللہ کا اُمت پر گویا دوسرا احسان ہے۔ اِس قصہ میں ضرر کے گمان کے وقت اللہ کے رسول نے اللہ پر بھروسہ کیا اور اُس کا انجام اچھا ہوا اِس لیئے آیت میں عام مسلمانوں کو یہ ہدایت فرمائی کہ اگر وہ بھی ایسے موقعے پر اللہ پر بھروسہ کرینگے تو اُنکے بھروسہ کا بھی انجام اچھا ہوگا۔ اِس تفسیر میں ایک جملہ گزر چکا ہے کہ اللہ پر بھروسہ کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دنیا عالم اسباب میں آدمی اسباب کو چھوڑ بیٹھے بلکہ اللہ پر بھروسہ کرنے کا یہ مطلب ہے کہ آدمی اسباب کو کام میں لاوے اور اُن اسباب میں تاثیر کے پیدا ہونے کا بھروسہ اللہ پر رکھے صحیح بخاری و مسلم میں حضرت عبداللہ بن عباس کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ پر بھروسہ رکھنے والے مسلمان کو بغیر حساب وکتاب کے جنت میں جانیکی خوشخبری دی ہے۔ یہ حدیث اللہ پر بھروسہ رکھنے والے کی فضیلت کی گویا تفسیر ہے

فنزل ۲

وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللَّهُ

اور البتہ لیا اللہ نے عہد بنی اسرائیل کا اور اٹھائے ہم نے اُن میں بارہ سردار اور کہا اللہ نے

إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ

میں تمھارے ساتھ ہوں اگر تم کھڑی رکھو گے نماز اور دیتے رہوگے زکوٰۃ اور یقین لاؤ گے میرے رسولوں پر اور اُنکی مدد کروگے

وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اور قرض دوگے اللہ کو اچھی طرح کا قرض تو میں اُتار دونگا تم سے برائیاں تمھاری اور داخل کرونگا تم کو باغوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ

بہتی نیچے اُنکے نہریں پھر جو کوئی منکر ہوا تم میں اسکے بعد وہ بیشک بھولا سیدھی راہ سو اُنکے عہد توڑنے ہی

لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ

ہم نے اُنکو لعنت کی اور کردیئے اُنکے دل سیاہ بدلتے ہیں کلام کو اپنے ٹھکانے سے اور بھول گئے ایک فائدہ لینا اس نصیحت سے جو اُنکو کی گئی تھی اور ہمیشہ تو

مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَمِنَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ

مگر تھوڑے لوگ اُن میں سو معاف کرا اور درگزر کر اُن سے اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو اور وہ جو کہتے ہیں اپنے آپ کو نصاری اُن سے بھی لیا تھا ہمنے عہد پکا

فَنَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ

پھر بھول گئے ایک فائدہ لینا اُس نصیحت سے جو اُنکو کی تھی پھر جمنے لگا دی اُنکی آپس میں دشمنی اور کینہ قیامت کے دن تک اور آخر جتا دیگا اُنکو اللہ جو کچھ کرتے تھے

اُوپر کی آیتوں میں اہلِ اسلام کی عہد اور اُس عہد پر قائم رہنے کی تاکید کا ذکر تھا ان آیتوں میں اہلِ کتاب کی عہد شکنی اور اُسکے وبال کا ذکر ہے تاکہ مسلمان اِس بات سے آگاہ ہوجاویں کہ عہد شکنی بڑے وبال کی بات ہے۔ ان آیتوں میں یہود کی دو بدعہدیوں کا ذکر ہے۔ اول بدعہدی کے قصے کا حاصل یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے مصر کے قیام کے زمانے سے بنی اسرائیل نے ملک شام کی سکونت چھوڑ کر مصر کی سکونت اختیار کرلی تھی۔ حضرت موسیٰ کی نبوت کے زمانے میں فرعون کے ہلاک ہوجانے کے بعد حضرت موسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا کہ بنی اسرائیل کو ساتھ لیکر ملکِ شام کو جائیں اور قوم عاد کے باقی رہے ہوئے لوگوں کی اولاد میں سے کچھ لوگ موقع پاکر ملک شام کی بستیوں پر جو قابض ہوگئے ہیں اُن سے لڑکر وہ بستیاں خالی کرادیں اور وہیں سکونت اختیار کریں۔ قوم عاد کے باقی رہے ہوئے لوگوں میں ایک شخص عملیق بن آذر تھا یہ ملک شام کی بستیوں کے قابض لوگ اسی شخص کی اولاد میں تھے۔ اِس لیئے اِس قوم کو عمالقہ کہتے تھے۔ یہ عمالقہ قوم کے لوگ بڑے سخت زور اور قد آور تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب ملک شام کے قریب پہنچے تو اُنھوں نے بنی اسرائیل کے بارہ اسباط میں سے بارہ شخص قوم کے سرگروہ۔ اور چودھریوں کے طور پر چھانٹے اور اُنکو قوم عمالقہ کی حالت دریافت کرنے کو بھیجا اور اُن سے یہ عہد ٹھیرایا کہ قوم عمالقہ کی حالت دیکھکر واپس آنے کے بعد بنی اسرائیل سے قوم عمالقہ کی سخت زوری کی کوئی ایسی بات نہ بیان کریں جس سے بنی اسرائیل ڈر جائیں۔ اب قوم عمالقہ کی حالت دیکھکر واپس آنے کے بعد ان بارہ شخصوں میں سے دس آدمیوں نے بدعہدی کی اور اپنے رشتہ داروں سے قوم عمالقہ کی سخت زوری کی وہ حالت بیان کی جسکو سنکر بنی اسرائیل نے اِس لڑائی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ساتھ دینے سے انکار کیا جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ انہی بارہ چودھریوں کا ذکر ان آیتوں میں ہے کہ انکی بدعہدی کے سبب سے بنی اسرائیل نے اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام سے ہر حال میں ساتھ دینے کا عہد جو ٹھیرا رکھا تھا وہ اُنھوں نے توڑ ڈالا۔ دوسرا عہد توراۃ کے احکام کی پابندی کا تھا۔ جس کا ذکر تفصیل سے ان آیتوں میں ہے۔ اس دوسرے عہد میں نماز زکوٰۃ اگرچہ ایسی چیزیں ہیں جن پر یہود قائم تھے۔ لیکن انکو بدعہدی میں اللہ تعالیٰ نے اِس لیئے شمار کیا کہ یہ نماز زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کے عہد کے موافق نہ تھی۔ یہ وہی عہد ہے جس کا ذکر سورۂ آلِ عمران میں تفصیل سے گزر چکا ہے اور ان

منزل ۲

آیتوں میں مختصر طور پر وَاَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَبَعَثْنَا مِنْھُمُ سے اُسی عہد کا تذکرہ فرمایا گیا ہے غرض اس عہد کے موافق یہود عیسیٰ علیہ السلام اور نبی آخر الزماں کی فرماں برداری اور پیروی کے پابند کیئے گئے تھے۔ یہود نے اِس پابندی کو چھوڑ دیا جس سے وہ توراۃ کے بھی پابند نہیں رہے۔ کیونکہ توراۃ کی جن آیتوں میں عیسیٰ علیہ السلام اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف تھے اُن میں کی کچھ آیتوں کے لفظ تو اُنھوں نے بدل دیئے اور کچھ لفظوں کے معنی اپنی طرف سے غلط گھڑ لیئے چنانچہ اس مطلب کو اللہ تعالیٰ نے اِن لفظوں میں ادا فرمایا ہے یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُکِّرُوْا بِہٖ قرینہ حسنا کا مطلب تعلق فی صدقہ خیرات ہے فبما نقضھم میں با زائدہ ہے اصل نقضھم ہے۔ ہمیشہ یہود کی دغابازیاں یہ ہیں کہ جیسے مثلاً اللہ کے رسول پر انھوں نے جادو کرایا۔ آپکے کھانے میں زہر ملایا۔ مدینہ کے گرد و نواح میں جو یہود رہتے تھے اُن سے صلح کا عہد تھا اِس لیئے اُنکی دغابازیوں پر درگزر کا حکم فرمایا۔ اللہ کی لعنت کا مطلب اللہ کی رحمت سے دُور ہو جانا ہے جس کا اثر یہ ہوا۔ کہ اُنکے دل ایسے سخت ہو گئے کہ کسی نصیحت سے وہ ذرا بھی نرم نہ ہوئے جس کا حاصل مطلب یہ ہوا کہ کسی طرح کی نصیحت کا اُنکے دل پر کچھ اثر نہ ہوا بیت المقدس کے قریب ایک گانوں ہے جس کا نام ناصرہ ہے ابتدا میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ظہور وہیں ہوا۔ اسی مناسبت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیرو اپنے آپ کو نصرانی کہتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان عبرانی تھی اس لیئے انجیل بھی اسی زبان میں اُتری وہ عبرانی زبان کی اصل انجیل تو دنیا سے ناپید ہے۔ ہاں یونانی سریانی۔ عربی۔ فارسی ترکی۔ انگریزی اردو وغیرہ میں اُسکے ترجمے ہیں یہ تو ظاہر ہے کہ وہ ترجمے خود اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے کلام کا ترجمہ ہے جو لوگوں نے اپنی رائے کے موافق کیا ہے۔ اِس لیئے اُن ترجموں میں بڑا اختلاف ہے اور بعضے ترجموں میں کلام الٰہی کی تفسیر کے طور پر ایسے لفظ بھی بڑھائے گئے ہیں کہ اصلی انجیل کے موجود ہونے کے سبب سے اُنکا کلام الٰہی کے ترجمہ سے جدا کرنا مشکل ہے۔ غرض ان ترجموں کے اختلاف کے سبب سے اِن ترجموں میں خالص کلام الٰہی کی سی نصیحت کا اثر باقی نہیں اور اس اثر کے اُٹھ جانیکے سبب سے اصل انجیل میں نبی آخر الزمان کو اللہ کا رسول جاننے اور اُنکی فرماں برداری کرنے کے الفاظ جو تھے اُنکے معنوں میں طرح طرح کی تاویلات پیدا ہو گئیں۔ اصل انجیل کے عمل کے وقت جس طرح یکدلی سے یہ لوگ رہا کرتے تھے وہ بات جاتی رہی اور ایک شریعت عیسوی کے کئی ٹکڑے ہو کر ایک نبی کی اُمت ایک کتاب کے ماننے والوں کے چند فرقے ہو گئے۔ جس میں ایک دوسرے کا بالکل مخالف ہے۔ مثلاً فرقہ پروٹسٹنٹ کے لوگ الپاپا رومی کے بنائے ہوئے قواعد کو نہیں مانتے اور رومن کیتھلک فرقے کے لوگ الپاپا رومی کے قواعد کے آگے انجیل کو کچھ نہیں گنتے۔ پروٹسٹنٹ فرقہ اگرچہ انجیلی فرقہ کہلاتا ہے۔ لیکن اس فرقہ میں چند اندرونی گروہ ہیں اور ہر ایک

منزل ۲

گروہ کی انجیل دوسرے گروہ کی انجیل سے نہیں ملتی اسی مطلب کو ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے کہ قیامت کے دن یہ سب اپنے کرتوتوں کا خمیازہ بھگت لیویں گے۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو

اے کتاب والو آیا ہے تم پاس رسول ہمارا کھولتا ہے تم پر بہت چیزیں جو تم چھپاتے تھے کتاب کی اور درگزر کرتا ہے

عَن كَثِيرٍ قَدْ جَاءَكُم مِّنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ ۝ يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ

بہت چیزوں سے تم پاس آئی ہے اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب بیان کرتی جس سے اللہ راہ پر لاتا ہے جو کوئی تابع ہوا اسکی رضامندی کا

السَّلَامِ وَيُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ

بچاؤ کی راہ پر اور انکو نکالتا ہے اندھیروں سے روشنی میں اپنے حکم سے اور انکو چلاتا ہے سیدھی راہ

ابن جریر نے اپنی تفسیر میں عکرمہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے رجم کی آیت توراۃ میں سے جب یہود کو بتلائی جسکو وہ چھپاتے تھے اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی صحیح بخاری و مسلم اور مسند امام احمد میں عبداللہ بن عمر وغیرہ سے اس قصہ کے باب میں جو روایتیں ہیں ان کا حاصل یہ ہے کہ یہود نے اپنے ایک عورت اور مرد کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائے جس مرد و عورت نے بدکاری کی تھی آپ نے ان یہودیوں سے پوچھا کہ توریت میں ایسے مرد و عورت کے لئے کیا حکم ہے ان یہودیوں نے جواب دیا کہ توراۃ کے حکم کے موافق ہم تو ایسے مرد و عورت کا کالا منہ کرکے انکو شہر میں پھراتے ہیں آپ نے فرمایا یہ توراۃ کے حکم کے موافق نہیں ہے تم جھوٹے ہو لاؤ توراۃ اس میں سے ایسے لوگوں کے سنگسار کرنے کا حکم ہے آخر توراۃ لائی گئی اور ایک شخص ابن صوریا توراۃ پڑھنے کے لئے آیا ابن صوریا نے پہلے تو رجم کی آیت کو اپنے ہاتھ کے نیچے ڈھانک لیا پھر جو اٹھایا گیا تو وہ رجم کی آیت نکلی اور اس مرد و عورت کو سنگسار کیا گیا رجم کے معنی سنگسار کرنے کے ہیں اس قصہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بڑا معجزہ ہے کہ آپنے توراۃ کے بغیر پڑھے توراۃ کا [illegible] یہود نے بدل ڈالا تھا و یعفو عن کثیر اس کا مطلب ہے کہ تم لوگ خود بدکار مرد اور عورت کو اللہ کے رسول کے روبرو لائے تو اللہ کے رسول نے جو حق بات تھی وہ بتلا دی ورنہ تم رشوت لیکر اپنی قوم کے جاہل لوگوں کو غلط مسئلے بتلاتے ہو تو اللہ کے رسول اس کا حال سنکر یا حضور رات تم سے اس میں کچھ بحث نہیں کرتے آگے فرمایا کہ اسلام کی روشنی دیکر اور قرآن کو راہ پر ٹھیرا کر نبی آخر الزمان کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے بھیجا ہے کہ ملت ابراہیمی میں مشرکین مکہ نے اور شریعت موسوی اور عیسوی میں اہل کتاب نے ایام جاہلیت کا جو اندھیرا پھیلا رکھا ہے اسلام کی روشنی کی مدد سے لوگ اس اندھیرے سے نکل کر نجات کے کوچے کے سیدھے راستہ پر آجائیں کیونکہ دنیا کے ہر ایک دور کے لئے اللہ تعالیٰ نے نجات کا ایک طریقہ ٹھیرایا ہے اس آخری دور کے لئے

سوا اُس طریقہ کے جو بیان کیا گیا اور کوئی طریقہ دنیا میں نہیں ہے۔ اگرچہ اہل کتاب کی کتابوں میں بھی اِس طریقہ کا ذکر ہے لیکن اِن لوگوں نے اپنی کتابوں کی اس قسم کی آیتوں کے لفظ اور معنوں کو بدل ڈالا ہے۔ اس واسطے قرآن کے ذریعے سے انھیں اِنکے کرتوت جتلائے گئے ہیں۔ اگر یہ لوگ قرآن کی نصیحت مان لینگے تو اِس میں اِن ہی کا بھلا ہے۔ صحیح بخاری و مسلم کی ابوہریرہ کی حدیث گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں لوگوں کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کرتا ہوں لیکن لوگ اُس میں گرنے کی ایسی کوشش کرتے ہیں جس طرح کیڑے پتنگے روشنی پر گرتے ہیں۔ یہ حدیث آیت کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۖ قُلْ فَمَنْ يَمْلِكُ

بیشک کافر ہوئے جنھوں نے کہا اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا تو کہہ پھر کس کا کچھ چلتا ہے

مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَنْ يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا

اللہ سے اگر وہ چاہے کہ ہلاک کردے مسیح مریم کے بیٹے کو اور اُسکی ماں کو اور جتنے لوگ ہیں زمین میں سارے

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

اور اللہ ہی کو ہے سلطنت آسمان اور زمین کی اور جو کچھ دونوں کے بیچ میں ہے پیدا کرتا ہے جو چاہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

ف ۲ اوپر گزر چکا ہے کہ نصاریٰ کے چند فرقے ہیں ان میں سے فرقہ یعقوبیہ وغیرہ کا یہ اعتقاد ہے کہ گیہوں کے کھانے سے آدم علیہ السلام سے جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اُسکے اثر سے اولاد آدم میں بھی نافرمانی اور گنہگاری کی جرأت پیدا ہوگئی جس سے اولاد آدم ہمیشہ کے لیئے دوزخ میں رہنے کی سزاوار ہوگئی اس لیئے عیسیٰ علیہ السلام کی شباہت میں اللہ تعالیٰ آسمان سے زمین پر آیا اور یہود کے ہاتھوں سے سُولی پر چڑھا تاکہ بنی آدم کے گناہوں کا کفارہ اس قتل کی سزا سے ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں اُن لوگوں کے اِس اعتقاد کو یوں غلط ٹھیرایا کہ یہود کی کیا حقیقت ہے جو وہ اللہ کے ساتھ ایسی گستاخی کرسکیں وہ تو صاحب قدرت ہے کہ یہود اور تمام دنیا کی مخلوقات کو ایک دم میں چاہے تو ہلاک کردیوے اور کسیکو اتنی تاب نہ ہو کہ اُسکے ارادہ کو روک سکے۔ رہی یہ بات کہ بنی آدم کے گناہ معاف ہوجانے کے ارادہ سے خود اللہ تعالیٰ نے یہ کفارہ کی صورت نکالی۔ اِس کا جواب اللہ تعالیٰ نے آیت میں یہ دیا کہ اللہ کی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اُسکو اس خلاف عقل کفارہ کی صورت نکالنے کی کیا ضرورت تھی وہ جس طرح چاہتا اپنے گنہگار بندوں کے گناہ معاف کردیتا اُس سے کون پوچھ سکتا تھا کہ بغیر سزا اور بغیر کفارہ کے یہ گناہ کیوں معاف کردیئے گئے کیا یہ گناہ نعوذ باللہ من ذلک کسی دوسرے خدا کے تھے جو اِن لوگوں کے اعتقاد کے موافق بغیر کفارہ کے وہ دوسرا خدا اُن گناہوں کو معاف نکرتا اور اس انجیل کے نازل کرنے والے خدا کو اپنے خون کا کفارہ دیکر

اُس دوسرے خدا کو راضی اور گناہوں کی معافی پر آمادہ کرنا پڑتا۔ عیسیٰ علیہ السّلام کے بغیر باپ کے دنیا میں پیدا ہو جانے سے جو یہ لوگ اِس طرح کی باتیں کرتے ہیں یہ بھی شیطان کا بہکاوا ہے ورنہ جس صاحب قدرت نے آدم کو بغیر ماں باپ کے اور حوا کو بغیر ماں کے پیدا کر دیا اُسکی قدرت سے یہ کیا بعید ہے کہ اُس نے عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کر دیا جسکو اللہ کی اس قدرت کا انکار ہے اللہ قسم کھا کر یہ خبر دیتا ہے کہ ایسا شخص بلاشک کافر ہے۔ فرقہ پروٹسٹنٹ نے اِس کفارہ کے مسئلہ کی زیادہ بحث اپنے ترجموں میں نہیں کی کیونکہ وہ فرقہ انجیلی ہے اور انجیل میں اِس مسئلہ کا صاف طور پر کہیں ذکر نہیں ہے بلکہ متی کی انجیل کے تیسرے اور چوتھے باب میں جو قصہ ہے جس میں شیطان نے عیسیٰ علیہ السّلام کو بہکا کر اپنے آپ کو عیسیٰ علیہ السّلام سے سجدہ کرانا چاہا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے اُس ملعون کو جواب دیا ہے کہ قابل عبادت وہی ایک معبود ہے جسکی سب عبادت کرتے ہیں اُسکے سوا نہ کسیکو سجدہ ہے نہ کسیکی عبادت ہے۔ اِس قصہ سے اور اس قصہ کے علاوہ انجیل مرقس اور انجیل متی میں اسی قسم کی اور جو عبارتیں ہیں اُن سے یہ مسئلہ بالکل غلط قرار پاتا ہے

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۖ بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ

اور کہتے ہیں یہود اور نصاریٰ ہم بیٹے ہیں اللہ کے اور اُسکے پیارے تو کہہ پھر کیوں عذاب کرتا ہے تمکو تمھارے گناہوں پر کوئی نہیں تم بھی ایک انسان ہو

خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۚ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ ع ۳

اُسکی پیدایش بخشے جسکو چاہے اور عذاب کرے جسکو چاہے اور اللہ کو ہی سلطنت آسمان زمین کی اور جو دونوں کے بیچ ہے اور اُسیکی طرف رجوع ہے

ابن جریر ابن ابی حاتم اور ابن اسحاق نے حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے کہ ایک روز اہل کتاب کے کچھ علماء آنحضرت کے پاس آئے آپنے اُنکو طرح طرح کی نصیحت کی اور عذاب آخرت سے ڈرایا انھوں نے جواب دیا کہ عام لوگوں کی طرح ہمکو عذاب آخرت سے کیا ڈراتے ہو عام لوگوں اور ہم میں بڑا فرق ہے ہم عام مخلوقات کی طرح نہیں ہیں کہ ہم خدا کے بیٹے اور پیارے ہیں اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل فرمائی۔ اور اُنکے جواب کو یوں جھٹلایا کہ دنیا میں تمکو عام مخلوقات کی طرح تمھارے گناہوں کی سزا مل رہی ہے۔ بہت سے تم میں سے سور اور بندر ہو گئے تمام قوم کی یہ شامت نہیں نابود ہو گئی دن رات ذلت و خواری بڑھتی جاتی ہے پھر تمکو آخرت کا حال کیونکر معلوم ہو گیا کہ تمھیں آخرت میں عام خلائق کی طرح عذاب نہ ہو گا۔ یہود حضرت عزیر کو اور نصاریٰ حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں اور بیٹے کے اولاد در اولاد بھی بیٹے کی برابر ہوتی ہے اس لیئے حضرت عزیر اور حضرت عیسیٰ کی اولاد در اولاد ہونے کی مناسبت سے یہ لوگ اپنے آپ کو خدا کا بیٹا۔ پیارا اور عام مخلوق سے بالاتر گنتے ہیں آگے فرمایا کہ قیامت کے دن کی بخشش اور پرسش اللہ کی مرضی پر منحصر ہے جسے وہ چاہے گا بخشے گا اور جس سے اُسے مواخذہ منظور ہو گا اُس سے مواخذہ کرے گا۔ کسی کا بیٹا

پوتا ہوا اُس دن بغیر مرضی اُس مالک الملک کے کچھ کام نہ آویگا۔ مطلب یہ ہے کہ ایسے پوتوں کی اُس دن بڑی خرابی ہے جو اپنے بڑوں کو خدا کا بیٹا اور شریک ٹھیراویں کیونکہ وہ وحدہٗ لاشریک شرک سے بیزار ہے زمین و آسمان کی بادشاہت میں نہ اُس کا شریک ہے نہ ولیعہد بلکہ ادنیٰ رعایا کی طرح اُس دن سب کو اُسکے روبرو کھڑا ہونا پڑے گا +

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُوا مَا جَاءَنَا

اے کتاب والو آیا ہے تم پاس رسول ہمارا تو ڈاپڑے پیچھے رسولوں کا کبھی تم کہو کہ ہمارے پاس آیا

مِن بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ جَاءَكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ ع ۷

کوئی خوشی یا ڈر سنانے والا سو آچکا تمہارے پاس خوشی اور ڈر سنانے والا اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

ابن جریر اور ابن اسحٰق نے حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو اسلام لانیکی رغبت دلائی اور یہود نے اُس سے انکار کیا تو اُن کا یہ انکار دیکھکر معاذ بن جبل سعد بن عبادہ اور عقبہ بن وہب نے یہود سے کہا کہ خدا سے ڈرو بلاشک تم جانتے ہو کہ یہ نبی برحق ہیں اور انکے نبی ہونے سے پہلے تو تم لوگ اُنکے نبی ہونیکی خبر ہمکو دیا کرتے تھے اور انکے اوصاف بیان کرتے تھے۔ یہ سُنکر رافع بن حرملہ نے کہا کہ ہم نے تم سے کبھی اس طرح کا تذکرہ نہیں کیا۔ بلکہ ہمارا کہنا تو یہ ہے کہ موسیٰ کے بعد کوئی نبی اللہ نے نہیں بھیجا۔ تورات کے بعد کوئی کتاب اللہ نے نہیں اُتاری اُسپر اللہ تعالیٰ نے رافع وغیرہ کے قول کی تکذیب میں یہ آیت نازل فرمائی ایک نبی سے دوسرے نبی تک کا جو زمانہ ہوتا ہے اُسکو زمانہ فترۃ کہتے ہیں جسکے معنے فتور کے ہیں حضرت عیسیٰ اور آنحضرت کے مابین چھ سو برس کا جو زمانہ ہوتا ہے اُس زمانے کا اس آیت میں ذکر ہے بعضے مفسروں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آنحضرت کے بیچ میں خالد بن سنان ایک نبی کا اور بعضوں نے چار نبیوں کا جو ذکر کیا ہے وہ اس روایت کے مخالف ہے جو صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ سے آئی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا میرے اور عیسیٰ بن مریم کے مابین کوئی اور نبی نہیں ہے۔ مشرکین مکہ نے ملت ابراہیمی میں اور اہل کتاب نے توراۃ اور انجیل میں طرح طرح فتور ڈال رکھے تھے۔ نبوت کا زمانہ دُور ہوگیا تھا اس لیئے بغیر جدید نبی اور جدید شریعت کے اُن فتوروں کی اصلاح ممکن نہ تھی۔ اسی اصلاح کے لیئے اللہ تعالیٰ نے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا اور اُن پر وقت بوقت کے اصلاح حال کی آیات قرآنی نازل فرمائیں تاکہ لوگوں کو اس [illegible] بقیہ باقی رہے سہے کہ پہلی نبوت کا زمانہ دور ہوگیا تھا دین الٰہی میں طرح طرح کے فتور پڑ گئے تھے اس سبب سے ہم لوگ راہ راست کو نہ حاصل کر سکے صحیح بخاری میں عطاء بن یسار کی حدیث ہے جس میں توراۃ کے اوصاف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس صفت کا ذکر ہے کہ آخری زمانہ میں جو کچھ کجی دین الٰہی میں آجاویگی اُس کی اصلاح کرینگے۔ یہ حدیث گویا اس آیت کی تفسیر ہے۔ بشیر کے معنی فرماں برداروں کو عقبیٰ کی بہتری کی خوشخبری

سنانیوالا۔ نذیر کے معنی نافرمان لوگوں کو عقبیٰ کے عذاب سے ڈرانے والا واللہ علی کل شئ قدیر اس کا مطلب یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد کسی نبی کا پیدا کرنا یا توراۃ کے بعد کسی کتاب کا نازل کرنا اللہ کی قدرت سے کچھ باہر نہیں جو یہ لوگ اس کا انکار کرتے ہیں بلکہ اصل توراۃ میں تو عیسیٰ علیہ السلام محمد رسول اللہ انجیل قرآن سب کی پیشین گوئی موجود ہے مگر ان لوگوں نے اپنی غرض ذاتی اور دشمنی سے توراۃ کی ان آیتوں کو بدل ڈالا ہے جس کا خمیازہ قیامت کے دن انکو بھگتنا پڑیگا

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِیْكُمْ اَنْۢبِیَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ

اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو اے قوم یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب پیدا کیئے تم میں نبی اور کر دیا تمکو بادشاہ اور دیا تمکو

مَّا لَمْ یُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ یٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِیْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰۤی اَدْبَارِكُمْ

جو نہیں دیا کسیکو جہان میں اے قوم داخل ہو زمین پاک میں جو لکھدی ہے اللہ نے تمکو اور الٹے نہ جاؤ اپنی پیٹھ پھیر کر

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِنَّ فِیْهَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ یَّخْرُجُوْا

پھر جا پڑو گے نقصان میں بولے اے موسیٰ وہاں ایک لوگ ہیں زبردست اور ہم ہرگز نہ جاویں گے جب تک وہ نکل چکیں وہاں سے پھر اگر وہ نکلیں

مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ

وہاں سے تو ہم داخل ہوں کہا اور مردوں نے ڈرنے والوں میں سے خدا کی نوازش تھی ان پر گھس جاؤ ان پر حملہ کر کر دروازے میں پھر جب تم اس میں پہنچ گئے

منزل ۲

فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَی اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِیْهَا فَاذْهَبْ

تو تم غالب ہو اور اللہ پر بھروسا کرو اگر یقین رکھتے ہو بولے اے موسیٰ ہم ہرگز نہ جاویں گے ساری عمر جب تک وہ رہیں گے اس میں سو تو جا

اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِیْ وَاَخِیْ فَافْرُقْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ

اور تیرا رب دونوں لڑو ہم یہاں ہی بیٹھے ہیں بولا اے رب ہمارے اختیار میں نہیں مگر میری جان اور میرا بھائی سو فرق کر دے ہم میں اور

ع ۱۲

الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَیْهِمْ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ۚ یَتِیْهُوْنَ فِی الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ۝

بے حکم لوگوں میں کہا تو وہ حرام ہوئی ان پر چالیس برس پھرا کرینگے ملک میں سو تو افسوس نہ کر بے حکم لوگوں پر

اوپر گزر چکا ہے کہ مصر سے شام کے ملک کا سفر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسی غرض سے کیا تھا کہ قوم عمالقہ کو ملک شام کی بستیوں سے لشکر نکالدیا جاوے اور بنی اسرائیل کو ان بستیوں میں آباد کر دیا جاوے کیونکہ ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے یہی ملک انبیا کے رہنے کی جگہ ہے۔ ان آیتوں میں اسی لڑائی کا ذکر ہے اسی لڑائی کے قصہ کے ذکر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گویا یہ تسلی فرمائی گئی ہے کہ اے رسول اللہ کے نافع بن حمیلہ وغیرہ نے تمہاری دل شکنی کی باتیں جو کی ہیں یہ بات کچھ نئی نہیں ہے ان لوگوں کے بڑے اللہ کے رسول موسیٰ علیہ السلام سے بڑی بڑی دل شکنی کی باتیں کر چکے ہیں۔ حضرت اسحاق کی اولاد میں

ایک مدت تک نبوت اور بادشاہت رہی ہے۔ لڑائی کی رغبت دلانے کے لیئے لڑائی کی خواہش سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی اور نعمتوں کے ذکر میں بادشاہت کا بھی ذکر کیا تھا کہ بنی اسرائیل سمجھ جائیں کہ یہی لڑائی بنی اسرائیل کی آیندہ کی بادشاہت کی گویا بنیاد ہے۔ اللہ سچا ہے اور اللہ کے رسول سچے ہیں اس لڑائی کے بعد ملک شام میں بنی اسرائیل کی بادشاہت کی جو بنیاد قائم ہوئی ہمیشہ کی نظیر کے لیئے ایک حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہت اور اس بادشاہت کی یادگار کے لیئے ایک بیت المقدس کی عمارت کافی ہے۔ دیا تھا کسی کو جو نہیں دیا کسی کو جہان میں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً فرعون جیسے دشمن کا ہلاک ہونا اور دریا میں راستہ کا پیدا ہو جانا غرض اپنے زمانے میں بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ کی وہ وہ نعمتیں پائیں کہ اس زمانہ کی کسی دوسری قوم کو وہ نعمتیں نصیب نہیں ہوئیں جن دو شخصوں کا ذکر اس قصہ میں ہے ایک تو ان میں یوشع بن نون حضرت موسیٰ کے بھانجے تھے اور دوسرے کالب بن یوحنا حضرت موسیٰ کے داماد تھے۔ بارہ چودھری جو عمالقہ کی حالت دریافت کرنے کو بھیجے گئے تھے ان میں سے یہی دو شخص ایسے تھے جو خدا سے ڈر کر عہد پر قائم رہے عہد پر قائم رہنے کی توفیق جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان دونوں شخصوں کو عطا ہوئی اسی کو اللہ کی نعمت فرمایا ان دونوں شخصوں نے بنی اسرائیل کو یہ مشورہ دیا تھا کہ قوم عمالقہ کی بستی کا دروازہ گھیر لیا جائے جس سے باہر کی رسد بند ہو کر وہ لوگ ہراسان ہو جاوینگے اور پھر اپنے وعدہ کے موافق اللہ تعالیٰ ہمکو فتح دیوینگا لیکن بنی اسرائیل نے انکا مشورہ نہ مانا اور ان دونوں شخصوں کو پتھروں سے مارنے لگے جب موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کی یہ سرکشی دیکھی تو اللہ تعالیٰ کے آخری حکم کے نازل ہونیکی التجا کی۔ آخری حکم یہ ہوا کہ چالیس برس تک بنی اسرائیل اس شام کے جنگل میں قید رہے نہ پلٹ کر مصر جا سکتے تھے۔ نہ ملک شام کی کسی بستی میں قدم رکھ سکتے تھے۔ جتنے لوگوں نے سرکشی کی باتیں کی تھیں وہ اسی قید میں مر گئے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق حضرت ہارون اور حضرت موسیٰ کی وفات بھی اسی چالیس برس کے اندر ہو گئی۔ حضرت موسیٰ کے بعد یوشع بن نون موجودہ بنی اسرائیل کے نبی ہوئے اور انہی کے عہد میں شام کا ملک بنی اسرائیل کے ہاتھ آیا۔ چالیس برس کی قید کا حکم سن کر حضرت موسیٰ کو بنی اسرائیل کی حالت پر کچھ افسوس ہوا تھا اسپر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے رسول اللہ کے ایسی سرکش قوم کی حالت پر کچھ افسوس نکرنا چاہیئے انکی سزا یہی تھی جو انھوں نے بھگتی۔ ملک شام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے انبیا کے رہنے کی جگہ ہے اور اسی سرزمین میں طور پہاڑ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کا جلوہ ہوا ہے اسی سبب سے اسکو زمین پاک فرمایا۔ یہاں اکثر مفسروں نے عوج بن عنق کا ایک قصہ نقل کیا ہے کہ عمالقہ میں وہ بڑا شہ زور بلند قد تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسکو قتل کیا لیکن اس قصہ کی روایت اطمینان کے قابل نہیں ہے ۔

وقف لازم وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ

اور سنا اُنکو تحقیق احوال آدم کے دو بیٹوں کا جب نیاز کی دونوں نے کچھ نیاز پھر قبول ہوئی ایک سے اور نہ قبول ہوئی دوسرے سے کہا میں تجھکو ضرور مار ڈالونگا دوسرا بولا

النصف لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ

کہ اللہ قبول کرتا ہے ادب والوں سے اگر تو ہاتھ چلاویگا مجھ پر مارنے کو میں نہ ہاتھ چلاؤنگا تجھ پر

مارنے کو میں ڈرتا ہوں

اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْۗاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ

اللہ سے جو صاحب ہے سب جہان کا میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے میرا گناہ اور اپنا گناہ پھر ہو دوزخ والوں میں اور یہی سزا ہے ظالموں کی

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ

پھر اسکو راضی کیا اسکے نفس نے خون پر اپنے بھائی کے پھر اسکو مار ڈالا تو ہو گیا زیان والوں میں پھر بھیجا اللہ نے ایک کوا کہ زمین کو کھودتا تھا تاکہ دکھاوے اسکو کہ کس طرح چھپاوے

الوقف سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ

عیب اپنے بھائی کا بولا ہائے خرابی مجھ سے اتنا نہ ہو سکا کہ ہوں برابر اس کوے کے کہ میں چھپاؤں عیب اپنے بھائی کا پھر ہوا

اوپر ذکر تھا نافع بن حرملہ وغیرہ یہود نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے انکار کیا اسی ذیل میں اللہ تعالیٰ نے یہ قابیل اور ہابیل کا قصہ فرما کر یہود کی تنبیہ فرمائی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ توراۃ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف جو تھے اُن اوصاف سے یہ یہود لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا پہچانتے تھے جس طرح ہر شخص اپنی اولاد کو پہچانتا ہے۔ لیکن فقط اس حسد کے سبب سے یہ لوگ آپکی نبوت کے منکر ہو گئے بنی اسمٰعیل میں نبی کیوں پیدا ہوئے بنی اسرائیل میں کیوں نہیں ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں سب سے پہلے جس کسی سے حسد کیا اس شخص قابیل کا انجام ان لوگوں کو یاد دلا کر یہ سمجھایا کہ حسد کا آخری انجام بُرا ہے۔ قابیل نے اپنے حقیقی بھائی ہابیل کے حال پر حسد کیا اور پھر آخر کو پچتایا تم لوگ بھی اللہ کے رسول اپنے چچازاد بھائی کی حالت پر یونہی حسد کرتے رہو گے تو آخر کو دین و دنیا میں یوں ہی پچتاؤ گے اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے۔ دنیا کا پچتاوا تو ہو چکا کہ مدینہ کے گرد و نواح میں بنی قینقاع۔ بنی نضیر۔ بنی قریظہ تینوں قبیلے یہود کے رہتے تھے جن میں بنی قینقاع۔ بنی نضیر کا اخراج ہوا۔ اور بنی قریظہ قتل کیے گئے۔ دین کا پچتاوا بھی وقت مقرر پر سب کی آنکھوں کے سامنے آجاویگا معتبر سند سے تفسیر ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود کی جو روایتیں ہیں اُن کے موافق ہابیل کے قصہ کا حاصل یہ ہے کہ حضرت آدم کے زمانے میں بھائی بہن کا نکاح اس ضرورت سے جائز تھا کہ اُس وقت سوائے بہن کے اور کوئی غیر لڑکی دنیا میں پیدا نہیں ہوئی تھی۔ ایسے نکاح میں اسقدر احتیاط کا کرنا ضرور تھا کہ ایک حمل کے بھائی بہن کا نکاح نہیں ہوتا تھا۔ قابیل نے اپنے ساتھ کی پیدا ہوئی بہن سے نکاح کرنا چاہا۔ حضرت آدم نے اس بات سے انکار کیا۔ جب قابیل نے اصرار کیا تو حضرت آدم نے یہ فیصلہ کیا کہ قابیل

اور ہابیل دونوں بھائی ملکر اللہ کی نیاز کریں جسکی نیاز قبول ہوجاویگی اُسی کا نکاح اُس لڑکی سے کردیا جاوے گا پہلے زمانہ میں نیاز قبول ہوجانیکی یہ نشانی تھی کہ آسمان سے ایک آگ آن کر نیاز کی چیز کو جلا دیا کرتی تھی۔ اِس نشانی کے موافق ہابیل کی نیاز قبول ہوگئی اور اسی سبب سے قابیل کو اپنے بھائی ہابیل کی حالت پر ایک رشک اور حسد پیدا ہوگیا جس سے اُس نے موقع پاکر اپنے بھائی ہابیل کو مار ڈالا۔ یہ پہلا خون تھا جو دنیا میں واقع ہوا صحیح بخاری و مسلم میں عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قابیل نے پہلے پہل خونِ ناحق کا طریقہ نکالا اس لیئے دنیا میں جو خونِ ناحق اب ہوتا ہے تو ایک خونِ ناحق کا وبال قابیل کے نامۂ اعمال میں بھی لکھا جاتا ہے۔ اُس وقت تک مُردے کے دفن کرنیکا طریقہ دنیا میں جاری نہیں تھا اِس لیئے اللہ تعالیٰ نے ایک کوّے کی معرفت یہ طریقہ قابیل کو سکھایا تاکہ آیندہ بنی آدم میں یہ طریقہ رواج پکڑ جاوے۔ قابیل کوّے سے یہ طریقہ سیکھ کر اپنی نادانی پر بہت پچھتایا کہ ایک جانور کے برابر بھی مجھکو عقل نہیں۔ اسی نادانی کے سبب سے میں نے اپنے بھائی کو ناحق مار ڈالا۔ ہابیل اللہ کے نبی کے حکم پر تھا اِس لیئے اُس نے اپنے آپکو متقیوں میں شمار کیا تو حاصل کرسے میرا گناہ اور اپنا گناہ مطلب یہ ہے کہ اپنے ذاتی گناہوں کے علاوہ میرے خونِ ناحق کا وبال بھی تیرے ذمہ رہے

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ

اسی سبب سے لکھا ہم نے بنی اسرائیل پر کہ جو کوئی مار ڈالے ایک جان بدلے جان کے یا فساد کرنے پر

منزل ۲

فِى الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ

ملک میں تو گویا مار ڈالا سب لوگوں کو اور جسنے جلایا ایک جان کو تو گویا جلایا سب لوگوں کو اور

جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ

لا چکے ہیں ان پاس رسول ہمارے صاف حکم پھر بہت لوگ اُن میں اِس پر بھی ملک میں دست اندازی کرتے ہیں۔

یہ آیت گویا ہابیل اور قابیل کے قصہ کا نتیجہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب ایک بھائی نے ایک ذرا سے حسد پر اپنے بھائی کو بیدھڑک مار ڈالا اور اُسکے خونِ ناحق کا کچھ بھی خیال نہ کیا بلکہ آیندہ خونِ ناحق کا اوروں کے لیئے دنیا میں ایک راستہ ڈالدیا تو اللہ تعالیٰ نے اس گناہِ عظیم کے روکنے کا یہ انتظام فرمایا کہ توراۃ میں بنی اسرائیل کو خونِ ناحق سے روکنے کے لیئے یہ تاکید فرمادی کہ جو شخص ایک خونِ ناحق کرے گا تو اُسکو خونِ ناحق کا پھیلانے والا شمار کیا جائیگا اور یہ رسم پھیل کر دنیا میں جسقدر خونِ ناحق ہونگے ہر ایک خون کیوقت قابیل کی طرح اِس رسم کے پھیلانے والے شخص کے نامۂ اعمال میں بھی ایک خون کا وبال لکھا جاویگا۔ اور جو شخص مظلوموں کی مدد کریگا خونِ ناحق کو روکے گا وہ شخص اِس رسم بد کا روکنے والا اور ایک جہان بھر کی زیست اور امن کے اجر کا باعث ٹھیرے گا۔ آگے فرمایا کہ باوجود اس سخت حکم کے بنی اسرائیل کی جرأت قابیل سے بھی بڑھ گئی کہ اُنھوں نے عام لوگوں کے

خون ناحق کے علاوہ انبیاء کے خون ناحق کی جرأت بھی کی جس کا خمیازہ ایک دن وہ بھگتیں گے۔ بنی اسرائیل نے انبیاء اور علماء کو جو شہید کیا اس کا ذکر سورۂ آل عمران میں گزر چکا ہے صحیح مسلم میں جریر بن عبد اللہ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی نیک کام کا رواج پھیلاویگا اسکو اس کا بھی اجر ملیگا۔ اور قیامت تک جو شخص اس نیک کام پر عمل کریگا اس نیک کام پر عمل کرنے والے شخص کی برابر اس نیک کام کے رواج پھیلانے کا بھی اجر ملیگا۔ پھر فرمایا یہی حال بد کام کے رواج پھیلانے والے کا ہے یہ حدیث اس آیت کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت اگرچہ یہود کی شان میں ہے لیکن اس کے حکم میں امت محمدیہ بھی شریک ہے۔

إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ

یہی سزا ہے انکی جو لڑائی کرتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرنے کو کہ انکو قتل کیجئے یا

يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ

سولی چڑھائیے یا کاٹیے انکے ہاتھ اور پاؤں مقابل کا یا دور کریے اس ملک سے یہ انکی رسوائی ہے دنیا میں اور انکو

فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ قَبْلِ أَنْ تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

آخرت میں بڑی مار ہے مگر جنھوں نے توبہ کی تمھارے ہاتھ پڑنے سے پہلے تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ع ۵

منزل ۲

عبد الرزاق نے حضرت ابو ہریرہ اور ابن جریر نے حضرت انس کی روایت کے حوالے سے لکھا ہے کہ بحرین کے رہنے والے قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ جو مرتد ہو کر صدقہ کے اونٹ چوری سے ہانک کر لیگئے تھے اور چرواہے کو بھی قتل کر گئے تھے۔ جن کو آنحضرت نے پھر پکڑوایا اور مروا ڈالا انکی شان میں یہ آیت اتری ہے اور جمہور مفسرین کا یہ قول ہے کہ راہ زنی کرنے والا خواہ مرتد ہو یا مسلمان سب کی سزا کے بیان میں یہ آیت اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے اور جس طرح عبد الرزاق اور ابن جریر نے اپنی تفسیروں میں قبیلہ عرینہ کے قصے کو اس آیت کا شان نزول قرار دیا ہے اسی طرح ابو داؤد نے بھی اس قصہ کو شان نزول اس آیت کا قرار دیا ہے اور یہ قصہ بدون ذکر شان نزول آیۃ کے صحیحین میں بھی آیا ہے اور حاصل قصہ کا یہ ہے کہ آنحضرت کا ایک غلام تھا اس کا نام یسار تھا وہ نماز دل لگا کر پڑھا کرتا تھا اس لیے آپ نے اسکو آزاد کر دیا تھا اور صدقہ کے نو دس اونٹ دودھ کی اونٹنیاں خود آنحضرت کی مدینہ کے جنگل میں چرا کرتی تھیں انکو یہ یسار چرایا کرتا تھا۔ یہ عرینہ قبیلہ کے لوگ کچھ دنوں تو مسلمان ہو کر خاص مدینہ میں رہے پھر انکے پیٹ بڑھ گئے اور رنگ زرد ہو گئے تو انھوں نے مدینہ کی آب و ہوا کی آنحضرت سے شکایت کی اس لیے آپ نے ان لوگوں کو یسار کے ساتھ جنگل جانے کا حکم دیا تھا۔ ایک روز انھوں نے موقع پا کر کانٹے چبھو کر یسار کی آنکھیں پہلے پھوڑ ڈالیں پھر یسار کو قتل کر کے وہ اونٹ اور اونٹنیاں لیکر اپنے وطن بحرین کی طرف مرتد ہو کر بھاگے جب مدینہ میں یہ خبر پہنچی تو آنحضرت نے جریر بن عبد اللہ کو سردار قرار دیکر کچھ مسلمانوں کو قبیلہ

عرینہ کے لوگوں کی تلاش میں روانہ کیا اور یہ لوگ آخر کو پکڑے آئے اور آپ نے اُنکی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروائیں اور اُن کو قتل کر ڈالا۔ اب اس قصہ سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک تو یہ کہ بعضے مفسروں نے یہ جو لکھا ہے کہ اس حدیث میں آنکھوں کی سلائی پھیرنے کا جو ذکر ہے وہ اِس آیت سے منسوخ ہے وہ صحیح نہیں ہے کیونکہ مسلم نسائی اور ترمذی کی حضرت انس کی حدیث میں جب یہ صراحت آچکی ہے کہ اُن لوگوں نے بیسار کی آنکھیں پھوڑ ڈالی تھیں تو اِس حدیث میں اُن لوگوں کی آنکھوں کا پھوڑنا العین بالعین کے موافق بطور قصاص کے تھا جو منسوخ نہیں ہے۔ اِسی طرح بعضے مفسروں نے یہ جو لکھا ہے کہ یہ آیت آنکھوں کی سلائی پھیرنے پر بطور عتاب کے نازل ہوئی ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ قصاص میں عتاب کی کوئی وجہ نہیں ہے اور یہ بات صحیح روایتوں میں ہے کہ جریر بن عبداللہ کا اسلام لانا سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد ہے اِس وجہ سے بعضے مفسروں کا یہ قول بھی صحیح نہیں ہے کہ وہ حدیث کا قصہ آیت کے نزول سے بہت پہلے ہے یحاربون محاربہ سے ہے محاربہ کے معنے مخالفت کے ہیں۔ قتادہ کے قول کے موافق اس آیت میں محاربہ کے معنی راہ زنی کے ہیں۔ یہ قتادہ طبقۂ تابعین میں ثقہ اور قدیم مفسروں میں ہیں۔ ناقابل اعتراض سند سے مسند امام احمد تفسیر ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ راہ زن اگر فقط راستہ لوٹے تو اس کا ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پیر کاٹا جاوے اگر کسی کو قتل کر کے مال لوٹے تو ایسے راہ زن کو پہلے قتل کیا جاوے پھر لوگوں کی عبرت کے لیئے اُسکو سولی پر چڑھایا جاوے۔ اگر فقط قتل کرے اور مال نہ لوٹے تو اُسکی سزا فقط قتل ہے۔ اگر فقط راہ زنی کے ارادہ سے کہیں بیٹھا ہو نہ کسی کا مال ابھی اُس نے لیا ہو نہ کسی کو جان سے مارا ہو تو ایسے راہ زن کا اُس سرزمین سے اخراج کر دینا کافی ہے۔ آگے فرمایا راہ زنوں کی یہ سزا تو دنیوی ہے اگر پکڑے جانے سے پہلے بغیر توبہ کے وہ مر گئے یا پکڑے گئے اور دنیوی سزا کے بعد بھی مرتد رہے تو عقبیٰ میں اُنکو سخت عذاب بھگتنا پڑیگا۔ صحیح بخاری اور مسلم میں ہمام بن صامت کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان شخص کے حق میں دنیوی سزا کفارہ ہے اس سے معلوم ہوا کہ دنیوی سزا کے بعد آخرت کے عذاب کا حکم جو اس آیت میں ہے وہ مرتد کے لیئے ہے اب پکڑے جانے سے پہلے جس راہ زن نے توبہ کر لی اگر ایسا راہزن مرتد تھا اسلام کے بعد اُسکو سزا دیجاوے گی اور اگر ایسا راہزن مسلمان تھا تو اُسکو چوری کی سزا دینے کے اکثر سلف قائل نہیں ہیں یہ آیت میں بھی پکڑے جانے سے پہلے جو توبہ کر لینے سے اُسکو عام طور پر بیان فرمایا ہے۔ مرتد اور مسلمان دونوں میں کچھ فرق نہیں رکھا۔ توبہ کے بیان میں یہ اوپر گزر چکا ہے کہ حق العباد کے گناہ میں فقط توبہ کافی نہیں ہے بلکہ صاحب حق کی معافی یا تلافی سے توبہ کامل کرے تاکہ قیامت کے دن اُسے اِس حق کے معاوضہ میں اپنی نیکیاں صاحب حق کو نہ دینی پڑیں۔ صحیح مسلم کی ابوہریرہ کی حدیث اوپر گزر چکی ہے کہ قیامت کے دن بعضے لوگوں کے اعمال نامے

منزل ۲

میں سب طرح کے نیک عمل ہونگے۔ لیکن اُنکے ذمہ لوگوں کے حقوق ہونگے جن حقوق کے معاوضہ میں وہ سب نیک عمل صاحب حق لوگوں کو بخشوا دینگے اور یہ نیک عمل والے لوگ خالی ہاتھ رہ کر جہنم میں چلے جاوینگے۔ یہ حدیث آیت کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان راہزن صاحب حق شخص کا کچھ معاوضہ دنیا میں نہ کرے گا تو قیامت کے دن وہ معاوضہ اس طرح ہوگا جس کا ذکر اس حدیث میں ہے ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ

اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور ڈھونڈو اس تک وسیلہ اور لڑائی کرو اسکی راہ میں

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ

شاید تمھارا بھلا ہو جو کافر ہیں اگر اُنکے پاس ہو جتنا کچھ ہے زمین میں سارا اور اُسکے ساتھ اتنا اور

لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ يُرِيدُونَ أَنْ

کہ چھڑوائی میں دیں اپنی قیامت کے عذاب سے وہ اُن سے قبول نہ ہو اور اُنکو دکھ کی مار ہے چاہیں گے کہ

يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ ۝

نکلجاویں آگ سے اور وہ نکلنے والے نہیں اور اُنکو عذاب دائم ہے

منزل ۱

اُوپر اُن لوگوں کا ذکر تھا جو دنیا کے تھوڑے سے مال و متاع کے لالچ میں پھنس کر مرتد ہو گئے تھے اور راہزنی کرنے لگے تھے۔ اُسی ذیل میں مسلمانوں کو ان آیتوں میں اس طرح کے خیالات سے روکا اور فرمایا کہ ہر ایماندار کو اس طرح کی باتوں سے ہمیشہ پرہیز لازم ہے اور یہ بھی لازم ہے کہ ہر ایماندار شخص ہاتھ سے پیر سے جان سے مال سے زبان سے غرض جس طرح ہو سکے خالص راہ خدا کے نیک کاموں میں لگا رہے تاکہ وہ نیک کام اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے حاصل کرنیکا ذریعہ قرار پا سکیں پھر فرمایا کہ یہ باتیں جو بتائی گئیں یہی باتیں ایسی ہیں جن سے عقبیٰ میں انسان کی بہتری اور کامیابی کی صورت نکل سکتی ہے فِي سَبِيلِهِ کا یہ مطلب ہے کہ جو نیک کام خالص راہ خدا کی نیت سے نہ کیا جاویگا بلکہ اُس میں ریاکاری یا دنیا کے کسی اور مقصد کا دخل ہوگا ایسا کام نہ بارگاہ الٰہی میں مقبول ہو سکتا ہے نہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے حاصل کرنے کا ذریعہ قرار پا سکتا ہے ابوداؤد اور نسائی میں ابی امامہ کی صحیح حدیث ہے جو اُوپر گزر چکی ہے اُس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کام خالص راہ خدا کی نیت سے نہ کیا جاویگا وہ رائگاں ہے بارگاہ الٰہی میں اس طرح کا نیک کام ہرگز قبول نہیں ہو سکتا۔ یہ حدیث فی سبیلہ کی گویا تفسیر ہے۔ جن لوگوں کا اُوپر ذکر تھا آگے اُس ذکر کو پورا کیا کہ وہ لوگ بڑے نادان ہیں جو دنیا کے تھوڑے سے مال و متاع کے لیئے ایسے کام کرتے ہیں جس سے وہ عقبیٰ کو ہاتھ سے دیکر وہاں کا ہمیشہ کا عذاب اپنے سر پر لیتے ہیں کیونکہ دنیا کے تھوڑے مال و متاع کی تو کیا حقیقت ہے جو وہ عذاب کا معاوضہ قرار پا سکے

وہ عذاب تو ایسا بھاری اور لازمی ہے کہ تمام دنیا کے مال و متاع کو ایک جگہ کیا جاکر اُسی قدر مال و متاع اُس میں اور ملایا جاوے تو یہ سب کچھ اُس عذاب کا معاوضہ نہو سکے گا قد افلح المؤمنون میں آویگا کہ جب اس طرح کے دوزخی لوگ دوزخ سے نکالے جانے کی التجا اللہ تعالیٰ کی جناب میں پیش کرینگے تو اللہ تعالیٰ اُنکو اس طرح دھتکار دیگا جس طرح کوئی کتے کو دھتکار دیتا ہے اور سورۂ زخرف میں آویگا کہ عذاب کی سختی سے تنگ آکر جب اسطرح کے دوزخی موت کی التجا اللہ تعالیٰ کی جناب میں پیش کرینگے تو یہ جواب ملیگا کہ دوزخ میں موت نہیں ہے تم کو ہمیشہ اسی حال میں یہاں رہنا پڑیگا۔ یہ آیتیں آیت یُرِیدُونَ اَن یَّخرجوا من النار وما ھم بخارجین منھا ولھم عذاب مقیم کی گویا تفسیر ہیں ؛

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

اور جو کوئی چور ہو مرد یا عورت تو کاٹ ڈالو اُنکے ہاتھ سزا اُنکی کمائی کی تنبیہ اللہ کی طرف سے اور اللہ زور آور ہے حکمت والا

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

پھر جسنے توبہ کی اپنی تقصیر کے پیچھے اور سنوار پکڑی تو اللہ اُسکو معاف کرتا ہے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے تو نے معلوم نہیں کیا کہ اللہ کو ہے سلطنت آسمان

وَالْاَرْضِ ؕ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

وزمین کی عذاب کرے جسکو چاہے اور بخشے جسکو چاہے اور اللہ سب چیز پر قادر ہے

منزل

راہ زنوں کے ذکر کے بعد یہ چوروں کا ذکر فرمایا چور کا ہاتھ کاٹنا اور خون بہا کا ادا کرنا شریعت محمدی سے پہلے بھی قریش میں جاری تھا۔ اللہ تعالیٰ نے شریعت محمدی میں اُسی رواج کو قائم فرما دیا ہے جس عورت مخزومیہ کے ہاتھ کاٹنے کے وقت یہ آیتیں نازل ہوئی ہیں اُس عورت کا قصہ صحیحین اور مسند امام احمد بن حنبل وغیرہ میں جو کچھ مذکور ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ فتح مکہ کے وقت ایک عورت نے چوری کی تھی قریش کو اُس عورت کا ہاتھ کٹنا شاق تھا اس لیئے قریش نے اُسامہ بن زید سے آنحضرت کی خدمت میں سفارش کرائی آپ کو یہ سفارش سنکر بڑا غصہ آیا اور آپنے فرمایا کیا تعزیرات الٰہی میں بھی بندوں کی سفارش کا کچھ دخل ہو سکتا ہے بالفرض محمد کی بیٹی فاطمہؓ بھی کچھ چوری لے تو اُسکا بھی ہاتھ کاٹا جاویگا۔ غرض آپنے اُس عورت کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ اور جب اُس عورت کا ہاتھ کٹ چکا تو اُس عورت نے حضرت سے پوچھا کہ حضرت میری توبہ بھی قبول ہو گی آپنے فرمایا اب تو ایسی ہو گئی جیسے آج تیری ماں نے تجکو جنا ہے۔ اب رہی یہ بات کہ کسقدر مال کی چوری پر ہاتھ کاٹنے کا حکم ہے۔ اِس میں علماء کا اختلاف ہے۔ عبد اللہ بن مسعود سفیان ثوری اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک تین درم اور امام شافعی کے نزدیک چہارم حصہ دینار کا اور امام احمد کے نزدیک چہارم دینار کا یا تین درم یہ مقدار ہر ایک کے نزدیک مقرر ہے اور دلیل ہر ایک مذہب کی فقہ کی کتابوں میں ہے ایک شخص

ابو العلا شاعر نے بغداد کے فقہا پر ایک اعتراض جو اس چوری کی مقدار کا کیا ہے وہ مشہور ہے وہ اعتراض یہ ہے کہ ایک شخص کسی شخص کا ہاتھ کاٹ ڈالے تو شرع میں اس کا خونبہا پانسو دینار ہیں اور ایک شخص کسی شخص کی کچھ چیز چرا لے تو تین درہم پر وہی پانسو اشرفی کی قیمت کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ علما نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ شریعت کے احکام بُرے کاموں سے روکنے کے لیئے ہیں۔ اس واسطے چور کو یوں روکا گیا ہے کہ تین درم تک ہاتھ کٹ جانیکا خوف رہے اور خون خرابی والوں کو خانہ جنگی سے یوں روکا گیا ہے کہ اگر کسی کا ہاتھ بھی تم کاٹو گے تو پانسو اشرفیاں جرمانہ بھرنا پڑیگا بعضے علما نے یہ بھی جواب دیا ہے کہ چور کے ہاتھ کی قیمت تین درہم خدا نے رکھی ہے اور سچے ہاتھ کی قیمت پانسو اشرفی۔ اکثر علما کے نزدیک توبہ کرنے سے ہاتھ کاٹنے کی سزا ساقط نہیں ہوتی ہاتھ کاٹنے کے بعد اگر چوری کا مال چور کے پاس نکل آئے تو مالک کو اسکے دلانے میں سب کا اتفاق ہے اور اگر وہ مال ضائع ہو گیا ہو تو اوسکے دلانے میں اختلاف ہے جسکی تفصیل بڑی کتابوں میں ہے۔ آخر کو فرمایا آسمان و زمین کی بادشاہت اللہ تعالیٰ کی ہے اسکے حکم میں کوئی دخل نہیں دے سکتا جسکی توبہ خالص ہو اسکو وہ بخشدیوے تو اسے اختیار ہے اور جسکی توبہ خالص نہیں اور وہ اسے نہ بخشے تو بھی اسے اختیار ہے۔ غرض کوئی بات اسکی قدرت اور اسکے اختیار سے باہر نہیں اور وہ عالم الغیب ہے توبہ کا خالص ہونا اور نہ ہونا اسی کو خوب معلوم ہے ✣

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ

اے رسول تو غم نہ کھا اُن پر جو دوڑ کر گرتے ہیں منکر ہونے وہ جو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں اپنے مُنہ سے

وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ

اور اُن کے دل مسلمان نہیں اور وہ جو یہودی ہیں جاسوسی کرتے ہیں جھوٹ بولنے کو اور جاسوس ہیں دوسری جماعت کے

يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ

جو تجھ تک نہیں آئے بے اسلوب کرتے ہیں بات اُس کا ٹھکانا چھوڑ کر کہتے ہیں اگر تمکو یہ ملے تو لو اور اگر یہ نہ ملے تو بچتے رہو

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ

اور جسکو اللہ نے بچانا چاہا سو تو اُس کا کچھ نہیں کر سکتا اللہ کے یہاں وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے نہ چاہا کہ دل پاک کرے

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۠ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۙ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ۭ

اُن کو دنیا میں ذلت ہے اور اُنکو آخرت میں بڑی مار ہے بڑے جاسوس جھوٹ کہنے کو اور بڑے حرام کھانے والے

صحیح مسلم کی براء بن عازب کی روایت کے موافق صحیح شانِ نزول ان آیتوں کی وہی سنگساری کا قصہ ہے جس کا ذکر عبداللہ بن عمر کی حدیث کے حوالے سے آگے آتا ہے غرض دنیا کے چوروں کے ذکر کے بعد ان آیتوں میں دین کے چوروں کا ذکر فرمایا۔ ان چوروں میں ایک گروہ تو منافقوں کا تھا جو ظاہر میں مسلمان تھے اور

اُنکے دل میں منافق پنے کا چور لگا ہوا تھا۔ دوسرا گروہ یہود کا تھا کہ اُنھوں نے توراۃ کے بہت سے احکام اپنی طرف سے بنائے تھے اور اصل احکام کو اِس طرح چھپا رکھا تھا جس طرح چور کسی چوری کی چیز کو چھپاتا ہے اپنے بنائے ہوئے احکام کو رواج دینے کے لیئے یہود کے علما یہ بھی شرارت کیا کرتے تھے کہ اپنے جاہل لوگوں کے بعضے مقدمات آنحضرت صلی اللہ علیہ کے پاس فیصلہ کو بھیجدیا کرتے تھے اور ان جاہلوں سے یہ بھی کہدیا کرتے تھے کہ یہ شخص جو اپنے آپ کو نبی آخرالزمان کہتے ہیں انکو توراۃ کے احکام معلوم نہیں ہیں اس واسطے اِس قسم کے مقدمات کا جس طرح سے ہمیشہ ہم لوگ فیصلہ کیا کرتے تھے اُسی طرح کا فیصلہ یہ نبی آخرالزمان کردیویں تو اُس فیصلہ کو مان لینا نہیں تو ہرگز نہ ماننا۔ یہود کی اور منافقوں کی دوستی تھی اس لیئے منافق لوگ جاسوسی کے طور پر مسلمانوں کی مجلس میں آنکر بیٹھا کرتے تھے اور یہ خبر لیا کرتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن مقدمات میں کیا فیصلہ کیا اللہ تعالیٰ نے اِن آیتوں میں منافقوں اور یہود دونوں کے فریب سے اپنے رسول کو آگاہ کردیا اور فرمایا کہ منافق لوگ تو یہ فریب کی باتیں اِس لیئے کرتے ہیں کہ اُنکا ایمان فقط زبانی ہے اور اُنکے دل میں طرح طرح کے فریب بھرے ہوئے ہیں۔ یہود کے علما نے رشوت کے لالچ سے غلط مسئلے تراش لیئے ہیں۔ اِس لیئے وہ اُن مسئلوں کا رواج قائم رکھنے کو طرح طرح کے فریب کرتے ہیں مثلاً ان لوگوں نے بیاہے ہوئے مرد و عورت کے سنگسار کرنے کی جگہ کوڑے مار دینے اور کالا منہ کرکے بستی میں پھرا دینے کی سزا تراش رکھی تھی اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی خبر کے ایک مرد اور عورت کے مقدمہ میں یہی فیصلہ چاہتے تھے اور سنگساری کے حکم کو تورات میں نہیں بتلاتے تھے۔ آخر جب توراۃ لائی گئی تو وہ حکم نکلا جسکا قصہ صحیح بخاری و مسلم کی عبداللہ بن عمر کی روایت میں ہے۔ یہ بھی فرمایا کہ ان لوگوں کے کفر و نفاق کی پیش قدمی اور اُنکے فریبوں پر اے رسول اللہ تمکو کچھ غمگین نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ گناہ کرتے کرتے اِن لوگوں کے دل سیاہ رنگ آلودہ ہوگئے ہیں جن میں نصیحت کے اثر کی کچھ گنجایش نہیں رہی اِس واسطے زبردستی اُنکے دلوں کی سیاہی کو دھونا اور انکو راہ راست پر لانا اللہ تعالیٰ کے انتظامی ارادے کے بالکل برخلاف ہے کیونکہ دنیا کسیکو مجبور کرنیکے لیئے نہیں پیدا کی گئی بلکہ دنیا تو نیک و بد کی آزمایش کے لیئے پیدا کی گئی ہے۔ ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے کہ جب گناہ پر گناہ کرنے سے آدمی کے دل پر زنگ لگ کر اُس کا دل مرجاتا ہے کسی نیک کام کا ارادہ اُسکے دل میں باقی نہیں رہتا۔ تبارک الذی میں آویگا کہ دنیا کو اللہ تعالیٰ نے نیک و بد کے امتحان کے لیئے پیدا کی گئی ہے ابوہریرہ کی یہ حدیث اور تبارک الذی کی آیت لیبلوکم ایکم احسن عملاً گویا ان آیتوں کی تفسیر ہے۔ آخر کو فرمایا کہ اگر یہ لوگ اپنی عادتوں سے باز نہ آئے تو دنیا میں انکی طرح طرح کی ذلت ہوگی اور عقبیٰ میں انکو سخت عذاب بھگتنا پڑے گا۔ اللہ سچا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ اِس تفسیر میں کئی جگہ منافقوں اور یہود کی دنیوی ذلت کا تذکرہ ہوچکا ہے

عقبیٰ کا عذاب بھی وقت مقررہ پر سب کی آنکھوں کے سامنے آجائیگا حضرت عبداللہ بن مسعود کے قول کے موافق سحت کے معنی رشوت کے ہیں سورۂ نساء میں یحرفون الکلم عن مواضعہ اور یہاں یحرفون الکلم من بعد مواضعہ فرمایا ان دونوں آیتوں کو ملانے سے مطلب یہ ہوا کہ ان لوگوں نے کہیں تو تورات کے لفظوں کے معنی غلط نکالے ہیں اور کہیں تورات کے لفظوں کو بدل ڈالا ہے۔ اگرچہ بعضی عیسائی علماء نے تورات کے لفظوں کے بدلے جانیکا انکار کیا ہے لیکن عیسائی علماء اور اہل اسلام کے اکثر مباحثوں میں توراۃ کی عبارتوں کی مثالیں پیش ہوکر یہ بات اچھی طرح ثابت ہوگئی ہے کہ یہود نے توراۃ میں لفظی اور معنوی دونوں طرح کا تبدل و تغیر کیا ہے سورۂ احزاب کی تفسیر میں آویگا کہ اس سورت میں سنگسار کرنیکی آیت تھی جسکی تلاوت منسوخ ہوگئی مگر حکم باقی ہے۔ اس حکم کے باقی رہنے کی تاکید میں صحیح بخاری و مسلم وغیرہ کی عمر رضی کی وہ حدیث ہے جس میں عمر رضی نے فرمایا سنگسار کرنے کی آیت قرآن میں تھی جسکو ہم لوگوں نے پڑھا اور یاد کیا ہے اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ کے رسول کے بعد ہم لوگوں نے اس آیت کے موافق عمل کیا ہے لیکن اسکی تلاوت منسوخ ہوگئی ہے اس لیئے مجھ کو خوف ہے کہ کچھ زمانے کے بعد لوگ اس حکم الٰہی کا انکار کرکے گمراہ ہوجاوینگے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ اندیشہ بہت صحیح تھا۔ کیونکہ خارجی لوگ اور فرقہ معتزلہ کے بعضے آدمی اس حکم الٰہی کے منکر ہوگئے صحیح ابن حبان میں ابی بن کعب کی روایت ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموھما سورۂ احزاب میں تھی ✣

فَإِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَضُرُّوكَ شَيْئًا ط

سو اگر آویں تجھ پاس تو حکم کردے ان میں یا تغافل کر ان سے اور اگر تو تغافل کریگا تو تیرا کچھ نہ بگاڑ سکینگے

اس آیت کے منسوخ ہونے اور نہ ہونے میں علماء کا اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ اس آیت کے حکم کے موافق پہلے اہل کتاب جب آنحضرت کے پاس کوئی جھگڑا فیصلہ کرنے کو لاتے تو آپ کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا تھا کہ خواہ آپ فیصلہ کریں یا پہلوتہی کرجاویں لیکن جس وقت آگے کی آیت وان احکم بینھم بما انزل اللہ نازل ہوئی تو وہ پہلوتہی کی صورت منسوخ ہوگئی۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ ناسخ اور منسوخ میں ایک حکم کا دوسرے حکم کے مخالف ہونا ایک ضروری شرط ہے ان دونوں میں یہ شرط موجود نہیں ہے۔ کس لیئے کہ پہلی آیت میں فیصلہ کرنے اور پہلوتہی کرنے کی دونوں صورتیں بیان فرماکر دوسری آیت میں فیصلہ کرنے کی صورت کی صراحت فرمائی ہے کہ جب فیصلہ کرنے کا موقع ہو تو انکی خواہشوں کا کچھ خیال نہ کیا جائے بلکہ جس طرح قرآن شریف میں حکم اتارا ہے بیدھڑک اسکے موافق فیصلہ کیا جائے۔ اس صورت میں پچھلی آیت اگلی آیت کی تفسیر ہے ناسخ نہیں ہے۔ امام احمد نے اس پچھلی تقریر کی بہت تائید کی ہے اور امام شافعی بھی اس آیت کے منسوخ ہونے کو

تسلیم نہیں کرتے۔ شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ نے بھی فوز الکبیر میں امام احمد کی تائید کو اختیار کیا ہے اور اس آیت کو منسوخ نہیں تسلیم کیا۔ حاصل یہ ہے کہ یہود جو مقدمات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فیصلہ کو بھیجتے تھے اُس سے یہود کی یہ غرض نہیں تھی کہ شرع محمدی حق ہے بلکہ اُس کا مطلب یہ تھا کہ توراۃ کے مسائل کی ناواقفی کے سبب سے اگر آپ ہمارے دستور کو سُنکر اُسکے موافق کوئی فیصلہ کر دینگے تو ہمارے ایجادی مسئلوں کا زیادہ رواج ہو جاویگا۔ اللہ تعالیٰ اُنکی اس شرارت کے روکنے کے لیئے فرمایا کہ جب یہ لوگ اس طرح کے فریب سے مقدمات کا فیصلہ کرانا چاہتے ہیں تو اے رسول اللہ کے یہ بات اللہ تعالیٰ نے تمھاری مرضی پر منحصر رکھی ہے کہ خواہ اُنکے مقدمات کا فیصلہ قرآن کے موافق کیا کرو یا خواہ انکیا کرو اور تم اُنکے مقدمات کا فیصلہ نہ کروگے تو وہ تمھارا کچھ بگاڑ نہیں سکتے اللہ تعالیٰ ہر طرح اُنکی مخالفت سے بچانے والا ہے

وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ

اور اگر حکم کرے تو حکم کر اُن میں انصاف کا اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو ۔ اور کس طرح تجکو منصف کرینگے

ع ۶ پ ۶ منزل ۲

وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

اور اُنکے پاس توریت ہے جس میں حکم اللہ کا پھر اُس پیچھے پھرے جاتے ہیں اور وہ ماننے والے نہیں

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا

ہم نے اُتاری توریت اُس میں ہدایت اور روشنی اُسپر حکم کرتے ہیں پیغمبر جو حکم بردار تھے یہود کو

وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ

اور درویش اور عالم اس واسطے کہ نگہبان ٹھیرائے تھے اللہ کی کتاب پر اور اُسکی خبرداری پر تھے

شُهَدَاۗءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ

سو تم نہ ڈرو لوگوں سے ۔ اور مجھ سے ڈرو اور مت خرید کرو میری آیتوں پر مول تھوڑا

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اُتارے پر سو وہی لوگ منکر ہیں

ابن جریر ابن حاتم ابن اسحٰق نے عبداللہ بن عباس سے یہ قصہ ان آیتوں کی شانِ نزول کے طور پر روایت کیا ہے کہ عبداللہ بن صوریا اور شاس بن قیس اور چند یہود کے علماء نے ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فریب کیا کہ ظاہر میں آپ سے آنکر کہا کہ ہم سے اور ہماری قوم کے لوگوں سے مخالفت ہو گئی ہے ہم چند مقدمے آپکے پاس لائے ہیں اُن مقدموں کو اگر آپ ہماری خواہش کے موافق فیصلہ کر دینگے تو ہم اسلام لے آوینگے اور ہم لوگ عالم کہلاتے ہیں اس لیئے ہمارا اسلام دیکھکر عام لوگ بھی مسلمان ہو جاوینگے اور باطن میں اُنکے

جی میں یہ فریب تھا کہ اگر آپ دھوکا کھا کر خلافِ حکمِ الٰہی فیصلہ کر دیں تو آپکی نبوت میں طرح طرح شبہ ڈالیں مگر آپنے اِس طرح کے فیصلہ سے اِنکار کیا اتنے میں اللہ تعالیٰ نے آپکے اور زیادہ ہوشیار کرنے کو یہ آیات نازل فرمائیں اور فرمایا کہ اے رسول اللہ کے تم اگر اُنکے مقدمات کا انصاف سے فیصلہ کرو تو اللہ تعالیٰ اہل انصاف کو پسند کرتا ہے لیکن اگر ان لوگوں کو انصاف منظور ہوتا تو یہ لوگ توراۃ کے اُن اصلی احکام سے نہ پھرتے جن پر تمام انبیاء بنی اسرائیل کا عمل تھا اور وہ ہمیشہ احکام توراۃ کے حکم برداری میں خود بھی لگے رہتے تھے اور اپنی قوم کے عابدوں اور عالموں کو بھی اسیطرح اُسکی تاکید شدید رکھتے تھے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اُنکو احکام توراۃ کی نگہبانی اور خبر گیری کی تاکید فرمائی تھی۔ اب حال کے یہود کو اُنکے بڑوں کا حال یاد دلا کر فرمایا کہ تم لوگوں کو اپنے زمیندار لوگوں کے ڈر سے یا مالدار لوگوں سے رشوت لینے کے لالچ سے احکام تورات بدلنے میں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرنا چاہیئے ورنہ تمھارا شمار احکام الٰہی کے منکر لوگوں میں قرار پاویگا۔ صحیح مسلم کی براء بن عازب کی جس حدیث کا حوالہ اُوپر کی آیتوں کے شانِ نزول میں گزرا اُس میں یہود نے جان بوجھ کر سنگساری کے حکم کا توراۃ میں ہونے سے اِنکار کیا تھا۔ اور جان بوجھکر حکم الٰہی کا جو شخص انکار کرے وہ کافر ہے اِس لیئے یہود کو ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے کافر فرمایا اور آگے کی آیتوں میں جس طرح فاسق اور ظالم فرمایا جن قولوں کی تفسیر ہر ایک آیت کے متعلق آگے آتی ہے۔ اگرچہ یہ آیتیں خاص یہود کی شان میں نازل ہوئی ہیں لیکن اِس اُمت میں سے بھی اگر کوئی شخص جان بوجھ کر کسی آیتِ قرآنی کا منکر ہوگا تو وہ اِس حکم میں داخل ہے اور جو شخص قرآن کی آیت کے حق ہونے کا اقرار کر کے اُسکے موافق عمل نہ کریگا تو گنہگار ہوگا۔ یہی تفسیر ان آیتوں کی امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس اور اُنکے شاگرد عکرمہ کے قول کے موافق ہے یہ قول حضرت عبداللہ بن عباس کا علی بن طلحہ کی روایت سے ہی جو تفسیر کے باب میں نہایت صحیح ہے۔ کفر کے معنے گناہ کے ایسے موقع پر آتے ہیں جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح بخاری کی ابو سعید خدری کی حدیث میں شوہروں کی ناشکر گزار عورتوں کو کافر فرمایا ہے۔ توراۃ میں نور کے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح روشنی سے آدمی کو رستہ نظر آجاتا ہے اُسی طرح سے دین کے رستہ کی توراۃ گویا ایک مشعل ہے ✦

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ وَالْأُذُنَ

اور لکھدیا ہم نے اس کتاب میں کہ جی کے بدلے جی اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان

بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ

کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بدلا برابر پھر جسنے بخشدیا تو اُس سے وہ پاک ہوا

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اُتارے پر سو وہی لوگ ہیں بے انصاف

اُوپر یہود کی اُس کارستانی کا بیان تھا کہ اُنھوں نے توراۃ میں سنگساری کی آیت کا انکار کیا ان آیتوں میں اُنکی دوسری کارستانی کا ذکر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ توراۃ کے حکم کے موافق اُن پر قصاص فرض ہے لیکن اُنکے بعضے قبیلوں نے اُس پر عمل چھوڑ دیا تھا اور اپنی طرف سے حکم الٰہی کے مخالف ایک دستور قرار دے رکھا ہے۔ سورۂ بقر میں اِس دستور کا ذکر گزر چکا ہے کہ مدینہ منورہ کے گرد و نواح میں یہود کے دو قبیلے تھے بنی قریظہ اور بنی نضیر ان میں سے بنی نضیر کا کوئی شخص بنی قریظہ میں کے کسی آدمی کے ہاتھ سے مارا جاوے تو اُس کا قصاص لیا جاتا تھا اور اگر بنی قریظہ میں کا کوئی آدمی بنی نضیر کے کسی شخص کے ہاتھ سے مارا جاوے تو قصاص نہیں لیا جاتا تھا۔ اُوپر حکم الٰہی کا انکار تھا اِس لیئے وہاں کافرون فرمایا تھا یہاں مظلوم کے انصاف میں خلل تھا اسواسطے ظالمون فرمایا جسکے معنے نامنصف شخص کے ہیں۔ اُوپر کی آیتوں میں اور ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو یہ جتلا دیا ہے کہ اے رسول اللہ کے یہ یہود لوگ تمھارے پاس کچھ مقدمات اپنی قوم کے لوگوں کے فیصلہ کرنے کو جو بھیجتے ہیں وہ کچھ نیک نیتی اور انصاف پسندی سے نہیں بھیجتے کیونکہ انصاف پسندی اگر انکو منظور ہوتی تو پھر یہ لوگ توراۃ کے احکام چھوڑ کر ایجادی باتیں کیوں نکالتے بلکہ یہ لوگ تو اس غرض سے وہ مقدمات تمھارے پاس بھیجتے ہیں کہ توراۃ کے احکام کی ناواقفی کے سبب سے تم کوئی فیصلہ انکی ایجادی باتوں کے موافق کردو تو انکی وہ ایجادی باتیں زیادہ رواج پکڑ جائیں۔ اکثر علماء اُصول و فقہ کا یہ مذہب ہے کہ جس طرح یہ قصاص کا مسئلہ توراۃ کے حوالے سے قرآن میں آیا اُسی طرح پہلی کسی شریعت کا جو مسئلہ قرآن میں آوے اور اُسکی منسوخی کا ذکر شرع محمدی میں نہ ہو تو پہلی شریعت کا ایسا مسئلہ شرع محمدی کا مسئلہ ٹھہریگا۔ سورۃ الانعام کی آیت اولئک الذین ھدی اللہ فبھدٰھم اقتدہ سے اِس مذہب کی پوری تائید ہوتی ہے۔ کیونکہ امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے سورۃ الانعام کی اِس آیت کی تفسیر بھی وہی قرار دی ہے جو ان علماء اُصول اور فقہ کا مذہب ہے چنانچہ زیادہ تفصیل اسکی سورۃ الانعام میں آتی ہے فمن تصدق بہ فھو کفارۃ لہ کی تفسیر میں سلف کے دو قول ہیں ایک تو یہ کہ مقتول شخص کے وارث قصاص معاف کردینگے تو اُسکے اجر میں مقتول کے گناہ معاف ہوجاویں گے دوسرا قول یہ ہے کہ قصاص کی معافی قاتل کی دنیوی سزا کا کفارہ ہے اور اُخروی کا مواخذہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے چاہے وہ معاف فرماوے چاہے مواخذہ کرے لیکن مسند امام احمد صحیح مسلم اور ترمذی میں ابوہریرہ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ظلم و زیادتی کی معافی پر اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے

شخص کو بڑا درجہ دیوینگا۔ اس حدیث سے پہلے قول کی بڑی تائید ہوتی ہی کیونکہ یہ تو ظاہر ہے کہ جسکا درجہ بڑھیگا اُسکے گناہ ضرور معاف ہوجاوینگے۔ شریعت موسوی میں قتل عمد کی صورت میں خوں بہا نہیں ہی فقط قصاص ہے اِس لیئے اِن آیتوں میں خوں بہا کا ذکر نہیں فرمایا ٭

وَقَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِم بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ ص

اور پچھاڑی بھیجا ہم نے اُن ہی کے قدموں پر عیسیٰ مریم کے بیٹے کو سچ بتایا توریت کو جو آگے سے

وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً

اور اُسکو دی ہم نے انجیل جس میں ہدایت اور روشنی اور سچا کرتی اپنی اگلی توریت کو اور راہ بتاتی اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِينَ وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الْإِنجِيلِ بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فِيهِ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

ڈر والوں کو اور چاہیئے کہ حکم کریں انجیل والے اُسپر جو اللہ نے اُتارا اُس میں اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اُتارے پر سو وہی لوگ ہیں بے حکم

اُوپر ذکر تھا کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل میں بہت سے انبیا ایسے بھیجے جو ہمیشہ احکام توراۃ کی حکم برداری میں خود بھی لگے رہتے تھے اور بنی اسرائیل کے عابدوں اور عالموں کو بھی اسیطرح احکام توراۃ کی پابندی اور پابندی کی نگہبانی رکھنے کی تاکید کیا کرتے تھے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اُن انبیا کو توراۃ کے احکام کی نگہبانی کا حکم دیا تھا ان آیتوں میں فرمایا کہ اُن انبیا بنی اسرائیل کے قدم بقدم سب انبیا بنی اسرائیل تھے اور آخر پر اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو توراۃ کے احکام کی تصدیق و نگہبانی کے لیئے بھیجا اور علاوہ توراۃ کے اُن پر انجیل بھی نازل فرمائی جس میں ہر طرح کی ہدایت تھی اور گناہوں کی کثرت سے بنی اسرائیل کے دل پر ایک طرح کی سیاہی جو آگئی تھی اُس سیاہی کے اندھیرے کو دور کرنے کے لیئے انجیل گویا ایک روشن مشعل تھی اور توراۃ کے سچے احکام کی تصدیق اور طرح طرح کی نصیحت بھی اُس میں موجود تھی لیکن اِس نصیحت کا اثر اُن ہی کے دل پر ہوگا جن کو ایک دن اللہ تعالیٰ کے روبرو کھڑے ہونیکا کھٹکا لگا ہوا ہی۔ جو لوگ اس سے بے بہرہ ہیں اُنکے دل پر اس نصیحت انجیل کا کچھ اثر ہونے والا نہیں۔ آخر میں فرمایا نصاری کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے انجیل میں جو باتیں اُتاری ہیں وہ اُسکے پابند ہوں ورنہ وہ اللہ کے نافرمان بردار کہلاوینگے۔ اصل انجیل پر عمل چھوٹ جانیکا سبب جو اُس وقت کی تاریخ کی کتابوں میں لکھا ہی اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ سنہ ۳۲ ع میں ایک شخص پولس نام کا یہودی فریب کے طور پر نصرانی ہوگیا جس نے اصل انجیل کے بہت سے احکاموں کو بدلکر اُس اصلی انجیلی احکام کی جگہ اپنی ایجادی باتوں کا رواج نصرانیوں میں پھیلا دیا جس سے اکثر نصرانی پولس کے ساتھ ہوگئے۔ چنانچہ اس پر اُس وقت کے سچے نصرانی اور پولس کی سخت خونریز لڑائی بھی ہوئی۔ پولس کے ساتھی زیادہ تھے اِس لیئے پولس غالب رہا اور پولس کی ایجادی باتوں کا رواج قائم

منزل ۲

رہا جسکے سبب سے سچے دین میں طرح طرح کے اختلافات پڑ گئے سنہ عیسوی کے قریب تک یہی اختلافی حالت مسیحی دین کی رہی اُسکے بعد قسطنطین قیصر روم نے اِس اختلاف کے رفع کرنیکی غرض سے انجیل کے اصل احکام میں بہت بڑا ردوبدل کیا۔ اِس واسطے اللہ تعالیٰ نے اِن آیتوں میں فرمایا کہ نصاریٰ کو اصل انجیل پر عمل کرنا چاہیئے۔ ورنہ لوگوں کی ایجادی باتوں پر عمل کرینگے تو وہ اللہ تعالیٰ کے نافرماں بردار کہلاوینگے۔ انجیل میں توراۃ کے احکام کی تصدیق کے موجود ہونیکا یہ مطلب ہے کہ جسقدر توراۃ کے احکام انجیل کے احکام سے منسوخ نہیں ہوئے وہ واجب العمل ہیں۔ اگرچہ یہود و نصاریٰ کلام الٰہی میں ناسخ و منسوخ کے قائل نہیں ہیں اِس وجہ سے قرآن شریف پر اُن کا یہ اعتراض ہے کہ قرآن شریف کی بعض آیتیں دوسری بعض آیتوں سے منسوخ ہوئی ہیں اِس لیئے قرآن کو کلام الٰہی نہیں کہا جاسکتا کیونکہ کلام الٰہی میں ناسخ و منسوخ نہیں ہے۔ علماء اسلام نے اِس اعتراض کا یہ جواب دیا ہے کہ ناسخ و منسوخ کو قرآن کے ساتھ خصوصیت نہیں ہے بلکہ توراۃ و انجیل میں بھی ناسخ و منسوخ موجود ہے چنانچہ توراۃ کے حصہ استثنا کے چوبیسویں باب میں بغیر کسی قید کے عورت کو طلاق دینا جائز ہے اور انجیل متی کے ۱۹ باب میں یہ حکم ہے کہ سوائے عورت کی بدکاری کے قصور کے اور کسی قصور پر عورت کو طلاق نہیں دی جاسکتی۔ اب اگر اس مثال کو یاد دلاکر یہ کہا جائے کہ منسوخ ہوجانیکے سبب سے توراۃ اور ناسخ قرار پانیکے سبب سے انجیل دونوں اللہ کا کلام نہیں ہیں تو اُسکو کوئی اہل کتاب تسلیم نہیں کریگا پھر ناسخ و منسوخ کے سبب سے قرآن شریف کے اللہ کا کلام ہونے میں کیونکر شبہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ایک شریعت سے دوسری شریعت کے منسوخ ہونیکا اقرار کرنے سے یہود کو شریعت عیسوی اور شریعت محمدی کا اور نصاریٰ کو فقط شریعت محمدی کا تسلیم کرنا لازم ہوجاتا تھا اِس لیئے ان لوگوں نے ناسخ و منسوخ کا انکار کیا۔ لیکن شریعت کا تسلیم کرنا فقط ناسخ و منسوخ کی بحث پر منحصر نہیں ہے۔ کیونکہ توراۃ کے حصہ استثنا کے ۳۳ باب میں تین نبیوں کا ذکر یوں آیا ہے کہ پہلے نبی کا ظہور کوہ طور سے ہوگا اور دوسرے کا شام کے پہاڑ ساعیر سے اور تیسرے کا مکہ کے پہاڑوں سے پہلے نبی اور دوسرے نبی کے باب میں تو اہل کتاب اور اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ وہ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ تیسرے نبی کے باب میں اگرچہ اہل کتاب نے طرح طرح کے اختلاف کئے ہیں لیکن اہل کتاب اور اہل اسلام سے جو اکثر مباحثات ہوئے ہیں اُن میں اہل اسلام نے اُن سب اختلافات کو رفع کردیا ہے۔ غرض آجتک کسی اہل کتاب نے توراۃ انجیل یا تاریخ کی معتبر کتابوں میں سے اِس بات کو ثابت نہیں کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد سوائے نبی آخر الزمان کے مکہ کے پہاڑوں میں سے کسی اور ایسے دوسرے نبی کا ظہور ہوا ہو کہ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی طرح اُس نبی پر کتاب آسمانی نازل ہوئی یا اُسکی اُمت کی وہ کثرت ہوئی ہو جسکی خوش خبری اللہ کے فرشتے نے حضرت ہاجرہ حضرت اسمٰعیل کی ماں کو دی تھی۔

اس خوش خبری کا ذکر توراۃ کے حصہ تکوین کے باب ۱۶ اور ۲۱ میں تفصیل سے ہے۔ انجیل یوحنا کے چودھویں باب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے بعد جس نبی کے آنے کی خوش خبری دی ہے اسکی تفسیر بھی سوائے نبی آخر الزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے نبی سے نہیں کیجا سکتی۔ کیونکہ اسکی تفسیر کسی دوسرے سے کیجاویگی تو توراۃ کے حصہ استثنا کے باب ۱۸ کی جو آیۃ اوپر گزری اس میں اور انجیل یوحنا کی اس آیت میں مخالفت پیدا ہو جاویگی جو علماء نصاریٰ کے اعتقاد کے بالکل مخالف ہے اس لیے کہ ناسخ منسوخ سے بچنے کے لیے انکا اعتقاد تو یہ ہے کہ انجیل کی کوئی آیت توریت کی کسی آیت کے مخالف نہیں ہے۔ ابوہریرہ کی حدیث صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ایک جگہ اس تفسیر میں گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے مابین کوئی نبی نہیں ہے۔ یہ حدیث توراۃ کے حصہ استثنا کے باب ۱۸ اور یوحنا کی انجیل کے باب ۱۴ کی آیتوں کے ہم مضمون اور ان سے پوری مطابقت رکھتی ہے۔

وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

اور ہم نے اتاری تجھ پر کتاب تحقیق سچا کرتی سب اگلی کتابوں کو اور حاکم اوپر ان کے سو تو حکم کر ان میں

بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا

جو اتارا اللہ نے اور نہ چل ان کی خواہش پر چھوڑ کر حق راہ جو تیرے پاس آئی ہر ایک کو تم میں سے ایک دستور اور راہ

منزل ۲

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ

اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو ایک دین پر کرتا لیکن تمکو آزمانا چاہتا ہے اپنے حکم دیئے میں سو تم بڑھکر لو خوبیاں

إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ

اللہ کے پاس تم کو پھرنا ہے سب پھر جتا دیگا جس بات میں تم جھگڑتے تھا اور یہ فرمایا کہ حکم کر ان میں جو اتارا اللہ نے اور نہ چل

أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكَ فَإِن تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا

انکی خواہش پر اور ان سے کہ تجھ کو بہکا نہ دیں کسی حکم سے جو اللہ نے اتارا تجھ پر پھر اگر وہ پھریں تو جان سمجھ کہ

يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ

اللہ نے یہی چاہا ہے کہ پہنچاوے انکو کچھ سزا گناہوں کی اور لوگوں میں بہت ہیں بے حکم

اوپر توراۃ کے حوالے سے جس سلسلہ سے تین نبیوں کا ذکر گزرا اسی ترتیب سے قرآن شریف میں ان تینوں نبیوں کی کتابوں کا یہ ذکر ہے چنانچہ إِنَّا أَنزَلْنَا التَّوْرَاةَ سے توراۃ کا اور آتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ سے انجیل کا ذکر ہو چکا اب ان آیتوں میں قرآن شریف کا ذکر ہے بالحق کا مطلب یہ ہے کہ بغیر کسی شک و شبہ کے یہ قرآن اللہ کا کلام ہے۔ مشرکین مکہ اور اہل کتاب کسی کو اس کے اللہ کا کلام ہونے میں شک کرنے کا

کوئی موقع نہیں ہے کیونکہ ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں کی توراۃ اور انجیل سب پچھلی کتابوں کی صداقت اس قرآن میں موجود ہے۔ جس سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ جس طرح پچھلے زمانے میں اللہ تعالیٰ نے وہ کتابیں نازل فرمائی تھیں اسی طرح اب یہ قرآن نازل فرمایا ہے اور یہ بھی ان لوگوں میں کا ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ قرآن کو جھٹلانا عین اُن کتابوں کو جھٹلانا ہے جن کتابوں کو یہ لوگ اللہ کا کلام اور آسمانی کتابیں جانتے ہیں جس وقت کہ قرآن کی آیتیں سنکر یہ بات انکو اچھی طرح معلوم ہو چکی ہے کہ قرآن میں پچھلے سب انبیا اور انکی کتابوں کی صداقت موجود ہے اس واسطے جسنے قرآن کو جھٹلایا اُس نے اس صداقت کو جھٹلایا۔ پھر جو انکی کتابوں میں قرآن کا ذکر موجود ہو جسکے سبب سے ان کا قرآن کو جھٹلانا اپنی کتابوں کا جھٹلانا ٹھیریگا۔ قرآن شریف سب آسمانی کتابوں کے بعد نازل ہوا ہے اس واسطے اسکو مہیمنا علیہ فرمایا ہے جس کا مطلب امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق یہ ہے کہ قرآن میں پچھلی کتابوں کے جو مضمون ہیں اُن مضمونوں کو قرآن نہایت امانت داری سے ادا کرتا ہے جس سے اُس خیانت کا پتہ لگ جاتا ہے جو پچھلی کتابوں میں کی گئی ہے مثلاً یہود نے بیاہے ہوئے مرد اور عورت کی سزا میں جو خیانت کی تھی وہ آخر کو کھل گئی جس کا قصہ اوپر گزر چکا ہے قرآن کو کتاب آسمانی ثابت کرنیکے بعد فرمایا کہ یہود مدینہ کے گرد و نواح کے یہود کوئی مقدمہ فیصلہ کے لیے لاویں تو اسے رسول اللہ کے اُس مقدمہ کا فیصلہ قرآن کے موافق کرنا چاہیئے اور اُسکے مخالف یہ لوگ توراۃ کے کسی حکم کا حوالہ دیویں تو اُس کا کچھ اعتبار نکرنا چاہیئے کیونکہ ان لوگوں نے بہت سی باتیں اپنی طرف سے گھڑ لی ہیں جن کو وہ دھوکے سے توراۃ کا حکم بتاتے ہیں۔ چنانچہ سنگساری کی جگہ کالا منہ کرکے لمبی میں پھرانے کی انکی کثرت تحریف معلوم ہو چکی ہے۔ پھر فرمایا کہ اگر اللہ چاہتا تو مختلف شریعتوں کیجگہ ایک ہی شریعت قرار دیتا کہ پھر آپس میں کوئی اختلاف باقی نہ رہتا لیکن ہر زمانہ کی ضرورت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ نے مختلف شریعتیں ٹھیرائی ہیں مثلاً آدم علیہ السلام کے زمانے میں نسل انسان کی کم تھی اس لیئے بھائی بہن کا نکاح اُس وقت کی شریعت میں جائز تھا پھر نسل انسان کے بڑھ جانے سے اس شریعت کی ضرورت باقی نہیں رہی اس واسطے یہ شریعت منسوخ ہو گئی۔ مابعد کی شریعت سے ماقبل کی شریعت کے منسوخ ٹھہرنے میں ایک مصلحت یہ بھی ہے کہ اس میں فرماں بردار اور نافرماں بردار لوگوں کا حال اچھی طرح معلوم ہو جاتا ہے کیونکہ جو لوگ حکم الٰہی کے پورے پابند ہیں وہ شریعت وقتیہ کے تابع ہو جاتے ہیں کچھ حیل و حجت نہیں کرتے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ دو شریعتوں کی پابندی کی وجہ سے ایسے لوگ دوہرے اجر کے مستحق ٹھہرتے ہیں چنانچہ ایک جگہ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسیٰ اشعری کی حدیث اس باب میں گزر چکی ہے غاستبقوا الخیرات سے عام مسلمانوں کو عام طور پر نیک کاموں کی اور اہل کتاب کو خاص طور پر اس دوہرے اجر کی ترغیب دلائی گئی ہے خیرات کے

معنے یہاں شریعتِ وقتیہ کے ہیں جو لوگ اُسکے برخلاف ہیں اور شریعت وقتیہ میں طرح طرح کے اختلافات نکالکر منسوخ شریعت پر اڑے ہوئے ہیں اُنکے وہ نیک عمل تو بیکار ہیں جو اُنھوں نے منسوخ شریعت کے موافق کئے ہیں کیونکہ منسوخ شریعت کے عمل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول نہیں ہیں اور شریعت وقتیہ سے اِن لوگوں نے مخالفت جو ضد کے طور پر کی تھی اُسکی سزا اُنکو قیامت کے دن بھگتنی پڑیگی۔ شریعت وقتیہ پر عمل کرنے کی ترغیب کے بعد فرمایا اے رسول اللہ کے اَب آیندہ یہ لوگ جو مقدمہ تمھارے پاس فیصلہ کو لاویں تو اُس کا فیصلہ قرآن کے موافق کر دینا چاہیئے۔ یہود کی خواہشوں سے بچنے کی تاکید دو دفعہ اس لیئے فرمائی کہ یہود لوگ دو مقدموں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی ایجادی باتوں پر عمل کرانے کی خواہش کر رہے تھے ایک مقدمہ تو سنگساری کا تھا جس کا ذکر اُوپر گزرا۔ اور دوسرا مقدمہ بنی نضیر اور بنی قریظہ کے خون بہا کا تھا جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ آگے فرمایا اِن لوگوں کے دل میں نافرمانی بسی ہوئی ہے اُس نافرمانی کے سبب سے مدینہ کے گرد و نواح میں اُن پر کوئی آفت آجاویگی۔ اللہ سچا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے مدینہ کے گرد و نواح میں بنی قینقاع۔ بنی نضیر۔ بنی قریظہ۔ یہ تین قبیلے رہتے تھے۔ اِن میں سے بنی قینقاع بنی نضیر پر تو جلاوطنی کی آفت آئی اور بنی قریظہ پر قتل کی ✤

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝ ع ۱۱ منزل ۲

اب کیا حکم چاہتے ہیں کفر کے وقت کا اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا یقین رکھنے لوگوں کو

ابوداؤد اور نسائی اور ابن حبان اور حاکم نے عبید بن موسیٰ سے اور ابن جریر نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے اس حکم جاہلیت کے چاہنے کا قصہ اور اِن آیات کی شانِ نزول جو بیان کی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ مدینہ کے گرد و نواح میں یہود کے دو قبیلہ رہتے تھے ایک کا نام بنی نضیر تھا اور دوسرے کا نام بنی قریظہ بنی نضیر بہ نسبت بنی قریظہ کے زیادہ عزت دار اور شریف کہلاتے تھے اور ان دونوں قبیلوں نے آپس میں یہ قرارداد ٹھیرا رکھی تھی کہ بنی قریظہ میں کسی شخص کے ہاتھ سے کوئی آدمی بنی نضیر کا مارا جائے تو بوجہ اپنی خاندانی شرافت کے دوگنا خون بہا لیتے تھے اور اگر اُن میں سے کسی شخص کے ہاتھ سے بنی قریظہ کا کوئی آدمی مارا جاتا تو اکہرا خون بہا دیتے۔ جب آنحضرت مدینہ میں تشریف لائے تو دونوں قبیلے کے لوگ ایک مقتول کا قصہ آنحضرت کے پاس لائے اُس پر اللہ تعالیٰ نے وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ سے یہانتک کی آیات نازل فرمائیں اور آپنے یہ فیصلہ کیا کہ دونوں قبیلے کے انسان قصاص اور خوں بہا میں برابر ہیں۔ اور بنی نضیر کے لوگوں سے کہا کہ تمھارے دوگنے خون بہا کی قرارداد توراۃ کے مخالف ایک زمانہ جاہلیت کی قرارداد ہے یہ سنکر بنی نضیر کے قبیلہ کے لوگ بہت خفا ہوئے اور کہنے لگے آپ ہمارے دشمن ہیں اور

ہمارے خاندان کو بنی قریظہ کے خاندان کے برابر کرکے ہمارے خاندان کی ہتک چاہتے ہیں۔ اُس پر اللہ تعالیٰ نے یہ ٹکڑا آیت کا نازل فرماکر بنی نضیر کو دھمکایا کہ خود تو اُنھوں نے توراۃ کے احکام کو بدل ڈالا ہے۔ اب کیا ہمارے رسول سے بھی جاہلیت کے زمانے کا فیصلہ چاہتے ہیں۔ جاہلیت کے زمانے کے فیصلوں کی بنا کسی شرع کے حکم پر نہیں ہوا کرتی تھی اس لیے فرمایا کہ یہ جاہلیت کے زمانے کے فیصلے شرع الٰہی کے فیصلوں سے کسی ایماندار شخص کے حق میں کسیطرح بہتر نہیں ہو سکتے۔ جاہلیت کا زمانہ اُس زمانہ کو کہتے ہیں جس زمانہ میں کوئی نبی روئے زمین پر نہ ہو۔ سیاست ملکی کے لیے چنگیز خان نے احکام شرعی اور عقلی کو ملاکر ایک قانون کی کتاب جو بنائی تھی اسکو علمائے مفسرین نے احکام زمانۂ جاہلیت کے مثل لکھا ہے اور خلاف شرع قانون کی کتابوں کو اسی حکم میں داخل کیا ہے اور احکام شریعت کو چھوڑ کر اس طرح کے احکام قانونی پر فیصلے کرنے سے بڑی سختی کے ساتھ منع کیا ہے۔

وقف لازم وقف عفا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَمَنْ

اے ایمان والو مت پکڑو یہود اور نصاریٰ کو رفیق وہی آپس میں رفیق ہیں ایک دوسرے کے اور جو

يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

منزل ۲

کوئی تم میں ان سے رفاقت کرے وہ انھیں میں ہے اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو اب تو دیکھے گا جن کے دل میں

مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَاۗىِٕرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ

آزار ہے دوڑ کر ملے جاتے ہیں ان میں کہتے ہیں ہمکو ڈر ہے کہ نہ آجاوے ہم پر گردش سو شاید اللہ

يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰي مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَ

جلد بھیجے فیصلہ یا کچھ حکم اپنے پاس سے تو فجر کو لگے اپنے جی کی چھپی بات پر پچھتانے اور

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ

کہتے ہیں مسلمان کہ یہ وہی لوگ ہیں کہ قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید سے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

خراب گئے اُن کے عمل پھر رہ گئے نقصان میں

مفسرین متقدمین اور متقدمین کی بنا پر مفسرین متاخرین نے اس آیت کے شان نزول میں بڑا اختلاف کیا ہے بعضے کہتے ہیں کہ جنگ اُحد میں جب مسلمانوں کو شکست ہوئی تو بعضے مسلمانوں نے اپنے دوست چند یہودیوں کا اور بعضوں نے اپنے چند دوست نصرانیوں کا ذکر کیا اور عین میدان جنگ میں یہ کہا کہ اس لڑائی کے ڈھنگ سے مسلمانوں کی حالت تو اب اچھی نظر نہیں آتی ہم لوگ اپنے دوست یہود و نصاریٰ

سے مدینہ واپس جاکر پناہ چاہیں گے تاکہ ہمپر ابوسفیان اور مشرکین مکہ دست درازی نکر سکیں اُسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل فرماکر اس قسم کے مسلمانوں کو تنبیہ فرمائی ہے کہ اِس طرح کی بے دلی نہ کرو۔ قریب میں اللہ فتح دیوگا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کیا کہ یہود کے قبضہ میں جتنی بستیاں مدینہ کے گرد و نواح میں تھیں وہ اور شام کے ملک میں نصاریٰ کی بستیاں اور قریش کے قبضہ میں سے مکہ یہ سب کچھ فتح ہوگیا۔ اور بعض عبداللہ بن اُبی کے قصہ کو آیت کے شانِ نزول کا ایک قصہ قرار دیتے ہیں۔ جس قصہ کا حاصل یہ ہے کہ عبادہ بن صامت اور عبداللہ بن اُبی دونوں کی یہود کے ایک قبیلہ بنی قینقاع سے دوستی تھی عبادہ بن صامت نے تو آئندہ اس دوستی سے اپنی بیزاری ظاہر کی اور عبداللہ بن ابی نے عبادہ بن صامت سے جھگڑا کیا اور آئندہ یہود سے دوستی قائم رکھنے کی باتیں کیں اور بعضے ابی لبابہ کے قصہ کو شان نزول قرار دیتے ہیں۔ اُس قصہ کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت نے ابی لبابہ کو بنی قریظہ کی فہمایش کو بھیجا تو بنی قریظہ نے ابو لبابہ سے پوچھا کہ لڑائی موقوف کرکے ہم مسلمانوں کی امان میں اپنی گڈھی چھوڑکر اتر آوینگے تو آخر ہمارا انجام کیا ہوگا ابو لبابہ نے تلوار کی دھار کی طرح اپنے ہاتھ کو اپنے گلے پر پھیر کر دوستانہ بنی قریظہ کو اشارہ سے گویا یہ بتلایا تھا کہ آخر کو تم سب قتل کر دیئے جاؤگے۔ رفع اِس اختلاف کا یہ ہے کہ آیت میں یہود و نصاریٰ منافقین اہل اسلام چاروں فرقوں کا ذکر ہے اس واسطے سیاق آیت کے موافق ان سب قصوں کو ملاکر ایک ہیئت مجموعی کو شان نزول قرار دیا جاوے تاکہ ایک فرقہ کے قصہ کو شان نزول قرار دینے سے دوسرے فرقہ کا ذکر آیت میں رائگاں نجاوے اور قرآن شریف میں اس طرح کی بہت آیتیں ہیں جنکی شان نزول چند قصوں کی بنا پر ہے۔ غرض اس صورت میں پھر کوئی اختلاف باقی نہیں رہتا۔ سورۂ حشر میں آویگا کہ مدینہ کے گرد و نواح کے یہود سے مدینہ کے منافقوں نے یہ کہلا بھیجا تھا کہ اگر مسلمان تم سے لڑینگے تو ہم تمھاری مدد کرینگے اور اگر تم جلاوطن ہوئے تو ہم بھی تمھارے ساتھ جلاوطن ہوجائینگے۔ اب یہ تو منافقوں کی جبلی عادت ہے کہ اُنکی ہر بات غلط زبانی ہوتی ہے اُنکے دل میں اُس بات کا خیال تک بھی نہیں ہوتا اس لیئے وقت پڑنے پر یہ لوگ صاف الگ ہوگئے۔ نہ اُنھوں نے کچھ مدد کرکے بنی قریظہ کو قتل سے بچایا نہ بنی قینقاع اور بنی نضیر کے ساتھ یہ جلاوطن ہوئے۔ غرض اس قسم کے قصوں کے سبب سے اِن آیتوں کے شروع میں تو اللہ تعالیٰ نے عام مسلمانوں کو اس سے منع فرمایا ہے کہ وہ اہل کتاب سے منافقوں کی سی دوستی پیدا کریں اور اسلام کے بدخواہ بنیں اور یہ بھی فرمایا کہ ان لوگوں نے تو اپنی جانوں پر یہ ظلم کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خلاف مرضی کاموں پر کمر باندھ لی ہے ایسے لوگوں سے دوستی پیدا کرکے جو کوئی اپنے دوستوں کی عادتیں سیکھے گا وہ بھی اُنکی دوستی میں ڈوب کر اُنھیں جیسا بدانجام ہوجائیگا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے ظالم بدانجام لوگوں کو مجبور کرکے راہ راست پر

منزل ۲

لانا اس لیئے نہیں چاہتا کہ یہ انتظامِ الٰہی کے بالکل برخلاف ہے۔ وہ انتظام یہی ہے کہ دنیا نیک و بد کے امتحان اور جانچ کے لیئے پیدا کی گئی ہے۔ مجبوری کے بعد یہ امتحان کی صورت باقی نہیں رہ سکتی اسکے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو منافقوں کی خام خیالی جتلائی کہ یہ انکا خیالِ خام تھا جو یہ مسلمانوں پر گردش کے آنے اور اس گردش کے وقت اپنے لیئے یہود کی پناہ میں آجانے کے منصوبے باندھا کرتے تھے۔ چنانچہ یہود کے قتل جلاوطنی اور مسلمانوں کا غلبہ دیکھکر یہ لوگ اپنی خام خیالی پر اپنے دل میں خود بھی پچتائے اور مسلمانوں کو انکے حال پر بڑا تعجب ہوا کہ ظاہر میں تو یہ لوگ منہیں کہا کرتے اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے اور باطن میں مخالفِ اسلام لوگوں سے انکا یہانتک رابطہ تھا کہ مسلمانوں کے مقابلہ میں انکی مدد کو اور انکی جلاوطنی کے وقت اپنی جلاوطنی کو یہ لوگ تیار تھے جس کا نتیجہ انکے حق میں یہ سراپا نقصان کا ہوا کہ دنیا میں اپنے کیئے پر انکو بڑا پچتاوا ہوا اور عقبیٰ میں انکی دردلی سے سبب سے انکے سب نیک عمل رائگاں ہوگئے۔ صحیح مسلم کے حوالے سے ابوہریرہ کی حدیث اوپر گزر چکی ہے۔ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ انسان کی ظاہری حالت کو نہیں دیکھتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی نظر تو ہمیشہ انسان کے دل کی طرف لگی رہتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ منافقوں کے نیک عمل دل کے ارادہ سے نہیں ہوتے اس لیئے ایسے اوپری دل کے عمل اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں معتبر نہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نظر انسان کے دل کی حالت پر ہمیشہ لگی رہتی ہے +

ف ۲

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ

اے ایمان والو جو کوئی تم میں پھر جائیگا اپنے دین سے تو اللہ آگے لاویگا ایک لوگ کہ انکو چاہتا ہے

وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور وہ اسکو چاہتے ہیں نرم دل ہیں مسلمانوں پر زبردست ہیں کافروں پر لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں

وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

اور ڈرتے نہیں کسی کے الزام سے یہ فضل ہے اللہ کا دیگا جسکو چاہے اور اللہ کشایش والا ہے خبردار

حضرت حسن بصری کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں لوگوں کے مرتد ہوجانے سے پہلے یہ بات تھی کہ آنحضرت صلعم کے زمانے میں اور خلفا کے زمانہ میں کچھ لوگ اسلام لانے کے بعد اسلام سے پھر جاویں گے اس لیئے اللہ تعالیٰ نے علمِ غیب کے طور پر اس آیت میں ان لوگوں کی خبر پہلے سے دیدی ہے۔ چنانچہ مابعد میں اس علمِ غیب کا ظہور ہوا کہ گیارہ فرقے عرب کے مرتد ہوئے تین فرقے خود آنحضرت صلعم کے اخیر زمانہ میں اس طرح مرتد ہوئے کہ اسود عنسی کے ساتھ بنی مدلج فرقہ مرتد ہوا اور یمن کے تمام شہروں پر اس اسود عنسی کا تسلط ہوگیا اور آنحضرت صلعم کے عاملوں کو اس نے یمن کے شہروں سے اٹھا دیا۔ آخر آنحضرت صلعم نے معاذ بن جبل کو اسکی سرکوبی کے

لیئے مقرر کیا اور یمن کے مسلمانوں نے حضرت معاذ بن جبل کی مدد کی آخر کار فیروز دیلمی کے ہاتھ سے اسود عنسی مارا گیا اور آنحضرتؐ کی وفات سے ایک روز پہلے اسود کے مارے جانیکی خبر مدینہ میں آئی - یہ اسود ایک کاہن تھا دوسرا فرقہ بنی حنیفہ مسیلمہ کذاب کے ساتھ مرتد ہوا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد تک مسیلمہ کا زور رہا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خالد بن ولید کو مسیلمہ کی سرکوبی کے لیئے مقرر کیا اور وحشی قاتل حضرت امیر حمزہ کے ہاتھ سے مسیلمہ مارا گیا - چنانچہ وحشی کا یہ مقولہ مشہور ہے کہ قتلت خیر الناس و شر الناس جس کا مطلب یہ ہے کہ حالتِ کفر میں جس طرح امیر حمزہ جیسے اچھے آدمی جنگِ اُحد میں میرے ہاتھ سے شہید ہوئے اسی طرح حالتِ اسلام میں بدترین خلائق مسیلمہ کو میں نے قتل کیا - تیسرا فرقہ بنی اسد مرتد ہوا اور خالد بن ولید کے ہاتھ سے شکست پاکر پھر اسلام لایا اس فرقہ کا سرغنہ ایک شخص طلیحہ بن خویلد تھا یہ طلیحہ آخر کو پھر مسلمان ہوکر آخر تک مسلمان رہے اِن فرقوں کے علاوہ اور سات فرقے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد میں زکوٰۃ کے منکر اور مرتد ہوئے اور فرقہ غسان حضرت عمرؓ کے عہد میں مرتد ہوا جنکی لڑائی کی کیفیت سیر اور تاریخ کی کتابوں میں ہے - حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں زیادہ لوگ مرتد ہوئے اس لیئے حضرت عائشہ فرمایا کرتی تھیں کہ میرے باپ کی خلافت میں وہ مصیبتیں پیش آئیں کہ پہاڑ بھی اُن مصیبتوں کو نہیں جھیل سکتا - حق تو یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اِن سات فرقوں سے لڑنے میں بڑی جوان مردی کی - جب صحابہ عموماً اور حضرت عمرؓ خصوصاً اِن لوگوں سے لڑنے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے مخالف ہوئے تو آپ اکیلے تن تنہا ہتھیار لگاکر میدانِ جنگ کو روانہ ہوئے آخر آپ کو اکیلا جاتے ہوئے دیکھکر سب لوگ ساتھ ہوئے - اِس پر آشوب زمانہ میں اہلِ یمن اور جن لوگوں نے دین کی حمایت کی ہے اُنھیں لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں اپنا پیارا فرمایا ہے اور اُس میں کچھ شک نہیں کہ اُن پیاروں کے سردار حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں اور اب بھی کسی فتنہ و فساد کے وقت اسی طرح جو شخص دین کی حمایت کریگا وہ بھی اللہ کا پیارا ضرور رہے - مُرتد اُس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے دین سے پھر جائے اُس زمانہ کے لوگ جو دین سے پھر گئے تھے اُن میں بعضے تو پھر بت پرست بن گئے تھے جیسے بنی اسد طلیحہ بن خویلد کے ساتھی اور بعضے بنی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے منکر ہوکر اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب کو نبی جاننے لگے تھے - بعضے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد زکوٰۃ کو امام کے پاس بھیجنے کے قائل نہیں تھے اور یہ کہتے تھے کہ آیت خذ من اموالہم صدقۃ تطہرہم وتزکیہم بہا وصل علیہم ان صلوتک سکن لہم کے موافق زکوٰۃ کا حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے تک تھا - کیونکہ زکوٰۃ لینے کے بعد زکوٰۃ دینے والے کے لیئے دعا کرنا اور اُس دعا کا مفید ہونا یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے ساتھ مخصوص تھا - یہ آیت سورۂ توبہ کی ہے - سورۂ توبہ کی تفسیر

منزل ۲

ہیں آویگا کہ جو لوگ تبوک کی لڑائی میں نہیں گئے تھے اُن پر اللہ تعالیٰ کی خفگی ہوئی اور خفگی کے بعد جب اُنکی توبہ قبول ہوئی تو انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جس مال کی دولت اور حفاظت نے ہمکو تبوک کے سفر سے روکا اس مال کو ہم اللہ کی راہ میں خیرات کرنا چاہتے ہیں اُس پر یہ آیت نازل ہوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن لوگوں کو سب مال کے تیسرے حصہ کی خیرات کا حکم دیا اس سے معلوم ہوا کہ یہ آیت فرضی زکوٰۃ کے باب میں نہیں ہے کیونکہ زکوٰۃ میں ثلث مال نہیں لیا جا سکتا اور جب یہ آیت فرضی زکوٰۃ کے باب میں نہیں تو مانعین زکوٰۃ نے اس آیت سے مطلب جو نکالا تھا کہ زکوٰۃ کا دینا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک تھا وہ مطلب بھی صحیح نہ رہا غرض اس قسم کی وجوہات سے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ کے فہمایش ان مانعین زکوٰۃ سے لڑنے اور نہ لڑنے میں بڑی بحث رہی جسکی تفصیل سوا ابن ماجہ کے صحاح کی سب کتابوں میں ابوہریرہ کی روایت سے ہے۔ آخر حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کی رائے پر سب صحابہ کا اتفاق ہوا اور ان لوگوں سے لڑائی ہوئی اور لڑائی کے بعد یہ لوگ زکوٰۃ کے قائل ہوئے اگرچہ اسود عنسی کے قتل کی خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے ایک دن پہلے وحی کے ذریعہ سے معلوم ہو گئی تھی۔ لیکن اُسکے ساتھیوں کی پوری سرکوبی حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے زمانہ میں ہوئی اور اُسکے بعد سوا سے فرقہ عنان کے واقعہ کے اور سب لڑائیاں بھی ان ہی کی خلافت میں ہوئیں اس لیئے یہ سب لڑائیاں اُنکی خلافت کی کہلاتی ہیں۔ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ خواب دیکھا کہ کسی نے سونے کے دو کڑے آپکے دونوں ہاتھوں میں پہنا دیئے ہیں۔ اُن کڑوں کو ہاتھوں میں دیکھ کر آپ کا دل بہت گھبرایا اس لیئے کسی نے آپ سے خواب میں یہ بھی کہا کہ ان کڑوں کو پھونک مار کر اڑا دو آپنے بھی کیا۔ اس خواب کی تعبیر آپنے یہ قرار دی کہ اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب یہ دونوں آخر کو مارے جاوینگے۔ یہ حدیث صحیح بخاری میں ابوہریرہ کی روایت سے ہے اور ابوہریرہ کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس سے بھی ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس سے حدیث ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس خواب کے بعد اپنی قوم کے ایلچیوں کے ساتھ مسیلمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھی آیا اور آپ سے کہنے لگا کہ مجکو نبوت میں بھی شریک کر لیا جائے۔ اتفاق سے اُسوقت آپکے ہاتھ میں ایک کھجور کی شاخ تھی اسواسطے آپنے فرمایا کہ تو یہ کھجور کی شاخ بھی مانگے گا تو میں تجکو نہ دونگا۔ اور یہ بھی فرمایا کہ تو اپنی حد سے قدم باہر نہ رکھ ورنہ ہلاک ہو جائیگا اسود اور مسیلمہ مرتد بننے کی حالت میں قتل ہونے والے تھے اس لیئے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کا حال اپنے رسول کو خواب میں دکھا دیا تاکہ معلوم ہو جاوے کہ طلیحہ بن خویلد کا حال ان دونوں کی طرح نہیں ہے

ضرل

طلیحہ بن خویلد بن نوفل نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کے زمانے مین نبوت کا دعوی کیا تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ضرار بن الازور اسدی کو طلیحہ اور اوسکے ساتہیون کی سرکوبی کے لئے بھیجا تہا لیکن اس سرکوبی کے خاتمہ سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اسلئے یہ سرکوبی ادہوری رہ گئی آخر بہر حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت مین خالد بن ولیدؓ کی ہاتہہ پر یہہ سرکوبی پوری ہوئی شکست کے بعد طلیحہ بن خویلد نے پہر اسلام قبول کیا اور ۱۷ھ مین قادسیہ کیوقت اہل اسلام کو بڑی مدد دی۔ یہ قادسیہ کی لڑائی حضرت عمر کی خلافت کے زمانہ مین ہوئی ہی۔ صحیح بخاری و مسلم کی سہل بن سعد کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جان پہچان کے بعضے شخصون کو حوض کوثر پر سے نکالدیا جاویگا۔ اسلام سے پہر جانیکے ہنگامے جو اوپر گذرے یہ لوگ ان ہی ہنگامون کے ایسے ہونگے جو اسلام سے پہر کر اوسی حالتین مارے گئے منافقون کا حال اوپر گذرا کہ ظاہر مین اسلام کا ساتہہ دیتے تہے اور باطن مین مخالف اسلام لوگونکی اولاہنی اور التزام سے ڈر کر اودہر بھی ملے رہتے تہے خالص ایمانداروں کا یہ ذکر فرمایا کہ یہ لوگ راہ خدا مین جس کام کی کوشش کرتے ہین وہ سچے دل سے کرتے ہین کسی کے اولاہنے سے ڈر کر اوپری دل سے نہین کرتے۔ پہر فرمایا کہ یہ اللہ کا فضل ہی اور اللہ کا فضل اگرچہ بہت بڑا ہی لیکن اوسکو ہر ایک کے دل کا حال معلوم ہی دل کی نیک ارادہ کی حالت جانچ کر جسپر وہ چاہتا ہی اپنا فضل کرتا ہی۔

منزل ۲

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ

تمہارا رفیق وہی اللہ ہی۔ اور اوسکا رسول اور ایمان والے جو قایم ہین نماز پر۔ اور دیتے ہین زکوۃ

وَهُمْ رَاكِعُونَ ○ وَمَنْ يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ

اور وہ لوگ ہوے ہین اور جو کوئی رفاقت کریگا اللہ کی اور اوسکے رسول کی اور ایمان والونکی تو اللہ کی جماعت وہی ہوگی غالب

اگرچہ طبرانی عبد الرزاق ابن جریر ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے اس آیتہ کی شان نزول اوس قصہ کو قرار دیا ہی جسمین حضرت علی کا رکوع کی حالت مین ایک فقیر کو انگوٹہی خیرات کرنیکا ذکر ہے مگر اس قصہ کی سند ذرا تردد طلب ہی اسلئے اولی یہ ہی کہ اوپر کی حدیث کے موافق آیتہ کی اس ٹکڑے کی شان نزول بھی حضرت عبادہ بن صامت کا قصہ قرار دیا جاوے اور حضرت علی کو بھی آیتہ کا مصداق ٹہرایا جاوے عبادہ بن صامت کا یہ وہی قصہ ہی جسکو حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر مین اور محمد بن اسحاق نے اپنی مغازی مین معتبر سند سے خود عبادہ بن صامت کی روایتہ سے بیان کیا ہی حاصل اس قصہ کا اوپر بیان ہو چکا ہی کہ عبادہ بن صامت اور عبد اللہ بن ابی دونون کی یہود کی ایک قبیلے بنی قینقاع سے دوستی تہی عبادہ بن صامت نے تو آیندہ اس دوستی سے اپنی بیزاری ظاہر کی اور عبد اللہ بن ابی نے آیندہ یہود سے دوستی قایم رکہنے کی ترغیب کی باتین کین حاصل۔

مطلب آیتہ کا یہ ہی کہ عبادہ بن صامت کی طرح جو شخص مخالف اسلام لوگون کی دوستی سے بیزار رہے اللہ اور اللہ
کے رسول نماز اور زکوۃ پر قایم رہنے والے پکے مسلمان سب ایسے شخص کے دوست اور رفیق ہین اور ایسے لوگ
اللہ کا گروہ کہلاتے ہین اور اللہ تعالی نے اپنی گروہ سے یہ وعدہ کیا ہی کہ یہ گروہ مخالفون پر غالب رہیگا۔ اللہ سچا ہی اللہ کا
وعدہ بھی سچا ہی مدینہ کے گرد و نواح مین جو یہود رہتے تہے اونپر اور جو لوگ اسلام سے پہر گئے تہے اونپر اللہ تعالی کے
گروہ کا جو غلبہ ہوا اوسکا حال اوپر گذر چکا۔ تاریخ کی کتابون کے دیکہنے سے معلوم ہوتا ہی کہ جبتک مسلمانون مین
اسقدر اسلام کی پابندی باقی رہی جس سے اونمین اللہ کا گروہ بننے کی صلاحیت رہی اوسوقت تک اللہ تعالی
نے ایسے لوگون کے غلبہ کا جو وعدہ کیا تہا اوسکا ظہور ہوتا رہا جب اسطرح کے لوگ بھی دنیا سے اوٹہتی گئے تو اوس
وعدہ کا ظہور بھی دنیا سے اوٹہتا گیا مثلاً عمرؓ کی خلافت مین جو حال لوگون کا تہا وہ حال عثمانؓ کی خلافت مین نرہا
اسیطرح مثلاً ہشام بن عبدالملک کی سلطنت کا جو حال تہا وہ ولید بن یزید بن عبدالملک کی سلطنت کا نرہا
اور پھر اسکے بعد ابتری پیدا ہوگئی۔ رکوع کے معنی یہان خدا کا خوف دلمین رکہ کر نیک کام کرنے کے ہین۔
کیونکہ رکوع کے معنی اگر یہان نماز مین کے رکوع ہوتے تو زکوۃ کا رکوع کی حالت مین ادا کرنا افضل ہوتا حالانکہ
اوسکا ثبوت شریعت مین کہین پایا نہین جاتا ترجمہ مین وہم راکعون کا ترجمہ اور وہ لوگ ہوے ہین جو کیا ہی۔ منزل ۲
اوسکا مطلب بھی یہی ہی کہ باوجود نیک کام کرنے کے وہ لوگ جھکے رہتے ہین اپنی عبادت کی کچہہ فوقیت اونکے
دل مین نہین خدا کا خوف دل مین رکہکر جو کام کیا جاوے تو وہ اللہ تعالی کی بارگاہ مین بہت پسند ہی چنانچہ
صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث پہلے گذر چکی ہی کہ ایک شخص نے اللہ تعالے کے سامنے
جانے کے خوف سے اپنی لاش کے جلا دینے اور اوس خاک کو ہوا مین اوڑا دینے کی وصیت کی تہی لیکن یہ وصیت
اوسکی محض خدا کے خوف کے سبب سے تہی اسلئے اللہ تعالی نے اوس شخص کی مغفرت فرما دی۔ حاصل مطلب
یہ ہی کہ جن لوگونکا آیتہ مین ذکر ہے وہ ہر ایک کام مین اللہ کو حاضر ناظر جان کر کرتے ہین اسواسطے انکی یہ عادت اللہ تعالی
کے نزدیک اچہی اور قابل تعریف ہی اور اوسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ

اے ایمان والو جنہون نے پکڑا دین تمہارا ہنسی اور کہیل وہ جو لوگ ہین

أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾

دے گئے تمسے پہلے اور وہ جو کافر ہین اور ڈرو اللہ سے اگر یقین رکہتے ہو۔

تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابوالشیخ ابن حبان مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہی کہ بعضی یہودی ظاہر مین تو

مسلمان ہو گئے تھے مگر باطن میں اسلام کو اچھا نہیں جانتے تھے اور بعضے مسلمان ان یہودیوں کو سچا مسلمان سمجھتے تھے ان سے کمال دوستی رکھتے تھے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور جتلا دیا کہ یہ لوگ دین اسلام کو ٹھٹھا ٹھہرانے والے لوگ ہیں ان سے دوستی ابھی نہیں ہے صحیح مسلم کے حوالے سے ابوسعید خدری کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایماندار آدمی کے ایمان کی نشانی یہ ہے کہ وہ جہاں کہیں کوئی خلاف شریعت بات دیکھے تو پوتھے سے زبان سے اسکی اصلاح کی کوشش کرے اگر یہ نہ ہو سکے تو ضعیف درجہ ایمان کا یہ ہے کہ ایسی خلاف شرع مجلس کو دل سے برا جانکر خود اس میں نہ بیٹھے یہ حدیث آیت کی تفسیر ہے کیونکہ آیت کے ظاہر سے مطلب ہوا کہ جو شخص خلاف شرع لوگوں سے دوستی کریگا تو اس دوستی کی رعایت سے تو اسکے دل میں رفتہ رفتہ یہ ضعیف درجہ ایمان کا بھی آخر کو باقی نہ رہے گا جس کا ذکر حدیث میں ہے اور انجام اس کا یہ ہوگا کہ ان خلاف شرع لوگوں کی دوستی کے وبال میں یہ شخص بھی پکڑا جاویگا۔ چنانچہ ترمذی اور ابن ماجہ میں حضرت ابوبکر صدیق کی بڑی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص کسی مجلس میں کوئی بات خلاف شریعت دیکھکر چشم پوشی کرے گا تو خلاف شرع لوگوں کے وبال میں ایسا شخص بھی پکڑا جاویگا۔ ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے ۔

وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ

اور جس وقت پکارو نماز کو وہ کرتے ہیں اس کو ٹھٹھا اور کھیل یہ اس واسطے کہ وہ لوگ بے عقل ہیں

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے سدی سے روایت کی ہے کہ جب اذان مدینہ میں ہوتی تھی تو ایک نصرانی جو مدینہ میں رہتا تھا اشہد ان محمدا رسول اللہ سنکر یہ کہا کرتا تھا خدا اس جھوٹے مؤذن کو پھونک دے ڈالے ایک دن اس نصرانی کے گھر میں آگ لگی اور وہ اور اسکے بال بچے اور سب گھر اور باہر جل کر راکھ ہو گیا۔ اوپر توراۃ اور انجیل کی آیتوں کے حوالے سے یہ گزر چکا ہے کہ مکہ کے پہاڑوں میں سے جن نبی کا ظہور ہونے والا تھا وہ یہی نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اور یہ بھی گزر چکا ہے کہ توراۃ اور انجیل کی ان آیتوں کا اور کوئی مطلب سوا اس مطلب کے صحیح نہیں قرار پا سکتا کہ ان آیتوں سے مقصود بعد عیسیٰ علیہ السلام کے نبی آخر الزماں کا پیدا ہونا ہے۔ باوجود اسکے جان بوجھ کر جو اس نصرانی نے اللہ کے رسول کی شان میں بے ادبی کے لفظ منہ سے نکالے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی خفگی ہوئی۔ توراۃ اور انجیل کی اس صداقت کی بنا پر نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ اہل کتاب میں سے جو شخص میرا حال سنکر میری نبوت کو نہ مانے گا تو اسکی نجات مشکل ہے چنانچہ صحیح مسلم کے حوالے سے ابوہریرہ کی یہ حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے۔ توراۃ اور انجیل کی آیتیں جو اوپر گزریں یہ حدیث گویا انکی تفسیر ہے اب اصل اور تفسیر کو

مانا یا نہ ماننا اہلِ کتاب کا کام ہے اسی واسطے آخر کو فرمایا کہ جو کوئی ایسی ظاہر باتوں کو نہیں مانتا اسکی عقل ٹھیک نہیں ہے ۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ

تو کہہ اے کتاب والو کیا بیر ہے تمکو ہم سے مگر یہی کہ ہم یقین لائے اللہ پر اور جو ہمکو اترا

اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ

اور جو اترا پہلے اور یہی کہ تم میں کثر

معتبر سند سے تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابو الشیخ میں حضرت عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ایک روز چند یہود نے آنحضرت سے پوچھا کہ آپ کون کون سے نبی کو برحق جانتے ہو آپ نے حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ اور سب انبیا کا نام لیا یہود حضرت عیسیٰ کا نام سنکر بہت چڑے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان یہود سے کہدو کہ تم میں اکثر لوگ گناہوں کی سرکشی میں حد سے بڑھے ہوئے ہیں جسکے سبب سے تم لوگ عیسیٰ علیہ السلام کو جھوٹا قرار دینے سے ہمارے دشمن بن گئے ورنہ جس توراۃ کو تم مانتے ہو اس میں عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی پوری شہادت تھی جسکو تم نے بدلڈالا ہے اور ایک سچی بات پر الٹے ہم سے جھگڑتے اور ہمارے دین کو عیب لگاتے ہو تم لوگوں میں ذرا بھی راستی اور انصاف ہو تو تم اقرار کر سکتے ہو کہ ہمارا جھگڑا توراۃ کے برخلاف اور ہمارا دین بالکل اصل توراۃ کے موافق ہے ۔ اسوقت تو یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کا انکار کرتے ہیں لیکن سورۃ النسا میں گزر چکا ہے کہ قیامت کے قریب جب عیسیٰ علیہ السلام زمین پر آوینگے تو اسوقت انکی نبوت کا اقرار کرینگے اسی طرح اب جو کوئی یہودی قریب الموت ہوتا ہے اور عقبیٰ کی باتیں اسکی آنکھوں کے سامنے آنے لگتی ہیں تو اسکو یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام بیشک اللہ کے رسول تھے مگر اس وقت کا یہ معلوم ہونا کچھ فائدہ مند نہیں کیونکہ یہ اوپر گزر چکا ہے کہ اس وقت کی توبہ اس وقت کا اسلام غرض اس وقت کی کوئی نیک بات انسان کو کچھ فائدہ نہیں پہنچاتی صحیح بخاری اور مسلم کی ابو ہریرہ کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب انبیا کو علاتی بھائی اور انکی شریعتوں کو علاتی بھائیوں کی ماں فرمایا ہے ۔ علاتی ان بھائیوں کو کہتے ہیں جنکا باپ ایک ہو اور مائیں الگ الگ ہوں ۔ مطلب یہ ہے کہ توحید اور عبادت الٰہی کی نصیحت و تاکید کرنے میں سب انبیا ایک ہیں ہاں ضرورتِ وقت کے لحاظ سے ہر شریعت میں حلال و حرام کے احکام جدا ہیں ۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایک نبی کی نبوت کے انکار سے تمام انبیا کی نبوت کا انکار لازم آجاتا ہے کیونکہ اصلی دین کی رو سے جب سب انبیا ایک ہیں تو ان میں سے ایک کو جھٹلانا گویا سب انبیا کے اصلی دین کو جھٹلانا ہے ۔ حاصل کلام یہ ہے کہ مثلاً فقط موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے اقرار سے یہود اور عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے اقرار سے نصرانی جو اپنی نجات کے خیال میں

نصرانی

ہین وہ اونکا خیال بالکل غلط ہی اسواسطے نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جو یہودی یا نصرانی میرا حال سنکر میری نبوت کا اقرار نہ کریگا اوسکی نجات ممکن نہین ہی چنانچہ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی یہ روایت گذر چکی ہے۔

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ

تو کہہ مین تم کو بتاؤن ان مین کس کی بری جزا ہی اللہ کے یہان وہی جسکو اللہ نے لعنت کی اور اسپر غضب ہوا اور اونمین

الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۝ وَاِذَا

بعضے بندر کئے اور سور کئے اور پوجنے لگے شیطان کو وہی بدتر ہین درجے مین اور بہت بہکے سیدہی راہ سے اور جب تم

جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ

پاس آوین کہین ہم یقین لاے اور منکر ہی آے تھے اور اسی طرح نکلے اور اللہ خوب جانتا ہی جو چھپا رہے تھے۔

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

اور تو دیکھے بہت انمین وہ جو بڑھے دوڑتے ہین گناہ پر اور زیادتی پر اور حرام کھانے پر کیا بری کام ہین جو کر رہے ہین۔

یہودی نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ جو کہا تہا کہ اگر عیسےٰ بن مریم کو بھی نبی مانتے ہین تو آپکے دین سے بڑہ کر اور کوئی بڑا دین دنیا مین نہین اوسکے جواب مین اللہ تعالےٰ نے یہ فرمایا کہ اے رسول اللہ کہ تم ان لوگون سے کہدو کہ اللہ کے حکم سے مین تم لوگون کو جتلاے دیتا ہون کہ سزا کے لحاظ سے اللہ تعالےٰ کے نزدیک بگڑا ہوا اور بڑا دین وہی ہی جسکی سزا مین تم لوگون پر اللہ کی پھٹکار ہی اور تم اوسکے غصہ اور خفگی مین ایسے گرفتار ہو کہ کچھہ لوگ تم مین کے آدمی سے بندر اور سور ہوگئے اور کچھہ اہل کتاب ہوکر بت پرست کہلاے۔ باوجود مناہی کے یہود مین کے جن لوگون نے ہفتہ کے دن مچھلیون کا شکار کھیلا تہا وہ بندر اور سور ہوگئے تھے زیادہ تفصیل اس قصہ کی سورہ اعراف مین آویگی حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول کے موافق ان لوگون مین کے جوان تو بندر ہوگئے تھے اور بڈھے سور ہوگئے تھے۔ یہود بت پرست ایک تو بچھڑی کے پوجنے سے کہلاے جسکا قصہ سورہ اعراف مین آویگا اور دوسرے کعب بن اشرف یہودی نے قریش کے بتون کی جو تعظیم کی تہی جسکا قصہ سورۃ النساء مین آیۃ الم الی الذین اوتوا نصیبا من الکتاب یومنون بالجبت والطاغوت کی تفسیر مین گذر چکا ہی۔ اب آگے فرمایا کہ دنیا مین ایسے لوگ راہ راست سے دور پڑے ہوے ہین اسلئے عقبےٰ مین انکا ٹھکانا جہنم ہی۔ انمین کے منافقین کا یہہ ذکر ہی فرمایا کہ یہ لوگ اپنے دل کی باتون کو چھپا کر یہہ جانتے ہین کہ انکے دل کا حال کسیکو معلوم نہین لیکن اللہ غیب دان ہی اوسکو اونکے دل کا حال خوب معلوم ہی کہ یہ لوگ مسلمانون کی مجلسون مین دشمن اسلام بنکر گھستے ہین

منزل ۲

اوسیطرح اون مجلسون سے نکلجاتے ہین تو مسلمانون کو بہکانیکے لئے کچھہ زبانی باتین جو اسلام کی صداقت کی باب مین بناتی ہین اون اوپری باتونکا کچھہ اعتبار نہین پہر اپنے رسول کو مخاطب ٹھہراکر فرمایا کہ انمین کے اکثر لوگون کا یہہ حال دیکھنے کے قابل ہے کہ گناہون پر پیش قدمی کرنے مین اونہین یہانتک جرارت ہے کہ بیباک ہوکر کتاب آسمانی کے لفظ اور معنی بدلتے ہین سرکشی اونمین اسقدر ہے کہ تورات کے محافظ انبیاء کو شہید کرڈالا غلط مسئلے بتاکر رشوت کا لینا یہہ تو انکا ہر وقت کا مشغلہ ہے آخر کو فرمایا ان لوگون کے یہ سب کام انکی حق مین جسقدر بری ہین عقبیٰ مین اونکا حال اونکو خود معلوم ہوجاویگا۔ معتبر سند کی شداد بن اوس کی حدیث ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہہ ہے کہ جو شخص عمر بھر دنیا مین بری کام کرتا ہے اور اللہ تعالےٰ سے عقبیٰ مین راحت کی توقع رکھتا ہے وہ بڑا کم عقل ہے یہود کا حال بالکل حدیث کے اس ٹکڑے کے موافق ہے کیونکہ عمر بھر کے کام تو اونکے وہ ہین جنکا ذکر اوپر گذرا اور عقبیٰ کی راحت کی توقع اونکو یہان تک ہے کہ اپنے سوا کسیکو جنت مین جانیکے قابل نہین کہتے چنانچہ سورہ بقر مین اسکا ذکر گذر چکا ہے:-

لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

کیون نہین منع کرتے اونکے درویش اور علماء گناہ کی بات کہنے سے اور حرام کہانیسے کیا برے عمل ہین جو کر رہے ہین۔

ضرب ۳

عام یہود و نصاریٰ جب نافرمانی کی باتین کرتے تو اونکے عالم اور واعظ اور راہبی لوگ اونکی نافرمانیونکو دیکھہ کر دبی زبان سے معمولی طور پر کبھی کچھہ نصیحت کردیتے ہین اور کبھی ٹال جاتے ہین اونکی تنبیہ مین اللہ تعالےٰ نے یہ آیتہ نازل فرمائی حکم اس آیتہ کا ہر امت کو شامل ہے اسیواسطے حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور اکثر سلف فرمایا کرتے ہین کہ قرآن شریف مین اس آیتہ سے بڑھکر کوئی آیتہ خوفناک عالمون اور صلحا کے لئے نہین ہے کیونکہ سوا اونکی عمل کے اونسے یہ بھی پرسش ہوگی کہ اونہون نے باوجود قدرت کے برون کو راہ راست پر لانے کی کوشش کیون نہین کی ترمذی ابوداؤد ابن ماجہ مسند امام احمد مین معتبر سند سے جو روایتین اس باب مین ہین اونکا حاصل یہ ہے کہ جو کوئی اچھا آدمی کسی بری آدمی کو کوئی برا کام کرتے ہوئے دیکھہ کر باوجود قدرت کے منع نہ کریگا تو اوسکو بھی دین یا دنیا مین اس منع نہ کرنیکا وبال ضرور بھگتنا پڑیگا۔ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۭ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاۗءُ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۭ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۭ

اور یہود کہتے ہین اللہ کا ہاتھہ بندہ گیا اونہین کے ہاتھہ باندھے جاوین اور لعنت ہے اونکو اس کہنے پر بلکہ اسکے دونو ہاتھہ کھلے ہین خرچ کرتا ہے جسطرح چاہے اور اس حکم سے جو تجھکو اترا تیرے رب کی طرف سے اونکو بڑھی گی اور شرارت اور انکار اور ہمنے ڈال رکھی ہے اونمین دشمنی اور بیر قیامت کے دن تک جب ایک آگ سلگاتے ہین لڑائی کیواسطے اللہ اوسکو بجھاتا ہے اور وہ دوڑتے ہین ملک مین فساد کرنے۔

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ

اور اللہ نہیں چاہتا فساد والوں کو اور اگر کتاب والے ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم اُتار دیتے اُنکی برائیاں اور

لَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا

اُنکو داخل کرتے نعمت کے باغوں میں اور اگر وہ قائم رکھیں توریت اور انجیل کو اور جو اُترا اُنکو اُنکے رب کی طرف سے تو کھاویں

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ۭ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَاۗءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ع

اپنے اُوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے کچھ لوگ اُن میں سیدھے ہیں اور بہت اُنکے بُرے کام کر رہے ہیں۔

طبرانی اور ابو الشیخ نے جو شان نزول اس آیت کی حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کی روایت سے بیان کی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ شماس قبیلہ قینقاع یہود کے سرگروہ نے اور ایک یہودی نے جسکا نام نبتاش بن قیس ہے ان دونوں نے ملکر یہ کہا کہ یہود کی طرف سے اللہ نے سخاوت اور کشایش رزق کا ہاتھ روک لیا ہے اس لیے نعوذ باللہ من ذلک اللہ بخیل ہے اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی حاصل مطلب آیت کا یہ ہے کہ اللہ کی کریمی کی صفت ہمیشہ ایک سان ہے لیکن جب کبھی یہود نے سرکشی کی ہے اُسی وقت بخت نصر بابلی سے پھر طیطوس رومی سے پھر مجوس سے پھر اب مسلمانوں سے اُنکی سرکوبی کرائی گئی ہے جس سرکوبی کے سبب سے اُنکی بادشاہت اُجڑ کر ذلت اور تنگدستی اُنکے سر پر ان ہی کے ہاتھوں سے سوار ہے۔ اگرچہ قرآن میں جوں جوں اُنکے بُرے کاموں کی مذمت میں روزانہ آیتیں بڑھتی جاتی ہیں اُسی قدر اُنکی شرارت بڑھتی جاتی ہے اور اُنکی یہ شرارتیں کچھ نئی نہیں ہیں عیسیٰ بن مریم اللہ کے رسول کے ساتھ بھی انھوں نے طرح طرح کی شرارتیں کیں جنکے سبب سے اُن میں اور نصرانیوں میں ہمیشہ کی دشمنی پڑ گئی اُنکی شرارتوں کی سزا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے یہ قرار پائی ہے کہ کسی لڑائی کا یہ کچھ سامان کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُسکو بگاڑ دیتا ہے جس سے اللہ کی زمین میں ان کا کوئی فساد چلنے نہیں پاتا یہ اس لیے ہے کہ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ یہ سب کچھ تو ہے لیکن اب بھی اگر یہ احکام الٰہی کے تابع ہو جائیں گے تو اُنکی کشایش ہو جاویگی۔ اللہ کے دونوں ہاتھوں کا ذکر اس آیۃ میں آیا ہے اسواسطے یہ آیت مجملہ آیات متشابہات کے ہے اور آیات متشابہات میں متقدمین اور متاخرین کا مذہب اُوپر گزر چکا یہاں اسی قدر ذکر کافی ہے کہ متاخرین نے ہاتھوں کی تاویل قدرت سے کی ہے اور اس تاویل میں متقدمین کی جانب سے بعضے مفسرین نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے سارے جہان کو پیدا کیا ہے اور حضرت آدم کی پیدایش کی نسبت یہ فرمایا ہے خلقت بیدی پھر یہاں ہاتھ کے معنی قدرت کے کیے جاویں تو حضرت آدم کی پیدایش کی کوئی خصوصیت باقی نہیں رہتی اس اعتراض کا کوئی شافی جواب متاخرین کا ابتک نظر سے نہیں گزرا۔ حاصل یہ ہے کہ جب ایک آیت میں بلاشبہہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں کو بغیر کسی تاویل کے مانا گیا ہے تو پھر دوسری آیت میں تاویل کی کیا ضرورت ہے علاوہ اسکے دین اُن روایتوں کا نام ہے جو پہلے لوگوں سے پچھلوں کو پہنچی ہیں اس لیے آیات اور احادیث متشابہات میں بھی سلف کی پیروی گویا داخل دین ہے

تفسیر ابن جریر میں عکرمہ کے قول کے موافق اُس یہودی کا نام فنحاص ہے جسنے اللہ تعالیٰ کی شان میں یہ بے ادبی کے لفظ منہ سے نکالے تھے تفسیر ابو الشیخ میں حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت میں بھی اُس یہودی کا یہی نام ہے لیکن طبرانی کی سند زیادہ معتبر ہے غرض یہود میں کے بعضے لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی شان میں یہ بے ادبی کے لفظ منہ سے نکالے اور باقی کے لوگ اُنکے شریک حال رہے اسلیئے اللہ تعالیٰ نے عام طور پہ یہود کو بے ادب ٹھیرا کر وہ خفگی کے لفظ فرمائے جو پہلی آیت میں ہیں اور ما بعد کی آیتوں میں فرمایا کہ اگر یہ اہل کتاب پورے ایماندار بن کر اللہ تعالیٰ کی خفگی کی باتوں سے بچیں گے تو اُنکے پچھلے گناہ معاف فرما کر اللہ تعالیٰ اُنکو جنت میں داخل کریگا۔ پھر یہ فرمایا کہ پورے ایمان کی نشانی یہ ہے کہ توراۃ اور انجیل میں نبی آخر الزمان کی نبوت اور قرآن کے کتاب آسمانی ہونیکی صداقت ہے اسکو یہ لوگ دل میں مان لیویں جب یہ لوگ ایسا کرینگے تو آسمان سے مینہ برس کر کھیتی باغ اُنکی کھیتیاں جو قحط کے سبب سے خراب ہوگئی ہیں درست ہو جاوینگی لاکلوا من فوقہم ومن تحت ارجلہم کا یہی مطلب ہے کہ آسمان سے ایسا مینہ برسیگا کہ باغ اور کھیتی کی سب زمین سرسبز ہو جائیگی پھر فرمایا کچھ لوگ تو انمیں عبداللہ بن سلام وغیرہ یہ سیدھے ہیں کہ وہ یہ نصیحتیں سنکر راہ راست پر آگئے ہیں لیکن اُنمیں کے اکثر تو ابھی کجروی پر اڑے ہوئے ہیں صحیح مسلم میں ابوذر کی روایت سے حدیث قدسی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تمام دنیا کے جن و انسان اپنی مرادیں اللہ تعالیٰ سے مانگیں اور اللہ تعالیٰ اُن سب کی مرادیں پوری کرے جب بھی اُسکے خزانے ویسے ہی بھرپور رہیں۔ یہود نے بے ادبی سے بخیلی کا لفظ جو اللہ تعالیٰ کی شان میں یوں کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بندہ گیا اُس کا جواب ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے جو دیا اُسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ بخیلی تو وہ کرے جسکو اپنے خزانے کے کم ہو جانیکا اندیشہ ہو اللہ تعالیٰ کے خزانے کبھی کم نہیں ہو سکتے یہود کی کجروی کا ذکر سورۂ بقرہ میں آیت یعرفونہ کما یعرفون ابناءہم کی تفسیر میں گزر چکا ہے عرب کے محاورے میں ہاتھ کا بند ھنا بخل کے معنے میں اور ہاتھ کا کھلنا سخاوت کے معنی میں بولا جاتا ہے۔ اندھیرے میں لشکر کے لوگ آگ جلایا کرتے تھے تاکہ اندھیرے میں دشمن غافل نہ کر بیٹھے پھر رفتہ رفتہ لڑائی کے لیئے آگ سلگانے کا محاورہ لشکر کے ہر ایک انتظام پر بولا جانے لگا اسی محاورے کے موافق کلما اوقدوا نارا للحرب اطفاہ اللہ فرمایا۔ یہود کا اللہ کے ملک میں فساد یہی تھا کہ اُنھوں نے اپنی قوم کے انبیاء اور علماء کو شہید کر ڈالا۔ توراۃ کے احکام بدل ڈالے۔ رشوتیں لیکر غلط فیصلے کیئے اور نبی آخر الزمان سے طرح طرح مخالفتیں کیں ✣

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ

اے رسول پہنچا جو نکلا اترا تیرے رب کی طرف سے اور اگر یہ نہ کیا تو تو نے کچھ نہ پہنچایا اُسکا پیغام

وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

اور اللہ تجکو بچالے گا لوگوں سے اللہ راہ نہیں دیتا منکر قوم کو

ترمذی حاکم مسند امام احمد اور طبرانی وغیرہ میں جو اس آیت کی شان نزول لکھی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ پہلے تبلیغ حکم الٰہی سے اللہ تعالیٰ نے اُوپر کا ٹکڑا آیت کا نازل فرمایا آنحضرت کو یہ تامل ہوا کہ لوگ آپکو طعنے دینگے اُسپر اللہ تعالیٰ نے دوسرا ٹکڑا

نازل فرمایا جب آپنے بیدھڑک اللہ کا پیغام پہنچانا شروع کردیا جس پیغام میں اکثر باتیں اہل کتاب و منافقین اور کفار کی مرضی کے مخالف بلکہ اُنکی مذمت کی ہوتی تھیں تو اس خوف سے کہ موقع پاکر یہ مخالف لوگ آپ پر حملہ نہ کر بیٹھیں کچھ صحابہ کو آپ اپنی حفاظت کے لیئے رات کو تعینات فرمایا کرتے تھے اسپر اللہ تعالیٰ نے تیسرا ٹکڑا آیت کا نازل فرمایا جس رات کو یہ تیسرا ٹکڑا آیت کا نازل ہوا اُسی وقت سے آپنے حجرہ کی کھڑکی سے منہ نکالکر حفاظت والے صحابہ سے فرمادیا کہ تم لوگ اپنے اپنے گھر چلے جاؤ۔ اب حفاظت کی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت خود اپنے ذمہ لیلی ہے یا ایھا النبی تو قرآن شریف میں کئی جگہ ہے مگر یا ایھا الرسول اسی سورت میں دو جگہ ہے اور کہیں قرآن شریف بھر میں نہیں ہے۔

بعض مفسرین نے اس آیت کی شان نزول میں یہ جو لکھا ہے کہ ابوطالب کچھ لوگ مقرر کرکے آنحضرتؐ کی حفاظت کردیا کرتے تھے اسپر یہ آیت نازل ہوئی ہے یہ صحیح نہیں کیونکہ اس مضمون کی ایک روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کی طبرانی میں جو ہے اُسکی سند میں ایک راوی نصر بن عبدالرحمن ضعیف ہے علاوہ اسکے یہ آیت مدنی ہے اور ابوطالب کا قصہ مکہ کا ہے بخاری اور مسلم میں روایت ہے کہ حضرت عائشہ فرمایا کرتی تھیں جو شخص یہ خیال کرے کہ آنحضرتؐ نے کبھی کسی مصلحت سے کوئی اللہ کا حکم لوگوں پر ظاہر نہیں کیا اُسکے خیال کو اس آیت کے مضمون سے جھٹلانا چاہیئے۔ اس حکم الٰہی کی تعمیل میں اللہ کے رسول آخر عمر تک ہمہ تن مصروف رہے چنانچہ صحیح بخاری و مسلم میں ابی بکرہ کی حدیث ہے جس میں آپنے آخری عمر میں حجۃ الوداع کے وقت سب لوگوں سے یہ پوچھا ہے کہ میں نے تمکو وقت بوقت اللہ کے احکام پہنچادیئے جب اُن لوگوں نے اس کا اقرار کیا تو آپنے اللہ تعالیٰ کو اُنکے اس اقرار کا گواہ قرار دیا۔ اس باب میں اور بھی بہت سی صحیح حدیثیں ہیں آخر کو فرمایا کہ اے رسول اللہ کے تمھارے احکام قرآنی پہنچادینے کے بعد جو لوگ اُن احکام کو دل سے نہ سُنیں اور راہِ راست پر نہ آویں تو اس سے کچھ دل تنگ اور آزردہ خاطر نہ ہونا چاہیئے کیونکہ دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے اللہ کے علم میں جو لوگ بدقرار پاچکے ہیں وہ خود تو کسی نصیحت سے بھی راہِ راست پر آنیوالے نہیں اور مجبور کرکے اُنکو راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے کس لیئے کہ انتظام الٰہی کے موافق دنیا نیک و بد کے امتحان کے لیئے پیدا کی گئی ہے کسی کے مجبور کرنیکے لیئے نہیں پیدا کی گئی

منزل ۲

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ

تو کہہ اے کتاب والو تم کچھ راہ پر نہیں جب تک نہ قائم کرو توریت اور انجیل اور جو تمکو اترا تمھارے رب سے اور اُن میں

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بہتوں کو بڑھے گی اس کلام سے جو تجکو اترا تیرے رب سے شرارت اور انکار سو تو افسوس نہ کر اس قوم منکر پر بیشک جو مسلمان ہیں

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

اور جو یہود ہیں اور جو صابئین اور نصاریٰ جو کوئی ایمان لائے اللہ اور پچھلے دن پر اور عمل کرے نیک نہ اُنپر ڈر ہے اور نہ وہ غم کھاویں۔

معتبر سند سے ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے کہ رافع بن حرملہ اور مالک بن ضیف اور

چند یہود ایک روز آنحضرت کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ آپ کیا اپنے آپ کو ملت ابراہیمی پر بتلاتے ہیں اور ہماری کتاب کو حق نہیں جانتے آپنے فرمایا یہ سچ ہے کہ تمہاری کتاب برحق ہے لیکن تم نے بہت سے احکام الٰہی کو بدلڈالا ہے اُنھوں نے جواب دیا جس طریقہ پر ہم ہیں وہ حق ہے ہم اسکے سوا ہرگز کوئی طریقہ اور مذہب اختیار نکرینگے اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی حاصل معنے آیت کے یہ ہیں کہ یہود اور نصاریٰ اور دہریہ لوگ جب تک مناسب وقت شریعت کو نہ مانیں گے تو بغیر شریعت کے نہ دہریہ نجات پاسکتے ہیں نہ شریعت منسوخہ پر اڑے رہنے سے اہل کتاب کی نجات ہوسکتی ہے اور توراۃ اور انجیل میں تو نبی آخرالزمان پر ایمان لانیکی سخت تاکید ہے پھر اس مسئلہ کو بدلکر اور چھپا کر اہل کتاب کا یہ کہنا کہ ہم توراۃ اور انجیل پر قائم ہیں بالکل غلط ہے جبتک توراۃ اور انجیل پر یہ لوگ پورا ایمان نہ لاوینگے جس ایمان میں نبی آخرالزمان کے برحق ہونیکا اعتقاد بھی داخل ہے تو اُنکا ایمان لانا محض بیسود ہے اب آگے فرمایا کہ اہل کتاب کا توراۃ اور انجیل پر قائم ہوکر شریعت وقتیہ کا پابند ہونا تو درکنار شریعت وقتیہ میں جوں جوں اُنکی بداعمالی کی نہمت بڑھتی جاتی ہے اُسیقدر اُنکی سرکشی بڑھتی جاتی ہے اور یہ اس بات کی نشانی ہے کہ یہ لوگ علم الٰہی میں شریعت وقتیہ کے منکر قرار پاچکے ہیں اس لیئے ای رسول اللہ کے ایسے لوگوں کی حالت پر تمھیں کچھ افسوس نکرنا چاہیئے پھر یہ بھی فرمایا کہ اہل کتاب اپنی کتابوں کے پورے پابند ہوکر اگر شریعت وقتیہ کو مانیں گے اور شریعت وقتیہ کے موافق نیک کام کرینگے تو اللہ تعالیٰ اُنکو عقبیٰ کی سب سختیوں سے بے خوف وخطر کردیگا۔ اہل کتاب تو اپنے آپ کو ظاہر میں شریعت موسوی اور شریعت عیسوی کا پابند بھی کہتے ہیں لیکن دہریہ فرقہ ہے جو کسی شریعت کا ظاہر میں بھی پابند نہیں ہے۔ اس لیئے صابئین نہیں فرمایا بلکہ صابئون فرماکر اس فرقہ کا ذکر سلسلۂ کلام سے الگ یوں فرمایا کہ اگر اس فرقے کے لوگ بھی اپنے دہریہ پنے سے توبہ کرکے شریعت وقتیہ کو مانیں گے اور شریعت وقتیہ کے موافق نیک کام کرینگے تو اللہ تعالیٰ اُنکو بھی عقبیٰ کی سب سختیوں سے بےخوف وخطر کردیگا

وَلَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ

ہم نے لیا تھا قول بنی اسرائیل سے اور بھیجے اُنکی طرف رسول جب آیا اُن پاس رسول

بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ۝ وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا

جو خوش نہ آیا اُنکے جی کو بعضوں کو جھٹلایا اور بعضوں کا خون کرنے لگے اور خیال کیا کہ کچھ خرابی نہ ہوگی سو اندھے ہوگئے

وَصَمُّوا ثُمَّ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا كَثِيرٌ مِّنْهُمْ ۚ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ

اور بہرے پھر اللہ متوجہ ہوا اُنپر پھر اندھے ہوئے اور بہرے ہوئے اِن میں بہت اور اللہ دیکھتا ہے جو جو کرتے ہیں

اوپر ذکر تھا کہ یہود اگر پورے طور پر توراۃ کے پابند نہوینگے تو اُنکو راہ راست پر شمار نہ کیا جائیگا ان آیتوں میں اُنکے توراۃ پر قائم نرہنے کی تفصیل ذکر فرمائی ہے جس عہد کا ذکر ان آیتوں میں ہے یہ وہی عہد ہے جس کا ذکر سورۂ بقرہ کی آیت وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰہَ کی تفسیر میں گزر چکا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بہت نبی اللہ تعالیٰ نے توراۃ کے اِس عہد کے قائم رکھنے کے لیئے بھیجے۔ لیکن یہود نے توراۃ کے اکثر احکام کو چھوڑ کر بجائے اُن احکام کے اپنی خواہش کے موافق کچھ

ایجادی باتیں تراش رکھی تھیں جس نبی نے انکو ان باتوں سے روکا اس سے انھوں نے مخالفت پیدا کرکے بعضے نبیوں کو تو قتل کر ڈالا مثلاً حضرت زکریا و یحییٰ ان نبیوں میں سے ہیں جنکو یہود نے قتل کیا اور بعضے نبیوں کو انھوں نے جھٹلایا جیسے مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم۔ اپنی ایجادی باتوں کو یہود حکم الٰہی جانتے ہیں اسلیئے ان کا یہ خیال ہے کہ ان باتوں کی پاسداری میں موسیٰ علیہ السلام کے بعد سے کسی نبی کو مار ڈالنا یا جھٹلانا کوئی خرابی یا گناہ کی بات نہیں ہے ایکدفعہ دل کے اندھے اور کانوں کے بہرے بن کر شعیا نبی کو قتل کیا پھر کچھ درست ہو گئے پھر اپنے پہلے ڈھنگ پر آ کر حضرت یحییٰ بن زکریا کو قتل کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قتل کے فکر میں رہے آخر کو فرمایا کہ انکی یہ سب گناہ کی باتیں اللہ کی نگاہ میں ہیں وقت مقررہ پر انکی سزا کیا انکے آگے آنیوالی ہے۔ اللہ سچا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ یہود کو دنیوی سزا الوجالوت اور بخت نصر وغیرہ کے ہاتھ سے مل چکی ہے اخروی سزا بھی سب کی آنکھوں کے سامنے آنے والی ہے۔ ترمذی نسائی وغیرہ کی ابوہریرہ کی صحیح حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے کہ کثرت گناہ سے آدمی کے دل پر زنگ لگ جاتا ہے جسکے سبب سے نہ وہ کوئی نصیحت کی بات کانوں سے دل لگا کر سنتا ہے نہ کسی نیک بات کا اسکے دل پر کچھ اثر ہوتا ہے دل کے اندھے اور کانوں کے بہرے لوگوں کی حالت کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے ۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ

بیشک کافر ہوئے جنھوں نے کہا کہ اللہ وہی مسیح ہے مریم کا بیٹا اور مسیح نے کہا کہ اے بنی اسرائیل

اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ

بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمھارا مقرر جسنے شریک کیا اللہ کا سو حرام کی اللہ نے اوپر جنت اور اس کا ٹھکانا

النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ وَمَا

دوزخ ہے اور کوئی نہیں گنہگاروں کی مدد کرنے والا بیشک کافر ہوئے جنھوں نے کہا اللہ ہے تین میں کا ایک اور

مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنْ لَمْ يَنْتَهُوا عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

بندگی کسیکو نہیں مگر ایک معبود کو اور اگر نہ چھوڑینگے جو بات کہتے ہیں البتہ جو ان میں منکر ہیں

مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ أَفَلَا يَتُوبُونَ إِلَى اللَّهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ وَاللَّهُ غَفُورٌ

پاوینگے دکھ کی مار کیوں نہیں توبہ کرتے اللہ پاس اور گناہ بخشواتے اور اللہ ہے بخشنے والا

رَحِيمٌ ۝ مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ

مہربان اور کچھ نہیں مسیح مریم کا بیٹا مگر رسول ہے گزر چکے اس سے پہلے بہت رسول اور اسکی ماں ولی ہے

كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ انْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْآيَاتِ ثُمَّ انْظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

دونوں کھاتے تھے کھانا دیکھ ہم کیسی بتاتے ہیں انکو نشانیاں پھر دیکھ کہاں الٹے جاتے ہیں

اوپر کی آیتوں میں یہود و نصاریٰ دونوں کو ملا کر یہ نصیحت فرمائی تھی کہ جب تک یہ لوگ تورات و انجیل پر پورے پورے قائم نہ ہونگے تو گویا

یہ کسی دین پر بھی قائم نہیں اسکے بعد یہود نے توراۃ کی پابندی میں جو خرابیاں ڈال رکھی تھیں اُن کا ذکر فرمایا اب ان آیتوں میں انجیل کے احکام کی پابندی میں جو خرابیاں تھیں اُنکا ذکر ہے۔ لیکن ان آیتوں کی تفسیر ذرا قصہ طلب ہے۔ اسلامی اور عیسائی تاریخ کی کتابوں میں یہ قصہ جو لکھا ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے بعد جب عیسائیوں کی تعداد بڑھنے لگی تو یہود کو اسپر حسد ہوا اور اس حسد کے سبب سے یہود کا ایک بادشاہ جس کا نام پولس تھا اُس وقت کے عیسائیوں کے مقابلہ میں کھڑا ہو گیا یہانتک لڑائی ہوئی کہ عیسائیوں کو ملک شام چھوڑنا پڑا۔ اسکے بعد یہ پولس یہودی فریب سے نصرانی ہو گیا اُس وقت کے عیسائی پولس کے فریب میں آ گئے اور پولس کو مثل حواریوں کے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا نائب سمجھنے لگے اسکی عبادت کے لیئے ایک عبادتخانہ بنوایا۔ پولس اُس عبادتخانہ کا دروازہ بند کر کے اُس میں رہتا تھا اور دوسرے تیسرے دن اُس عبادتخانہ کا دروازہ کھولکر باہر نکلتا اور توراۃ اور انجیل کے برخلاف اس طرح کی خوش بیانی سے کچھ باتیں بیان کرتا کہ اُس وقت کے عیسائی اُن باتوں کو آسمانی الہام خیال کرتے کیونکہ اُسنے اپنی خوش بیانی سے اُس وقت کے عیسائیوں کے دل میں یہ بات اچھی طرح جما دی تھی کہ وہ تیسرے آسمان تک پہنچتا ہے۔ ایکدن پولس اپنے عبادتخانہ کا دروازہ کھولکر باہر نکلا اور اُس وقت کے عیسائیوں سے اُسنے کہا کیا تم نے کسی انسان کو دیکھا ہے کہ وہ مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرسکے یا مُردے کو زندہ کرسکے اُنھوں نے جواب دیا کہ نہیں اسپر پولس نے اُن سے کہا کہ اسی واسطے میرا آج کا الہام یہ ہے کہ نعوذ باللہ من ذلک عیسیٰ بن مریم خود خدا تھے جو دنیا میں آئے اور اُن میں یہ سب قدرتیں تھیں۔ اس وقت کے عیسائیوں میں کا ایک گروہ تو پولس کے اِس الہام کا قائل ہو گیا اور اُنھوں نے حضرت عیسیٰ کو خدا کہنا شروع کیا۔ کچھ لوگوں نے اُس الہام کے یہ معنی سمجھے کہ بغیر باپ کے پیدا ہونے سے حضرت عیسیٰ خدا کے بیٹے تھے اور باپ بیٹا اور روح القدس یہ تینوں ملکر خدا ہیں۔ اس فرقہ کے لوگ روح القدس کے معنی حیات ابدی کے کرتے ہیں اور کبھی اور کچھ معنی کرتے ہیں۔ بعضے لوگوں نے اُس الہام کا یہ مطلب سمجھا کہ اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ حضرت مریم یہ تینوں ملکر خدا ہیں۔ یہ لوگ حضرت عیسیٰ اور حضرت مریم کی تصویریں اپنے عبادتخانوں میں رکھتے ہیں اور ان تصویروں کو سجدہ کرتے ہیں اُن لوگوں نے حضرت مریم کے نام کی ایک نماز بھی تصنیف رکھی ہے جسکو یہ لوگ پڑھا کرتے ہیں یہ آخر کے دونوں فرقے تثلیثی فرقے کہلاتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ تین خدا کے ماننے والے یہ فرقے ہیں۔ اِن آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے مختصر طور پر ان تینوں فرقوں کا ذکر فرما کر اُنکو کئی طرح قائل کیا ہے ؎

(۱) جبکہ توراۃ کے حوالہ سے اِن لوگوں کا اعتقاد یہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے جو توحید اللہ تعالیٰ کی ہدایت سے پائی تھی وہی توحید موروثی طور پر عیسیٰ بن مریم تک آئی۔ اِس اعتقاد کی بنا پر یہ لوگ اپنے آپکو ملّتِ ابراہیمی کا پابند بتلاتے ہیں تو پھر عیسیٰ بن مریم کو اللہ ٹھیرانے کی صورت میں وہ ابراہیمی توحید کیونکر ان لوگوں میں باقی رہ سکتی ہے وما من اللہ الا اللہ واحد سے اسی مطلب کو ادا فرمایا گیا ہے (۲) جب اللہ کے رسول عیسیٰ بن مریم نے اللہ کے وحدہ لاشریک ہونے اور اپنے رسول ہونیکی ان لوگوں کو صاف ہدایت کی تو پھر ان لوگوں نے اپنے رسول کی ہدایت کے برخلاف یہ شرک کی باتیں کہاں سے نکالی ہیں کیا

ضرا ۲

انکو عیسیٰ بن مریم کی یہ نصیحت یاد نہیں کہ مشرک کا ٹھکانا دوزخ اور جنت اُسپر حرام ہے وقال المسیح یا بنی اسرائیل اعبدوا اللہ ربی وربکم انہ من یشرک باللہ فقد حرم اللہ علیہ الجنۃ ومأواہ النار وما للظالمین من انصار سے یہی مطلب ادا فرمایا گیا ہے۔ اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے انجیل کے ترجموں میں اگرچہ سینکڑوں تبدل وتغیر ہو گئے۔ لیکن انجیل یوحنا کے سترھویں باب میں اس آیتِ قرآن کی پوری صداقت اب بھی موجود ہے۔ اسیطرح انجیل متی کا تیسرا اور چوتھا باب بھی دیکھنے کے قابل ہے جس میں مسیح علیہ السلام نے شیطان سے فرمایا ہے کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کسیکو سجدہ کرنا۔ یا کسیکی عبادت جائز نہیں ہے +

(۳) عیسیٰ بن مریم اور اُنکی ماں مریم کھانا کھایا کرتے تھے جسکی زندگی کا مدار کھانا کھانے پر ہو جسکی ذات میں یہ تغیر ہو کہ ہر روز کی غذا کے سبب سے اُس کا خون گوشت سب کچھ بڑھتا رہے تو یہ سب نشانیاں مخلوقات کی شان کی ہیں وہ پاک ذات ان سب باتوں سے پاک ہے چنانچہ سورۂ انعام میں آویگا وھو یطعم ولا یُطعَم جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ سب کو کھلاتا ہے اور خود کھانے سے پاک ہے۔ پھر ایسی موٹی باتوں کو بھولکر کس عقل سے یہ لوگ عیسیٰ بن مریم اور اُنکی ماں کو اللہ کا شریک ٹھیرائے ہیں۔ کانا یاکلان الطعام انظر کیف نبین لہم الآیات ثم انظر انی یؤفکون سے یہی مطلب بیان کیا گیا ہے۔ حاصل مطلب ان آیتوں کا یہ ہے کہ جن لوگوں نے عیسیٰ بن مریم کو اللہ کہا یا اُنکو اور اُنکی ماں کو اللہ کا شریک ٹھیرایا وہ لوگ عیسیٰ بن مریم کے طریق کے بالکل مخالف اور منکر ہیں کیونکہ عیسیٰ بن مریم نے ان لوگوں کو توحید سکھائی یہ شرک کی باتیں ہرگز نہیں سکھائیں۔ باوجود اسکے پھر جو کوئی ان شرک کی باتوں میں گرفتار رہے گا اُسپر جنت حرام اور اُسکا ٹھکانا دوزخ ہے کس لیئے کہ اُس نے ایسی باتوں میں گرفتار رہکر اپنے نفس پر یہ ظلم کیا کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے بندوں کو اللہ کا شریک اور اپنا معبود ٹھیرایا اسلیئے ایسے ظالم لوگ اپنے شرک کی باتوں سے جب تک باز آکر اللہ کی جناب میں توبہ واستغفار نہ کرینگے تو قیامت کے دن وہ سخت عذاب میں پکڑے جاوینگے اور اللہ کے عذاب سے چھڑانے میں اُن کا کوئی حامی و مددگار نہ ہوگا۔ اور ان لوگوں کا یہ خیال کہ عیسیٰ بن مریم مثلاً مردہ کو زندہ کرتے تھے اسواسطے خدا تھے بالکل یہ غلط خیال ہے۔ عیسیٰ بن مریم کی مانند اور رسول بھی صاحب معجزہ ہوئے ہیں۔ جنکو یہ لوگ خدا نہیں کہتے۔ مثلاً موسیٰ علیہ السلام کے معجزے سے لکڑی کا سانپ بن جانا۔ مردہ کو زندہ کرنے سے کچھ کم نہیں ہے۔ ان لوگوں کو اتنی بات سمجھ لینی چاہیئے کہ جب عیسیٰ بن مریم اور اُنکی ماں غذا کے حاجتمند تھے تو ایسا حاجتمند شخص خدا کیونکر ہو سکتا ہے۔

کفر و شرک یہ ہے کہ ثلث ثلثہ کو یوں سمجھے کہ اللہ تعالیٰ تین معبودوں میں کا ایک ہے اگر دو بندوں میں اللہ تعالیٰ کو تیسرا حاضر و ناظر سمجھا جاوے تو یہ عین ایمان ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی روایت ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے فرمایا کہ ہم ایسے دو ہیں جن کا تیسرا اللہ ہے۔ پھر اسیکی مدد پر بھروسا کرنا چاہیئے یہ اُس وقت کی حدیث ہے کہ ہجرت کے ارادہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ مکہ سے نکلکر جبل ثور کے غار

منزل ۲

میں ٹھیرے ہوئے تھے اور مکہ کے مشرک لوگ اس پہاڑ کے اردگرد آپکی تلاش میں اس طرح پھر رہے تھے کہ اُس غار میں سے مشرکوں کے پاؤں نظر آتے تھے۔ صدیق کے معنی سورۃ النسا میں گزر چکے ہیں کہ صدیق کے دل میں وحی کے احکام کی صداقت زیادہ ہوتی ہے۔ حضرت مریم کے دل میں توراۃ اور انجیل کے احکام کی صداقت بہت تھی اس واسطے آپکا لقب صدیقہ ہے۔ اِس سے علمارنے یہ بات نکالی ہے کہ حضرت مریم نبی نہیں تھیں کیونکہ صدیق کا مرتبہ نبی کے بعد ہے سورۃ النساء کی آیۃ وما ارسلنا قبلک الا رجالا نوحی الیہم سے اِس قول کی پوری تائید ہوتی ہے کیونکہ اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی سب مرد ہی ہوئے ہیں۔ تثلیث کے مسئلہ کے باب میں ایک یہ بات بھی ذکر کرنے کے قابل ہے کہ اس مسئلہ کے انجیل میں نہ ہونیکے سبب سے نصاریٰ میں کے پروٹسٹنٹ فرقہ کے لوگ اپنی کتابوں میں اس کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ فرقہ انجیلی کہلاتا ہے ان لوگوں کا اعتقاد یہ ہے کہ علمار سلف کا جو قول آسمانی کتاب کے مخالف ہو وہ داخل دین نہیں ہے اِس لیئے ان لوگوں نے اِس مسئلہ کو انجیل کے مابعد کا مسئلہ قرار دیکر اُس کا ذکر اپنی کتابوں میں چھوڑ دیا ہے۔ تثلیثی فرقہ کا یہ اعتقاد ہے کہ ہر شخص کی نجات تثلیث کے مسئلہ پر منحصر ہے۔ جب اِس فرقہ کے مخالف لوگوں نے اِس فرقہ پر یہ اعتراض کیا کہ اگر یہ مسئلہ ایسا ضروری تھا جسپر مسیحی لوگوں کی نجات منحصر تھی اور مسیح علیہ السلام لوگوں کو نجات کا طریقہ بتلانے کیلئے دنیا میں آئے تھے تو مسیح علیہ السلام نے یہ مسئلہ لوگوں کو صاف طور پر کیوں نہیں بتلایا تثلیثی فرقہ کے لوگوں نے اس اعتراض کا جواب دو طرح سے دیا ہے ایک تو یہ کہ تثلیث کا مسئلہ ایسا دقیق تھا کہ مسیح علیہ السلام کے آسمان پر چلے جانے سے پہلے صحیح طور پر یہ مسئلہ کسی کی سمجھ میں نہیں آسکتا تھا۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ یہود کے خوف سے مسیح علیہ السلام نے یہ مسئلہ حواریوں کے روبرو بیان نہیں کیا۔ فرقہ تثلیثی کے مخالف لوگوں نے پہلے جواب کو تو اس طرح غلط قرار دیا ہے کہ حضرت عیسیٰ کے آسمان پر چلے جانے کے بعد کوئی دقیق مسئلہ طے نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ خود یوحنا حواری نے جبکہ اپنے رسالہ کے چوتھے باب میں اپنے زمانہ کا حال یہ لکھا ہے کہ اس زمانے میں بہت سے جھوٹے نائب مسیح علیہ السلام کے پیدا ہو گئے ہیں اور آدم کلارک نے اپنی شرح میں یوحنا کے اِس قول کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ مسیح علیہ السلام کے بعد بہت سے لوگ الہام کا دعوی کرنے والے پیدا ہو گئے تھے جنکے الہام جھوٹے تھے اور خاصکر ان میں فریبی یہودی اکثر تھے۔ اب یہ تو ظاہر ہے کہ پولس یہودی کا زمانہ بھی وہی ہے اور اُس وقت کے تاریخ والوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ شخص عیسائی دین میں رخنہ ڈالنے کی نیت سے بظاہر فریب کے عیسائی ہوا تھا۔ اور یہ تو اوپر بیان ہو چکا ہے کہ پولس کا الہام توراۃ انجیل مسیح علیہ السلام کی نصیحت سب کے برخلاف ہے۔ تو پھر ایسے الہام کو آسمانی الہام کیونکر کہا جا سکتا ہے۔ اور اس طرح کے مشکوک الہام کی بنا پر تثلیث کے مسئلہ کے باب میں آسمانی کتاب کس طرح بدل سکتی ہے۔ دوسرے جواب کو یوں غلط ٹھیرایا گیا ہے کہ انجیل کی اکثر آیتوں کے موافق مسیح علیہ السلام نے چھوٹے چھوٹے مسئلے بنی اسرائیل کو بلا خوف وخطر بڑی سختی سے سمجھائے ہیں اس حالت میں مسیح علیہ السلام پر یہ تہمت ہے کہ انھوں نے اتنا بڑا ضروری مسئلہ لوگوں کے خوف سے بغیر بیان کے چھوڑ دیا +

ف ۲۱

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۭ وَاللّٰهُ هُوَ

تو کہہ تم ایسی چیز پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جو مالک نہیں تمہارے برے کی اور نہ بھلے کی اور اللہ وہی ہے

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا

سنتا جانتا تو کہہ اے اہل کتاب مت مبالغہ کرو اپنے دین کی بات میں ناحق کا اور مت چلو

ع اَهْوَاۗءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَاۗءِ السَّبِيْلِ ۝

کہا ایک لوگوں کے جو بہک گئے ہیں آگے اور بہکا گئے بہتوں کو اور بھولے سیدھی راہ سے

اوپر ذکر تھا نصاریٰ میں کے بعضے لوگ مسیح بن مریم کو خدا کہتے ہیں اور بعضے خدا کا شریک ٹھیراتے ہیں اُن ہی لوگوں کے سمجھانے کے لیے ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو مخاطب ٹھیرا کر فرماتا ہے کہ اے رسول اللہ کے تم ان لوگوں سے کہدو کہ سوا اللہ تعالیٰ کے جنکو تم اپنا معبود ٹھیراتے ہو نہ اُنکو تمہارے برے بھلے کا کچھ اختیار ہے نہ تمہارے حاضر و غائب سننے کی التجا سُن لینے کی اُن میں کچھ قدرت ہے نہ ہر ایک کی دلی التجا کا اُنھیں کچھ حال معلوم ہو سکتا ہے۔ یہ اللہ ہی کی ذات ہے کہ وہ ہر ایک کی التجا سنتا ہے ہر ایک کے دلی مقصد کو خوب جانتا ہے۔ ایک وقت وہ تھا کہ بنی اسرائیل بڑی ذلت و خواری سے فرعون کے بس میں تھے جب اللہ تعالیٰ نے اُنکی بہبودی کا ارادہ کیا تو فرعون کے پھندے سے اُنکو نکالکر نبوت بادشاہت سب کچھ اُنکو دیدیا۔ پھر جب اُنھوں نے اللہ کی ان نعمتوں کی ناشکری کی تو اُس قادر مطلق نے اُسی ذلت و خواری کا دن اُنھیں پھر دکھا دیا۔ آدمی کے غور کرنے کے لیے ایسی بے گنتی مثالیں اُسکی قدرت کی دنیا میں اب بھی موجود ہیں۔ ان لوگوں کا تو یہ حال کہ یہ مسیح بن مریم کو خدا یا خدا کا شریک کہیں اور خود مسیح بن مریم کا یہ حال کہ اُنھوں نے اے میرے معبود اے میرے معبود کہہ کہہ کر اپنے آخری وقت پر اپنی طرح طرح کی التجا اللہ تعالیٰ کی جناب میں پیش کی جس کا ذکر انجیل متی کے ستائیسویں باب میں ہے مسیح بن مریم تو اپنے بندے ہونے اور اللہ تعالیٰ کے معبود حقیقی ہونے کی اس آخری اقرار پر دنیا سے اُٹھ گئے۔ لیکن اس پر بھی یہود نے اُنکے گھٹانے میں یہانتک مبالغہ کیا کہ اُنکو اللہ کا رسول بھی نہیں کہتے۔ نصاریٰ نے اُنکے بڑھانے میں یہانتک مبالغہ کیا کہ اُنکو خدا یا خدا کا شریک ٹھیرایا۔ یہ سب باتیں اُنکے بڑوں کی تراشی ہوئی ہیں جو خود بھی بے راہ ہوئے اور لوگوں کو بھی بے راہ کیا حال کے لوگ بھی اگر ان بے راہ بڑوں کی پیروی میں عمر بھر لگے رہیں گے اور پھر عقبیٰ میں اپنی بہبودی کی توقع اللہ تعالیٰ سے رکھیں گے تو یہ بڑی نادانی کی بات ہے۔ ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالے سے شداد بن اوس کی معتبر سند کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص عمر بھر اپنی خواہش نفسانی کا پیرو رہا اور پھر اللہ تعالیٰ کی ذات سے اُس نے عقبیٰ کی بہبودی کی توقع رکھی وہ شخص بڑا نادان ہے۔ یہ حدیث گویا ان آیتوں کی تفسیر ہے ۞

منزل ۲

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى

لعنت کھائی منکروں نے بنی اسرائیل میں سے داؤد کی زبان پر اور عیسیٰ

ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ

بیٹے مریم کی یہ اس سبب کہ گنہگار تھے اور حد پر نہ رہتے تھے آپس میں منع نہ کرتے

عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ

برے کام سے جو کر رہے تھے کیا برا کام ہے جو کرتے تھے تو دیکھے ان میں بہت لوگ رفیق

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ

کافروں کے بری تیاری بھیجی ہے اپنے واسطے کہ اللہ کا غضب ہوا ان پر اور ہمیشہ وہ

خٰلِدُوْنَ ۝ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَاۗءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ

عذاب میں ہیں اور اگر یقین رکھتے اللہ پر اور نبی پر اور جو اس پر اترا تو انکو رفیق نہ ٹھیراتے پر ان میں بہت لوگ بے حکم ہیں

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اس بات کے جتلانے کو نازل فرمائی ہے کہ بنی اسرائیل خاصکر کچھ اب قرآن شریف کے نازل ہونے کے زمانے میں ایسی نافرمانی نہیں کرتے جسکے سبب سے قرآن شریف میں اکثر آیتیں انپر لعنت کی اتری ہیں بلکہ ہمیشہ سے انکا یہی حال ہے کہ سابق کے انبیا کے زمانہ میں سابق کی آسمانی کتابوں میں بھی انکی نافرمانی کے سبب سے اوپر لعنت اتر چکی ہے مسند امام احمد ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ میں عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ بنی اسرائیل میں جب طرح طرح کے گناہ پھیلے تو انکے علماء نے پہلے تو کچھ منع کیا پھر عالم لوگ بھی جاہلوں سے مل جل گئے اسپر اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ کی زبانی زبور اور انجیل میں ان سب پر لعنت اتاری تفسیر ابن جریر میں علی بن طلحہ کی سند سے حضرت عبداللہ بن عباس سے بھی اسی طرح روایت ہے۔ یہ اوپر گزر چکا ہے کہ یہ سند عبداللہ بن عباس کی صحیح ہوا کرتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے قسم کھا کر امام احمد ترمذی اور ابن ماجہ کی حذیفہ رض کی روایت میں یہ فرمایا ہے کہ اس امت کے عالم لوگ بھی جب اچھی بات کی نصیحت اور بری بات کی ممانعت چھوڑ دینگے اور پھر دعا کرینگے تو کسیکی دعا قبول نہ ہوگی۔ ترمذی نے اس حدیث کی سند کو معتبر کہا ہے ابن ماجہ میں حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ آنحضرت سے کسی نے پوچھا کہ حضرت لوگوں میں وعظ و نصیحت کا رواج کب اٹھ جائیگا آپنے فرمایا پہلی امتوں کی طرح جب تم میں چھوٹی عمر کے لوگ صاحب حکومت اور بڑی عمر کے لوگ بیکار اور عالم لوگ خدا کے نافرمان بردار ہونگے تو آپس میں وعظ و نصیحت کا چرچا اور رواج اٹھ جاویگا انس بن مالک کی یہ حدیث اگرچہ فقط ابن ماجہ میں ہے لیکن ابن ماجہ کی سند میں کوئی راوی ضعیف نہیں ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی روایت گزر چکی ہے کہ خلاف شریعت بات کی اصلاح ہاتھ سے زبان سے دل میں اس

ف ۱۲

خلاف شریعت بات کو بُرا جانے جسطرح ممکن ہو کیجاوے غرض اِس باب میں بہت سی حدیثیں ہیں جسکے سبب سے ایک کو دوسرے سے تقویت حاصل ہوجاتی ہے حاصل معنی اِن آیتوں کے یہ ہیں کہ یہود حد سے بڑھکر طرح طرح کے گناہ کرتے تھے اور ان گناہوں پر آپس میں ایک دوسرے کو منع نہیں کرتا تھا بلکہ سب ایک دل ہو گئے تھے یہ اعمال تو اُنکے بُرے تھے علاوہ اِسکے یہ بھی تھا کہ اہل کتاب ہوکر اہل اسلام کی مخالفت میں مکہ کے مشرک لوگوں سے انھوں نے دوستی پیدا کی تھی جسکے سبب سے اللہ تعالیٰ کے ہمیشہ کے غصہ اور عذاب کے یہ لوگ مستحق ٹھیر گئے اور اللہ تعالیٰ نے اُنکو اپنی رحمت سے دُور لائق پھٹکار قرار دیا یہی معنی اللہ کی لعنت کے ہیں۔ پھر یہ فرمایا کہ اگر ان لوگوں کے دل میں بھی کتاب آسمانی کا ایسا ہی یقین ہوتا جس طرح سے یہ لوگ کتاب آسمانی کی پابندی زبانی ظاہر کرتے ہیں تو یہ بُت پرستوں سے دوستی پیدا کرکے بت پرستی کی تعریف نہ کرتے۔ حیی بن اخطب اور کعب بن اشرف یہودیوں کے سرداروں کا مکہ جاکر بت پرستوں سے میل جول کرنا اور اُنکے بت پرستی کے طریقہ کو مسلمانوں کے طریقہ سے اچھا بتانا یہ قصہ سورۃ النساء میں گزر چکا ہے۔ آخر کو فرمایا کہ ان میں کے اکثر لوگ نافرمان ہو گئے ہیں اس لیئے اُنکو ایسی باتوں کی پروا نہیں رہی۔ ترمذی نسائی وغیرہ کے حوالہ سے ابوہریرہ رضؓ کی صحیح حدیث اوپر گزر چکی ہے کہ بغیر توبہ کے گناہ کرتے کرتے آدمی کے دل پر زنگ لگ جاتا ہے جسکے سبب سے کوئی نیک بات اُسکے دل پر اثر نہیں کرتی۔ قتل انبیا اور اُسکے سوا اور بڑے بڑے گناہ کرتے کرتے یہود کے دلوں کا یہ حال ہو گیا تھا اسی واسطے گناہوں کی جرأت اور نیک کاموں کی طرف سے بے پروائی اُن میں بڑھ گئی تھی۔ اِس اُمت میں بھی کسی شخص میں اگر یہ عادت پیدا ہوجاوے تو اُسکو چاہیئے کہ خالص دل سے توبہ و استغفار کرکے اپنے دل کو اِس زنگ سے پاک و صاف کرے۔ مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے معتبر سند کی ابوامامہ کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کا دل نیک کام کرکے خوش ہوا اور بُرا کام کرکے غمگین ہوا تو وہ شخص ایسا ہے کہ اُسکے دل میں نور ایمانی کی جھلک ہے۔ دل کی حالت آزمانے کے لیئے یہ حدیث بڑی کسوٹی ہے ۞

لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا

تو پاوے گا سب لوگوں سے زیادہ دشمنی میں مسلمانوں سے یہود کو اور شریک والوں کو

سورۂ بقر کی آیت ولتجدنہم احرص الناس علی حیوٰۃ کی تفسیر میں گزر چکا ہے کہ جس طرح مشرک لوگوں کا دارومدار فقط دنیا کی زندگی پر ہے عقبیٰ کے یہ لوگ بالکل منکر ہیں اسی طرح یہود ہیں کہ انبیا کے قتل اور علاوہ اُسکے اور بڑے بڑے گناہوں کے کرنے سے مشرکوں کی طرح یہ بھی سخت دل ہوکر عقبیٰ کو بالکل بھول گئے ہیں اور فقط دنیا کی زیست پر ہی انکا بھی دارومدار ہے۔ اسلام میں اِس عادت کے لوگوں کی بڑی مذمت آئی ہے۔

اِس لیئے ایک دل ہوکر یہ دونوں فریق اسلام کے سخت دشمن ہیں بخلاف نصاریٰ کے کہ اُن میں بعضے عبادت پسند اور تارک الدنیا ہیں یہود جیسی دنیا پرستی اُنکے جی میں نہیں ہے اس لیئے اسلام کی دنیا پرستی کی مذمت کو اُنھوں نے عداوت کا سبب نہیں ٹھیرایا۔ اسی واسطے ہرقل اور مقوقس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوں کی عزت کی۔ اور کسریٰ نے آپ کا خط پھاڑ ڈالا حاصل معنی آیت کے یہ ہیں کہ یہود اور مشرکوں کی عداوت ملتی جلتی ہے اِس لیئے یہود اسلام کی عداوت میں مشرکوں کے قدم بقدم ہیں نصاریٰ ایسے نہیں ہیں چنانچہ اُنکا ذکر آتا ہے +

وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ذَٰلِكَ

اور تو پاوے گا سب سے نزدیک محبت میں مسلمانوں کے وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں یہ

بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ○

اس واسطے کہ ان میں عالم ہیں اور درویش ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔

اگرچہ نسائی اور ابن ابی حاتم اور طبرانی نے شان نزول اِس آیت کی یہ بیان کی ہے کہ مدینہ منورہ کی ہجرت سے پہلے عورتوں بچوں کے علاوہ اسّی آدمی کے قریب حبشہ کو ہجرت کر گئے تھے اور قریش نے نجاشی بادشاہ حبشہ سے اِن لوگوں کے مکہ میں واپس کر دینے کی خواہش حبشہ جاکر کی تھی اور نجاشی نے اِن لوگوں کا اصلی حال دریافت کرنے کی غرض سے اِن لوگوں کو اپنے روبرو بلایا تھا اور آنحضرت کے ذکر کے ذیل میں نجاشی نے حضرت جعفر سے کہا تھا کہ تمھارے نبی پر جو کلام اُترتا ہے اُس میں سے کچھ مجکو سُناؤ اور حضرت جعفر نے سورۂ مریم پڑھی تھی جسکو سُن کر نجاشی اور پادری لوگ روئے تھے اُسپر یہ آیتیں اور آگے کی آیتیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہیں اور شاہ صاحب نے بھی اِسی شان نزول کو موضح القرآن میں اختیار کیا ہے لیکن حافظ ابن کثیر نے اِسپر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ نجاشی کا قصہ اُس وقت کا ہے کہ آنحضرت اُس وقت مدینہ میں تشریف رکھتے تھے اور وہیں قرآن شریف نازل ہوتا تھا اس صورت میں ان مدنی آیات کا نزول اُس وقت کیونکر تسلیم کیا جا سکتا ہے اِس لیئے شان نزول اِن آیات کی وہی ہے جسکو ابن ابی حاتم نے دوسری روایت میں بیان کیا ہے کہ نجاشی نے تیس پادری آنحضرت کے پاس مدینہ میں بھیجے تھے۔ آنحضرت نے اُنکو سورۂ یٰسین پڑھکر سُنائی اور وہ سُنکر روئے اسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ حافظ ابن کثیر کے اِس اعتراض کا جواب یوں ہو سکتا ہے کہ اگرچہ نجاشی کے سورۂ مریم سُنکر رونے کا قصہ ہجرت مدینہ سے پہلے کا ہے لیکن ہجرت کے بعد نجاشی کے بھیجے ہوئے وہ پادری جب مدینے میں آئے جو نجاشی کے مصاحب تھے اور سورۂ مریم کے سُن لینے کے وقت وہ نجاشی کے پاس تھے اور نجاشی کے ساتھ وہ بھی روئے تھے اب جو سورۂ یٰسین سُنکر یہ پھر روئے

منزل ۲

تو اللہ تعالیٰ نے دونوں قصوں کو شان نزول قرار دیکر یہ آیات نازل فرمائی ہیں حاصل یہ ہے کہ اگرچہ یہ آیتیں نصاریٰ کے ایک خاص گروہ کی شان میں نازل ہوئی ہیں لیکن ان آیتوں کے لفظ عام ہیں اس لیے اب بھی نصاریٰ میں جو لوگ اس خاص گروہ کی عادت کے ہیں وہ ان آیتوں کے حکم میں داخل ہیں۔ سورۂ بقر کی آیت لتکونوا شہداء علی الناس کی تفسیر میں گزر چکا ہے کہ سوائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے اور نبیوں کی اُمتیں قیامت کے دن اپنے نبیوں کو اللہ تعالیٰ کے سامنے جھٹلا دینگے اور یہ کہینگے کہ یا اللہ ہمکو کسی نبی نے تیرا حکم نہیں پہنچایا اور انبیا اپنی رسالت کا ادا کر دینا ظاہر کرینگے۔ قرآن شریف میں پچھلے سب انبیا اور پچھلی سب اُمتوں کا حال ہے اِس لیئے اُمت محمدیہ کے لوگ اُن انبیا کی تائید میں کہوینگے کہ یا اللہ قرآن شریف میں پہلے نبیوں کی رسالت کے ادا ہو جانے کا ذکر ہے اِس واسطے ہم تیرے کلام کے سچے ہونے کی شہادت ادا کرتے ہیں ❊

❊ ❊ ❊

منزل ۲

پان لایحب اللہ تمام شد

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ

اور جب سنین جو اوترا رسول پر تو دیکھے انکی آنکھین ابلتی ہین آنسو سے اسپر جو پہچانے بات حق کہتے ہین

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ

اے رب ہمنے یقین کیا سو تو لکھ ہمکو ماننے والون کیساتھ اور ہمکو کیا ہوا کہ یقین نہ لاوین اللہ پر اور جو پہنچا ہم پاس حق

وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور ہمکو توقع ہے کہ داخل کرے ہمکو ہمارا رب ساتھ نیک بختون کے پھر انکو بدلہ دیا انکے رب نے اس کہنے پر باغ نیچے انکے بہتی نہرین

ع ۱۱ الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

رہا کرین اون مین اور یہ ہے بدلہ نیکی والون کا۔ اور جو منکر ہوئے اور جھٹلانے لگے ہماری آیتین وہ ہین دوزخ کے لوگ

یہ آیتین بھی دتبدن اقربہم کی شان نزول میں داخل ہیں۔ فاکتبنا مع الشاہدین کا یہی مطلب ہے کہ نصارا کے اس وفد نے جس کا ذکر ان آیتون مین ہے اسی شہادت مین شریک ہونے کی دعا اللہ تعالیٰ کے جناب میں کی ہے جس شہادت کا ذکر سورہ بقر میں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ جب یہ پادری لوگ مدینہ سے حبشہ کو واپس گئے تو قوم کے بعضے لوگون نے انپر یہ اعتراض کیا کہ تم نے اسلام کی صداقت کیون کی اون پادریون نے اس اعتراض کا یہہ جواب دیا کہ حق بات کے معلوم ہوجانے کے بعد ہم سے یہ نہین ہوسکتا کہ ہم اسکو نہ مانین اور اس حق بات کے مان لینے سے ہمکو اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ وہ ہمکو نیک لوگون میں داخل کریگا۔ حق بات سے مطلب وہی نبی آخرالزمان کے پیدا ہونے کی پیشین گوئی ہے جسکا ذکر توراۃ اور انجیل کے حوالہ سے اوپر گذر چکا ہے۔ ان پادریون کی توراۃ انجیل اور قرآن کی صداقت سچے دل سے تھی اسلئے اللہ تعالیٰ نے آگے فرمایا کہ ان لوگون کی اس نیکی کا اور انکی طرح اور جو کوئی نیکی کرے اس سب کا انجام یہ ہے کہ ایسے لوگ دنیا سے اوٹھ جانے کے بعد ہمیشہ جنت میں راحت اور آرام سے رہوین گے اور جو لوگ اس صداقت سے بے بہرہ ہیں اون کا ٹھکانا دوزخ ہے جحیم کے معنے دہکتی آگ کے ہیں بیہقی وغیرہ کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جس میں دوزخ کی آگ کے تین ہزار برس تک دہکائے جانے کا ذکر ہے اسواسطے دوزخ کی آگ کو دہکتی آگ فرمایا صحیح بخاری و مسلم کی ابوہریرہؓ کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمین یہ ذکر ہے کہ دوزخ کی آگ کی تیزی دنیا کی آگ کی تیزی سے اونہتر ۶۹ حصے زیادہ ہے غرض اس باب مین ایک حدیث کو دوسری حدیث سے تقویت حاصل ہوکر یہ سب حدیثین جحیم کی گویا تفسیر ہین۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اے ایمان والو مت حرام ٹھیراؤ ستھری چیزین جو اللہ نے تمکو حلال کین اور حد سے نہ بڑھو اللہ نہین چاہتا زیادتی والے

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۖ وَاتَّقُوا

والون کو اور کھاؤ اللہ کے دیئے سے جو حلال ہو ستھرا اور ڈرتے رہو

اللَّهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝

اللہ سے جس پر تمین رکھتے ہو

مباشرت کا کرنا ترک کردیا تھا اور ایک صحابی نے اپنے گھر میں ایک مہمان آئے ہوئے تھے ان صحابی کو آنحضرت کے پاس سے گھر جانے میں دیر ہوگئی انکی بی بی نے انکے انتظار میں مہمان کو کھانا نہین دیا جب یہ گھر گئے انکو مہمان کے بھوکا رکھنے سے اپنی بی بی پر غصہ آگیا اس لیئے انھون نے اس روز کھانا نہ کھانے کی قسم کھالی انکی قسم کے سبب سے بی بی اور مہمان نے بھی قسم کھالی غرض اس طرح کے چند قصون کے جمع ہوجانے سے اللہ تعالی نے یہ آیتہ نازل فرمائی اور مسلمانون کو ہدایت کی کہ اللہ کی حلال کی ہوئی چیزون کو غصہ مین آکر یا غیر کا حق تلف کرکے اپنے اوپر حرام نہین کرنا چاہیئے ہان کسی چیز کے حلال ہونے کا اعتقاد رکھکر سہولت عبادت یا کسی اور غرض سے چند روز کسی چیز کو چھوڑ دیا جاوے تو وہ اور بات ہے اسی طرح کے قصے صحابہ کے سنکر آپ نے فرمایا ہے کہ لوگونکا کیا حال ہے کہ حلال چیزونکو اپنے اوپر حرام کرلیتے ہین مین تو نبی ہوکر روزہ بھی رکھتا ہون اور افطار بھی کرتا ہون اور مباشرت بھی کرتا ہون جو کوئی میری سنت کے خلاف کریگا میں اس سے بیزار ہون یہ حدیث صحیحین میں حضرت عائشہ کی روایتہ سے ہے حاصل مطلب ان آیتون کا یہہ ہے کہ اللہ تعالے نے شرع مین حلال حرام چیزون کی جو حد ٹھہرادی ہے ہر ایماندار شخص کو اس حد کی پابندی ضرور ہے کیونکہ اس حد سے باہر قدم رکھنے مین احکام الٰہی کی ایک طرح کی نافرمانی اور شیطان کے بہکاوے کی ایک طرح کی پاسداری ہے جس سے ہر ایماندار کو بچنا اور پرہیز کرنا چاہیئے صحیح مسلم کی عیاض بن حمار کی حدیث سورہ بقر مین گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے جو چیزین مین نے اپنے بندون پر حلال کی تھین شیطان کے بہکانے سے وہ انھون نے اپنے اوپر حرام کرلی ہین یہ حدیث ان آیتون کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنے طور پر شرعی حلال کو حرام یا حرام کو حلال ٹھہرانا شیطانی بہکاوے کے اثر سے ہوتا ہے اس لیے وہ اللہ تعالی کو پسند نہین ہے۔

ضرائع

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ ۖ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ

نہین پکڑتا تمکو اللہ تمہاری بے فائدہ قسمون پر لیکن پکڑتا ہے جو تمنے قسم گرہ باندھی سو اسکا اوتارا کھلانا دس محتاجون کا

مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ ۖ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

بیچ کا کھانا جو دیتے ہو اپنے گھر والون کو یا انکو کپڑا دینا یا ایک گردن آزاد کرنی پھر جسکو پیدا نہ ہو تو روزہ تین دن کا

ذٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ وَاحْفَظُوا أَيْمَانَكُمْ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب قسم کھا بیٹھو اور تھامتے رہو اپنی قسمیں یوں بتاتا ہے تمکو اللہ اپنے حکم شاید تم احسان مانو

امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق اس آیتہ کی شان نزول تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابن ابی حاتم وغیرہ میں جو بیان کی گئی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ ترک دنیا کے طور پر جب بعضے صحابہ نے قسم کھا کر بعضی چیزیں اپنے اوپر حرام کر لیں اور اوپر کی آیت یا ایہا الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم میں اُسکی ممانعت نازل ہوئی تو ان صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ حضرت ہم لوگوں نے حلال چیزوں سے باز رہنے کی جو قسم کھائی تھی اُس قسم کا اب کیا حکم ہے اُسپر اللہ تعالےٰ نے یہ آیتہ نازل فرمائی۔ سورہ بقر میں گذر چکا ہے کہ تکیہ کلام کے طور پر واللہ یا للہ یا ایسے اور لفظ آدمی کے مونہہ سے جو نکل جاتے ہیں یا ایک بات کو کوئی شخص سچ گمان کر کے اوسپر قسم کھا بیٹھے اور حقیقت میں وہ بات اُس طرح سے نہو یہ صورتیں قسم میں داخل نہیں ہیں نہ انکا کچھ کفارہ ہے۔ انہی صورتوں کو یمین لغو کہتے ہیں۔ کفارہ کے قابل وہی قسم ہے جو دلی ارادہ سے ہو۔ اس دلی ارادہ کی قسم پر قائم نرہنے کی حالت میں اسکے کفارہ کی یہی چار صورتیں ہیں جنکا ذکر اس آیتہ میں ہے کہ یا دس مسکینوں کو کھانا کھلا دیا جاوے یا کپڑا پہنا دیا جاوے یا ایک بردہ آزاد کر دیا جاوے۔ ان تینوں باتوں میں سے کسی بات کا بھی مقدور نہ ہو تو تین روزے رکھے جاویں ان روزوں کے پے در پے ہونے اور نہ ہونے میں۔ کھانے کی جگہ کچا اناج دیا جاوے تو اُسکے مقدار میں۔ کپڑوں کی گنتی میں۔ بردہ کے مسلمان ہونے یا نہونے میں سلف کا اختلاف ہے جسکی تفصیل بڑی کتابوں میں ہے۔ بیچ کی راس کے کھانے کا یہ مطلب ہے کہ نہ بہت اعلیٰ درجہ کا ہو نہ بالکل ادنےٰ درجہ کا بلکہ متوسط درجہ کا ہو۔ قسموں کے تھامنے کا یہ مطلب ہے کہ بلا ضرورت قسم کے کھانے میں جلدی نہ کی جاوے۔ احکام الٰہی کے احسان ماننے اور شکر گذاری کرنے کا یہ مطلب ہے کہ اون احکام کے موافق عمل کیا جاوے سورہ بقر میں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسےٰ اشعری رضی کی حدیث گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو میری ہر ایک قسم ایسی ہوگی کہ قسم کھانے کے بعد کوئی بات اگر اُس سے بہتر میں دیکھ پاؤں گا جسپر میں نے قسم کھائی ہے تو فوراً قسم کا کفارہ دیکر میں اُس بہتر کام کو کر لونگا۔ قسم کی حالت پر قائم رہنے یا نہ رہنے کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جو اللہ کے رسول نے اپنی امت کو سمجھائی ہے

منزل ۲

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اے ایمان والو یہ جوے شراب اور جوا اور بت اور پانسے گندے کام ہیں شیطان کے سو اونسے بچتے رہو شاید تمہارا بھلا ہو

إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ

شیطان یہی چاہتا ہے کہ ڈالے تم میں دشمنی اور بیر اور شراب سے اور جوے سے اور روکے تمکو اللہ کی یاد سے اور نماز سے پھر تم

مُّهْتَدُونَ ۝ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا ۚ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝

باز آوگے اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور بچتے رہو پھر اگر تم پھر دوگے تو جان لو ہمارے رسول کا ذمہ یہی ہے پہونچا دینا کھولکر

معتبر سند سے طبرانی میں حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت ہے کہ شراب کے نشہ میں بعضے صحابہ کی آپسمین تکرار ہوکر مار پیٹ کی نوبت آجاتی جسکے سبب سے ان لوگون کے آپس کے سلوک میں روز بروز خلل پڑتا جاتا تھا اسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین - شراب کی چار حالتین جو اسلام میں رہی ہیں انکا ذکر تو سورہ بقرہ کی آیتہ یسئلونک عن الخمر والمیسر کی تفسیر میں گذر چکا ہے ان چارون حالتون میں ایک حالت سورۃ النساء کی آیتہ یا ایہا الذین آمنو لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری کے نازل ہونے کے بعد کی تھی جسمین نماز کا وقت ٹال کر لوگ شراب پیا کرتے تھے اس حالت کے زمانہ میں یہ آپس کی تکرار اور مار پیٹ ہوا کرتی تھی اوسپر یہ شراب کے ہر وقت کے قطعی حرام ہونے کا حکم نازل ہوا - شراب پینے سے آپس کی دشمنی اس سبب سے پیدا ہوجاتی ہے کہ شراب پی کر آدمی کے ہوش وحواس ٹھکانے نہیں رہتے ہر ایک سے لڑنے جھگڑنے لگتا ہے - جوا اس سبب سے باعث عداوت ہے کہ جو شخص جوئے مین اپنا مال ہار جاتا ہے وہ بھی بدحواس ہوکر ہر ایک سے لڑنے لگتا ہے - شراب میں ایک یہ بھی خرابی ہے کہ اوسکا نشہ آدمی کو ذکر الہی اور نماز سے روک دیتا ہے - اس سورہ میں یہ اوپر گذر چکا ہے کہ انصاب بتون کے تھان تھے اور ازلام جوا کھیلنے کے پانسے ان بتون کے تھانون پر بتون کے نام کے جانور ایام جاہلیت میں ذبح کئے جاتے تھے شراب خواری اور قمار بازی بھی یہیں ہوتی تھی جوئے کے پانسے بھی یہین رکھے رہتے تھے اس لئے ان سب کا ذکر ایک ساتھ ایک جگہ فرمایا - ہر طرح کے برے کام کو رجس کہتے ہیں - صحیح مسلم کے حوالہ سے جابر رض کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان خود تو اپنا تخت سمندر کے پانی پر بچھا کر اوس تخت پر بیٹھ جاتا ہے اور شیاطینون کو لوگون کے بہکانے کے لئے ہر روز بھیج دیتا ہے ان آیتون میں برے کامون کو آپس مین دشمنی کے ڈالنے کو - ذکر الہی اور نماز سے روکنے کو شیطان کے ارادے کا اثر جو فرمایا ہے یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے - حاصل مطلب یہ ہے کہ شیاطین شراب کے نشہ اور جوئے کی دہن میں لوگون کی آنکھون پر ایسا پردہ ڈالدیتے ہیں کہ لوگون کو ان برے کامون کی برائی نہین سوجھتی اسواسطے ان کامون سے باز رہنے کی ہدایت فرماکر ہر ایماندار کی عقبے کی بہبودی کو اس ہدایت کے موافق عمل کرنے پر منحصر رکھا ہے اور اسکو اللہ اور رسول کی فرمانبرداری ٹھہرایا ہے اور فرمایا ہے کہ اللہ کے رسول کا کام یہی ہے کہ وہ تم لوگون کو اللہ کا حکم پہونچا دیوین اب جو کوئی اس کو نہ ملنے گا وہ عقبے مین اس نافرمانی کا خمیازہ بھگتے گا - صحیح مسلم مین ابوسعید خدری سے روایت ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ سوائے نماز کے اوقات کے اور وقتون میں جب شراب کا پینا جائز رکھا گیا تھا تو شراب کے نشہ میں طرح طرح کے جھگڑے قصے جو ہوا کرتے تھے اس کا حال سنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے کہ جس شخص کے

ع ۱

پاس کچھہ شراب ہو اُسکو وہ یا تو بیچ ڈالے یا اور کسی کام میں لے آوے ورنہ شراب کے باب مین کوئی قطعی حکم نازل ہونے والا ہے - اِسکے تھوڑے دنون کے بعد یہ آیۃ انما الخمر الخ نازل ہوئی اِس کے نازل ہونے کے بعد آپ نے فرمایا اِس حکم سے اللہ تعالےٰ نے شراب حرام فرمادی اب جس مسلمان شخص کے پاس کچھہ شراب ہو تو وہ اُسکو نہ بیچ سکتا ہے نہ پی سکتا ہے - آپکے اِس حکم کے بعد لوگون نے جو شراب تھی اُسکو مدینہ کی گلیون میں بہا دیا اور اِس کے پینے کو سب نے حرام قرار دیا - اِس مضمون کی اور بھی حدیثین ہیں - آیۃ اور ان حدیثون کو ملانے سے یہ مطلب ٹھہرتا ہے کہ اِس آیۃ میں شراب سے بچنے کا جو ارشاد ہے وہ شراب کے حرام ہونے کا ایک قطعی حکم ہے جسکے بعد اسلام مین شراب پھینک دینے کے قابل ایک چیز قرار پاگئی - یہ جو ایک اختلاف مشہور ہے کہ آیۃ میں خمر کا لفظ ہے اور انگور کے سوا کسی دوسری چیز سے جو شراب بنائی جاتی ہے اُسکو خمر نہیں کہتے اِس صورت مین آیۃ کا حکم انگور کی شراب پر منحصر ہونا چاہیے یہ اختلاف خمر کے لغوی معنے کی بنا پر ہے ورنہ شرع مین یہ صراحت موجود ہے کہ کھجور گیہون جو وغیرہ سے جو شراب بنائی جاتی ہے اُس کو بھی خمر کہتے ہیں چنانچہ مسند امام احمد ترمذی ابوداؤد وغیرہ مین نعمان بن بشیر کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ خمر کے یہی معنے فرمائے ہیں پھر جس طرح الفاظ صوم صلوۃ حج زکوۃ مین شرعی معنے کا اعتبار ہے اسی طرح لفظ خمر کے بھی شرعی معنے احکام شرع میں معتبر ہونگے - نعمان بن بشیر کی حدیث کی سند مین ایک راوی ابراہیم بن المہاجر ہے جسکو بعضے علما نے ضعیف قرار دیا ہے لیکن امام احمد نے ابراہیم بن المہاجر کو ناقابل اعتراض ٹھہرایا ہے اس صورت مین یہ حدیث معتبر اور آیۃ کے لفظ خمر کی تفسیر قرار پاسکتی ہے - صحیح مسلم ترمذی ابوداؤد وغیرہ مین انس بن مالک کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب سے سرکہ بنانے کو منع فرمایا ہے - اکثر علماء امت کا مذہب بھی اِس حدیث کے موافق ہے لیکن بعضے علماء کا اِس مسئلہ مین اختلاف ہے جسکی تفصیل بڑی کتابون میں ہے -

منزل ۲

لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوا وَآمَنُوا وَعَمِلُوا
جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے اوپر گناہ نہین جو کچھہ پہلے کہا چکے جب آگے ڈرے اور ایمان لائے اور کام
الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوا وَآمَنُوا ثُمَّ اتَّقَوا وَأَحْسَنُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ
نیک کئے پھر ڈرے اور یقین کیا پھر ڈرے اور نیکی کی اور اللہ چاہتا ہے نیکی کرنے والون کو

نسائی اور مسند امام احمد بن حنبل میں اِس آیۃ کی شان نزول جو بیان کی گئی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ چند صحابہ احد کی لڑائی کے وقت شراب کے نشہ کی حالت میں شہید ہو چکے تھے اِس لئے شراب کے حرام ہو جانے کے وقت صحابہ کو اُن شہیدون کے حال پر بڑا افسوس ہوا کہ بری چیز اُنکے پیٹ میں تھی جسوقت وہ شہید ہوئے اور اللہ تعالےٰ نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل آیۃ کا یہ ہے کہ اُسوقت جتنے کام مونکا اللہ کا حکم تھا جب انھون نے وہ کام کیئے تو جس چیز کے حرام ہونے کے وقت وہ موجود ہی نہین تو اُس چیز کے حرام ہو چکنے پہلے کے استعمال سے اوپر کچھہ گناہ نہین

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ

اے ایمان والو البتہ تم کو آزماویگا کچھ ایک شکار کے حکم سے جس پر پہنچیں ہاتھ تمہارے اور نیزے تاکہ معلوم کرے اللہ کون

مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اس سے ڈرتا ہے بن دیکھے پھر جسنے زیادتی کی اسکے بعد تو اوسکو دکھ کی مار ہے اے ایمان والو

لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ

نہ مارو شکار جسوقت تم احرام میں ہو اور جو کوئی تم میں اسکو مارے جان کر تو بدلہ ہے اس مار کے برابر مویشی میں شہر دین

يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا

دو معتبر تمہارے کہ نیاز پہنچاوے کعبہ تک یا گناہ کا اوتارا ہے کئی محتاجوں کا کھانا یا اس کے برابر روزے

لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ

کہ چکھے سزا اپنے کام کی اللہ نے معاف کیا جو ہو چکا جو کوئی پھر کرے گا اس سے بیر لیگا اور اللہ زبردست ہے بیر لینے والا

مقاتل بن حیان نے کہا ہے کہ عمرہ حدیبیہ کے سال احرام کی حالت میں صحابہ کرام جا رہے تھے اس وقت یہ آیۃ اللہ تعالے نے نازل فرمائی ہے مقاتل بن حیان اور مقاتل بن سلیمان دو مقاتل ہیں جن علمانے مقاتل بن حیان کو ضعیف کہا ہے اور ٹھہون نے مقاتل بن سلیمان کے شبہ میں کہا ہے ورنہ یحییٰ بن معین ابوداؤد وغیرہ بہت سے علمانے مقاتل بن حیان کی توثیق کی ہے یہ مقاتل بن حیان صحیح مسلم کے راویوں میں ہیں سفر حدیبیہ کے وقت شان نزول اس آیۃ کی خازن وغیرہ میں ہے حاصل اس شان نزول کی روایۃ کا یہ ہے کہ اس عمرہ کے سفر میں خلاف عادت تعالے کے طور پر ان صاحب احرام صحابہ کو بہت سے جنگلی جانور نظر آئے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ ان جانوروں کے نظر آنے کے وقت آنکھوں سے بن دیکھے عذاب الٰہی سے ڈر کر کون شکار کے ممانعی کے حکم کی پابندی کرتا ہے اور کون اسکی پابندی نہیں کرتا کچھ ایک شکار اسکا مطلب یہ ہے کہ فقط جنگلی جانوروں کا شکار دریائی جانوروں کا شکار نہیں چھوٹے جانور ہاتھ سے پکڑے جا سکتے ہیں اس لئے نیزے کے ساتھ ہاتھ کا بھی ذکر فرمایا اگرچہ احرام کی حالت میں ہر ایک طرح کے ہتھیار سے شکار منع ہے لیکن عرب کے لوگ نیزے سے اکثر شکار کیا کرتے تھے اسواسطے خاص طور پر نیزے کا ذکر فرمایا اللہ تعالے کے علم یا اللہ تعالی کی جانچ پڑتال کا ذکر جہاں کہیں قرآن شریف میں آتا ہے اسکے یہ معنے ہیں کہ اپنے علم ازلی میں اللہ تعالی نے ہر ایک چیز کو جسطرح جانا اور جانچا ہے سزا و جزا کے لیے دنیا میں اسکا ظہور بھی اسی طرح ہو جاوے وہ نہ ازل سے ابد تک اللہ تعالی کے علم اور جانچ سے کوئی چیز باہر کسی وقت نہیں ہے آگے فرمایا کہ اس شکار کی ممانعت کے حکم کے بعد جو کوئی اسکی پابندی نہ کریگا اسکو عقبی میں سخت عذاب بھگتنا پڑیگا صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ابوقتادہ رض کی حدیث ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ ابوقتادہ رض کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے سفر سے پہلے کسی

مترجم ۲

جگہ کچھ کام کو بھیجا تھا جہان سے وہ بغیر احرام باندھنے کے آئے اور حدیبیہ کے لشکر مین آنکر اوترے اتنے مین اُنکو ایک گورخر جنگل
مین نظر آیا جسکو دیکھکر جلدی سے اپنے گھوڑے پر سوار ہوگئے اور اپنا نیزہ اور کوڑا لینا بھول گئے اوسکے بعد اونھون نے
چند دفعہ اپنے جان پہچان صحابہ سے نیزا اور کوڑا پکڑا دینے کو کہا لیکن احرام کے لحاظ سے اون صحابہ نے ابوقتادہ کی مدد سے
صاف انکار کردیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس آیہ مین جو جانچ تھی اوس مین صحابہ کرام اس قدر ثابت قدم رہے کہ خود شکار
کھیلنا تو درکنار دوسرے شکاری کی مدد کی بھی اُنھون نے جرات نکی شروع سورہ کی آیہ غیر محلی الصید وانتم حرم کے موافق
اگرچہ آیندہ کی آیہ کے نازل ہونے سے پہلے احرام کی حالت میں شکار منع تھا لیکن وہان شروع سورہ کی آیہ مین یہ تفصیل
نہ تھی کہ اگر حالت احرام مین کوئی شخص شکار کھیل بیٹھے تو اُسکا کیا حکم ہے اسواسطے آیندہ کی آیہ مین تاکید کے طور پر شکار کی مناہی
کو دوبارہ ذکر فرماکر حالت احرام مین جو شخص شکار کھیل بیٹھے اُسکا حکم بیان فرمایا اس حکم کا حاصل یہ ہے کہ احرام کی حالت مین
اول تو شکار کی مناہی ہے اسپر بھی احرام کی حالت کو یاد رکھکر کوئی شخص شکار کھیل بیٹھے تو اوسکی سزا یہ ہے کہ جس قسم کے جنگلی
جانور کا شکار کیا ہے اُسی قسم کے شہری چوپایون مین سے ایک جانور خرید کر حرم مین اُسکی قربانی کرے مشابہت کے لحاظ سے جنگلی اور شہری جانورون
کی قسم وار منصف پنچ ٹھہرا دینگے یہ اسوقت کا حکم تھا اب خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ نے پنچ بنکر جو قسم وار ی ٹھہرادی ہے اُسکے
موافق عمل ہوگا مثلاً ہرن کی مشابہت بکری سے ٹھہر چکی ہے تو اب ہمین جدید پنچ ٹھہرانیکی ضرورت نہین ہان جہان ایسا نہو وہان جدید
دو پنچ قرار دینے چاہئین یہ قسم وار ی جب ٹھہر جاوے تو اکثر سلف کا یہی قول ہے کہ شکاری کو اختیار ہے کہ خواہ ان دامون کا کوئی قربانی
کا جانور خرید کر کے حرم مین اُسکی قربانی کرے یا ان دامون مین جسقدر محتاج پیٹ بھر کر کھانا کھا سکتے ہون اُنکو کھانا کھلا دیوے
یا ہر مسکین کے کھانے کے معاوضے مین ایک روزہ قرار دیکر مسکینون کی تعداد کے موافق روزے رکھ لیوے یہ جنگلی اور شہری
جانورون کی مشابہت اکثر سلف کے نزدیک پیدائشی صورت و سیرت مین دیکھی جاوے گی جس طرح مثلاً ہرن پیدائشی
صورت و سیرت مین بکری سے مشابہ ہے جہان یہ بات ممکن نہ ہو تو پھر قیمت کے اندازے سے کام لیا جاوے گا اس مسئلہ
مین سلف کا جو کچھ اختلاف ہے اُسکی تفصیل بڑی کتابون مین ہے۔ آگے فرمایا احرام کی حالت مین شکار کھیلنے والے
شخص کی یہ سزا اس لئے قرار دی گئی ہے کہ وہ اپنے کئے کا خمیازہ بھگت لیوے اور پھر ایسا کام نکرے ہان اس مناہی
کے حکم سے پہلے جو کچھ ہو چکا وہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک قابل معافی ہے لیکن حکم مناہی کے بعد جو کوئی مناہی کا کام کریگا اور
اس دنیوی سزا کا کچھ اثر اُسپر نہ ہوگا اور ڈیٹھ بنکر دنیوی سزا کے بعد بھی ایسا کریگا اور کرکے اُس سے توبہ نکریگا تو دنیوی سزا کے
علاوہ اللہ تعالےٰ ایسے شخص سے اور بھی بدلہ لیویگا اور اللہ تعالےٰ بدلہ لینے مین ایسا زبردست ہے کہ اُسکے بدلہ لینے کو کوئی روک نہین
سکتا۔ ترجمہ مین انتقام کا ترجمہ بدلہ لینے کا ہے اُس کا مطلب بدلہ لینے کا ہے۔ معتبر سند کی سہل بن سعد کی حدیث مسند امام احمد
کے حوالہ سے ایک جگہ گزر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک چھوٹا گنہ مثل ایک سوکھی لکڑی کے
ہے اور بہت سے چھوٹے چھوٹے گناہ مثل لکڑیون کے ڈہیر کے ہیں اور لکڑیون کے ڈہیر مین آگ لگجانے کا خوف ہے

منزل ۲

اس مضمون کی نسائی میں عبداللہ بن مسعود کی اور ابن ماجہ میں حضرت عائشہ کی بھی روایتیں ہیں حضرت عائشہ کی روایت کو ابن حبان نے صحیح کہا ہے یہ حدیثیں آیۃ ومن عاد فینتقم اللہ منہ کی گویا تفسیر ہیں۔ آیۃ اور ان حدیثوں کو ملانے سے یہ مطلب پیدا ہوا کہ بے پروائی سے جو شخص گھڑی گھڑی حالت احرام میں شکار کھیلتا رہے گا اوس کو عقبےٰ کے عذاب سے ڈرنا چاہیئے۔ ابو قتادہ کی حدیث جو اوپر گذری مسلم کی روایت میں یہ لفظ اس میں زیادہ ہیں کہ جب صحابہ نے اس ابو قتادہ کے بھیجے ہوئے گوشت کے کھانے کی اجازت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چاہی تو آپ سے اجازت دینے سے پہلے احرام والے صحابہ سے یہ بات دریافت کی کہ تم لوگوں نے شکار کے وقت شکار کے بتلانے کی یا اور کسی طرح کی مدد تو ابو قتادہ کو نہیں دی جب ان لوگوں نے جواب دیا کہ نہیں ہم نے کسی طرح کی کوئی مدد ابو قتادہ کو نہیں دی۔ اس جواب کے بعد آپ نے ان احرام والے صحابہ کو شکار کے گوشت کے کھانے کی اجازت دی اس سے معلوم ہوا کہ جس طرح احرام کی حالت میں شکار کا کھیلنا منع ہے اسی طرح شکار کی ہر طرح کی مدد بھی منع ہے۔ احرام والے شخص کی خاطر سے غیر احرام والا کوئی شخص شکار مارے تو وہ گوشت بھی احرام والے شخص کو منع ہے چنانچہ معتبر سند سے مسند امام احمد اور ابن ماجہ میں ابو قتادہ کی جو روایتیں ہیں ان میں اسکا ذکر ہے۔

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۖ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا

حلال ہوا تمکو دریا کا شکار اور اوسکا کھانا فائدے کو تمہارے اور مسافروں کے اور حرام ہوا تم پر شکار جنگل کا جب تک ہو تم احرام میں

مرل ۱ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ جَعَلَ اللَّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ

اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پاس جمع ہوگے اللہ نے کیا ہے کعبہ یہ گھر بزرگی کا ٹھیراؤ لوگوں کے واسطے اور مہینہ

الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ ۚ ذَٰلِكَ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللَّهَ

بزرگی کا اور قربانی بیجانی اور گلے میں لٹکن والیاں یہ اسواسطے کہ تم سمجھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ مَّا عَلَى الرَّسُولِ

ہر چیز سے واقف ہے جان رکھو کہ اللہ کی مار سخت ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے رسول پر ذمہ نہیں

إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ۝

مگر پہنچا دینا اور اللہ کو معلوم ہے جو ظاہر میں کروگے اور جو چھپا کو

اوپر ذکر تھا کہ احرام کی حالت میں جنگلی جانوروں کا شکار منع ہے ان آیتوں میں فرمایا کہ دریائی جانوروں کا شکار حالت احرام میں بھی جائز ہے۔ دریا کے لفظ کے معنوں میں بیان ندیاں نالے تالاب سب داخل ہیں کیونکہ ان سب جگہ کا مچھلی کا شکار احرام کی حالت میں جائز ہے دریائی جانوروں میں سے کون کون سے جانور حلال ہیں یہ بڑا اختلافی مسئلہ ہے جسکی تفصیل سرکی کتابوں میں ہے جو مچھلی کسی طرح کے شکار میں مری ہوئی ہاتھ آوے اسکے حلال ہونے میں علما کا اتفاق

نہیں ہے یان جو مچھلی خود مرکر پانی کے اوپر آجاتی ہے اُسکے حلال ہونے میں اختلاف ہے جسکی تفصیل ہر ایک مذہب کی فقہ کی کتابون میں ہے۔ مسند امام احمد سنن اربعہ موطا وغیرہ میں ابو ہریرہ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دریا کا پانی پاک ہے اور پانی مین کا مردار جانور مثلاً مچھلی حلال ہے۔ بخاری ترمذی ابن خزیمہ وغیرہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ اس حدیث سے ان علما کے قول کی بڑی تائید ہوتی ہے جو از خود مری ہوئی مچھلی کو حلال کہتے ہیں۔ طعام کی تفسیر اکثر علما نے اسی از خود مری ہوئی مچھلی کو قرار دیا ہے اور بعضے علما نے طعام کی تفسیر اس مچھلی کو قرار دیا ہے جو نمک لگاکر سوکھائی جاتی ہے۔ احرام میں جنگلی جانورون کے شکار کی ممانعت تاکید کے طور پر اس سورہ میں تین جگہ آئی ہے۔ پہلی آیۃ غیر محلی الصید وانتم حرم مین پھر آیۃ یا ایہا الذین لا تقتلوا الصید وانتم حرم مین اور پھر ان آیتونمیں اور پھر فرمایا کہ اے مسلمانون اللہ تعالے کے احکام کی نافرمانی سے ڈرو کیونکہ حشر کے دن ہر نیک و بد کی جوابدہی کے لئے تمھیں اللہ تعالے کے روبرو کھڑا ہونا پڑیگا مسند بزار اور طبرانی کے حوالہ سے معاذ بن جبل کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار باتونکی جوابدہی کے لئے ہر شخص کو قیامت کے دن اللہ تعالے کے روبرو دیر تک کھڑا رہنا پڑے گا ایک تو تمام عمر کن کاموں میں مصروف رہا دوسرے یہ کہ جوانی میں کیا کیا تیسرے یہ کہ روپیہ پیسہ کیونکر کمایا اور کہان خرچ کیا چوتھے یہ کہ دین کی جو باتین سیکھین اُنپر کیا عمل کیا۔ یہ حدیث آیۃ کے ٹکڑے واتقوا اللہ الذی الیہ تحشرون کی گویا تفسیر ہے احرام حج یا عمرہ کی نیت سے کعبہ میں جانے کے لئے باندھا جاتا ہے۔ اس لئے احرام کے منزل ۲
اور احرام کے شکار کے ساتھ کعبہ کا ذکر بھی فرمایا۔ کعبہ کو بزرگی کا گھر اسلئے فرمایا کہ اللہ تعالی نے اُسکو طرح طرح کی بزرگی دی ہے مثلاً یہی ایک کتنی بڑی بزرگی ہے کہ وہان کے جانورون تک کو امن وامان میں رکھا گیا ہے اور کعبہ کی حدود مین شکار کی ممانعت فرمائی گئی ہو کعبہ سے مطلب تمام حرم ہے چنانچہ صحیح حدیثون میں اسکی صراحت آئی ہے۔ کعبہ کو لوگون کے قیام کی جگہ اسلئے فرمایا کہ وہان کے قیام میں دین دنیا کا لوگون کا فائدہ ہے۔ دین کا فائدہ حج وعمرہ ہے جس سے گناہ معاف ہوجاتے ہین دنیا کا فائدہ یہ ہے کہ موسم حج میں طرح طرح کی تجارت میں لوگون کو نفع ہوتا ہے اسلام سے پہلے عرب میں لوٹ مار بہت رہتی تھی مگر رجب ذیقعدہ ذالحج محرم یہ چار مہینے اُس زمانہ مین بھی امن کے تھے اسی طرح جس قافلہ کے ساتھ قربانی کے جانور ہون وہ قافلہ بھی امن سے رہتا تھا اسی واسطے امن کے ذکر مین امن کے مہینون اور قربانی کے جانورون کا ذکر بھی فرمایا۔ قلائد قربانی کے وہ جانور جنکے گلے میں نشان کے لئے پٹہ ڈالا جاوے۔ اب آگے فرمایا یہ سب انتظام دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے اللہ تعالی نے اسلئے فرمائے تاکہ تم لوگون کو معلوم ہوجاوے کہ زمین وآسمان مین کوئی چیز اللہ کے علم سے باہر نہیں ہے اسی واسطے ہر چیز کے موجود ہونے سے پہلے اُسنے اپنے علم کے موافق ہر چیز کا مناسب انتظام ٹھہرایا ہے۔ پھر فرمایا ظاہر پوشیدہ نیک و بد لوگون کے سب عمل اللہ کو معلوم ہیں اور نیک و بد کی جزا و سزا کا حال اللہ کے رسول نے لوگونکو اچھی طرح سمجھا دیا ہے اب ہر ایماندار شخص کو یہ خوب سمجھ لینا چاہیئے کہ نافرمانی کے جرم میں جس کسی کی پکڑ ہوگئی تو اللہ تعالے

کا عذاب بھی بہت سخت ہے اور جس کسی پر فرمانبرداری کے سبب سے اسکی رحمت ہوگئی تو اسکی رحمت بھی بڑی وسیع ہے صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضؓ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ کی پکڑ اور اسکے غضب کا حال کسی فرمانبردار شخص کو اچھی طرح معلوم ہوجاوے تو اسکو جنت کی آرزو ایک دشوار چیز نظر آنے لگے اور اگر کسی نافرمان شخص کو اللہ کی رحمت کا حال اچھی طرح معلوم ہوجاوے تو اسکو اپنی نجات آسان نظر آنے لگے اللہ تعالیٰ کے غصہ اور عذاب کے سخت ہونے اور اسکی رحمت کے وسیع ہونے کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔ صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہؓ کی دوسری حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے یہ بات لکھ رکھی ہے کہ اسکی رحمت اسکے غصہ پر غالب ہے۔ مطلب یہ ہے کہ گنہگار ایماندارون کو بہ نسبت اسکے غصہ کے اسکی رحمت میں سے زیادہ حصہ ملنے والا ہے۔ یہ حدیث گنہگار ایماندارون کے حق میں ایک بڑی خوشخبری کی چیز ہے۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا

کہہ برابر نہیں گندا اور پاک اگرچہ تجکو خوش کرے گندے کی بہتایت سو ڈرو اللہ سے

اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

اے عقلمندو شاید تمہارا بھلا ہو

تفسیر مقاتل بن سلیمان وغیرہ میں اس آیۃ کی شان نزول کی جو روایتیں ہیں انکا حاصل یہ ہے کہ قبیلہ ربیعہ میں کا ایک شخص شریح بن ہند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ میں آیا اور آپکی نصیحت سنکر کہنے لگا کہ آپکی نصیحت تو اچھی ہے لیکن میری قوم میں کچھ ردوار لوگ ہیں جنکے مشورہ کے بغیر میں کوئی کام نہیں کرتا میں اپنے وطن پہونچکر انسے مشورہ لونگا اور انکو بھی اسلام پر آمادہ کرونگا اور شاید تھوڑے دنوں کے بعد ہم سب آنکر داخل اسلام ہوجاوینگے۔ حدیث کی روایتہ میں اگرچہ ان مقاتل بن سلیمان کو بعض علماء نے ضعیف قرار دیا ہے لیکن ایک جگہ اس تفسیر میں یہ گذر چکا ہے کہ ان مقاتل کی تفسیر کو امام شافعی رحؒ نے معتبر ٹھہرایا ہے۔ یہ شریح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رخصت ہوکر جب اپنے وطن کو جانے لگا تو مدینہ کے جنگل میں سے مسلمانوں کے کچھ اونٹ ہانک کر اپنے ساتھ لے گیا۔ اونٹوں کے لیجانے کی خبر سنکر اگرچہ چند صحابہ نے اسکا پیچھا کیا لیکن یہ ہاتھ نہ لگا۔ اس قصہ کے ایک سال کے بعد اسنے حج کے ارادہ سے سفر کیا اسکے ساتھ تجارت کا بہت سا مال تھا اور قربانی کے جانور بھی تھے۔ یہ ایک جگہ گذر چکا ہے کہ اسلام سے پہلے حج کے مشرک لوگ بھی پابند تھے۔ شریح کے اس سفر کا حال سنکر مسلمانوں نے شریح پر حملہ کرنے اور اسکا مال لوٹ لینے کی درخواست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی آپ نے یہ جواب دیا کہ جبکہ شریح کا قصد حج کا ہے اور قربانی کے جانور بھی اسکے ساتھ ہیں تو اوسپر حملہ کرنا جائز نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے اس جواب کی تائید میں یہ آیۃ نازل فرمائی۔ حاصل معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ یہ طریقہ مال کے ناجائز طور پر کمانے کا ہے اور ناجائز بہت سا مال جائز طور کے تھوڑے سے مال کی بھی برابری نہیں کرسکتا۔ صحیح بخاری مسلم نسائی ترمذی وغیرہ میں

ابو ہریرہ رضؓ کی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ ناجایز طریقہ کے کمائے ہوئے مال میں سے جو شخص کچھ صدقہ خیرات کریگا وہ صدقہ بارگاہ الٰہی میں بالکل نامقبول ہے صحیح مسلم ترمذی وغیرہ میں ابو ہریرہ رضؓ کی دوسری حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جو کوئی ناجائز طور پر کسی کا کچھ مال دنیا میں لے لیگا تو عقبی میں اسکی اوسی قدر نیکیوں سے اس مال کا معاوضہ مالک مال کو دلوایا جاویگا۔ یہ حدیثیں گویا اس آیۃ کی تفسیر ہیں کیونکہ ان حدیثوں سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ بہت سا ناجایز طریقہ کا کمایا ہوا مال جائز طور کے کمائے ہوئے تھوڑے سے مال کی برابری اس سبب سے نہیں کر سکتا کہ دنیا میں یہ ناجائز مال کسی نیک کام میں کارآمد نہیں ہو سکتا اور عقبی میں اسی مال کی بدولت بہت سی نیکیاں برباد ہو جاوینگی اسواسطے آگے فرمایا کہ ہر ایماندار شخص کو ناجائز کمائی سے بچنا اور خدا سے ڈرنا چاہیئے کہ ایماندار شخص کی نجات کی صورت یہی ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ

اے ایمان والو مت پوچھو بہت چیزیں اگر تم پر کھولے تو تمکو بری لگیں

وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللَّهُ عَنْهَا

اور اگر پوچھو گے جبوقت قرآن اتر تا ہے تو کھولی جاوینگی اللہ نے اوسے درگذر کی ہے

وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كَافِرِينَ

اور اللہ بخشتا ہے تحمل والا ویسی باتیں پوچھ چکے ہیں ایک لوگ تم سے پہلے پھر سویرے اوسے منکر ہوئے

منزل ۲

اگرچہ بخاری ترمذی اور مستدرک حاکم اور مسند امام احمد بن حنبل اور مسند سعید بن منصور اور تفسیر ابن جریر میں جدا جدا شان نزول اس آیۃ کی بیان کی ہے لیکن حافظ ابن حجر نے اس اختلاف کا یہ فیصلہ کیا ہے کہ سب قصوں کی حالت جو وعظ پر یہ آیۃ نازل ہوئی ہے حاصل ان قصوں کا یہ ہے کہ جب حج کی آیۃ اوتری تو بعض صحابہ نے آپ سے پوچھا کہ کیا ہر سال کے لیے حج فرض ہوا ہے آپ نے فرمایا نہیں اور یہ بھی فرمایا کہ اگر میں تمہارے اس سوال کے جواب میں ہاں کہدیتا تو حج ہر سال کے لیے فرض ہو جاتا اور ہرگز تم میں طاقت نہ تھی کہ ہر سال کے حج کو تم ادا کر سکتے اور باوجود فرض ہو جانے کے تم ہر سال حج ادا نہ کرتے تو تم تارک فرض ہو جاتے اور آپکو صحابہ کے اس تکلیف شرعی بڑھانے والے سوال پر غصہ آیا اس لیے آپ نے منبر پر چڑھ کر اس حج کا نصیحت آمیز خطبہ پڑھا کہ لوگوں کے روتے روتے ہچکی لگ گئی اور آپ نے منبر پر یہ بھی فرمایا کہ یہ جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم لوگ وہ جانتے ہوتے تو ہنستے کم اور روتے بہت اور یہ بھی فرمایا کہ جو کچھ تم کو پوچھنا ہے پوچھو میں اسکا جواب دونگا مگر بعضے صحابہ آپکے غصہ کی حالت کو سمجھ نہ سکے اور فضول باتیں پوچھنے لگے ایک نے پوچھا میں مرکر کہاں جاؤنگا آپ نے فرمایا دوزخ میں دوسرے نے کہا میری ماں پر لوگ تہمت دھرتے ہیں آخر میرا باپ کون ہے آپ نے فرمایا حذیفہ حضرت عمر رضؓ آپکے غصہ کی حالت جھٹ پہچان گئے اور حضرت عمر رضؓ نے کھڑے ہو کر کہا کہ ہمکو اللہ اور اللہ کا کلام اور اللہ کا رسول کافی ہے جس سے حضرت عمر کا مطلب یہ تھا کہ ہمکو فضول باتیں پوچھنے کی ضرورت نہیں حضرت عمر کے اس کلام سے آنحضرت کا غصہ کم ہوا اور اسی حالت میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل

فرما کر آیندہ کے لیئے لوگونکو اس طرح کے فضول سوالون سے روک دیا اور خود آنحضرت نے آیندہ اس طرح کے فضول سوالون سے لوگون کو پہلی امت کی ہلاکت کا حال جتلا کر روک دیا چنانچہ بخاری میں حضرت ابوہریرہ سے روایتہ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ پہلی امتین اپنے انبیا سے فضول سوال کرنے سے غارت ہوگئین مثلاً یہود نے کہلم کہلا اللہ تعالی کو دیکھنے کا سوال کیا اور بجلی گر کر ہلاک ہوگئے اس لیئے تم پوچھا گچھی چھوڑ دو اور جس کام کو مین کرنے کو کہون وہ تا بمقدور کر لیا کرو اور جس سے منع کرون اس سے باز رہو ابوداؤد اور دارقطنی میں جابر کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ سفر کی حالت مین ایک زخمی صحابی کو نہانے کی حاجت ہوئی اونہون نے اپنے ساتھ والے صحابہ سے تیمم کا مشورہ لیا ساتھ والون نے تیمم کا مشورہ نہیں دیا آخر وہ زخمی صحابی نہالئے اور پانی سے زخم کو یہانتک ضرر پہونچا کہ اس صدمہ سے اُن زخمی صحابی کا انتقال ہوگیا۔ ان لوگون کے مدینہ پہونچنے کے بعد جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ قصہ سنا تو آپ اُن لوگون پر بہت خفا ہوئے اور فرمایا انجانی کا علاج یہ ہے کہ آدمی بات پوچھ لیوے تم اگر پوچھتے تو یہی جواب ملتا کہ اُس زخمی شخص کو تیمم کرنا پھر غسل کرنا اور زخم پر پٹی باندھ کر اوپر مسح کر لینا کافی تھا یہ حدیث چند سند سے آئی ہے جسکے سبب سے ایک سند کو دوسری سے تقویت حاصل ہو کر روایتہ معتبر ہو جاتی ہے یہ حدیث گویا آیتہ کی تفسیر ہے آیتہ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب ہوا کہ جس طرح بلا ضرورت پوچھ گچھ منع ہے اسی طرح ضرورت کے وقت خاموشی بھی منع ہے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ
نہیں ٹھہرایا اللہ نے بحیرہ اور سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حامی اور لیکن
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝
کافر باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ اور ان مین بہتون کو عقل نہین
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا
اور جب کہتے ہے اونکو آؤ اس طرف جو اللہ نے نازل کیا اور رسول کی طرف کہین ہمکو کفایت ہے جسپر پایا ہمنے
عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝
اپنے باپ دادون کو بھلا اگر اُنکے باپ دادے علم نہ رکھتے ہون کچھ اور نہ راہ جانتے

مسند سعید بن منصور اور تفسیر ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ اوپر کی آیتہ میں یہ ذکر جو گذرا کہ لوگ طرح طرح کے سوال آنحضرت سے کرتے تھے اُن سوالون میں ایک سوال بعضے لوگون نے ان جانورون کی بابت بھی کیا تھا جن جانورون کا اس آیتہ مین ذکر ہے اُس سوال کے جواب میں اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی حاصل آیتہ کا یہ ہے کہ ملت ابراہیمی میں اللہ تعالی نے ان جانورون کو حرام نہیں فرمایا قریش مین جو یہ رسم ہے کہ بکری یا اونٹنی پانچ جھول جب جن چکے تو اُسکے کان چیر کر اُسکو اور بتون کے نام کے سانڈہ جانورون کو اور جس اونٹ کے نطفہ سے دس بچے پیدا ہو چکے ہون اُسکو ان لوگون نے حرام ٹھہرا رکھا ہے اور اس حرام ٹھہرانے کو اللہ کا حکم اور ملت ابراہیمی کا ایک مسئلہ جو یہہ

لوگ گنتے ہیں یہ محض غلط اور اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے بلکہ عمرو بن عامر خزاعی کی ٹھرائی ہوئی یہ ایک رسم ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ان جانورون کے حرام کرنے کی رسم قریش میں عمرو بن عامر نے جاری کی اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اب میں نے اُسکو دوزخ مین دیکھا کہ اُسکی انتڑیان دوزخ کی آگ میں نکلی ہوئی پڑی پھین اور وہ انکو کھینچتا ہوا پھر رہا تھا اور دوزخ میں جل رہا تھا مسند امام احمد اور طبرانی اور مغازی ابن اسحق اور تاریخ محمد بن حبیب میں مرفوع اور موقوف روایتون کا حاصل یہ ہے کہ ملت ابراہیمی کو چھوڑ کر قریش میں بت پرستی کی رسم اسی عمرو بن عامر نے ڈالی ہے اور حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان کے زمانہ میں جو بت زمین میں دب گئے تھے شیطان کے بہکانے سے اسنے وہ بت جدہ سے کھود کے لاکر مسجد حرم میں کعبہ کے گرد کھڑے کئے تھے اول اول اسی شخص نے دین ابراہیمی کو بدلا۔ قوم جرہم کے بعد خزاعہ قوم کے حوالہ میں جب بیت اللہ آیا تو اُسوقت یہ شخص قوم خزاعہ کا سردار تھا۔ بحیرہ وہ اونٹنی جو پانچ بچھول جنے ایسی اونٹنی کے کان چیر کر اُسکو بتون کے نام پر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ سائبہ وہ اونٹنی جو بیمار کے صحت پانے کی یا کسی اور کام کی نذر میں بتون کے نام پر چھوڑی جاتی تھی۔ وصیلہ وہ بکری جو سات بچھول جن چکی ہو ایسی بکری بھی بتون کے نام پر چھوڑی جاتی تھی حام وہ اونٹ جسکے نطفہ سے دس بچے پیدا ہوئے ہون۔ ان جانورون کے ذکر کے بعد فرمایا ان مین کے اکثر لوگون کی یہ نادانی ہے کہ وہ اللہ تعالی کے پیدا کئے ہوئے جانورون کو پتھر کی مورتون کے نام پر چھوڑ کر اُن جانورون کے گوشت کو اپنے اوپر حرام ٹھرا لیتے ہیں اور اپنی عقل سے اُسکو اللہ کا حکم اور ملت ابراہیمی کا ایک مسئلہ منزل ۲ جانتے ہیں اللہ تعالی نے اس طرح کے شرک کا کوئی حکم کسی شریعت میں نازل نہیں فرمایا اس لئے ایسی شرک کی باتون کو اللہ کا حکم ٹھرانا اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے ان مین کے اکثر اُن نادان پچھلے لوگون کو فرمایا جو نا سمجھی سے اپنے بڑون کی بے سند باتو پر چلتے تھے۔ آگے سورہ انعام میں آویگا ولو انزلنا علینا الکتاب لکنا اہدی منہم جس کا مطلب یہ ہے کہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے اور قرآن کے نازل ہونے سے پہلے اہل مکہ یہہ آرزو کیا کرتے تھے کہ اہل کتاب کی طرح ہم میں سے بھی کوئی نبی ہون اور انکی معرفت ہم پر کتاب آسمانی نازل ہو تو ہم اہل کتاب سے بڑھ کر راہ راست پر آوین۔ عرب کے لوگ بہ نسبت اور قومون کے اپنے آپ کو زیادہ عقلمند گنتے تھے اسلئے اُنکا یہ گمان تھا کہ اگر اُن میں کوئی نبی ہون اور کتاب آسمانی نازل ہو تو اُن میں اور قومون سے بڑھ کر ہدایت پھیلے۔ آگے کی آیتہ میں اللہ تعالی نے یہی فرمایا کہ جب انکی یہ آرزو پوری ہوئی کہ اُن میں نبی بھی آئے اور کتاب آسمانی بھی اوتری تو اُنکی عقل کا یہ حال ہے کہ اپنے بڑون کی لکیر کے فقیر ہین نبی کی نصیحت قرآن کی ہدایت کا کچھ اثر انکے دل پر نہین ہوتا۔ دنیا کی ہزارون ایسی مثالین انکی آنکھون کے سامنے ہیں کہ معاملات دنیا میں کسی نقصان کا سامنا بڑون کی چال میں ہوتا ہو تو کوئی چھوٹا ایسے موقع پر بڑے کی چال ہرگز نہین چلتا پھر دین میں کیا ان لوگون کو اتنی سمجھ نہیں کہ اگر انکے بڑے صاحب عقل اور دین کا راستہ جاننے والے ہوتے تو ایسی بے سند باتو نکو ملت ابراہیمی کیون ٹھراتے صحیح بخاری و مسلم کی ابوموسے اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نصیحت کی مثال بارش کی اور لوگوں کی مثال اچھی اور بری زمین کی فرمائی ہے یہ حدیث آیتہ کی گویا تفسیر ہے آیتہ اور حدیث کو ملانے سے یہ مطلب ہوا کہ اگرچہ جس طرح مینہ اچھی اور بری سب زمین پر یکسان برستا ہے اوسی طرح اللہ کے رسول کی معرفت قرآن کی نصیحت نیک و بد سب لوگ سنتے ہیں مگر جس طرح مینہ کے اثر سے بری زمین بے ثمر رہتی ہے اوسی طرح علم الٰہی میں جو لوگ بدقرار پاچکے ہیں وہ قرآن کی نصیحت سے یوں ہی بے ثمرہ رہتے ہیں جس طرح قریش کے بے بہرہ رہنے کا ذکر اس آیت میں ہے کہ وہ نہ اچھی بری بات کو پہچانتے ہیں نہ اچھے برے باپ دادا کو۔ بلکہ بالکل اندھوں کی طرح اپنے بڑوں کے لکیر کے فقیر ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۚ

تو بھی اے ایمان دارو تمہیں لازم ہے فکر اپنی جان کا تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہوئے راہ پر

إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

اللہ پاس پھر جانا ہے تم سب کو پھر وہ جتا دے گا جو کچھ تم کرتے ہو

اوپر ذکر تھا کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو باوجود وعظ و نصیحت کے بھی راہ راست پر نہیں آتے اس آیتہ میں یہ ارشاد ہے کہ جو لوگ اپنی ذات سے حلال و حرام کے پابند ہیں اور اپنے بس کے موافق دوسروں کو وعظ و نصیحت بھی کرتے رہتے ہیں تو ایسے لوگوں کو بدلوگوں کی بدی سے کچھ ضرر نہیں پہونچ سکتا ہاں جو علما اور نیک لوگ بدکار لوگوں سے میل جول پیدا کرکے وعظ و نصیحت بالکل چھوڑ بیٹھیں گے انسے اس بات کی پرسش ہوگی کہ انھوں نے وعظ و نصیحت کے احکام کی تعمیل میں بے پروائی کیوں کی معتبر سندسے مسند امام احمد ترمذی و ابن ماجہ میں حذیفہ بن الیمان کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھاکر فرمایا ہے کہ جس بستی کے تمام علما وعظ نصیحت کو بالکل چھوڑ دیں گے تو اس بستی کے سب لوگوں پر کوئی آفت دینی یا دنیوی ضرور آویگی صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ خلاف شریعت بات کی اصلاح ایمان کی نشانی ہے مسند امام احمد و سنن اربعہ صحیح ابن حبان وغیرہ میں حضرت ابوبکر صدیق رض کا قصہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے منبر پر کھڑے ہوکر سب لوگوں کو یہ بات سمجھائی ہے کہ اس آیتہ کی تفسیر میں وعظ و نصیحت کا حکم بھی شامل ہے یہ معنے آیتہ کے ہرگز نہیں ہیں کہ ایک بستی کے تمام علما اپنی ذات سے حلال و حرام کے پابند رہیں اور وعظ و نصیحت کی بالکل پروا نکریں ترمذی نے حضرت ابوبکر صدیق کے اس قصہ کی روایتہ کو صحیح کہا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ ان صحیح حدیثوں کی بنا پر صحیح تفسیر آیتہ کی یہی ہے کہ آیتہ کے ٹکڑے اذا اہتدیتم کے معنے میں وعظ نصیحت بھی شریک ہے اور مطلب آیتہ کا وہی ہے جو حضرت ابوبکر صدیق نے منبر پر چڑھکر لوگوں کو سمجھایا ہے اور سب صحابہ نے اس مطلب کو تسلیم کیا ہے سلف میں سے جن علما کا قول اس مطلب صدیقی کے برخلاف ہے ظاہر انکا منشا یہ معلوم ہوتا ہے کہ وعظ و نصیحت فرض کفایہ ہے بستی کے ہر ایک عالم پر اسکی

یا بندہی ضرور نہیں ہے بلکہ بستی کے بعضے عالموں کے اُپر عمل کرنے سے باقی عالم بری الذمہ ہوجاوینگے یہ منشا تو مطلب صدیقی کے برخلاف نہیں ہے لیکن اسکے علاوہ آیتہ کی تفسیر کسی اور ڈھنگ سے کیجاوے گی تو وہ تفسیر ان آیتوں اور حدیثوں کے برخلاف ٹھہرے گی جن میں وعظ نصیحت کی تاکید ہے انہی وجوہات سے حافظ ابوجعفر ابن جریر نے اور تفسیر پر اس تفسیر کو ترجیح دی ہے جو مطلب صدیقی کے موافق ہے آخر آیتہ میں وعظ نصیحت کرنے والوں اور وعظ نصیحت کے نہ ماننے والوں سب کو یہ تنبیہ فرمائی ہے کہ تم سبکو ایک دن اپنے عملوں کی جوابدہی اور جزا و سزا کے لیئے اللہ تعالیٰ کے روبرو کھڑا ہونا پڑیگا اس کا خیال ہر ایک کو رکھنا چاہیئے تاکہ عین وقت پر پچتانا نہ پڑے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ
اے ایمان والو گواہ تمہارے اندر جب پہنچے تم میں کسی کو موت جب لگے وصیت کرنے
اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ
دو شخص معتبر جایں تم میں سے یا دو اور ہوں تمہارے سوا اگر تم نے سفر کیا ہو ملک میں
فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ
پھر پہنچے تم پر مصیبت موت کی دونوں کو کھڑا کرو بعد نماز کے پھر وہ قسم کھاویں اللہ کی اگر
ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ
تم کو شبہ پڑے کہ ہم نہیں بیچتے قسم مال پر اگرچہ کسی کو ہم سے قرابت ہو اور ہم نہیں چھپاتے اللہ کی گواہی
اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ

منزل ۲

نہیں تو ہم گنہگار ہیں پھر اگر خبر ہو جائے کہ وہ دونوں حق دبا گئے گناہ سے تو دو اور کھڑے ہوں

مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ
ان کی جگہ کہ جن کا حق دبا ہے ان میں جو بہت نزدیک ہیں پھر قسم کھاویں اللہ کی
لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۚ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ
کہ ہماری گواہی تحقیق ہے انکی گواہی سے اور ہمنے زیادہ نہیں کیا اور کیا تو ہم بے انصاف ہیں
ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ
اس میں لگتا ہے کہ شہادت ادا کریں راہ پر یا ڈریں کہ اولٹی پڑے گی قسم
اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي
ہماری انکی قسم کے بعد اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سن رکھو اور اللہ راہ نہیں دیتا
الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝
بے حکم لوگوں کو

ترمذی ابوداؤد تفسیر ابن جریر وغیرہ میں امام المفسرین حضرت عبداللہ ابن عباس سے جو روایتیں ہیں اُنکا حاصل یہ ہے کہ دو شخص نصرانی اور ایک شخص مسلمان ملک شام کی طرف تجارت کی غرض سے سفر کو گئے اور وہ مسلمان شخص بیمار ہوکر جب قریب المرگ ہوگیا تو اسنے اپنے مال کی ایک فہرست لکھکر مال کی گٹھڑی مین رکھدی اور وہ گٹھری ان دونون نصرانیون کو دیکر یہ وصیت کی کہ تم یہ گٹھڑی میرے وارثون کو دیدینا اس مال میں ایک چاندی کا کٹورا اسنے کے طمع کا بھی تھا وہ کٹورا ان نصرانیون نے اس مال میں سے نکالکر باقی کا مال اُس مسلمان کے وارثون کو دیدیا اس کٹورے کے نکالتے وقت ان نصرانیون کی نظر اس فہرست پر نہیں پڑی اُس مسلمان شخص کے وارثون نے جب مال کی گٹھری اچھی طرح کھولی تو وہ فہرست اُنکی نظر پڑی اور فہرست کے موافق وہ کٹورا مال میں نظر نہ آیا۔ مسلمان شخص کے وارثون نے اُس کٹورے کا دعوے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پیش کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن نصرانیون کو قسم دی۔ اونھون نے قسم کھائی کہ جو مال اُس مسلمان شخص نے مرتے وقت ہم کو دیا تھا ہم نے وہ سب مال اُسکے وارثون کے حوالہ کردیا پھر وہ کٹورا ایک سنار کے پاس سے نکلا اور اُس مسلمان شخص کے وارثون نے قسم کھائی کہ وہ کٹورا اُنکے مورث کا تھا جس سے اُس کٹورے کی قیمت اُن نصرانیون سے مسلمان شخص کے وارثون کو دلائی گئی۔ اس قصہ پر اللہ تعالی نے یہ آیتہ نازل فرمائی اگرچہ ترمذی نے اس روایتہ کو حسن غریب کہا ہے لیکن ابن جریر کی سند معتبر ہے علاوہ اسکے یہہ روایتہ علی بن مدینی کے قول کے حوالہ سے صحیح بخاری میں بھی ہے۔ علی بن مدینی نے یہ جو کہا ہے کہ اس روایتہ کی سند میں ایک راوی ابن ابی القاسم نامعلوم الحال ہے۔ یہہ ابن ابی قاسم محمد بن ابی القاسم ہے جسکو یحی بن معین اور ابوحاتم نے ثقہ کہا ہے جس سے ابن ابی القاسم کے نامعلوم ہونے کا شبہہ رفع ہوگیا۔ حاصل معنے آیتہ کے یہ ہیں کہ کوئی مسلمان قریب المرگ حالت سفر مین جب اپنے وارثون سے دور ہو اور اُسکے پاس کچھہ مال بھی ہو تو اس کو چاہیئے کہ اُس مال کو وارثون تک پہونچانے کے لئے دو مسلمانون کو وصی اور وصیت کا گواہ کردیوے۔ اگر یہ سفر ایسی زمین کا ہو جہان مسلمان وصی نہ ملین تو وصی کے لئے پہر اسلام کی شرط باقی نہ ہوے گی اسکے بعد وصی لوگون کے بیان پر عارثون کو کچھہ اعتراض نہ ہوگا تو ان دونون شخصون کے بیان پر فیصلہ ہوجاویگا کیونکہ دونون شخص وصی بھی ہیں اور وصیت کے گواہ بھی ہین اور اگر میت کے وارثون کو وصیت کے گواہون کے حق میں کچھہ بدظنی پیدا ہوجاوے تو ان وصیت کے گواہون کو پھر حلف دیا جاویگا کہ وصیت کے باب میں اُنکا بیان صحیح ہے اس حلف کے بعد بھی میت کے وارث اگر اپنی حق تلفی بیان کرینگے تو ان وارثون سے گواہان وصیت کے خلاف بیانی کے ثبوت میں کچھہ شہادت ہوگی تو وہ لیجاوے گی ورنہ گواہان وصیت کے خلاف بیانی پر میت کے وارثون سے حلف لیا جاکر وصی پر فیصلہ اخیر صادر ہوجاوے گا۔ جو علما مدعی اور گواہون سے قسم لینے کے مخالف ہیں اونھون نے وصی لوگون سے قسم لینے میں طرح طرح کے شبہات کئے ہیں لیکن حقیقت میں یہ فریقین کا حلف اُسی طرح کا ہے جس طرح لعان کے مسئلہ میں فریقین کو حلف دیا جاتا ہے۔ لعان کے

منزل ۲

مسئلہ کی تفصیل سورۃ النور میں آویگی جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر کوئی میاں اپنی بی بی پر بدکاری کی تہمت لگاوے اور گواہ نہ ہون تو مرد پر ثبوت دعوا کی غرض سے اور عورت پر برارت کی غرض سے قسم آتی ہے۔ من بعد الصلوٰۃ کی تفسیر جن علمانے عصر کی نماز کے بعد کی لکھی ہے وہ صحیح معلوم ہوتی ہے کیونکہ صحیح بخاری وغیرہ میں ابوہریرہ کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد کی جھوٹی قسم کو خوفناک اور اللہ تعالیٰ کی نظر رحمت سے دور ہوجانیکا سبب فرمایا ہے۔ آگے فرمایا یہہ وارثون کی قسم کا حکم اسلئے ہے کہ وصیت کے گواہون کو یہہ خوف رہے کہ وارثون کی قسم کے آگے انکی قسم جھوٹی ثابت کرانکی رسوائی نہ ہو اور یہ بھی فرمایا کہ عام مسلمانون کو جھوٹی قسم سے اور شریعت میں اور مناہی کی جو باتیں ہیں انسے بچنا اور اللہ تعالےٰ کے عذاب سے ڈرنا اور احکام الٰہی کو فرمانبرداری کی نیت سے سننا چاہیئے اس نصیحت کے بعد بھی جو کوئی نافرمانی کریگا تو اللہ تعالیٰ ایسے نافرمان لوگون کو زبردستی راہ راست پر لانا نہین چاہتا کس لیئے کہ دنیا انتظام الٰہی کے موافق امتحان کی جگہ ہے زبردستی کی جگہ نہیں ہے۔ معتبر سند سے ابوداؤد میں ابوموسیٰ اشعری کا ایک قصہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ کوفہ کا رہنے والا ایک مسلمان شخص حالت سفر میں جب مرنے لگا تو اس نے اہل کتاب میں سے دو شخصون کو اپنی وصیت کا گواہ قرار دیا۔ ابوموسیٰ اشعری کوفہ کے حاکم تھے اس لئے یہ مقدمہ انکے روبرو پیش ہوا اور انہون نے اس آیتہ کے موافق گواہون سے قسم لیکر مقدمہ کا فیصلہ کردیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ بعضے مفسرون نے اس آیتہ کو منسوخ العمل جو قرار دیا ہے یہہ صحیح نہیں ہے کیونکہ آیتہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین منسوخ ہوجاتی تو پھر صحابہ کے زمانہ تک اسکا عمل کیونکر باقی رہتا۔ اور ابوموسیٰ اشعری کے فیصلہ کو سب صحابہ کیونکر تسلیم کرتے

منزل ۲

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝

جس دن اللہ جمع کریگا رسول پھر کہے گا تمکو کیا جواب دیا لوگون نے ہمکو خبر نہیں تو ہی چھپی بات جانتا

اوپر ذکر تھا کہ طرح طرح کی نصیحت کے بعد بھی جو لوگ اللہ کے رسولون کی فرمانبرداری نکرین گے اور انکی نصیحت کے موافق احکام الٰہی کو نہ مانین گے تو دنیا میں اللہ تعالیٰ ایسے لوگون کو زبردستی راہ راست پر لانا نہین چاہتا۔ اس آیتہ میں ایسے لوگونکا عقبیٰ کا حال یون ذکر فرمایا کہ انکی نافرمانی کے سبب سے اللہ کے رسول انکی فرمانبرداری کی شہادت ادا نکرینگے بلکہ اللہ عالم الغیب کے علم پر ایسے لوگون کی حالت کو اسلئے سونپ دیویں گے کہ ان نافرمانون میں زبانی فرمانبردار ملی نافرمان بھی ہونگے جنکو منافق کہتے ہیں جنکے دل کا حال بجز اللہ تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہین۔ اور بعضے ایسے بھی ہون گے جو رسول کی وفات کے بعد دین سے پھر گئے غرض امت کے سب لوگون کا تفصیلی حال اللہ ہی کو معلوم ہے اسواسطے اللہ کے رسول امت کی فرمانبرداری کی حالت کو اللہ کے علم پر سونپ دیوین گے۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک اور سہل بن سعد وغیرہ کی حدیثین گذر چکی ہیں کہ بعضے لوگون کو حوض کوثر پر سے ہٹا دیا جاویگا یہ حالت دیکھکر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرشتون سے کہین گے کہ یہ لوگ تو فرمانبردارون میں سے ہیں تو فرشتے جواب دین گے کہ آپ کی وفات

کے بعد یہ لوگ فرمانبرداری پر قائم نہین رہے یہ حدیثین اور اس قسم کی اور حدیثین آیتہ کی تفسیر ہین جن سے ساری امت کی حالت کو اللہ کے علم پر سونپے جانے کا حال اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہے۔

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ اِذْ اَيَّدْتُّكَ
جب کہے گا اللہ اے عیسے مریم کے بیٹے یاد کر میرا احسان اپنے اوپر اور اپنی ماں پر جب مدد کی مین نے

بِرُوْحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ
تجکو روح پاک سے تو کلام کرتا لوگون سے گود مین اور بڑی عمر مین اور جب سکھائی مین نے تجکو کتاب

وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ
اور پکی باتین اور توریت اور انجیل اور جب تو بناتا مٹی سے جانور کی مورت میرے حکم سے

بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ
پھر دم مارتا پھر وہ اوس مین تو ہو جاتا جانور میرے حکم سے اور چنگا کرتا مان کے پیٹ کا اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے

وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ
اور جب نکال کھڑے کرتا مردے میرے حکم سے اور جب روکا مین نے بنی اسرائیل کو تجھ سے جب تو لایا ان پاس نشانیان

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝
یہ کہنے لگے جو کافر تھے انمین سے اور کچھ نہین یہ جادو ہے صریح

وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝
اور جب مین نے دل مین ڈالا حواریون کے کہ یقین لاؤ مجھپر اور میرے رسول پر بولے ہم یقین لائے اور تو گواہ رہ کہ ہم حکم بردار ہین

اوپر ذکر تھا کہ ہر امت کے نافرمان لوگون کو قائل کرنے کے لئے قیامت کے دن اللہ تعالی سب رسولون سے پوچھے گا کہ تم نے جو اپنی اپنی امتون کو اللہ کی وحدانیت اور اُسکے خالص عبادت کرنے کے احکام پہونچائے تو اُنھون نے اُن احکام پر کیا عمل کیا۔ اِن آیتون میں یہود و نصاری کے قائل کرنے کے لیے خاص طور پر عیسے علیہ السلام اور مریم علیہا السلام کا ذکر فرمایا پیدا ہوتے ہی حضرت مریم کی گود میں عیسے علیہ السلام نے جو لوگون سے باتین کین اُسکا ذکر سورہ مریم میں آویگا جس کا حاصل یہ ہے کہ بغیر باپ کے حضرت عیسے علیہ السلام کی پیدائش کا حال دیکھکر جب لوگون نے حضرت مریم کو طرح طرح کے اولاہنا دینا شروع کیا تو حضرت مریم علیہ السلام نے اوس اولاہنے کا جواب دینے کا اشارہ حضرت عیسے علیہ السلام کی طرف کیا اسپر وہ اولاہنا دینے والے لوگ بڑے تعجب سے کہنے لگے کہ گھڑی دو گھڑی کے پیدا ہوئے بچے سے ہم کیا بات چیت کرینگے لیکن حضرت عیسے علیہ السلام نے معجزہ کے طور پر فوراً اُن لوگون کو سمجھا دیا کہ میں اللہ کا بندہ اور رسول ہون اور اُسکا رسول ہونے کے سبب سے جس طرح اُس نے اپنی قدرت سے مجھکو یہ معجزہ دیا ہے کہ خلاف عادت پیدا ہوتے ہی میں تم سے باتین کر رہا ہون اسی طرح یہ بھی اُسکی قدرت کا ایک نمونہ اور میرے نبی ہونے کا ایک معجزہ ہے کہ اوس نے مجھکو بغیر باپ کے پیدا کر دیا اِس قصہ کو یاد دلاکر نصاریٰ کو یون قائل کرنا منظور ہے کہ عیسے علیہ السلام کے مونہہ سے تو یہ بات

پہلے پہل نکلی وہ یہ تھی کہ میں اللہ کا بندہ اور رسول ہون اور اُنکی امت کا یہ حال ہے کہ کچھ لوگ اُنکو اللہ کہتے ہیں اور کچھ اللہ کا شریک ٹھراتے ہیں روح القدس جبرئیل علیہ السلام کا نام ہے جبرئیل علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حفاظت اور ہر طرح کی مدد کے لیئے ہر وقت اُنکے ساتھ رہتے تھے حضرت مریم علیہا السلام کے پاس چھوٹی سی عمر میں جنت کے میووں کے آنے کا اور اُنکو اُس زمانہ کی عورتوں میں افضل ٹھرانے کا ذکر سورہ آل عمران میں گذر چکا ہے اسی طرح کے اللہ تعالیٰ کے بہت سے احسان حضرت مریم پر ہین اُنہی احسانات کا ذکر مبہم طور پر ان آیتون میں ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ اُس برگزیدہ بی بی کو یہود جو الزام لگاتے ہیں وہ بالکل غلط ہے انجیل کے ذکر اور حضرت عیسے السلام کے معجزات کے ذکر سے یہودیون قائل کرنا منظور ہے کہ جس طرح توراۃ موسے علیہ السلام پر نازل ہوئی جسمین عیسے علیہ السلام کی نبوت اور انجیل کا ذکر ہے اُسی طرح اور اُسی کے موافق انجیل عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی اور جس طرح موسے علیہ السلام کے معجزات کا ظہور ہوا اُسی طرح عیسے علیہ السلام سے ہوا باوجود اسکے یہود کی یہہ بڑی قابل سزا نافرمانی ہے کہ اُنھون نے عیسے علیہ السلام کی نبوت کو اور انجیل کو نہ مانا اور عیسے علیہ السلام کے معجزات کو جادو بتلایا حضرت عیسے علیہ السلام کے معجزات کی تفسیر اور حواریون کے حال کی تفسیر سورہ آل عمران میں گذر چکی ہے اور یہود نے عیسے علیہ السلام کے قتل کا جو ارادہ کیا اور اُنکے اُس ارادہ کو اللہ تعالیٰ نے رد کا اُسکا ذکر سورۃ النسا میں گذر چکا ہے۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن بہ نسبت اور انبیا کے میرے پیرو لوگون کی تعداد زیادہ ہوگی یہ حدیث ان آیتون کی اور اوپر کی آیتہ کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر امت کے فرمانبردار اور نافرمان لوگون کی جانچ جو قیامت کے دن ہوگی اُس جانچ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے فرمانبردار لوگون کی تعداد اور امتون کے فرمانبردار لوگون سے بڑھی ہوئی نکلے گی۔ :

منزل ۲

إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ

جب کہا حواریون نے اے عیسے مریم کے بیٹے تیرے رب سے ہو سکے کہ اوتارے ہم پر خوان بھرا

السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ قَالُوا نُرِيدُ أَنْ نَأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا

آسمان سے بولا ڈرو اللہ سے اگر تم کو یقین ہے بولے ہم چاہتے ہین کہ کھاوین اُس مین سے اور چین پاوین

الربع

وَنَعْلَمَ أَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا

ہمارے دل اور ہم جانین کہ تو نے ہمکو سچ بتایا ہون ہم اسپر گواہ بولا عیسے مریم کا بیٹا اے اللہ ہمارے اوتار

أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِنْكَ ۖ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ

ہمپر خوان بھرا آسمان سے کہ وہ دن عید رہے ہمارے پہلون اور پچھلون کو اور نشانی تیری طرف سے اور روزی دے ہمکو اور تو بہتر

الرّٰزِقِیْنَ ۝ قَالَ اللّٰہُ اِنِّیْ مُنَزِّلُھَا عَلَیْکُمْ فَمَنْ یَّکْفُرْ بَعْدُ مِنْکُمْ فَاِنِّیْٓ اُعَذِّبُہٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُہٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ۝ ع ۱۵

رزق دینے والا ہے کہا اللہ نے میں اوتار دونگا وہ خوان تمپر پھر جو کوئی تم مین ناشکری کرے اس سے پیچھے تو مین اُسکو عذاب کرونگا جو نکردونگا کسی جہان مین

اوپر اُن احسانات کا ذکر تھا جو احسانات عیسے علیہ السلام اور اُنکی مان مریم علیہا السلام پر اللہ تعالے نے فرمائے اونہی احسانات مین سے ایک احسان کا ذکر ان آیتون مین ہے جو احسان اللہ تعالی نے عیسے علیہ السلام پر فرمایا جسکا حاصل یہ ہے کہ عیسے علیہ السلام کے حواریون نے عیسے علیہ السلام سے یہہ خواہش کی کہ وہ کھانے کا بھرا ہوا ایک خوان آسمان سے اوترنے کی دعا اللہ تعالی کی جناب مین کریں۔ قرآن شریف مین جس قدر مطلب ہے وہ یہی ہے کہ عیسے علیہ السلام نے اس خوان کے آسمان سے اوترنے کی دعا کی اور اللہ تعالے نے اس شرط سے اُس خوان کے اوترنے کا وعدہ فرمایا کہ خوان کے اوترنے کے بعد اگر اللہ تعالی کے اس احسان کی شکرگزاری پورے طور پر ان لوگون سے ادا نہ ہوسکی تو ان لوگون پر سخت عذاب آجاوے گا۔ تابعیون مین سے مجاہد اور حسن بصری کا قول تو یہ ہے کہ اس شرط کو سخت جانکر پھر ان لوگون نے خوان کے اوترنے کی خواہش چھوڑ دی اس لیئے وہ خوان نہین اترا۔ باقی کے سب سلف کا یہ قول ہے کہ وہ خوان اوترا اُس مین طرح طرح کے کھانے تھے اور یہہ حکم تھا کہ اُن کھانون مین سے کوئی کھانا دوسرے دن کے لیے اوٹھا کر نرکھا جاوے جن لوگون نے اس حکم کی پابندی نہین کی اونپر یہ عذاب آیا کہ اُنکی اصلی صورت بدل کر سور اور بندر کیسی صورت ہوگئی اور پھر تین دن کے بعد وہ سب ہلاک ہوگئے۔ صحابہ کے قول تو اس خوان کے اترنے کے باب مین بہت ہین لیکن ترمذی مین عمار بن یاسر کی ایک حدیث بھی اسی مضمون کی ہے جسکو عمار بن یاسر نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچایا ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کی روایتہ کے بعد کہا ہے کہ سوائے ایک راوی حسن بن قزاعہ کے اور کسی راوی نے اُس حدیث کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک نہین پہونچایا۔ تقریب مین حسن بن قزعہ کو صدوق لکھا ہے اسلیئے حسن بن قزعہ کی روایتہ کو بالکل نامعتبر نہین کہا جاسکتا۔ اس تفسیر کے مقدمہ مین یہہ بیان کیا جاچکا ہے کہ تفسیر کے باب مین صحابی کا قول بھی حدیث نبوی کے برابر ہے اس قرارداد کی بنا پر صحابہ کی ایک جماعت کے قول سے عمار بن یاسر کی حدیث کو اور بھی تقویت ہوجاتی ہے۔ اصلی انجیل کا تو پتا نہیں اور انجیل کے ترجمون مین اس قصہ کا کہین ذکر نہیں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مجاہد اور حسن بصری کے قول کی طرح نصرانی سلف کا خیال بھی یہی تھا کہ وہ خوان نہین اترا اسی واسطے ترجمون مین اونھون نے اسکا ذکر چھوڑ دیا۔ یہ تو اوپر گذر چکا ہے کہ عیسے علیہ السلام کے حواری پکے ایماندار تھے اس لئے اُنکی یہ خوان کی اوترنے کی خواہش اس سبب سے نہین تھی کہ اُنکو اللہ کی قدرت مین یا عیسے علیہ السلام کی نبوت مین کچھ شک و شبہ تھا بلکہ حواریون کی یہ خواہش اُس قسم کی تھی جس طرح مردے کے اپنی آنکھون کے سامنے زندہ ہونے کی خواہش حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالے سے کی تھی جس کا قصہ سورہ بقر مین گذر چکا ہے لیکن ظاہری اسباب کو چھوڑ کر خلاف عادت اللہ کی قدرت کو آزمانا بندہ کو نہین پہونچتا اسی لیئے عیسے علیہ السلام نے حواریون کو ہدایت کی کہ اس خواہش سے پرہیز کرنا

مترجم

اور خدا کا خوف کرنا ایماندار آدمی کا شیوہ ہے۔ حضرت ابراہیم کے قصہ میں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حالت شک کا انکار فرمایا ہے وہی حدیث حواریون کی حالت کی گویا تفسیر ہے کیونکہ ان آیتوں میں اللہ تعالے نے حواریون کی خواہش کی کچھ مذمت نہیں فرمائی اب یہ ظاہر ہے کہ انکی خواہش قدرت الٰہی میں شک کے پیدا ہونے سے ہوتی تو بڑی مذمت کے قابل ایک حالت تھی۔

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ

اور جب کہے گا اللہ اے عیسے مریم کے بیٹے تو نے کہا لوگون کو کہ ٹھیراؤ مجکو اور میری ماں کو دو معبود سوائے اللہ کے کہا تو

سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۢ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ

پاک ہے مجکو نہیں بن آتا کہ کہون جو مجکو نہیں پہنچتا اگر مین نے یہ کہا ہوگا تو تجکو معلوم ہوگا تو جانتا ہے جو میرے جی مین ہے اور

اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ

مین نہین جانتا جو تیرے جی میں ہے برحق تو ہے جانتا جی کی بات مین نے نہین کہا انکو مگر جو تو نے حکم کیا کہ بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے

وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ

میرا اور تمہارا اور مین انسے خبردار تھا جب تک انمین رہا پھر جب تو نے مجھے پھیر لیا تو تو ہی تھا خبردار انکا اور تو ہر چیز کا

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ منزل ۲

خبردار ہے اگر تو انکو عذاب کرے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انکو معاف کرے تو تو ہی ہے زبردست حکمت والا

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

فرمایا اللہ نے یہ وہ دن ہے کہ کام آویگا سچون کو انکا سچ انکو ہین باغ جنکے نیچے بہتی نہرین رہا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ

کرین اون مین ہمیشہ اللہ راضی ہوا انسے اور وہ راضی ہوئے اس سے یہی ہے بڑی مراد ملنی اللہ کو ہے سلطنت ۱۶ ع ۲ ۶

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

آسمان اور زمین کی اور جو انکے بیچ ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

یہان سے آخر سورہ تک اللہ تعالی نے نصارا کے الزام دینے اور قایل کرنے کو یہہ آیتین نازل فرمائی ہین جنکا حاصل یہہ ہے کہ جب تک حضرت عیسے علیہ السلام دنیا میں رہے نصارا کو توحید سکھاتے رہے اور نگرانی کرتے رہے کہ سوا توحید کے اور کوئی بدعت اور نئی بات انکی امت میں پیدا نہ ہو انکے آسمان پر چلے جانے کے بعد تثلیث اور شرک کی باتین جو نصارا نے اپنے دین میں پھیلالین اور ان باتون کو اللہ کا حکم اور حضرت عیسے علیہ السلام کی تعلیم خیال کرتے ہیں اور یا جو کہ اللہ تعالی نے نبی آخرالزمان کو دنیا میں اس قسم کی خرابیان رفع کرنے کی غرض سے بھیجا اور نبی آخرالزمان نے نصارا کے

علما اور بڑے بڑے پادریون سے بحث کی اور انکو قایل کیا اور باوجودیکہ حضرت عیسے علیہ السلام کی وصیت تھی کہ انکی
امت کے سب لوگ نبی آخرالزمان کی پوری اطاعت کرین لیکن نصارا نے نہ اون کفر کی باتون کو چھوڑا جو حضرت عیسے
کے بعد انھون نے دین عیسوی میں ایجاد کرلی تھین اور نہ نبی آخرالزمان کی اطاعت قبول کی اس لیئے نصارا کی اس غلطی
و تمام خلقت آلہی پر ظاہر ہوجانے کی غرض سے تمام خلقت کے مجمع میں اللہ تعالی قیامت کے دن حضرت عیسےؑ سے
پوچھے گا کہ اے عیسے کیا تم نے اپنی امت کے لوگون کو اس تثلیث کی تعلیم کی تھی حضرت عیسےؑ صاف جواب دین گے
کہ میں نے تو انکو توحید کی تعلیم کی تھی اور جب تک مین دنیا میں رہا انکو توحید کی تاکید کرتا رہا میرے پیچھے انھون نے یہ تثلیث
ایجاد کرلی ہے اور بلاشک یہ فعل انکا لایق عذاب ہے اب یا اللہ تو مالک ہے کہ انپر عذاب کرے یا اپنی رحمت سے انکی
مغفرت کردے اگرچہ اسمعیل سدی کبیر نے اپنی تفسیر میں کہا ہے کہ جب اللہ تعالی نے حضرت عیسےؑ کو زمین پر سے آسمان
پر اوٹھالیا اور حضرت عیسےؑ کے بعد انکی امت میں یہ تثلیث کا مسئلہ پھیلا اسوقت اللہ تعالی نے یہ سوال حضرت عیسےؑ
سے کیا تھا قیامت کے دن کا یہہ سوال نہیں ہے لیکن قتادہ نے اسکو رد کیا ہے اور کہا ہے کہ ان آیات میں آگے جو اللہ
تعالی نے فرمایا ہے کہ آج کے دن سچون کو انکا سچ نفع دیگا یہ قیامت کے دن کا حال ہے قتادہ اہل مدینہ سے ہیں اور
سعید بن جبیر کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس سے روایتہ کرتے ہیں اور سدی نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے
تفسیر مین روایتہ کی ہے اور سلف اہل تفسیر کے نزدیک یہہ بات قرار پاچکی ہے کہ صحابہ مین سے عبداللہ بن
عباس کا قول تفسیر کے باب مین بہ نسبت دوسرون کے زیادہ مقبول ہے اسواسطے قتادہ کے قول کو زیادہ ترجیح ہے
مسند امام احمد بن حنبل میں حضرت ابوذر سے روایتہ ہے کہ ایک رات آنحضرت صبح تک اس آیتہ کو نماز میں پڑھتے رہے
ان تعذبہم فانہم عبادک وان تغفرلہم فانک انت العزیز الحکیم ابوذر کہتے ہیں صبح کو مین نے آنحضرت سے ایک ہی آیتہ
کے نماز میں پڑھنے کا سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا اس آیتہ کو گھڑی گھڑی پڑھکر مین نے اللہ سے شفاعت کی التجا کی تھی
اور اللہ تعالی نے میری التجا قبول کرلی ہے انشاء اللہ میری امت میں سے جو شخص بغیر شرک کی حالت کے مریگا اسکو
میری شفاعت نصیب ہوگی دوسری روایتہ میں ہے کہ آپ نے فرمایا اللہ تعالی نے میری التجا قبول کرنے مین مجھکو وہ
بشارت دی ہے کہ اگر لوگون کو وہ بشارت معلوم ہوجاوے تو لوگ نماز روزہ چھوڑکر اسی بشارت کو اپنے حق میں اپنی
نجات کے لیئے کافی سمجھین صحیح مسلم میں اسی مضمون کی ایک روایتہ عبداللہ بن عمر کی ہے جس سے ان روایتون کو پوری
تقویت ہوجاتی ہے بعضے نصرانی علمانے ان آیتون کے متعلق یہہ اعتراض کیا ہے کہ نصرانی لوگ مریم علیہا السلام کے
خدا ہونے کے قائل نہیں ہیں پھر معلوم نہیں کہ ان آیتون میں نصرانیون کا یہہ اعتقاد کیون بیان کیا گیا ہے علمارا اسلام
نے اس کا جواب یون دیا ہے کہ یہہ اعتراض دو حال سے خالی نہیں یا تو اعتراض کرنے والے نصرانی علمانے اپنے مذہب کو
چھپایا ہے یا انکو اپنے مذہب کی کتابون سے ناواقفی ہے کیونکہ ۱۸۱۸ء تک عیسائی مذہب کی جو کتابین چھاپی گئی ہیں

اُن مین حضرت مریم علیہا السلام کی تصویر کو سجدہ کرنے کا ذکر موجود ہے اسی طرح مذہب عیسائی مین ایک نماز جواب تک جاری ہے جس کا نام صلوٰۃ المریم ہے اُسکے لفظ یہ ہین کہ اے آسمان کی بادشاہ سب فرشتے تجھکو سجدہ کرتے اور تیرے نام کی تسبیح پڑہتے ہین اس لیئے ہم تجھکو سجدہ کرکے اپنی نجات چاہتے ہین اب ان قرآن پر اعتراض کرنے والے عیسایون سے یہہ بات دریافت طلب ہے کہ ان سب باتون کے بعد حضرت مریم کو خدا ٹہرانے مین کسی اور بات کی کسر رہگئی ہو تو وہ بیان کی جاوے انجیل متی کے تیسرے اور چوتھے باب کے حوالہ سے یہہ تو ایک جگہ اس تفسیر مین ذکر کیا گیا ہے کہ جب شیطان نے عیسے علیہ السلام کو بہکایا اور اپنے آپ کو سجدہ کرانا چاہا تو عیسے علیہ السلام نے اُس ملعون کو یہی جواب دیا کہ سجدہ اور عبادت سوا اللہ تعالیٰ کی ذات کے اور کسی کے لیئے جائز نہین ہے اب سمجھہ مین نہین آتا کہ عیسے علیہ السلام کی اس ہدایت کے برخلاف مریم علیہا السلام کی تصویر کو سجدہ بھی کیا جاتا ہے اور پھر حضرت مریم علیہا السلام کو خدا ٹہرانے کا اعتقاد سنکر قرآن پر اعتراض بھی کیا جاتا ہے آخر یہ ماجرا ہی کیا ہے کسی عیسائی کو یہہ ماجرا تفصیل سے بیان کرنا چاہیئے جیسے عیسی علیہ السلام نے اللہ تعالے کے سوال کا یہہ سچا جواب دیا جس کا ذکر ان آیتون مین ہے تو اللہ تعالی نے انکے اس سچے جواب کو پسند فرماکر یہ فرمایا کہ آج قیامت کا دن وہ دن ہے کہ دنیا میں جو لوگ احکام الٰہی کے سچے پابند رہے اونکی راست بازی کی جزا آج کے روز جنت اور اللہ کی رضامندی ہے جسکے سبب سے وہ لوگ ہمیشہ جنت میں خوشحالی سے رہین گے پھر فرمایا آسمان وزمین کی بادشاہت اللہ کی ہے اور کوئی چیز آسمان وزمین میں اُسکی قدرت اور اُسکے اختیار سے باہر نہیں اور یہہ ایسی باتین ہین جو نہ عیسے بن مریم مین پائی جاتی ہین نہ اُنکی مان مریم مین پھر باوجود اسکے جن لوگون نے ان دونون کو اللہ کا شریک ٹہرایا وہ بڑی غلطی پر ہین سورہ ابراہیم مین آوے گا کہ قیامت کے دن شیطان بھی لوگونسے سچ بولے گا اور یون کہوے گا کہ مین نے تم لوگونکو جن بہکاوے کی باتون مین ڈال رکھا تھا وہ سب جھوٹ تھین اور اللہ تعالی نے اپنے رسولون کی معرفت تم سے جنت اور دوزخ کا وعدہ کیا تھا وہ ایسا سچ تھا کہ آج تمہاری آنکھون کے سامنے آگیا مگر اُس ملعون کا یہ سچ بولنا اُسکے کام نہ آویگا کیونکہ قیامت کا دن دنیا کے نیک وبدعمل کی جزا وسزا کا ہے نیک وبدعمل کرنے کا وہ دن نہین ہے اسواسطے ہذا یوم ینفع الصادقین صدقھم کی یہی تفسیر صحیح ہے کہ دنیا مین جو لوگ احکام الٰہی کے سچے پابند رہین گے اونکی یہہ راست بازی قیامت کے دن اُنکے کام آویگی - یہہ مطلب آیتہ کا نہین ہے کہ دنیا کے جھوٹون کو قیامت کے دن کی راست بازی فائدہ مند ہوگی - صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے سے بڑھکر بردبار کون ہوگا کہ لوگ اُسکی نافرمانی کرتے ہین اور وہ اُنکی صحت اور اُنکے رزق کا انتظام فرماتا ہی صحیح بخاری وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباس کی روایتہ ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن امت محمدی مین سے بعضے

منزل ۲

نافرمان لوگون کو بائین ہاتھ مین نامۂ اعمال دینے کو فرشتے بیجا ویںگے اُسوقت میں ان لوگون کے حق میں یہی کہونگا جو عیسےٰ علیہ السلام اپنی امت کے حق مین کہوین گے کہ کنت علیہم شہید ما دمت فیہم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیہم انت علی کل شئی شہید ان تعذبہم فانہم عبادک وان تغفرلہم فانک انت العزیز الحکیم یہ حدیثین ان آیتونکی گویا تفسیر ہیں۔ کیونکہ ان آیتون اور حدیثون کے ملانے سے نافرمان لوگون کا دین و دنیا دونون جگہ کا حال کھلجاتا ہے

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً
	شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا	

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

سب تعریف اللہ کو جسنے بنائے آسمان اور زمین اور ٹھہرائین اندھیریان اور اجالا پھر یہ منکر اپنے رب کے ساتھ کسکو برابر کرتے ہین

حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق یہ سورہ مکی ہے۔ مستدرک حاکم مین جابرؓ سے روایت ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب یہہ سورہ اتری تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ کہا اور یہ فرمایا کہ آسمان سے زمین تک ستر ہزار فرشتے اس سورۃ کے نازل ہونے کے وقت اسکے ساتھہ تھے حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ اس سورہ مین توحید نبوت اور حشر کے ضروری احکام ہیں اس لئے اُن احکام کی عظمت اور شیطان کی مداخلت ان احکام مین نہ ہونے کے لئے یہہ ستر ہزار فرشتون کی جماعت اس سورہ کے ساتھہ آئی۔ جو سورتین اللہ تعالےٰ نے اپنی تعریف کے لفظون سے شروع کی ہیں جیسے یہہ سورہ یا جیسے الحمد للہ رب العالمین ان سے یہ مطلب ہے کہ لوگ ان لفظون سے اللہ کی تعریف کیا کرین۔ اگرچہ اللہ کی مخلوقات بے گنتی ہے لیکن اس سورہ میں انسان کی ہدایت کے بہت سے احکام ہیں اور آسمان و زمین کے عجائبات پر غور کرنے سے انسان کے دل مین اللہ کی قدرت کی بڑی عظمت پیدا ہو سکتی ہے جسکے سبب سے پھر اللہ کے احکام کی موافق ہدایت پانے کا موقع بھی ہو سکتا ہے اسواسطے یہان اور مخلوقات مین سے فقط آسمان و زمین کا ذکر فرمایا سورہ بنی اسرائیل میں معراج کی حدیثین آوینگی جنمین سات آسمانون اور اُنکے عجائبات کا ذکر ہے اسی طرح سورۃ النبا میں حدیثیں آوین گی جن مین ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک پانسو برس کی راہ کے فاصلہ کا اور اسی قدر ہر ایک آسمان کی موٹائی کا ذکر ہے اور یہ بھی ذکر ہے کہ آسمانون کی طرح زمین بھی سات ہیں اور ایک زمین سے دوسری زمین تک پانسو برس کی راہ کا فاصلہ ہے۔ خیر یہ باتین تو علم دین کے جاننے پر منحصر ہیں لیکن آسمان و زمین کی اتنی حالت تو سب کے آنکھونکے سامنے ہے کہ وقت مقررہ پر ایک سال بھی آسمان سے مینہہ نہ برسے یا مینہہ تو برسے مگر اللہ کے حکم سے زمین کی پیداوار پر کچھہ آفت آجاوے تو انسان کی ساری آسائش خاک مین ملجاوے۔ یہ بھی آسمان کی حالت کا ایک نتیجہ ہے

کہ آسمان کی گردش سے رات کا اندھیرا دن کا اوجالا پیدا ہوتا ہے جس سے انسان کی راحت صحت طرح طرح کے کاروبار سب کچھ قائم ہے اہل مکہ نے سوا رات کے اندھیرے کے کفر و شرک و جہالت کا اندھیرا بھی پھیلا رکھا تھا اسواسطے اندھیرے کے لفظ کو جمع کر کے فرمایا مطلب یہ ہے کہ رات کے اندھیرے کے ساتھ جس طرح اللہ تعالے نے دن کا اوجالا پیدا کیا ہے اوسی طرح کفر و شرک کے مٹانے کے لئے نور ایمانی پیدا کیا ہے جسکی قسمت میں ہے وہ اس کفر و شرک کے اندھیرے سے نکل کر ایمان کی روشنی پا سکتا ہے آخر کو فرمایا کہ جب یہ سارا کارخانہ اللہ تعالی کا پیدا کیا ہوا ہے جسمین کوئی اس کا شریک نہین ہے تو پھر یہ منکر شریعت لوگ دوسرون کو اللہ کا ہمسر ٹہرا کر اللہ کی تعظیم و عبادت مین جو ان دوسرون کو شریک کرتے ہین یہ ان لوگون کی بڑی نادانی ہے۔ صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث گذر چکی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ لوگ اپنی نادانی سے اللہ کی تعظیم اور عبادت مین دوسرون کو شریک کرتے ہین لیکن اللہ تعالے نے اپنی بردباری سے ان لوگون کی زیست اور صحت کے کارخانے حسب دستور قائم رکھے ہین ان لوگون کی نادانی کی سزا کے طور پر اون کارخانون مین کچھ ردوبدل نہین فرمایا یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب ہوا کہ انسان کو اور اس کی راحت کے ہر طرح کے سامان کو تو بغیر کسی کی شراکت کے اللہ تعالی نے پیدا کیا لیکن بعضے نادان لوگ بلا استحقاق دوسرونکو اوسکی تعظیم اور عبادت مین شریک کرتے ہین اسپر بھی وہ اپنی بردباری سے ان لوگون کے راحت کے سامان مین کچھ خلل نہین ڈالتا منزل ۲

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ ۝

وہی ہے جس نے بنایا تمکو مٹی سے پھر ٹہیرایا ایک وعدہ اور ایک وعدہ ٹہرا رہا ہے اسکے پاس پھر تم شک لاتے ہو

وَهُوَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ ۖ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ۝

اور وہی اللہ ہے آسمان اور زمین میں جانتا ہے تمہارا چھپا اور کھلا اور جانتا ہے جو کماتے ہو

ابو داؤد اور ترمذی میں ابو موسے اشعری سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے حضرت آدم کو ایک مٹھی خاک سے جو تمام زمین سے لی گئی ہے بنایا ہے اسیواسطے انکی نسل میں طرح طرح کے لوگ ہیں ہر جگہ کی مٹی کے اثر سے کوئی گورا ہے کوئی بالکل کالا ہے کوئی سانولا کوئی بدمزاج سخت خو کوئی نیک مزاج نرم خو ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ کافر اور دہریہ مزاج کے لوگ مرنے کے بعد پھر پیدا ہونے کی خبر قرآن میں سنکر بڑے تعجب سے کہتے تھے کہ من یحی العظام وہی رمیم جس کا مطلب یہ ہے کہ ہڈیون کی مٹی ہوجانے کے بعد پھر دوبارہ پیدائش کیونکر ہوگی انکے قائل کرنے کو اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی اور انکو جتلایا کہ آخر وہ ہڈیان گل سڑ کر ایسی مٹی تو ہونگی جس طرح کہ مٹی آگے تھی جس مٹی سے ایک پتلا ایسا

بنایا گیا جس میں کروڑ ہا پتلون کے بنجانے کی صلاحیت رکھدی گئی جس صلاحیت کے اثر سے آج تک اُس پتلے کی نسل چلی آتی ہے جسمین یہ منکر حشر بھی داخل ہیں پھر جس قادر نے کروڑ ہا پتلے کا ایک پتلا یک جا ہی طور پر ایک مٹھی خاک سے بنادیا اور اُس پتلے سے کروڑ ہا روحون کا تعلق کردیا اُس قادر کی قدرت سے یہ کیا دور ہے کہ اُسی خاک سے الگ الگ پتلا بنادیوے اور ہر ایک پتلے کے ساتھ تعلق روح کا پیدا کردیوے بلکہ پتلے میں پتلا جو بن چکا ہے اور ایک جسم مین کروڑ ہا جسم اور ایک روح کے تعلق میں کروڑ ہا روحون کا تعلق ہے جسکے سبب سے دادا سے لیکر پوتا پڑپوتا سب پیدا ہوجاتے ہیں اور پھر پڑپوتے کو دیکھو تو دادا بنجاتا ہے حاصل کلام یہ ہی کہ جو کچھ ہوچکا ہے اور سب کی آنکھون کے سامنے ہے وہ ایسا مشکل تھا جہان عقل کے پر جلتے ہیں اور باوجود اس بلند پروازی کے وہان پر قیچ جانور کی طرح اڑنے سے عقل بے بس ہے اسکے بعد دوبارہ جو کچھ ہونا ہے وہ نہایت سہل ہے جو صانع ایک مشکل صنعت کو کرچکی اُسکو آسان صنعت کیا مشکل ہے مثلاً ایک گھڑی ساز ایسی گھڑی بنا چکا ہے جس گھڑی مین تاریخ کی سوئی دن کی سوئی وقت کی سوئی گھنٹہ کی آواز بیداری سب کچھ ہے پھر یہہ کون عقل کا پورا انکار کرسکتا ہے کہ اُس گھڑی ساز کو الگ الگ پرزے بنانے مشکل ہیں اسی حکمت سے اللہ تعالےٰ نے پہلی پیدائش کو مشکل اور دوسری پیدائش کو آسان کہا ہے کہ مشکل کام کے طے ہوجانے کے بعد آسان کام کے ہوجانے کی طرف لوگونکا قیاس دوڑے اور قیاس دوڑانے کی ہدایت اپنے کلام پاک میں لوگون کو یون فرمائی ہے ولقد علمتم النشاۃ الاولےٰ فلولا تذکرون یعنی پہلی پیدائش کو تم جان چکے ہو پھر کیون نہیں پہلی پیدائش کے تیار پر تم دوسری پیدائش کو بیان کرتے ایک عالم پابند شریعت اور ایک دہریہ منکر حشر کا ایک دفعہ مناظرہ ہوا دہریہ نے بڑی بحث کے بعد دوبارہ پتلے کا بنجانا جہان لیا مگر دوبارہ روح اور جسم کے تعلق مین تردد رہا عالم پابند شریعت نے اس تردد کا جواب دیا کہ روح کی مثال پرندار جانور کی ہے اور جسم کی مثال پنجرہ کی ہے کیونکہ جسطرح جانور کے اڑجانے کے بعد پنجرہ خالی رہجاتا ہے اوسی طرح روح کے نکل جانے کے بعد بدن خالی رہجاتا ہے اور پہلی تعلق مین طائر روح اُس جسم کے پنجرہ سے اجنبی مثل طائر وحشی کو عمر طبعی کی مدت تک بدن کے پنجرے مین بند کردیا جسکے سبب سے عمر طبعی تک بدن کے پنجرہ میں رہکر وہ جانور ایک پلے ہوئے طوطے یا کبوتر وغیرہ کے موافق ہوگیا تو یہہ تو رات دن آنکھون دیکھنے کی بات ہے کہ پلے ہوئے جانور کبھی پنجرہ سے نکل جاتے ہیں تو اپنے پنجرہ میں خود چلے جایا کرتے ہیں اس مین تردد کیا ہے اس جواب سے وہ دہریہ شخص بہت قائل ہوا اس آیت مین اجل کا ذکر اللہ تعالےٰ نے دو دفعہ جو فرمایا ہے اُسکے دو معنے ہیں جو شاہ عبدالقادر صاحب نے اپنے فائدے مین ذکر کئے ہین کہ ایک اجل ہر ایک شخص کے پیدا ہونے کی تاریخ سے مرنے کی تاریخ تک کی ہے اور دوسری اجل تمام دنیا کی ہے جو دنیا کی پیدائش کی تاریخ سے پہلے صور تک ہے دوسری اجل کے ساتھ عندہ جو فرمایا اُسکا مطلب ہے کہ دنیا کے

ختم ہونے و قیامت کے آنے کا وقت سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہیں ہان ہر ایک شخص کی اجل کا وقت
ملک الموت کو جتلا دیا جاتا ہے یہ معنے حضرت عبد اللہ بن عباس اور انکے شاگرد مجاہد اور سعید بن جبیر نے سلف
میں سے اختیار کئے ہیں دوسرے معنے ترجمان قرآن حضرت عبد اللہ بن عباس نے اپنے دوسرے قول میں جو اختیار
کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ ہر ایک انسان کے لئے دو مدتیں اللہ تعالیٰ نے مقرر فرمائی ہیں جنکا نام اجل ہے وہ دونوں اجلیں
لوح محفوظ میں لکھی ہیں ایک مدت تو روز پیدائش سے موت کے وقت تک کا زمانہ ہے دوسری مدت وقت موت
سے پھر جینے اور حساب و کتاب کے لئے اللہ کے روبرو کھڑے ہونے تک کا زمانہ ہے ابن ماجہ میں ثوبان سے جو روایت
ہے کہ نیکی سے آدمی کی عمر بڑھ جاتی ہے اسکے معنے یہی ہیں کہ نیکی کرنے کے سبب کچھ مدت پچھلے زمانہ سے اگلے زمانہ
میں اللہ تعالیٰ بڑھا دیتا ہے اور جو آدمی نیکی نہیں کرتا اوسکی عمر کے گھٹنے کا یہی مطلب ہے کہ اسکی اصلی عمر پوری
ہوتی ہی وہ مر جاتا ہے عالم برزخ کے زمانہ میں سے کچھ دن اسکی عمر میں نہیں بڑھتے اور لوح محفوظ میں یہ تفصیل
بھی لکھی ہوئی ہے کہ زید کی اصلی عمر اتنی ہے لیکن فلاں نیکی کی جزا میں اس قدر مدت عالم برزخ کے زمانہ میں سے
اسکی اصلی عمر میں بڑھا دینے سے وہ اس مدت تک جی کر مرے گا اور خالد نے نیکی نہیں کی اسلئے اسکی عمر میں عالم
برزخ کے زمانہ میں سے کچھ مدت نہیں بڑھی حاصل کلام یہ ہے کہ جس طرح پہلی اجل کا حال سب کی آنکھوں کے سامنے
ہے کہ جب اسکا وقت آجاتا ہے تو پھر ٹل نہیں سکتا اسی طرح جب دوسرے وعدہ کے ظہور کا وقت آجاویگا
تو آج اسمیں شک و شبہ کرنے والے غافل رہنے والے اسوقت اسکو اپنی آنکھوں دیکھ لیوینگے اور
پھر سب شک و شبہ اٹھا جاتا رہے گا اسواسطے ہر عقلمند کو یہ سوچ لینا چاہئے کہ دنیا کا یہ اتنا بڑا انتظام بغیر کسی نتیجہ
کے کھیل تماشے کے طور پر نہیں ہے بلکہ اسکا نتیجہ ہی ہے جو ان لوگوں کو گھڑی گھڑی سمجھایا جاتا ہے کہ
اس جہان کے بعد دوسرا جزا کا جہان ضرور قائم ہونے والا ہے اور وہ اللہ جسکی بادشاہت و حکومت آسمان و
زمین پر ہے اپنی آسمانی بادشاہت میں سزا و جزا کا فیصلہ ضرور کرنے والا ہے جسکے فیصلہ کے وقت کوئی بات چھپی نہیں
رہ سکتی کیونکہ اسکو انسان کے دل کی نیت کا حال اور انسان کے ہاتھ پیروں کے کاموں کا حال ذرہ ذرہ سب
معلوم ہے دنیا میں جبتک انسان جیتا ہے اسکو اختیار ہے کہ اس فیصلہ کے لئے اچھی بری جیسی روداد چاہے جمع کرے
دو روز نامچہ نویس ہر وقت اسکے ساتھ ہیں جو تاریخ پیشی کے لئے ہر طرح کی روداد لکھتے رہتے ہیں پیشی بھی وہ پیشی ہے
جس میں انسان کے ہاتھ پاؤں بھی گواہی دینے کو تیار ہو جاوینگے چنانچہ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ کی
حدیث اس گواہی کے باب میں ایک جگہ گذر چکی ہے اسلئے ہر صاحب عقل کا کام ہے کہ جہانتک ہو سکے اس
تاریخ پیشی کے لئے اچھی روداد جمع کرے ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے شداد بن اوس کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقلمند وہ شخص ہے جو اپنے نفس پر قادر ہو کر موت کے آنے سے پہلے موت کے

منزل ۲

بعد کے لئے کچھ نیک عمل کر لیوے اور نادان وہ ہے جو عمر بھر نیک کامون سے غافل اور بُرے کامون مین مصروف رہے اور پھر عقبے مین راحت کی توقع رکھے ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے قیامت کے دن نیک و بد کی جزا و سزا کا جو فیصلہ آخر ہو گا اُسکے لئے روداد جمع کرنے کی گویا یہ حدیث تفسیر ہے۔

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ○ فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ

اور نہیں پہنچتی اُنکو کوئی نشانی انکے رب کی نشانیون مین مگر کرتے ہیں اُس سے تغافل سو جھٹلا چکے حق بات کو جب ان تک پہنچے

فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ○ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ

اب آگے آویگی اوپر حقیقت اُس بات کی جسپر ہنستے تھے کیا دیکھتے نہین کتی ہلاک کین ہمنے پہلے اونسے سنگتین

مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ

انکو جمایا تھا ہمنے ملک مین جتنا تمکو نہین جمایا اور چھوڑ دیا ہمنے اوپر آسمان برستا اور بنا دین نہرین بہتی

تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ○

انکے نیچے پھر ہلاک کیا انکو انکے گناہون پر اور کھڑی کی اون کے پیچھے اور سنگت

اوپر ذکر تھا کہ عقلمند وہی شخص ہے جو قیامت کے دن کے فیصلہ اخیر کے لئے کچھ اچھی روداد جمع کر لیوے اب ان آیتون مین اہل مکہ کی اُس نادانی اور کم عقلی کا ذکر ہے جسپر وہ لوگ اڑے ہوئے تھے۔ حاصل مطلب ان آیتونکا یہ ہے کہ قیامت کے دن کے فیصلہ اخیر کے لئے اچھی روداد کا جمع کرنا تو درکنار اُلٹی کمبختی کے سبب سے یہ لوگ تو اسپر اڑے ہوئے ہیں کہ اُس فیصلہ اخیر کی یاددہانی کے باب مین جو آیات قرآنی نازل ہوتے ہین اُن ہی کو یہ لوگ جھٹلا کر ہنسی ٹھٹھے مین اڑاتے ہیں لیکن اسمین کسی کا کچھ نہین بگڑتا وقت مقررہ پر یہی لوگ اپنے کئے کا بُرا نتیجہ دیکھ لیوین گے کہ شام و یمن کے سفر مین جس طرح پچھلی قومون کی اجڑی ہوئی بستیان اُنکو نظر آتی ہیں وہی حال انکا ہو گا کہ یا تو دنیا مین کوئی عذاب اُنپر آجائے گا اور اگر مصلحت الٰہی کے موافق دنیوی عذاب سے یہ لوگ بچ بھی گئے تو عقبی کی خرابی سے نہین بچ سکتے یہ اُنکو معلوم ہے کہ پچھلی قومین طاقت ثروت درازی عمر سب باتون مین انسے بڑھکر تھین۔ پھر ان باتون میں سے اُنکی کوئی بات جب عذاب الٰہی سے اُنکو نہ بچا سکی تو اُنکے پاس عذاب الٰہی سے بچنے کا ایسا کونسا سامان ہے جسکے بھروسہ پر یہ لوگ آیات قرآنی کے جھٹلانے مین ایک دوسرے سے بڑھکر ہیں۔ اللہ سچا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ قریش مین جو لوگ آیات قرآنی کے زیادہ منکر تھے بدر کی لڑائی مین اُنپر دنیاوی آفات بھی آئی اور دنیا سے اوٹھتے ہی عذاب آخرت مین جا پہنچے۔ صحیح مسلم مین حضرت عمرؓ کی روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ بدر کی لڑائی کے شروع ہونے سے ایک رات پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش مین کے اون سب سرکش لوگون کے نام بتلا دئے تھے جو بدر کی لڑائی میں قتل ہونے والے تھے اور قتل ہونے کے بعد

منزل ۲

جہان اُن لوگون کی لاشین پڑی تھین وہ مقامات بھی آپنے پہلے سے صحابہ کو دکھلا دئے تھے صحیح بخاری و مسلم مین انس ابوطلحہ وغیرہ کی روایتین ہین جنمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے اُن سرکش لوگون کی لاشون پر کھڑے ہوکر یہ فرمایا کہ اے لوگو تم نے اللہ تعالی کا وعدہ سچا پایا یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہین جنسے آیات قرآنی کے جھٹلانے والے قریش کی دین و دنیا کی بدانجامی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا

اور اگر اوتارین ہم اوپر تجھ کے لکھا ہوا کاغذ مین پھر ٹٹول لین اُسکو اپنے ہاتھ سے البتہ کہین گے منکر یہ کچھ نہین مگر

إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝ وَقَالُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنْزَلْنَا مَلَكًا لَقُضِيَ الْأَمْرُ

جادو ہے صریح اور کہتے ہین کیون نہ اوترا اوسپر کوئی فرشتہ اور اگر ہم فرشتہ اوتارین تو فیصل ہوچکے کام

ثُمَّ لَا يُنْظَرُونَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُونَ ۝

پھر اونکو فرصت نہ ملے اور اگر ہم رسول کرتے کوئی فرشتہ تو وہ بھی صورتین ایک مرد کرتے اور اوپر شبہ ڈالتے وہی شبہ جو اب ہین

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ

اور ہنسی کرتے رہے رسولون سے تیرے پہلے پھر الٹ پڑے اُنپر ہنسی والون پر جس بات پر ہنسا کرتے

يَسْتَهْزِئُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ ع ۱۷ منزل ۲

تھے تو کہہ پھرو ملکون مین تو دیکھو آخر کیسا ہوا جھٹلانے والون کا

مقاتل بن سلیمان اور کلبی نے اپنی تفسیر مین کہا ہے کہ نضر بن حارث اور عبداللہ بن امیہ مشرکین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک روز کہا کہ ہم اُس صورت مین ایمان لا سکتے ہیں کہ اللہ تعالی کے پاس سے لکھا ہوا ایک کاغذ اس مضمون کا ہمارے پاس آوے کہ بالشک آپ رسول برحق ہیں اور چار فرشتے اُس کاغذ کے ساتھ آنکر اُس کاغذ کی تصدیق کرین کہ یہ اللہ کی طرف کا نوشتہ ہے اور اُسکا مضمون برحق ہے اسپر اللہ تعالے نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ جسم نوری ہونے کے سبب سے اصل فرشتون کو تو کوئی انسان دیکھ نہین سکتا حضرت داؤد حضرت ابراہیم کے پاس جو فرشتے آئے آخر وہ انسان کی صورت مین آئے اسلئے اگر اُن کے کہنے کے موافق آنکے آنکھون کے سامنے کوئی فرشتہ بھیجا بھی جاوے تو وہ ضرور بصورت بشر ہوگا پھر جس طرح اب نبی برحق کی نبوت پر انسان ہونے کے سبب سے یہ لوگ طرح طرح کے اعتراض اور مسخرپن کی باتین کر رہے ہین وہی حال باقی رہے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ پھر یہ لوگ ہلاک ہوجاوینگے کیونکہ یہ عادت الٰہی ہے کہ کسی امت کی فرمائش کے موافق نبی کو معجزہ دیا جاوے اور وہ معجزہ دیکھکر بھی وہ امت نبی کو نہ مانے تو پھر وہ امت ہلاک ہوجاتی ہے جسطرح ثمود کی اونٹنی کا حال یہ لوگ سن چکے ہیں اب آخر آیۃ مین حضرت کی تسکین فرمائی کہ اگر

یہ لوگ ایمان نہ لاوین گے اور اسی طرح مسخراپن کی باتین کرتے رہین گے تو انبیاسے ٹھٹھا کرنے والون کا حال جو آگے ہوا ہے وہی انکا ہوگا اور قریش کو ہدایت فرمائی کہ ملک شام اور ملک یمن کے سفر میں پچھلی قومون کی اوجڑی ہوئی بستیان دیکھکر ذرا عبرت پکڑین روایۃ حدیث میں اگرچہ مقاتل بن سلیمان اور کلبی دونون کو ضعیف ٹھہرایا گیا ہے مگر تفسیر مین ان دونون کو مسلم اور معتبر قرار دیا ہے چنانچہ ابن عدی نے کلبی کی نسبت کہا ہے کہ سفیان بن عیینہ اور شعبہ اور بہت سے لوگون نے کلبی سے تفسیر کے باب مین روایۃ کی ہے اور اس روایۃ کو معتبر قرار دیا ہے اور مقاتل بن سلیمان کی نسبت امام شافعی نے فرمایا ہے کہ فن تفسیر مین مفسر لوگ مقاتل کے بچون کے برابر ہین بدسگی لڑائی کی حدیثین جو اوپر کی آیتون کی تفسیر میں گذرین وہی حدیثین ان آیتونکی بھی تفسیر ہین۔

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلْ لِّلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

پوچھ کہ کس کا ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں کہہ اللہ کا ہے اسنے لکھی ہے اپنے ذمہ مہربانی البتہ جمع کرے گا تمکو دن قیامت تک

لَا رَيْبَ فِيْهِ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ

اس مین شک نہیں جنہون نے ہاری اپنی جان وہی نہیں مانتے اور اسی کا ہے جو کچھ بستا ہے رات میں اور دن میں اور وہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ قُلْ اِنِّىْٓ

سب سنتا جانتا تو کہدیا کوئی اور پکڑون اپنا مددگار اللہ کے سوا جو بنانے والا ہے آسمان اور زمین کا اور وہ بلکہ کھلاتا ہے اور

اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ

حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے حکم مانون اور تو نہ ہو شریک پکڑنے والا تو کہہ میں ڈرتا ہون اگر حکم نہ مانون

رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝

اپنے پروردگار کا ایک بڑے دن کے عذاب سے جسپر سے وہ ٹلا اسدن اسپر رحم کیا اور یہی ہے بڑی مراد ملنی

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

اور اگر پہنچاوے تجکو اللہ کچھ سختی پھر اوسکو کوئی نہ اوٹھاوے سوا اسکے اور اگر تجکو پہنچاوے بھلائی تو وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝

قادر ہے اور اوسی کا زور پہنچتا ہے اپنے بندونپر اور وہی ہے حکمت والا خبردار

اوپر ذکر تھا کہ آسمان زمین انسان اور اسکی ضرورت کی چیزین یہ سب کچھ اللہ تعالے نے اس طرح پیدا کیا ہے کہ اس میں کوئی اوس کا شریک نہیں لیکن یہ مشرک لوگ زبردستی سوا اللہ تعالے کے بلا استحقاق اورون کو اللہ کا ہمسر ٹھہرا کر اوسکی تعظیم اور عبادت میں اوسکو شریک کرتے ہیں۔ ان آیتون میں ارشاد ہے کہ اے رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ بلکہ آخر سب کے نزدیک آسمان و زمین میں کسی بادشاہت

منزل ۲

کہ کے قحط کے وقت یہ تو ان لوگون کو اچھی طرح سے تجربہ ہو چکا ہے کہ اُنھون نے اپنے بتون سے رات دن مینہ برسنے کی التجا کی اور ایک بوند نہ پڑی آخر اے رسول اللہ کے جب تمہاری دعا سے اللہ نے اپنا رحم کیا تو مینہ برسا اسواسطے یہ تو اونکا مونہہ نہین کہ یہ لوگ سوا اللہ تعالے کے آسمان اور زمین مین کسی اور کی بادشاہت بتلا دین اسلیے اے رسول اللہ کے ان لوگون کو قائل کرنے کے طور پر تم ہی ان سے کہدو کہ آسمان و زمین کی بادشاہت اللہ کی ہے جسمین تم لوگون کے بتون کی کچھہ شراکت نہیں اسواسطے وہ بت ضرورت کے وقت تمہارے کام نہین آتے رہی یہ بات کہ جب آسمان و زمین کی بادشاہت اللہ کی ہے تو پھر اُس بادشاہت مین اورون کو شریک ٹھہرانے کے سبب سے ان لوگون پر کوئی ناگہانی آفت جلدی سے کیون نہین آتی اسکا سبب یہی ہے کہ اللہ کی رحمت اُسکے غصہ پر غالب ہے اسواسطے وہ فوراً کسی کو نہین پکڑتا لیکن جس طرح اُسکی شان رحمت کی ہے اوسی طرح اُسکی شان مین انصاف بھی ہے جسکے سبب سے اُس نے یہ انتظام فرمادیا ہے کہ قیامت تک سب جاندار بیجان ہوکر زمین کے اوپر سے زمین کے اندر جمع ہوجاوینگے اور پھر وقت مقررہ پر اونکو دوبارہ زندہ کیا جاوے گا اور نیک و بد کی جزا و سزا ہوگی۔ اگرچہ یہ انتظام شک و شبہ سے اس قدر دور ہے کہ اللہ تعالی نے اپنی ذات پاک کی قسم کھا کر یہ انتظام ان لوگون کو جتلایا ہے لیکن علم ازلی الٰہی کے موافق جو لوگ عقبی مین نقصان اٹھانے والے ہین وہ اس انتظام کو نہین مانتے اور اس انتظام کی خبر کو جھٹلاتے ہین مگر ان لوگون کے جھٹلانے سے انتظام الٰہی کچھہ پلٹنے والا نہین دنیا مین سب رات دن کے رہنے سہنے والے اُسکے انتظام کے تابع ہین اور وہ سب کے مونہہ سے نکلی ہوئی بات کو اور سب کے ہاتھہ پیرون کے کام کو سنتا جانتا ہے ہر ایک کے قول و فعل کی موافق ایک دن جزا و سزا کا موقع پیش آنے والا ہے۔ مشرکین مکہ جس طرح خود اپنے بڑون کے راستہ پر چلکر بت پرستی مین پھنسے ہوئے تھے اسی راستہ پر چلنے کی فرمائش اللہ کے رسول سے بھی وہ لوگ کبھی کبھی کیا کرتے تھے انکی اس فرمائش کا جواب اپنے رسول کی زبانی اللہ تعالے نے جو ان آگے کی آیتون مین دیا ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی نے آسمان و زمین سب کچھہ پیدا کیا سب اوسکے رزق کے محتاج ہین اور وہ کسی بات مین کسی کا محتاج نہین۔ اُسنے اپنے رسول کو حکم دیا ہے کہ امت کے سب لوگون کے پہلے وہ احکام الٰہی کا پابند ہوکر امت کے لوگون کو بھی اُسکے موافق ہر وقت نصیحت کرین۔ شرک کی باتون سے خود بھی بچین اور امت کے لوگون کو بھی بچاوین اُس نے اپنے رسول کے دل مین یہ خوف پیدا کردیا ہے کہ اللہ تعالی کے نافرمان لوگونکو بڑا عذاب بھگتنا پڑے گا اسلیے اللہ کی فرمانبرداری کے سبب سے جو اُس عذاب سے بچ گیا اُس نے بڑی کامیابی حاصل کی۔ اللہ تعالی اگر کسی شخص کو بیماری تنگدستی وغیرہ کی تکلیف مین کبھی پھنسا دیوے تو سوا اُسکے اور کوئی اُس تکلیف کو رفع نہین کرسکتا اور اگر وہ کسی کو کچھہ راحت پہونچا دے تو اُسکی راحت کو کوئی تکلیف سے بدل نہیں سکتا

منزل ۱

کیونکہ ہر چیز اُسکی قدرت اور اُسکے اختیار مین ہے کسی دوسرے کا اسمین دخل نہین ہی ساری مخلوق اُسکی بس مین ہے اپنی حکمت اور اپنی مصلحت کے موافق جس طرح وہ چاہتا ہے اپنی مخلوق پر حکومت کرتا ہے بھلا تم ہی لوگ سوچو کہ باوجود ان سب باتون کے کوئی شخص سوا اللہ کے کسی دوسرے کو اپنا حامی و مددگار ٹھہراکر کیا پھل پاسکتا ہی۔ صحیح بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رضی کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت اللہ تعالی نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا تو ارحم الرحمین نے یہ بات پہلے ہی لکھدی ہی کہ مخلوقات کی سزا کے باب مین اللہ تعالی کی رحمت اُسکے غصہ پر غالب رہیگی صحیح مسلم مین عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مخلوقات کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی کے موافق مخلوقات کی سب حالت لکھدی ہے۔ صحیح بخاری مین عمران بن حصین کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کے علم ازلی کے موافق جو شخص جنت مین جانے کے قابل پیدا ہوا ہے وہ دنیا مین نیک کام کرتا ہے اور جو شخص دوزخ مین جانے کے قابل پیدا ہوا ہے وہ ویسا ہی عمل کرتا ہے۔ یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہین جن سے معلوم ہوتا ہی کہ مشرک لوگون پر کوئی فوری آفت اسلئے نہین آتی کہ اللہ تعالی نے مخلوقات کے پیدا کرنے سے پہلے یہ بات لکھدی ہے کہ مخلوقات کے پیدا ہونے کے بعد اُنکے معاملات مین اللہ کی رحمت اللہ کے غصہ پر غالب رہوے گی۔ یہ نافرمان لوگ باوجود فہمائش کے اپنی نافرمانی سے اسلئے باز نہین آتے کہ علم الٰہی مین جو لوگ دوزخ کے قابل قرار پاچکے وہ اپنی نافرمانی سے ہرگز کبھی باز نہ آوین گے کیونکہ وہ نافرمانی بھی اُنکو عین فرمانبرداری نظر آتی ہے اسی واسطے اُنکی جرأت یہان تک بڑھ گئی ہے کہ اونھون نے اللہ کے رسول سے بھی اوسی ڈھنگ پر جانے کی فرمائش کی جسکا جواب دیکر اللہ تعالے نے اون لوگون کو قائل کیا۔

منزل ۲

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ۫ وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا

تو کہہ کس چیز کی بڑی گواہی تو کہہ اللہ گواہ ہے میرے اور تمہارے بیچ اور اوتارا ہے مجکو یہ قرآن

الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ؕ قُلْ

کہ تمکو خبردار کردون اور جسکو یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ معبود اور بھی ہین تو کہہ

لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ اِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا

مین نہ گواہی دون گا تو کہہ وہی ہے معبود ایکا اور مین قبول نہین رکھتا جو تم شریک کرتے ہو جنکو ہم نے دی ہی کتاب اسکو

یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمُ ؕ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ وَ مَنْ اَظْلَمُ ع ۱۵

پہچانتے ہین جیسے اپنے بیٹونکو جنھون نے ہارے اپنی جان وہی نہین مانتے اور اس سے ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ کَذَّبَ بِاٰیٰتِہٖ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○

کون جو جھوٹھ باندھے اللہ پر یا جھٹلاوے اسکی آیتین مقرر بھلائی نہیں پاتے گنہگار

معتبر سند سے ابن جریر ابن اسحق اور کلبی نے حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ چند مشرکین جمع ہوکر آنحضرت کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ کونسی گواہی پر ہم آپکو اللہ کا رسول جانین ہم نے یہود و نصارا سے پوچھا تو وہ کہتے ہیں کہ انکی کتابون میں بھی آپکی نبوت کی کوئی تصدیق نہیں ہے اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ ان منکرین نبوت سے پوچھا جاوے کہ کونسی گواہی تمکو تصدیق نبوت کی درکار ہے اگر وہ کچھ جواب دیوین تو خیر ورنہ اللہ سے بڑھکر کوئی گواہی نہین ہے اللہ اپنے نبی کی نبوت کا گواہ ہے اور اللہ کی گواہی کی نشانی یہ ہے کہ اُسنے اپنے نبی پر اپنا کلام اوتارا ہے اور اس بات کا ثبوت کہ یہہ کلام اللہ کا ہے یہ ہے کہ باوجود دعوے فصاحت اور بلاغت کے تم لوگون سے ایسا کلام نہیں بن سکتا اور یہ کلام اللہ نے اسواسطے اپنے نبی پر اوتارا ہے کہ اُس زمانہ کے حاضرین اور قیامت تک جو لوگ پیدا ہون یہ کلام انکو پہونچ جاوے اور وہ اس سے نصیحت پکڑین تفسیر ابن حاتم مین محمد بن کعب سے روایت ہے کہ قیامت تک جس کسی کو قرآن شریف کا کوئی حکم پہونچا وہ ایسا ہے کہ اُس شخص نے گویا آنحضرت سے بالمشافہ وہ حکم حاصل کیا اور تفسیر عبدالرزاق مین قتادہ سے روایت ہے کہ قرآن شریف کا جو حکم جسکو پہونچا وہ گویا اللہ تعالی سے اُسکو پہونچا اسواسطے آپ نے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی بخاری کی روایت مین تاکید فرمائی ہے کہ اگر قرآن کی ایک آیۃ بھی کسی کو پہونچی تو وہ دوسرون کو پہونچا دیوی اب آگے فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان مشرکون سے پوچھو کہ تم لوگ اللہ کے رسول کی نبوت پر تو گواہی چاہتے ہو لیکن تم نے جو تبون کو اللہ کا شریک ٹہرا رکھا ہے تمھارے پاس اسکی کیا گواہی ہے وہ پیش کرو اسپر یہہ لوگ گواہی کے پیش کرنے سے عاجز ہوجاوین گے تو تم ان لوگون سے کہدو کہ مین تمھارے ان شرک کی باتون کی غلط ہونے کی گواہی دیتا ہون اور یہ کہتا ہون کہ ملت ابراہیمی کے موافق اللہ وحدہ لاشریک ہے اُس کا کوئی شریک نہیں اور تم لوگ ملت ابراہیمی کے برخلاف ان شرک کی باتون پر اڑے ہوئے ہو تو میں تمھاری ان شرک کی باتون سے بیزار ہون آدمی کی گواہی مین بھول چوک جھوٹ ممکن ہے اللہ تعالی کی گواہی مین ان باتون میں سے کسی بات کا شبہہ نہین ہوسکتا اسلئے اللہ کی گواہی بڑی گواہی ہے پھر فرمایا اہل کتاب کی کتابون میں تو نبی آخرالزمان کی ایسی نشانیان ہیں جنکے سبب سے وہ لوگ نبی آخرالزمان کو ایسا پہچانتے ہیں جس طرح ہر ایک شخص اپنی اولاد کو پہچانتا ہے لیکن علم الٰہی کے موافق ان لوگون کی قسمت مین عاقبی کا ٹوٹا لکھا ہے اسواسطے ان لوگون نے اپنی کتابون کو بدل ڈالا اور خود بھی نبی آخرالزمان کی نبوت کے منکر ہوگئے اور انجان سمجھکر تم لوگون کو بھی یہ دہوکا دیا کہ انکی کتابون میں ان نبی آخرالزمان کی نبوت کا کہین پتا نہین ہے آخر کو فرمایا مشرکون کا یہ شرک اور اہل کتاب کا یہ نبی آخرالزمان کی نبوت کا انکار اللہ پر ایک جھوٹ باندھنا ہے جو لوگ یہہ کام کرینگے

منزل ۲

ہیں وہ اپنی جان پر ایسا ظلم کر رہے ہین جسکے سبب سے وہ دین و دنیا میں کبھی فلاح کو نہ پہونچین گے صحیح بخاری کے حوالہ سے عمران بن حصین کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہی کہ علم ازلی کے موافق جو شخص دوزخ مین جانے کے قابل پیدا ہوا ہے باوجود ہر طرح کی فہمائش کے وہ اپنی ناشائستگی سے کبھی باز نہ آویگا یہ حدیث گویا ان آیتون کی تفسیر ہے جس سے اون لوگون کے راہ راست پر نہ آنے کا سبب معلوم ہوتا ہے جن کا ذکر ان آیتون میں ہے اسی واسطے فرمایا کہ ایسے لوگ کبھی فلاح کو نہیں پہونچ سکتے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنْتُمْ

اور جسدن ہم جمع کرینگے ان سب کو پھر کہیں گے شریک والون کو کہان ہیں شریک تمہارے جن کا تم دعوی

تَزْعُمُونَ ○ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ○ انْظُرْ كَيْفَ

کرتے تھے پھر نہ رہے گی انکی شرارت مگر یہی کہیں گے قسم اللہ اپنے رب کی ہم شریک نہ کرتے تھے دیکھ تو کیسا

كَذَبُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○

جھوٹ بولے اپنے اوپر اور کھوئے گئے انسے جو باتین بناتے تھے

اوپر جن لوگون کے حق مین یہ فرمایا تھا کہ یہ لوگ کبھی فلاح کو نہ پہونچین گے ان ہی لوگون کی تنبیہ کے لئے اللہ تعالی نے یہ آیتہ اس غرض سے نازل فرمائی ہے کہ دنیا مین ان لوگون نے جنون کو خدا کا شریک جو ٹھہرا رکھا ہے اس آیتہ کا مضمون سمجھ کر اس سے یہ لوگ باز آوین حاصل مطلب آیتہ کا یہ ہے کہ قیامت کے دن جب اللہ تعالے سب خلائق کو اپنے سامنے سوال جواب اور حساب کتاب کے لئے کھڑا کریگا تو مشرکون سے پوچھے گا کہ وہ تمہارے شریک کہان ہیں جنکو تم نے اپنے گمان مین اللہ کا شریک اور اپنا معبود ٹھہرا رکھا تھا انکو بلاؤ تاکہ جس طرح موحدون کی توحید اور نماز روزہ نے انکا چھٹکارہ کرایا ہے وہ تمہارے معبود بھی تمہارے چھٹکارے کی کوئی صورت نکالین اس سوال کے وقت جب مشرکین دیکھینگے کہ اہل توحید کا چھٹکارہ معمولی حساب و کتاب کے بعد جھٹ پٹ ہوتا چلا جاتا ہے تو یہ جھوٹا بہانہ قسمین کھا کر کرینگے کہ ہمارے گمان مین نہ اللہ کا کوئی شریک تھا نہ ہم مشرک تھے بلکہ ہم بھی دنیا مین ان اہل توحید مین سے تھے جنکا چھٹکارہ ہو رہا ہے اسوقت اللہ تعالی انکے منہ پر مہر لگا دیویگا اور انکے ہاتھ پیرون کو بولنے کا حکم دیویگا انکے ہاتھ پیر سارا اصلی حال ظاہر کردینگے صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین ہاتھ پیرون کی گواہی کا ذکر ہے یہ آیتہ بھی ان آیتون مین کی ایک آیتہ ہے جن آیتون کا مطلب دوسری اور آیتون کے مخالف ٹھہرا کر لوگون نے احسن المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس سے سوالات کئے ہین اور آپ نے جوابات دئے ہین جو سوال جواب اتقان اور اور تفسیرون مین باتفصیل مذکور ہین چنانچہ اس آیت کا مضمون آیتہ ولا یکتمون اللہ حدیثا کے مخالف ٹھہرا کر ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عباس سے یہ سوال کیا ہے کہ ایک آیتہ سے تو یہ معلوم ہوتا ہے

منزل ۲

کہ مشرکین اپنے شرک کو اللہ تعالیٰ سے چھپا کر اپنے آپکو اہل توحید بتلاوینگے اور دوسری آیۃ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اللہ سے کوئی بات نہ چھپاوین گے اس اختلاف کا رفع کیونکر ہے حضرت عبداللہ بن عباس نے جواب دیا ہے کہ ایک حالت مشرکون کے مونہہ پر مہر لگنے سے پہلی کی ہے اُسوقت اُنکو جھوٹے بہانہ کا موقع حاصل رہیگا اور دوسری حالت مونہہ پر مہر لگ جانے اور ہاتھ پیرون کے بولنے کی ہے اُسوقت وہ کوئی بات نہ چھپا سکینگے فتنہ کے معنے جانچ اور آزمائش کے ہیں حاصل مطلب یہ ہے کہ جب ان مشرک لوگون کی جانچ اُس سوال سے ہوگی جس کا ذکر آیتہ میں ہے تو وہ لوگ سوا اسکے اور کچھ جواب نہ دیوینگے کہ وہ لوگ دنیا میں مشرک نہیں تھے جب یہ لوگ قسمین کھا کر اللہ تعالیٰ کے روبرو شرک کا انکار کرینگے اُسوقت کا ان لوگونکا حال اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو یون جتلایا ہے کہ اے رسول اللہ کے ذرا ان لوگون کا حال تو دیکھو کہ اب یہ لوگ شرک کی باتون پر کیسے اڑے ہوئے ہیں اور قیامت کے دن سب شرک کی باتین بھول کر شرک سے کسطرح صاف انکار کرینگے اور اس جھوٹے انکار پر کیسی جھوٹی قسمین کھاوینگے یہ تو ان لوگون کے عقبیٰ میں فلاح کو نہ پہونچنے کا حال ہوا دنیا کا یہی حال مکہ کے قحط کے وقت کا اوپر گذر چکا ہے کہ رفع قحط اور مینہہ کے برسنے کی التجارات دن ان لوگون نے تبون سے کی اور کچھ نہ ہوا آخر اللہ کے رسول سے دعا کی خواہش کی گئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی دعا پر جب رحم فرمایا تو مینہہ برسا صحیح بخاری کے حوالہ سے عمران بن حصین کی حدیث جو اوپر بھی گذری وہی حدیث ان آیتون کی بھی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ باوجود دنیا کے تجربہ اور عقبیٰ کے حال کی تنبیہ کے جو یہ لوگ اپنی شرک کی باتون پر اڑے ہوئے ہیں اسکا سبب ہی انکی ازلی کمبختی ہے۔

منزل ۲

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا

اور بعضے انمین کان رکھتے ہیں تیری طرف اور ہمنے اُنکے دلون پر غلاف رکھے ہیں کہ اسکو نہ سمجھین اور اُنکے کانون مین بوجھ اور اگر یہ دیکھین

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

ساری نشانیان یقین نہ لاوین ادنیٰ جب تک نہ آوین تیرے پاس جھگڑتے کو تجھسے کہتے ہیں وہ منکر یہ کچھ نہین مگر نقلین ہیں اگلون کی

کلبی نے اور ابن جریر نے مجاہد کے قول کے موافق اپنی تفسیر مین جو شان نزول اس آیتہ کی بیان کی اوس کا حاصل یہ ہے کہ ابوسفیان ابوجہل ولید بن مغیرہ نضر بن حارث عتبہ بن شیبہ ایکدن ان سب نے اکٹھے ہوکر چند آیتین قرآن شریف کی سنین انمین نضر بن حارث پچھلے زمانہ کے قصے بہت جانتا تھا اسلئے ان سب نے نضر بن حارث سے مخاطب ہوکر کہا کہ تم نے سنا محمد نے کیا پڑھا نضر بن حارث نے کہا جسطرح مین تمکو پچھلی کہانیان سناتا رہتا ہون اسی طرح یہ بھی ایک کہانی ہے ابوسفیان نے کہا باتین تو اس کلام کی حق معلوم ہوتی ہیں ابوجہل نے کہا ایسی باتون کے ماننے سے ہمکو موت بہتر ہے اس سب قصہ پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیتہ نازل فرمائی حاصل معنے آیتہ کے یہہ ہیں کہ اپنے علم ازلی کے موافق اللہ تعالیٰ کو جسکی ہدایت منظور ہوتی ہے وہ خود اس شخص کا دل حق بات کے ماننے

کی طرف مائل کر دیتا ہے اور علم ازلی الٰہی مین جو شخص گمراہ ٹھہر چکا ہے اُسکے دل پر حق بات کی طرف سے پردہ پڑ جاتا ہے چنانچہ اُن لوگون مین سے ابوجہل کے دل پر پردہ پڑ جانے کے سبب سے جو بات اُس نے اپنے مونہہ سے نکالی تھی کہ ایسی حق باتون سے موت بہتر ہے شقاوت ازلی نے اُسکے حق مین وہی کیا کہ حالت کفر مین بدر کی لڑائی کے دن مارا گیا اور ابوسفیان نے سعادت ازلی کے سبب سے جو بات مونہہ سے نکالی تھی آخر کو اونہین اسلام نصیب ہوا حاصل کلام یہ ہے کہ ابوجہل اور نضر بن حارث جیسے لوگون کی شان مین فرمایا کہ ایسے لوگون کو ہزارہا معجزے دکھلائے جائین گے سارے قرآن کی آیتین اُنکو سنائی جاوین گی جب بھی یہ سخت دل اور بہرے بنے رہوین گے نہ کسی معجزہ کے دیکھنے سے انکے دل پر کا غفلت کا پردہ اوٹھے گا نہ کسی آیۃ قرآنی کو کان کھول کر سنین گے بلکہ بجائے راہ راست پر آنے کے ایسے لوگ جب بات کرین گے تو ایسی جاہلون کی سی بات جس طرح نضر بن حارث نے یہہ ایک بے ٹھکانے بات کہدی کہ سارے قرآن مین اگلے لوگون کی نقلین اور کہانیان ہین اور ابوجہل نے یہہ بات کہدی کہ ایسی باتون کے مان لینے سے ہمکو موت بہتر ہے۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے عمران بن حصین کی حدیث جو اوپر گذری وہی حدیث اس آیۃ کی بھی تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ لوگ اُسی ازلی کمبختی کے سبب سے ایسی باتین کرتے تھے۔

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ ۚ وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○

اور وہ اس سے منع کرتے ہیں اور اس سے بھاگتے ہیں اور ہلاک کرتے ہین مگر آپ کو اور نہیں سمجھتے

منزل ۲

طبرانی اور مستدرک حاکم مین حضرت عبداللہ بن عباس رضہ سے روایۃ ہے کہ ابوطالب یون تو ہر وقت حضرت کی حمایت کرتے رہتے تھے کہ قریش مین سے کوئی شخص آنحضرت کو ایذا نہ دیوے مگر آنحضرت جب ابوطالب کو کوئی بات ہدایت کی کہتے تو اوس سے ابوطالب دور بھاگتے تھے اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی طبرانی کی سند مین اگرچہ ایک راوی قیس بن ربیع کو بعضے علماء نے ضعیف کہا ہے لیکن شعبہ نے اُسکو ثقہ کہا ہے اسلئے یہ شان نزول کی روایۃ معتبر ہے بخاری مین ابوسعید خدری سے روایۃ ہے کہ ایک روز آنحضرت کے روبرو ابوطالب کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا شاید ابوطالب کو میری شفاعت کچھ نفع تخفیف عذاب پہونچاوے اسی طرح بخاری مین عروہ سے مرسل طور پر روایۃ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عباس نے ابولہب کو خواب مین دیکھا کہ بری حالت مین ہے جب حضرت عباس نے ابولہب سے حال پوچھا تو ابولہب نے کہا جب سے میں مرا ہون ہمیشہ بری حالت مین رہتا ہون لیکن پیر کے دن محمد کی پیدائش کی خبر سنکر جو میں نے اُس خوشی مین اپنی لونڈی ثوبہ کو آزاد کر دیا تھا اسلئے اُس روز مجھکو ذرا اس تکلیف سے کچھ راحت ہو جاتی ہے علماء اسلام کو اس شفاعت کی نسبت جسکا ذکر آپنے ابوطالب کے حق مین فرمایا ہے اور تخفیف عذاب ابولہب کی نسبت بڑی بحث ہے حاصل اوس بحث کا یہ ہے کہ آیۃ قرآنی فما تنفعہم شفاعۃ الشافعین اور لا یخفف عنہم العذاب سے کافرون کے حق مین نہ شفاعت ہو سکتی ہے نہ انکا عذاب کچھ کم ہو سکتا ہے پھر یہ شفاعت اور تخفیف عذاب کس معنے کی ہے حاصل جواب یہ ہے کہ اللہ کا وعدہ ہے کہ مشرک کی بخشش نہیں ہے اُسکے سب عمل بیکار ہیں اسلئے نہ یہ شفاعت

دخول جنت کی ہے نہ یہ تخفیف عذاب کسی عمل کی وجہ سے ہے بلکہ اپنی نبی کی عزت بڑھانے کی غرض سے یہ تخفیف
عذاب کی شفاعت ابوطالب کے حق مین اور ایک روز کی تخفیف عذاب ابولہب کے لئے خود اللہ کی طرف سے محض اللہ
کے فضل سے ہے اور یہ اللہ کا فضل کسی آیۃ قرآن کے مخالف نہین ہے اور یہ خاص فضل اللہ کا ایسا ہی ہے جسطرح
اللہ تعالی بغیر کسی عمل نیک کے بہت سی مخلوق کو محض اپنے فضل سے جنت مین داخل کردیگا چنانچہ اسکی تصریح ابوسعید
خدری کی متفق علیہ روایۃ مین ہے آخر کو فرمایا کہ ایسی باتون سے کسی کا کچھہ نہیں بگڑتا بلکہ ایسی باتونکا خمیازہ خود ان ہی
لوگون کو قیامت کے دن بھگتنا پڑیگا لیکن یہ انکی نادانی ہے کہ یہ لوگ عقبے کے اپنے بھلے برے کو نہیں سمجھتے اور اتنا نہیں جانتے
کہ دنیا مین یہ لوگ جو کام کرتے ہیں اسکا کچھہ نہ کچھہ نتیجہ اپنے دل مین سوچ لیتے ہیں اسی سے ان لوگون کی سمجھ میں یہہ بات
آسکتی ہے کہ اللہ تعالی نے دنیا کے پیدا کرنے کا اتنا بڑا کام بغیر نتیجہ کے نہین کیا ہے بلکہ اسکا نتیجہ وہی ہے جو گھڑی گھڑی
ان لوگون کو سمجھایا جاتا ہے کہ اس جہان کے بعد دوسرا جہان اور قائم ہوگا جسمین دنیا کی نیکی بدی کی جزا سزا کا فیصلہ
ہوگا پھر باوجود گھڑی گھڑی سمجھانے کے ایسے ظاہری نتیجہ کو جھٹلانا اور اس سے غافل رہنا بڑی نادانی ہے۔ معتبر
سند کی شداد بن اوس کی حدیث ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا عقلمند وہ شخص ہے جو موت سے پہلے عقبے کا کچھہ سامان کرلیوے اور نادان وہ ہی جو عمر بھر عقبی سے غافل رہے اور
پھر عقبے مین راحت کی توقع رکھے۔ قریش کی نادانی کا ذکر جو آیۃ مین ہے اسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔

منزل ۲

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَ

اور کبھی تو دیکھے جسوقت انکو ٹھیرایا ہے آگ پر تو کہتے ہیں اے کاشکے ہمکو پھر بھیجین اور ہم نہ جھٹلاوین اپنے رب کی آیتین اور

نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا

رہیں ایمان والون مین کوئی نہیں بلکہ کھل گیا جو چھپاتے تھے پہلے اور اگر پھر بھیجے

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

تو پھر کرین وہی جو منع ہوا تھا انکو اور وہ جھوٹ بولتے ہیں اور کہتے ہیں زندگی نہیں مگر یہی دنیا کی

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ

اور ہمکو پھر نہیں اوٹھنا اور کبھی تو دیکھے کہ جسوقت انکو کھڑا کیا ہے اپنے رب کے سامنے فرمایا اب یہ سچ نہین

قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝

بولے کیون نہین قسم ہمارے رب کی فرمایا تو چکھو عذاب بدلہ اپنے کفر کا

اوپر سے جن منکر حشر مشرک لوگون کا ذکر چلا آتا ہے ان آیتون میں بھی اونہیں لوگون کا قیامت کے دن کا ایک
حال اللہ تعالی نے اپنے رسول کو جتلایا ہے کہ اے رسول اللہ کے اب تو دنیا مین یہ لوگ سرکشی سے جنت دوزخ اور عقبے

کی باتونکو جھٹلا رہے ہیں لیکن جب دوزخ مین ڈالنے کے لئے اللہ کے فرشتے انکو گھیر کر دوزخ کے کنارہ پر لیجاوینگے اور دوزخ کی آگ انکو نظر آویگی اُسوقت کا انکا حال دیکھنے کے قابل ہے کہ یہہ اپنے کئے پر کس قدر پچھتاوینگے اور پھر دوبارہ دنیا مین آنے اور ایماندار بنکر دنیا سے اوٹھنے کی کیسے آرزو کرینگے۔ پھر فرمایا کہ یہ آرزو انکی کچھہ دیر سے نہ ہوگی بلکہ دوزخ کی آگ سے بدحواس ہوکر ایسی باتین اسی طرح انکے مونہہ سے نکلین گی جس طرح دریا کے سفر مین ڈوبنے کے خوف سے یہ لوگ دنیا مین ایماندار بنجاتے تھے اور خشکی مین اوترکر پھر وہی مشرک کے مشرک ہوجاتے تھے۔ یہ ذکر سورہ عنکبوت میں تفصیل سے آویگا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی کو انکے جھوٹ کی عادت خوب معلوم ہے کہ یہ لوگ اپنی عادت کے موافق دنیا مین دوبارہ جانے اور ایماندار بننے کی جھوٹی آرزو کر رہے ہیں اگر دنیا مین انکو دوبارہ بھیجا جاوے تو انکا یہ جھوٹ فوراً کھل جاویگا جسطرح یہان ایک یہ جھوٹ کھل گیا کہ دوزخ کے کنارہ پر آنے سے پہلے تو یہ لوگ قسمین کھاکر اپنے شرک کا انکار کر رہے تھے جب دوزخ کی آگ ان کو نظر آئی اور اُسمین جھونکے جانے کا انکو یقین ہوگیا تو اپنی سب جھوٹی قسمین بھولکر بدحواسی میں یہ اقرار کرنے لگے کہ پہلے دفعہ تو دنیا مین ہم نے سب کچھہ کیا لیکن دوبارہ دنیا میں اگر ہمکو بھیجا جاویگا تو ہم ایسا نکرین گے بلکہ پورے ایماندار بنکر دنیا سے اٹھین گے آخر یہی لوگ تھے جو دنیا مین کھلے خزانہ یہ کہا کرتے تھے کہ حشر قیامت سب جھوٹ ہے انسان کی فقط یہی دنیا کی زندگی ہے جب وہ مرکر خاک ہوگیا تو پھر دوبارہ کیا جیتا ہے۔ اب آگے ان لوگون کی ایک اور حالت کا ذکر فرمایا کہ جب یہہ لوگ اللہ تعالی کے روبرو حاضر کئے جاوینگے تو اللہ تعالی اُنسے پوچھے گا کہ عقبی کی جن باتون کو دنیا مین تم لوگ جھٹلاتے تھے آج وہ سب باتین تمھاری آنکھون کے سامنے آگئین اسکے جواب مین قسمین کھاکر یہ لوگ کہوینگے کہ ہان اے ہمارے رب وہ سب باتین حق ہیں اور ہم نے اُن سبکو اپنی آنکھونسے دیکھہ لیا لیکن بے وقت انکا یہہ اقرار کچھہ کام نہ آویگا اور حکم ہوگا کہ جس دوزخ کے عذاب کو تم جھٹلاتے تھے اُس جھٹلانے کی اب یہی سزا ہے کہ جاؤ اسی عذاب کا مزہ چکھو۔ اسی سورہ کے آخر مین اور سورہ المؤمن کے آخر مین جو آیتین آوینگی اُنسے شرع کا یہہ قاعدہ قرار پایا ہے کہ انسان کا ایمان اور اُسکی توبہ اُسی وقت کا سب کچھہ مقبول ہے جبتک موت یا عذاب الٰہی کی کچھہ نشانیان انسان کی آنکھون کے سامنے نہ آجاوین کیونکہ خالص فرمانبرداری اُسی وقت تک ہے جبتک کوئی بے بسی انسان کو نہین ہے جب موت یا عذاب الٰہی کی نشانیان آنکھونکے سامنے آگئین تو پھر ایک حالت بے بسی کی ہوگئی جسمین نہ خالص فرمانبرداری کا موقع باقی رہتا ہے نہ اُس بیموقع وقت کی کوئی بات مقبول ہونے کے قابل رہتی ہے جسطرح مثلاً سورہ یونس میں آویگا کہ ڈوبتے وقت فرعون ایمان لایا اور وہ مقبول نہ ہوا اس قاعدہ شرعی کے موافق منکر حشر مشرک لوگون کی وہ بے وقت کی ندامت کام نہ آئی جسکا ذکر ان آیتون میں ہے صحیح مسلم میں ابوہریرہ کی روایت ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جس شخص نے پہلے سے ایمان اسلام کی باتون کی پروا نہ کی سورج کے مغرب سے نکلنے کے بعد ایسے شخص کا ایمان واسلام مقبول نہ ہوگا ترمذی وابن ماجہ میں عبداللہ بن عمر کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ موت کے قریب جب آدمی کا سانس اوکھڑ کر

منزل ۲

خراٹا لگجاتا ہی تو اُسوقت اُسکی توبہ قبول نہیں ہوتی ترمذی نے اِس حدیث کو حسن کہا ہی یہ حدیثین ان آیتونکی گویا تفسیر ہین جن سے معلوم ہوتا ہی کہ خالص فرمانبردایکا وقت ہاتھ سے نکل جانیکی بعد پھر عقبے کی بہبودی کا کوئی کام آدمی سے ہو نہیں آتا۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا

خراب ہوئے جنہون نے جھوٹ جانا ملنا اللہ کا جب تک کہ آپہنچے اُنپر قیامت بے خبر کہنے لگے اے افسوس کہ ہمنے

عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝

قصور کیا اسمین اور وہ اوٹھاتے ہین اپنے بوجھ اپنی پیٹھ پر سنتا ہے بُرا بوجھ ہے جو اٹھاتے ہین

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

اور کچھ نہیں دنیا کا جینا مگر کھیل اور جی بہلانا اور پچھلا گھر سو بہتر ہے ڈر والون کو کیا تمکو سمجھ نہیں

جن منکر حشر لوگونکا ذکر اوپر سے چلا آتا ہے یہ آیتین بھی اُن ہی کی شان میں ہیں حاصل مطلب ان آیتونکا یہ ہی کہ جن لوگون نے جزا و سزا کے لیے اللہ تعالی کے روبرو کھڑے ہونے کو جھٹلایا جسکے سبب سے عقبی کی بہبودی کے کچھ کام اُن سے نہ ہوسکے ایسے لوگ بڑے ٹوٹے مین ہیں ابھی تو اس ٹوٹے کا حال ان لوگونکو نہین معلوم ہوتا لیکن جب ناگہانی طور پر قیامت کی گھڑی ان لوگون کے سر پر آن کھڑی ہوگی اور عقبی کے احوال انکی آنکھونکے سامنے آجاوینگے کہ عقبی کی بہبودی کے کام کرنے والے لوگ طرح طرح کے عیش و آرام مین ہونگے اور یہ لوگ طرح طرح کے عذاب مین پھنس جاوینگے تو اُسوقت یہ لوگ اپنے قصور پر نادم ہوکر بہت حسرت اور افسوس کرینگے لیکن بے وقت کی ندامت انکے کچھ کام نہ آویگی قتادہ کے قول کے موافق ایسے لوگون کی پیٹھ پر بوجھ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ جب ایسے بدلوگ قبرونسے اٹھینگے تو اُنکے بدعمل ایک بدصورت آدمی کی شکل بن جاوینگے اور وہ بدشکل آدمی ان بدلوگون کی چڈھی پر چڑھ کر انکو میدان محشر تک گھیر کر لیجاوینگے معتبر سند سے مسند امام احمد اور ابوداؤد مین براء بن عازب کی بڑی حدیث ہے جسمین یہ ہے کہ بدلوگونکا عمل ایک بدشکل آدمی کی صورت بنکر وہ بدشکل آدمی ایسے لوگون کی قبر مین آتا ہے اور صاحب قبر کو لعنت ملامت کرتا ہے۔ اس حدیث سے قتادہ کے قول کی تائید ہوتی ہے یہ لوگ ان ہی الا حیاتنا الدنیا جو کہا کرتے تھے اُسکا جواب فرمایا کہ جس طرح بچے ایک کھلونے سے گھڑی دو گھڑی کھیلتے ہین اور پھر اوسے توڑ کر پھینک دیتے ہین دنیا کی زندگی کا حال تو بالکل ویسا ہی ہے کہ صبح کچھ ہے تو شام کچھ اللہ سے ڈر کر عقبی کی بہبودی کے کام کرنے والون کی ہمیشہ کے عیش و عشرت کی جو زندگی عقبے مین ہوگی اوسکے آگے عقلمند کے نزدیک دنیا کے ناپائدار عیش اور دنیا کی چند روزہ زندگی کی کیا حقیقت ہی صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی جگہ مین گھوڑے کا سوار اپنا کوڑا رکھ دیتا ہے جنت کی اتنی جگہ تمام دنیا سے بہتر ہے۔ ان آیتون مین دنیا کی زندگی اور دنیا کے عیش کو

منزل ۲

تجھے کی زندگی اور عیش کے آگے بے حقیقت جو فرمایا یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے۔

قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ

ہم جانتے ہیں کہ تجکو غم دلاتی ہیں انکی باتین سو وہ تجکو نہین جھٹلاتے لیکن بے انصاف اللہ کے حکمونسے

يَجْحَدُونَ ۝ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّىٰ

منکر ہوجاتے ہیں اور جھٹلایا ہے بہت رسولونکو تجسے پہلے پھر صبر کرتے رہے جھٹلانے پر اور ایذا پر جب تک پہنچی انکو

أَتَاهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِن نَّبَإِي الْمُرْسَلِينَ ۝

مدد ہماری اور کوئی بدلنے والا نہیں اللہ کی باتین اور تجکو پہنچ چکا ہے کچھ احوال رسولون کا

ترمذی اور حاکم نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہے اور ترمذی نے اس روایت کو صحیح بتلایا ہے اور حاکم نے اسکو شرط شیخین پر صحیح کہا ہے کہ ابوجہل نے آنحضرت سے کہا کہ معاملات دنیا میں ہم تمکو سچا اور امانت دار جانتے ہین لیکن جس کلام کو تم اپنے اوپر خدا کی طرف سے اوترنا بتلاتے ہو اسکی تصدیق ہم نہیں کرسکتے اسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور آنحضرت جو مشرکین کے جھٹلانے پر رنجیدہ ہوتے تھے اس آیۃ سے اللہ تعالی نے آپکو یون تسکین دی کہ تمہاری ذات خاص سے ان مشرکین کو کچھ بحث نہین ہے بلکہ وہ ذات سے تمکو اچھا گنتے ہیں وہ تو اس سبب سے تمکو جھٹلاتے ہیں کہ تم انکو خدا کے احکام سنا کر انکا قدیم کاروبار بت پرستی اُن سے چھڑانا چاہتے ہو سو اس طرح کا جھٹلانا کچھ رنج کرنے کے اور غم کھانے کے لائق نہین ہے اب آگے اللہ تعالی نے اپنے رسول کی یہ تسلی فرمائی کہ اے رسول اللہ کے قرآن مین تمکو پچھلے انبیا اور انکی امتون کے حالات جو سنائے گئے اُنسے تم کو یہہ معلوم ہوگیا ہوگا کہ ان لوگون کا تمہین جھٹلانا کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ پچھلی امتین بھی اسی طرح رسولونکو جھٹلاتی اور طرح طرح کی ایذا دیتی رہی ہیں جسپر اُنھون نے صبر کیا اور اُس صبر کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالی نے اپنے وعدہ کے موافق اپنے رسولونکی مدد کی جس سے وہ سرکش قومین نابود ہوگئین اور آخری غلبہ اللہ کے رسولونکو ہی ہوا تم بھی ذرا صبر کرو یہی انجام تمہارا ہونیوالا ہے۔ اللہ سچا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے ہجرت کے بعد رفتہ رفتہ اس وعدہ کا جو کچھ ظہور ہوا اسکے ثبوت کے لیے فقط ایک مکہ کی نظیر کافی ہے کہ ان آیتون کے نازل ہونے کے وقت مکہ کا کیا حال تھا اور اب کیا ہے صحیح بخاری میں خباب بن الارت کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہجرت سے پہلے ایک دن صحابہ نے مشرکین مکہ کے ظلم وزیادتی کی شکایت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پیش کی جسپر آپنے فرمایا کہ تم سے پہلے ایماندار لوگ اس سے زیادہ ظلم وزیادتی اوٹھا چکے ہیں اُنمین سے بعضونکو جیتا زمین میں گاڑ دیا گیا ہے اور بعضونکو آرے سے چیرا گیا ہے اور پھر بھی وہ لوگ اپنے دین پر قائم رہے جلدی نکرو رفتہ رفتہ اللہ تعالی اپنے دین کو پورا کریگا اور اس ظلم وزیادتی کا نام بھی باقی نرہے گا یہ حدیث ان آیتون کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی نسلی کی آیتون سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

منزل ۲

ایسی کامل تسلی ہجرت سے پہلی ہی ہوگئی تھی کہ جس سے آپ صحابہ کی بھی تسلی فرمایا کرتے تھے۔

النصف

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا

اور اگر تجھپر بھاری ہے اُنکا تغافل کرنا تو اگر تجھسے ہوسکے لوڈ ہونڈہ نکالنے کوئی سرنگ زمین مین یا کوئی سیڑہی

فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَي الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

آسمان مین پھر اُنکو لادے ایک نشانی اور اگر اللہ چاہتا جمع کرلاتا سب کو راہ پر سو مت ہو نادانون مین

وقف منزل
وقف غفران

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝

مانتے وہ ہین جو سنتے ہین اور مردون کو اُٹھا دیگا اللہ پھر اسکی طرف جاوینگے

ابو صالح کی روایت سے ابن جوزی نے اپنی تفسیر مین حضرت عبداللہ بن عباس رض سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت کے دل مین اس بات کی بڑی آرزو تھی کہ آپکی ہجرت سے پہلے مکہ مین تشریف رکھنے کے زمانہ مین ہی سب قریش ایمان لے آوین اس آرزو کے سبب سے جو معجزے قریش چاہتے تھے آپکا دل چاہتا تھا کہ فوراً اُس معجزہ کا ظہور خدا تعالی کی طرف سے ہوجاوے لیکن علم الٰہی مین ہر کام کا وقت مقرر ہے وقت سے پہلے کوئی

منزل ۲

کام نہیں ہوتا ازلی قرار دادیون تھی کہ فتح مکہ کے بعد مکہ مین اسلام عام طور پر پھیلے اور اس بائیس برس کے عرصہ مین جو زمانہ آپکی نبوت اور فتح مکہ کا ہے قریش مین سے جتنے آدمی علم ازلی مین شقی ٹھہر چکے ہین وہ مکہ مین عام اسلام پھیلنے سے پہلے بدر کی لڑائی مین کفر کی حالت مین مارے جاوین اسلئے بعض معجزون کا ظہور اُسوقت خلاف مصلحت الٰہی تھا چنانچہ حارث بن عامر اور چند قریش نے ایک روز اکٹھے ہوکر آپسے چند معجزون کا ظہور چاہا اور آپکے دل مین شوق پیدا ہوا کہ اللہ تعالی کی طرف سے فوراً ان معجزون کا ظہور ہوجاوے تو شاید یہ لوگ اسلام لے آوین اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ وقت سے پہلے اگر تم سے ہوسکے اور تم اُنکے ایمان لانے کے لئے زمین آسمان کو ایک کردو اور زمین کے اندر کی اور آسمان کے اوپر کی سب نشانیان معجزہ کے طور پر لے آؤ تو ہوگا وہی کہ ازل مین جن لوگونکا حق بات کی طرف کان لگانا اور اسلام لانا ٹھہر چکا ہے وہی اسلام لاوین گے اور جن کا حالت کفر مین مرنا ٹھہر چکا ہے وہ اُسی حال مین مرکر قیامت کے دن وہ اُسی حالت میں اللہ کے روبرو آوین گے ہان اگر اللہ چاہے تو ان سبکو بھی ہدایت ہوسکتی ہے مگر قرار دادازلی کے موافق نہ اللہ چاہے گا نہ ایسا ہوگا صحیح مسلم مین حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے کہ دنیا کے پیدا ہونے کے پچاس ہزار برس پہلے جو کچھ دنیا مین ہونے والا ہے اوس سب کا اندازہ کرکے اللہ تعالی نے وہ سب کچھ لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے سب چیزون کا اندازہ جو اللہ تعالی نے کیا ہے اُسکو علم الٰہی کا نتیجہ کہتے ہین اور یہ علم الٰہی کے موافق دنیا کا حال لوح محفوظ میں جو لکھا گیا ہے اُسکو قضا و قدر کہتے ہیں اسی قضا و قدر کے موافق دنیا بھر کے قیامت تک کے کام چلتے ہیں اور قیامت کے قائم ہونے

پر اسی کے موافق جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں جاوین گے اسکے مخالف اب کچھ نہیں ہوسکتا اسی واسطے صحیح
بخاری مین حضرت ابو ہریرہ رض کی روایۃ میں حضرت نے فرمایا ہے کہ جو لکھا جانا تھا وہ لکھا جا کر اب تو قلم خشک بھی
ہو چکا اس قضا و قدر کے مسئلہ مین صحابہ کو شبہہ بھی پڑا ہے چنانچہ موطا ترمذی اور ابو داؤد مین حضرت عمر کی روایۃ
ہے کہ آنحضرت نے جب یوم میثاق کا ذکر فرما کر یہ فرمایا کہ اسی روز اہل جنت اور اہل دوزخ کی ارواحین قضا و قدر کے
موافق چھانٹ چکی ہیں تو بعض صحابہ نے کہا کہ حضرت پھر ہم عمل کسلئے کرین قضا و قدر مین ہمارا جنت مین جانا لکھا ہوگا
تو بغیر عمل کے ہم جنت میں جا سکتے ہیں آپنے فرمایا جن لوگون کو اللہ تعالی نے اہل جنت پیدا کیا ہے اون سے خود اللہ تعالے
اوسی طرح کے کام کرا لیتا ہے اتنی بات اور جان لینے کے قابل ہے کہ دنیا کے پیدا کرنے سے پہلے جو اللہ تعالی نے مثلاً ابوجہل
کے کفر اور ابوسفیان کے اسلام کا اندازہ کیا ہے اسوقت ان دونون روحون کو کچھ مجبور کر کے اندازہ نہیں کیا بلکہ یہ اندازہ ہے
کہ دنیا جب پیدا کی جاویگی اجسام بنین گے اور روحونکا تعلق اجسام سے ہوگا اور انکو ہر طرح کے نیک و بد عمل کرنے کا
اختیار دیا جاویگا تو ابوجہل سے کفر کے کام ہونگے اور ابوسفیان سے کچھ دنون کفر کے اور کچھ دنون اسلام کے کام ہونگے
اسی کے موافق لوح محفوظ مین لکھا گیا ہے غرض لکھنے سے پہلے کچھ مجبوری نہ تھی اور اب لکھنے کے مخالف کچھ ہو نہین
سکتا امور تفسیر میں حضرت عبداللہ بن عباس سے چند روایتین ہین اور انمین بعض ضعیف بھی ہیں اسلئے ابن جوزی
سے یہ شان نزول کی روایۃ جو لی گئی ہے اس مین ابو صالح کا پتا دیدیا ہے تاکہ ضعیف روایۃ کا شبہہ نہ پڑے کیونکہ ابو صالح
کے سلسلہ میں جبتک محمد بن مروان سدی صغیر شریک نہو ابو صالح کی روایۃ مقبول ہے اور اس مین محمد بن مروان
شریک نہیں ہے - ولو شاء اللہ لجمعہم علی الہدی فلا تکونن من الجاہلین - اس کا مطلب یہ ہے کہ ارادہ علم کا تابع ہے
کیونکہ ہر کام کے کرنے نہ کرنے کا خیال پہلے دل مین پیدا ہوتا ہے پھر اس کام کے کرنے نہ کرنے کا ارادہ کیا جاتا ہے اسلئے علم
ازلی الٰہی میں جو لوگ دوزخ کے قابل قرار پا چکے ہیں انکو مجبور کر کے راہ راست پر لانے کا اللہ تعالی کا ارادہ نہین ہے
کس لئے کہ یہ بات اللہ کے علم ازلی کے برخلاف ہے اسواسطے اے رسول اللہ کے بعضے اہل مکہ تمہاری نصیحت کو نہ مانین
تو نہ اس کا کچھ رنج کرنا چاہیئے نہ سارے اہل مکہ کو انکی خواہش کے موافق معجزات دکھا کر راہ راست پر لانے کی کوشش
کیجاوے کہ یہ امر علم اور ارادہ الٰہی کے برخلاف ہے غرض اس طرح کی کوشش نادانون کا کام ہے اس سے اے رسول اللہ
کے تم کو بچنا چاہیئے بعضے علمانے اللہ تعالی کے ارادہ کی دو قسمین ٹھہرائی ہیں ایک ارادہ شرعی ہے دوسرا ارادہ تقدیری
ارادہ شرعی فقط خلقت کی فرمانبرداری اور نافرمانی سے متعلق ہے اور ارادہ تقدیری خلقت کی ہر حالت سے متعلق ہے
اس قول کے موافق معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ علم ازلی الٰہی کے موافق جو لوگ اللہ تعالی کے ارادہ تقدیری مین نیک نہین قرار
پائے وہ ارادہ شرعی کی فرمانبرداری کے راستہ سے ہمیشہ دور بھاگتے رہین گے انکے حق مین راہ راست پر لانے کی کوشش
بے سود ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسے اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

منزل ۲

نے اپنی نصیحت کی مثال مینہ کی اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے - یہ حدیث گویا اس آیۃ کی تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جسطرح بری زمین مین مینہ رائگان ہی اس طرح ازلی بدلوگون کے حق مین نصیحت رائگان ہے -

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ

اور کہتے ہین اسپر کیون نہین اتری نشانی اُسکے رب سے تو کہہ اللہ کو قدرت ہے کہ اتارے کچھ نشانی ولیکن

أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ

ان بہتون کو سمجھہ نہین اور کوئی چلتا نہین زمین مین نہ جانور ہے کہ اڑتا ہے دو پر سے مگر ایک

أَمْثَالُكُم ۚ مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا

ایک امت ہے تمہاری طرح چھوڑی نہین ہمنے لکھنے مین کوئی چیز پھر اپنے رب کی طرف اکٹھے ہونگے اور وہ جو جھٹلاتے ہین

بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَن يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ ۖ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

ہماری آیتین بہرے اور گونگے ہین اندھیرون مین جسکو چاہے اللہ گمراہ کرے اور جسکو چاہے ڈالدے راہ سیدھی پر

اوپر ذکر تھا کہ اہل مکہ مین سے جو لوگ علم ازلی مین گمراہ ٹھہر چکے ہین اُنکے حق مین کوئی معجزہ مفید نہین ان آیتون میں فرمایا کہ ان مین کے بعضے جلدی باز سرکش لوگ گھڑی گھڑی معجزہ کا تقاضا جو کرتے ہین اُنکو جواب دیا جاوے کہ اللہ کی قدرت سے تو کوئی معجزہ بعید نہین ہے لیکن عادت الٰہی یون جاری ہے کہ کسی قوم کی خواہش کے موافق اللہ کے رسول سے کوئی معجزہ ظاہر ہو اور پھر وہ قوم راہ راست پر نہ آوے تو قوم ثمود کی طرح وہ قوم غارت ہوجاتی ہے - یہ لوگ اس عادت الٰہی سے واقف نہین اس لئے یہ گھڑی گھڑی معجزہ کا تقاضا کرتے ہین - پھر فرمایا کہ اگر یہ لوگ قدرت الٰہی کا نمونہ دیکھنے کے لئے معجزہ چاہتے ہین تو آسمان کی مخلوقات تو اُنکی نگاہ سے دور ہے لیکن زمین پر چلنے پھرنے والی مخلوقات اور ہوا پر اڑنے والے پردار جانور انکو اللہ کی قدرت کا نمونہ ٹھہرانے کے لیے کافی ہین جنمین ہر ایک کی حالت کو اللہ تعالی نے لوح محفوظ مین لکھہ رکھا ہے - جانورون پر شرع کی تو کچھہ تکلیف نہین ہے اسلئے عذاب و ثواب کے واسطے تو اُنکو دوبارہ زندہ نہین کیا جاویگا ہان کسی زور آور جانور نے کسی کمزور جانور پر کچھہ زیادتی کی ہوگی تو اُسکے انصاف کے لئے اُنکو بھی دوبارہ زندہ کیا جاویگا اسمین منکر حشر انسان کو یہہ تنبیہ ہے کہ انصاف کے لئے جب جانورون تک کو دوبارہ زندہ کیا جاویگا تو باوجود حرام حلال کی تکلیف شرعی کے حشر کا جو لوگ انکار کرتے ہین وہ بڑے نادان ہین اسی واسطے فرمایا کہ ایسے لوگ حق بات کے سننے سے گویا بہرے اور کلمہ توحید زبان پر لانے سے گونگے اور کفر کے طرح طرح کے اندھیرے مین نور ایمانی سے دور پڑے ہوئے ہین جس کا سبب یہہ ہے کہ علم ازلی کے موافق ہر ایک کا راہ راست پر آنا اور نہ آنا اللہ کے ہاتھہ ہے صحیح مسلم میں ابو ہریرہ کی حدیث ہے کہ جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی سینگ والی بکری بغیر سینگ والی بکری کے سینگ مار دیوے گی تو اُسکا بدلہ بھی قیامت کے دن لیا جاوے گا - یہ حدیث انصاف کے لئے جانورون کے

منزل ۲

دوبارہ زندہ ہونے کی گویا تفسیر ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رض کا یہ قول جو مشہور ہے کہ جانورون کا مرکر اللہ تعالی کے پاس اکٹھے ہوجانا یہی انکا حشر ہے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ جن جانورون کے ذمہ کچھ مواخذہ نہین ہے وہ دوبارہ زندہ نہون گے ورنہ جن جانورون کے ذمہ کچھ مواخذہ ہے اونکا دوبارہ زندہ ہونا صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث اوپر گذری جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نصیحت کی مثال مینہ کی اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی وہ حدیث بھی گویا ان آیتون کی تفسیر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بری زمین کو جس طرح مینہ برسنے سے کچھ فائدہ نہین پہونچتا اسی طرح ازلی بدلوگون کو بڑے سے بڑا معجزہ دیکھنے سے کچھ فائدہ نہین پہونچتا چنانچہ اہل مکہ نے شق القمر جیسا معجزہ دیکھا اور اسکو جادو بتلایا

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ اِنْ كُنْتُمْ

تو کہہ دیکھو تو اگر آوے تمپر عذاب اللہ کا یا آوے تمپر قیامت کیا اللہ کے سوا کسی کو پکارو گے بتاؤ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

سچے ہو بلکہ اسی کو پکارتے ہو پھر کھولدیتا ہے جسپر پکارتے تھے اگر چاہتا ہے اور بھول جاتے ہو جنکو

تُشْرِكُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ ع ۱۶ منزل ۲

شریک کرتے تھے اور ہمنے رسول بھیجے تھے بہت امتون پر تجھ سے پہلے پھر انکو پکڑا سختی مین اور تکلیف مین شاید وہ

يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ

گڑگڑاوین پھر کیون نہ جب پہنچا انپر عذاب ہمارا گڑگڑائے ہوتے ولیکن سخت ہوگئے دل انکے اور انکو بھلی دکھائی

الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى

شیطان نے جو کام کر رہے تھے پھر جب بھول گئے جو نصیحت کی تھی انکو کھولدیے ہمنے اونپر دروازے ہر چیز کے یہانتک

اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

کہ جب خوش ہوئے پائی ہوئی چیز سے پکڑا ہمنے اونکو بیخبر پھر تب ہی وہ رہ گئے ناامید پھر کٹ گئی جڑ اُن ظالمون کی

ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ

اور سراہے کلام اللہ کے جو رب ہے سارے جہان کا تو کہہ دیکھو تو اگر چھین لے اللہ تمہارے کان اور آنکھین اور مہر کردی

عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ

تمہارے دلون پر کون وہ رب ہے اللہ کے سوا جو تمکو یہ لادیوے دیکھ ہم کیسی پھیرتے ہین باتین پھر وہ کنارہ کرتے ہین تو کہہ

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَ

دیکھو تو اگر آوے تمپر عذاب اللہ کا بیخبر یا روبرو کوئی ہلاک ہوگا مگر وہی لوگ جو گنہگار ہین اور

مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

اور ہم جو رسول بھیجتے ہیں نہیں مگر خوشی اور ڈر سنانے کو پھر جو کوئی یقین لایا اور سنوار پکڑی تو نہ ڈر ہے انپر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

اور نہ وہ غم کھاوین اور جنہون نے جھٹلائین ہماری آیتین انکو لگے گا عذاب بسبب کہ حکمی کرتے تھے

اوپر ذکر تھا کہ مکہ کے بت پرست لوگ مصیبت کے وقت بتون کو چھوڑ کر خالص دل سے اللہ تعالی کی بارگاہ میں رفع مصیبت کی التجا پیش کیا کرتے تھے ان آیتون میں اللہ تعالی نے ان مشرک بت پرستون کو یون سمجھایا ہے کہ وہ کبھی کبھی کی اوپری مصیبتین تو درکنار جس وحدہ لاشریک نے تم لوگون کو کان سننے کے لئے آنکھین دیکھنے کے لیئے دل بھلی بری بات سمجھنے کے لئے یہ سب اپنی نعمتین عنایت فرمائی ہیں اگر وہ وحدہ لاشریک تم لوگون کو پہر اندھا کر دیوے یا تمھارا دل الٹ کر تمہیں دیوانہ بنا دیوے تو کیا تمہارے بتون میں اتنی قدرت ہے کہ وہ تمکو پھر اصلی حالت پر کر دیوین مکہ کے قحط کی اوپری مصیبت میں تو تم اپنے بتون کو خوب آزما چکے کہ انسے کچھ بھی نہ ہو سکا اب تم میں آخر کچھ لوگ بہرے اندھے دیوانے موجود ہیں انکو اچھا کر دینے میں اپنے بتون سے مدد لی جاوے نتیجہ آخر وہی ہوگا جو مکہ کے قحط کے وقت میں ہوا۔ باوجود اس پوری فہمائش کے جو تم حق سے پہرے جاتے ہو تو یہ تمہارا قابل سزا ایک جرم ہے وقت مقررہ آنے پر رات کو غفلت کی حالت میں یا دن کو کھلم کھلا اس جرم کی سزا میں اگر تم پر کوئی عذاب الٰہی آگیا تو اس سے تمہارا بچنا مشکل ہے۔ رہی یہ بات کہ ایسا بڑا شق القمر کا معجزہ دیکھنے اور اسکو جادو بتانے کے بعد تم لوگ ہر گھڑی اپنی خواہش کے موافق اللہ کے رسول سے معجزے جو چاہتے ہو تو اللہ تعالی نے رسولون کو اسلئے نہیں بھیجا کہ وہ ہر گھڑی منکر شریعت لوگون کو طرح طرح کے معجزے دکھاوین اور وہ منکر شریعت لوگ اون معجزون کو جادو بتلاوین بلکہ اللہ کے رسول تو اسلئے آئے ہیں کہ وہ فرمانبردار لوگون کو عقبی کی بہبودی کی خوشخبری سنا دیوین اور نافرمان لوگون کو عقبے کے عذاب سے ڈرا دیوین اب جو کوئی اللہ کے رسول کی نصیحت کو مان کر راہ راست پر آجاویگا اسکو عقبے کے عذاب سے بے خوف رہنا چاہیئے ہان نافرمان لوگونکو نافرمانی کی سزا میں عقبے کا سخت عذاب بھگتنا پڑیگا۔ جس خوشحالی اور اس خوشحالی کے عیش و عشرت کے گھمنڈ میں تم لوگ عقبے کے عذاب سے غافل ہو کر تنگ دست مسلمانون سے طرح طرح کا مسخرا پن کرتے ہو جب عقبی کے عذاب سے پالا پڑیگا تو اس عذاب کے آگے یہہ دنیا کا عیش تمہیں یاد بھی نہ رہے گا اسی طرح جس تنگدست مسلمانون سے تم لوگ یہان دنیا میں مسخرا پن کرتے ہو جب عقبے میں یہ لوگ اپنی تنگدستی کی تکلیف پر صبر کرنے کے اجر میں جنت کی بڑی بڑی نعمتین پاوینگے تو انکو یہ دنیا کی تنگدستی قابل قدر چیز معلوم ہوگی۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بڑے بڑے نافرمان خوشحال لوگ دوزخ کے عذاب کے آگے قسم کھا کر دنیا کے عیش و آرام کا انکار کرینگے اسیطرح تنگدست فرمانبردار لوگ جنت کی نعمتونکے آگے

ع ۱۲

دنیا کی تنگدستی کو بالکل بھولجاوینگے۔ یہ حدیث دنیا کی نافرمان خوشحال اور فرمانبردار تنگدست لوگونکے عقبے کے حال کی تفسیر ہے۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

تو کہہ مین نہیں کہتا کہ مجھ پاس ہیں خزانے اللہ کے اور نہ مین جانون غیب کی بات اور نہ مین کہون تمسے کہ مین فرشتہ ہون

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَ ع ۱۶

مین اسی پر چلتا ہون جو مجکو حکم آتا ہے تو کہہ کب برابر ہو سکے اندھا اور دیکھتا کیا تم دھیان نہین کرتے اور

اَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝

خبردار کرے اس قرآن سے جنکو ڈر ہے کہ جمع ہونگے اپنے رب کے پاس انکا کوئی نہیں اسکے سوا حمایتی نہ سفارش والا شاید وہ بچین

اوپر ذکر تھا کہ مکہ کے مشرک لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گھڑی گھڑی طرح طرح کے معجزون کی خواہش کرتے تھے کبھی تو وہ یہ کہتے تھے کہ اگر آپ اللہ کے رسول ہیں تو اللہ سے دعا کرکے معجزہ کے طور پر ہم لوگون کو ایسا مالدار بنا دیجئے کہ پھر ہمکو کسی چیز کی کمی نہ رہے۔ کبھی یہ کہتے تھے کہ معجزہ کے طور پر ہمین معاملات دنیا کی سب نفع نقصان کی باتین اس طرح سمجھا دیجئے کہ جس سے ہم آیندہ نفع کے حاصل کرنے اور نقصان سے بچنے کا انتظام کر لیوین۔ کبھی طعن کے طور پر یہ کہتے تھے کہ اگر آپ اللہ کے رسول ہیں تو عام آدمیون کی طرح آپ کھانا کیون کھاتے ہین اور عورتونسے واسطہ کیون رکھتے ہیں۔ ان لوگون کی ایسی باتون پر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمایا کہ اے رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ نہ تو اللہ کے غیب کے خزانے میرے اختیار مین ہیں کہ مین تمکو مالدار بنا دون اور نہ مجکو سب غیب کی باتین معلوم ہیں کہ مین سب معاملات دنیا کے نفع نقصان کی آیندہ کی باتین تمکو سمجھا دون نہ مین نے تم لوگون سے یہ دعوے کیا ہے کہ مین انسان نہین فرشتہ ہون تاکہ میرے اس کھانا کھانے اور عورتون سے واسطہ رکھنے کا تمہارا اعتراض مجھپر قائم ہو سکے بات فقط اتنی ہے کہ تم لوگ مجھ مین کی باتونسے ناواقف اور انمین بالکل اندھے ہو کیونکہ اللہ کی مرضی کے کامون کو کرنے اور اسکی مرضی کے مخالف کامون سے بچنے کو دین کہتے ہین اور یہ باتین محض عقل سے انسان نہین جان سکتا کہ مثلاً احرام والے شخص کو جنگل کے جانورون کا شکار حرام ہے اور دریائی جانورون کا شکار حلال ہے اسلئے تمہارا یہ اندھا پن رفع کرنے کے لیے جو دین کے احکام آسمانی وحی کے ذریعہ سے میرے اوپر نازل ہوتے ہیں مین خود بھی انکی پیروی کرتا ہون اور تم لوگون کو بھی اون ہی کی پیروی کی ہر وقت نصیحت کرتا ہون جو کوئی اس نصیحت پر عمل کریگا اسکو دین کی باتونکی دیکھ بھال کی آنکھین ہو جاوینگی جس سے اوسکی عقبے درست ہو جاویگی اور جو کوئی اس نصیحت کو نہ مانے گا وہ ویسا ہی اندھا کا اندھا رہکر اپنے اندھے پن کے سبب سے ضرور دوزخ کے گڑھے مین گریگا کس لئے کہ یہ سب کو سوچ فکر کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اندھے کو آنکھون والے جیسے سوجھ نہین ہوتی فقط انکل پر اندھون کا کام چلتا ہے اور انکل دین کے کام

مین کارآمد نہین - اب آگے فرمایا کہ جن لوگونکو ایکدن اللہ تعالی کے روبرو کھڑے ہونیکا خوف ہے اے رسول اللہ کے تم اُن لوگون کو قرآن کی آیتون کے موافق نصیحت کرتے رہو تاکہ وہ لوگ اُسدن کے عذاب الٰہی سے ڈرکر نیک کامونکے کرنے اور بُرے کامونسے بچنے کی کوشش کرتے رہین جس سے اللہ اُنسے رضامند ہوجاوے کیونکہ وہ دن ایسا ہے کہ بدون رضامندی اللہ کے اُسدن خلاف مرضی الٰہی نہ کوئی کسی کا حمایتی بن سکتا ہے نہ سفارشی - صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ایک جگہ ابو سعید خدری کی حدیث گذر چکی ہے جسمین یہ ہے کہ جس شخص کے دل مین ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا وہ بھی شفاعت کے سبب سے آخر کو جنت مین جاویگا اُس حدیث کا مضمون اس آیۃ کے مضمون کے کچھ مخالف نہین ہے اس لیے کہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ ذرہ برابر توحید سے بھی اللہ تعالی کی آخری رضامندی آدمی کو حاصل ہوجاتی ہے اسواسطے ایسے شخص کے حق مین جو شفاعت کی جاویگی وہ مرضی الٰہی کے برخلاف نہوگی برخلاف مشرک شخص کے کہ اوسکے دل مین ذرہ برابر بھی خالص توحید نہین ہے جسکے سبب سے ایسے شخص کو اللہ تعالے کی آخری رضامندی بھی حاصل نہین ہوئی اور جب یہ حالت ہی تو بغیر مرضی الٰہی کے قیامت کے دن ایسے شخص کا نہ کوئی حمایتی بن سکتا ہے نہ سفارشی - صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسی اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی نصیحت کی مثال مینہ کی اور امت کے لوگون کی مثال اچھی بُری زمین کی فرمائی ہے - یہ حدیث ان آیتونکی گویا تفسیر ہے کیونکہ قرآن کی نصیحت تو سب کو یکسان کیجاتی ہے لیکن اُسکا اثر لوگون کے اچھے بُرے پنے کے سبب سے یکسان نہین ہے -

منزل ۲

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۖ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ

اور نہ ہانک انکو جو پکارتے ہین اپنے رب کو صبح اور شام چاہتے ہین اوسکا منہ تجھپر نہین انکے حساب مین سے کچھ

مِنْ شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ ○ وَكَذَٰلِكَ

اور نہ تیرے حساب مین سے اوپر کچھ کہ تو انکو ہانک دے پھر ہووے تو بے انصافون مین اور اسی طرح

فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا ۗ أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ ○

ہمنے آزمایا ہے ایک کو ایک سے کہین کیا یہی لوگ ہین جن پر اللہ نے فضل کیا ہم سب سے کیا اللہ کو معلوم نہین حق ماننے والے

وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ۖ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۖ

اور جب نہ آوین تیرے پاس ہماری آیتین ماننے والے تو کہہ سلام ہے تمپر لکھی ہے تمہارے رب نے اپنے اوپر مہر کرنی

أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ

کہ جو کوئی کرے تم مین برائی نادانی سے پھر اسکے بعد توبہ کرے اور سنوار پکڑے تو یون ہے کہ وہ ہے بخشنے والا مہربان

صحیح مسلم صحیح ابن حبان مسند امام احمد بن حنبل مستدرک حاکم مین چند صحابہ کی روایتون سے جو شان نزول

اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ اور معظم بن عدی اور حارث بن نوفل ان قریش کے شریف لوگون نے آنحضرت سے درخواست کی کہ بلال عمار بن یاسر سالم ابی حذیفہ کا پروردہ یہہ چھوٹے لوگ آپکے پاس ہمارے آنیکے وقت آپکی مجلس مین نہوا کرین تو مناسب ہے کیونکہ ہم ایسے چھوٹے لوگون کے ساتھ شریک مجلس ہونے کو اپنی کسرشان جانتے ہیں اللہ تعالی کے نزدیک شرافت امارت سے زیادہ خلوص نیت مقبول ہے اور یہ غریب لوگ خلوص نیت سے آنحضرت کے پاس ہر وقت حاضر رہتے تھے اسواسطے اللہ تعالی نے اُن اشراف قریش کا کہنا ماننے سے اپنے رسول کو منع فرمایا اور یہ آیۃ نازل فرمائی بعضی روایتون میں بجائے عتبہ وغیرہ کے اقرع وعیینہ کا نام جو ہے وہ شاید راوی کا سہو ہے کیونکہ یہ آیۃ ابتدائے اسلام کے زمانہ کی مکی ہے اور اقرع وعیینہ کا اسلام ہجرت کے بہت بعد ہوا ہے کسی صحیح روایۃ مین انکا نام نہین ہے یدعون ربھم بالغداۃ والعشی کی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس نے پنجگانہ فرض نماز کی فرمائی ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ جب اوپر یہ حکم ہوچکا ہے کہ جو لوگ ایکدن اللہ کے روبرو کھڑے ہونے سے ڈرتے ہیں اُنکو قرآن کے موافق نصیحت کرنی چاہیئے اور اُسی حکم کی تعمیل مین پنجگانہ نماز اور قرآن کی نصیحت سننے کے لئے اے رسول اللہ کے یہ تنگدست مسلمان تمہاری مجلس مین آتے ہیں تو مالدار مشرکون کے کہنے سے ان تنگدست مسلمانون کو وعظ کی مجلس سے روکنا بڑی ناانصافی ہے ۔ مشرک لوگ یہ جو کہتے ہیں کہ یہ غریب مسلمان اپنی عزت بڑھانے کے لئے وعظ کی مجلس مین آتے ہیں عقبی کے ثواب کی غرض سے نہین آتے تو اسکا محاسبہ اللہ کے ہاتھ ہے کہ وہ سب کی نیت کا حال اور دل کا بھید جانتا ہے ایسی غیب کی بات مین کسی کو دخل دینے کی کیا ضرورت ہے ۔ رہی خوشحالی اور تنگدستی یہ تو اللہ کی ایک آزمائش ہے کہ تنگدست لوگون کو جو کچھ اللہ تعالے نے دیا ہے وہ اسپر قناعت کرکے کہان تک اللہ کا شکر کرتے ہیں اور مالدار لوگ کہان تک اترانے اور غریبون کے ساتھ حقارت سے پیش آتے ہیں کیونکہ اللہ تعالے کو شکرگذارون اور ناشکرگذارون کا دلی حال خوب معلوم ہے ۔ مالدار مشرکون نے غریب مسلمانون کے حق مین طعن کے طور پر ہولا من اللہ علیھم من بیننا جو کہا تھا اللہ تعالے نے یہ اسکا جواب دیا ہے اب آگے فرمایا اے رسول اللہ کے ان تنگدست ایمانداروں کے دل بہت چھوٹے چھوٹے ہین کیونکہ انکی تنگدستی کے سبب سے لوگ انکی قدر منزلت بہت کم کرتے ہیں تم انکا دل بڑھانے کے لئے ان سے سلام علیک کی ابتدا کیا کرو اور ان سے کہدو کہ تم لوگون کو دنیا میں ہر طرح کی تکلیف ہے اس لئے عقبے مین ایسے لوگون پر اللہ کی رحمت اور مہربانی ضرور ہوگی اور دنیا میں ایسے لوگونسے باقتضائے بشریت کوئی گناہ ہوجاویگا تو آیندہ توبہ کرنے اور نیک کامون مین مصروف ہوجانے سے اللہ غفور الرحیم اونکا وہ گناہ معاف فرمادیگا ۔ صحیح مسلم مین عبداللہ بن عمرؓ سے روایۃ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تنگدست مسلمان کے دنیا میں طرح طرح کی تکلیفین اوٹھانے کے سبب سے قیامت کے دن اللہ کا حکم ہوگا کہ ایسے لوگ کھاتے پیتے مسلمانون سے چالیس برس پہلے جنت مین داخل کئے جاوین گے ۔ صحیح مسلم مین ابوہریرہ رضؓ کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

منزل ۲

نے فرمایا بہت سے تنگدست مسلمان دنیا میں ایسے ہیں کہ اگر وہ کسی بات پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ تعالیٰ انکی قسم پوری کردیتا ہے
اس باب میں اور بھی صحیح حدیثیں ہیں ان آیتوں میں دین و دنیا میں اللہ تعالیٰ نے تنگدست مسلمانوں پر نظر رحمت رکھنے
کا جو وعدہ فرمایا ہے یہ حدیثیں گویا اُسکی تفسیر ہیں مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث
ایک جگہ گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جب شیطان مردود ٹھہرایا جاکر آسمان پر سے اوتارا جانے لگا تو اُسنے انسان کے
ہر طرح سے بہکانے کی اللہ تعالیٰ کے روبرو قسم کھائی اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے جاہ وجلال کی قسم کھاکر اُسکو جواب دیا کہ گناہ کرکے
جو شخص توبہ استغفار کریگا میں بھی اُسکے گناہ ضرور بخشدونگا۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے گنہ گاروں کے گناہ بخشنے
کا وعدہ جو اللہ تعالےٰ نے ان آیتوں میں کیا ہے یہ حدیث اُسکی گویا تفسیر ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ

اور اسی طرح ہم بیان کرتے ہیں آیتیں اور تو کھل جاوے راہ گنہگاروں کی کہہ مجکو منع ہوا ہے کہ پوجوں

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ

جنکو پکارتے ہو اللہ کے سوا تو کہہ میں نہیں چلتا تمہاری خوشی پر اگر ایسا کروں تو میں بہک چکا اور نہ ہوا راہ

الْمُهْتَدِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ منزل ۲

پانے والا تو کہہ مجکو شہادت پہنچی میرے رب کی اور تم نے اُسکو جھٹلایا میرے پاس نہیں جسکی شتابی کرتے ہو

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ ۭ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ

حکم کسی کا نہیں سوائے اللہ کے کہتا ہے حق بات اور وہ ہی بہتر ہے چکانے والا تو کہدے اگر میرے پاس ہو جسکی شتابی کرتے ہو

بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

تو فیصل ہو چکے کام میرے تمہارے بیچ اور اللہ کو خوب معلوم ہیں بے انصاف

شروع سورہ سے یہانتک توحید کی خوبی اور شرک کی خرابی کا ذکر جو تفصیل سے گذرا اُسیکو فرمایا کہ قرآن کی آیتوں میں ہر طرح کا مطلب
کھول کر سمجھا دیا جاتا ہے تاکہ اسپر بھی ہٹ دھرمی سے جو کوئی قرآن کی آیتوں کو جھٹلاوے تو معلوم ہو جاوے کہ علم ازلی کے موافق
وہ مجرموں کا راستہ چلا جس سے اُسنے اپنی عاقبت برباد کی۔ قل یا ایہا الکافرون کی شان نزول میں آویگا کہ مشرک لوگ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرمائش کیا کرتے تھے کہ ایک سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان ان مشرکوں کے
ٹھاکروں کی پوجا کرلیا کریں اور ایک سال یہ مشرک لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرلیا کریں اسی پر گویا آپس کی صلح ٹھہر جاوے
اسی کو فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان لوگوں سے کہدو کہ تم لوگوں نے ملت ابراہیمی کو بگاڑ کر بت پرستی کو رواج دیدیا ہے
میں اصل ملت ابراہیمی پر ہوں اسلئے مجھکو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بت پرستی کی مناہی ہے کیونکہ اگر میں ایسا کرونگا تو ملت
ابراہیمی سے تمہاری طرح بہک جاؤں گا۔ اور میں ایسا کیسے کرسکتا ہوں میرے پاس تو قرآن میں اس بات کی شہادت

موجود ہے کہ ملت ابراہیمی مین بت پرستی کا کہیں پتا نہین تم لوگ بے سند ملت ابراہیمی کو بگاڑ چکے اب قرآن کی آیتون کو بھی جھٹلاتے ہو اور پھر تم کو عذاب الٰہی سے ڈرایا جاتا ہے تو ڈیٹھ بنکر اوس عذاب کی جلدی کرتے ہو۔ وہ عذاب کچھ میرے اختیار میں نہیں ہے جو تم مجھ سے اُسکی جلدی کرتے ہو وہ عذاب تو اللہ ہی کے حکم اور اختیار مین ہے اُسنے منکر شریعت لوگون کے حق مین عذاب کا وعدہ جو فرمایا ہے وہ برحق ہے وقت مقررہ آنے پر اس عذاب کا وہ خود فیصلہ فرمادیوے گا کیونکہ اُسکو اس طرح کے ناانصاف لوگون کا حال خوب معلوم ہے۔ اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے دنیا مین تو اس عذاب کا ظہور بدر کی لڑائی کے وقت ہو چکا کہ ان مشرکون میں کے بڑے بڑے سرکش عذاب الٰہی کی جلدی کرنے والے ستر آدمی بڑی ذلت سے مارے گئے اور ستر قید ہوئے۔ رہا عقبے کا عذاب وہ بھی وقت مقررہ پر اللہ تعالےٰ کے وعدہ کے موافق سب کی آنکھون کے سامنے آجاویگا۔ اللہ تعالیٰ کے اس وعدہ کی تفصیل آیۃ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ کی تفسیر مین گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جو شخص شرک کی حالت میں بغیر توبہ کے مرگیا اُسکی نجات کی کوئی صورت نہیں اس باب میں بہت سی صحیح حدیثین ہیں جو مشرک لوگون کے عذاب آخرت کی گویا تفسیر ہیں۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ

اور اسی کے پاس ہیں کنجیان غیب کی انکو کوئی نہین جانتا اسکے سوا اور وہ جانتا ہے جو جنگل اور دریا میں ہے اور نہیں جھڑتا کوئی پات

منزل ۲

اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

جو وہ نہیں جانتا اور نہ دبے دانے زمین کے اندھیرون میں اور نہ ہرا نہ سوکھا جو نہین لکھی کتاب میں

بخاری کی روایۃ میں خود آنحضرت نے ان غیب کی کنجیون کی تفسیر اون پانچ چیزون سے فرمائی ہے جسکا ذکر صراحت سے سورۂ لقمان مین آویگا وہ پانچ چیزین ایک قیامت کا وقت ہے کہ کب آویگی دوسرے مینہ کا حال کہ کب برسے گا تیسرے یہ کہ حاملہ عورت کے پیٹ میں کیا ہے لڑکا ہے یا لڑکی چوتھے یہ کہ کل کیا ہوگا پانچوین یہ کہ کون شخص کس سرزمین پر مریگا شارحین کتب حدیث نے اور مفسرین نے لکھا ہے کہ اور علم غیب کی باتین اللہ تعالیٰ انبیا کو بذریعہ وحی کے اور اولیا کو بذریعہ الہام یا خواب کے ظاہر فرمادیتا ہے چنانچہ انبیا نے عذاب قبر عذاب حشر کا احوال دوزخ و جنت کا حال جو علم غیب مین سے ہے صراحت سے بیان کیا ہے حضرت عیسےٰ لوگون کی گھر کی رکھی ہوئی چیزین بغیر دیکھے اور لوگونکا کھایا پیا بتلا دیا کرتے تھے اور حضرت یوسف نے ایک قیدی کا رہا ہوجانا اور دوسرے کا سولی پر چڑھایا جانا بتلا دیا تھا اور بعض اولیا بھی بعضی آیندہ کی باتون کو کرامت کے طور پر بیان کردیتے ہیں فرق اسی قدر ہے کہ نبی کو جو غیب کا حال معلوم ہوتا ہے وہ وحی سے معلوم ہوتا ہے جو یقینی علم ہے اور اولیا کو جو کچھ غیب کا حال معلوم ہوتا ہے وہ الہام یا خواب کے ذریعہ سے معلوم ہوتا ہے جس مین مجتہد کے اجتہاد کی طرح غلطی کا احتمال ہے کیونکہ نبی کی وحی میں اس بات کی حفاظت کیلئے کہ اس مین شیطان کا کچھ تصرف نہ ہونے پاوے خدا کی طرف سے فرشتے ہمیشہ نگہبانی کیا کرتے ہیں جسکا ذکر سورہ جن مین آویگا اور کبھی موقع پاکر نبی کی

جی میں اگر شیطان کچھہ تصرف کرتا ہے تو خدا کی طرف سے فوراً اسکی اصلاح ہوجاتی ہے چنانچہ اس کا ذکر سورہ حج اور سورہ نجم مین آویگا ولی کے الہام اور خواب مین یہ حفاظت اور اصلاح نہیں ہے غرض یہ پانچ باتین اللہ تعالی نے اپنے علم خاص مین رکھی ہین اسی واسطے یہ پانچ باتین غیب کی کنجیان کہلاتی ہین چنانچہ اسی بخاری کی روایت میں ہے کہ حضرت جبرئیل نے اجنبی شخص کی صورت میں آنحضرت کے پاس آکر ایمان و اسلام کی چند باتین پوچھین آپ نے سب کے جواب دئے جب حضرت جبرئیل نے قیامت کا حال پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ پوچھنے والا اور بتلانے والا دونون اس سے بے خبر ہین حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے علم غیب کا ذکر اور دنیا کے ذرہ ذرہ کا حال لوح محفوظ مین لکھے ہونے کا ذکر فرماکر یہہ آیت اس تنبیہ کے لیئے نازل فرمائی ہے کہ وہ غیب دان بھی ہے اور اسکے دفتر مین ذرہ ذرہ کا حساب بھی ہے ایکدن اس حساب کی جانچ ہونے والی ہے ہر شخص کو چاہیئے جو کچھہ دنیا مین کرے ذرا حساب کا انجام یاد رکھہ کر کرے حاصل مطلب یہ ہے کہ جنگل اور دریا مین جو کچھہ ہوچکا اور جو کچھہ ہونے والا ہے وہ سب اللہ تعالی کے علم اور ارادہ کے موافق ہے اور بستی یا جنگل مین چھوٹے بڑے جو پیڑ ہین اُنکے ایک ایک پتے اور گٹھلی یا دانہ کا حال اور دنیا کی ہر ایک خشک و تر سب چیزون کا حال یہ سب کچھہ اسکے علم سے باہر نہین ہے اور یہ سب کچھہ اللہ تعالی کے علم کے موافق لوح محفوظ مین بھی لکھا ہوا ہے اس آیت سے ارسطو وغیرہ کا یہ قول غلط قرار پاتا ہے کہ اللہ تعالی کو سوا اپنی ذات کے اور دوسری چیزونکا علم نہین ہے اسی طرح وہ قول بھی غلط قرار پاتا ہے جو ارسطو کے بعد شیخ ابوعلی بن سینا نے قرار دیا ہے کہ اللہ تعالی کو اپنی ذات اور کلیات کا علم ہے جزئیات کا علم نہین ہے - یہ دونون قول اسلیئے غلط قرار پاتے ہین کہ اس آیت کے موافق ایک ذرہ بھی اللہ کے علم سے باہر نہین ہے بعضے علما کو یہ شبہ جو پیدا ہوا ہے کہ جب اللہ تعالی کو ذرہ ذرہ معلوم ہے اور اللہ تعالے کے علم میں بھول چوک بھی ممکن نہین ہے تو پھر معلوم نہین لوح محفوظ میں سب چیزون کا حال لکھنے مین کیا حکمت ہے اسکا جواب اور علمانے یہ دیا ہے کہ لوح محفوظ مین سب چیزونکا حال لکھنے میں بڑی بڑی حکمتین ہین مثلاً یہ ایک کتنی بڑی حکمت ہے کہ جو فرشتے لوگونکا نامہ اعمال لکھنے پر تعینات ہین جب یہ فرشتے اُس نامہ اعمال کو آسمان پر لیجاتے ہین اور اسکا مقابلہ لوح محفوظ کے نوشتہ سے کرتے ہین اور دونون تحریرون مین مطابقت پاتے ہین تو اللہ تعالی کے علم غیب کی تصدیق اونہین زیادہ ہوجاتی ہے علاوہ اسکے اس مین اور بھی حکمتین ہین جو بڑی کتابون میں ہین - کھلی کتاب جو لوح محفوظ کو فرمایا اسکا مطلب یہ ہے کہ علم الہی کے موافق اوس میں ہر چیز کی کھلی کھلی تفصیل لکھی ہوئی ہے - عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث صحیح مسلم کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے اپنے علم ازلی کے موافق دنیا کا تمام حال اللہ تعالے نے لوح محفوظ میں لکھہ لیا ہے - یہہ حدیث آیت کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اللہ تعالے کے علم ازلی سے باہر نہیں ہے کیونکہ لوح محفوظ میں جو کچھہ لکھا گیا ہے وہ اللہ کے علم کا نتیجہ ہے -

منزل ۲

وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ

اور وہی ہے کہ تمکو بھر لیتا ہے رات کو اور جانتا ہے جو کما چکے ہو دن کو پھر تمکو اٹھاتا ہے اس مین کہ پورا ہو وعدہ جو

مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ

ٹھیرا دیا پھر اسی کی طرف پھیرے جاؤگے پھر جتا دیگا تمکو جو کرتے تھے اور اسی کا حکم غالب ہے اپنے بندون پر اور

یُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ۝

بھیجتا ہے تمپر نگہبان یہان تک کہ جب پہنچے تم مین کسی کو موت اسکو پھر لیوین ہمارے بھیجے لوگ اور وہ قصور نہین کرتے

ثُمَّ رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ۝ قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْكُمْ

پھر پہنچائے جاوینگے اللہ کی طرف جو مالک انکا ہے تحقیق سن رکھو حکم اسی کا ہے اور وہ شتاب لیتا ہے حساب تو کہہ کون بچا لاتا ہے

مِنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ

جنگل کے اندھیرون سے اور دریا کے جسکو پکارتے ہو گڑگڑاتے اور چپکے اگر ہم کو بچا لیوے اس بلا سے تو البتہ ہم احسان

مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ یُنَجِّیْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

مانین تو کہہ اللہ تمکو بچاتا ہے اوسسے اور ہر گھبراہٹ سے پھر تم شریک ٹھیراتے ہو

منزل ۲

ان آیتون میں اللہ تعالیٰ نے پہلے ہر انسان کے سونے اور جاگنے کا ذکر فرمایا ہے اور پھر مرنے اور پھر مرکر جینے کا ذکر فرمایا ہے تاکہ روز کے سونے اور جاگنے سے ہر عقلمند آدمی مرنے اور مرکر جینے کو قیاس کرے کیونکہ غور کیا جاوے تو روز کا سونا چھوٹی موت اور سوکر پھر جاگنا روز کا ایک چھوٹا حشر ہے کسلئے کہ جس طرح موت کے بعد آدمی کے مثلاً کان آنکھین بیکار ہو جاتے ہین وہی حال آدمی کا سونے مین ہو جاتا ہے پھر جس طرح جاگنے کے بعد آدمی کے حواس قائم ہو جاتے ہیں وہی حالت اسکی حشر مین ہوگی تفسیر ابن مردویہ مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ہر سوتے آدمی پر اللہ کی طرف سے ایک فرشتہ مقرر کیا جاتا ہے جو سانس کی آمد و رفت کی خبر رکھتا ہے اور اگر اسی نیند کی حالت مین قبض روح کا حکم اللہ کا ہو جاتا ہے تو وہ فرشتہ باہر کا آیا ہوا سانس پھر اندر نہین جانے دیتا جس سے روح قبض ہو جاتی ہے مسلمان اور کافر کی قبض روح کی حالت کے بیان مین بہت سی حدیثین ہین جنکا حاصل یہ ہے کہ مسلمان کی قبض روح کے لئے رحمت کے فرشتے آتے ہیں اور مرنے والے شخص کو یہین دنیا مین سے آثار رحمت الٰہی معلوم ہونے لگتے ہیں اسلئے وہ تمنا کرنے لگتا ہے کہ جلدی سے اسکی جان نکل جاوے تاکہ اللہ تعالیٰ اور ارواح مومنین سے ملاقات نصیب ہو اور ملک الموت اور انکے ساتھ کے فرشتے اس روح کو خوشخبری دیتے ہیں کہ اے پاکیزہ روح جلدی نکل اللہ تجھسے راضی ہے اسی حالت مین روح اس طرح جسم سے نکل جاتی ہے جس طرح گوندھے ہوئے آٹے مین سے بال یا بھری مشک مین سے پانی نکل جاتا ہے اور کافر اور منافق کی قبض روح کا معاملہ اسکے برعکس ہے اور دونون طرح کی روحون کی قبر و حشر کا حال ہر ایک کے نیچے آگے آویگا تفسیر

ابن منذر اور تفسیر ابن حاتم مین حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ آدمی کے جسم مین ایک نفس ہے اور ایک روح سونے کی حالت مین نفس آدمی کے جسم سے نکل جاتا ہے اور روح قائم رہتی ہے لیکن صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رض کی سونے کے وقت دعا پڑھنے کی ایک بڑی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ یا اللہ سونے کی حالت مین جان جو جسم سے الگ ہوئی ہے اگر اُسکو تو روک رکھے تو اسپر تو رحم کر اور اگر وہ جان سونے کی حالت کے بعد پھر جسم مین آوے تو اُسکو نیک کام کے ارادہ کی توفیق عنایت فرما۔ اسی طرح نسائی مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا سوتے وقت یون کہنا چاہیئے کہ یا اللہ تونے ہی میری جان کو پیدا کیا ہے اور تو ہی اوسکو کھینچتا ہے اور تیرے ہی حکم مین موت و حیات ہے سونے کے بعد اگر تو اس جان کو زندون مین رکھے تو اُسکو اپنی حفاظت مین رکھ اور اگر تو اوسکو مردون مین رکھے تو اُسپر اپنی رحمت کر۔ ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ ان حدیثون کے موافق اکثر مفسرین نے اس قول کو قوی قرار دیا ہے کہ آدمی کے جسم مین فقط ایک روح ہے جو سونے کی حالت مین جسم سے الگ ہو جاتی ہے پھر اگر اس سونے کی حالت مین اللہ تعالی نے اُس روح کو روک رکھا تو آدمی سونے مین مر جاتا ہے اور اگر سونے کی حالت کے بعد اللہ کے حکم سے وہ روح پھر انسان کے جسم مین آگئی تو وہ زندہ جاگ اٹھتا ہے رہی یہ بات کہ سوتے آدمی اور مردہ مین تو فرق ہے سوتے آدمی کی نبض چلتی رہتی ہے سانس چلتا رہتا ہے کھانا ہضم ہوتا ہے سوتے وقت جان کنی کی تکلیف آدمی کو نہیں ہوتی پھر موت اور نیند کی ایک سی حالت کیونکر ہو سکتی ہے خازن وغیرہ مین حضرت علی رض کا قول ہے جس مین حضرت علی نے اسکا جواب یہ دیا ہے کہ سونے کی حالت مین روح کا تعلق جسم سے اس طرح باقی رہتا ہے جسطرح آفتاب آسمان پر ہے اور اُسکی شعاع زمین پر پڑتی ہے اور موت کے وقت یہ تعلق اس طرح باقی نہیں رہتا جسطرح قیامت کے دن آفتاب کا نور آفتاب سے بالکل الگ کر دیا جاویگا۔ اس سے زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی سورہ زمر مین آویگی حاصل مطلب ان آیتون کا یہ ہے کہ اللہ تعالی نے منکر حشر مشرک لوگون کو ان آیتون مین یون قایل کیا ہے کہ جس صاحب قدرت نے سونے اور جاگنے کی حالت کو سب کی آنکھون کے سامنے مرنے اور حشر کے نمونے کے طور پر پیدا کیا ہے وہی ان حشر کے منکرون کو وقت مقررہ پر مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کریگا اور فوری حساب کتاب کے بعد انکے اعمال کی انکو سزا دیویگا اسلئے اوسنے دو روز نامچہ لویس اعمال کی حفاظت کے لئے اپنے زبردست عملہ سے ہر شخص کے پیچھے لگا رکھے ہین اور جسطرح اب انکی خلاف مرضی اللہ کے فرشتے موت کے وقت انکی جان نکال لیتے ہین اسی طرح انکی خلاف مرضی دوبارہ اپنے جسم تیار ہو کر انمین جان پڑ جاویگی پھر فرمایا کہ جسطرح جنگل اور دریا کے سفر کی مصیبت کے وقت اب انکے بت کچھ انکی مدد نہین کرتے اسی طرح عقبی کی مصیبتون کے وقت یہ بت انکے کچھ کام نہ آوین گے پھر مصیبت کے وقت خالص اللہ سے مدد مانگنے اور راحت کے وقت ان بتونکو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کا شیوہ جو ان لوگون نے اختیار کیا ہے انکا یہ شیوہ عقبے کی مصیبتون کے وقت کچھ کام نہ آویگا کیونکہ یہ اللہ کا وعدہ ہے کہ وہان

منزل ۲

مشرک کا کوئی مددگار نہ ہوگا - اللہ کے حکم سے آدمی کی روح قبض کیجاتی ہے - ملک الموت کو یہ کام اللہ تعالی نے سونپا ہے ملک الموت کی مدد کے لئے اور فرشتے بھی مقرر ہیں ان ہی حالتوں کے سبب سے قرآن شریف کی آیتونمین قبض روح کا ذکر کئی طرح سے آیا ہے لیکن درحقیقت ان آیتون مین کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ کسی آیۃ میں ایک حالت کا ذکر ہے اور کسی میں دوسری حالت کا -

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ

تو کہہ اسی کو قدرت ہے کہ بھیجے تمپر عذاب اوپر سے یا تمہارے پاؤن کے نیچے سے یا تمہیں کئی فرقے کرکر

اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ

اور چکھا دے ایک کو برائی ایک کی دیکھہ کس پھیر سے ہم کہتے ہیں باتیں شاید وہ سمجھیں

معتبر سند سے مسند امام احمد نسائی تفسیر ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ مین ابی بن کعب وغیرہ سے روایۃ ہے کہ اوپر کے عذاب سے مراد آسمان سے پتھر برسنا ہے جس طرح مثلاً اصحاب فیل پر برسے اور نیچے کے عذاب سے مراد زمین کا دھنسنا ہے جسطرح مثلاً قارون دھنس گیا اور ابن مردویہ نے اس آیۃ کی تفسیر میں حضرت عبداللہ ابن عباس سے یہہ روایۃ نقل کی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ مین نے اللہ سے دعا کی کہ میری امت سے یہ تینون قسم کے عذاب جنکا ذکر اس آیۃ مین ہے اوٹھہ جاوین تو اللہ تعالی نے پتھرون کے برسنے کا عذاب اور زمین مین دھنسنے کا عذاب تو اوٹھا لیا مگر آپس کی پھوٹ اور آپس کی خانہ جنگی یہ عذاب باقی ہے اس حدیث سے بعضے بعضے علما نے یہ مطلب نکالا ہے کہ اس امت مین پتھر برسنے کا عذاب اور زمین کے دھنسنے کا عذاب قیامت تک واقع نہ ہوگا مگر علامہ حافظ ابن حجر نے اس مطلب پر اعتراض کیا ہے اور اپنی اعتراض کی تائید میں مسند امام احمد کی وہ حدیثین ذکر کی ہیں جنمین قیامت سے پہلے زمین کے دھنسنے کا ذکر ہے اور رفع اس اختلاف کا وہی ہے جسکی صراحت طبرانی کی حسن بصری کی مرسل روایۃ مین ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جب یہ آیۃ اوتری اور آنحضرت نے آیۃ مین کے تینون عذابون کے امت محمدیہ پر سے اوٹھہ جانے کی دعا کی تو حضرت جبرئیل آئے اور فرمایا کہ پہلی امتون کی طرح عام طور سے اس امت کی ہلاکت پتھر برسنے اور زمین دھنسنے سے نہ ہوگی ان دونو باتون میں اللہ تعالی نے آپکی دعا قبول فرمائی اب حاصل کلام یہ ٹھہرا کہ پچھلی امتون کی طرح ساری امت ان دونو عذابون سے ہلاک نہ ہوگی علامت قیامت کے طور پر بعضی بستیون مین پتھر برسین یا زمین دھنسے اور اوس سے کچھہ لوگ ہلاک ہون تو وہ عام عذاب نہین ہے اوپر کی آیتون مین آخرت کے عذاب کا ذکر فرماکر اس آیۃ میں ارشاد ہے کہ آخرت کے عذاب کا موقع تو وقت مقررہ پر آویگا لیکن اللہ کی قدرت سے کچھہ یہ بھی بعید نہین کہ ایسے سرکش لوگو پر دنیا مین بھی کوئی عذاب آجاوے بلک شام اور یمن کے سفر مین ان لوگون کو ایسے سرکش لوگون کی اوجڑی ہوئی بستیان نظر آئی ہونگی جو عذاب دنیوی سے ہلاک ہوچکی ہیں اوس سے ان لوگونکو عبرت پکڑنی چاہیئے ورنہ وہی انجام انکا ہوگا جو اون لوگون کا ہوا

منزل ۲

اس نصیحت کے بعد فرمایا کہ قرآن کی آیتون میں طرح طرح کی تنبیہ ہیر پھیر کے اس لئے اون لوگون کو کیجاتی ہے کہ یہ لوگ شرک سے باز آوین اور اپنے بھلے برے کو سمجھین - صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین کونی بھر بھر کے لوگون کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کرتا ہون مگر یہ لوگ اسطرح دوزخ کی آگ مین گرنے کا کام کرتے ہین جس طرح کیڑے پتنگے روشنی پر گرنے اور مرجانے کی جرارت کرتے ہین - یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اللہ تعالی نے قرآن کی آیتون میں ہیر پھیر کر طرح طرح سے ان لوگون کو سمجھایا تاکہ یہ لوگ دوزخ کی آگ سے بچنے کا راستہ چلین اور اللہ کے رسول بھی اسی کوشش مین لگے رہے لیکن جو لوگ انمین سے اللہ تعالی کے علم ازلی کے موافق دوزخ کا ایندھن ٹھہر چکے تھے انکو کسی نصیحت سے کچھ فائدہ نہ ہوا اور آخر اسی حالت کفر و شرک مین بدر کی لڑائی کے وقت وہ لوگ دنیا سے اٹھکر سیدھے جہنم کو چلے گئے بغیر ذکر صحابہ کے کوئی تابعی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی حدیث کی روایۃ کرے تو اس حدیث کو مرسل کہتے ہین - مرسل روایۃ کو کسی اور روایۃ سے تقویت ہوجاوے تو یہ مرسل روایۃ بالاتفاق قابل اعتبار ہوجاتی ہے حسن بصری کی جس مرسل روایۃ کا ذکر اوپر گذرا اسکو اور روایتون سے تقویت حاصل ہوگئی ہے اسلئے یہ مرسل روایۃ قابل اعتبار ہے

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ منزل ۲

اور اسکو جھوٹ بتایا تیری قوم نے اور یہ تحقیق ہے تو کہہ کہ میں نہیں تمپر داروغہ ہر خبر کا ایک وقت ٹھیرا ہی اور آگے جان لوگے

اوپر کی آیۃ مین ذکر تھا کہ قرآن کی آیتون میں طرح طرح کی تنبیہ اسلئے ان لوگون کو کیجاتی ہے کہ یہ لوگ شرک سے باز آدین اور اپنے بھلے برے کو سمجھین اس آیت میں ارشاد ہے کہ ان لوگون کے سر پر تو وہ ازلی بدبختی سوار ہے کہ جن آیتون مین انکے خلاف مرضی کوئی مضمون ہوتا ہے تو یہ لوگ تو ان آیتونکے جھٹلانے پر مستعد ہوجاتے ہین حالانکہ قرآن کی آیتون مین وہ سیدھے سچے مضمون ہین کہ کوئی صاحب عقل انکو جھٹلا نہین سکتا - مثلاً ان لوگون کے شرک سے باز آنے کے لیے انکو یون سمجھایا گیا ہے کہ جب آسمان زمین انسان اور اوسکی سب ضرورت کی چیزون کو اللہ نے پیدا کیا ہے تو پھر کسی دوسرے کو اللہ کی تعظیم اور عبادت مین شریک ٹھہرانے کا کوئی حق نہین ہے - یا مثلاً شرک کے وبال مین پچھلی قومون پر جو عذاب آیا ہے شام اور یمن کے سفر مین ان لوگون کو اون اجڑی ہوئی بستیون کو دیکھکر عبرت پکڑنے کی فہمایش کی گئی ہے یہ باتین ہر صاحب عقل کے ماننے کے قابل ہین اسپر ازلی بدبختی کے سبب سے جب یہ لوگ کلام الٰہی کو جھٹلاتے ہین اور کہتے ہین کہ اگر یہ قرآن اللہ کا کلام ہے تو اسکے جھٹلانے کی سزا مین ہم پر کوئی عذاب کیون نہین آتا تو انکی اسبات کے جواب مین اے رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ میں اللہ کی طرف سے تمہاری سزا کے لئے داروغہ مقرر ہوکر نہین آیا بلکہ ہر وقت مقررہ کی سزا سے تمہین ڈرانے آیا ہون اگر اس ڈر کو تم لوگ نہ مانوگے تو بہت جلد وقت مقررہ آنے پر خود تمہین اس سزا کا حال معلوم ہوجاوے گا اور یہ یاد رہے کہ اللہ تعالی کی بارگاہ مین ہر کام کا وقت مقرر ہے

وقت مقررہ کے آنے پر پھر اُسکے حکم کو کوئی ٹال نہیں سکتا اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے وقت مقررہ آتے ہی بدر کی لڑائی کے زمانہ میں یہ بڑے بڑے آیات قرآنی کے جھٹلانے والے بڑی ذلت سے مارے گئے اور مرتے ہی عذاب میں گرفتار ہوگئے اسلئے اس عذاب کے جھٹلانے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگون کی لاشون پر کھڑے ہوکر یہ فرمایا کہ اب تو تم لوگون نے اللہ کا وعدہ سچا پایا۔ صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین یہ بدر کا قصہ ہے مشرکون کی سزا کا وعدہ جو اس آیۃ میں ہے یہ حدیث اُس وعدہ کے ظہور کی گویا تفسیر ہے۔

وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ

اور جب تو دیکھے وہ لوگ بکتے ہین ہماری آیتون مین تو انسے کنارہ کر جبتک کہ بکنے لگین اور کسی بات میں

وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَا عَلَى الَّذِينَ

اور کبھی بہلا دے تجکو شیطان تو نہ بیٹھ بعد نصیحت بے انصاف قوم کے ساتھ اور پرہیزگارون پر نہین

يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝

کچھ انکا حساب لیکن نصیحت کرنی ہے شاید وہ ڈرین

بعضے مفسرون نے اس آیت کو سورہ نساء سے منسوخ کہا ہے کیونکہ سورہ نساء کی آیۃ مین اللہ تعالی نے اس آیۃ کا حوالہ دیا ہے اور فرمایا ہے وقد نزل علیکم فی الکتاب اس سے معلوم ہوا کہ سورہ نساء کی آیۃ پیچھے نازل ہوئی ہے اور جب آخر کی آیۃ مین یہ حکم ہے کہ قرآن سے ٹھٹھا کرنے والون مین جو شخص بیٹھے گا وہ بھی انمین سے ہوویگا تو پھر یہ حکم کہ جو شخص نصیحت کی راہ سے ایسے لوگون مین بیٹھے گا اُسپر کچھ گناہ نہین ہے منسوخ ٹھہرا لیکن جمہور مفسرین کے نزدیک یہ آیۃ منسوخ نہین ہے نصیحت کی راہ سے ایسے لوگون مین بیٹھنا دونون آیتون سے جایز ہے ورنہ دین کا بڑا جز جو نصیحت ہے جسپر صحیح حدیثون مین آنحضرت نے بیعت لی ہے متروک ہوجاویگا ہان خالی میل جول کے طور پر بیٹھنا حرام ہے غرض عام مفسرین کے قول پر دونون آیتون سے یہ مطلب نکلا کہ آجکل بعضے لوگ جو آیۃ قرآنی اور احادیث نبوی کو پروا کی نظر سے نہین دیکھتے ہین ایسے لوگون میں یا تو متقی شخص نہ بیٹھے یا بیٹھے تو اُن لوگون کو نصیحت کرتا رہے اگر بیٹھے گا اور نصیحت نہ کریگا تو ایسا شخص سخت گنہگار ہوگا۔ بعضے مسلمانون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی تھی کہ یہ مشرک لوگ تو ہر وقت قرآن کی مذمت میں لگے رہتے ہین اس صورت مین اگر ہم حرم میں مثلاً طواف کو جاوین اور وہان مشرک لوگ بھی موجود ہون اور ہم اُنکے منہ سے قرآن کی مذمت کی کوئی بات سن لیوین تو اس گناہ سے ہم کیونکر بچ سکتے ہین۔ اسپر اللہ تعالی نے وما علی الذین یتقون من حسابھم من شئی سے آخر آیۃ کا ٹکڑا نازل فرماکر ان مسلمانون کو جتلا دیا کہ جب میل جول کے طور پر تم اون لوگون میں نہین بیٹھتے تو اس طرح کی اتفاقی ملاقات مین اُنکی بداعمالی کا محاسبہ تم لوگون سے نہوگا لیکن ایسی ملاقات کے وقت اُن لوگون کو کچھ مناسب نصیحت کردی جاوے تاکہ ہر وقت کی نصیحت سے شاید وہ لوگ بھی راہ راست پر آجاوین۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے

منزل ۲

ابوہریرہ رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ خلاف شریعت کوئی بات دیکھکر ہاتھ سے زبان سے جس طرح ممکن ہو اسکی اصلاح ایماندار آدمی کے ایمان کی علامت ہے پھر اگر یہ طاقت کسی ایماندار شخص میں نہ ہو تو اس خلاف شریعت بات کو دل سے برا جاننا یہ ایمان کا ضعیف درجہ ہے۔ مسند امام احمد ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے حذیفہ بن الیمان کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ آپس کی نصیحت کا طریقہ جب لوگوں سے اوٹھ جائیگا تو ایسی بستی کے سب لوگوں پر کوئی عذاب آجاویگا اور پھر کسی نیک آدمی کی دعا عذاب کے ٹلنے کے باب میں قبول نہ ہوگی ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ ان آیتوں میں آپس کی نصیحت کا جو ذکر ہے یہ حدیثیں گویا اسکی تفسیر ہیں

وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهِ أَنْ تُبْسَلَ

اور چھوڑ دے جنہوں نے ٹھہرایا اپنا دین کھیل اور تماشا اور بہکے دنیا کی زندگی پر اور اس سے نصیحت دی انکو

نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ وَإِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ

کہ گرفتار نہ ہو جاوے کوئی اپنے کئے میں کہ نہیں اسکے اللہ کے سوا حمایتی اور نہ سفارش والا اور اگر بدلا دے سارے بدلے قبول

لَا يُؤْخَذْ مِنْهَا أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أُبْسِلُوا بِمَا كَسَبُوا لَهُمْ شَرَابٌ مِنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ

نہ ہوں، اس سے وہی ہیں جو گرفتار ہوئے اپنے کئے میں انکو پینا ہے گرم پانی اور مار ہے دکھ والی بدلہ کفر کرنے کا

ف ۱۲ اوپر ذکر تھا کہ اہل مکہ کو آیات قرآنی کے مضمون کے موافق جس قدر سمجھایا جاتا تھا وہ اسی قدر ان آیتوں کو مسخرا پن میں اڑاتے اور جھٹلاتے تھے اس آیت میں ارشاد ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے دنیا کی زندگی کھانے پینے شراب خوری گانا اور باجا سنے کو اپنا دین ٹھہرا رکھا ہے اور اصل دین کی باتوں کے اور ان باتوں کی سزا و جزا کے لئے دوبارہ زندگی کے یہ لوگ منکر ہیں۔ اب یہ تو ظاہر ہے کہ جسکے دل میں عقبے کا یقین نہیں وہ عقبے کی باتوں کو جلدی سے کیونکر مان سکتا ہے اس لئے اے رسول اللہ کے ان منکر قیامت لوگوں کو چند روز انکے حال پر چھوڑ دیا جاوے مگر اتنی بات انکو سمجھا دی جاوے کہ جسطرح کے مسخرا پن اور کھیل تماشے کو ان لوگوں نے اپنا دین ٹھہرا رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے اس طرح کے کھیل تماشے کے طور پر دنیا کو نہیں پیدا کیا بلکہ دنیا کے پیدا کرنے کا نتیجہ وہی ہے جو گھڑی گھڑی ان لوگوں کو جتلایا جاتا ہے کہ دنیا کے ختم ہو جانے کے بعد دنیا کے نیک و بد کی جزا و سزا کے لئے دوسرا جہان ضرور قائم ہوگا تاکہ دنیا کا پیدا کرنا ٹھکانے سے لگے وہ دوسرا جہان ایسا ہوگا کہ جہان ہر شخص اپنے عمل کے نتیجہ کا پابند کرایا جاویگا اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والوں کا وہاں کوئی حامی و مددگار نہیں ہے تمام دنیا کا مال و متاع یہ لوگ سزا کے معاوضہ میں دینا چاہیں گے تو یہ معاوضہ ہرگز قبول نہ ہوگا۔ کھولتا ہوا پانی پینا۔ سینڈ کھانا۔ ہمیشہ آگ میں جلنا ایسی لوگوں کی سزا ہے۔ مسند امام احمد ترمذی مستدرک حاکم میں ابوامامہ سے روایت ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ کا وہ پانی ایسا کھولتا ہوگا کہ جب وہ پانی دوزخیوں کو پلایا جاوے گا تو اسکی گرمی سے پیتے وقت

اُنکے مونہہ کی کھال جلکر گر پڑے گی اور پینے کے بعد آنکی انتڑیاں کٹ کر نکل پڑینگی حاکم نے اس حدیث کو مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے۔ ترمذی نسائی ابن ماجہ اور صحیح ابن حبان مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوزخیون کے کھانے کا تھوڑا سا سینڈ زمین پر آن پڑے تو اہل دنیا کی زندگی مشکل ہوجاوے۔ ترمذی اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے نعمان بن بشیر کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ادنے درجہ کا دوزخ کا عذاب یہ ہوگا کہ دوزخیون کے پاؤن مین آگ کی جوتیان پہنادی جاوین جسکی گرمی سے آنکے سر کا بھیجا پگھل کر نکل پڑیگا۔ یہ تو دوزخ کا ادنے درجہ کا عذاب ہوا۔ باقی دوزخ کے اعلی درجہ کے عذاب کا حال وہ دنیا کا کاروبار قائم رہنے کے لئے اللہ کے رسول نے نہ صحابہ کو بتلایا نہ اسکی روایت ہم لوگون تک آئی چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ اگر دوزخ کے عذاب کی پوری تفصیل تم کو معلوم ہوجاوے تو سوا رات دن کے رونے کے اور تم سے کچھ بھی نہ ہوسکیگا یہ حدیثین دوزخ کے کھانے پینے اور اسکے عذاب کی گویا مختصر تفسیر ہے۔

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

تو کہہ کیا ہم پکارین اللہ کے سوا جو نہ بھلا کرے ہمارا نہ برا اور پھیرے جاوین الٹے پاؤن جب اللہ ہمکو راہ دے چکا جیسے ایک

منزل ۲ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا

شخص کو بہلا دیا جنات نے جنگل مین بھٹکتا اس کے رفیق پکارتے ہین راہ کی طرف کہ آ ہمارے پاس

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ

تو کہہ اللہ نے راہ بتائی سو ہی راہ ہے اور ہمکو حکم ہوا ہے کہ تابع رہیں جہان کے صاحب کے اور یہ کہ کھڑی کرو نماز اور اس سے ڈرتے

وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ

اور وہی ہے جس پاس اکٹھے ہوگے اور وہی ہے جسنے ٹھیک بنائے آسمان اور زمین اور جس دن کہے گا

كُنْ فَيَكُوْنُ ۙ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ

ہو تو پس ہوجاویگا اسی کی بات سچ ہے اور اسی کی سلطنت ہے جسدن پھونکا جاویگا صور چھپا اور کھلا جاننے والا اور وہی تدبیر والا خبردار

اسمعیل سدی نے اپنی تفسیر میں کہا ہے کہ بعض مشرکین جدید مسلمانون سے مکہ میں موقع پاکر فہمائش کے طور پر کہتے تھے کہ تم نے اپنا قدیمی دین کیون چھوڑ دیا اب بھی اپنے قدیمی دین پر آجاؤ اوپر اللہ نے یہ آیہ نازل فرمائی حاصل معنے آیہ کے یہ ہین کہ باوجود قرآن کی ہدایت کے مشرکون کے بہکانے سے پچھلے پاؤن راہ اسلام سے ہٹنا ایسا ہی ہے جس طرح کوئی راہ گیر باوجود اسکے ساتھیون کے راستہ بتانے کے ٹیڑھے راستہ پر چلا جاوے اور منزل مقصود سے بھٹک جاوے اور بت پرستی اور دین اسلام دونو کا خلاصہ بھی آیہ مین اللہ تعالی نے یون فرمادیا کہ دین اسلام میں اُس خالق اور بادشاہ

حقیقی کی اطاعت ہے جسنے زمین و آسمان پیدا کیا ہے اور دنیا کی عارضی مالکون کے ہلاکت کے بعد پھر اُس کا ملک اُسی
کے حوالہ میں رہے گا اور بت پرستی وہ طریقہ ہے جس میں خدا کی ناخوشنودی سے ضرر یقینی ہوتا تو اس سے معلوم ہوتا ہے
کہ پچھلی بہت سی قومیں اللہ تعالی کی ناخوشنودی کے سبب سے طرح طرح کے عذابون میں گرفتار ہوکر ہلاک ہوگئین اور پھر ویسے
نفع کی توقع کسی عقلمند کا کام نہیں ہے اسلئے یہ توقع خلاف عقل ہے ۱۰ وہ اسکے جب زمین و آسمان اللہ تعالی نے
پیدا کیا ہے اور سب ملک اُسی کا ہے تو پھر ان مشرکون نے بتون کو کونسے استحقاق سے اپنا معبود قرار دیا ہے یہ اُنسے
پوچھا جاوے بعض مفسرین نے کہا ہے کہ صور کے معنے یہان صورت کے ہیں اور معنے آیۃ کے یون بتلائے ہیں کہ جب
صورتون میں روح پھونکی جاویگی مگر یہ معنے صحیح حدیثون کے خلاف ہیں اصل معنے صور کے وہی نرسنگے کے ہیں جسکی
صراحت صحیح احادیث میں آچکی ہے کہ حضرت اسرافیل اُسکو منہ میں لئے کھڑے اور ہر وقت اُسکے پھونکنے کے حکم کے
منتظر ہیں چنانچہ ابوداود و ترمذی و صحیح ابن حبان کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی صور کی حدیث ایک جگہ گذر چکی
ہے ۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے اور ابن حبان کی سند بھی صحیح ہے اس سے اوپر کی آیۃ وذر الذین اتخذوا دینھم
لھوا ولعبا کو اگرچہ بعض علما نے آیۃ جہاد سے منسوخ کہا ہے لیکن صحیح مذہب یہ ہے کہ اس طرح کی درگذر کی آیتون کیلئے
ایک مدت مقرر تھی جس مدت کا حکم اللہ تعالی نے یون فرمایا تھا فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ وہ امر الہی یعنی اُنکا
حکم جب آیا تو سب درگذر کی آیتون کی مدت پوری ہوگئی غرض یہ سب آیتین منقضی المدت ہیں منسوخ نہیں ہیں اور منزل ۲
منسوخ آیتا اور منقضی المدت آیتہ میں بڑا فرق ہے منسوخ پر عمل بالکل منع ہوجاتا ہے اور منقضی المدت آیۃ پر عمل اُسوقت
تک جائز نہیں جبتک وہ سبب نہ پایا جاوے جس سبب کی ضرورت سے وہ مدت قرار دی گئی تھی حاصل یہ ہے
کہ جس زمانہ مین وہ سبب پایا جاویگا پھر سبب کے زمانہ تک درگذر کی آیتون کے موافق عمل کرنا ضرور ہے مثلاً اب کسی
شہر یا ملک میں مسلمانون کی حالت اسی طرح ضعیف ہوجاوے جسطرح ہجرت سے پہلے اُسوقت کے مسلمانون کی حالت مکہ
مین تھی تو زمانہ ضعف تک وہی درگذر کا عمل حال کے مسلمانون کے لیئے واجب اور ضروری ہے رمضان کے روزے
حج زکوۃ یہ سب چیزین ہجرت کے بعد مدینہ میں فرض ہوئی ہیں اسلئے ان کی آیتون میں فقط نماز کا ذکر فرمایا کیونکہ
نماز مکہ مین معراج کی رات فرض ہوئی تھی ۱۲ آگے فرمایا کہ اُس صاحب قدرت کے فقط ایک کن کے کلمہ کے فرمانے
سے جسطرح یہ سب کچھ پیدا ہوگیا جو سب کی آنکھون کے سامنے ہے اسی طرح وقت مقررہ پر اُسکے حکم سے فوراً قیامت قائم
ہوجاوے گی اور نیک و بد سب اُسکے روبرو حاضر ہوجاوینگے ۔ وہ ایسا صاحب تدبیر اور خبردار ہے کہ اوسکا کوئی
کام بے فائدہ کھیل تماشے کے طور پر نہین ہے اسلئے اُسنے نیک و بد کے نتیجہ کے لئے دنیا کو پیدا کیا ہے اور اُس نتیجہ کے
دن کا نام قیامت ہے اور قیامت کے آنے کی خبر جو قرآن مین دی گئی ہے وہ ایسی برحق ہے کہ دنیا کے انتظام پر
غور کرنے کے بعد کوئی عقلمند اُسکا انکار نہین کرسکتا کسلئے کہ جسکی عقل ٹھکانے ہے نہ وہ خود کوئی بے ٹھکانے کام کرتا ہے

نہ وہ اللہ تعالیٰ کی شان میں ایسا کلمہ منہ سے نکال سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو بغیر کسی نتیجہ کے کھیل تماشے کے طور پر پیدا کیا ہے
صحیح بخاری و مسلم میں ابن عمر رض کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے فنا ہو جانے کے بعد
اللہ تعالیٰ فرماویگا آج وہ لوگ کہاں گئے جنکو دنیا میں اپنی اپنی حکومت اور بادشاہت کا دعوی تھا پھر فرماویگا اصل
بادشاہت اللہ کی ذات کے لئے ہی زیبا ہے ولہ الملک یوم ینفخ فی الصور کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جسکا مطلب ہی
کہ دنیا میں تو عارضی طور پر لوگ اپنی بادشاہت اور حکومت کا دعوی بھی کرتے ہیں مگر اس دن سوا اللہ کی ذات کے
اور کوئی نہ ہوگا - عالم الغیب والشہادہ - اسکا مطلب یہ ہے کہ سزا و جزا کے وقت کوئی ظاہری یا باطنی عمل اس سے چھپا نہ رہیگا

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝
اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آذر کو کہ تو کیا پکڑتا ہے معبودوں کو خدا میں دیکھتا ہوں تو اور تیری قوم صریح بہکے ہوئے

وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ
اور اسی طرح ہم دکھانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمان اور زمین کی اور تاکہ اسکو یقین آوے پھر جب اندھیری

عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ
آئی اس پر رات دیکھا ایک تارا بولا یہ ہے رب میرا پھر جب وہ غائب ہوا بولا مجھکو خوش نہیں آتے چھپنے والے پھر جب دیکھا چاند چمکتا

بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ۝ منزل ۱
بولا یہ ہے رب میرا پھر جب وہ غائب ہوا بولا کہ اگر راہ نہ دکھاوے مجھکو میرا رب تو بیشک میں رہوں بہکے لوگوں میں

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا
پھر جب دیکھا سورج چمکتا بولا یہ ہے رب میرا یہ رب سب سے بڑا پھر جب غائب ہوا بولا اے قوم میں بیزار ہوں اس سے جنکو

تُشْرِكُوْنَ ۝ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝
تم شریک کرتے ہو میں نے پھیرا منہ اپنا اسی کی طرف جس نے بنائے آسمان و زمین ایک طرف کا ہو کر اور میں نہیں شریک کرنے والا

مکہ کے مشرک لوگ اپنے آپکو ملت ابراہیمی پر کہتے تھے اسواسطے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کا یہ قصہ ذکر فرما کر ان لوگوں
کو یوں قائل کیا کہ ابراہیم علیہ السلام تو بت پرستی سے جس قدر بیزار تھے اسکا حال ان لوگوں کو اس قصہ سے معلوم ہوگا
پھر یہ لوگ بت پرستی میں گرفتار رہ کر اپنے آپکو ملت ابراہیمی پر کیونکر تبلا سکتے ہیں - اس میں سلف کا اختلاف ہے کہ
کہ ابراہیم علیہ السلام نے پہلے چمکدار تارے مشتری یا زہرہ کو اور پھر چاند سورج کو دیکھکر ہذا ربی جو کہا یہ قول انکا اوس
بچپنے کے زمانہ کا ہے جسوقت تک انکو توحید اور احکام شرع معلوم نہ تھے یا بڑی عمر میں اپنے باپ اور قوم کے
لوگوں کو قائل کرنے کے لئے اونھوں نے یہ بات کہی تھی - جو مفسر اس قول کو ابراہیم علیہ السلام کے بچپنے کے زمانہ
کا قول قرار دیتے ہیں اسکے نزدیک اس قول کا جو قصہ ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش

کے سال اُسوقت کے نجومیون نے نمرود بن کنعان ملک عراق کے بادشاہ سے یہ کہا تھا کہ اس سال ایک لڑکا پیدا ہونے والا ہے جسکے سبب سے سلطنت نمرودی کو بڑا صدمہ پہونچے گا۔ یہ خبر سنکر اگرچہ نمرود نے اُس سال جو لڑکے پیدا ہون اُنکے قتل کا بڑا انتظام کیا لیکن اللہ تعالیٰ کے انتظام کے آگے نہ انتظام نمرودی چل سکتا ہے نہ انتظام فرعونی آخر حضرت ابراہیم پیدا ہوئے ہان انتظام نمرودی کے خوف سے اتنا ہوا کہ حضرت ابراہیم ایک تہ خانہ میں پیدا ہوئے اور چند سال کی عمر تک اُنکو اوسی تہ خانہ میں رکھا گیا۔ جب حضرت ابراہیم کو اُس تہ خانہ سے باہر نکالا اور پہلے پہل اونھون نے تارون اور چاند سورج کو دیکھا تو اوسی وقت کی اونکی یہ باتین ہیں جنکا ذکر ان آیتون مین ہی لیکن اکثر سلف کا قول یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بڑی عمر میں اپنے باپ اور تمام قوم کے الزام دینے کے لئے یہ باتین منہ سے نکالی ہیں کیونکہ بچہ سچے میں بھی سوا اللہ تعالیٰ کے ہذا ربی کا لفظ دوسرے کی شان میں نبی کی زبان سے ہرگز نہیں نکل سکتا کنعانی قوم ستارہ پرست لوگ تھے ستارون کی پرستش کی غرض سے ان لوگون نے ستارون کی تمثالین زمین پر بھی بنا رکھی تھین جنکی پوجا یہ لوگ کیا کرتے تھے اسی واسطے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور قوم کے روبرو بت پرستی اور ستارہ پرستی دونو باتون کی مذمت بیان کی۔ صحیح قول یہی ہے کہ آزر حضرت ابراہیم کے باپ کا نام ہے اور تاریخ ان ہی آزر کا لقب ہے۔ ملکوت کے معنے ملک کے ہیں ملک کے آخر میں (ت) مبالغہ کے لئے بڑھائی گئی ہے ملکوت السموات سے مقصد سورج چاند اور تارے ہیں اور ملکوت الارض سے مقصد پہاڑ پیڑ اور دریا حاصل مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ سمجھ دی کہ وہ ان چیزون کو دیکھکر اللہ تعالےٰ کی قدرت کے یقین مین ترقی حاصل کرین۔ حنیف کے معنے ایک طرف کو مائل ہونا حاصل مطلب یہ ہے کہ قوم کی ستارہ پرستی اور بت پرستی کے شرک کو چھوڑکر میں تو توحید اور اللہ کی عبادت کی طرف مائل ہوا کیونکہ جسنے آسمان زمین سب کچھ پیدا کیا تعظیم کے قابل وہی ہے اُسکی تعظیم میں کسی کو شریک ٹھہرانے کا کوئی حق نہین ہے۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی شفاعت کی بڑی حدیث کا ذکر ایک جگہ گذر چکا ہے جسمین یہ ہے کہ جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی توحید ہوگی وہ آخر کو دوزخ سے نکلکر جنت میں جاویگا۔ معتبر سند سے ابن ماجہ اور صحیح ابن خزیمہ مین ابو ہریرہ رض سے حدیث قدسی کی روایت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا مشرک کا کوئی نیک عمل اللہ کی بارگاہ مین مقبول نہیں۔ یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ توحید ذرہ برابر بھی قیامت کے دن فائدہ کی چیز ہے اور شرک ذرہ برابر بھی اُس دن ضرر پہونچانے کی چیز ہے۔ ع ۲۱

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

اور اُس سے جھگڑنے اُسکی قوم بولا تم مجھسے جھگڑتے ہو اللہ پر اور وہ مجھکو سمجھا چکا اور مین ڈرتا نہین اُنسے جنکو شریک ٹھیراتے ہو سکا مگر یہ

رَبِّیْ شَیْئًا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ کُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَکَّرُوْنَ ۝ وَکَیْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَکْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ

رب کچھ چاہے سمائی ہے میرے رب کے علم مین سب چیز کو کیا تم دہیان نہیں کرتے ہو اور مین کیونکر ڈرون تمہارے شریکونسے اور تم نہین

اَنَّکُمْ اَشْرَکْتُمْ بِاللّٰہِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِہٖ عَلَیْکُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

کہ شریک ٹھہراتے ہو اللہ کے ساتھ جسپر نہیں اوتاری اسنے تمکو کچھ سند اب دونون فریق مین کسکو چاہیئے خاطر جمع اگر سمجھ رکھتے ہو

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے روبرو ستارہ پرستی اور بت پرستی کی مذمت کی تو ان لوگون کو یہ بات بُری لگی اور ان لوگون نے اس بات پر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جھگڑنا شروع کیا کیونکہ ان ستارہ پرست بت پرستون کا یہ اعتقاد ہے کہ جسطرح انسان مین جسم اور روح دو چیزین ہیں اسی طرح زحل مشتری مریخ عطارد زہرہ سورج چاند مین بھی روح اور جسم دو چیزین ہیں تمام دنیا کا انتظام ان ہی روحون کی تدبیر سے اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق چلتا ہے لیکن ہم لوگون کی رسائی ان روحون تک نہین ہے اسلئے ان ستارون کی مورتین بناکر ان روحون سے مدد لینے کے لئے ان مورتون کی ہم تعظیم اور پوجا کرتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان لوگون کے اس اعتقاد کو یون غلط ٹھہرایا کہ جتنے آسمان اور زمین سب کچھ پیدا کیا ہے تمام دنیا کا انتظام بھی اسی نے اختیار مین ہے ستارون کی روحون کو آسمان پر اتنا اختیار بھی نہیں کہ وہ ستارون کو روز کے طلوع غروب کے تغیر سے بچا لیویں تو پھر ان روحون سے تمام دنیا کا انتظام کیونکر متعلق ہو سکتا ہے اور وہ روحین زمین پر ستارہ پرستون کی کیا مدد کر سکتی ہیں اسپر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ان لوگون نے یہ سمجھایا کہ باپ دادا کے دین کو چھوڑنا اچھا نہین اور حضرت ابراہیم کو ان لوگون نے اس فہمایش میں یون ڈرایا کہ تم جو ہمارے ٹھاکرون کی مذمت کرتے ہو تو کیا عجب ہے کہ اسکے بدلہ میں ہمارا کوئی ٹھاکر تمکو کچھ صدمہ پہونچا دیوے ان لوگون کی ان باتون کا جواب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دیا جسکا ذکر ان آیتون مین ہے حاصل اس جواب کا یہ ہے کہ ای لوگو اللہ تعالیٰ نے غیب سے مجھکو جن باتون کی ہدایت کی ہے اون کے چھوڑ دینے مین تم لوگ مجھ سے جھگڑتے اور اپنے ٹھاکرون سے مجھکو ڈراتے ہو تو مین تمہارے ٹھاکرون سے کچھ نہیں ڈرتا کیونکہ مجھے خوب معلوم ہے کہ جبتک میرا اللہ مجھکو کوئی نقصان پہونچانا نہ چاہے اوسوقت تک تمہارے ٹھاکر میرا کچھ نہین بگاڑ سکتے اور اگر تم لوگ ذرا دہیان کرو تو تمہاری سمجھ مین یہ بات خود آسکتی ہے کہ جس اللہ نے اپنے علم اور ارادہ کے موافق یہ سارا جہان پیدا کیا اوسکا علم کیسا وسیع ہے پھر اس اللہ نے اپنے علم غیب کے موافق جو باتین میرے دل میں ڈالی ہیں وہ اچھی ہیں یا تمہاری بے ٹھکانے باتین اچھی ہیں کہ سارے جہان کے پیدا کرنے والے کو چھوڑکر پتھر کی مورتون کو تم نے اپنا معبود بنایا ہے غرض ان تین پتھر کی مورتون سے کیون ڈرنے لگا اصل ڈرتو تمکو چاہیئے کہ تم اللہ کی تعظیم مین دوسرون کو شریک کرتے ہو کیا تمکو معلوم نہین کہ نوح علیہ السلام سے لیکر اب تک اللہ کی تعظیم کرنے والے لوگ عذاب آسمانی سے کس طرح امن وامان میں رہے اور اللہ کی تعظیم مین فرق ڈالنے والے

منزل ۲

آخر کیا گئی ہوئی اور وقت پڑے پرندکے تبون نے کیا نہ بھی اونکی مدد نہ کی۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسے اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت آسمانی کی مثال مینہہ کی اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے یہ حدیث ان آیتون کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانی قوم کے لوگ بری زمین کی طرح علم الٰہی مین ٹھہر چکے تھے اسلئے اُنکے دل پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس نصیحت کا کچھہ اثر نہین ہوا بلکہ اُنکے حق مین یہ نصیحت ایسی ہی رائگان گئی جس طرح بری زمین مین مینہہ کا پانی رائگان جاتا ہے

الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ ۝

جو لوگ ایمان لائے اور ملائی نہیں اپنے یقین میں کچھہ تقصیر انہیں کو خاطر جمع اور وہی ہیں راہ پائے

اس آیہ میں ظلم کی تفسیر خود آنحضرت نے فرمادی ہے کہ ظلم سے مطلب یہان شرک ہے چنانچہ صحیح بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ جب یہ آیہ نازل ہوئی تو صحابہ نے ظلم کے معنے عام گناہ کے سمجھے اور صحابہ پر یہ آیت بہت شاق گذری اور اونھون نے آنحضرت سے عرض کیا کہ جب ہم مین اون ایماندارون کو قیامت کے روز ملیگا جنھون نے اپنے ایمان مین کچھہ گناہ کی آمیزش نہ کی ہو تو ہم مین تو کوئی ایسا نہیں ہے جو گنہ گار نہو آپنے فرمایا جو تم لوگون نے گمان کیا ہے آیہ کا وہ مطلب نہین ہے بلکہ آیہ مین ظلم سے مطلب شرک ہے کیا تم نے لقمان کا یہ قول نہیں سنا کہ سب سے بڑا ظلم شرک ہے غرض خود صاحب وحی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے حاصل معنے آیہ کے یہ ہوئے کہ سوائے شرک کے کسیطرح کے گناہ کرکے کوئی شخص اگر بلا توبہ مرجائے تو اسکو قیامت مین یہ امن ملیگا کہ اسکی مغفرت کی توقع ہے یہ تفسیر تو متفق علیہ حدیث کی رو سے ہوئی اور بخاری کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب صحابہ پر یہ آیہ شاق گذری تو خود اللہ تعالیٰ نے اس آیت کی تفسیر فرمائی اور آیہ ان الشرک لظلم عظیم نازل فرمائی یہانتک تو خدا تعالیٰ نے اور رسول خدا نے ایک تفسیر جو اس آیہ کی فرمائی تھی اسکا ذکر ہو چکا لیکن قول نبوی کے موافق ایک دوسری تفسیر کا ذکر کرنا بھی برکت سے خالی نہیں اسلئے آنحضرت سے دوسری تفسیر جو اس آیت کی فرمائی ہے وہ بھی ذکر کیجاتی ہے معتبر سند سے تفسیر ابن ابی حاتم اور مسند امام احمد مین حضرت عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ایک اعرابی اونٹ پر چڑھکر آرہا تھا اور ہم چند صحابہ آنحضرت کیساتھہ مدینہ کے باہر کہین جارہے تھے آپنے فرمایا شاید یہ اونٹ سوار ہم لوگون ہی کی تلاش میں آرہا ہے اتنے مین وہ اونٹ سوار پاس آیا اور اُس نے کہا کہ مین جنگل کی پتے کھاتا ہوا دور سے آیا ہون اور اللہ کے رسول کو ڈھونڈھتا ہون لوگون نے آنحضرت کو بتلایا اور اُس نے آنحضرت سے کہا حضرت مجھکو اسلام سکھاؤ آپ نے ارکان اسلام اُسکو سکھائے اتنے مین وہ سوار اونٹ سے اُچھہ کر گرا اور اُسکی گردن ٹوٹ گئی اور فوراً وہ مرگیا آپ نے فرمایا جسوقت اس سوار کی جان نکلی مین نے دیکھا کہ فرشتے اُسکے منھہ مین جنت کا میوہ دے رہے تھے وہ سچ کہتا تھا کہ جنگل کے پتے کھاکر آرہا ہون اور بھوکا ہون یہ کہکر پھر آپنے فرمایا ایسے لوگون کی شان مین یہ آیہ اتری ہے پہلی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ جس کے ایمان مین شرک کی آمیزش نہ ہو تو وہ گنہ گار بھی بخشا جاویگا دوسری

تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ جسکے ایمان مین شرک کی آمیزش نہ ہو اُسکو نیک عمل کرنے کا موقع نہ ملا تو صرف ایمان بھی اُسکی بخشش کا موجب ہو سکتا ہے ابو سعید خدری کی شفاعت کی بڑی حدیث صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین یہ ہے کہ ملائکہ انبیا اور نیک لوگون کی شفاعت کے بعد خود اللہ تعالی اپنی رحمت سے ایسے لوگونکو دوزخ سے نکالکر جنت مین داخل کریگا جنکے دل مین کسی قدر توحید تو تھی لیکن اونھون نے عمر بھر کوئی نیک کام نہیں کیا تھا - اس حدیث سے عبداللہ بن عباس کی اوپر کی حدیث کی پوری تائید ہوتی ہے - حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے جواب مین فای الفریقین احق بالامن ان کنتم تعلمون مبہم طور پر کہا تھا اس لیے اللہ تعالے نے اُسکو کھولکر فرمادیا کہ دنیا مین سیدھے راستہ پر ہونا اور عقبے مین امن امان سے رہنا اونہین لوگون کے حصہ مین ہے جو ایماندار اور شرک سے بچے ہوئے ہیں - صحیح مسلم کے حوالہ سے جابرؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جو شخص سوائے اللہ تعالے کے دوسرے کو معبود جاننے کی حالت مین بغیر توبہ کے مرگیا وہ ہمیشہ کے لئے دوزخی ہی اور جو شخص اس حال میں مرا کہ اُسکے اعمال نامہ مین شرک نہین ہے اگر ایسا شخص شرک کے سوا اور گناہون کی سزا بھگتنے کے لیے دوزخ مین گیا بھی تو آخر کو ایسا شخص جنت میں جاوے گا - یہ حدیث اور ابو سعید خدری کی اوپر کی حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہیں جس سے اہل توحید کے آخری درجہ تک کے اوس امن کا حال معلوم ہوا جو امن ان لوگون کو عقبے مین ملے گا ۔

منزل ۲

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝

اور یہ ہماری دلیل ہے کہ دی ہمنے ابراہیم کو اسکی قوم کے مقابل درجے بلند کرتے ہیں جسکو چاہیں تیرا رب تدبیر والا ہے خبردار

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ

اور اسکو بخشا ہمنے اسحق اور یعقوب سب کو ہدایت دی اور نوح کو ہدایت دی ہمنے ان سب سے پہلے اور اسکی اولاد میں داؤد

وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّا

اور سلیمان کو اور ایوب کو اور یوسف کو اور موسی کو اور ہارون کو اور ہم یون بدلہ دیتے ہیں نیک کام والونکو اور زکریا

وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ

اور یحیے اور عیسے اور الیاس کو سب ہیں نیک بختون میں اور اسمعیل اور الیسع اور یونس اور لوط کو

وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ

اور سب کو ہمنے بزرگی دی سارے جہان والو پر اور بعضو نکو اُنکے باپ دادون میں اور اولاد میں اور بھائیون میں اور انکو ہمنے پسند کیا اور راہ

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ

سیدھی چلائی یہ اللہ کی ہدایت ہے راہ دے جسکو چاہے اپنے بندون مین اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو البتہ

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِن يَكْفُرْ

ضائع ہوتا جو کیا تھا وہ لوگ تھے جن کو دی ہمنے کتاب اور شریعت اور نبوت پھر اگر ان باتون

بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ○

کو نہ مانین یہ لوگ تو ہمنے اوپر مقرر کئے ہین وہ شخص کہ وہ نہین انسے منکر

اوپر کی آیتون میں ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور اپنی قوم کو جن دلیلون سے قائل کیا اونہی کو فرمایا کہ وہ دلیلین الہام کے طور پر اللہ تعالی نے ابراہیم خلیل اللہ کے دل میں ڈالی تھین پھر فرمایا کہ اللہ تعالی نے جس طرح ابراہیم خلیل اللہ کا مرتبہ بڑھایا کہ اونھون نے نمرود جیسے بادشاہ اور اپنے باپ اور قوم سب کو قائل کیا اسی طرح اے رسول اللہ کے اللہ اپنی حکمت اور اپنے علم سے جسکا چاہے مرتبہ بڑھا دیوے اُسکی حکمت اور علم کے آگے کسی کی کوئی تدبیر نہیں چل سکتی اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گویا یہ تسلی فرمائی گئی ہے کہ اگرچہ یہ اہل مکہ اسلام کے کمزور کرنے کی تدبیرین کر رہے ہیں لیکن اللہ کی حکمت اور اُسکے علم کے آگے اُنکی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوگی اور آخر کار رہوگا وہی جو اللہ تعالی کی حکمت اور اُسکے علم کے موافق ہونے والا ہے - اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے بدر کی لڑائی سے لیکر فتح مکہ تک اللہ تعالی کو اپنی حکمت اور اپنے علم کے موافق جو کچھ منظور تھا وہ سب ہوگیا اور کسی مخالف اسلام کی کوئی تدبیر کارگر نہین ہوئی - اب آگے اللہ تعالی نے اپنے رسول کو سمجھایا کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کی مخالفت پر صبر کیا تو اللہ تعالی نے اُس صبر کے اجر میں اپنی حکمت کے موافق اُنکو ملک عراق سے نکالکر ملک شام میں پہونچایا اور وہان اُنکو ایسی اولاد اور اولاد الاولاد عنایت فرمائی جنکی نسل میں قیامت تک نبوت قائم رہے گی تم بھی اگر اپنی قوم کی مخالفت پر کچھ دنون صبر کروگے تو اُسکا انجام اچھا ہوگا - اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے اللہ تعالی نے اپنی حکمت سے جس طرح ابراہیم خلیل اللہ کو عراق سے شام پہونچا کر اُنکے صبر کا اجر دنیا میں دکھا دیا ہجرت کے بعد وہی انجام نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے صبر کا ہوا - طوفان کے بعد جس طرح حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد سے دنیا کا سلسلہ قائم ہے اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے قیامت تک نبوت کا سلسلہ قائم ہے اسی واسطے قرآن شریف میں کئی جگہ حضرت نوح اور حضرت ابراہیم کی اولاد کا ذکر ساتھ ہی ساتھ آیا ہے - تفسیر ابن ابی حاتم میں عبد اللہ بن مسعود کا اور تفسیر ضحاک میں عبد اللہ بن عباس کا قول ہے کہ الیاس اور ادریس ایک ہی نبی کا نام ہے لیکن اور علمانے اس قول پر یہ اعتراض کیا ہے کہ اللہ تعالی نے ان آیتون میں الیاس کو حضرت نوح کی اولاد مین ذکر کیا ہے اور ادریس تو حضرت نوح کے دادا کون میں ہیں جو حضرت نوح علیہ السلام سے ہزار برس پہلے نبی ہوئے ہیں پھر دونون نبی الیاس اور ادریس ایک کیونکر ہو سکتے ہیں - الیسع انبیاء بنی اسرائیل مین سے ایک نبی کا نام ہے جو حضرت عیسے اور یحیی سے پہلے ہوئے ہین بعضے علمانے الیسع حضرت خضر کو قرار دیا ہے من ابائہم کی مثال جیسے مثلاً حضرت ابراہیم اور اسحاق اخوانہم کی مثال

منزل ۲

جیسے حضرت موسے وہارون اب آگے فرمایا کہ اللہ تعالی نے ان لوگون کو نبوت کے لئے پسند کرکے انکو نبی بنایا ہے لیکن شرک ایسی
بری چیز ہے کہ بالفرض اگر یہ لوگ بھی شرک کرتے تو انکی سب نیکیان اکارت ہوجاتین اور انکی نبوت کا کچھہ پاس بارگاہ الہی مین
نہ ہوتا کیونکہ بارگاہ الہی میں خالص نیت کا نیک کام مقبول ہوتا ہے شرک کے میل جول کا کوئی کام اللہ تعالی کو پسند نہیں
مکہ کے مشرکون کو اس فرضی مثال سے یہ سمجھا گیا ہے کہ جب شرک کی حالت میں انبیا کی نیکیان اکارت ہین تو شرک پر اڑے
رہنے کے بعد ان لوگون سے اگر کچھہ نیکی ہوئی تو اسکا کیا ٹھکانا ہے۔ پھر فرمایا کہ جن لوگونکا ذکر نوح علیہ السلام سے لیکر آخر تک
ہوا یہ وہ لوگ ہین جنکو اللہ تعالے نے شریعت اور نبوت عطا کی ہے جسکا ذکر قرآن مین ہے اگر یہ اہل مکہ ان باتون کے منکر
رہین گے تو اللہ تعالے نے اپنے علم ازلی کے موافق اور ایسے لوگ ٹہرا رکھے ہین جو ان باتون کو اچھی طرح مان لیوین گے مکہ کے مشرک
لوگون نے اسلام کی مخالفت پر اور قرآن کے کلام الہی نہ ہونے پر جب کمر باندہ لی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم موسم حج
میں باہر کے لوگون کو قرآن شریف کی آیتین سنا کر اونکو اسلام کی امداد پر امادہ کیا کرتے تھے ایک سال اہل مدینہ مین سے
قبیلہ خزرج کے بارہ شخص حج کو آئے اور قرآن شریف کی آیتین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت منی کی گھاٹی کے
پاس سنکر اونھون نے اسلام کی اور اسلام کی امداد کی بیعت کی اسی کو عقبہ اولے کی بیعت کہتے ہین جسکا مطلب یہ ہے کہ
مقام منے کے پہاڑ کی گھاٹی کی یہ پہلی بیعت ہے۔ منے مین عقبہ اُس گھاٹی کا نام ہے جہان شیطانون کو کنکریان مارتے
ہین اس سال کے بعد پھر اسی قبیلہ کے بہت سے لوگ حج کو آئے اور اسی گھاٹی میں پہلے بارہ شخصونکی طرح اونھون نے
بھی بیعت کی اسکو ثانی بیعت کہتے ہیں۔ اسی بیعت میں اسلام کے پھیلانے کی غرض سے بارہ چودہری مدینہ اور گرد
نواح مدینہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کئے اور اسی بیعت کے بعد اہل مدینہ کا نام انصار قرار پایا جسکا مطلب
یہ ہے کہ یہ لوگ اسلام کے مددگار ہین۔ صحیح بخاری ومسلم کی عبادہ بن الصامت کی حدیث میں اور بعضے صحابہ کی اور حدیثون
مین اس بیعت کا تذکرہ تفصیل وار ہے یہ حدیثین ان آیتون کی تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ ان آیتون مین اللہ تعالے
نے یہ جو فرمایا تھا کہ اگر یہ مکہ والے قرآن کو نہ مانین گے تو اللہ تعالی قرآن کے ماننے والے اور لوگ کھڑے کردے گا وہ لوگ یہی
انصار تھے جنکو اللہ تعالی نے اہل مکہ کی عین مخالفت کے وقت اسلام کی امداد کے لئے کھڑا کردیا جس سے اہل مکہ کی
مخالفت کی جڑ اوکھڑ گئی کیونکہ انمین کے بڑے بڑے مخالف تو بدر کی لڑائی مین مارے گئے اور پھر آخر کو تمام مکہ اسلام
کا تابع ہوگیا۔ مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے ابوذر رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ کل نبی ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں جنمیں تین سو تیرہ اور بعضی روایتون مین تین سو پندرہ رسول ہیں۔ ابن
حبان نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے ان نبیون مین سے قرآن شریف مین پچیس نبیون کا ذکر آیا ہے اٹھارہ کا ان
آیتون مین ہے باقی کے سات کا ذکر اور آیتون مین ہے جنکے نام یہ ہیں۔ آدم۔ ادریس۔ شعیب۔ صالح۔ ہود۔ ذوالکفل
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نبیون کے نبی ہونے کا یقین شریعت میں تفصیلی طور پر باقی کا بغیر نام کے مبہم طور پر ہے

منزل ۲

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝

وہ لوگ تھے جن کو ہدایت دی اللہ نے سو تو چل انکی راہ تو کہہ میں نہیں مانگتا اسپر تمسے کچھ مزدوری یہ تو محض نصیحت ہے جہان کے لوگونکو

اس آیۃ کے متعلق علما اہل اصول کے دو مذہب ہیں ایک مذہب تو یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو انبیائے سابق کی شریعت کے موافق عمل کرنے کا حکم ہے۔ جبتک کہ اُس شریعت سابقہ کی منسوخی کا حکم شریعت محمدی مین نہ آجاوے اس مذہب کو ابن حاجب نے اختیار کیا ہے دوسرا مذہب یہ ہے کہ شریعت محمدی میں جبتک پچھلی کسی شریعت کے موافق حکم نہ آوے تو آنحضرت کو پچھلی شریعت کے موافق عمل کرنا ضرور نہیں ہے اور اس پچھلے مذہب کو علما اصول نے زیادہ واضح ٹھہرایا ہے اور اسی مذہب کی تائید قرآن شریف سے نکلتی ہے کیونکہ اللہ تعالی نے دین محمدی کی نسبت فرمایا ہی لیظہرہ علی الدین کلہ یعنے دین محمدی کو اللہ تعالی نے سب دینون پر غالب کیا ہی پھر دین غالب کا نبی مغلوب دین کے مسئلہ پر اوسوقت تک کیونکر عمل کرسکتا ہے جب تک وہ دین مغلوب کا مسئلہ دین غالب کا مسئلہ نہ ٹھہر جاوے صحیح بخاری ومسلم کی ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب نبی گویا ایک باپ کی اولاد علاتی بھائی ہیں ہان دین اونکی جدا جدا ہین جسکا مطلب یہ ہے کہ مصلحت وقت کے موافق حلال وحرام کے احکام ہر ایک شریعت کے جدا جدا ہین لیکن اصل دین جو توحید ہے اوس مین سب ایک ہیں۔ یہ حدیث گویا آیۃ کی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب ٹھہرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو توحید مین تو انبیائے سابق کی چال چلنے کا حکم ہے رہے حلال وحرام کے احکام اون مین جہانتک شریعت محمدی اور پچھلی شریعتون مین مطابقت پائی جاوے گی وہان تک تو پچھلی شریعتون کے احکام کو حال کی مصلحت کے موافق قرار دیا جاکر انپر عمل کیا جانا عین شریعت محمدی کے کا عمل شمار کیا جاویگا ورنہ اس حدیث کے موافق یہ کہا جاویگا کہ دقیقہ مصلحت کے لحاظ سے پچھلی شریعت کا حکم جدا ہے اور شریعت محمدی کا حکم جدا اس تفسیر کے بعد اہل اصول مین جو اختلاف تھا وہ بھی رفع ہوجاتا ہے اور آیۃ کی تفسیر بھی صحیح حدیث کے موافق ہوجاتی ہے مثال اس تفسیر کی یہ ہے کہ بنی اسرائیل مین سے جو لوگ مثلاً بچھڑا پوج کر مرتد ہوگئے تھے شریعت موسوی میں انکی توبہ قتل قرار پائی اب شریعت محمدی میں مرتد شخص کی توبہ بغیر قتل کے مقبول ہے اسلئے ہر وقت کی مصلحت کے موافق یہ دونو شریعتون کے حکم جدا جدا ہیں ایک شریعت میں دوسری شریعت کے موافق عمل نہین ہے۔ اب آگے فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان مکہ کے مشرکون سے کہدو کہ تم لوگ قرآن کی نصیحت کے سننے سے جو بھاگتے ہو تو مین تم لوگونسے کچھ اُجرت اس نصیحت پر نہیں مانگتا جسکے بوجھ سے تم گھبراتے ہو بلکہ بغیر معاوضہ اور اُجرت کے یہ قرآن تو جن وانس سب کے حق مین ایک عام نصیحت ہے جو کوئی اسکو سنے گا اُسکے دل پر اسکا اثر ہوگا۔ اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے ۶ھ ہجری سے پہلے تک اہل مکہ قرآن کی نصیحت کے سننے سے گھبراتے رہے تو اُنکے دل مین قرآن کی نصیحت کا اثر کچھ نہین ہوا ۶ھ ہجری میں صلح حدیبیہ ہوکر خالد بن ولید اور عمرو بن العاص اور مکہ کے

منزل ۲

نا موافق روادار لوگون کی آمد و رفت مکہ سے مدینہ کو جب کھل گئی اور صلح کے سبب سے مشرکون اور اہل اسلام کی بات چیت اچھی طرح ہونے لگی جسمین قرآن کی نصیحت سے بھی مشرکون کے کان کچھ آشنا ہو گئے تو تھوڑے ہی عرصہ میں اہل مکہ کی ایک بڑی جماعت تابع اسلام ہو گئی۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہ نسبت اور انبیا کے مجھکو قرآن ایک ایسا بڑا معجزہ دیا گیا ہے جسکے سبب سے قیامت کے دن میری امت کی تعداد اور انبیا کی امتون سے زیادہ ہوگی۔ قرآن کی نصیحت کے مفید ہونے اور قیامت تک اس نصیحت کے اثر کے باقی رہنے کی یہہ حدیث گویا تفسیر ہے۔ اس حدیث مین نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کا یہہ ایک معجزہ بھی ہے جسکا یہ ظہور سب کی آنکھون کے سامنے ہے کہ اس ضعف اسلام کے زمانہ مین بھی فقط قرآن کی نصیحت کے اثر سے ہر سال اہل اسلام کی تعداد مین اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ مَنْ

اور انھون نے نہ جانچا اللہ کو پورا جانچنا جب کہنے لگے اللہ نے اوتارا نہین کسی انسان پر کچھہ پوچھہ تو کس نے

اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَاۗءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ

اتاری وہ کتاب جو موسی لایا روشنی اور ہدایت لوگون کے واسطے جسکو تم نے ورق ورق کر رکھا

منزل ۲ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَاۗؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ

اور بہت چھپا رکھا اور تم کو اس مین سکھایا جو نہ جانتے تھے تم اور نہ تمھارے باپ دادے کہہ اللہ نے اتاری

ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ

پھر چھوڑ دے انکو بک بک مین کھیلا کرین اور ایک یہ کتاب ہے کہ ہمنے اوتاری برکت کی سچ بتاتی اپنے اگلے کو اور تاکہ ڈراوے

لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝

اصل بستی کو اور آس پاس والون کو اور جنکو یقین ہے آخرت کا اور وہ اسکو مانتے ہین اور وہ ہین اپنی نماز سے خبردار

اس آیۃ کی شان نزول مین علمائے مفسرین کا بڑا اختلاف ہے بعضے مفسرین کا یہ قول ہے کہ یہ آیۃ مشرکین مکہ کے حق مین اوتری ہے کیونکہ وہ کسی بشر کی نبوت کے اور کسی بشر پر کلام الٰہی کے اوترنے کے قائل نہین تھے اور کہتے تھے کہ اللہ کو نبی بھیجنا ہوتا تو آسمان سے کوئی فرشتہ اکر ہمکو اللہ کے احکام پہونچا جاتا لیکن اس شان نزول پر امام فخر الدین رازی اور دیگر مفسرین نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اگر یہ آیہ مشرکین مکہ کی شان مین نازل ہوتی تو انکے مقابلہ مین حضرت موسے کی نبوت بطور الزام کے اس آیۃ مین کیون ذکر کیجاتی کس لئے کہ مشرکین مکہ تو حضرت موسے کو اور کسی نبی کو نہین مانتے اور بعضے مفسرین نے کہا ہے کہ یہود کے حق مین یہ آیۃ اوتری ہے اون مفسرین پر یہہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ساری سورہ انعام مکی ہے اور یہود کا جھگڑا مدینہ مین آنحضرت کے آنے کے بعد شروع ہوا ہے پھر مکی آیۃ یہود کے حق مین

کیونکر نازل ہو سکتی ہے رفع اس اختلاف کا یہ ہے کہ یہود اور مشرکین مکہ کی حالت ملکر ایک مجموعی حالت پیدا ہوئی جسپر یہ آیۃ اتری ہے مشرکین مکہ کی حالت تو یہ تھی کہ ہجرت سے پہلے اونھون نے یہود کو اہل کتاب جانکر اون سے آنحضرت کا حال پوچھا تھا اونھون نے دنیا کے لالچ سے یہ کہدیا کہ اس دین جدید سے تمھارا قدیم دین اچھا ہے اس مشرکین مکہ کا انکار زیادہ بڑھ گیا اور یہود کی حالت یہ تھی کہ مالک بن صیف یہودی نے آنحضرت سے بحث کرتے وقت ایک روز کل انبیا کی نبوت کا انکار کر دیا تھا اس لئے اس حالت مجموعی پر اللہ تعالے نے یہ آیۃ نازل فرمائی آیۃ میں دو نو فرقون کو قائل کیا گیا ہے مشرکین مکہ کو تو یون قائل کیا گیا ہے کہ جن یہود کے بھروسہ پر تمھارا انکار نبوت کی قبول کرنے مین بڑھا ہے وہ تو حضرت موسے کو نبی کہتے ہیں اور حضرت موسے بشر تھے پھر تم کہان سے کہتے ہو کہ کوئی بشر نبی نہین ہو سکتا اور مالک بن صیف یہودی نے باوجود یہودی ہونے کے غصہ مین سب انبیا کا جو انکار کر دیا تھا حضرت موسے کی نبوت سے اوسکا قائل کرنا تو ایک ظاہر بات ہے ابن جریر ابن ابی حاتم معالم التنزیل ان تینون تفسیرون کی روایات کو جمع کیا جاوے تو اس حالت مجموعی کے شان نزول ہونے کی پوری تصدیق نکل آتی ہے اور یہ سب اختلاف شان نزول کا رفع ہو جاتا ہے حاصل مطلب آیۃ کا یہ ہے کہ اللہ تعالے نے اپنے علم ازلی کے موافق دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے یہہ جان لیا ہے کہ دنیا کے پیدا ہونے کے بعد اس قدر مخلوق دوزخیون کے سے کام کرکے دوزخ مین جاویگی اور اس قدر مخلوق جنتیون کے سے کام کرکے جنت مین جاویگی لیکن اللہ تعالے نے اپنے انصاف سے لوگون کو دوزخ اور جنت مین جانیکا مدار اپنے اس علم ازلی پر نہیں رکھا بلکہ ہر ایک کا عذر پورا ہو جانے کے لئے دنیا کے پیدا کرنے کے بعد لوگونکی ہدایت کے واسطے انبیا بھیجے کتابین نازل فرمائین باوجود اسکے جو لوگ یہ کہتے ہین کہ اللہ تعالے نے کسی بشر پر کوئی کتاب آسمانی نازل نہین کی وہ بڑے ناشکرے ہین کہ انھون نے اللہ تعالی کی اس نعمت کی کچھ قدر نہین کی پھر فرمایا کہ ان یہود نے کتاب آسمانی کی ایک یہ بھی ناقدری کی کہ اصل پوری کتاب کو چھپا کر کچھ الگ ورقون پر توراۃ کو جابجا سے نقل کر لیا ہے اور ان ورقون مین جب چاہتے ہین اپنی مرضی کے موافق تغیر تبدل کر لیتے ہین پھر فرمایا کہ قرآن مین بعضی وہ باتین انکو بتلائی گئین ہین کہ اب تک اہل کتاب مشرکون اور انکے بڑون کو معلوم نہ تھین مگر قرآن کو کتاب آسمانی نہ ماننے کے سبب سے یہ لوگ اون باتون کے جاننے سے محروم رہے پھر فرمایا کہ جب ان لوگون سے پوچھا جاویگا کہ موسے پر توراۃ کسنے نازل کی تو اسکا جواب یہی ہوگا کہ اللہ نے نازل کی پھر باوجود اسکے جو یہہ بکواس ہے کہ اللہ نے کسی بشر پر کوئی کتاب آسمانی نازل نہیں فرمائی تو ایسے ہٹ دھرمی کرنے والون کو بچونکی طرح کھیل مین لگے رہنے دو وقت مقررہ آنے پر انسے بھگت لیا جاویگا اب آگے فرمایا کہ جسطرح اللہ تعالے نے موسے پر توراۃ نازل فرمائی اسی طرح اے نبی آخرالزمان تم پر اللہ تعالی نے قرآن نازل فرمایا ہے جس سے قیامت تک لوگ نفع اوٹھاوین گے اور وہ قرآن ایسا ہے کہ توحید الہی نیکون کی جزا بدون کی سزا کے بیان کرنے مین پچھلی کتابون کی

منزل ۱

حمد اقت کرتا ہے اے نبی آخرالزمان یہ قرآن اللہ تعالی نے تم پر اس لئے نازل فرمایا ہے کہ تم مکہ اور نواح مکہ کے رہنے والے بے راہ لوگون کو عذاب الٰہی سے ڈرا کر نیک راستہ پر لاؤ - جو لوگ مرنے کے بعد پھر جینے اور سزا و جزا کے منکر ہین اونکا حال تو اوپر گذر چکا کہ وہ کسی بشر پر کتاب آسمانی کے نازل ہونے کو نہین مانتے ہان جو لوگ دنیا کے انتظام الٰہی پر غور کرکے یہ سمجھ گئے ہیں کہ دنیا کا اتنا بڑا انتظام بغیر کسی نتیجہ کے بے ٹھکانے نہین ہے بلکہ اس انتظام کا نتیجہ وہی ہے جسکی خبر اللہ کے رسول نے دی ہے کہ دنیا کے تمام نیک و بد کا ایک دن بدلہ ملنے والا ہے وہ اس قرآن کی نصیحتون کا یقین کرین گے اور نماز کا جو اونکو حکم ہوا ہے اُسکے پورے پابند رہین گے - مکہ کے قیام تک فقط نماز فرض تھی اس لئے اس مکی سورہ مین فقط نماز کا ذکر فرمایا سلف مین سے جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ اس مکی سورہ میں یہ آیۃ مدنی ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ شریعت مین نماز ایک بڑی چیز ہے اس لئے یہان فقط نماز کا ذکر فرمایا صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسے اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی نصیحت کی مثال مینہ اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے اسی طرح صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ رض کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے یہ قرآن ایک ایسا معجزہ مجھکو دیا ہے جسکے سبب میری امت کی تعداد قیامت کے دن اور امتون سے بڑھ جاویگی - یہ دونون حدیثین ان دونون آیتونکی تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ قریش مین جو لوگ بری زمین کی طرح ازلی بد تھے اُنکے دل پر قرآن کی نصیحت کا کچھ اثر نہ ہوا بلکہ وہ یہی کہتے رہتے بدر کی لڑائی مین مارے گئے کہ یہ قرآن کلام الٰہی نہین ہے کیونکہ اللہ نے کسی بشر پر کوئی کتاب آسمانی نازل نہیں فرمائی ہان جو لوگ اچھی زمین کی طرح ازلی نیک تھے اُنکے دل پر قرآن کے نازل ہونے کے زمانہ مین بھی اثر ہوا اور قیامت تک اثر ہو کر اس قدر لوگ تابع اسلام ہونگے کہ جسکے سبب قیامت کے دن نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی تعداد اور امتون سے بڑھ جاویگی اسی واسطے ان آیتون مین قرآن کو برکت کی کتاب فرمایا کیونکہ برکت کی چیز وہ ہے جو ہمیشہ بڑھتی رہے اور یہی بات قرآن کی نصیحت مین اس صحیح حدیث سے پائی جاتی ہے -

منزل ۲

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ

اور اس سے ظالم کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ یا کہے مجھکو وحی آئی اور اُسکو وحی کچھ نہین آئی اور

قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ ط

جو کہے مین اتارتا ہون برابر اُسکے جو اللہ نے اتارا

اوپر کی آیۃ میں اون لوگون کا ذکر تھا جو باوجود معجزون کے دیکھنے اور کلام الٰہی کے اوترنے کے آنحضرت کو نبی نہیں مانتے تھے اُنکے قریب قریب وہ لوگ ہیں جو بغیر معجزہ اور بغیر شہادۃ کلام الٰہی کے اپنے آپکو نبی مشہور کرتے تھے جیسے مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی جن دونون کے وحشی اور فیروز کے ہاتھ سے مارے جانے کا قصہ اوپر گذر چکا ہے

ان دونوں کے قریب قریب عبداللہ بن سعد کا قصہ ہے اس قسم کے وہ لوگ بھی ہیں جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں کہ اللہ کا بیٹا ہے یا اللہ نے سانڈھ یا کان پھٹے جانور حرام کئے ہیں اس طرح کے سب لوگوں کی شان میں یہ آیۃ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے تفسیر ابن جریر اور تفسیر سدی میں جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اس کا حاصل اسی قدر ہے جو بیان کیا گیا لیکن اور علماء مفسرین نے لکھا ہے کہ جو شخص اب بھی عقلی بات کو دین کی بات مشہور کرے وہ اس حکم میں داخل ہے ترمذی ابوداؤد اور نسائی میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایۃ ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر علم نقلی کے محض عقل سے قرآن کی تفسیر کے باب میں جو شخص کچھ کہویگا تو اسکو اپنا ٹھکانا دوزخ میں ٹھہرا لینا چاہیئے۔ اس حدیث کی سند میں ایک راوی سہل بن عبداللہ کو اگرچہ بعضے علماء نے ضعیف کہا ہے لیکن ابن معین نے اسکو معتبر قرار دیا ہے۔ اس باب میں اور بھی روایتیں ہیں جنکے سبب سے ایک روایۃ کو دوسری روایۃ سے تقویت ہو جاتی ہے۔ حاصل مطلب یہ ہے کہ شان نزول۔ ناسخ منسوخ۔ معنے آیۃ قرآنی یہ ایسی باتیں ہیں جنمیں محض عقل سے مفسر کو کچھ نہیں کہنا چاہیئے بلکہ اسمیں تابعین تک کی روایۃ ضرور ہے۔ ہاں علم لغت اور صرف و نحو میں اوس فن کی کتابوں کی مدد سے کوئی عقلی بات بھی ممکن ہے۔ صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایۃ ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرے ذمہ کوئی جھوٹی بات لگادے گا تو اسکا ٹھکانا دوزخ ہے اس باب میں اور بھی صحیح حدیثیں ہیں یہ حدیثیں اس آیت کی تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کی جن باتوں میں عقل کو دخل نہیں ہے انکی تفسیر عقل سے کرنا یا جان بوجھکر حدیث کی غلط سلط روایۃ کرنا اسی طرح کے وبال کی بات ہے جسطرح کی وبال کی باتوں کا آیۃ میں ذکر ہے۔ ان حدیثوں سے علمائے مفسرین کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہے کہ عقلی بات کو دینی بات قرار دینے والا شخص اس آیۃ کے حکم میں داخل ہے۔ سورہ انفال میں آویگا کہ عبداللہ بن سعد کی طرح قریش میں اور لوگ بھی تھے جو کہتے تھے لو نشار نقانا مثل ہذا جن کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہم بھی چاہیں تو قرآن جیسا کلام بنا سکتے ہیں لیکن ان لوگوں کا یہ دعوا جھوٹا تھا کیونکہ اسوقت کے تاریخی قصوں سے معلوم ہوتا ہے کہ باوجود تقاضے کے قرآن کے مانند ایک چھوٹی سی سورۃ بنا کر بھی یہ لوگ پیش نہ کر سکے۔ سورہ مدثر میں ولید بن مغیرہ کا قصہ آویگا جس کا حاصل یہ ہے کہ بڑا شاعر اور فصیح البیان جانکر ابوجہل وغیرہ نے اسکو قرآن کے مقابلہ میں کچھ عبارت بنا کر پیش کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تھا وہ قرآن کی چند آیتیں سنکر حیران رہ گیا اور قرآن کے مقابلہ میں کچھ عبارت بنا کر نہ پیش کر سکا اور قرآن کو جادو بتلایا اس قسم کے اور بھی چند قصے ہیں حاصل یہ ہے کہ قرآن کے لفظ وہی ہیں جنکو رات دن اہل مکہ بولتے تھے اسی خیال سے وہ لوگ نشار نقانا مثل ہذا کہدیتے تھے لیکن انہیں معمولی لفظوں میں طرز بیان قرآن شریف کا ایسا ہے جسکے مقابلہ سے وہ لوگ گھبراتے اور دین کی لڑائی کے حکم سے پہلے اس طرز بیان کے اثر سے ان میں کے صدہا آدمی مسلمان ہو گئے کیونکہ طرز بیان کی خوبی کی باتیں

منزل ۲

اور غیب کی باتین قرآن میں سنیکڑون ایسی ہیں جنکو سوا اللہ کے نہ کوئی جان سکتا تھا نہ کسی کے کلام مین وہ باتین ہی
جا سکتی تھین اس لئے ان باتون کا اثر بھی اون لوگون کے دل پر زیادہ پڑتا تھا اور وہ یہ بھی سمجھتے تھے کہ ان سب باتونکا
مقابلہ ناممکن ہے اسواسطے بلاشک یہ قرآن کلام الہی ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں ۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ
اور کبھی تو دیکھے جسوقت ظالم ہیں موت کی بیہوشی میں اور فرشتے ہاتھ کھول رہے ہیں کہ نکالو اپنی جان

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝
آج تمکو جزا ملے گی ذلت کی مار اسپر کہ کہتے تھے اللہ پر جھوٹ باتین اور اسکی آیتون سے تکبر کرتے تھے

جن لوگون کو اللہ تعالی نے اوپر کی آیۃ مین ظالم فرمایا وہ یا انکے سے عمل کرنے والے اور جو لوگ ہون انکے عذاب قبر
اور عذاب حشر کا ذکر تو آگے آویگا اس آیۃ مین انکی موت کے وقت کی شدت اور سختی کا ذکر ہے حدیث کی کتابون مین اس
شدت اور سختی کی تفصیل بہت صراحت سے صحیح بخاری مسلم ترمذی نسائی وغیرہ مین حضرت عائشہ انس ابو ہریرہ رض
وعبادہ بن صامت براء بن عازب کی روایتین ہیں مختصر طور پر جنکا حاصل یہ ہے کہ علم الہی مین جو لوگ لائق عذاب کے ہیں
انکی قبض روح کے وقت بڑے ہیبت ناک صورت کے فرشتے آتے ہیں اور اس لائق عذاب شخص کی روح کو خبر سناتے
ہیں کہ جسم سے الگ ہوتے ہی سخت عذاب قبر اسپر ہونے والا ہے اس عذاب کے خوف سے روح جسم مین جگہ جگہ منزل ۲
چھپتی ہے اور فرشتے بڑی سختی سے اوس روح کو نکالتے ہیں اور روح کے نکالتے وقت یہ کہتے جاتے ہیں کہ اے ناپاک
روح اللہ کے عذاب مین پھنسنے کے لئے جلدی نکل اور اوس شخص کے مونہہ اور پیٹھ پر طرح طرح کی مار مارتے ہیں جب
اس خرابی سے روح نکلتی ہے تو ایک طرح کی بدبو روئے زمین پر پھیل جاتی ہے جس سے اون فرشتون کو جو اپنے اپنے
کام کے لئے روئے زمین پر ہیں معلوم ہو جاتا ہے کہ کوئی ناپاک روح کسی جسم سے جدا ہوئی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم اس بدبو کا ذکر فرماتے وقت اپنی ناک پر کپڑا ڈھاک لیا کرتے تھے کیونکہ برکت نبوت کے سبب سے بدبو کے ذکر کے
وقت اصلی بدبو آپکے دماغ مین اثر کرنے لگتی تھی اس روح کو فرشتے آسمان پر لیجانا چاہتے ہیں لیکن آسمان کے دروازے
نہین کھلتے اس بیان کے وقت آنحضرت یہ آیۃ پڑھا کرتے تھے لا تفتح لہم ابواب السماء ولا یدخلون الجنۃ حتی یلج الجمل
فی سم الخیاط جسکا مطلب یہ ہے کہ اگر اونٹ سوئی کے ناکے مین گھس جائے تو گھس جائے مگر یہ نافرمان لوگ جنت
مین جا سکتے ہیں نہ انکی روح کے لئے آسمان کے دروازے کھلسکتے ہیں اب اس ناپاک روح کے لئے جب آسمان کے دروازے
نہین کھلتے تو روح پھر جسم مین لائی جاتی ہے اور منکر نکیر کا سوال قبر ہو کر قیامت کے قائم ہونے تک طرح طرح سے قبر
کے عذاب مین وہ روح گرفتار رہتی ہے جسکی تفصیل عذاب قبر کے ذکر مین آویگی بعضے علما کا یہ مذہب ہے کہ منکر نکیر
صرف اہل قبلہ کی میت کے پاس آتے ہیں تاکہ خالص مسلمان اور منافق مین فرق پیدا ہو جاوے محض کافر کی میت

پر منکر نکیر نہین آتے لیکن اور علمانے اکثر آیات اور احادیث سے اس مذہب کو غلط ثابت کیا ہے مسند امام احمد اور ابو داؤد کی براء بن عازب کی صحیح روایۃ میں کافرون اور منافقون کی میت پر جبکہ منکر نکیر کے آنے اور سوال کرنے کا اور میت کے لاعلمی کے جواب کا صراحت سے ذکر آچکا ہے تو یہی قول صحیح معلوم ہوتا ہے کہ اہل قبلہ غیر اہل قبلہ سب کی میت پر منکر نکیر آتے اور سوال کرتے ہیں۔ حاصل معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ اے رسول اللہ کے اب تو یہ لوگ طرح طرح کی باتین کرتے ہیں کوئی غیرون کو اللہ کا شریک ٹہراتا ہے کوئی اپنے آپ کو نبی بتلاتا ہے لیکن عذاب قبر اور عذاب قیامت کے علاوہ ان لوگون کی جان کنی کا وقت بھی دیکھنے کے قابل ہے کہ اللہ کے فرشتے بڑی دست درازی سے ان کی جان قبض کرتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ اے نافرمان لوگو عذاب الٰہی میں گرفتار ہوجانے کے لئے جلد اپنی جانین ہمارے حوالہ کرو کہ تم لوگ اللہ کی شان مین جھوٹی باتین جو کہا کرتے تھے اور قرآن کی آیتون کو بڑی نخوت سے پچھلے لوگون کی کہانیان جو بتلایا کرتے تھے آج اوسکا خمیازہ بھگتنے کا دن ہے۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ

اور تم ہمارے پاس آئے ایک ایک جیسے ہمنے بنائے تھے پہلی بار اور چھوڑ دیا جو ہمنے اسباب دیا تھا پیٹھ کے پیچھے

وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ ۚ لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ

اور ہم دیکھتے نہین تمہارے سفارش والے جنکو تم بتاتے تھے کہ انکا تم میں ساجھا ہے ٹوٹ گئے تم آپس میں

وَضَلَّ عَنكُم مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ۝

اور جاتے رہے جو دعوے کرتے تھے

منزل ۲

تفسیر ابن جریر مین عکرمہ سے روایۃ ہے کہ نضر بن حارث ایک شخص مشرک نے ایک روز کہا کہ مجھکو کیا پروا ہے لات و منات خدا کے روبرو میری شفاعت کو کافی ہیں اسپر اللہ تعالے نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ بت پرستون کے بت جنکو وہ اپنے حمایتی خیال کرتے ہیں اور مالدارون کا مال اولاد والون کی اولاد جس کے پیچھے لوگ اپنی عمر صرف کرتے ہیں یہ سب یہیں دنیا میں چھوڑ جانے کی چیزین ہیں اللہ کے پاس ہر انسان ویسا ہی اکیلا جانے والا ہے جس طرح اکیلا دنیا مین آیا تھا صحیح بخاری و مسلم مین حضرت انس رضؓ سے روایۃ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا قبر تک ہر انسان کے ساتھ تین چیزین جاتی ہیں اولاد مال اور عمل سو اولاد اور مال تو اوسکو قبر مین اکیلا چھوڑ کر پلٹ آنے والی چیزین ہیں اکیلا عمل اسکے ساتھ رہنے کی چیز ہے صحیح مسلم ترمذی اور نسائی میں عبداللہ بن شخیر رضؓ سے روایۃ ہے کہ ہر آدمی آٹھ پہر میرا مال میرا مال جھینکتا رہتا ہے اوسکا مال کیا ہے کھایا سو گنوایا پہنا سو پہاڑا ہان جو اللہ کے نام پر دیا سو رہا ترمذی اور مسند امام احمد و دارمی میں حضرت انس اور زید بن ثابت سے روایۃ ہے کہ دنیا میں جو شخص دین کے کامون مین لگا رہتا ہے اوسکا دل دنیا سے غنی رہتا ہے اور بغیر کوشش کے بقدر ضرورت دنیا بھی

اُسکے ہاتھ آتی ہے اور جو شخص بالکل دنیا کی طرف راغب ہوجاتا ہے وہ ہمیشہ پریشان حال رہتا ہے اور تقدیر سے زیادہ کچھ اُسکو نہیں ملتا اسی مضمون کی ابوہریرہ رض کی حدیث ترمذی مین ہے جسکو ترمذی نے حسن کہا ہے اور معقل بن یسار کی حدیث مستدرک حاکم مین ہے جسکو حاکم نے صحیح کہا ہے غرض اس باب میں جو روایتین ہیں اُنمین ایک کو دوسری سے تقویت ہوجاتی ہے ان حدیثون کا حاصل یہ ہے کہ دنیا سے کچھ ساتھ لیجانے کی چیز ہے تو نیک عمل ہے باقی دنیا میں پہلے دین دنیا کی پریشانی کے سوا سب چھوڑ جانے کی چیزین ہیں جنکو چھوڑ جانے سے پہلے چھوڑ دینا موجب نجات ہے حاصل کلام یہ ہے کہ نضر بن حارث جیسے لوگون کی زندگی کا دارومدار دو ہی چیزون پر تھا ایک مال اور اولاد کی ترقی کی کوشش دوسرے بتون کی پوجا کرکے اُنکو قیامت کے دن اپنا سفارشی قرار دینا۔ انکی اس زندگی کو لاحاصل ٹھہرانے کے لئے اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ مال اور اولاد تو قبر تک کے ساتھی ہیں اور جن لوگون کے بہکانے سے اُنھون نے بتون کو اپنا سفارشی ٹھہرایا ہے قیامت کے دن وہ بہکانے والے اُنسے اس طرح کی بیزاری ظاہر کرین گے کہ ان بہکنے والون کو یہ تمنا کرنی پڑے گی کہ دنیا میں انکا دوبارہ جانا ہوتا تو یہ بھی اُنسے ایسی بیزاری ظاہر کرتے۔ ان بہکانے والون اور بہکنے والون کی بیزاری کا ذکر سورہ بقر میں گذر چکا ہے علاوہ سورہ بقر کے یہ ذکر سورہ ابراہیم میں بھی آویگا جسمین شیطان بھی بھکنے والے لوگون سے اپنی بیزاری ظاہر کریگا۔ ناقابل اعتراض سند سے تفسیر کلبی میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایۃ ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ شیث بن آدم کی اولاد حضرت آدم علیہ السلام کی قبر پر جاکر دعا اور قبر کی تعظیم کیا کرتے تھے یہ حال دیکھکر شیطان کے بہکانے سے قابیل بن آدم کی اولادمیں سے ایک شخص نے اپنی قوم کے لوگون سے کہا اگر تم کہو تو مین حضرت آدم کے نام کی ایک مورت بنا دیتا ہون تم لوگ گھر بیٹھے اُس مورت کی تعظیم کیا کرو۔ اولاد قابیل نے اس بات کو مان لیا اور یہ پہلی مورت تھی جو دنیا مین بنائی گئی اور رفتہ رفتہ اس مورت کی پوجا ہونے لگی ان بت پرستون کا اعتقاد یہ ہے کہ جن لوگون کی مورتون کو یہ پوجتے ہین وہ لوگ قیامت کے دن اللہ سے ان بت پرستون کی سفارش کرکے اونکو عذاب الٰہی سے بچا وینگے حضرت ادریس اسی قوم کی ہدایت اور اسی کی بت پرستی مٹانے کے لئے نبی ہوکر آئے لیکن ان لوگون نے حضرت ادریس کو جھٹلایا اور بت پرستی سے باز نہ آئے پھر اس قوم میں کے پانچ نیک شخص مرگئے جنکے نام۔ ود۔ سواع۔ یغوث۔ یعوق۔ نسر تھے شیطان نے اس قوم کے دل مین یہ بات ڈالی کہ برکت کے لئے ان پانچون شخصون کی مورتین بنالی جاوین اب رفتہ رفتہ اس پہلے مورت کے علاوہ ان پانچون مورتون کی بھی پوجا ہونے لگی حضرت نوح اسی بت پرستی کے مٹانے کے لئے نبی ہوکر آئے اور جب اُسوقت کے لوگون نے حضرت نوح کی نبوت کو نہ مانا تو طوفان آیا جس سے اوس زمانے کے سب بت پرست ہلاک ہوگئے۔ طوفان میں یہ پانچون بت بہ کر جدہ مین آگئے اور مٹی کے نیچے دب گئے۔ ایک عرصہ کے بعد شیطان کے بہکانے سے عمرو بن لحی مکہ کا ایک شخص ان بتون کو مکہ میں لایا اور یہان بھی بت پرستی پھیل گئی۔ سورہ مائدہ میں گذر چکا ہے کہ یہ عمرو بن لحی قبیلہ خزاعہ کا ایک سردار تھا اور یہ بھی گذر چکا ہے کہ دین ابراہیمی کو اسی شخص نے بگاڑا۔ اور آنحضرت

منزل ۲

صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو دوزخ مین جلتے ہوئے دیکھا الغرض بت پرستی کے جاری کرنے میں شیطان اور انسان دونون کی شراکت ہے اسلئے قیامت کے دن یہ دونون بت پرست لوگون سے اپنی بیزاری ظاہر کرینگے ان پانچ تبون کے باب مین حضرت عبداللہ ابن عباس کی روایۃ صحیح بخاری مین ہے جسکا ذکر سورہ نوح میں آئے گا۔

إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَىٰ ۖ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ

اللہ ہے کہ پھوڑ نکالتا ہے دانہ اور گٹھلی نکالتا ہے مرد سے زندہ اور نکالنے والا ہے زندہ سے مردہ

ذَٰلِكُمُ اللَّهُ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ۝ فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

یہ ہے اللہ پھر کہان پھرے جاتے ہو پھوڑ نکالنے والا صبح کی روشنی اور رات بنائی آرام اور سورج اور چاند

حُسْبَانًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا

حساب یہ اندازہ رکھا ہے زور آور خبردار نے اور اسی نے بنادئے تمکو تارے کہ انسے راہ پاؤ

فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

اندھیرون میں جنگل اور دریا کی سجھنے کھول سنائے ہیں پتے ان لوگون کو جو جانتے ہیں

اوپر کی آیتون میں اللہ تعالی نے توحید اور نبوت کا ذکر فرمایا تھا اب اس رکوع میں اون عجائبات موجودات دنیا کا ذکر فرمایا ہے جنکے پیدا کرنے میں وہ وحدہ لاشریک منفرد ہے مقصد ان موجودات کے ذکر فرمانے سے یہ ہے کہ مشرکین مکہ مین دو سخت عیب جو تھے اسکی اصلاح ہوجائے بڑا عیب تو بت پرستی کا تھا اوسکی اصلاح موجودات پر غور کرنے سے یون ہوسکتی ہے کہ دیکھنے میں تو وہ موجودات روزمرہ کی چیزین معلوم ہوتی ہیں لیکن ہر شے کے پیدا کرنے میں وہ قدرت اور حکمت ہے کہ جہان بھر کے بادشاہان اولوالعزم حکمائے اہل نظرت جمع ہوجاوین تو وہ قدرت اور حکمت نہین حاصل ہوسکتی مثلاً علاوہ روایات شرعی کے عقل سے بھی یہ بات معلوم ہوسکتی ہے کہ زمین پانی پر پھیلائی گئی ہے کیونکہ جہان زمین کو کھودا جاتا ہے وہان پانی نکلتا ہے اب اون بادشاہون اولوالعزم سے جو ملک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑون کو قبضہ میں لانے کے لئے اپنی اور اپنی فوج کی ہزارہا آدمیون کی جانین کھوتے ہیں اگر یہ کہا جاوے کہ جس طرح خدا تعالی نے منفرد اپنی ذات سے پانی پر زمین بچھادی ہے۔ تم کئی بادشاہ ملکر اور اپنی اپنی فوج ساتھ لیکر سمندر پر زمین بچھادو کہ دنیا سے کئی حصہ زیادہ ملک کے بادشاہ بن جاؤگے یا انار کی یا آم کی کچھ گٹھلیان پرانی سوکھی ہوئی لیکر دنیا بھر کے حکیمون سے پوچھا جائے کہ ان سب گٹھلیون کا ایک سان سوکھی لکڑی کا مزہ ہے پھر ذرا عقل تو لگاؤ کہ ایک گٹھلی سے میٹھا انار اور آم اور دوسری سے کھٹا کیونکر پیدا ہوتا ہے ان دونون سوالون کے جواب میں دونو فریق سوا حیران رہنے کے کچھ جواب نہ دینگے اس سے معلوم ہوا کہ تمام مخلوقات مین سے کوئی فرد بشر اوس وحدہ لاشریک کی قدرت کا شریک نہیں پھر معبود بننے کا شریک کوئی کس استحقاق اور برتے پر بن سکتا ہے دوسرا عیب تھا کہ وہ مرکر پھر جینے کے حکم

منزل ۲

کو جب سنتے تھے تو کبھی کہتے تھے ہذا شئی عجیب اور کبھی کہتے تھے من یحی العظام وہی رمیم موجودات پر غور کرنے سے اس عیب
کی اصلاح یون ہوسکتی ہے کہ جب منی جیسی رقیق چیز سے ایسی سخت ہڈیان بنین اور باوجود سرد تر مزاج منی کے اسطرح
مختلف مزاج کے پتلے اور جسم رحم جیسے تنگ جائے میں اسی منی سے بن چکے ہیں اور اندھیرے میں گہرانے والی شی روح کا
تعلق اوس جسم کے ساتھ پیٹ کے اندر اندھیرے مین ہو چکا ہے تو زمین کی مٹی سے جبین مردون کی مٹی مل چکی ہے جسکو
چارون کیفیتون گرم سرد تر اور خشک کا خمیر کرنا چاہیئے دوبارہ جسمون کا بنجانا اور کھلے روشن میدان مین روح کا تعلق
اون جسمون سے ہوجانا کیا ایسا مشکل ہے جسطرح پہلی دفعہ جسم کا بنا اور روح کا تعلق مشکل تھا نہیں نہیں ہرگز نہین شیطان
نے آسمان سے اوتارے جانے کے وقت اللہ تعالے سے یہ کہا تھا لاتخذن من عبادک نصیبا مفروضا اور حضرت نوح کی
امت سے لیکر ابتک بت پرستی اور سب بڑے کام جو روئے زمین پر ہوتے ہیں شیطان اور اُسکے شیاطینون کے بہکانے سے
ہوتے ہیں اور بُرے کامون کے کرنے میں وہ شیطان کی اطاعت نکلتی ہے جو اچھے کامون کے کرنے میں خدا کو ریجھتی
اسی واسطے ان آیات میں خدا تعالے نے فرمایا ہے کہ جس خدا نے انکو پیدا کیا ہے اُسکی عبادت میں لوگون نے شیطانون کو شریک
ٹھہرا رکھا ہے حاصل یہ ہے کہ زمین مین لوہے کی کوئی چیز دبائی جاوے تو وہ خاک ہوجاتی ہے یہ اللہ کی قدرت ہے کہ بجائے
خاک ہوجانے کے سوکھا دانا اور خشک گٹھلی بوئی جاکر پھراون میں سے سبز پیڑ نکلتا ہے اور اوس پیڑ میں ایک دانہ سے منزل ۲
بہت سے اناج کے دانے اور گٹھلی سے بہت سے میوے کے پھل پیدا ہوجاتے ہیں۔ بے جان انڈے سے جاندار مرغی کا بچہ
پیدا ہوتا ہے اور جاندار مرغی کے پیٹ سے بیجان انڈا نکلتا ہے اللہ کی یہ قدرت دیکھکر جو لوگ اللہ کی تعظیم میں دوسرونکو
شریک کرتے ہیں اونکو فرمایا کہ وہ سیدھے راستے سے پھرے ہوئے ہیں یہ ایک اور اُسکی قدرت کا نمونہ ہے کہ وہ قادر مطلق
رات کے اندھیرے کو پھاڑ کر اُسمین سے صبح کے اجالے کو نکالتا ہے تاکہ صبح کے اجالے مین ہر ایک آدمی اپنا کام دہندا کرے
اور دن بھر کے کام دہندے سے انسان تھک جاتا ہے اس لئے اوس خالق نے انسان کے آرام کے لئے رات کو پیدا کیا
تاکہ رات کو انسان ارام پاکر دوسرے دن پھر کام دہندے کے قابل ہوجاوے۔ سورج اور چاند کی منزلین اور چال اُس
زبردست صاحب قدرت اور صاحب علم نے اس حساب سے رکھے ہیں جس سے دن مہینہ اور سال کا حساب معلوم ہوتا ہے
جسپر دین کا نماز روزہ حج زکوۃ کا حساب اور دنیا کے بے گنتی معاملات کا حساب منحصر ہے جو لوگ دین کے کامون کا وقت
ٹھہرانے کا کام سورج اور چاند سے لیتے ہیں اُنکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے اچھے بندے فرمایا آسمان پر تارے
اُسکی قدرت کی ایک بڑی نشانی ہے جس سے جنگل اور دریا کے مسافر دنکو اندھیری راتون مین سیدھا راستہ معلوم ہوجاتا ہے بخاری مین بغیر سند کے اور تفسیر
عبد بن حمید مین بسند معتبر سند کے قتادہ کا قول ہے کہ تارے آسمان کی زینت شیطانونکی مار اور اندھیری رات میں مسافرونکو سیدھا راستہ معلوم
ہوجانیکی نشانی ہوئے ہیں جس کسی نے سوا اسکے تارونسے اور کوئی کام لیا وہ غلطی پر ہے آخر کو فرمایا کہ یہ سب نشانیان اُن لوگونکی ہین جنمین کچھ سمجھ ہو تیاری اور جنکو
کچھ سمجھ ہے جو لوگ قدرت کے عجائب سے بیخبر ہیں وہ ان نشانیونسے کچھ فائدہ نہیں اٹھا سکتے سو ایسے لوگ ان نشانیونکے پیدا کرنیوالیکی

تعظیم کو چھوڑکر اورونکی تعظیم مین لگے ہوئے ہیں صحیح بخاری میں زید بن خالد جہنی کی روایۃ سے حدیث قدسی ہے جسمین یہ ہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ جو لوگ مینہہ کا برسنا اللہ کے فضل سے جانتے ہیں وہ ایماندار ہیں اور جو لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ تارون کی تاثیر سے مینہہ برسا کرتا ہے وہ کافر ہیں۔ حاصل معنے حدیث کے یہ ہیں کہ جو لوگ تارون میں مستقل تاثیر مینہہ برسانے کی جانتے ہیں وہ مشرک ہیں کیونکہ اللہ کی قدرت مین وہ تارون کو شریک ٹھہراتے ہیں ہان جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ تارون کی تاثیر کا یہ ایک تجربہ ہوا ہے کہ تارون کے خاص خاص طلوع وغروب کے وقت مینہہ برستا ہے وہ لوگ مشرک تو نہین مگر غلطی پر ضرور ہیں کیونکہ بارہا اُنکا تجربہ غلط ٹھہرتا ہے اسلئے سچے اعتمادار وہی ہیں جو مینہہ کا برسنا اللہ کے فضل سے جانتے ہین اس باب میں اور بھی صحیح حدیثین ہیں اُن صحیح حدیثون کے موافق قتادہ کے قول کا مطلب یہ ہے کہ جس نے سوا اُن تین باتون کے تارون سے اور کوئی کام لیا اور یہ اعتقاد رکھا کہ تارون مین اس کام کی مستقل تاثیر ہے تو وہ مشرک ہے ورنہ غلطی پر ہے سورہ والصافات مین آویگا کہ جب شیاطین غیب کی باتین سننے کو آسمان تک جا پونہچتے ہیں تو فرشتے تارون کی روشنی مین سے شعلے لیکر اُنکو مارتے ہیں قتادہ کے قول میں شیاطینون کی مار کا یہی مطلب ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ

اور اسنے تم کو نکالا ایک جان سے پھر کہین تمکو ٹھیراؤ ہے اور کہین سپرد رہنا ہمنے کھول سنائی ہیں

منزل ۲ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ

قوم کو جو بوجھتے ہیں اور اوسی نے اوتارا آسمان سے پانی پھر نکالی ہمنے اس سے اُگنے والی ہر چیز

فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ

پھر اس میں سے نکالی سبزہ جس سے نکالتے رہیں دانے جڑے ہوئے اور کھجور کے گابھے میں سے گچھے لٹکتے ہیں

وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ

اور باغ انگور کے اور زیتون اور انار اپس میں ملتے اور جدے دیکھو اسکا پھل جب

اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

پھل آتا ہے اور اُنکا پکنا اون چیزون مین سب پتے ہین یقین لانیوالونکو

کھیتی باغ سورج چاند تارے اوپر انسان کی اُن ضرورت کی چیزون کے پیدا کرنے کا ذکر تھا اور آگے بھی اس قسم کی چیزون کا ذکر آویگا۔ اون چیزون کے ذکر کے بیچ میں یہ انسان کے پیدا کرنے کا ذکر اسلئے فرمایا کہ جو غافل لوگ اپنی ضرورت کی چیزون کی حالت پر غور کرکے اون چیزون کے پیدا کرنے والے کو نہ پہچان سکے وہ خود اپنی پیدائش کی حالت پر غور کرکے اپنے خالق کو پہچانین اور شرک سے باز آوین نفس واحد سے مقصود حضرت آدم ہیں کیونکہ نبی آدم کی پیدائش کا سلسلہ اونھی سے شروع ہوا ہے حضرت حوا حضرت آدم کی پسلی سے پیدا ہوئین حضرت عیسے علیہ السلام

حضرت مریم کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور حضرت مریم حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد الاولاد میں ہیں غرض بنی آدم
میں سے کوئی شخص حضرت آدم کے سلسلہ سے باہر نہیں ہے ترمذی ابو داؤد اور صحیح ابن حبان میں ابو موسیٰؓ اشعری سے
روایت ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت آدم کے پتلے کی مٹی تمام روئے زمین کی مٹی
کو ملا کر لی ہے اسواسطے انکی اولاد کے رنگ اور مزاج مختلف ہیں ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے یہ حدیث آیۃ
کے ٹکڑے وھوالذی انشاکم من نفس واحدۃ کی گویا تفسیر ہے جس سے بنی آدم کے رنگ وروپ اور مزاجوں کے مختلف ہونے
کا سبب سمجھ میں آتا ہے ترمذی میں ابو ہریرہؓ سے روایت ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حضرت آدم کو
پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی پشت سے اون روحوں کو نکالا جو قیامت تک پیدا ہونے والی ہیں اور وہ
روحیں حضرت آدم کو دکھا کر یہ فرمایا کہ یہ تمھاری وہ اولاد ہے جو سلسلہ بہ سلسلہ قیامت تک پیدا ہوگی ترمذی نے
اس حدیث کو صحیح کہا ہے صحیح بخاری ومسلم وغیرہ میں چند صحابہ سے روایتیں ہیں جنکا حاصل یہ ہے کہ ماں کے رحم میں
بچہ کا پتلا چار مہینے کے عرصہ میں بنکر تیار ہو جاتا ہے تو پھر اُس پتلے میں اللہ کے حکم سے روح پھونکی جاتی ہے یہ حدیثیں
بھی آیۃ کے اُس ٹکڑے کی گویا تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ روحیں جسموں سے پہلے پیدا کیجا کر حضرت آدم کی پشت
میں رکھی گئیں اور پھر وہ روحیں حضرت آدم کی پشت سے نکالی جا کر حضرت آدم کو دکھلائی گئیں اور تفسیر سدی کی
روایۃ کے موافق پھر وہ روحیں حضرت آدم کی پشت میں سونپ دی گئیں اور یہی سونپنے کی حالت پشت بہ پشت منزل ۲
جاری رکھی اسکے بعد چار مہینے کے عرصہ میں جب بچہ کا پتلا تیار ہو جاتا ہے تو اونہی سونپی ہوئی روحوں میں سے ایک روح
اس پتلے میں پھونک دی جاتی ہے۔ قد افلح المومنون میں آویگا کہ نافرمان لوگ عذاب قبر سے تنگ آکر دنیا میں دوبارہ
آنے اور نیک عمل کرنے کی خواہش کرینگے تو اونکی یہ خواہش بارگاہ الٰہی میں منظور نہ ہوگی بلکہ اونکو یہ جواب ملے گا
کہ اب یہ خواہش بے فائدہ اور ناممکن ہے معتبر سند سے مسند امام احمد میں حضرت عائشہ اور براء بن عازب سے جو روایتیں
ہیں اونکا حاصل یہ ہے کہ نافرمان لوگ جب مرتے ہیں تو فرشتے اونکا دوزخ کا ٹھکانا اونکو دکھا کر یہ کہدیتے ہیں کہ قیامت
کے دن تم لوگونکو اس ٹھکانے میں جانا پڑیگا اور پھر ایسے لوگونپر طرح طرح کا عذاب قبر شروع ہو جاتا ہے جو قیامت تک
باقی رہے گا۔ اس سے فرقہ آریہ کا آواگون کا مسئلہ غلط قرار پاتا ہے کیونکہ اس مسئلہ کا حاصل یہ ہے کہ بداعمال آدمیونکی
روحونکو دنیا میں حیوانونکی صورت دیجاتی ہے تاکہ اس تبدیل صورت سے وہ اپنے اعمال کی سزا بھگتیں اور اوپر آیۃ اور
حدیثوں کا جو مطلب بیان کیا گیا اُسکے موافق روحوں کا دوبارہ دنیا میں آنا ممکن نہیں علاوہ اسکے اس آواگون کے مسئلہ
کو علماء اسلام نے عقلی طور پر یوں غلط ٹھہرایا ہے کہ بہ نسبت انسان کے حیوانات کی زندگی بڑی بیفکری سے بسر ہوتی
ہے اسلئے گرفتار فکر جسم کی روح کو بے فکر جسم میں بدل دینا اور اوسکو سزا قرار دینا عقل سلیم کے برخلاف ہے بلکہ
آریہ لوگ اگر یوں کہتے کہ مثلاً سانڈھ مرکر انسانی جون میں پھر دوبارہ پیدا ہوتے ہیں تاکہ بے فکر زندگی کی سزا فکرمند

زندگی میں بھگتی جاوے تو یہ صورت شاید کچھ سمجھ مین آجاتی لیکن پھر بھی آریہ لوگون کا یہ کورا دعوا دلیل کا محتاج رہتا حاصل یہ ہی کہ اس اواگون کے مسئلہ کی بنیاد تو ایسی ضعیف ہے جس کا حال بیان کیا گیا باوجود اسکے فرقہ آریہ کا یہ اعتراض ہے کہ اسلام میں یہ مسئلہ نہین ہے اسلئے صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کے کوئی معنے صحیح نہین قرار پا سکتے کیونکہ بغیر آواگون کے مسئلہ کے صحیح ہونے کے اللہ کی مہربانی اور غصے کا کوئی موقع باقی نہیں رہتا سائل اسلام نے اس اعتراض کا جو جواب دیا ہے اوسکا حاصل یہ ہے کہ خود اواگون کے مسئلہ کی بنیاد صحیح نہین ہے پہلے کسی مضبوط دلیل سے اس مسئلہ کی صحیح بنیاد قائم کیجاوے پھر کچھ بات بیت کیجاوے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول کے موافق مستقر سے مقصود عورت کا رحم ہے جہان نطفہ قرار پاکر مدت مقررہ کے بعد بچہ پیدا ہوتا ہے اور مستودع سے مقصود مرد کی پشت ہے جہان نطفہ فقط سپردگی کے طور پر رہتا ہے کچھ تبدل تغیر نطفہ مین وہان نہیں ہوتا اب آخر آیت میں فرمایا کہ یہ اللہ کی قدرت کی نشانیان اون لوگون کو مفید ہیں جو ان قدرت کی نشانیون سے صاحب قدرت کے پہچاننے مین سمجھ دوڑاتے ہیں جو لوگ دہریہ فرقہ کی طرح ان قدرت کی نشانیون کے دیکھنے کے بعد بھی صاحب قدرت کی ہستی کے منکر ہین یا اسکی قدرت کے کارخانہ میں اورون کو شریک کرتے ہیں اونکو ان نشانیون سے کچھ فائدہ نہیں معتبر سند سے تفسیر ابن جریر مین حضرت عبداللہ بن مسعود سے جو روایتین ہیں اونکا حاصل یہ ہے کہ مینہہ برسنے سے پہلے اللہ تعالے کے حکم کے موافق ہوا آسمان پر کے دریاؤن مین سے پانی اوٹھاتی ہے اور پھر وہ پانی بادلون میں پہونچاتی ہے اوسی پانی سے مینہہ برستا ہے یہ عبداللہ بن مسعود کا قول گویا آیہ کے ٹکڑے وہوالذی انزل من السماء ماء کی تفسیر ہے اس سے حکما کا یہ قول غلط قرار پاتا ہے کہ دہوپ کی گرمی سے زمین پر کے دریاؤن کی بھاپ اوپر جاتی ہے اور ہوا کی سری سی کثیف ہوکر جسمین زیادہ کثافت ہوتی ہے وہ جم کر اوسکا ابر بنجاتا ہے اور جسمین کم کثافت ہوتی ہے وہ قطرہ قطرہ ہوکر زمین پر ٹپکتی ہے اسی کا نام مینہہ ہے اب آگے فرمایا کہ اس مینہہ کے پانی سے طرح طرح کا اناج اور میوہ انسان کی ضرورت کے لیے اور چارہ جانورون کے لیئے یہ سب کچھ پیدا ہوتا ہے۔ گیہون اور جو کی بالین مکئی اور جوار کے بھٹے بھی قدرت کا ایک نمونہ ہیں کہ انمین اوپر تلے کس خوبصورتی اور حکمت سے دانے جڑے ہوئے ہوتے ہیں اسی طرح کھجور کے گچھے اوسکا گابھا انگور کے خوشے زیتون انار یہ سب اسکی قدرت کے نمونے ہیں کہ لکڑی سے یہ پھل کیونکر پیدا ہوتے اور پکتے ہیں لیکن یہہ قدرت کی نشانیان اونہین لوگون کے لئے ہیں جن کو اللہ کی قدرت کے کارخانون کا یقین ہے طبیعات والون کی طرح جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ سب کچھ طبیعت کی خاصیت سے ہوجاتا ہے قدرت الہی کو اسمین کچھ دخل نہین اونکو ان قدرت کی نشانیون سے کچھ فائدہ نہین مگر طبیعات والون کی یہ غلطی ہے کہ جو وہ ایسی باتین کرتے ہیں کیونکہ اللہ کے کارخانہ قدرت میں طبیعت کی خاصیت کے برخلاف بھی بہت سی چیزین موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ طبیعتین بھی کسی کی پیدا کی ہوئی ہیں جسکے حکم کے وہ تابع ہیں اور وہ جب اور جس موقع پر چاہتا ہے کسی طبیعت

منزل ۲

سے اُس طبیعت کی خاصیت کے برخلاف کام لیتا ہے چنانچہ زمین کی طبعی خاصیت یہ ہے کہ جو چیز اُسمین دبائی جاوے وہ آخر کو خاک ہو جاتی ہے لیکن اناج کے بیج اور میوے کی گٹھلی مین اُس قادر مطلق نے طبعی خاصیت کے برخلاف زمین سے جو کام لیا وہ سب کی آنکھون کے سامنے ہے اسی طرح سورج کی طبعی خاصیت یہ ہے کہ وہ ہر چیز کو خشک کرتا ہے لیکن اوس قادر مطلق نے مثلاً گیہون اور جو مین تو سورج کی طبعی خاصیت کیموافق سورج سے کام لیا اور انگور آم میں طبعی خاصیت کے برخلاف سورج سے کام لیا گیا کہ بجائے انگور اور آم کے سوکھا دینے کے سورج کی حرارت نے ان چیزون کو اور اولٹا تر و تازہ کر دیا۔ کچے انگور اور آم کی کچی کیری کی جو حالت تھی پکنے کے بعد جو اُنکی حالت ہے وہ سب کی آنکھون کے سامنے ہے علاوہ اسکے طبیعت کوئی ذی شعور چیز نہین ہے جو مثلاً گیہون کی بالونمین اسطرح خوبصورتی سے دانہ جڑے۔ پانی کی ایک طبعی خاصیت مین یہ شعور کہان ہے کہ کسی آم کے دانہ کو میٹھا کر دے اور کسی کو کھٹا۔ غرض طبیعات والے طرح طرح کی طبعی خاصیتین دریافت کرکے اللہ کی قدرت کا انکار نہین کر سکتے بلکہ اُنکو اُسکی قدرت کا زیادہ یقین کرنا چاہیئے کہ جسنے طرح طرح کی طبعی خاصیتین پیدا کین اور جسطرح چاہا اون خاصیتون سے کام لیا پابند طبیعات دہریہ لوگ یہ جو کہتے ہین کہ ہمنے اللہ تعالیٰ کو آنکھ سے نہین دیکھا اس لئے بغیر دیکھے ہم اُسکی ہستی کا اقرار نہین کر سکتے اُسکا جواب علمائے پابند شریعت نے یہ دیا ہے کہ اُن لوگون نے روح اور عقل کو بھی آنکھ سے نہین دیکھا فقط آثار روحانی اور عقلی سے یہ لوگ روح اور عقل کی ہستی کے قائل ہین

وَجَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

اور جب ٹھیراتے ہیں شریک اللہ کے جن اور اسنے انکو بنایا تراشتے ہیں اُسکے واسطے بیٹے اور بیٹیان بن سمجھے اور وہ اس لائق نہین اور

دنیا میں بت پرستی جس طرح شیطان کے بہکانے سے پھیلی ہے اوسکا ذکر اوپر گذر چکا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بت پرستی کا شرک شیطان نے ان بت پرست لوگون کی نظرون میں اچھا کرکے دکھایا جس سے یہ لوگ شیطان کا کہنا مانکر بتون کو اللہ کا شریک ٹھہرانے لگے جسکے سبب سے گویا دراصل اُنھون نے اس بانی شرک شیطان کو اللہ کا شریک ٹھہرایا اسواسطے فرمایا کہ ان لوگون نے جن یعنی شیطان کو اللہ کی عبادت مین شریک قرار دیا پھر فرمایا دوسرا شرک ان اہل مکہ کا یہ ہے کہ اللہ کے فرشتون کو اللہ کی بیٹیان بتلاتے ہیں اور اہل کتاب کا یہ شرک ہے کہ یہود نے عزیر کو اور نصارا نے عیسے کو اللہ کا بیٹا قرار دیا لیکن جب فرشتون کو عزیر اور عیسے سب کو اللہ تعالےٰ نے نیست سے ہست کیا تو اس طرح کی نیست سے ہست ہونے والی چیزون کو اللہ تعالےٰ کے قائم و دائم ذات کے ساتھ کیا مناسبت ہے کہ وہ اللہ کی اولاد قرار پاوین اس لئے جو لوگ ایسی باتین کرتے ہیں وہ نا سمجھی سے کرتے ہیں اللہ کی شان ایسی باتون سے پاک اور بالاتر ہے۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث قدسی اوپر گذر چکی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا بنی آدم نے بڑی گستاخی کی جو اللہ کو صاحب اولاد قرار دیا اسی طرح ابو موسےٰ اشعری کی حدیث صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بڑا بردبار ہے کہ لوگ شرک کرتے ہیں اللہ کو صاحب اولاد ٹھہراتے ہیں اور وہ اونکو صحت و عافیت سے رکھتا ہے

بہت دور ہے ان باتون سے جو بتاتے ہیں

اُسکے رزق کا انتظام فرماتا ہے - یہ حدیثین اس آیۃ کی گویا تفسیر ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے باتین یہ لوگ اللہ کی شان مین کرتے ہیں وہ باتین اگرچہ اللہ کی شان مین بڑی گستاخی ہے لیکن اللہ تعالے نے اپنی بردباری سے اس گستاخی کی سزا مین جلدی نہین فرمائی - سورہ مریم مین آویگا کہ سواجن و انسان کے اللہ تعالی کی اور مخلوقات کو اس گستاخی کا اتنا بڑا قلق ہے کہ اس گستاخی کے صدمہ سے آسمان و زمین پھٹ جاوین پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہوجاوین جس سے یہ سب گستاخی کرنے والے فنا ہوجاوین تو یہ سب کچھ ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالی نے اپنی بردباری سے ان سب بلاؤن کو ٹال رکھا ہے -

بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ

نئی طرح بنانے والا آسمان اور زمین کا کہان سے ہو اوسکے بیٹا نہین اُسکے کوئی عورت اور اسنے بنائی ہر چیز اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ

ہر چیز سے واقف ہے یہ اللہ ہے رب تمہارا اسکے سوا کسی کو بندگی نہیں بنانیوالا ہر چیز کا سو تم اُسکی بندگی کرو اور اوسی پر ہر چیز

اللہ تعالی نے اپنی قدرت کے ایک اور نمونہ کا یہ ذکر فرمایا کہ جس طرح دنیا مین لوگ کسی چیز کا نمونہ دیکھکر اُس کے موافق کوئی چیز بنالیا کرتے ہیں اللہ تعالی نے آسمان و زمین کو اس طرح نہین پیدا کیا بلکہ اُس قادر مطلق نے بغیر کسی نمونے اور مثال کے اپنی قدرت سے آسمان زمین کو نیست سے ہست کیا - صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین یہ ہے کہ آسمان و زمین کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے جو کچھ قیامت تک پیدا ہونے والا تھا اوس سب کا اندازہ اللہ تعالی نے لوح محفوظ مین لکھا ہے اور اس اندازہ کے لکھنے کے وقت اللہ تعالے کا عرش پانی پر تھا اس سے معلوم ہوا کہ پانی - عرش - لوح محفوظ - قلم - ان چیزون کی پیدائش آسمان اور زمین کی پیدائش سے پہلے ہے مسند امام احمد اور ترمذی مین عبادہ بن صامت کی حدیث ہے جسکو ترمذی نے صحیح کہا ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ سب سے پہلے اللہ تعالے نے قلم اور لوح محفوظ کو پیدا ہے اس حدیث کا مطلب علمانے یہ بیان کیا ہے کہ پانی اور عرش کے بعد اور سب چیزون سے پہلے اللہ تعالے نے لوح محفوظ اور قلم کو پیدا کیا ہے یہ مطلب بالکل صحیح اور عبداللہ بن عمرو بن العاص کی صحیح حدیث کے موافق ہے حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی کی ذات قدیم ہے جسکے یہ معنی ہین کہ سب کچھ سلسلہ بہ سلسلہ اوسی قدیم ذات کا پیدا کیا ہوا ہے اس سلسلہ سے پہلے سوا اسکی ذات کے اور کچھ نہ تھا پھر ان نیست سے ہست ہونے والی چیزون کو نہ اوسکی ذات کے ساتھ کچھ مناسبت ہے نہ اس نامناسبتی کے سبب سے کسی کو اوسکی بی بی یا اولاد کہا جا سکتا ہے - اس لئے فرمایا کہ جس نے سب کچھ پیدا کیا عبادت کے قابل وہی ایک معبود ہے - جسکو ہر ایک کی فرمانبرداری اور نافرمانی کا ذرا ذرا حال معلوم ہے اور تمام عالم کی نگہبانی اوسی کے ہاتھ ہے نہ آسمان کی مجال ہے کہ اوسکے حکم کے بغیر زمین پر گر پڑے اور اہل زمین کو ہلاک کردیوے نہ سمندر کو یہ طاقت کہ اپنی حد سے بڑھکر دنیا کو ڈبو دیوے - غور کرنے سے بے گنتی مثالین دنیا مین اس طرح کی موجود ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ عالم کے

منزل ۲

پیدا کرنے کے بعد عالم کی ہر ایک چیز کی نگہبانی اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہے دنیا میں کسی کام کا انتظام کسی شخص کو سونپا جاوے تو اپنے سونے کے وقت وہ شخص اُس انتظام کی نگہبانی سے بے خبر ہو جاتا ہے اس لیئے ہر وقت کی نگہبانی کے ثبوت کی غرض سے صحیح مسلم کی ابو موسیٰ اشعری کی حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سوتا نہیں ہے اور سونا اُسکو سزاوار بھی نہیں ہے کیونکہ رات دن کے تمام عالم کے انتظام کی نگہبانی اُسکے ہاتھ ہے رات کے لوگوں کے سب عمل دن سے پہلے اور دن کے رات سے پہلے اُسکے روبرو پیش ہو کر اونکی سزا و جزا کی حد قائم ہو جاتی ہے اسی طرح لوگوں کے رات دن کے رزق اور روزی وغیرہ کا انتظام اُسکے روبرو پیش رہتا ہے اس قسم کی اور بھی صحیح حدیثیں ہیں جسمیں انسان کی پیدائش موت و حیات کے طرح طرح کے انتظام کا ذکر ہے یہ حدیثیں آیۃ کے ٹکڑے وھو علی کل شئی وکیل کی گویا تفسیر ہیں ۔

لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝

اسکو نہیں پا سکتیں آنکھیں اور وہ پا سکتا ہے آنکھوں کو اور وہ بھید جانتا ہے خبردار

جن آیات متشابہات میں اہل سنت خارجی معتزلی اور مرجیہ فرقوں میں بڑی بحث ہے اون آیتوں میں کی یہ ایک آیۃ بھی ہے وہ فرقے اس بات کے قائل ہیں کہ آخرت میں بھی خدا کا دیدار کسی کو نہیں ہو سکتا لیکن اہل سنت نے آیتوں اور حدیثوں سے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ اہل جنت کو جنت میں ضرور خدا کا دیدار ہوگا ہاں دنیا کی آنکھوں سے کوئی خدا کو نہیں دیکھ سکتا آخرت کی بینائی آخرت کی قوت سب دنیا سے نرالی ہے اب رہی یہ بات کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دنیا کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے یا نہیں اکثر سلف کا یہ قول ہے کہ آنحضرت نے اللہ تعالیٰ کو دنیا میں دو دفعہ فقط خواب میں دیکھا ہے زیادہ تفصیل اسکی سورہ نجم میں آویگی جس کا حاصل یہ ہے کہ قرآن شریف میں تو یہ ذکر ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اُنکی اصلی صورت میں دیکھا لیکن معراج کی حدیثوں میں یہ ذکر ہے کہ معراج کی رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو بھی دیکھا ہے یہ معراج کی حدیثیں سورہ بنی اسرائیل میں آویگی اس آیۃ اور سورہ قیامۃ کی آیۃ وجوہ یومئذ ناظرۃ الی ربہا ناظرہ میں کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ سورہ قیامۃ کی آیۃ میں لفظ یومئذ موجود ہے جسکے معنے قیامت کے دن کے ہیں اور اس آیۃ میں وہ لفظ نہیں ہے اسلیئے یہ آیۃ دنیا کے حال سے متعلق ہے اور سورہ قیامۃ کی آیۃ آخرت کے حال سے متعلق ہے اور ان دونوں آیتوں کو ملا کر پڑھنے سے وہی معنے ہوئے جو اوپر بیان کیئے گئے کہ دنیا کی آنکھوں سے کوئی اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتا ہاں حساب و کتاب کے وقت نیک و بد سب کو اللہ تعالیٰ کے روبرو کھڑا رہنا پڑیگا پھر اہل جنت کو آخرت میں اللہ کا دیدار نصیب ہوگا صحیح مسلم میں ابو امامہ کی بڑی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا موت سے پہلے کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتا اسی طرح صحیح بخاری و مسلم میں ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ

کی روایتین ہیں جنمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخرت میں نیک لوگ اللہ تعالی کو اس طرح دیکھینگے جس طرح اب دنیا میں سورج اور چاند کو دیکھتے ہیں۔ یہ حدیثین اس آیۃ اور سورہ قیامۃ کی آیۃ دونون کی گویا تفسیر ہیں کیونکہ ان حدیثون کو ملاکر پڑھنے سے وہی مطلب حاصل ہوتا ہے جو دونون آیتون کو ملاکر پڑھنے سے اوپر حاصل ہوا تھا۔ دیدار الٰہی کے منکر فرقون نے ان آیتون اور حدیثون کے معنے میں سلف کے برخلاف طرح طرح کی جدید شاخین نکالی ہین اور اہل سنت نے طرح طرح سے اون شاخون کو قطع کیا ہے جسکی تفصیل بڑی تفسیرون میں ہے۔ ہو اللطیف الخبیر اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالے کو سب نیک و بدعملون کی خبر ہے جس دن دیدار الٰہی اور اللہ تعالی کے روبرو کھڑے ہونے کا موقع پیش آویگا تو اللہ ہر ایک شخص کے ساتھ اُس شخص کی نیت اور عملون کے موافق برتاؤ کریگا صحیح بخاری و مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعضے ایماندار گنہ گار قیامت کے دن جب اللہ تعالے کے روبرو جاوینگے تو اللہ تعالی اُنسے قریب ہوکر راز کے طور پر اُنکے گناہ اونہین یاد دلاویگا جب وہ لوگ اپنے گناہون کا اقرار کرینگے تو اللہ تعالی فرماویگا جس طرح دنیا میں تمہارے یہ گناہ لوگون پر ظاہر کرکے مین نے تمہین رسوا نہیں کیا اسی طرح آج بھی مین تمہارے ان گناہون کو معاف کرتا ہون اسی حدیث کے آخر مین ہے کہ منکرین قیامت اور منافقون کے سارے گناہ تمام اہل محشر کو جتلائے جاکر اونکو رسوا کیا جاویگا کہ یہ لوگ اللہ تعالی کی لعنت کے قابل ہیں جسکا مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ اللہ کی جنت سے اور دوزخ مین جانے کے قابل ہیں صحیح مسلم میں صہیب سے روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اہل جنت کو بلا حجاب اللہ تعالی کا دیدار نصیب ہوگا یہ حدیثین آیۃ کی گویا تفسیر ہیں جنسے اللہ تعالے کے ہر ایک حال کی خبر رکھنے اور اُسکے نتیجہ کی یہ تفصیل معلوم ہوسکتی ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالی کے لطف و کرم اور مواخذہ کا برتاؤ کیونکر ہوگا اور اہل جنت کو جنت میں اللہ تعالی کا دیدار کسطرح ہوگا

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

تمکو پہونچ چکین سوجھ کی باتین تمہارے رب سے پھر جسنے دیکھ لیا سو اپنے واسطے اور جو اندھا رہا سو اپنے برے کو اور مین نہین

بِحَفِيْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

تمہیر نگہبان اور یون بہیر بہیر سمجھاتے ہیں آیتین اور تاکہین کہ تو پڑھا ہے اور تا واضح کرین ہم اُسکو واسطے سمجھ والونکے

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

تو چل اوسپر جو حکم آوے تجکو تیرے رب سے کسی کی بندگی نہین سوائے اُسکے اور جانے دے شریک والونکو اور اگر اللہ چاہتا

مَآ اَشْرَكُوْا ۚ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝

تو شریک کرتے اور تجکو ہمنے نہیں کیا اونکا نگہبان اور تمہیر نہین اونکا حوالہ

آنکھون مین ہر چیز کے دیکھنے کی جو قوت ہے اسکو بصارت کہتے ہیں اور دلون میں ہر چیز کے سمجھنے کی جو قوت ہے

اُسکو بصیرت کہتے ہیں بصائر بصیرت کی جمع ہے - شروع سورہ سے توحید الٰہی اور قدرت الٰہی کی جو آیات قرآنی گذرین اونکو بصائر فرمایا مطلب یہ ہے کہ شروع سورہ سے یہان تک جو آیتین گذرین وہ سمجھہ دار آدمی کے دل مین قدرت الٰہی کا اثر ڈالنے کے لئے اور اوس اثر سے توحید الٰہی اُسکے دل میں پیدا ہوجانے کے لئے کافی ہیں اب جو کوئی ان آیتون کو سنکر اونکی نصیحتون کے موافق عمل کریگا اوسکی عقبے درست ہوجاویگی اور جو کوئی ان نصیحتون کے بعد بھی کور باطن رہے گا اوس کا خمیازہ اوسی کو بھگتنا پڑے گا پھر فرمایا ای رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ مین فقط اللہ کا حکم پہونچانے والا ہون تمہاری بداعمالی کی گرفت میرے ہاتھہ میں نہین ہے وہ تو اللہ تعالی کے اختیار میں ہے وہ جب چاہے گا تمہاری بداعمالی کا مواخذہ فرماویگا - سورہ انفال میں آویگا کہ مشرکین مکہ قرآن کی آیتون کو جھٹلاتے اور یہ کہتے تھے کہ اگر یہ قرآن کلام الٰہی ہے تو اُسکے جھٹلانے کے وبال میں ہم پر کوئی آسمانی عذاب کیون نہیں آتا اُس کا جواب اللہ تعالی نے اپنے رسول کی معرفت قرآن مین جگہ جگہ یہہ جتلا دیا ہے کہ عذاب کا بھیجنا اللہ کے اختیار مین ہے اللہ کے رسول کے اختیار مین نہیں ہے یہ لوگ ناحق عذاب کی جلدی کرتے ہیں وقت مقررہ پر عذاب کا آجانا بھی اللہ کی قدرت سے کچھہ دور نہیں ہے - اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے بدر کی لڑائی کے وقت اس وعدہ کا ظہور ہوا کہ عذاب کی جلدی کرنے والے ابوجہل وغیرہ اس لڑائی مین بے گور وکفن بڑی ذلت سے مارے گئے اب فرمایا کہ قرآن کی آیتون میں ہر طرح کی نصیحت - مشرکین کے ہر ایک اعتراض کا جواب - سچی پیشین گوئی یہ سب کچھہ تفصیل سے اسلئے بیان کیا جاتا ہے کہ جو لوگ علم ازلی مین نیک قرار پاچکے ہین وہ جان لیوین کہ یہ باتین ان پڑھہ شخص سے بغیر غیب کی مدد کے ہرگز نہین ہوسکتین اور جو لوگ علم الٰہی مین بدٹھہر چکے ہین وہ قرآن کی آیتین سنکر طرح طرح کی باتین بناوے کبھی کہوین یہ قرآن پچھلے لوگون کی کہانی ہے کبھی کہوین محمد خود تو ان پڑھہ ہیں اہل کتاب سے کچھہ باتین سیکھہ کر وہ جاکے روبرو بیان کرتے ہیں اور اوسکو کلام الٰہی مشہور کرتے ہیں - پھر فرمایا کہ اے رسول اللہ کے ان لوگون کی بے ٹھکانے باتون کا کچھہ خیال نہ کرنا چاہیے بلکہ تم کو یہی چاہیے کہ تم قرآن کی ہدایت کے موافق ان لوگون کو توحید کے احکام سناتے جاؤ تاکہ توحید سے ان کے کان آشنا رہیں اسکے بعد علم الٰہی کے موافق ان مین کے جو لوگ شرک پر اڑے ہیں نہ اللہ تعالی اون کو مجبور کرکے راہ راست پر لانا چاہتا ہے نہ اوس نے تم کو اسبات پر مامور اور وکیل کیا ہے کہ ہر ایک مشرک کی حالت کی نگہبانی کرکے اوسکو اسلام پر مجبور کیا جاوے صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن شریف ایک ایسا بڑا معجزہ مجھکو دیا گیا ہے جس کے سبب سے قیامت کے دن سب نبیون کی امتون سے میری امت کی تعداد زیادہ ہوگی عبداللہ بن عمرو بن العاص کی صحیح مسلم کی حدیث بھی گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے جو کچھہ قیامت تک ہونے والا ہے اللہ تعالے نے اپنے علم ازلی کے موافق وہ سب

لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے صحیح بخاری و مسلم میں عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماں کے پیٹ میں جب بچہ کا پتلا بنکر تیار ہوجاتا ہے تو اوس میں روح پھونکنے سے پہلے اللہ کے حکم کے موافق فرشتہ یہ لکھ لیتا ہے کہ بڑا ہوکر یہ بچہ نیک اوٹھے گا یا بد صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث بھی گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی مثال مینہہ کی اور اچھے بُرے لوگوں کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے یہ حدیثیں ان آیتوں کی گویا تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن شریف میں ایسی کامل نصیحت موجود ہے جس سے بہ نسبت اور امتوں کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی تعداد قیامت کے دن بڑھ جاویگی لیکن علم الٰہی کے موافق پہلے لوح محفوظ میں اور پھر ماں کے پیٹ میں جو لوگ بد لکھے جا چکے ہیں اُنکے دل میں قرآن کی نصیحت کا اسی طرح کچھ نیک اثر پیدا نہیں ہوگا جس طرح بُری زمین میں مینہہ کا کچھ نیک اثر نہیں پیدا ہوتا اور مجبور کرکے ایسے بد لوگوں کو راہ راست پر لانا اللہ تعالے کو منظور نہیں ہے کیونکہ یہ مجبوری اُس انتظام الٰہی کے برخلاف ہے جسکی بنیاد پر دنیا پیدا کی گئی ہے کہ بغیر کسی مجبوری کے دنیا میں نیک و بد کو جانچا جاوے دنیا میں پیدا ہونے کے بعد اپنے قصد اور ارادہ سے ہر شخص عمر بھر جو کچھ کریگا لوح محفوظ میں اور ماں کے پیٹ میں بچہ کے ہونے کیوقت میں اللہ تعالے کے علم ازلی کے موافق ہر شخص کی وہ حالت لکھی گئی ہے اُس حالت کے لکھے جانے سے جن لوگوں نے انسان کے مجبور ہونے کا مطلب نکالا ہے اون کی بڑی غلطی ہے۔

منزل ۲

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا

اور تم لوگ برا نہ کہو جنکو وہ پکارتے ہیں اللہ کے سوائے کہ وہ برا کہہ بیٹھیں اللہ کو بے ادبی سے نہ سمجھکر اسی طرح ہمنے پہلے دکھایا ہے

لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

ہر فرقے کو اُنکے کام پھر اُنکو اپنے رب تک پہنچنا ہے تب وہ جتا دیگا جو کچھ کرتے تھے

تفسیر عبدالرزاق تفسیر سدی تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابن ابی حاتم میں جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اوس کا حاصل یہ ہے کہ اسلام کی قوت سے پہلے مسلمان جب مشرکوں کے تبوں کو برا کہتے تھے تو وہ خدا کو برا کہنے پر آمادہ اور مستعد ہوجاتے تھے اوسپر خدا تعالے نے یہ آیۃ نازل فرماکر مسلمانوں کو تبوں کے برا کہنے سے منع فرمایا جب مسلمانوں کا زور ہوگیا تو تبوں کو برا کہنا تو درکنار فتح مکہ کے وقت مسلمانوں نے اون تبوں کو توڑ ڈالا اس آیت کے حکم سے یہ مسئلہ نکلا کہ ضعف اسلام کے وقت کسی مباح کام سے کوئی بڑا فتنہ پیدا ہوتا ہو تو اُس مباح کام کو نہیں کرنا چاہیئے آیۃ جہاد سے اس آیۃ اور اوسکی اوپر کی دو آیتوں کو بعض مفسروں نے جو منسوخ کہا ہے اُسکی تفصیل اوپر گذر چکی ہے کہ جہاد کی آیۃ سے درگذر کی آیتیں نسوخ نہیں ہیں۔ یہ عبدالرزاق بن ہمام صنعانی بخاری کے استاد ہیں بخاری نے کہا ہے کہ اُنکی کتابوں کی روایۃ صحیح ہے آخر عمر میں یہ نابینا ہوگئے تھے اُس زمانہ کی

ان کی زبانی روایۃ میں محدثین کو تردد ہے ان کی تفسیر اون کی نابینا ہونے سے پہلے کی ہے اسواسطے معتبر ہے انکا شمار متقدمین مفسرین میں ہے اور انکی تفسیر اہل حدیث کے طور کی منقول تفسیر ہے ابن ماجہ اور عالم نے تفسیر کے باب میں انکا طبقہ مقدم ہے اب آگے فرمایا کہ جو حال ان مکہ کے مشرکون کا ہے کہ باوجود طرح طرح کی نصیحت کے یہ اپنا بھلا برا نہین سمجھتے اور اپنے شرک کی برائی کو یہ لوگ یہان تک جانتے ہیں کہ ان کے پتھر کے بتون کو اگر کوئی برا کہوے تو اسکے مقابلہ مین یہ اپنے پیدا کرنے والے کی مذمت پر آمادہ ہو جاتے ہیں قوم نوح سے لیکر فرعون اور اوس کی قوم تک یہی حال سب پچھلی امتون کا تھا کہ وہ لوگ شرک کو اچھا اور شرک کے چھوڑ دینے کی نصیحت کو برا جانتے تھے آخر نتیجہ اسکا یہ ہوا کہ دنیا مین تو وہ لوگ طرح طرح کے عذاب سے ہلاک ہو گئے اور عقبے مین ایسے لوگون کو اللہ تعالے کے روبرو کھڑے ہو کر اپنے اعمال کی جوابدہی کرنی اور جوابدہی میں قائل ہو کر ان اعمال کی سزا بھگتنی پڑیگی معتبر سندسے ترمذی نسائی ابن ماجہ وغیرہ کے حوالہ سے ابوہریرہ رض کی حدیث گذر چکی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ شیطان کے پھندے میں پھنسکر جب آدمی گناہ پر گناہ کرتا چلا جاتا ہے تو اسکے دل پر زنگ لگ جاتا ہے جس سے اوسکا دل مرجاتا ہے اور وہ مردہ دل نصیحت کے سمجھنے سے غافل ہو کر برے کام کو اچھا جاننے لگتا ہے اس سبب سے برے کام سے باز آنے کی اسکو توفیق نہیں ہوتی اور مجبور کر کے کسی کو راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے اسلئے اللہ تعالے ایسے شخص کو اسکے حال پر چھوڑ دیتا ہے اور اسکا عقبے کا انجام برا ہونے والا ہے جسکا ذکر آیۃ مین ہے حاصل یہ ہے کہ یہ حدیث آیۃ کی تفسیر ہے جس سے برے کام کو اچھا جاننے کا مطلب اچھی طرح سمجھ مین آجاتا ہے مسند امام احمد کے حوالہ سے معتبر سند کی ابوسعید خدری کی حدیث گذر چکی ہے جس کے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ شیطان اللہ کے روبرو اس بات پر قسم کھا چکا ہے کہ اوس سے جہانتک ہو سکے گا وہ بنی آدم کو بہکاوے گا صحیح مسلم کے حوالہ سے جابر کی حدیث بھی گذر چکی ہے کہ شیطان نے اپنا تخت سمندر مین بچھا رکھا ہے جسپر خود تو وہ بیٹھ جاتا ہے اور اپنے شیاطینون کو طرح طرح سے بہکانے کی پٹی پڑھا کر لوگون کے بہکانے کو بھیجتا ہے شیطان کے بہکانے کا مطلب یہی ہے کہ وہ حق بات کے مقابلہ مین ناحق بات کو ایسے اچھے ڈھنگ سے لوگون کو دکھاتا ہے جس سے بڑے بڑے عقلمند دھوکا کھا جاتے ہیں اور انکے شرعی صحیح عقیدہ یا عمل مین فتور پڑ جاتا ہے مثلاً فلسفی لوگ باوجودیکہ بڑے عقلمند کہلاتے ہیں لیکن اس ملعون نے انکو عقلی دلیلون کے پھندے میں پھنسا کر اس عقیدہ پر اوندھا دیا کہ حشر مین جسم پھر دوبارہ پیدا نہ ہوگا بلکہ آدمی کے مرنے کے بعد فقط روح باقی رہے گی اور اچھے لوگون کی روح کو اچھی باتون کے تصور سے ایک طرح کی خوشی ہوگی اور برے لوگون کی روح کو بری باتون کے تصور سے ایک طرح کا رنج ہوگا اس کا نام جنت و دوزخ ہے اسکے سوا اور بھی اسی طرح کے غلط عقیدے ہیں جن پر یہ لوگ جمے ہوئے ہیں اور ان عقیدون کو ایسا اچھا جانتے ہیں کہ انکے مقابلہ مین انبیا کی آسمانی ہدایت کو اپنی حق

منزل ۲

مین ضروری نہین خیال کرتے چنانچہ سقراط کو اوسوقت کے بعض نیک لوگون نے حضرت موسے علیہ السلام کے پاس جانے اور شریعت موسوی کی باتین سیکھنے کی صلاح دی تو سقراط نے اسکا جواب یہ دیا کہ انبیا عام لوگونکی ہدایت کے لئے آتے ہیں ہم لوگون کو انبیا کی ہدایت کی ضرورت نہین حالانکہ سقراط اور اُسکے ہم عقیدہ فلسفیون کا یہ قول کہ اُنکو انبیا کی ہدایت کی ضرورت نہیں بالکل ایک غلط اور شیطانی بہکاوے کا قول ہے کیونکہ عقبے کی عیب کی باتین حواس اور عقل سے نہیں معلوم ہوسکتین اس لئے اون کے سیکھنے مین انبیا کی تعلیم کی ضرورت ہے ان لوگون نے اس ضرورت کا انکار کیا اسی واسطے ایسی غیب کی باتون مین اون کے اکثر قول غلط ہیں مثلاً شیخ بوعلی بن سینا سے پہلے کے فلسفیون کا یہ عقیدہ تھا کہ سوا اپنی ذات کے اللہ تعالے کو کسی اور چیز کا علم نہین ہے شیخ ابو علی بن سینا نے یہ قول تراشا کہ اللہ تعالے کو سوا اپنی ذات کے کلیات کا علم ہے جزئی باتون کا علم نہین ہے پہلا قول تو اس لئے غلط ہے کہ مخلوقات مین ہر شخص اپنی ذات کو اور اپنے پیدا کرنے والے کو جانتا ہے تو گویا نعوذ باللہ مخلوقات کا علم اس صورت مین اللہ تعالے کے علم سے بڑھا ہوا ہے - اس بات کا منہ سے نکالنا دیوانہ پن نہین تو اور کیا ہے - دوسرا قول اس سبب سے غلط ہے کہ جو بادشاہ اپنی بادشاہت کا جزئی نہ جانے اُسکی بادشاہت کیونکر چل سکتی ہے کیونکہ سلطنت کے جزئی امور مین کارپرداز جو چاہین گے وہ اُس انجان بادشاہ سے کرالینگے جس سے رفتہ رفتہ سلطنت کا انتظام خراب ہوجاویگا حالانکہ اللہ تعالے کی بادشاہت کا انتظام اس عیب سے بالکل پاک ہے اسواسطے انبیا کی تعلیم یہی ہے کہ اللہ تعالی کو تمام عالم کے ذرہ ذرہ کا علم ہے اور اسی علم کے موافق قیامت کے دن جزا و سزا ہوگی انبیا کی تعلیم کے موافق جب ذرہ ذرہ برابر عمل کی جزا و سزا ہوگی تو اوس وقت شیخ کو اپنے قول کی غلطی معلوم ہوجاوے گی اور اپنے غلط قول کا اوسے اُسوقت پچھتاوا ہوگا جسوقت کا پچھتاوا کام نہ آویگا جس طرح اس عقیدہ کا فتور بیان کیا گیا ہے اسی طرح شیطان بدعت اور ریاکاری مین پھنساکر لوگونکے عملون میں طرح طرح کے فتور ڈالدیتا ہے جس کی مثالین شریعت کی کتابون میں کثرت سے ہیں غرض اسی طرح کی باتون کو کذلک زینا لکل اُمۃ عملھم - فرمایا جس کا مطلب یہ ہے کہ شیطان کے بہکاوے سے بعضے لوگونکی انظرون میں برے کام یہان تک اچھے لگنے لگتے ہیں کہ باوجود نصیحت کے وہ لوگ اون بُرے کامون سے باز نہین آتے ایسے لوگون کو اللہ تعالے اون کے حال پر چھوڑ دیتا ہے کیونکہ یہہ اوپر گذر چکا ہے کہ مجبور کرکے کسی کو راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے +

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ

اور قسمین کھاتے ہیں اللہ کی تاکید سے کہ اگر انکو ایک نشانی پہنچے البتہ اوسکو مانین تو کہہ نشانیان تو

عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ

اللہ کے پاس ہیں اور تم مسلمان کیا خبر رکھتے ہو کہ جب وہ آوین گے تو یہ نہ مانین گے اور ہم اُلٹ دین گے اُنکے دل اور آنکھین

كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

جیسے منکر ہوئے ہیں اُس سے پہلے بار اور چھوڑ رکھین گے اُنکو اپنے جوش میں بہکتے

تفسیر ابن جریر وغیرہ میں مجاہد اور بعضے اور سلف کے قول کے موافق ان آیتون کی شان نزول جو بیان کی گئی ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ قریش طرح طرح کے معجزے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چاہتے تھے اور قسمین کھا کر یہ کہتے تھے کہ ان معجزون کے دیکھ لینے کے بعد وہ اسلام کے تابع ہوجاوین گے۔ مشرکون کی قسما قسمین دیکھکر مسلمان لوگون کی بھی یہ خواہش تھی کہ ان معجزون کا ظہور ہوجاوے تو خوب ہے تاکہ اون معجزون کے دیکھنے کے بعد اپنی قسما قسمی کے موافق شاید ان مشرکون میں سے کچھ لوگ اسلام کے تابع ہوجاوین اسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائیں حاصل معنے ان آیتون کے یہ ہیں کہ اللہ تعالے نے اپنے رسول کی معرفت مشرکون کی خواہش کا تو یہ جواب دیا کہ معجزہ اللہ کے اختیار مین ہے جب اوس کی حکمت مقتضی ہوگی کسی معجزہ کا ظہور ہوجاویگا کسی کی خواہش اور قسما قسمی پر معجزات کا ظہور منحصر نہین ہے کیونکہ یہ عادت الٰہی ہے کہ جس قوم کی خواہش پر کسی معجزہ کا ظہور ہوا اور اُس معجزے کے دیکھنے کے بعد بھی وہ قوم راہ راست پر نہ آوے تو اکثر ایسی قوم کسی عذاب مین گرفتار ہوکر ہلاک ہوجاتی ہے۔ مسلمانون کی خواہش کا یہ جواب دیا کہ جو لوگ اللہ کے علم مین دوزخی ٹھہر چکے ہیں اون کا حال تم کو معلوم نہیں اللہ تعالے کو اون کا حال خوب معلوم ہے کہ اس خواہش اور قسما قسمی سے پہلے جس طرح معراج شق القمر وغیرہ معجزات کا اونکے دل پر کچھ اثر نہیں ہوا اسی طرح وہ اپنے کفر میں سرگردان رہین گے۔

منزل ۲

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا

اور اگر ہم اوپر اتارین فرشتے اور آنسے بولین مردے اور جلادین ہم ہر چیز کو اونکے سامنے ہر گز

مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ۝

ماننے والے نہین مگر جو چاہے اللہ پر یہ اکثر نادان ہین

اوپر کی آیتون کے سلسلہ مین فرمایا کہ اگر ان مشرکون کے روبرو فرشتے مرے ہوئے مردے اور جہان بھر کی ہر ایک چیز اللہ کے رسول اور اللہ کے کلام کی گواہی دیوے تو بھی جبتک اللہ نہ چاہے اسوقت تک یہ لوگ راہ راست پر نہ آوین گے لیکن اللہ یہ نہیں چاہتا کہ اپنے علم ازلی کے برخلاف کسی کو مجبور کرکے راہ راست پر لاوے اسلئے ایسے لوگون کی قسما قسمی پر مسلمانون کے معجزہ کی خواہش ایک انجان بچے کی خواہش ہے جو مسلمانون کے حق مین مناسب نہین ہے بلکہ اونکے حق مین یہ مناسب ہے کہ وہ ایسے انجان معاملہ کو اللہ کی مرضی پر چھوڑ دین اسکے علم ازلی کے موافق جو مناسب ہوگا وہ وقت مقررہ پر خود ظہور مین آجاویگا۔ اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے اسکے علم ازلی مین جو اہل مکہ دوزخی ٹھہر چکے تھے وہ فتح مکہ تک اسی کی حالت مین مرگئے اور جو لوگ راہ راست پر آنے والے تھے فقط فتح مکہ نے اونکو بڑے سے بڑے معجزہ کا اثر دکھایا جس سے وہ سب تابع اسلام ہوگئے ان آیتون مین قرآن شریف کا ایک بڑا یہ معجزہ ہے کہ اہل مکہ کا جو حال اللہ تعالے نے ان آیتون مین فرمایا تھا آخر کو کچھ عرصہ کے بعد ویسا ہی ظہور ہوا جن لوگون کا راہ راست پر آنا اللہ تعالی کے علم مین اور اوس علم کے موافق اسکے ارادہ ازلی مین ٹھہر چکا تھا وہی لوگ اہل مکہ مین سے راہ راست پر آئے اور باقی کے لوگ اوسی گمراہی کی حالت مین دنیا سے اوٹھ گئے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ ایک سو بیس دن کے عرصہ مین جب بچہ کا پتلا ماں کے پیٹ مین تیار ہوجاتا ہے تو اللہ تعالی کے علم ازلی کے موافق فرشتہ یہ لکھ لیتا ہے کہ بڑا ہوکر یہ بچہ نیک ہوگا یا بد اسکے بعد اس پتلے مین روح پھونکی جاتی ہے اسی طرح صحیح بخاری و مسلم مین حضرت علی کی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ اللہ تعالی کے علم ازلی مین نیک ٹھہر چکے ہین اونکے دل مین ہمیشہ نیک کامون کا ارادہ اللہ کی طرف سے پیدا ہوتا رہتا ہے جس سے ہر ایک نیک کام کا کرنا اونکو آسان ہوجاتا ہے اور جو لوگ اللہ تعالے کے علم مین بد ٹھہر چکے ہین اونکا دل نیک کام کی طرف مائل نہین ہوتا اسواسطے اللہ تعالی کی جانب سے اونکے دل مین نیک کامون کا ارادہ پیدا نہین ہوتا جس سے ایسے لوگ ہمیشہ بدکامون مین لگے رہتے ہین۔ یہ حدیثین اس آیۃ اور اس سے اوپر کی آیتون کی گویا تفسیر ہین کیونکہ آیتون اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ اہل مکہ مین سے جو لوگ عمر بھر کفر مین سرگردان رہے اور پھر اسی حالت پر مرگئے نہ قرآن کی نصیحت نے اونکے دل مین کچھ اثر پیدا کیا نہ معراج اور شق القمر جیسے معجزات کو اونھون نے عبرت کی نگاہ سے دیکھا یہ وہی لوگ تھے جو اللہ تعالی کے علم کے موافق ماں کے پیٹ مین بد لکھے گئے تھے جسکے سبب سے عمر بھر اسلام کی طرف اونکا دل مائل نہین ہوا اسی واسطے

ف ۱

ان آیتون میں فرمایا کہ فرشتے مرے ہوئے مردے اور جہان بھر کی سب چیزین انکے روبرو اللہ کے رسول اور اللہ کے کلام کے سچے ہونے کی گواہی دیوین جب بھی اللہ تعالی کے علم کے برخلاف ان لوگونکی قسمون کا کچھہ ظہور نہ ہوگا نقلب افئدتہم وابصارہم۔ اسکا مطلب یہی ہے جو حضرت علیؓ کی حدیث میں گذرا کہ یہ لوگ علم الٰہی میں بدبخت ہوچکے ہیں اسلئے جو معجزات یہ لوگ چاہتے ہیں وہ اوپر کے دل سے ہیں اون معجزات کے دیکھنے کے بعد بھی انکا دل حق بات کی طرف مائل ہوگا نہ اللہ تعالی کی جانب سے کوئی نیک ارادہ انکے جیمین پیدا ہوگا اسواسطے حق بات کی طرف سے اون کا دل جیسا پھرا ہوا تھا ویسا ہی رہے گا اور اُن کی آنکھون پر ان معجزات کے دیکھنے کے بعد بھی وہی پردہ پڑا رہے گا جو معراج اور شق القمر کے بعد تھا ؛۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ

اور اسی طرح رکھے ہیں ہمنے ہر نبی کے دشمن شیطان آدمی اور جن سکھاتے ہیں ایک دوسرے کو

زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَلِتَصْغٰٓى

ملمع باتین فریب کی اور اگر تیرا رب چاہتا تو یہ کام نہ کرتے سو چھوڑ دے وہ جانین اور انکا جھوٹ اور تاکہ جھکین

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ۝

منزل ۲ اس طرف دل اونکے جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا اور وہ اسکو پسند کرین اور تاکہ جاوین جو غلط کام کر رہے ہیں

شروع سورہ سے یہانتک مشرکین مکہ کی ایسی چند باتون کا ذکر گذرا جو باتین یہ لوگ عداوت دینی کے سبب سے کرتے تھے کبھی کہتے تھے اللہ تعالی کی طرف سے ایک نوشتہ خاص ہم لوگون کے نام اسلام کی تصدیق کا آویگا جب ہم دین اسلام کو سچا جانین گے کبھی کہتے تھے آسمان پر سے ایک فرشتہ آنکر ہمارے روبرو اسلام کی تصدیق کیون نہیں کرتا کبھی قرآن کو پچھلے لوگون کی کہانیان بتلاتے تھے کبھی کہتے تھے اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں تو اللہ سے دعا کرکے ہمکو اتنا خزانہ دلوادین کہ ہم مالامال ہوجاوین کبھی کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں ایسے غریب لوگ ہر وقت گھسے رہتے ہیں جنکے سبب سے ہم انکی مجلس مین جانا اپنی کسر شان سمجھتے ہیں کبھی قرآن کی شان نزول میں اور اللہ تعالی کی شان میں بے ادبی کے لفظ منہہ سے نکالنے کو مستعد ہوجاتے تھے کبھی کہتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خود تو ان پڑھ ہیں اہل کتاب سے کچھہ باتین سیکھہ آتے ہیں اور پھر اونہیں کو کلام الٰہی مشہور کرتے ہیں ان لوگون کی ایسی باتونسے گھڑی گھڑی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑا رنج ہوا کرتا تھا اللہ تعالے نے اپنے رسول کا رنج دفع کرنے کے لئے یہ آیتین نازل فرمائیں اور فرمایا کہ اے رسول اللہ کے ان دشمن دین لوگون کی یہ دشمنی کی باتین تمہارے ساتھہ کچھہ انوکھی نہیں ہیں بلکہ پچھلے انبیا سے بھی اُسوقت کے مخالف لوگ ایسی ہی باتین کرتے رہے ہیں شیاطین انس والجن کی تفسیر میں سلف کا اختلاف ہے لیکن صحیح مسلم کے حوالے سے جابر کی

حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان خود تو اپنا تخت سمندر میں بچھا کر بیٹھ جاتا ہے اور اپنے شیاطینون کو لوگون کے بہکانے کے لئے بھیجدیتا ہے یہ حدیث تو شیطین الجن کی تفسیر ہوئی جسکا مطلب یہ ہے کہ جن تو خود شیطان ہے اور وہ شیاطین جنکو شیطان لوگون کے بہکانے کے لئے بھیجتا ہے وہ شیاطین الجن ہیں اب ان شیاطین کے بہکاوے میں جو لوگ آتے ہیں وہ دو طرح کے ہیں ایک تو اُس بہکاوے میں آکر خود برے کام کرنے لگتے ہیں دوسرے وہ کہ خود بھی بُرے کام کرتے ہیں اور شیاطینون کی طرح دوسرے آدمیون کو بھی بُرے کام کی رغبت دلاتے ہیں مثلاً جسطرح عمرو بن لحی قبیلہ خزاعہ کا سردار کہ شیاطینون کے بہکانے سے خود بھی بت پرست ہوا اور جدے سے مکہ مین بت لاکر اہل مکہ کو بھی بت پرستی کی رغبت دلائی اور مکہ میں بت پرستی پھیلائی عمرو بن لحی کا یہ قصہ صحیح حوالہ سے اوپر گذر چکا ہی صحیح مسلم مین جریر بن عبداللہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ایسا برا طریقہ نکالے کہ جس سے لوگ بُرے کامون مین لگ جاوین تو اُسکو اُسکے ذاتی بدعملون کی سزا کے علاوہ لوگون کے بہکانے کی سزا بھی ملیگی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو انسان لوگون کے بہکانے میں شیاطینون کا سا کام کرے وہی شیاطین الانس ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے شیاطین الانس کی تفسیر کاہن لوگون کو قرار دیا ہے لیکن یہ تفسیر جریر بن عبداللہ کی حدیث کی مخالف نہیں ہے کیونکہ جریر بن عبداللہ کی حدیث کے حکم میں کاہن لوگ اور غیرون کے بہکانے والے سب لوگ داخل ہیں اور ان سب لوگون کو شیاطین الجن کی سی سزا دیجاویگی مسند امام احمد وغیرہ میں ابوذر کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شیاطین الجن سے جدا اور شیاطین الانس سے جدا اللہ تعالی سے پناہ مانگنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ شیاطین الجن کے علاوہ بنی آدم میں سے شیاطینون کی طرح بہکانے والے آدمیون کو آپ نے شیاطین الانس فرمایا ہے کیونکہ ابوذر کی اس حدیث کی بعضی روایتون میں یہ لفظ بھی ہیں کہ شیاطین الانس اصل شیاطینون سے زیادہ بہکاتے ہیں مالک بن دینار نے اپنا یہ ایک تجربہ بیان کیا ہے کہ اصل شیاطین ذکر الٰہی کے وقت بھاگ جاتے ہیں لیکن شیاطین الانس کسی وقت بہکانے سے باز نہین آتے یہ مالک بن دینار معتبر تابعی ہیں بخاری میں بغیر سند کے اور سوا مسلم کے صحاح میں مع سند کے ان مالک بن دینار سے روایتین ہیں ابوذر کی اس حدیث کی روایتہ کے چند طریق ہیں جنمین بعضے معتبر ہیں اسلئے یہ حدیث معتبر ہے۔ یہ عمرو بن لحی بھی کاہن تھا۔ کاہن وہ لوگ تھے جو شیاطین کی نیاز نذر کرتے رہتے تھے جسکے سبب سے شیاطین ایسے لوگون کو اپنا معتقد سمجھتے تھے اور چوری سے آسمان پر کی باتین جو سن آیا کرتے تھے وہ ان لوگون سے کہدیا کرتے تھے اور اپنی طرف سے اونمین اکثر جھوٹ بھی ملادیا کرتے تھے اور یہ کاہن اپنے معتقدون کو پیشین گوئی کے طور پر آیندہ کی کچھ جھوٹ سچ باتین بتلادیا کرتے تھے ان ہی باتونکو آپس کی فریب اور ملمع کی باتین فرمایا صحیح بخاری مین حضرت عائشہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کاہن کی ایک بات سچی ہوتی ہے تو سو جھوٹی ہوتی ہیں اور یہ بھی فرمایا کہ سچی وہ بات ہوتی ہے جو شیاطین

مترجم

چوری سے آسمان پر سے سن آتے ہیں یہ حدیث فریب اور ملمع کی باتون کی تفسیر ہے آگے فرمایا کہ اگر اللہ چاہے تو ان بناوٹ کی باتونسے لوگونکا بہکانا بند ہوجاوے لیکن امتحان کے طور پر جس طرح شیطان کو دنیا مین چھوڑا گیا ہے اوسی طرح یہ بھی ایک امتحان کا طریقہ ہے اسکو اپنے حال پر چھوڑ دیا جاوے کیونکہ جو لوگ ایسی باتون کے قائل ہیں وہی ایسی بناوٹ کی باتون کی طرف اپنے دلون کو مائل کرتے ہیں اور وہی ایسی باتون کو پسند کرتے ہیں اور جو وحی کے احکام کے پابند ہین وہ ایسی بناوٹ کی باتون کی پروا نہین کرتے۔ پھر فرمایا یہ وحی کے منکر جو کچھ کر رہے ہیں انکو انکے حال پر چھوڑ دیا جاوے وقت مقررہ پر انکا کیا انکے آگے آجاویگا۔

أَفَغَيْرَ اللَّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ

کیا اب سوا اللہ کے کسی اور کو منصف کرون اور اسی نے اتاری تمکو کتاب واضح اور جنکو ہمنے کتاب دی ہے وہ

الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝ وَتَمَّتْ

سمجھتے ہیں کہ یہ نازل ہوئی ہے تیرے رب کے پاس سے تحقیق سو تو ست ہو شک لانیوالا اور تیرے

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

رب کی بات پوری سچ ہے انصاف کی کوئی بدلنے والا نہیں اسکے کلام کو اور وہ ہے سنتا جانتا

مترجم

مشرکین مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہتے تھے کہ اہل کتاب مین سے کوئی شخص منصف قرار دیا جاوے کہ وہ قرآن کو کلام الہی کہدیوے تو پھر ہم لوگ آپکے نبی برحق اور قرآن کے کلام الہی ہونے کے قائل ہوجاوینگے اسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمایا اے رسول اللہ کے ان مشرکون سے کہدیا جاوے کہ میرے اور تمہارے مابین اللہ تعالی سے بڑھکر کون اس بات کا منصف قرار پاسکتا ہے کہ مین اللہ کا رسول ہون اور قرآن کلام الہی ہے اور اللہ تعالے کے منصف ہونے کی یہ نشانی ہے کہ قرآن میں جہان اور باتون کی تفصیل ہے وہان یہ بات بھی مین تمکو سناچکا ہون کہ جو شخص اللہ پر کوئی جھوٹ بناوے تو اللہ تعالی فورًا اسکو ہلاک کردیتا ہے اور یہ بھی تمکو سناچکا ہون کہ اگر تم قرآن کو اللہ تعالی کا کلام نہین مانتے بلکہ یہ کہتے ہو کہ مین نے اپنی طرف سے یہ کلام بنالیا ہے تو تم بھی ایسا کچھ کلام بناکر پیش کرو کیونکہ بشر ہونے مین تم اور مین دونون برابر ہیں جب ان باتون مین سے کسی بات کا ظہور نہین ہوا تو اللہ تعالی کی طرف سے خود یہ منصفی ہوگئی کہ مین اللہ کا رسول ہون اور قرآن کلام الہی ہے رہی یہ بات کہ اہل کتاب مین سے کسی کو اس باب میں منصف قرار دیا جاوے اسکا جواب یہ ہے کہ موسے علیہ السلام عیسے علیہ السلام دونون کی نبوت کی تصدیق توراۃ اور انجیل دونون کتابون کی تصدیق سب کچھ اس قرآن مین موجود ہے اسواسطے مجھکو تو اس باب میں کوئی شک وشبہ نہین کہ اہل کتاب کے دل اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ یہ قرآن کلام الہی ہے اب زبانی اسکے برخلاف جو کچھ وہ کہتے ہین تو گویا اپنی کتاب اور اپنے نبی کے وہ لوگ منکر ہیں۔ قرآن کے کلام الہی

ہونے کی یہ بھی ایک نشانی ہے کہ اُسمین پچھلی اور آیندہ کی جو خبرین ہیں وہ سب سچی ہیں اوس میں جتنے حکم ہیں وہ سب منصفانہ ہیں۔ توراۃ اور انجیل میں جسطرح ردوبدل ہوگیا اسمین وہ ردوبدل ممکن نہین۔ پچھلی شریعتون کے اکثر احکام اس سے منسوخ ہوگئے اسکے احکام قیامت تک باقی رہوین گے۔ آخر کو فرمایا اسکے برخلاف جو کوئی کچھ کہتا ہی وہ سب اللہ تعالی سنتا ہے اور جو کوئی اسکے برخلاف دل میں کچھ عقیدہ رکھتا ہی وہ بھی اُسکو خوب معلوم ہے قیامت کے دن ایسی زبانی باتون اور دل کے بھیدون کا پورا فیصلہ ہوجاویگا۔ سورہ آل عمران مین اوس معاہدہ کا ذکر گذر چکا ہے جسکے موافق اہل مکہ کو ملت ابراہیمی کے سلسلہ سے اور اہل کتاب کو توراۃ اور انجیل کے سلسلہ سے نبی آخرالزمان اور قرآن کی پیروی ضرور تھی ان لوگون نے دلی عقیدہ اور زبانی اقرار میں اوسی معاہدہ کی پابندی نہیں کی اسلئے فرمایا اللہ تعالی ان لوگون کی دلی اور زبانی بدعہدی کو سنتا اور جانتا ہے۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین اس معاہدہ کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری پیروی سے انکار کیا اُسنے گویا جنت میں جانے سے انکار کیا۔ معاہدہ کی آیۃ اور یہ حدیث گویا ان آیتون کی تفسیر ہیں۔

وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ

اور اگر تو کہا مانے اکثر لوگونکا جو دنیا میں ہیں تجکو بہلا دین اللہ کی راہ سے سب یہی چلتے ہیں خیال پر سب

منزل ۲ إِلَّا يَخْرُصُونَ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَنْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝

اٹکل دوڑاتے ہیں تیرا رب ہی خوب جانتا ہے جو بہکتا ہے اوس کی راہ سے اور وہ خوب جانتا ہی جو اُسکی راہ پر ہین

سورہ مائدہ میں گذر چکا ہی کہ قبیلہ خزاعہ کے ایک سردار عمرو بن لحی بن قمعہ نے مکہ میں بت پرستی اور بتون کے نام پر جانور چھوڑ کر اونکو حرام ٹہرانیکی رسم پھیلائی اس رسم میں یہ بھی ایک بات تھی کہ مردار جانور کو اہل مکہ حلال جانتے تھے غرض ان حرام حلال ٹہرائے ہوئے جانورون کے باب میں مشرکین مکہ اکثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طرح طرح کا جھگڑا کیا کرتے تھے۔ خاص طور پر مردار جانور کا جھگڑا تو آگے کی آیتون میں آتا ہے ان آیتون میں مشرکین مکہ کے عام جھگڑون کے متعلق یہ فرمایا ملت ابراہیمی شریعت موسوی شریعت عیسوی کو بگاڑ کر آج کل اوس زمین پر یہی لوگ ہیں جنکی یہ اٹکل اونکا دین ایمان ہے کہ جو رسمین اونکے نئے اُنکے بڑے بوڑھے ٹہرا گئے ہیں وہی اُنکا اصل دین ہے اسلئے ان لوگون کے جھگڑون میں سے کوئی بات نہ سنی جاوے کیونکہ ان جھگڑون سے اصل مقصد ان لوگون کا یہ ہے کہ دین الہی کی باتون کو یہ لوگ مٹا دیوین اور اپنی قدیمی رسمون کو قائم رکھین لیکن یہ ہرگز نہ ہوگا کیونکہ اللہ تعالی اپنے دین کا خود حامی اور مددگار ہے۔ ان لوگونکا یہ جو خیال ہے کہ اُنکے بڑے بوڑھے جو رسمین ٹہرا گئے ہیں وہی اصل دین ہے یہ خیال انکا بالکل غلط ہے اصل دین سے برگشتہ لوگون کا اور اصل دین کے پابند لوگونکا حال اللہ تعالی کو خوب معلوم ہے جس دن اللہ تعالی کے علم کے موافق نیک و بد کا

فیصلہ ہوگا اُس دن ان لوگونکو معلوم ہوجاویگا کہ اصل دین کی باتین وہی تھین جسکے یہ لوگ منکر تھے ۔ صحیح بخاری
ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ رض کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں لوگون کی
کولی بھر کر اونہیں آگ میں گرنے سے روکتا ہون لیکن لوگ آگ میں گرنے کی ایسی جرأت کر رہے ہیں جس طرح کیڑے
پتنگے روشنی پر گرتے ہیں ۔ یہ حدیث ان آیتون کی گویا تفسیر ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ دین الٰہی کی باتون کا
پابند کرکے اللہ کے رسول لوگون کو دوزخ کی آگ سے بچانا چاہتے ہیں لیکن لوگ اپنی قدیمی رسمون کے پابند ہو
خود بھی دوزخ کی آگ میں گرنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسرونکو بھی اپنی رسمین سکھاکر دوزخ میں لیجانا چاہتے ہین

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ

سو تم کھاؤ اس میں سے جسپر نام لیا اللہ کا اگر تم کو اسکے حکم پر یقین ہے اور کیا سبب کہ تم نہ کھاؤ اسمین سے جسپر نام لیا

اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا

اللہ کا اور وہ کھول چکا جو کچھ تمپر حرام کیا ہے مگر جسوقت ناچار ہو اسکی طرف اور بہت لوگ

لَيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ ۝ وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ

بہکاتے ہیں اپنے خیال پر بغیر تحقیق تیرا رب ہی خوب جانتا ہے جو لوگ حد سے بڑھتے ہیں اور چھوڑ دو کھلا گناہ

وَبَاطِنَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ۝ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ

اور چھپا جو لوگ گناہ کرتے ہیں سزا پاوینگے اپنے کئے کی اور اوسمین سے نہ کھاؤ جسپر

اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ

نام لیا اللہ کا اور وہ گناہ ہے اور شیطان دلمین ڈالتے ہیں اپنے رفیقونکے کہ تم سے جھگڑا کرین اور اگر تم نے انکا کہا مانا مشرک ہوئے

منزل ۲ ع ۱۴

یہان سے آخر رکوع تک کی آیتونکی جو کچھ شان نزول ترمذی ابوداؤد مستدرک حاکم طبرانی ابن ماجہ مسند بزار تفسیر ابن
جریر اور ابن ابی حاتم میں حضرت عبداللہ بن عباس اور عکرمہ کے قول کے موافق بیان کی گئی ہے اُسکا حاصل یہ ہے
کہ قریش اور فارس کے لوگون میں دوستی تھی اُس دوستی کے سبب سے فارس کے مجوس نے قریش سے یہ کہلا بھیجا
کہ تم ان نبی پر یہ اعتراض کرو کہ اپنا ذبح کیا ہوا جانور کھاتا اور خدا کا مارا ہوا جانور نہ کھانا یہ کونسا دین ہے اُسپر اللہ تعالےٰ
نے یہ آیتین نازل فرمائین قریش کا جواب جوان آیتون میں ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ ذبح شدہ جانور پر اللہ کا نام
لیا جاتا ہے اسواسطے وہ پاک اور حلال ہے بتون کے نام پر جو جانور ذبح کیا جاوے یا جو جانور اپنی موت سے
مرجاوے بہ سبب اسکے کہ اللہ کا نام اوسپر نہین لیا گیا وہ حرام اور نجس ہے ان آیتون میں شیطان مجوس کو فرمایا
اور شیطان کے دوست قریش کو فرمایا قریش کی جگہ بعض روایتون میں یہود کا نام جو بعضے مفسرون نے ذکر
کیا ہے وہ شاید کسی راوی کے سہو سے ہے کیونکہ اول تو یہود مردار جانور کے حلال ہونے کے قائل نہیں جو

انکو اس جھگڑے کی ضرورت ہو دوسرے یہ آیتین مکی ہیں اور یہود سے اور آنحضرت سے جھگڑا آنحضرت کے مدینہ
میں آنے کے بعد پیدا ہوا ہے حضرت عبداللہ بن عباس کی بعض روایتون مین اصل شیاطین کا ذکر جو کیا گیا ہے اسکا
مطلب یہ ہے کہ اصل شیاطین نے مجوس کو بہکایا اور مجوس نے قریش کو بہکایا اس صورت مین حضرت عبداللہ
بن عباس اور انکے شاگرد عکرمہ کے قول مین کوئی اختلاف باقی نہیں رہتا بعضے مفسرون نے آیۃ ولا تاکلوا مما
لم یذکر اسم اللہ کو آیۃ وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم سے منسوخ جو قرار دیا ہے اوسکا فیصلہ حافظ ابوجعفر ابن جریر
نے اپنی تفسیر مین کر دیا ہے کہ کوئی آیۃ انمین منسوخ نہین ہے بلکہ پہلی آیۃ کے عام حکم مین سے مستثنےٰ کے طور پر اللہ تعالیٰ
نے اہل کتاب کے ذبح کئے ہوئے جانورون کو مسلمانون کے لئے حلال فرما دیا ہے اہل کتاب کے ذبح کئے ہوئے جانورون
کا ذکر مفصل سورہ بقر اور سورہ مائدہ مین گذر چکا ہے ان آیتون مین یہ جو فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حرام چیزونکو تفصیل
وار پہلے بیان کر دیا ہے جمہور مفسرین کا یہ قول ہے کہ اس تفصیل سے وہ تفصیل مقصود ہے جو اللہ تعالیٰ نے سورہ
مائدہ کی آیۃ حرمت علیکم المیتۃ مین فرمائی ہے مگر امام فخر الدین رازی نے اس قول پر یہ اعتراض کیا ہے کہ سورہ مائدہ سب
سورتون سے آخر مین اوتری ہے یہ تفصیل تو ایسی کسی آیۃ مین چاہیے جو سورہ انعام سے پہلے اوتری ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ
نے یہ فرمایا ہے کہ وہ تفصیل پہلے گذر چکی ہے جواب اس اعتراض کا علمائے مفسرین نے یہ دیا ہے کہ جب ترتیب قرآن
مین سورہ مائدہ سورہ انعام سے پہلے ہے تو سورہ انعام مین خدا تعالیٰ کا یہ حوالہ دینا کہ حرام چیزون کی تفصیل سورہ مائدہ
مین گذر چکی ہے وہ حوالہ ترتیب کے موافق ہے کیونکہ صحیح روایتون سے ثابت ہوا ہے کہ یہ ترتیب وہی ترتیب ہے جو
ترتیب صحابہ نے آنحضرت سے سنی ہے اور اسی ترتیب کے موافق آنحضرت ہر سال حضرت جبرئیل کو قرآن سنایا
کرتے تھے اور حضرت جبرئیل لوح محفوظ کی ترتیب کے موافق آنحضرت سے قرآن سنا کرتے تھے غرض جب لوح محفوظ کی
ترتیب مین سورہ مائدہ سورہ انعام سے مقدم ہے تو فقط نزول کے خیال سے کوئی اعتراض کا موقع نہین ہے ہان ناسخ
منسوخ مین نزول کا مقدم موخر ہونا معتبر ہے ناسخ منسوخ کی یہان بحث نہین ہے اگرچہ ترمذی نے اس شان نزول کی روایۃ
کو حسن غریب کہا ہے لیکن اس روایۃ کی کئی سندین ہیں جنکے سبب سے ایک سند کو دوسری سند سے تقویت ہو جاتی ہے حاصل
مطلب ان آیتون کا یہ ہے کہ حرام حلال کی تفصیل جب سورہ مائدہ مین معلوم ہو چکی ہے تو پھر ہر ایماندار آدمی کو چاہیے
کہ اسکی پابندی کرے اور مردار کھانے والے لوگ جو حد شرع کے خود بھی پابند نہیں ہیں اور دوسرونکو بھی بہکانا چاہتے
ہین اونکی پیروی سے بچے کیونکہ ایسے لوگون کا حال اللہ تعالیٰ کو خوب معلوم ہے وقت مقررہ پر علم الٰہی کے موافق
وہ لوگ اپنی اعمال کی سزا بھگتین گے پھر فرمایا کچھ حرام حلال جانورون پر ان لوگونکا حد سے بڑھ جانا منحصر نہین ہے
بلکہ سوا شرک کے ان لوگون مین کھلی اور چھپی ہر باتین بھی حد سے بڑھ جانے کی ہیں مثلاً کھلم کھلا طوائف کے
وقت ننگے ہو جانے کو اور چھپ کر بدکاری کرنے کو یہ لوگ کچھ گناہ نہین سمجھتے اسلئے ہر ایماندار کو چاہیے کہ ان

منزل ۲

مشرکون کے کھلے اور چھپے اور گناہون سے بھی پرہیز کرے تاکہ قیامت کے دن انکی طرح اون گناہون کی سزا مسلمان شخص کو نہ بھگتنی پڑے۔ پھر فرمایا جس جانور پر ذبح کے وقت اللہ کا نام نہ لیا جاوے ہر ایماندار کو چاہئے کہ ایسے جانور کا گوشت نہ کھاوے کیونکہ ایسے جانور کا گوشت کھانا گناہ ہے۔ پھر فرمایا جو کوئی اللہ تعالے کے اس حکم کو نہ مانے گا اور بہکانے والون کے بہکاوے میں آکر مردار جانور کا گوشت حلال کے طور پر کھانے میں ان مشرکون کا شریک حال بن جاویگا وہ بھی مشرکون کا ساتھی کہلاویگا کس لئے کہ وہ ایسا شخص ہے جسنے اللہ تعالی کے حکم کو چھوڑکر مشرکون کا کہنا مانا۔ یہ ذکر مردار جانور کے حلال کے طور پر بغیر لاچاری کی حالت کے کھانے کا ہے لاچاری کی حالت کا حکم سورہ بقر اور سورہ مائدہ مین گذر چکا ہے اسلئے ان آیتون مین لاچاری کی حالت کو الا ما اضطررتم الیہ فرماکر مستثنے کر دیا۔ امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے مما لم یذکر اسم اللہ علیہ کی تفسیر مردار جانور کی فرمائی ہے۔ آیت کی شان نزول کی روایۃ جو اوپر گذری اوس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مردار جانور کے جھگڑے پر یہ آیتین نازل ہوئی ہیں اسواسطے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی یہ تفسیر شان نزول کے موافق اور نہایت صحیح ہے۔ بعضے مفسرون نے مسلمانون کے ذبح کئے ہوئے اون جانورون کو بھی آیۃ کی تفسیر ٹھہرایا ہے جن جانورون کے ذبح کے وقت عمدًا یا سہوًا بسم اللہ اللہ اکبر نہ کہا ہو مگر حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اس تفسیر کو صحیح نہین قرار دیا۔ مسلمان شخص کا ذبح کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کا کہنا فرض ہی یا سنت اسمین سلف کا اختلاف ہی جسکی تفصیل فقہ کی کتابون مین ہی صحیح بخاری نسائی اور ابن ماجہ مترجم ۲
مین حضرت عائشہ کی روایۃ ہی جسکا حاصل یہ ہی کہ بعضے نومسلم لوگون نے کچھ گوشت تحفہ کے طور کا صحابہ کے پاس بھیجا اون صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ذکر کیا کہ ان نومسلم لوگون کی حالت سے ہمکو شبہ پڑتا ہی کہ اونھون نے ذبح کیوقت اللہ کا نام لیا یا نہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس گوشت کے کھاتے وقت تم بسم اللہ کہکر اسکو کھالو۔ اب اسمین تو سب علما متفق ہین کہ کھانیکے وقت بسم اللہ کا کہنا سنت ہے اسلئے ذبح کے وقت کی بسم اللہ بھی سنت ٹھہرے کی کیونکہ سنت فرض کے قائم مقام نہین ہوسکتی اسلئے حدیث اور اسکے متعلق اس تقریر کو پیش کرکے بعضے علمانے ذبح کیوقت بسم اللہ کے سنت ہونیکے مذہب کو ترجیح دی ہی

أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي

بھلا ایک شخص کہ مردہ تھا پھر ہمنے اوسکو زندہ کیا اور دی اوسکو روشنی کہ لیے پھرتا ہے لوگونمین برابر اسکے کہ جسکا

الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

حال یہ ہے اندھیرون مین پڑا وہان سے نکل نہین سکتا اسی طرح بھلا دکھایا ہے کافرون کو جو کام کر رہے

اگرچہ بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہ آیۃ حضرت عمر اور ابو جہل کی شان مین اور بعضون نے کہا ہے کہ حضرت امیر حمزہ اور ابو جہل کی شان مین اوتری ہے لیکن صحیح قول یہ ہے کہ زمانہ شروع اسلام سے قیامت تک ہر مسلمان اور کافر کی شان مین یہ آیۃ نازل ہوئی ہے جسمین اللہ تعالی نے مسلمان کی مثال ایک ایسے شخص زندہ کی دی ہے

کہ زندہ ہونے کے سبب سے جسکے حواس قائم ہیں اور اندھیرے سے بچنے کے لئے اُسکے پاس روشنی ایمان کی ہے ضرر کی
چیز کو اوجالے کے وقت آنکھوں سے اور اندھیرے کے وقت روشنی سے دیکھتا اور ضرر سے بچتا ہے اور کافر کی مثال
ایسے شخص کی دی ہے کہ مردہ ہونے کے سبب سے نہ اُسکی آنکھیں ہیں اور نہ اُسکے پاس کسی طرح کی روشنی ہے اس لیئے
دنیا میں تو وہ اپنے آپکو سمجھتا ہے کہ وہ اچھے کام کر رہا ہے لیکن آخرت کے ضرر سے بچاؤ کا اُسکے پاس ذریعہ نہیں ہے
حاصل یہ ہے کہ اس حالت میں تو مومن کافر سب یکسان ہیں کہ ان سب کو اللہ تعالی نے نیست سے ہست کیا
اب ان سب کے پیدا کرنے سے پہلے اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی کے موافق اگرچہ جان لیا تھا کہ دنیا میں پیدا ہونے اور نیک و بد
کا اختیار دیئے جانے کے بعد کس قدر لوگوں کا انجام نیک ہوگا اور کس قدر کا بد چنانچہ صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے
حضرت علی کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیک و بد کے لحاظ سے ہر ایک شخص کا
ٹھکانہ بھی جنت یا دوزخ میں لکھا جا چکا ہے اسکے بعد یہ ہوا کہ اللہ تعالے نے انصاف کی راہ سے جزا اور سزا کا
مدار اپنے اُس علم ازلی پر نہیں رکھا بلکہ سب کو ایک حالت پر پیدا کیا چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ہر بچہ کی فطرت
اسلام پر پیدا ہونے کی ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے اس فطرۃ اسلام پر پیدا کرنے سے پہلے عالم ارواح میں سبکی
روحوں پر ہدایت کا نور چھڑکا لیکن جو لوگ پیدا ہونیکے بعد بدانجام رہنے والے تھے اُنکی روحوں پر اس نور کا اثر عالم
ارواح میں کچھ نہ ہوا چنانچہ مسند امام احمد ترمذی وغیرہ کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی منزل ۲
ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت اللہ تعالی نے مخلوقات کو عالم ارواح میں پیدا کیا تو سب مخلوقات
جہالت اور خواہشات نفسانی کے اندھیرے میں تھی اللہ تعالی نے ان سب پر ہدایت کا نور چھڑکا جن روحوں پر اس نور
کا اثر ہوا وہ دنیا میں پیدا ہونے کے بعد نیک راستہ سے لگ گئے اور جن روحوں پر اس نور کا کچھ اثر نہوا وہ دنیا میں
پیدا ہونے کے بعد انبیا کی نصیحت کے منکر اور گمراہی کے کاموں میں عمر بھر گرفتار اور اونہی کاموں کو اچھا جانتے ہیں
ترمذی نے اس حدیث کو حسن اور حاکم نے اسکو صحیح کہا ہے۔ مسند امام احمد کی سند بھی معتبر ہے۔ صحیح بخاری مسلم ترمذی
ابوداؤد نسائی صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں ابوہریرہ کی روایتیں ہیں جنمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا دوزخ طرح طرح کی خواہشات نفسانی سے گھرا ہوا ہے اور جنت طرح طرح کی تکلیفات شرعیہ سے گھری ہوئی ہے
خواہشات نفسانی سے مقصود دنیا کی وہ راحت اور آرام کی چیزیں ہیں جنکی شریعت میں مناہی ہے اور تکلیفات
شرعیہ سے مقصود ان خواہشات سے بچکر اون باتوں کو بجالانا ہے جنکے بجالانے کا شریعت میں حکم ہے۔ مطلب
یہ ہے کہ خواہش نفسانی کی پابندی گویا دوزخ میں جانے کا راستہ ہے اور تکلیفات شرعیہ کی پابندی جنت کا راستہ
ہے۔ یہ سب حدیثیں آیۃ کی گویا تفسیر ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک و بد دو طرح کے لوگ دنیوی حالت کے
موافق جو آیۃ میں ذکر کئے گئے ہیں اگرچہ یہ سب فطرۃ اسلام پر پیدا ہوئے لیکن عالم ارواح میں جن روحوں پر

خواہش نفسانی کا اندھیرا چھایا رہا وہ روحین جسمون مین آنے کے بعد بھی عمر بھر اوس اندھیرے مین پھنسی رہین اور دوزخ کا راستہ اُنکے گلے کا ہار رہا اور اُس عالم ارواح کے اندھیرے کے سبب سے اونکو اِس راستہ کی بُرائی کچھ نظر نہ آئی اور جن روحون کو علم ازلی کے موافق عالم ارواح مین نور ہدایت کا حصہ مل گیا تھا اونھون نے اپنی عمر کے آخری حصہ تک اوس نور کے طفیل سے کبھی نہ کبھی جنت کا راستہ ڈھونڈکر نکال لیا۔ صحیح بخاری مسلم ابوداود نسائی وغیرہ مین ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ سوتے ہوئے آدمی کو صبح کی نماز کے اول وقت شیطان یون بہکاتا ہے کہ ابھی رات بہت باقی ہے ذرا اور سوجا اسپر اگر آدمی نے شیطان کا کہا مان لیا تو اول وقت کی فضیلت ہاتھ سے جاتی رہی اور اگر اول وقت کی فضیلت کا شرعی حکم اوس نے مانلیا تو اُس فضیلت کا اجر ہاتھ آگیا۔ اس شان مین رات نیند نماز کا اول اور آخر وقت یہ سب چیزین اللہ تعالے کی پیدا کی ہوئی ہیں شیطان نے فقط اتنا ہی کیا کہ نماز کے آخری وقت کی بُرائی کو رات کے باقی ہونے کی زیب و زینت کا برقعہ اوڑہا کر اوس سونے والے شخص کو یون بہکا دیا کہ ابھی نماز کا آخری وقت دور ہے غرض ہر ایک چیز کی پیدائش کے لحاظ سے بعض آیتون مین اللہ تعالے نے بُرے کامون کی زیب و زینت کی نسبت اپنی ذات پاک کی طرف فرمائی ہے جیسے اِس سورہ مین ہے کذلک زینا لکل امۃ عملہم اور بعضی آیتون میں اِس زیب و زینت کے ظہور کا سبب شیطان کو ٹہراکر یہ نسبت شیطان کی طرف فرمائی ہے جیسے سورۃ النمل مین ہے وزین لہم الشیطان اعمالہم لیکن جو تفصیل اوپر بیان کی گئی اوسکے موافق ان آیتون میں کچھہ مخالفت نہین ہے۔ کذلک زین للکافرین ما کانو یعملون۔ اِس آیۃ مین اگرچہ اللہ تعالے نے یہ بیان نہین فرمایا کہ ان کافرون کے بُرے کامون پر ملمع کرکے اُنکو اچھا دکھانے والا کون ہے لیکن اوپر کی تفصیل کے موافق حاصل مطلب یہ ہے کہ تقدیر الٰہی کے طور پر جس طرح نیک لوگون کو نیک کام اچھے معلوم ہوتے ہیں اسیطرح اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی چیزون کو کام میں لاکر شیطان نے اُنکے بُرے کامون پر اسطرح کا ملمع کردیا ہے کہ جال مین پھنسنے والے جانورونکی طرح اُنکو جال مین کا دانہ تو نظر آتا ہے مگر جال نہیں نظر آتا۔

منزل ۲

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝

اور یون ہی رکھے ہین ہمنے ہر بستی مین گنہگارون کے سردار کہ حیلہ لایا کرین وہان اور جو حیلہ کرتے ہیں سو اپنے اوپر اور نہیں سوجھتے

وقف لازم

وَاِذَا جَاۗءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ

اور جب پہنچی اونکو ایک آیت کہیں ہم ہرگز نہ مانین گے جب تک ہمکو نہ ملے جیسا کچھ پاتے ہیں اللہ کے رسول اللہ تیر جانتا ہے جہان

وقف لازم

يَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ ۭ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ۝

اپنے پیام اب پہنچے گی گنہگارونکو ذلت اللہ کے ہان اور عذاب سخت بدلہ حیلہ بنانے کا۔

معتبر مفسرین سلف مثل مجاہد اور مقاتل نے اِن آیتون کی تفسیر مین لکھا ہے کہ ولید بن مغیرہ اور ابوجہل نے

مکہ کے ناکون اور راستون پر کئی آدمی اس غرض سے تجارت کئے تھے کہ وہ مکہ کے لوگون سے اور موسم حج میں جو باہر کے لوگ مکہ کو آتے تھے اون سے آنحضرت کی مذمت کرین اور کہین کہ یہ شخص جادوگر ہے جھوٹا ہے نبی نہیں ہے اور اسی قدر شرارت پر ولید بن مغیرہ نے کفایت نہیں کی بلکہ ایک روز آنحضرت سے آنکر بڑی بحث کی اور کہا کہ اگر نبوت کچھ چیز ہوتی تو مجھکو ہونی چاہیئے تھی کہ محمد سے عمر میں بڑا ہون اور مالدار بھی ہون اور عرب میں میرا کہنا سننا بھی زیادہ ہے اسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرماکر وہ مطلب بیان فرمائے ایک تو آنحضرت کی یہ تسلی اور تسکین فرمائی کہ میرے نبی کے ساتھ ہر بستی میں پہلے بھی اسی طرح شریر لوگ پیدا کئے ہیں تاکہ انکی شرارت پر کمزوری کے زمانہ تک نبی وقت کو صبر کرنے سے اجر ملے اور آخر کو وہ شریر سرکش غارت ہوجاوین اور انکا غارت ہوجانا اور لوگونکو عبرت کا سبب ہو اور لوگ دین الہی کی طرف رجوع ہون دوسرے ولید بن مغیرہ نے جو آنحضرت سے حجت کی تھی کہ میرے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوت اوسکو ہونی چاہیئے تھی اسکا جواب ہوا کہ جو شخص اللہ کی پیغمبری ادا کرنے کے لایق ہے وہ اللہ کو ہی خوب معلوم ہے معتبر سند سے مسند امام احمد بن حنبل بن حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ اللہ تعالی نے عالم مثال میں سب خلقت کے دلون پر نظر فرمائی آنحضرت کے دل کو سزاوار اس خدمت کا پاکر اس خدمت سے سرفراز فرمایا اور جن دلون کو صحابہ ہونے کا سزاوار پایا اونکو صحابہ بنایا عبداللہ بن مسعود کی اس روایت کی سند کے ابوبکر بن عیاش اور عاصم بن بہدلہ دو راویون مین اگرچہ بعضے علمانے کلام کیا ہے لیکن امام احمد نے ان دونون کو ثقہ کہا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے نبوت اور صحابیت کی قرار داد اللہ کے نزدیک ٹھہر چکی ہے اب ولید بن مغیرہ یا ابوجہل حسد کے طور پر کچھ جدید تمنا کرین تو کیا ہو سکتا ہے اور ان آیات مکیہ میں اخبار غیب کے طور پر جو کچھ فرمایا تھا تھوڑے عرصہ میں وہی ہوا کہ بدر کی لڑائی مین اکثر مکہ کے سرکش غارت ہوگئے اور انکے غارت ہونے سے بڑی عبرت مکہ میں پھیلی اور فتح مکہ کے بعد کوئی مخالف دین الہی مکہ میں باقی نرہا علمائے مفسرین نے یہ بھی ان آیتون کی تفسیر مین لکھا ہے کہ پہلے نبی صاحب شریعت نوح سے لیکر آنحضرت تک انبیا کے حال پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نبوت سے پہلے قوم میں جو شخص سربرآوردہ تھا اسکو نبوت اللہ تعالی نے نہین دی اور ہر نبی کی امت کے لوگ ابتدا مین بلا ثروت لوگ قرار پائے تاکہ یہ دھوکہ لوگونکو نہو کہ یہ دین الہی نہیں ہے بلکہ ثروت دنیا دی کے سبب سے یہ دین پھیل گیا ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے انس رض بن مالک کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بڑے بڑے مالدار اور صاحب ثروت دوزخیون کو جب دوزخ میں ڈالا جاویگا تو دوزخ کے پہلے ہی جھونکے کے بعد اللہ کے حکم سے اللہ کے فرشتے اون لوگون سے پوچھین گے کہ جس مالداری اور ثروت کے سبب سے تم لوگ دنیا میں عقبے سے غافل رہے اور انبیا کی نصیحت کو تم نے نہ مانا آج اس عذاب کے آگے تمین دنیا کی وہ مالداری اور ثروت کچھ یاد ہے وہ لوگ قسم کھاکر جواب دیوین گے کہ ہمکو دنیا کی وہ مالداری اور ثروت کچھ یاد نہیں - یہ حدیث ان آیتون کی گویا

منزل ۲

تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ولید بن مغیرہ ابوجہل وغیرہ اپنی دنیا کی جس مالداری اور ثروت کے غرور مین اللہ کے رسول سے طرح طرح کی مخالفت دنیا مین کرتے رہے اس مخالفت کی سزا مین قیامت کے دن ایسے لوگون پر جو عذاب ہوگا اُس عذاب کے آگے اپنی وہ مالداری اور ثروت اون لوگونکو بالکل یاد بھی نرہے گی اور ان لوگونکو بڑا پچتاوا ہوگا کہ ایسی بھولی ہوئی چیز کے غرور مین اس طرح کا سخت عذاب ہمنے اپنے سر کیون لیا اسلیئے فرمایا وما یکرون الا بانفسہم وما یشعرون جسکا مطلب یہ ہے کہ ان لوگونکو یہ خوب سمجھ لینا چاہیئے کہ یہ لوگ اللہ کے رسول کے ساتھ جو حیلہ بازیان کرتے ہیں اسکا وبال ایک دن ان ہی کی جان پر پڑنے والا ہے غرض صغار عند اللہ کی بدر کی ان لوگون کی حالت اور عذاب شدید بما کانو یکذبون کی یہ حدیث ان لوگون کی دنیوی اور آخری حال کی پوری تفسیر ہے۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ

سو جسکو اللہ چاہے کہ راہ دے سو کھولدے اوسکا سینہ حکم برداری کو اور جسکو چاہے کہ راہ سے بہلا دے اُسکا سینہ

ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ۚ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

کردے تنگ خفہ گویا زور سے چڑھتا ہے آسمان پر اسی طرح ڈالے گا اللہ عذاب یقین نہ لانے والون پر

حاصل معنے آیہ کے یہ ہیں کہ مکہ کے سرکش لوگون نے اسلام سے روکنے کی تدبیرین جو نکالین ہیں وہ تقدیر اور ارادہ الٰہی کے مقابلہ مین کچھ کارگر نہ ہونگی اسی طرح اون سرکشون کے طرح طرح کے معجزے چاہنے سے مسلمانون کے دل مین جو یہ تمنا پیدا ہوتی ہے کہ کاش خدا تعالیٰ کی طرف سے جلدی ان معجزون کا ظہور ہوجاوے تاکہ یہ سرکش لوگ ایمان لے آوین انکی یہ تمنا بھی کارآمد نہین کیونکہ یہ دونو باتین تدبیرات مین سے ہین اور کوئی تدبیر تقدیر اور ارادہ ازلی کے مخالف کارگر نہین ہوسکتی علم ازلی مین جس شخص کو اللہ تعالےٰ نے مشرف باسلام ہونے کے لائق جانکر اوسکی تقدیر مین مسلمان ہونا لکھدیا ہے اس دنیا عالم اسباب مین خود اُسکے سبب یون پیدا ہوجاتے ہین کہ اللہ کا ارادہ ازلی اوسکے اسلام لانے پر قائم ہوجاتا ہے جس کے سبب سے اُس شخص کے دل مین ایک نور پیدا ہوجاتا ہے اور نیک باتون کے اختیار کرنے پر اوسکا دل کھول دیا جاتا ہے اسی طرح علم ازلی مین جو شخص اللہ تعالےٰ کے نزدیک نافرمان ٹھہر چکا ہے اُسکے راہ راست پر لانے کے لئے ارادہ ازلی قائم نہین ہوتا اسواسطے اُسکے حق مین اس عالم اسباب مین ویسے ہی اسباب پیش آتے ہین کہ نیک باتون سے اُسکا دل نفرت کرتا ہے اور نیک باتون کا ماننا اوسکو ایسا دشوار ہوجاتا ہے جسطرح ہر انسان کو آسمان پر چڑھنا مشکل ہے اس قسم کی آیتون سے فرقہ جبریہ نے آدمی کو قضا و قدر کے موافق عمل کرنے پر مجبور خیال کرلیا ہے اور اصل مین انسان قضا و قدر کے سبب سے مجبور نہین ہے بلکہ دنیا مین پیدا ہونے کے بعد جو کچھ قیامت تک ہوگا دنیا کے پیدا ہونے سے ہزارہا برس پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی سے اوس سب کو معلوم کرکے لوح محفوظ مین لکھ لیا ہے اوسی کا نام قضا و قدر ہے ایک واقعہ کے ظاہر ہونے سے پہلے علم اور تجربہ سے اس واقعہ کا نتیجہ لکھ لینا

منزل ۲

اور بات ہے اور ایک واقعہ کے ظاہر ہونے سے پہلے کسی کو اوس واقع کے کرنے پر مجبور کرنا اور بات ہے اگر یہ شبہ پڑے کہ جب اللہ تعالی کے علم ازلی میں دنیا کے پیدا ہونے کی حالت میں بعضے لوگ گمراہ معلوم ہوئے تھے تو یہہ امر کیا اللہ کے اختیار مین نہ تھا کہ اُنکو اللہ تعالی نیک خصلت کرکے پیدا کرتا تو اُسکا جواب یہ ہے کہ یہ صورت مجبوری کی ایمان لانیکی ہے جس طرح مغرب کی طرف سے سورج نکلنے کے بعد کوئی ایمان لاوے اسی سورۃ میں آگے آتا ہے کہ اسطرح کا ایمان اللہ کی درگاہ مین مقبول نہین ہے اسواسطے اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی مین جسکی جیسی صلاحیت دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے معلوم کی ویسا ہی اوسکو پیدا کیا جن آیتون میں آگے قضا و قدر اور لوح محفوظ کا ذکر آویگا وہان اس بات کی زیادہ صراحت آویگی چند طریق سے تفسیر عبدالرزاق تفسیر ابن جریر وغیرہ مین روایتین ہیں جنکا حاصل یہ ہے کہ صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سینہ کے کھولدئے جانے کا مطلب پوچھا تو آپ نے فرمایا اللہ تعالی کی جانب سے ایک روشنی آدمی کے دل میں پیدا ہوتی ہے جس سے آدمی دنیا سے متنفر اور عقبی کی طرف مائل ہوجاتا ہے اور عقبے کی طرف مائل ہوجانے سے شرع کی تکلیفات کی برداشت اوسپر آسان ہوجاتی ہے۔ علم ارواح کی نور کی حدیث جو اوپر گذر چکی ہے اوس سے بھی تفسیر عبدالرزاق وغیرہ کی روایتون کی پوری تائید ہوتی ہے اور حاصل معنے آیت کے یہ قرار پاتے ہیں کہ اُس عالم ارواح کے نور کا ظہور آدمی کے دل میں ہوجاتا ہے جس سے عقبے کے کامون کی گنجایش ایسے شخص کے دل مین پیدا ہوجاتی ہے یہی مطلب سینہ کے کھولے جانے کا ہے اوسی حدیث کے موافق جو رو مین جہالت اور خواہشات نفسانی کے اندھیرے میں رہیں اونکے دل مین عقبے کا یقین نہین اسلئے اونکے دل مین عقبے کے کامون کی گنجایش بھی نہیں یہی مطلب سینہ کی تنگی کا ہے جن لوگون کے دل مین عقبے کا یقین نہیں وہ ذکر الٰہی سے غافل اور دنیا کے کامون میں ہر وقت مصروف رہتے ہیں اسواسطے اُنپر شیطان کا تسلط بھی زیادہ رہتا ہے کیونکہ شیطان تو ذکر الٰہی سے بھاگتا ہے امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے یہان رجس کے معنے شیطان کے کئے ہیں۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف کی نصیحت کی مثال مینہ کی اور اچھے بُرے لوگون کی مثال اچھی بُری زمین کی فرمائی ہے یہ حدیث گویا اس آیۃ کی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ جس شخص کے راہ راست پر لانے کے لئے ارادہ ازلی قائم ہوچکا ہے اوسکے دل پر قرآن کی نصیحت کا ویسا ہی اثر ہوتا ہے جسطرح اچھی زمین میں مینہ کے پانی کا اثر ہوتا ہے اور جس شخص کے راہ راست پر لانے کے لئے ارادہ ازلی قائم نہیں ہوا اُسکے دل پر قرآن کی نصیحت کا اسطرح کچھ اثر پیدا نہین ہوتا جسطرح ناکارہ زمین میں مینہ کا پانی رائگان جاتا ہے۔ بعضے مفسرین سلف نے اس آیۃ کی تفسیر مین لکھا ہے کہ اللہ تعالی کا ارادہ دو قسم کا ہے ایک ارادہ تقدیری ہے جسکے موافق نیکی بدی نیک و بد سب کچھ دنیا مین پیدا ہوا ہے۔ اللہ تعالی کے اس ارادہ سے کوئی چیز باہر نہیں ہوسکتی۔ مطلب اس ارادہ کا یہ ہے

منزل ۲

کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی کی رو سے ہر شخص کے دنیا مین پیدا ہونے کے بعد اوسکو نیک و بد جیسا جان لیا تھا ویسا ہی پیدا کیا۔ دوسرا ارادہ شرعی ہے جسکے موافق ہر ایک شریعت مین ہر شخص کو نیکی کرنیکا اور بدی سے بچنے کا حکم ہے۔ اب علم الٰہی مین یہ کھل چکا تھا کہ دنیا مین پیدا ہونے کے بعد بعضے لوگ احکام شرعی کے پابند نہ ہونگے بلکہ ارادہ تقدیری کے موافق وہ جیسے پیدا ہوئے ہین عمر بھر ویسے ہی رہین گے اور اوسی حالت پر مرجاوینگے ایسے ہی لوگونکی گمراہی کو اللہ تعالےٰ نے قرآن مین کی اکثر آیتون مین اپنے ارادہ تقدیری کے نتیجہ کے طور پر ذکر فرمایا ہے لیکن اس مین کچھ کسی کو مجبور نہیں کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارادہ تقدیری ان لوگون کے اون ارادون کا نتیجہ ہے جن ارادون پر یہ لوگ اپنے اختیار سے دنیا مین پیدا ہونے کے بعد قائم رہنے والے تھے۔

پہلے اور بیان کیا جا چکا ہے کہ کسی واقعہ کے ظاہر ہونے کے پہلے تجربہ کی رو سے اوس واقعہ کے انجام اور نتیجہ کو لکھ لینا اور بات ہے

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ

اور یہ ہے راہ تیرے رب کی سیدھی ہمنے کھولدیئے نشان واسطے سمجھنے والون کو آنکو ہے سلامتی

عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

کا گھر اپنے رب کے ہان اور وہ اونکا مددگار ہے بدلہ اونکے کئے کا

منزل ۲

حضرت عبداللہ بن عباس نے صراط مستقیم کی تفسیر اسلام کی فرمائی ہے اور عبداللہ بن مسعود نے قرآن کی حاصل مطلب دونون تفسیرون کا ایک ہی ہوتا ہے۔ مشرکین مکہ قرآن کو پچھلے لوگونکی کہانیان جو کہتے تھے اور بت پرستی کو اسلام سے بہتر جو بتلاتے تھے اونکے جھٹلانے کو فرمایا ہے کہ اے رسول اللہ کے قرآن کی اس سورہ اور اور سورتون کے ذریعہ سے جو احکام دین اسلام کے تم پر نازل کئے گئے یہ وہ دین ہے جسکو آخری زمانہ مین اللہ تعالیٰ نے اپنی رضامندی کا سیدھا راستہ ٹھہرایا ہے اور جن لوگونکے دل پر اس قرآن کی نصیحت کا اثر پڑتا ہے اونکے لئے اس قرآن کی آیتون مین حرام حلال عذاب ثواب سب باتون کی تفصیل موجود ہے پھر فرمایا جو لوگ ان احکام قرآنی کے موافق عمل کرینگے اوس عمل کے اجر مین اونہین جنت کے عطا کرنے کا اللہ کفیل اور ضامن ہے۔ قد فصلنا الآیات لقوم یذکرون۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اسلامی احکام کی اکثر تفصیل تو خود اللہ تعالیٰ نے قرآن کی آیتون مین فرمادی ہے اور کچھ تفصیل اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ کردی ہے مثلاً احکام نکاح مین اتنی تفصیل تو قرآن مین ہے کہ ساتھ کے ساتھ دو بہنون سے نکاح حرام ہے باقی کی یہ تفصیل اللہ کے رسول نے اللہ کے حکم سے فرمادی ہے کہ جسطرح ساتھ کے ساتھ دو بہنون سے نکاح حرام ہے اسی طرح ایک عورت اور اوسکی پھوپی سے یا عورت اور اسکی خالہ سے ساتھ کے ساتھ نکاح حرام ہے صحیح بخاری مسلم وغیرہ مین ابوہریرہ

کی حدیث ہے جسمین اس طرح کے نکاح کے حرام ہونے کا ذکر ہے سورہ نحل مین آدیگا وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیہم جسکا مطلب یہ ہے کہ اے رسول کے اکثر تفصیل احکام اسلام کی تو قرآن مین موجود ہے رہی باقی کی کچھ تفصیل اُسکے لئے اللہ تعالے نے تمکو یہ اجازت دی ہے کہ تم بقدر ضرورت اور تفصیل کرکے ان لوگون کو قرآن کا مطلب سمجھا دو جو لوگ یہ کہتے ہین کہ پورے طور پر احکام اسلامی سمجھنے اور عمل کرنے کے لئے بغیر مدد حدیث نبوی کے اونکو فقط قرآن کافی ہے وہ لوگ گویا نصف وحی کے منکر ہین کیونکہ معتبر سند سے مسند امام احمد ترمذی ابوداؤد وغیرہ مین مقدام بن معدی کرب کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے نے مجھکو قرآن دیا اور اوسکے ساتھہ اوسی کی مثل حدیث دی ہے۔ مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی کی طرف سے دو طرح کی وحی آئی ہی ایک قرآن کی وحی جسمین احکام اسلام بھی ہین اور اُسکی تلاوت اور نمازمین اُسکی قرات کا بھی حکم ہے اوسی قدر دوسری وحی حدیث کی ہی جسمین فقط احکام اسلامی قرآن کی تفصیل اور تفسیر کے طور پر ہین اب حدیث سے بے پروائی جتلانے والے لوگ اس دونون قسم کی وحی کے گویا منکر ہین کیونکہ جب اللہ تعالے نے اپنے رسول کو قرآن کی تفصیل اور تفسیر کی اجازت سورۃ النحل کی آیۃ مین عطا فرماکر سورہ حشر مین یہ بھی فرمادیا وما اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ حدیث نبوی سے بے پروائی کرنے والے لوگ پورے قرآن کے بھی قائل نہیں ہین اسواسطے مقدام بن معدی کرب کی حدیث مین پیشین گوئی کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لوگون کی بڑی مذمت فرمائی ہے کہ یہ لوگ اپنے گھرون مین تکیہ لگا کر بیٹھنے والے لوگ ہین کہین پھر چلکر اُنھون نے پورا علم دین حاصل نہین کیا اسلئے یہ ایسے نادانی کی باتین کرتے ہیں۔ منزل ۲

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الْإِنْسِ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُمْ

اور جسدن جمع کریگا ان کو اے جماعت جنون کی تم نے بہت کچھہ لیا انسانونسے اور بولے اونکے دوستدار

مِنَ الْإِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي أَجَّلْتَ لَنَا قَالَ

انسان اے رب ہمارے کام نکالا ہم مین ایک نے دوسرے سے اور پہنچے اپنے وعدے کو جو تونے ہمارا ٹھیرایا تھا فرمائیگا

النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ

آگ ہے گھر تمہارا رہا کرو اوس مین مگر جو چاہے اللہ تیرا رب حکمت والا خبردار ہی

جن شیاطینون کے بہکانے سے بت پرست لوگ دنیا مین بت پرستی کرتے تھے اور جو شیاطین الجن شیاطین الانس کے دل مین ملمع کی باتین لوگون کے بہکانے کے لئے ڈالتے تھے قیامت کے دن ان سب کو ساتھہ کھڑا کیا جاکر جسطرح ذلیل کیا جاویگا مکہ کے بت پرستون کی تنبیہ کے لئے اس آیۃ مین اوسکا ذکر فرمایا ہے قد استکثرتم من الانس اسکا مطلب یہ ہے کہ بنی آدم کے بہکانے والے شیاطینون سے قائل کرنے کے طور پر اللہ تعالی یہ پوچھے گا کہ تم نے بہت

سے بنی آدم کے بہکانے کا وبال اپنے سر لیا یا نہین - شیاطین تو اسکا کچھ جواب ندے سکین گے بہکنے والے بنی آدم فقط یہ کہوین گے کہ ہم اور شیاطین مل جل کر ایک دوسرے سے جیتے جی فائدہ اوٹھاتے رہے - ہم شیاطین کو مانتے اور اون کی نذر و نیاز کرتے رہے اور یہ ہمکو طمع اور بناوٹ کی باتون سے بہکاتے اور عقبے سے غافل بناتے رہے جس سے ہم ہمیشہ اہل اسلام کے ساتھ جھگڑے کرتے رہے اسکے جواب مین اللہ تعالی فرماویگا اب تم دونون کی سزا یہ ہے کہ تمہارا ٹھکانا ہمیشہ کے لئے جہنم ہے تفسیر سدی وغیرہ مین اجل کے معنے یہان موت کے لئے ہین جسکا مطلب یہ ہے کہ جیتے جی ہمارا اور شیاطینون کا وہ معاملہ رہا جو ہم نے بیان کیا - مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان نے اللہ تعالی کے روبرو یہ قسم کھائی ہے کہ بنی آدم کے جیتے جی مین اونکو ہر طرح بہکاؤنگا اس سے معلوم ہوا کہ جن مفسرون نے اجل کے معنے یہان موت کے کئے ہین وہ اس صحیح حدیث کے موافق ہین - الا ماشاء اللہ - اسکا مطلب حضرت ابی بن کعب اور قتادہ کے قول کے موافق یہ ہے کہ مرنے کی تاریخ سے عذاب قبر ہے اور پھر دوزخ ہے غرض نافرمان لوگونکے لئے یہ ہمیشہ کا عذاب ہے لیکن دونون صورکے مابین مین انکا عذاب قبر موقوف ہوجاویگا جس سے اُنکو کچھ نیند سی آجاویگی اسی واسطے ہمیشہ کے عذاب میں سے اس مدت کو مستثنے فرمادیا ہے - اسکی زیادہ تفصیل سورہ یسین مین من بعثنا من مرقدنا کی تفسیر مین آویگی - حکیم علیم اسکا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالے کو ہر ایک کی نیت کا ہر ایک کے عمل کا خوب حال معلوم ہے اسواسطے اوس نے اپنے علم کے موافق اپنی حکمت اور تدبیر سے ہر ایک کی سزا وجزا مقرر کی ہے جسکو کوئی ٹال نہیں سکتا - منزل ۲

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظّٰلِمِينَ بَعْضًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ ۱۵ ع ۸ ۲

اور اسی طرح ہم ساتھ ملا دینگے گنہگارون کو ایک دوسرے کا بدلہ اونکی کمائی کا

قتادہ کے قول کے موافق آیۃ کا حاصل مطلب یہ ہے کہ بہکانے والے شیاطین اور بہکنے والے بنی آدم کا جس طرح عام گروہ اوپر آیۃ کے موافق جہنمی قرار پاویگا اوسی طرح پر اس عام گروہ میں سے خاص خاص ٹکڑیان اس آیۃ کی موافق چھانٹی جاکر جہنم مین ڈالی جاوینگی مثلا بت پرستون کی ایک ٹکڑی ہوگی تو سورج پرستون کی دوسری ٹکڑی - صحیح بخاری وغیرہ مین ابو سعید خدری کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ کے حکم سے فرشتے یہ پکار کر کہدینگے کہ ہر طرح کے مشرکونکی ایک ایک ٹکڑی الگ الگ ہوجاوے اسپر بت پرستون کی ٹکڑی الگ ہوجاویگی اور سورج پرستون وغیرہ کی الگ اس حدیث سے قتادہ کی تفسیر کی پوری تائید ہوتی ہے -

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا

اے جماعت جن اور انسان کی کیا تمکو نہیں پہونچے تھے رسول تمہارے اندر کہ سناتے تمکو حکم میرے اور ڈراتے تمکو اس دن کے سامنے آنے

قَالُوا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

بولے ہم نے مان لیا اپنا گناہ اور انکو بہکایا دنیا کی زندگی نے اور قائل ہوئے اپنے گناہ پر کہ وہ تھے منکر

علمائے مفسرین نے اس بات میں بڑا اختلاف کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ظاہر مضمون آیۃ کے موافق جن اور انسان دونوں قسم کے رسول آئے ہیں یا رسول فقط انسان ہی آئے ہیں اور ہدایت جن اور انسان دونو فرقوں کی اون رسولوں کے ذمہ پر رہی ہے رفع اس اختلاف کا یہ ہے کہ پہلے قول کی روایۃ ضحاک بن مزاحم پر ختم ہوتی ہے اور ضحاک بن مزاحم اگرچہ متقدمین مفسرین میں سے ہیں اور اکثر متاخرین کی تفسیرون میں حضرت عبداللہ بن عباس سے بواسطہ ضحاک کی روایۃ کیجاتی ہے لیکن درصل یہ سلسلہ روایۃ کا منقطع ہے کس لئے کہ ضحاک بن مزاحم کی ملاقات امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس سے نہیں ہوئی اور دوسرے قول کی روایۃ مجاہد بن جبیر بن المقری پر ختم ہوتی ہے مجاہد کی ملاقات حضرت عبداللہ بن عباس سے ہوئی اور مجاہد نے تیس دفعہ قرآن شریف کے سب احکام کی تفصیل سمجھ کر تمام قرآن شریف حضرت عبداللہ بن عباس سے پڑھا اسی واسطے امام شافعی اور امام بخاری اور ائمہ تفسیر کو مجاہد کی تفسیر پر زیادہ اعتماد ہے اور مجاہد کا ہی قول اس باب میں صحیح ہے ابن حبان نے مجاہد کو ضعفا میں لکھ دیا ہے لیکن علما نے کہا ہے کہ ابن حبان کے سوا اور کسی کی کتاب الضعفا میں مجاہد کا نام شریک نہیں ہے اور یحیی القطان نے کہا ہے اجمعت الامۃ علی امامۃ مجاہد والاحتجاج بہ جسکا مطلب یہ ہے کہ علما کے مجمع عام نے مجاہد کو امام اور لائق حجت پکڑنے کے قرار دیا ہے حافظ عماد الدین ابن کثیر نے چند قرآن کی آیتیں اس بات کے ثبوت میں پیش کی ہیں کہ رسول سب انسان ہی ہوئے اور جنات کی ہدایت بھی اونہی کے ذمہ پر رہی ہے آخر فیصلہ اس آیۃ پر کیا ہے کہ وجعلنا فی ذریتہ النبوۃ والکتاب کا وعدہ جو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم سے کیا ہے اوس سے یہ امر تو یقینی ہے کہ حضرت ابراہیم سے لیکر آنحضرت تک انسان ہی حضرت ابراہیم کی اولاد میں سے اللہ تعالیٰ کے وعدہ کے موافق نبی ہوئے اور حضرت ابراہیم سے پہلے کسی مفسر نے کسی جن کا نبی ہونا نقل نہیں کیا ایک ڈہنگ کی جماعت کو عزلی میں معشر کہتے ہیں حاصل مطلب یہ ہے کہ اوپر کی آیۃ کے موافق بت پرست سورج پرست جن وانس کی جب ٹکڑیاں بن جاوینگی تو اونہیں قائل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ اون سے پوچھے گا کہ کیا اللہ کے رسولوں کی معرفت تمہیں اللہ کا وہ کلام نہیں پہونچا جسمیں قیامت کا اور اوسدن نافرمان لوگوں کے عذاب میں پکڑے جانے کا ذکر تھا۔ یہ ہر ایک ٹکڑی کے جنات اور انسان اس بات کا اقرار کرینگے کہ اللہ کے رسولوں کی معرفت یا اللہ تیرا ایسا کلام ہمکو بلاشک پہونچا لیکن دنیا کے مال و متاع نے ہمکو ایسا مغرور کر دیا کہ ہمنے رسولوں کی نصیحت کو نہیں مانا بلکہ ہم اونکی نصیحت کو جھٹلاتے رہے۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نافرمان لوگ قیامت کے دن اپنی بداعمالی کا انکار کرینگے اونکے مونہہ پر مہر لگائی جاکر اونکے ہاتھ پیروں سے اونکی بداعمالی کی گواہی ادا کرائے جاویگی۔ حاصل یہ ہے کہ جن آیتوں میں بدعمل لوگوں کے

منزل ۲

بدعملی سے انکار کرنے کا ذکر ہے وہ اس گواہی سے پہلے کا ہے اور یہ اقرار کا ذکر گواہی کے بعد کا ہے دونوں طرح کی آیتوں مین کچھہ اختلاف نہیں ہے۔

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ

یہ اسواسطے کہ تیرا رب ہلاک کرنیوالا نہیں بستیون کو ظلم سے اور وہان کے لوگ بیخبر ہون اور ہر کسی کو درجے ہیں

مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ

اپنے عمل سے اور تیرا رب بیخبر نہیں انکے کام سے اور تیرا رب بے پروا ہے رحم والا اگر چاہے تمکو لیجاوے اور پیچھے

مِّنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَاۗءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۝ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝

تمہارے قائم کرے جسکو چاہے جیسا تمکو کھڑا کیا اور دون کی اولاد سے جو تمکو وعدہ کیا سو آنیوالا ہے اور تم تھکا نہ سکوگے

اوپر ذکر تھا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائیگا جن لوگون سے پوچھے گا کہ کیا اللہ کے رسولون کی معرفت تمہین اللہ کا کلام نہیں پہونچا جسمین قیامت کے آنے کا اور اوس دن نافرمان لوگون کے عذاب مین پکڑے جانے کا ذکر تھا ان آیتون مین فرمایا اے رسول اللہ کے یہ آسمانی کتابین اور رسول اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ سے اسلئے بھیجے ہین کہ اللہ تعالیٰ کو ناانصافی کے طور پر کسی بستی کے لوگون کو غفلت اور بے خبری کی حالت مین غارت کرنا منظور نہین اسی واسطے اول صاحب شریعت نبی نوح علیہ السلام کی قوم سے لیکر فرعون اور اوسکی قوم تک کے لوگون کو اللہ کے رسولون کی معرفت اللہ کا کلام پہونچایا گیا جسمین ہر طرح کی نصیحتین تھین اون نصیحتون کے سمجھنے کے لئے پوری مہلت دی گئی باوجود اسکے وہ لوگ اپنی نافرمانی سے باز نہ آئے تو دنیا مین طرح طرح کے عذابون سے ہلاک ہوگئے اور عقبیٰ مین اپنے عملونکے موافق جداجدا پاوینگے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کے عملونکے موافق جزا سزا کے درجے ٹھہرا رکھے ہین اور کوئی چھوٹا یا بڑا عمل اسکے علم سے باہر نہین ہے پھر فرمایا نیک عملونکی ہر شریعت مین تاکید جو کی گئی ہے تو کچھہ اسواسطے نہین کی گئی کہ اللہ کو کسی کے نیک عملون کی کچھہ پرواہے اوسکی ذات تو سب ضرورتون سے بے پرواہے لیکن ساتھہ ہی اسکے یہ بھی ہے کہ جس طرح اوس کی صفتون مین بے پروائی کی صفت ہے اوسی طرح رحم کی صفت بھی ہے اسی رحم کی صفت کے موافق اوسنے ایک نیکی کا اجر دس سے لیکر سات سو تک اور کبھی اس سے بھی زیادہ ٹھہرایا ہے اس صفت کے موافق اوس نے جسطرح پچھلی قومون کو نصیحت کے سمجھنے کی مہلت دی تھی اس طرح اوس نے قریش کو مہلت دے رکھی ہے ورنہ انکی سرکشی کے لحاظ سے اگر اللہ چاہتا تو اب تک پچھلی قومون کی طرح اونکو ہلاک کرکے دوسری کسی فرمانبردار قوم کو انکی جگہ اسی طرح پیدا کردیتا جس طرح پچھلی قومون کی ہلاکت کے بعد انکو پیدا کردیا مگر انکو یہ خوب سمجھہ لینا چاہیئے کہ مہلت قیامت کے وعدہ کو نہین ٹال سکتی اس مہلت مین اگر یہ لوگ کچھہ سامان اوس دن کے عذاب سے بچنے کا نکرینگے تو وہ عذاب دنیا کی آفتون کی طرح نہین ہے جس سے آدمی کہین بھاگ کر بچ جاتا ہے اوس عذاب سے بھاگنے کی جگہ بھی انکو کہین نہ ملے گی۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوذر کی حدیث

منزل ۲

کی حدیث قدسی اوپر گذر چکی ہے جسمین اللہ تعالی نے فرمایا تمام دنیا کے جنات اور انسان نیک ہو جاوین تو اون کی نیکی سے اللہ کی بادشاہت میں کچھ بڑھ نہیں سکتا اور یہ سب بد ہو جاوین تو کچھ گھٹ نہیں سکتا۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے کو اپنی رحمت کی صفت ایسی پیاری ہے کہ دنیا بھر کے لوگ اگر گناہ نہ کرتے تو اللہ تعالے اونکو دنیا سے اوٹھا کر انکی جگہ اور گناہ کرنے والی مخلوقات پیدا کرتا اور جب یہ لوگ گناہ کر کے توبہ استغفار کرتے تو اللہ تعالی اپنی رحمت کی صفت کو کام میں لا کر اون کے گناہون کو بخشدیتا ہے پہلی حدیث اللہ تعالی کی بے پروائی کی گویا تفسیر ہے اور دوسری اوسکی رحمت کی۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ

توکہہ لوگو کام کرتے رہو اپنی جگہ میں بھی کام کرتا ہون اب آگے جان لوگے کہ کس کو ملتا ہے آخر کا

عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

گھر مقرر بھلا نہ ہوگا بے انصافون کا

بعضے مفسرون نے اس آیۃ کو درگذر کی آیتون مین شمار کیا ہے اور جہاد کی آیۃ سے اس آیۃ کو منسوخ کہا ہے لیکن درگذر کی آیتون کی یہ شان نہین ہے جس طرح اس آیۃ کی شان ہے کیونکہ درگذر کی آیتون میں اس طرح کی تنبیہ کہان ہے جیسے اس آیۃ میں کافرون کو خطاب کر کے آخر کو فرمایا ہے فسوف تعلمون اس لیے صحیح قول یہی ہے کہ یہ آیۃ تنبیہ عذاب کی ہے جسکا دنیوی ظہور بدر کی لڑائی میں ہوا اور عقبے کے عذاب کا ظہور وقت مقررہ پر ہوگا غرض جہاد کی آیۃ سے یہ آیۃ منسوخ نہین ہے علاوہ اسکے اوپر گذر چکا ہے کہ جہاد کی آیۃ سے کوئی درگذر کی آیۃ منسوخ نہیں ہے حاصل مطلب آیۃ کا یہ ہے کہ اوپر کی آیتون مین پچھلی قومون کی بربادی کا حال قریش کی مہلت کا حال ان سب باتون کا حال ذکر فرما کر اس آیۃ میں فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ ان سب باتون کا حال سننے کے بعد بھی تم لوگ اگر اپنی سرکشی سے باز نہیں آتے تو اچھا تم اپنی حالت پر رہو میں اپنی حالت پر رہتا ہون تھوڑے دنون میں انجام ہر ایک کا تمکو معلوم ہو جاویگا مگر اتنی بات یاد رہے کہ جس اللہ نے تمکو تمہاری سب ضرورت کی چیزون کو پیدا کیا اوسکی تعظیم مین تم دوسرون کو جو شریک کرتے ہو یہ بڑے ظلم اور بڑی ناانصافی کی بات ہے اللہ تعالے نے جب تک اپنی بردباری سے تمکو چھوڑ رکھا ہے اس مہلت کو غنیمت جانو ورنہ آخر کو ایسے ناانصافون کا کبھی کچھ بھلا نہ ہوگا اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے آیۃ کے نازل ہونے کے تھوڑے عرصہ کے بعد بدر کی لڑائی کا موقع پیش آیا۔ بدر کی لڑائی سے پہلے ہی اللہ تعالے نے اپنے رسول کو جتلا دیا تھا کہ اس لڑائی میں بڑے بڑے سرکش قریش میں کے مارے جاوینگے چنانچہ صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ بدر کی لڑائی کے شروع ہونے سے ایک رات پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش میں سے کہ اون سرکشون کے نام بتلائے تھے جو اس

منزل ۲

لڑائی مین مارے جانے والے تھے بلکہ مارے جانے کے بعد جہان جہان اونکی لاشین پڑی تھین وہ مقامات بھی بتلائے تھے - انس بن مالک قسم کہا کر کہتے ہیں کہ ان لوگونکے مارے جانے کے بعد انکی لاشون کو اونہین مقامات پر ہم لوگون نے پایا - حاصل کلام یہ ہے کہ ایک بڑے وبال کے ٹل جانے کی طرح یہ تو ان لوگون کی دنیا کی موت کا حال ہی جسکی خوشخبری اللہ تعالے نے پہلے سے اپنے رسول کو سنادی تھی عقبے کا حال ان لوگون کا یہ ہوا کہ انکے مرتے ہی سخت عذاب نے اونکو آن گہیرا اور وہ عذاب اللہ کے رسول کو نظر آگیا اسی واسطے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگون کی لاشون پر کھڑے ہوکر یہ فرمایا کہ اب تو تم لوگون نے اللہ کے عذاب کا وعدہ سچا پایا چنانچہ مسند امام احمد صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک وغیرہ سے جو روایتین ہیں اُن مین اس قصہ کا ذکر ہے یہ حدیثین آیہ کے ٹکڑے انہ لا یفلح الظالمون کی گویا تفسیر ہیں جن سے مکہ کے ناانصاف مشرکون کا دین و دنیا کا انجام معلوم ہوتا ہے جو اور مشرکون کے لئے عبرت کا مقام ہے ۔

وَجَعَلُوا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ
اور ٹھیراتے ہیں اللہ کا اوسکے پیدا کئے کھیتی اور مواشی مین ایک حصہ پھر کہتے یہ حصہ اللہ کا ہی اپنے خیال پر اور یہ ہمارے شریکونکا

فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ۗ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ منزل ۲
سو جو اونکے شریکون کا ہے سو نہ پہنچے اللہ کی طرف اور جو اللہ کا ہی سو پہنچے اُنکے شریکونکی طرف کیا برا انصاف کرتے ہین

مشرکین اللہ تعالے کے خالق ہونے کے تو قائل تھے لیکن رسولون کے اور مرنے کے بعد پھر جینے کے اور قیامت کے دن کی سزا و جزا کے قائل نہیں تھے اب تو یہ ظاہر ہے کہ جو اللہ تعالے کو خالق مانے گا اوسکو یہ ضرور ماننا پڑیگا کہ اللہ تعالی بڑا صاحب حکمت ہے کیونکہ سب کی آنکھون کے سامنے اللہ تعالی کی مخلوقات مین بہت سی چیزین ایسی ہین کہ جنکی حکمت کے سمجھنے سے بڑے بڑے صاحب حکمت انسان عاجز ہین مثلاً بڑے سے بڑا صاحب حکمت انسان خود اپنی پیدائش پر غور کرے کہ ایک قطرہ پانی سے اوسکی پیدائش کس حکمت سے ہوئی ہے تو اوسکی سمجھ سے باہر ایک کارخانہ نظر آویگا پھر اللہ کی قدرت اور حکمت کچھ اسی ایک کارخانہ پر منحصر نہین ہے اوسکی قدرت اور حکمت کے دنیا مین ایسے لاکھون کارخانہ سب کی آنکھون کے سامنے موجود ہیں باوجود ان سب باتون کے مشرکین مکہ قیامت کے دن کی سزا و جزا کے جو منکر تھے تو گویا نادانی سے وہ یہ کہتے تھے کہ یہ سب کارخانے بغیر کسی نتیجہ کے یون ہی کھیل تماشے کے طور پر پیدا کئے گئے ہیں کیونکہ جب دنیا کے ختم ہونے کے بعد دنیا کی نیکی بدی کے کچھ جزا و سزا ہی نہیں تو پھر دنیا کا پیدا کرنا ایک کھیل تماشے سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے اسی واسطے اس آیہ مین اور اس سے آگے کی آیتون مین اللہ تعالے نے مشرکین مکہ کی چند ایسی بیان فرمائین ہین جن سے ان لوگون کی کمال نادانی معلوم ہوتی ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انکار حشر کی نادانی کے سوا مشرکین مکہ مین اور باتین بھی نادانی کی تھین اور ان لوگون نے اپنے آپکو عقلمند جو مشہور کر رکھا تھا وہ ایک

غلط شہرت تھی کس لئے کہ انمین جس کسی کو کچھہ عقل تھی وہ دنیا کے بعضے کارخانے دیکھہ کر حشر کے اقرار کے کلمات زبان پر لے آتا تھا چنانچہ عبد المطلب کا ایک قصہ معتبر کتابون مین ہے کہ اونہون نے ایک ظالم شخص کو ایک عرصہ تک خوشحالی اور تندرستی کی حالت مین جب دیکھا تو قسم کھاکر یہ کہا کہ اس جہان کے علاوہ سزا و جزا کا دوسرا جہان ضرور قائم ہوگا کیونکہ اس ظالم کا بغیر سزا کے رہ جانا ناانصافی ہے جو اللہ کی شان سے بعید ہے۔ مشرکین مکہ نے یہ ایک رسم قرار دے رکھی تھی کہ وہ لوگ اپنی کھیتی کی پیداوار مین سے اور میوے کے پیڑون کے میوون مین سے اور اپنے چوپاؤن کے ہر جھول کے بچون مین سے کچھہ حصہ تو اللہ کے نام کا ٹھہراتے تھے اور کچھہ بتون کے نام کا۔ اللہ کے نام کا حصہ مسافرون کی مہمانداری اور محتاجون کی خبر گیری مین خرچ ہوتا تھا اور بتون کے نام کا حصہ بتون کی پوجا اور پوجاریون کے کام مین لگایا جاتا تھا۔ اللہ کے نام کے حصے مین موسم کی خرابی کے سبب یا جانورون مین کچھہ آفت آجانے کے سبب سے کچھہ کمی پڑجاتی کرتی تھی تو اوسکا معاوضہ نہین کیا جاتا تھا۔ اگر بتون کے نام کے حصے مین کچھہ کمی پڑجاتی تھی تو اوسکا معاوضہ اللہ کے نام کی چیز سے کردیا جاتا تھا اسی کو برا انصاف فرمایا کیونکہ اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی چیزون مین اول تو پتھر کی مورتون کو حصہ دار ٹھہرانے کا کسی طرح کوئی حق نہین تھا اور پھر حصہ داری بھی ٹھہرائی گئی تو ایسی کہ مسافرون اور محتاجون کا حق مار کر ان پتھر کی مورتون کے حصہ کی کمی پوری کیجاتی تھی جس مین اللہ کے نام کی بے توقیری۔ مسافرون اور محتاجون کی حق تلفی دونون خرابیان تھین۔ یہ ساری خرابیان اس لئے تھین کہ یہ لوگ قیامت کے اور اوس دن کے جزا و سزا کے قائل نہ تھے ورنہ مسافرون اور محتاجون کا حق تلف کرکے اپنے عقبے کے اجر کو اس طرح بتون کی خاطر سے کبھی برباد نہ کرتے یہ مانا کہ پتھر کی یہ مورتین پچھلے زمانہ کے اچھے لوگون کی ہین لیکن جب اون اچھے لوگون کا جیتے جی یہ مرتبہ نہیں تھا کہ انکی توقیر اللہ تعالے کی توقیر کے برابر کیجاوے تو مرنے کے بعد اونکو یہ مرتبہ کہان سے حاصل ہوگیا کہ اللہ کے نام کی بے توقیری کی جاکر اونکی مورتون کے نام کے حصہ کی کمی کو پورا کیا جاوے۔ ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے شداد بن اوس کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ عقلمند وہ شخص ہے جو عقبے کے اجر کی نیت سے عقبی کا کچھہ سامان کرلیوے اور نادان وہ شخص ہے جو جیتے جی عقبے سے غافل رہے اور پھر اللہ سے عقبے کی بہبودی کی امید رکھے۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہہ مطلب قرار پاتا ہے کہ مشرکین مکہ کی نادانی تو یہ تھی کہ وہ دنیا کی پیدائش کو بلا نتیجہ خیال کرکے قیامت کے منکر تھے لیکن جو شخص دنیا کے پیدا ہونے کا نتیجہ قیامت کو جانکر قیامت کا اقرار کرے اور پھر قیامت کے سامان سے غافل رہے اوس کی نادانی بھی مشرکین مکہ کی نادانی سے کچھہ کم نہیں ہے۔

منزل ۲

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ○ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ

اور اسی طرح بھلی دکھائی ہے بہت مشرکون کو اولاد مارنی انکے شریکون نے کہ انکو ہلاک کرین

وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝

اور انکا دین غلط کریں اور اللہ چاہتا تو یہ کام نہ کرتے سو چھوڑ دے وہ جانیں اور انکا جھوٹ

اوپر کی آیہ میں مشرکین مکہ کی ایک نادانی کا جس طرح ذکر تھا اس آیہ میں اوسی طرح اونکی ایک اور نادانی کا ذکر ہے - علمانے لکھا ہے کہ قیس بن عاصم تمیمی عجابی کے اسلام لانے سے پہلے اُنکے ایک دشمن نے اُنپر حملہ کیا اور اونکی بیٹی کو چھین کر لے گیا اوس دن سے اونھون نے قسم کھائی کہ آیندہ جو لڑکی اونکے گھر میں پیدا ہوگی وہ اوسکو زندہ گاڑ دیا کرینگے - یہ پہلے شخص ہیں جنھون نے یہ رسم عرب میں نکالی پھر رفتہ رفتہ اکثر عرب میں یہ رسم پھیل گئی کہ یا تو پیدا ہوتے ہی لڑکی کو ایک گڑھا کھود کر اوس میں دبا دیتے تھے یا جب لڑکی کچھ بڑی ہوجاتی تھی تو اوسکو جنگل میں لیجاکر کسی کنوین میں ڈال دیتے تھے یہ رسم ایک نادانی کی بات تھی اسلئے مذمت کے طور پر اسکا ذکر اس آیہ میں فرمایا - واذا الشمس کورت میں آویگا کہ قیامت کے دن اس جرم کی دریافت ہوکر قاتل کو سزا دیجاویگی - شرکا سے مقصود شیاطین ہیں جنھون نے لڑکیون کے قاتلون کے دلون مین یہ وسوسہ ڈالدیا کہ لڑکیون کے زندہ چھوڑ دینے سے اسی طرح کی ذلت کے پیش آنے کا اندیشہ ہے جس طرح کی ذلت قیس بن عاصم کو پیش آئی اس وسوسہ کے سبب سے اون لوگون کو یہ برا کام اچھا معلوم ہونے لگا - شیطانی سب وسوسے ایسے ہی ہوتے ہیں جنسے برے کام اچھے نظر آنے لگتے ہیں ناحق قتل کے جرم مین شیاطین اور انسان دونو شریک تھے اسواسطے شیاطینون کو شرکا فرمایا حاصل مطلب آیہ کا یہ ہے کہ جس طرح شیاطین نے ان لوگون کے دلون میں یہ وسوسہ ڈالدیا ہے کہ اگر یہ لوگ اپنے مال مین تبون کا حصہ ٹھہراوین گے تو بت اللہ کے روبرو ان لوگون کی سفارش کرینگے اسی طرح انکے دلون میں یہ وسوسہ بھی ڈالدیا ہے کہ لڑکیون کے زندہ چھوڑ دینے میں طرح طرح کی ذلت کا اندیشہ ہے اور یہ کام شیاطینون نے اس لئے کیا ہے کہ یہ لوگ ملۃ ابراہیمی سے بہک کر اس گناہ کی سزا دوزخ میں بھگتین جس سے شیطانی جماعت بڑھ جاوے پھر فرمایا اگر اللہ چاہتے تو یہ لوگ ایسے کام چھوڑ دیوین لیکن دنیا کو اللہ تعالے نے نیک و بد کے امتحان کے لئے پیدا کیا ہے اسواسطے کسی برے کام سے مجبور کرکے کسی کو باز رکھنا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے اسلئے اے رسول اللہ کے ان لوگونکو انکے حال پر چھوڑ دیا جاوے - ان لوگون کے جھوٹ کا یہ مطلب ہے کہ یہ لوگ ان نادانی کی باتون کو ملۃ ابراہیمی کے مسئلے اور اللہ کے حکم بتلاتے تھے - صحیح بخاری وغیرہ میں مغیرہ بن شعبہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو اللہ تعالی نے تم پر جیتی لڑکیون کا گاڑ دینا حرام کیا ہے - یہ حدیث آیہ کی گویا تفسیر ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آیہ میں یہ جو فرمایا کہ ان لوگون کو انکے حال پر چھوڑ دیا جاوے اوسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان لوگون کا یہ کام سزا کے قابل نہین ہے بلکہ اسکا یہ مطلب ہے کہ اس کام کو اللہ نے حرام کیا ہے جو کوئی اسکے کرنے کی جرأت کریگا وہ عقبے مین اسی طرح سزا پاویگا جس طرح اور مناہی کے کامون کی سزا ہے - مسند بزار اور طبرانی مین حضرت عمر سے روایۃ ہے جسکا حاصل یہ ہے

منزل ۲

کہ ان ہی قیس بن عاصم نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ اونہون نے اسلام لانے سے پہلے اپنی لڑکیون کو جیتا گاڑا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے جواب مین فرمایا کہ قیس تمہیں ہر لڑکی کے معاوضہ مین ایک بردہ آزاد کرنا چاہیے قیس نے جواب دیا کہ حضرت میرا مال تو یہی ہے جو میرے پاس اونٹ ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اس صورت مین تم کو ہر لڑکی کے معاوضہ مین ایک اونٹ کی قربانی ضرور ہے - اس حدیث کی مسند بزار کی سند قوی ہے جس سے طبرانی کی سند کو بھی قوت ہوجاتی ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسلام سے پہلے لڑکی کا مار ڈالنا ایسا گناہ ہے جسکا کفارہ اسلام کے بعد بھی دینا آتا ہے فقط اسلام اس گناہ کے معاف ہوجانے کے لئے کافی نہیں یہ مسئلہ جو مشہور ہے کہ اسلام لانے سے اسلام کے پہلے کے سب گناہ معاف ہوجاتے ہیں یہ مسئلہ صحیح ہے کیونکہ اس مسئلہ کی بنیاد بعض صحیح حدیثون پر ہے مثلاً صحیح مسلم کی عمرو بن العاص کی حدیث اس مسئلہ کی ایک بڑی بنیاد ہے - لیکن حضرت عمر کی اس حدیث کے موافق لڑکیون کے مار ڈالنے کا گناہ اس مسئلہ سے مستثنیٰ رہا ہے

وَقَالُوا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ

اور کہتے ہیں یہ مواشی اور کھیتی ممنوع ہے اسکو نہ کھاوے مگر جسکو ہم چاہیں اپنے خیال پر اور بعضے مواشی کی پیٹھ

ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

پر چڑھنا منع ٹھہرایا ہے اور بعضے مواشی کے ذبح پر نام نہیں لیتے اللہ کا اسپر جھوٹ باندہ کر وہ سزا دیگا انکو اس جھوٹ کی

منزل ۲

اوپر کے سلسلہ میں مشرکین مکہ کی یہ ایک اور نادانی کا ذکر ہے - یہ لوگ کچھ جانورون کو اور کچھ کھیتی کے حصہ کو بتون کے نام کا ٹھہراکر عورتون پر اور اس کو حرام کردیتے تھے فقط بتون کے پوجاری اور مرد اسکو کام میں لاتے تھے اسی طرح بعضے جانورون کو بتون کے نام پر آزاد کرکے چھوڑ دیتے تھے جسکے سبب سے اونپر سواری کا کرنا اور بوجھ کا لادنا حرام ٹھہرایا جاتا تھا ان سب باتون کو یہ لوگ یون مشہور کرتے تھے کہ دین ابراہیم علیہ السلام اور اسمعیل علیہ السلام مین ہمکو اسی طرح ان باتون کا حکم ہے اسواسطے ہم ان باتونکو اپنے دین کے موافق کرتے ہیں اس آیۃ میں تو ان باتون کا ذکر فرماکر مختصر طور پر فقط اتنا ہی فرمایا کہ ان لوگون کا یہ کہنا جھوٹ ہے کہ یہ باتین دین ابراہیمی کے موافق ہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان لوگون کو انکے اس جھوٹ کی سزا دیویگا لیکن سورہ یونس مین تفصیل سے فرمایا ہے فجعلتم منہ حراما وحلالا جسکا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزون میں سے مردہ جانور کو حلال اور بتون کے نام کے جانورون کو اور اونکے نام کی کھیتی کو حرام جو ٹھہرایا گیا ہے یہ اللہ تعالےٰ کے کسی حکم سے نہیں ہے عمرو بن لحی نے یہ باتین پہلے پہل اپنے دل سے گھڑین اور پھر ان لوگون میں ان باتون کا رواج پڑگیا عمرو بن لحی کا قصہ اوپر گذر چکا ہے کہ پہلے پہل اسی شخص نے ملت ابراہیمی کو بدلا ہے مسند بزار اور مستدرک حاکم مین ابودرداء کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال وہی چیز ہے جسکو اللہ تعالےٰ نے حلال فرمایا اور یہی حال حرام کا ہے - حاکم نے اس

حدیث کو صحیح کہا ہے اور مسند بزار کی سند بھی معتبر ہے یہ حدیث گویا اس آیۃ کی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ کسی چیز کو حلال یا حرام ٹھہرانے کا حق سوا اللہ تعالے کے اور کسی کو حاصل نہیں ہے اسلئے اس حق مین جو کوئی دخل دیویگا وہ قیامت کے دن سزا پاویگا۔ اس قسم کی آیتون کی تفسیر مین علمانے لکھا ہے کہ حرام حلال اور جایز ناجایز کے فتوے مین مفتی کو بڑی احتیاط کرنی چاہیے کس لئے کہ اس باب مین مفتی سے کوئی بے احتیاطی ہوجاویگی تو یہ خوف ہے کہ قیامت کے دن ایسے مفتی کا شمار اللہ تعالی پر جھوٹ باندھنے والے لوگون مین نہ ہوجاوے۔

وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَ

اور کہتے ہیں جو ان مواشی کے پیٹ میں ہو سو نر ہمارے مرد کھاوین اور حرام ہے ہماری عورتونکو اور

إِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝

اگر مردہ ہو تو اسمین سب شریک ہون وہ سزا دیگا انکو ان تقریرون کی وہ حکمت والا ہے خبردار

اوپر کے سلسلہ کے موافق مشرکین مکہ کی یہ ایک اور نادانی ہے۔ اوپر گذر چکا ہے کہ جس اونٹنی کے پانچ جھول بچون کے پیدا ہوچکتے تھے اوسکے کان چیر کر بتون کے نام پر اوسکو یہ لوگ چھوڑ دیتے تھے اور اوسکا نام اونھون نے بحیرہ رکھا تھا اسی طرح کسی مراد کی نذر مین جو اونٹنی بتون کے نام پر چھوڑی جاتی ہے اوسکو سائبہ کہتے تھے۔ اب ان لوگون نے اس رسم میں یہ ایک اور شاخ نکالی تھی کہ بحیرہ اور سائبہ کے پیٹ سے اگر کوئی جیتا بچہ پیدا ہوجاوے تو اوسکو انھون نے عورتون پر حرام ٹھہرا رکھا تھا اور اگر مردہ بچہ پیدا ہو تو اوسکو عورت مرد ملکر کھاتے تھے اوپر کی نادانیون کی طرح اس نادانی کو بھی یہ لوگ اللہ کا حکم جانتے تھے اس لیے اس نادانی کے ذکر کے بعد فرمایا کہ یہ بات انکی جھوٹ ہی جس جھوٹ کی سزا اونکو قیامت کے دن دیجاویگی پھر فرمایا کہ اللہ تعالی کی حکمت بہت بڑی ہے اور اوسکا علم بہت وسیع ہے اوس نے اپنی حکمت اور اپنے علم کے موافق بعضی چیزون کے حلال اور بعضی کے حرام ہونے کا حکم دیا ہے ان لوگون نے اللہ تعالی کے اس حکم مین دخل دیکر اپنی طرف سے مردہ جانور کو حلال اور بتون کے نام کے جانورون کو حرام جو ٹھہرایا ہے یہ ان لوگونکی بڑی جرأت ہے جس جرأت کی سزا آخر کو یہ بھگت لیوین گے۔ اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین ابو درداء کی حدیث گذری ہے وہ حدیث اس آیۃ کی بھی تفسیر ہے اور آیۃ کو اوس حدیث کے ساتھ ملانے سے وہی مطلب حاصل ہوتا ہے جو اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین بیان کیا گیا۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ

بیشک خراب ہوئے جنہون نے مار ڈالی اپنی اولاد نادانی سے بن سمجھے اور حرام ٹھہرایا جو اللہ نے اونکو رزق دیا

افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝

جھوٹ باندھکر اللہ پر بیشک بہکے اور نہ آئے راہ پر

ربع ۱۴ ۱۶ ۳

اوپر کی آیتون میں مشرکین مکہ کی نادانیون کا ذکر جو گذرا اس آیۃ مین گویا اوس سب ذکر کا نتیجہ بیان فرمایا ہے کہ جنہون نے اپنی لڑکیون کو مارا اور اپنے مال کو بتون کے نام کا ٹھہراکر اپنے اوپر یا اپنی عورتونپر اوس مال کو حرام قرار دیا تھا وہ دین دنیا کی ٹوٹے میں پڑگئے کیونکہ لڑکیون کے مار ڈالنے مین دنیا کا تو یہ ٹوٹا ہی کہ انکے اولاد مین کمی ہوگئی اور دین کا اس میں یہ ٹوٹا ہی کہ عقبے مین انپر قتل ناحق کا جرم قائم ہوگا۔ اپنے مال کو انھون نے بتون کے نام کا ٹھہراکر اپنے اوپر جو اس مال کو حرام قرار دیا اس سے دنیا مین تو اپنی گرہ کا مال کھویا اور زبردستی حق اللہ مین دخل دیکر اللہ کے رزق کو حرام ٹھہرانے کا وبال قیامت کے دن انکو بھگتنا پڑیگا اسی واسطے حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ اسلام سے پہلے عرب کی نادانی کا حال جو کچھ تھا وہ اس آیۃ سے خوب روشن ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کا یہ قول بخاری کی کتاب مناقب قریش میں ہے پھر فرمایا شیطان کے بہکانے سے یہ لوگ ان باتون کو دین ابراہیمی کے مسئلے خیال کرکے اپنے آپکو راہ راست پر جو گنتے ہیں یہ انکی بڑی غلطی ہے بلکہ ان شرک کی باتون سے اللہ تعالی کے نزدیک یہ لوگ سراپا گمراہی مین پھنسے ہوئے ہیں۔ معتبر سند سے طبرانی کبیر میں ابی شریح خزاعی کی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وعظ مین فرمایا جو شخص قرآن شریف کی نصیحت کا پابند رہے گا وہ کبھی خراب نہ ہوگا یہ حدیث گویا آیۃ کی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جس طرح اوس وقت کے مکہ کے لوگ قرآن شریف کی نصیحت کو چھوڑکر اپنی رسمون کے پابند تھے جنکو اللہ تعالی نے فرمایا کہ ایسے لوگ خراب ہوئے جسکا مطلب یہ ہوا کہ ایسے لوگون کی عقبے برباد ہوگئی اسی طرح اب بھی جو کوئی شخص قرآن شریف کی نصیحت کے برخلاف کسی رسم و رواج کا پابند رہیگا تو اسکی عقبے برباد ہوجاویگی

منزل ۲

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ

اوس نے پیدا کئے ہین باغ چھتریون کے اور بغیر چھتریون کے اور کھجور اور کھیتی کئی طرح کی اوسکا پھل

وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ

اور زیتون اور انار آپسمین ملتا اور جدا کھاؤ اسکے پھل مین سے جسوقت پھل لاوے

اوپر ذکر تھا کہ مشرکین مکہ اپنی کھیتی کی پیداوار مین اور پھل دار درختون کے پھل میں بتون کا حصہ ٹھہراتے تھے اس آیۃ مین اون لوگون کے یاد دلانے کے طور پر اللہ تعالی نے اونہین یہ جتلایا ہے کہ کھیتی کی پیداوار پھل دار درختون کے پھل یہہ سب اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی چیزین ہیں ان مشرکون کے بتون کا اسمین کچھہ دخل نہیں ہے پھر ان لوگون کی یہ بڑی نادانی ہے کہ اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی چیزون مین بغیر کسی استحقاق کے یہ لوگ پتھر کی مورتون کا حصہ ٹھہراتے ہیں اللہ تعالی نے یہ چیزین انسان کے کھانے اور اونکے پیدا کرنے والے کو پہچاننے کے لئے پیدا کی ہیں پتھر کی مورتون کا حصہ ٹھہرانے کے لئے یہ چیزین اوس نے نہیں پیدا کی ہیں۔ انگور کی بیلین چھتریون پر چڑھائی جاتی ہیں اسلئے چھتری دار فرمایا۔ بعضے آم انگور انار صورت اور مزہ دونون میں ملتے جلتے ہوتے ہیں اور بعضون کی صورت ملتی جلتی ہوتی ہے لیکن مزہ الگ

ہوتا ہے اور بعضون کی صورت مزہ دونون الگ الگ ہوتے ہیں اس لئے پھلون اور تیون کو ایسمین ملتے اور جدا فرمایا
حاصل مطلب آیۃ کا یہ ہے کہ اے لوگو اللہ کی ذات وہ ہے جسنے تمہاری زیست کا تمہارے آرام کا یہ سب سامان پیدا کیا
پھر ایسے خالق کو چھوڑ کر تم اورون کو جو اوسکی تعظیم مین شریک کرتے ہو یہ بڑے وبال کی بات ہے بخاری ومسلم کے
حوالہ سے ابو موسے اشعری کی حدیث گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی کی یہ بڑی بردباری
ہے جو مشرک لوگون کے رزق مین وہ کچھہ خلل نہین ڈالتا۔ یہ حدیث کا ٹکڑا آیۃ کے اس ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے آیۃ کے
ٹکڑے اور حدیث کے ٹکڑے کو ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی چیزون مین اگرچہ لوگ
شیطان کا حصہ ٹھہراتے ہیں لیکن اللہ تعالے اپنی بردباری سے اون چیزون کے پیدا کرنیکو بدستور جاری رکھتا ہے۔

وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝

اور دو اسکا حق جس دن کٹے اور بیجا نہ اوڑاؤ اسکو خوش نہیں آتے اوڑانے والے

شاہ صاحب نے موضح القرآن میں بلا بیان کرنے حد نصاب کے جو کھیتی کی زکوۃ بیان فرمائی ہے وہ حنفی مذہب کے
موافق ہے لیکن اور آئمہ کے نزدیک پانچ وسق کی حد نصاب مقرر ہے جو بیس من پانچ سیر عالم گیری پیسون کے
حساب سے ہے یہ پیسہ چودہ ماشہ کا ہوتا ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ سوائے حنفی مذہب کے اور مذاہب مین بیس من منزل ۲
سے کم پیداوار پر زکوۃ نہین ہے مسند امام احمد صحیح بخاری ومسلم میں جابر اور ابو سعید خدری سے جو روایتین ہیں
اوسکا مطلب یہ ہے کہ پانچ وسق سے کم پیداوار پر زکوۃ نہین ہے اور سوا گیہون جو کھجور انگور جوار کے اور پیداوار کی
زکوۃ مین بھی اختلاف ہے تفصیل اسکی فقہ اور حدیث کی شرح کی کتابون مین ہے اس آیۃ کو بعضے مفسرون نے
عشر کے حکم سے منسوخ کہا ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ عشر کا حکم اس آیۃ کا بیان ہے ناسخ نہین ہے اور یہ اوس صورت مین ہے
کہ جس طرح بعضے مفسرون نے کہا ہے کہ یہ آیۃ مکی ہے اوس کو قائم رکھا جائے اگر اوس روایۃ کو
لیا جاوے جو ابن جریر اور ابن جوزی نے اپنی تفسیر مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بیان کی ہے کہ یہ آیۃ مدنی ہے
کھیتی کی زکوۃ اسی حکم سے ثابت ہوئی ہے تو آیۃ اتوا الزکوۃ کے بیان کے طور پر کھیتی کی زکوۃ اسی آیۃ کے حکم سے ثابت
ہوگی اور حدیث پانچ وسق سے نصاب زکوۃ اور بیسوین حصہ اور دسوین حصہ سے مقدار زکوۃ معین ہوگی کہ محنت
سے کھیتی کو پانی دیا جاوے تو پیداوار کا بیسوان حصہ زکوۃ ہے ورنہ دسوان حصہ ہے ناسخ ہونے کی کوئی صورت نہین ہے
تفسیر ابن جریر مین ابن جریج سے روایۃ ہے کہ ثابت بن قیس کے پانسو کھجور کے درخت تھے اونھون نے ایک روز مین
سب ان درختون کا پھل خیرات کر دیا اوسپر لاتسرفوا کا ٹکڑا اس آیۃ کا نازل ہوا بعضی روایتون مین یہ شان
نزول حضرت عبداللہ بن عباس سے بھی آئی ہے مجاہد نے کہا ہے کہ ثابت بن قیس نے اپنی اہل وعیال کا خرچ
نہین رکھا تھا اس لئے اونکی خیرات اسراف مین داخل ہوئی جنکا حق اللہ تعالے نے آدمی پر رکھا ہے اوس حق کو

محفوظ رکھکر ایک روز مین احد پہاڑ کے برابر سونا بھی کوئی شخص خیرات کردے تو کچھ اسراف نہیں ہے مسند امام احمد صحیح مسلم اور نسائی میں جابرؓ سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پیداوار قدرتی پانی سے ہو اُسپر سو مین حصہ اور جسکو محنت کرکے پانی دیا جاوے اوسپر بیسوان حصہ زکوۃ ہے - زکوۃ مدینہ مین فرض ہوئی اسلئے جو علما اس آیۃ کو مکی کہتے ہیں وہ زمین کی پیداوار پر زکوۃ کے فرض ہونے کا حکم سورہ بقر کی آیۃ ومما اخرجنا لکم من الارض کو ٹھہراکر جابر کی اس حدیث سے مقدار زکوۃ کی تفسیر کرتے ہیں لیکن سورہ بقرہ میں ومما اخرجنا لکم من الارض کی شان نزول معتبر سند سے جو گذر چکی ہے اوس سے وہ آیۃ نفلی صدقہ خیرات کے باب میں معلوم ہوتی ہے کیونکہ فرض زکوۃ کے وصول کے لئے تو عامل مقرر تھے پھر عاملون کی موجودی میں بیکار اور بری چیز کا فرض زکوۃ مین وصول ہونا اور اُسپر آیۃ کا نازل ہونا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے علاوہ اسکے سورہ بقر کی آیۃ میں صدقہ خیرات کے ذکر کے ساتھ نذر کا بھی ذکر ہے اب یہ تو ظاہر ہے کہ جس طرح آدمی نذر اپنی طرف سے مانتا ہے اوسی طرح نفلی صدقہ خیرات اپنی طرف سے دیتا ہے اسی سبب سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ نذر کی مناسبت سے اوس آیۃ میں نفلی صدقہ خیرات کا ذکر ہے اور امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق یہ آیت مدنی اور اسی سے پیداوار زمین زکوۃ فرض ہوئی ہے اور حضرت جابر کی حدیث اسی آیۃ کی تفسیر ہے - معتبر سند سے مستدرک حاکم اور بیہقی مین ابو موسے اشعری اور معاذ بن جبل کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکو یمن بھیجتے وقت یہ فرمایا کہ سوا گیہون - جو - انگور - اور کھجور - کے اور کسی پیداوار پر زکوۃ نہ لیجاوے اس سے اون علما کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے جو ترکاری کی پیداوار پر عشر کے قائل نہیں ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے زمانہ میں مزروعہ زمین کی دو حالتین تھین ایک زمین تو وہ تھی کہ زمین کے قابض کو اوس زمین کا مالک کردیا جاتا تھا اب ایسی زمین کو اگر صرف اور محنت سے پانی دیا جاتا تھا تو پیداوار کا بیسوان حصہ اور اگر قدرتی پانی سے پیداوار ہوجاوے تو پیداوار کا دسوان حصہ زکوۃ یہ دو شرح مقرر تھین - فتح یمن کے بعد اس ملک کی تمام زمینون کی یہی حالت تھی ان دونو شرحون کا نام نصف عشر اور عشر تھا جسکا ذکر حضرت جابر کی حدیث میں اوپر گذرا ان زمینون کے قابضون سے سوا عشر یا نصف عشر کے اور کوئی محصول نہین لیا جاتا تھا دوسری قسم زمین کی وہ تھی کہ قابض زمین کو زمین کا مالک قرار دیا جاتا تھا اور ایک معین حصہ پیداوار کا خراج کے نام سے ٹھہرایا جاکر زمین مزروعہ کرائی جاتی تھی نجران وغیرہ کی زمینیں اسی قسم کی تھین ان زمینون کے قابضون سے سوائے بٹائی کی پیداوار کے اور کچھ نہین لیا جاتا تھا اس سے معلوم ہوا کہ حاکم وقت کے عہد مین جس زمین پر بٹائی کی پیداوار کے قائم مقام نقدی محصول مقرر ہے اوس زمین سے عشر یا نصف عشر نہیں لیا جا سکتا کیونکہ زمانہ حال کا محصول وہی زمانہ سلف کا خراج ہے جسکو نقدی کی صورت مین کرلیا گیا ہے اور جبکہ زمانہ سلف مین خراج اور عشر کا ملا کر لیا جانا پایا نہین جاتا تو اب بھی

منزل ۲

ان دونون کو ملانا شارع کے عندیہ کے برخلاف ٹھہریگا۔ بعضے علمانے اس مسئلہ میں یہ جو لکھا ہے کہ اُسوقت کے خراج کی رقم اسلامی مصارف میں آتی تھی اور محصول کی رقم کے مصارف جدا ہیں اسلئے خراج اور محصول کو ایک نہیں کہا جا سکتا اس کا جواب اور علمانے یہ دیا ہے کہ یہاں حاکمانہ مصارف سے بحث نہیں ہے بلکہ قابضان زمین کے مضارف سے بحث ہی دوا اس میں انکار کا بالکل محل نہیں کہ قابض زمین پر جس طرح خراج کی ادائی کا بار تھا اوس سے زیادہ محصول کی ادائی کا بار اوس بیچارہ پر ہے پھر جب شارع نے عشر کے نصف کر دینے میں قابض زمین کی محنت اور مصارف کا لحاظ رکھا ہے تو اب بھی اوس کے محصول کے بار کا لحاظ ضرور ہے کیونکہ بغیر اس لحاظ کے قطع نظر عشر اور خراج جمع ہو جانیکے بعضے ایسے کھیتون پر بھی عشر قائم ہو جاویگا جنکی پیداوار محصول کی منہائی کے بعد حد نصاب سے کم ہوگی۔

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

اور پیدا کیے مواشی میں لدنے والے اور دبے کھاؤ اللہ کے رزق میں سے اور مت چلو شیطان کے قدمون پر

الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ

وہ تمہارا دشمن ہے صریح

سورہ یٰسین میں آویگا اولم یروا انا خلقنا لہم مما عملت ایدینا انعاما فہم لہا مالکون وذللنا فہم فمنہا رکوبہم ومنہا یاکلون سورہ یٰسین کی یہ آیۃ گویا اس آیۃ کی تفسیر ہے حاصل مطلب ان دونون آیتون کا یہ ہے کہ بغیر کسی مدد اور شراکت کے اللہ تعالیٰ نے دنیا بھر کے جانور دو فائدون کے لئے پیدا کئے ہیں بعضے جانورون سے سواری اور اسباب کی بار برداری کا فائدہ اوٹھایا جاتا ہے اور بعضون کو ذبح کرکے اونکا گوشت کھایا جاتا ہے ذبح کرنے کے جانورون کو زمین پر لٹا کر ذبح کیا جاتا ہے اس لئے اُنکو فرش کی طرح دبے اور بچھے ہوئے جانور فرمایا حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن فائدونکے لئے جانورون کو پیدا کیا ہے اُن مشرکون نے اون فائدون کو چھوڑ کر بعضے جانورون کی سواری کو اور بعضون کے گوشت کو اپنی طرف سے جو حرام ٹھہرایا ہے یہ شیطانی بہکاوا ہے جس سے ہر آدمی کو بچنا چاہیئے کیونکہ شیطان ہر آدمی کا کھلا کھلا بڑا دشمن ہی اور دشمن کے فریب سے بچنا ہر عقلمند کا کام ہے صحیح مسلم میں جابر سے روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ شیاطین طرح طرح سے انسان کو بہکاتے ہین اور انمین سے جو شیاطین انسان کے بہکانے کی نئی نئی باتین نکالتے ہیں اون سے شیطان بہت خوش ہوتا ہے۔ یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے جس سے شیطان کے نئے نئے طریقون سے بہکانے اور انسان کی دشمنی میں لگے رہنے کا حال اچھی طرح معلوم ہو جاتا ہی

منزل ۲

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا

پیدا کئے آٹھ نر اور مادہ بھیڑ میں سے دو اور بکری میں سے دو پوچھ تو دونو نر حرام کئے ہیں یا دونون مادہ یا جو لپٹ

الربع

اشتملت علیہ ارحام الانثیین نبئونی بعلم ان کنتم صدقین ومن الابل اثنین ومن البقر اثنین

رہا ہے مادون کے پیٹ میں بتاؤ مجکو سند اگر تم سچے ہو اور پیدا کئے اونٹ میں سے دو اور گائے میں سے

قل آلذکرین حرم ام الانثیین امّا اشتملت علیہ ارحام الانثیین ام کنتم شہداء اذ وصّکم

پوچھ تو دونون نر حرام کئے ہیں یا دونون مادہ یا جو پیٹ رہا ہے مادونکے پیٹ میں یا تم حاضر تھے جسوقت اللہ نے تمکو یہ کہہ دیا تھا

ع ۱۷ ۴ الله بهذا فمن اظلم ممن افترى على الله كذبا ليضل الناس بغير علم ان الله لا يهدي القوم الظلمين

پھر اوس سے ظالم کون جو جھوٹ باندھے اللہ پر تا لوگونکو بہکا دے بغیر تحقیق بیشک اللہ راہ نہیں دیتا ہے انصاف لوگونکو

اوپر ذکر تھا کہ شیطان کے بہکانے سے مشرکین مکہ نے بعضے جانورون پر سوار ہونا بوجہ لادنا اور بعضے جانورون کا گوشت کھانا اپنے اوپر حرام ٹہرالیا تھا ان آیتون میں فرمایا جن جانورون کو ان نادانون نے اپنے اوپر حرام کرلیا ہے وہ ان آٹھہ نر مادہ بھیڑ بکری اونٹ گائے میں سے ہیں پھر اگر ان حرام ٹہرائے ہوئے جانورون کو ان نادانون نے نر ہونے کے سبب سے حرام ٹہرایا ہے تو جو نر پیدا ہوچکے سب نرون کو حرام ٹہرادین کیونکہ نر ہونے میں سب برابر ہیں اب یہی حال مادہ کا سمجھہ لینا چاہیئے پھر فرمایا اگر یہ لوگ سچے ہیں تو نر مادہ ہونے کے علاوہ اور کوئی سبب اون جانورون کے حرام ہونے کا بتلاوین کہ اللہ تعالی نے کیونکر انسے کہدیا ہے کہ یہ جانوران پر حرام ہین کیا اللہ تعالے انکو اپنے روبرو بلاکر انسے یہ بات کہی ہے یا کسی اپنے رسول کی معرفت انکو یہ حکم بھیجا ہے اگر ان دونو باتون مین سے کوئی بات یہ لوگ نہ بتا سکین تو یہ لوگ اپنے نفس پر بڑا ظلم کر رہے ہیں جو اللہ پر یہ جھوٹ باندھتے ہیں کہ اللہ تعالے نے دین ابراہیمی مین ان جانورون کو حرام ٹہرایا ہے ایسے ظالم اور جھوٹے لوگون کو مجبور کرکے اللہ تعالی راہ راست پر لانا نہین چاہتا اسلئے یہ لوگ جس حالت پر ہیں اوسی حالت پر مرین گے اور عقبی مین اپنے ان اعمال کی سخت سزا پاوینگے صحیح مسلم کے حوالہ سے عیاض بن حمار کی حدیث قدسی سورہ نحل مین گذر چکی ہے جسمین اللہ تعالی نے فرمایا جو چیزین مین نے اپنے بندون پر حلال کی تھین شیطان کے بہکانے سے وہ اونھون نے اپنے اوپر حرام کرلی ہیں معتبر سند کی ابودرداء کی حدیث بھی مسند بزار اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال وہی چیز ہے جو اللہ تعالے نے حلال فرمائی اور یہی حال حرام چیز کا ہے۔ یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہین حاصل مطلب یہ ہے کہ حرام حلال چیزین اللہ تعالی کے حکم سے ٹہر چکی ہیں انسان کو اس میں کچھہ دخل نہیں ہے اسپر بھی ان لوگون نے اپنی طرف سے کچھہ جانور جو حرام حلال ٹہرائے ہیں جنکے باب میں یہ لوگ اللہ تعالی کے حکم کی کوئی سند نہیں کرسکتے تو یہ حرام حلال شیطانی بہکاوا ہے کیونکہ انسان برخلاف حکم الہی کے جو کام کرے وہی شیطانی بہکاوے کا کام ہے

منزل ۲

قل لا اجد في ما اوحي الي محرما على طاعم يطعمه الا ان يكون ميتة

تو کہہ مین نہین پاتا جس حکم میں کہ مجکو پہنچا کوئی چیز حرام کھانیوالے کو جو اسکو کھاوے مگر یہ کہ مردہ ہو

اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ

یا لوہو پینیکے دینے کا یا گوشت سور کا کہ وہ ناپاک ہی یا گناہ کی چیز جسپر پکارا اللہ کے سوائے کسی کا نام

اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

پھر جو کوئی عاجز ہو نہ زور کرتا نہ زیادتی تو تیرا رب معاف کرتا ہے مہربان

مشرکین مکہ نے شیطان کے بہکانے سے جو جانور اپنے اوپر حرام کرلئے تھے اوسکا اوپر ذکر تھا اس آیۃ مین اون مشرکین کے قائل کرنے کیلئے فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان لوگون سے کہدو کہ جن جانورون کو تم لوگون نے اپنی طرف سے حلال یا حرام ٹھہرا رکھا ہے اونکا ذکر اللہ کے حکم مین کہیں نہین پایا جاتا بلکہ میرے پاس جو اللہ کا حکم قرآن کے ذریعہ سے آیا ہے اوس مین تم لوگون کی رسمون کے برخلاف حکم ہے جس طرح مثلاً مردہ جانور کو اور بتون کے نام پر جو جانور ذبح کرتے ہو اوس جانور کو اور جانور کے ذبح کرتے وقت جو خون بہتا ہے اوسکو تم لوگ حلال گنتے ہو اور اللہ کے حکم مین یہ سب چیزین حرام ہین اسی طرح مثلاً وہ سانڈ جنکو بتون کے نام پر چھوڑ دیا جاتا ہے یا وہ اونٹ جسکے نطفہ سے دس بچھول بچون کے پیدا ہوئے ہون تمہارے نزدیک یہ جانور حرام ہین لیکن اللہ تعالی کے حکم مین اِنکے حرام ہونے کا کہین ذکر نہین ہے۔ اس مکی آیۃ کے نازل ہونے تک یہی جانور حرام تھے جنکا ذکر اس آیت مین ہی پھر ہجرت کے بعد منزل ۲
سورہ مائدہ مین وہ جانور حرام ہوئے جنکی تفصیل اوسی سورہ مین گذر چکی ہے اور قرآن کے بیان اور تفسیر کے طور پر صحیح حدیثون کے موافق دیسی گدہے درندے اور پنجہ دار پرندے حرام ہوئے اسی طرح جن جانورون کے مارڈالنے کا حکم دیا جن جانورون کے مارنے کی مناہی صحیح حدیثون مین ہے وہ جانور بھی حرام ہین۔ تفصیل ان سب جانورون کے حدیث کی کتابون مین ہے حاصل کلام یہ ہے کہ جمہور سلف کے نزدیک حرام جانورون کا حصر فقط اونہی جانورون پر نہین ہے جنکا ذکر اس آیت مین ہے اگرچہ ایک روایۃ مین حضرت عبداللہ بن عباس رض حضرت عائشہ اور امام مالک رح اسی حصر کے قائل ہیں لیکن جمہور سلف نے اسکو تسلیم نہین کیا معتبر سند سے عبداللہ بن عمر کی حدیث سورہ بقر مین گذر چکی ہے جسکے موافق مردار مین سے دو مردار مچھلی اور ٹڈی اور خون مین سے دو خون کلیجی اور تلی حلال ہیں تمام علما کے نزدیک سور حرام ہے اور سور کا جسم ناپاک ہے۔ سور اور کتے کی کھال چمڑے کے پاک وصاف کرنے کے قاعدہ سے پاک ہو جاتی ہے یا نہین اس کا اختلاف سورہ مائدہ مین گذر چکا ہے۔ اہل لغیر اللہ بہ کی تفسیر سورہ بقر اور سورہ مائدہ مین گذر چکی ہے فمن اضطر غیر باغ ولا عاد فان ربک غفور رحیم اسکی تفسیر بھی سورہ بقر مین گذر چکی ہے حاصل یہ ہے کہ جو شخص بھوک کے سبب ایسا عاجز اور بے بس ہو جاوے کہ اوسکو اپنی جان کے تلف ہو جانے کا خوف ہو تو وہ بقدر اپنی جان بچانے کے ان حرام چیزون کو کھا سکتا ہے۔ غفور رحیم۔ اسکا یہ مطلب ہے کہ اللہ ایسا معاف کرنیوالا ہے کہ اوسنے بے بسی کے وقت حرام چیز کے کھا لینے کے جرم کو معاف کر دیا اور مہربان وہ ایسا ہے کہ اوس نے

ضرورت کے وقت حرام چیز کو جایز فرمادیا - عیاض بن حمار اور ابو درداء کی حدیثین اوسی طرح اس آیۃ کی بھی تفسیر ہیں جس طرح اس آیۃ سے اوپر کی آیتون کی تفسیر ہیں -

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا

اور یہود پر ہمنے حرام کیا تھا ہر ناخن والا اور گائے اور بکری میں سے حرام کی اونکی چربی مگر

إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِبَغْيِهِمْ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ

جو لگی ہو پشت پر یا آنت میں یا ملی ہو ہڈی کے ساتھ ہمنے اونکو سزا دی تھی اونکی شرارت پر اور ہم سچ کہتے ہیں

اوپر ذکر تھا کہ حرام وہی چیز ہے جسکو اللہ تعالی نے وحی کے ذریعہ سے حرام کیا کسی انسان کو کسی چیز کے حرام ٹھہرانے کا اختیار نہیں ہے اسپر قریش نے یہ اعتراض کیا کہ جو چیزین یہود اب تک نہین کھاتے اونکے نہ کھانے کا یہ سبب بتلاتے ہین کہ یعقوب علیہ السلام نے وہ چیزین اپنے اوپر حرام ٹھرائی تھین اسلئے ہم لوگ بھی وہ چیزین نہیں کھاتے پہر یہ بات کیونکر سچی ہوسکتی ہے کہ انسان کو کسی چیز کے حرام ٹھرانے کا اختیار نہین ہے - جو چیزین یہود نہیں کھاتے تھے اللہ تعالے نے اون چیزون کا ذکر اس آیۃ میں فرماکر قریش کے اعتراض کا یہ جواب دیا کہ یہود نے جب کوئی گناہ کیا تو وقت بوقت اس گناہ کی سزا میں اللہ تعالی نے اُسوقت کے نبی کی معرفت یہ چیزین یہود پر حرام کی ہیں یہود کا یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے یہ چیزین اپنے اوپر حرام کرلین تھین پہر فرمایا اللہ سچا ہے اور اللہ کے کلام کے برخلاف یہود نے جو بات مشہور کر رکھی ہے وہ سراپا جھوٹ ہے - ذی ظفر وہ جانور ہیں جنکی اونگلیان الگ الگ نہون مثلاً جیسے چرندون میں اونٹ اور پرندون میں بطخ اس طرح کے سب چرند پرند یہود پر حرام تھے علاوہ اسکے اونپر گای بکری کی انتڑیون اور گردون پر کی چربی بھی حرام تھی انہی چیزون کا ذکر اس آیۃ میں ہے - صحیح بخاری مسلم اور ترمذی مین عبداللہ بن مسعود کی بڑی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایماندار آدمی کو جھوٹ سے بچنا چاہیئے کیونکہ جھوٹ آدمی کو ایسے راستہ سے لگا دیتا ہے کہ جسکا انجام دوزخ ہے یہود کے جھوٹ کا جو اس آیۃ مین ذکر ہے اوسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہود کی جھوٹ کی عادت نے اونہین ایسے راستہ سے لگایا جسکے سبب سے اونھون نے توراۃ میں جھوٹی باتین ملاکر عیسے علیہ السلام اور نبی آخرالزمان اور نبیون کی نبوت کا انکار کیا جس سے اہل کتاب ہوکر وہ کافر بن گئے اور قرآن میں جگہ جگہ اللہ تعالی نے اوسکا انجام دوزخ فرمایا -

فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ

پہر اگر تجکو جھٹلادین تو کہہ تمہارے رب کی مہر بڑی سمائی ہے اور پہر تا نہین اُسکا عذاب گنہگار لوگون سے

اوپر کی آیت مین فرمایا تھا کہ بعضی حلال چیزین یہود پر جو حرام ہوگئی ہیں وہ ان لوگونکی سرکشی کی سزا مین اللہ تعالے کے حکم سے حرام ہوئی ہیں یعقوب علیہ السلام کے حرام ٹھرانے سے حرام نہیں ہوئین اس آیۃ میں فرمایا اے رسول اللہ

کے ان لوگون کے دل جانتے ہین کہ جو بات اللہ تعالی نے فرمائی وہی سچی ہے اسپر ضد سے یہ لوگ تمکو جھٹلاوین تو انسے کہدیا جاوے کہ یہ اللہ کی مہربانی کی سمائی کا سبب ہے جو تم لوگ باوجود سرکشی اور طرح طرح کے گناہون کے اب تک عذاب الہی سے بچے ہوئے ہو لیکن یہ عادت الہی ہے کہ کثرت گناہون کے سبب سے جب کسی گنہ گار قوم پر عذاب آجاتا ہی تو پھر وہ نہین ٹلتا صحیح مسلم میں ابو ہریرہؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذرہ ذرہ سی بات پر جو عذاب الہی ہونے والا ہے اگر اسکا پورا حال لوگون کو معلوم ہو جاوے تو پھر کسی شخص کے دل مین بھی جنت کی امید باقی نرہے اسی طرح اگر اللہ تعالی کی رحمت کا پورا حال لوگون کو معلوم ہو جاوے تو پھر کوئی شخص اوسکی رحمت سے ناامید نہو آیہ مین اللہ کی رحمت اور عذاب کا جو ذکر ہے یہ حدیث گویا اوسکی تفسیر ہے مطلب یہ ہے کہ اگر اب بھی یہ لوگ اپنی سرکشی سے باز آنکر راہ راست پر آنے کا قصد کرین تو اللہ کی رحمت بہت بڑی ہے ورنہ اسکا عذاب بھی بہت سخت ہے کہ جسکی سختی کو کوئی کم کرسکتا ہے نہ اوسکو کوئی ٹال سکتا ہے - اس مکی آیۃ مین قرآن کی پیشین گوئی کا یہ ایک معجزہ ہے جسکا ظہور ہجرت کے بعد ہوا کہ یہود کے تین قبیلے بنی قینقاع - بنی نضیر - بنی قریظہ جو مدینہ کے گرد نواح مین رہتے تھے اون مین سے بنی قینقاع اور بنی نضیر کا اخراج ہوا اور بنی قریظہ کا قتل -

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ

اب کہین گے مشرک اگر اللہ چاہتا تو شریک نہ ٹہیراتے ہم اور نہ ہمارے باپ اور نہ حرام کرلیتے کوئی چیز اسی طرح جھٹلایا کے

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ إِن تَتَّبِعُونَ منزل ۲

ان سے اگلے جب تک چکھا ہمارا عذاب تو کہہ کچھ علم بھی ہے تم پاس کہ ہمارے آگے نکالو یا نری اٹکل

إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ

پر چلتے ہو اور سب تجویزین کرتے ہو تو کہہ پس اللہ کا الزام پورا ہے سو اگر وہ چاہتا تو راہ دیتا تم

أَجْمَعِينَ ۝ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ هَٰذَا ۖ فَإِن شَهِدُوا ۱۸

سب کو تو کہہ لاؤ اپنے گواہ جو بتادین اللہ نے حرام کی ہے یہ چیز پھر اگر وہ کہین بھی

فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۝ ع ۶ ۵

تو تو نہ کہہ انکے ساتھ اور نہ چل اونکی خوشی پر جنہون نے جھٹلائے ہمارے حکم اور جو یقین نہین کرتے آخرت کا اور وہ اپنے رب کے برابر کرتے ہین اوروں کو

شروع سورہ سے یہانتک مشرکین مکہ کو شرک کے چھوڑنے اور حرام حلال کے احکام الہی مین دخل نہ دینے کی تنبیہ فرماکر ان آیتون مین فرمایا کہ اس تنبیہ کا اور کوئی جواب تو یہ لوگ دے نہین سکتے اگر آئندہ کچھ کہوین گے تو یہی کہوین گے کہ جس ڈہنگ پر ہمارے بڑے بوڑھے تھے اوسی ڈہنگ پر یہ لوگ بھی ہین یہ ڈہنگ اگر اللہ تعالی کو ناپسند ہوتا تو وہ انکو اور انکے بڑے بوڑھون کو اس ڈہنگ پر قائم نرکہتا پھر مشرکین کی اس بات کا یہ جواب فرمایا کہ ان لوگون کی

یہ حجت کچھ نئی نہین ہے ان سے پہلے قومون کے لوگ بھی اللہ کے رسولون کو اسی طرح کی حجتون سے یہان تک جھٹلاتے رہے کہ آخر کو طرح طرح کے عذابون میں گرفتار ہوکر ہلاک ہوگئے ۔ ملک شام اور ملک یمن کے سفر میں انھون نے اون پچھلے لوگون کی اوجڑی ہوئی بستیان دیکھی ہیں اس سے انکو یہ سمجھہ لینا چاہیئے کہ اگر وہ پچھلا ڈھنگ اللہ تعالے کو ناپسند نہوتا تو اون لوگون کا یہ انجام کیون ہوتا کیونکہ یہ امر اللہ تعالی کے انصاف کے بالکل برخلاف ہے کہ کوئی قوم اللہ تعالی کی مرضی کے موافق کام کرے اور وہ اُس قوم کو اسطرح کے عذاب سے ہلاک کردیوے حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ تعالی نے تو ہر شخص کی سمجھہ مین آنے کے قابل سیدہی سی ایک بات ان لوگون کو بتلادی اے رسول اللہ کے اب تم ان لوگون سے کہو کہ انکے ڈھنگون کے اچھے اور اللہ کی مرضی کے موافق ہونیکی کوئی سند انکے پاس ہو تو اوسکو نکال کر پیش کرین لیکن اللہ تعالی کو خوب معلوم ہے کہ یہ لوگ کوئی سند پیش نکر سکین گے کس لیے کہ یہ لوگ تو بغیر سند کے فقط اپنے وہم وگمان اور اپنی اٹکل پر چلتے ہیں اسلئے ایسی اٹکل پر چلنے والو پر آسمانی کتاب اور رسول بھیجکر اللہ تعالی نے جو انکی اٹکل کے غلط ہونے کا الزام قائم کیا ہے اُس الزام سے یہ لوگ بچ نہین سکتے کیونکہ اللہ تعالی نے دنیا کو نیک وبد کے امتحان کے لیے پیدا کیا ہے اسلئے اِن لوگون کی اٹکل کے موافق انکو یا انکے بڑون کو مجبور کرکے راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہوتا آگے فرمایا کہ اے رسول اللہ کے ان لوگون سے یہ بھی کہہ دو کہ آسمانی کتاب کی سند یہ لوگ اپنے ڈھنگون کے اچھے ہونے پر نہین پیش کرسکتے تو اپنے کلام کی تائید مین کوئی گواہ لاوین جو آکر یہ کہدیوے کہ اللہ تعالے نے تمون کے نام کے جانورون کو حرام یا مردہ جانور کو حلال کیا ہے پھر فرمایا اللہ کو خوب معلوم ہے کہ اس طرح کا کوئی قابل اعتبار گواہ یہ لوگ پیش نکر سکین گے اس لئے انکے جھوٹے گواہون پر کچھہ التفات نکرنا چاہیے کیونکہ ایسے کلام الٰہی کے جھٹلانے والے اور اپنی دلی خواہشون کے پابند لوگونکی گواہی کا کیا اعتبار ہے کہ وہ سچے گواہ بنین گے پھر فرمایا کہ ان لوگون کو مرکر پھر جینے اور اللہ کے روبرو کھڑے ہونے اور شرک کی جوابدہی کرنے کا پورا یقین نہین ہے اسواسطے یہ اپنے شرک پر اڑے ہوئے ہیں اور تمونکو اللہ کے برابر گنتے ہیں لیکن جن لوگون کو اللہ تعالی کے سامنے کھڑے ہونے کا پورا یقین ہے وہ ایسے شرک کی باتون سے گھبراتے ہیں صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث گذرچکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں لوگون کی کوئی بھر کرا ونہین دوزخ کی آگ سے بچانا چاہتا ہون اور لوگ اُس میں گرنے کی ایسی جرات کرتے ہیں جس طرح کیڑے پتنگے روشنی پر گرنے کی جرأت کرتے ہیں ۔ اسی طرح ان دونون کتابون کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث بھی گذرچکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی نصیحت کی مثال مینہہ کے پانی کی اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے ۔ یہ حدیثین ان آیتونکی گویا تفسیر ہیں آیتون اور حدیثون کو ملاکر حاصل مطلب یہ ٹھہرتا ہے کہ قرآن شریف کی آیتون میں ہر طرح کی نصیحت نازل ہوئی اور اللہ کے رسول نے اوس نصیحت کے ذریعہ سے لوگونکو راہ راست پر لانے کی پوری کوشش کی لیکن علم الٰہی میں جو لوگ دوزخی ٹھہرچکے تھے اونکے دل اس نصیحت کے

منزل ۲

اثر سے اسی طرح محروم رہتا جس طرح بری زمین مینہ کے پانی کے اثر سے محروم رہ جاتی ہے اور باوجود اللہ کے رسول کی پوری
روشنی تمام کے فتح مکہ تک روشنی پر گرنے والے کیڑے پتنگوں کی طرح آخر کو وہ لوگ مر کر دوزخ کی آگ میں جا پڑے۔

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ

تو کہہ آؤ میں سناؤں جو حرام کیا ہے تم پر تمہارے رب نے کہ شریک نہ کرو اسکے ساتھ کسی چیز کو اور ماں باپ سے نیکی

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ

اور مار نہ ڈالو اپنی اولاد کو مفلسی سے ہم رزق دیتے ہیں تم کو اور انکو اور نزدیک نہ ہو بیحیائی کے کام کے

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكُمْ

جو کھلا ہو اس میں اور جو چھپا اور مار نہ ڈالو جان جس کو حرام کیا اللہ نے مگر حق پر یہ تم کو

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ

حکم دیا ہے شاید تم سمجھو اور پاس نہ جاؤ یتیم کے مال کے مگر جس طرح بہتر ہو

حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

جب تک وہ پہنچے اپنی قوت کو اور پوری کرو ناپ اور تول انصاف سے ہم کسی پر وہی رکھتے ہیں جو اسکو مقدور ہے

وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ

اور جب بات کہو تو حق کہو اگرچہ وہ ہو اپنے ناتے والا اور اللہ کا قول پورا کرو یہ تمکو کہدیا ہے شاید تم دھیان رکھو

پرکار آیتوں میں پہلے تو اللہ تعالیٰ نے باغ اور زراعت کا ذکر فرمایا تاکہ مشرکین مکہ کو حشر کا جو انکار ہے باغ اور کھیتی
کی مثال پر غور کرنے سے ذرا انکی آنکھیں کھلیں اور سمجھیں کہ جس طرح اناج کا سوکھا دانہ اور پھل کی سوکھی گٹھلی کے ایک
جسم سے اوسی طرح کے ہزارہا لاکھا کروڑہا دانوں اور پھلوں اور گٹھلیوں کے جسم پیدا ہو جاتے ہیں اور تخم کے دانے اور
گٹھلیاں مثل مردہ جسم کے سوکھ جانے کے بعد تر و تازہ دانوں اور گٹھلیوں کے پیدا ہونے کا سبب قرار پاتے ہیں
اسی طرح ایک آدمی کے جسم کی مردہ مٹی سے بہتر و تازہ طور پر حشر کے دن اوس جسم کا پیدا ہو جانا کیا اس سے بھی مشکل
ہے باغ اور کھیتی کے ذکر کے بعد ان چند رسموں کا ذکر فرمایا جو بے عقلی سے مشرکین مکہ نے ایام جاہلیت میں ٹھہرا رکھی
تھیں تاکہ جس عقل کے بھروسے پر انھوں نے حشر کا انکار کیا ہے اوس عقل کی قلعی بھی کھل جاوے اور بیوقوفی
سے چند چیزیں جو انھوں نے اپنے اوپر حرام کر لیں تھی اونکا اور یہود کی سرکشی سے اونپر جو چند چیزیں حرام ہوئی تھیں
اونکا اور اصل شریعت محمدی میں اوسوقت حرام جو چیزیں تھیں اونکا یہ سب ذکر بطور تمہید کے فرما کر ان تین آیتوں
میں اصل باتیں جن سے دنیا میں آدمی کو بچنا چاہیئے ذکر فرماتے ہیں اور بعض اونمیں سے وہ باتیں ہیں جو مشرکین
مکہ میں بطور عام پھیلی تھیں مثلاً بتوں کو اللہ کا شریک ٹھہرانا تنگی معاش سے لڑکیوں کو مار ڈالنا ظاہر کے زنا کو عیب

شمار کرنا اور مخفی طور پر کوئی زنا کرے تو اوسکو عیب نہ لگانا آپسمین خون ریزی اور خانہ جنگی کرنا یتیمون کا مال کھانا
جھوٹ بولنا کم تولنا اور ناپنا وعدہ خلافی کرنا اسلئے اللہ تعالی نے ماں باپ کے حسن سلوک کو شریعت کی پیروی کی
نصیحت کو ان باتون کے چھوڑ دینے کی نصیحت کے ساتھ ملاکر ایک عام اور جامع نصیحت ان آیتون میں فرمادی ہے
ترمذی میں عبداللہ بن مسعود سے اور مسند امام احمد اور مستدرک حاکم میں عبادہ بن صامت سے ان آیتون کی بابت
جو روایتہ ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ جس شخص کو آنحضرت کی مہری دست آویز نجات کے لئے دیکھنے منظور ہو وہ ان
آیتون کو پڑھے اور انکے موافق عمل کرے اور ان باتون مین چھوڑنے کے لائق باتین ہیں جو شخص اُنکو نہ چھوڑے گا
وہ دوزخی ہے اگرچہ ترمذی نے عبداللہ بن مسعود کی روایتہ کو حسن غریب کہا ہے لیکن عبادہ بن صامت کی حدیث
کو حاکم نے صحیح کہا ہے علاوہ اس کے صحیح بخاری و مسلم میں عبادہ بن صامت کی بیعت کی جو حدیث
ہے اوس سے بھی عبداللہ بن مسعود کی روایتہ کو تقویت ہو جاتی ہے کیونکہ عبداللہ بن مسعود کی اس روایتہ کا
مضمون عبداللہ بن صامت کی بیعت کی حدیث کے قریب ہے حرم ربکم علیکم ان لا تشرکوا
بہ شیئاً اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالے نے تم لوگون پر شرک حرام کیا ہے اس لئے تم لوگون کو
چاہیئے کہ شرک سے باز آؤ - اگرچہ ماں باپ کے ساتھ برائے سے پیش آنا حرام ہے لیکن اوسکی جگہ ماں باپ کے ساتھ حسن
منزل ۲ کرنے کا ذکر فرمایا تاکہ معلوم ہو جاوے کہ ماں باپ کے ساتھ فقط برای سے پیش نہ آنا کافی نہین ہے بلکہ برائی سے بچکر انکے
ساتھ ہر ایک طرح کا احسان بھی ضرور ہے ان آیتون میں مشرکین مکہ کو یہ سمجھایا گیا ہے کہ تم لوگون نے زبردستی اپنی اٹکل
سے بعضی چیزون کو اپنے اوپر جو حرام ٹہرا رکھا ہے وہ اللہ تعالی کے کسی حکم سے تم پر حرام نہیں ہیں بلکہ اللہ کے حکم سے جو
حرام چیزین یہ ہیں جو تمکو ان آیتون مین جتلائی جاتی ہیں صحیح بخاری و مسلم مین عبداللہ بن مسعود عبداللہ بن عمرو بن العاص
و ابو ہریرہ سے اور معتبر سند سے مستدرک حاکم میں بریدہ سے جو روایتین ہیں اون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
ان چیزون کا ذکر فرمایا ہے جنکا ذکر ان آیتون مین ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ شرک ان سب مین بڑا گناہ ہے اور باقی سب
کبیرہ گناہ ہیں یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہیں حاصل مطلب یہ ہے کہ ان گناہون میں شرک تو ایسا بڑا گناہ ہے
کہ اگر مشرک شخص بغیر توبہ کے مرجاویگا تو اوسکی بخشش نہ ہوگی اور سوا شرک کے اور گناہون کا گنہگار شخص اگر
بغیر توبہ کے مرجاویگا تو ایسے شخص کی مغفرت اللہ تعالے کی مرضی پر منحصر ہے چاہے وہ ایسے شخص کو بغیر عذاب دوزخ
کے جنت مین داخل کرے چاہے کسیقدر عذاب کے بعد غرض جو شخص شرک سے پاک و صاف ہوگا وہ آخر کو جنت میں جاویگا زیادہ
تفصیل اسکی سورہ نسا کی آیتہ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشا کی تفسیر میں گذر چکی ہے وباللہ التوفیق اسکا
مطلب یہ ہے کہ ان آیتون مین یا اور آیتون میں اللہ تعالی نے جو حکم دیا ہے اوسکی پوری پابندی کیجاوے نیک کامون کے کرنے
اور بدکامون سے بچنے کی جتنی صحیح حدیثین ہیں وہ سب آیتہ کے اس ٹکڑے کی گویا تفسیر ہیں -

وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ

اور کہا کہ یہ راہ ہے میری سیدھی سو اسپر چلو اور مت چلو کئی راہیں پھر تم کو بہکا

عَنْ سَبِيلِهِ ۚ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝

دینگے اُسکی راہ سے یہ کہدیا ہے تم کو شاید تم بچتے رہو

معتبر سندسے مسند امام احمد بن حنبل نسائی مستدرک حاکم اور مسند بزار مین حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ آنحضرت نے ایک روز ایک سیدھی لکیر کھینچ کر فرمایا یہ اللہ کا سیدھا رستہ ہے اور اُس لکیر کے دائین بائین اور لکیرین کھینچکر فرمایا ان سب راستون پر شیطان بیٹھا ہے اور اپنی طرف لوگونکو بلاتا ہے پھر آپنے یہ آیہ پڑہی معتبر سندسے مسند نسائی مسند امام احمد بن حنبل مین عبداللہ بن مسعود اور نواس بن سمعان کی مرفوع اور موقوف حدیثون کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے سیدھے راستہ کی مثال یون سمجھائی کہ ایک سیدھا راستہ ہے اور اُسکے ادہر ادہر دو دیوارین ہین ان دیوارون مین کھلے ہوئے دروازے ہین اُن دروازون پر پردے پڑے ہین اور راستہ کے سر پر ایک شخص سیدھے راستہ پر بلا رہا ہے اور ایک شخص کہہ رہا ہے دیکھو ان دروازون مین سے کوئی دروازہ نہ کھولنا نہیں تو سیدھے راستے سے بہک جاؤگے وہ راستہ تو اسلام ہے اور دیوارین حرام حلال کی وہ حدین ہین جو اللہ تعالی نے شریعت مین قائم کی ہین اور دروازے شرع کے ممنوعات ہین اور راستے کے سر پر بلانے والا قرآن شریف ہے اور دروازون سے روکنے والی اللہ تعالی کی وہ نصیحت ہے جسکا اثر ہر مسلمان کے دل مین پیدا ہو کر اوس اثر سے آدمی گناہ سے رک جاتا ہے ترمذی مین عمرو بن عاص سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ یہود اور نصاری تو بہتر فرقے اختلاف سے ہوگئے میری امت کے تہتر فرقے ہونگے اور سوا ایک فرقے کے اور سب دوزخی ہین صحابہ نے پوچھا حضرت وہ نجات پانے والا کونسا فرقہ ہے آپ نے فرمایا جسپر مین اور میرے صحابی ہین ترمذی نے اگرچہ اس حدیث کو حسن غریب کہا ہے لیکن ترمذی اور ابوداؤد مین ابوہریرہ کی صحیح حدیث ہے جس سے اس حدیث کو تقویت ہوجاتی ہے ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اسلام کی سیدھی سڑک مین سے اور کجی کے راستے اختلاف کے سبب سے پھوٹ گئے ہین جن سب پر شیطان مسلط ہے ممنوعات شرعیہ کے دروازے فقط ایک پردہ کی آڑ مین ہین نجات کا راستہ فقط ایک ہی ہے جس راستہ پر خود صاحب وحی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ تھے نجات کے خواستگار ہر مسلمان کو لازم ہے کہ ادہر ادہر نہ بھٹکے اور نجات کے راستہ کو مضبوط پکڑے اور خوب یقین کرلے کہ مخبر صادق صاحب وحی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نجات کے راستہ کا پتہ بتلایا ہے وہ یہی ہے کہ ہر عقیدے اور ہر عمل مین آدمی آنحضرت اور صحابہ کے قدم بقدم چلا جاوے خدا تعالی ہر مسلمان کے دل مین اوس نصیحت الہیہ کا اثر پیدا کرے جسکا ذکر اوپر کی حدیث مین آیا ہے اور ہر مسلمان کو وہ سیدھا راستہ چلادے جسکا ذکر اس آیہ مین اور جسکی تفسیر حدیث

منزل ۲

میں ہے ہذا کا اشارہ اونہی باتون کی طرف ہے جنکا ذکر اوپر کی آیتون میں ہے۔ اوپر کی آیتون میں خاص خاص باتون سے علاوہ وبعد اللہ اوفوا ایسا ایک عام حکم ہے کہ قرآن شریف کے تمام امر ونہی کا مجموعہ ہے اور اوپر یہ گذر چکا ہے کہ نیک کامون کے کرنے اور بد کامون سے بچنے کی جتنی صحیح حدیثین ہیں وہ سب اس مجموعہ قرآن کی گویا تفسیر ہیں تو اب یون کہنا چاہیئے کہ ہذا کا اشارہ تمام احکامی آیتون اور حدیثون کی طرف ہے اور یہ بھی کہنا چاہیئے کہ جو بات اس اشارہ کے دائرہ سے باہر ہے وہ سیدھا راستہ ہے نجات کا سیدھا راستہ وہی ہے جو اس اشارہ کے دائرہ کے اندر ہے۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى

پھر دی ہمنے موسی کو کتاب پورا فضل نیکی والے پر اور بیان ہر چیز کا اور ہدایت

وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

اور مہر شاید وہ لوگ اپنے رب کا ملنا یقین کرین اور ایک یہ کتاب ہے کہ ہم نے اوتاری برکت کی سو اسپر چلو اور بچتے رہو شاید تم

اوپر کی آیتون میں فرمایا تھا اے رسول اللہ کے تم ان مشرکون سے کہدو کہ جن چیزون کو تم لوگون نے اپنی عقل سے حرام ٹھہرا رکھا ہے اصل مین وہ چیزین حرام نہیں ہیں بلکہ پہلے صاحب شریعت نبی نوح علیہ السلام سے لیکر اب تک حرام وہ وہ چیزین ہیں جو ان آیتون مین تم لوگون کو جتلائی گئی ہیں اب ان آیتون میں فرمایا اے رسول اللہ کے پہلی آیتون مین جو پیغام آیا ہے اسکے پہونچانے کے بعد پھر یہ پیغام بھی ان لوگون کو پہونچا دیا جاوے کہ شریعت موسوی سے پہلے کی شریعتون کے بعد جب اللہ تعالی نے موسے علیہ السلام پر توراۃ نازل فرمائی تو اس میں بھی علاوہ اور تفصیلی احکام کے اون چیزون کے حرام ہونے کا حکم موجود ہے جنکا ذکر پچھلی سب شریعتون مین تھا اور وہی حکم اوپر کی آیتون میں ہے۔ سورہ قصص مین آویگا ولقد اتینا موسے الکتاب من بعد ما اہلکنا القرون الاولے بصائر للناس۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ قوم نوح سے لیکر فرعون تک پچھلے لوگون کے عام عذابون سے ہلاک ہو جانے کے بعد موسے علیہ السلام پر توراۃ نازل ہوئی ہے جسکے سبب سے توراۃ میں تفصیلی احکام شرعی کے علاوہ پچھلے لوگون کی ہلاکت کے قصے ایسے ہیں جن سے بنی اسرائیل کے دل میں ایک عبرت پیدا ہو سکتی ہے ان آیتون مین تماما علی الذی احسن وتفصیلا لکل شئی جو فرمایا سورہ قصص کی آیۃ کو گویا اسکی پوری تفسیر ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ تفصیلی احکام شرعی اور پورے پچھلے لوگون کی ہلاکت کے قصے ملا کر توراۃ کو ایسی حسن ترتیب سے نازل کیا گیا ہے جسکی ہدایت کا اثر بنی اسرائیل کے دلون پر پورا پڑیگا اور توراۃ کے نازل ہونے کے بعد عام نافرمانی اور عام عذاب کی نوبت نہ آویگی اسی واسطے فرمایا کہ توراۃ کا نازل ہونا بنی اسرائیل کے حق مین ایک رحمت الہی ہے آخر کو یہ جو فرمایا کہ شاید اس قدر رحمت کے بعد یہود کے دلون مین ایک دن اللہ کے سامنے کھڑے ہونیکا یقین پیدا ہو جسکے سبب سے وہ اصلی توراۃ کے احکام کی پوری پابندی کر کے اللہ کے سامنے کھڑے ہونے کیوقت پوری سرخروئی حاصل کرین اس لفظ شاید کے فرمانے مین بڑی پیشین گوئی ہے جس کا ظہور مابعد مین یہ ہوا کہ عبد اللہ

بن سلام اور انکے ساتھیون کے دل مین تو یہ یقین پیدا ہوگیا لیکن باقی کے یہود نے اللہ تعالی کے سامنے کھڑے ہونے کے یقین کو اپنے دلون سے بالکل نکال ڈالا جس سے اصلی توراۃ کے احکام کی پابندی اون مین سے اوٹھ گئی پہلے تو انھون نے اصلی توراۃ کی آیتون مین تبدل تغیر کیا اور پھر ایک توراۃ کے یہ تین نسخے - عبرانی - یونانی - سامری - بن گئے - اب انمین باہمی یہ اختلاف ہے کہ سامری فرقے کے لوگ اپنے نسخے کو صحیح تبلاتے ہیں اور اونکے مقابل کے لوگ اپنے نسخون کو صحیح مسلم مین عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ قرآن کی ایک آیۃ کے مطلب پر دو صحابیون کا جھگڑا ہوا اس جھگڑے مین غل شور تک کی نوبت آئی اس غل کی آواز سنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حجرے سے باہر آئے اور بڑے غصے سے آپ نے فرمایا تم لوگون کو معلوم نہیں کہ تم سے پہلے لوگ کتاب آسمانی کے مطلب میں اسی طرح کا جھگڑا اور اختلاف ڈالکر خراب اور برباد ہوگئے اس مکی آیۃ میں یہود کی آیندہ کی حالت کی جو پیشین گوئی ہے اسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قرآنی پیشین گوئی کے موافق یہود نے توراۃ کے معنے اور لفظون میں یہان تک اختلاف ڈالا کہ اس اختلاف نے انکی عقبے کو برباد کردیا اب آگے فرمایا کہ اللہ تعالی نے جس طرح موسے علیہ السلام پر توراۃ نازل فرمائی اوسی طرح نبی آخرالزمان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ بابرکت کتاب نازل فرمائی جس کا نام قرآن ہے اہل مکہ اگر اس قرآن کی مخالفت کو چھوڑکر اسکے احکام کی پوری پابندی کرینگے تو شاید اونکو اللہ کے رحم کی امید کا موقع مل سکے گا - اس لفظ شاید کے فرمانے میں یہ پیشین گوئی ہے کہ اگرچہ ظاہر مین بعضے لوگونکا شمار قرآن کی پیروی کرنے والون مین ہوجاویگا لیکن قیامت کے دن اونکو اللہ کے رحم سے اس لئے محرومی ہوجاویگی کہ اونکا خاتمہ قرآن کی پیروی پر نہ ہوگا - صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے دن حوض کوثر پر سے چند آدمیون کو فرشتے کھینچ کر دوزخ کی طرف جب لیجانے لگین گے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اون فرشتون سے کہین گے یہ تو میرے اصحاب مین سے ہیں وہ فرشتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دین گے کہ آپکی وفات کے بعد یہ لوگ مرتد ہوگئے - آیۃ کی پیشین گوئی کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے اسی طرح صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی دوسری حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علاوہ اور معجزون کے قرآن ہی کیسا ایک ایسا معجزہ اللہ تعالی نے دیا ہے جسکے سبب سے میری امت کے نیک لوگونکی تعداد اور امتون کے نیک لوگون سے قیامت کے دن زیادہ ہوگی آیۃ میں قرآن کو برکت کی کتاب جو فرمایا یہ حدیث گویا اوسکی تفسیر ہے -

أَنْ تَقُولُوا إِنَّمَا أُنْزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا وَإِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ

اسواسطے کہ کبھی کہو کتاب جو اتری تھی سو دو ہی فرقون پر ہم سے پہلے اور ہمکو اُنکے پڑھنے پڑھانے کی

لَغَافِلِينَ ۝ أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُمْ

خبر نہ تھی یا کہو کہ اگر ہم پر اترتی کتاب تو ہم راہ چلتے اُن سے بہتر سو آچکی تمکو تمہارے

بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَصَدَفَ

رب سے شاہدی اور ہدایت اور مہربانی اب اُس سے بے انصاف کون جو جھٹلاوے اللہ کی آیتین اور اوسے

عَنْهَا سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ

کتراوے ہم سزا دینگے کترانے والون کو ہماری آیتونسے بُری طرح کی مار بدلا اُس کترانیکا

اوپر ذکر تھا کہ جس طرح اللہ تعالے نے موسے علیہ السلام پر توراۃ نازل فرمائی اوسی طرح اسنے نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ قرآن نازل فرمایا ہے ان آیتون مین فرمایا کہ اللہ تعالے نے یہ قرآن عربی زبان مین نازل فرمایا ہے تاکہ اہل عرب کو قیامت کے دن کسی عذر کے پیش کرنے کا موقع باقی نرہے اور ان لوگون کے دل مین یہ ہوس بھی نرہے کہ ان پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوتی تو یہ لوگ یہود و نصارا سے زیادہ راہ راست پر آجاتے۔ قرآن شریف کے نازل ہونے سے پہلے قریش یہ ہوس کیا کرتے تھے جس کا ذکر آیۃ کے اس ٹکڑے مین ہے اور یہ لوگ اور قومون کی بہ نسبت اپنے آپکو عقلمند زیادہ سمجھتے تھے اسواسطے آسمانی کتاب کی ہوس کے ساتھ یہ بھی کہا کرتے تھے کہ اگر ہم لوگون پر آسمانی کتاب نازل ہوئی تو اور قومون سے بڑھکر ہم راہ راست پر آجاوینگے آگے فرمایا اگر یہ لوگ اپنی اس تمنا اور ہوس مین سچے ہین تو اللہ تعالی نے انکی تمنا اور ہوس کے موافق اپنی رحمت سے اپنے انکی زبان مین یہ قرآن نازل فرمایا ہے جسمین حلال حرام جزا و سزا جنت و دوزخ نجات کے راستہ کے ہدایت سب کچھ ہے پھر فرمایا جو کوئی اللہ کی اس رحمت کی قدر نکریگا اور قرآن کی نصیحت پر عمل کرنے سے خود بھی کنیا ویگا اور لوگون کو بھی اس نیک راستہ سے روکے گا وہ کیسکا کچھ نر بگاڑے گا بلکہ ایسا شخص اپنے ہی نفس پر بڑا ظلم کرنے کی جرأت کر رہا ہے کیونکہ قیامت کے دن ایسے لوگون کو سخت سزا بھگتنی پڑیگی صحیح بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود اور مغیرہ بن شعبہ سے جو روایتین ہین انمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صاحب عذر کا عذر اللہ تعالی کو بہت پسند ہے اسی واسطے اللہ تعالی نے آسمانی کتابین نازل فرمائین رسولون کو بھیجا تاکہ کسی شخص کو نجات کے راستہ کی انجانی کا عذر باقی نرہے۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے جریر بن عبداللہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین مین جو شخص ایسا راستہ نکالیگا جس سے لوگ بدراہ سے لگ جاوین تو ایسے شخص کو قیامت کیدن اسطرح دوہری سزا ملیگی کہ اوسکی ذاتی بدعملی کی سزا جدا اور لوگونکو بہکانے کی سزا جدا یہ حدیثین ان آیتون کی گویا تفسیر ہین حاصل مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی کو صاحب عذر کے عذر کا سننا بہت پسند ہے اسلئے اسنے عربی مین قرآن نازل فرماکر اہل عرب کی انجانی کا عذر رفع کردیا اب جو کوئی قرآن کی نصیحت خود بھی نہ مانے گا اور لوگونکو بھی ایسے نیک راہ سے روکے گا تو ایسے قیامت کے دن دوہرا عذاب ہوگا۔

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ

کاہے کی راہ دیکھتے ہین لوگ مگر یہی کہ آپنہنچین فرشتے یا آوے تیرا رب یا آوے کوئی نشان تیرے رب کا جسدن آوینگا ایک نشان تیرے رب

منزل ۲

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا قُلِ انْتَظِرُوا إِنَّا مُنْتَظِرُونَ ۝

کام نہ آویگا ایمان لانا کسی کو جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا یا اپنے ایمان میں کچھ نیکی نہ کی تھی تو کہہ راہ دیکھو ہم بھی راہ دیکھتے ہیں

بعضے مفسرین نے اس انتظار کے وعدہ کی حد آیۃ جہاد کو ٹھہرایا ہے اور آیۃ جہاد سے اس آیۃ کو منسوخ کہا ہے لیکن یہ قول صحیح نہیں ہے اسواسطے کہ آیۃ کے اوپر کے ٹکڑے میں جن نشانیوں کا مجمل طور پر ذکر ہے اوسکی صراحت حضرت ابوہریرہؓ کی روایۃ سے صحاح ستہ میں آچکی ہے کہ اون نشانیوں سے مراد علامت قیامت میں سے آفتاب کا مغرب کی جانب سے طلوع ہونا ہے اور خود قرآن شریف میں فھل ینظرون الا الساعۃ ان تاتیھم بغتۃ سے اس انتظار کی تفسیر ہوچکی ہے اسوجہ سے صحیح تفسیر یہی ہے کہ اس انتظار سے مراد آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا ہے اور معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ مشرکین کے ایمان لانے اور گنہگاروں کے توبہ کرنے کا انتظار اوسوقت تک ہے جب تک آفتاب مغرب سے نہیں نکلا جب اوسمیں سے آفتاب نکل آویگا تو کوئی عمل پھر قبول نہ ہوگا اس حالت میں یہ آیۃ منسوخ نہیں ہے اس آیۃ میں گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تسکین فرمائی گئی ہے کہ روزمرہ کی قرآن کی آیتوں کی نصیحت پر بھی جو لوگ اپنے شرک اور قرآن کے انکار سے باز نہیں آتے تو اس سے کچھ گھبرانا اور تنگدل نہ ہونا چاہیئے یہ شرک اور قرآن کے انکار کا سلسلہ تو ان مشرکوں کی موت تک یا پشت بہ پشت قیامت تک چلنے والا ہے معتبر سند سے عبداللہ بن عمر کی حدیث ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک آدمی کا دم کنپٹی کر سینہ میں نہیں آتا اور موت کا خراٹا نہیں لگتا اوسوقت تک توبہ انسان کی قبول ہوسکتی ہے اسی طرح معتبر سند سے براء بن عازب کی حدیث بھی مسند امام احمد کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نافرمان آدمیوں کی موت کے وقت خوفناک شکل کے فرشتے اون نافرمان آدمیوں کے پاس آتے ہیں اور اونکو عذاب آخرت اور اللہ تعالیٰ کی خفگی سے ڈراتے ہیں جس سے اونکی روح جسم میں جگہ جگہ چھپتی پھرتی ہے آخر بڑی سختی سے اونکی روح قبض کی جاتی ہے یہ حدیثیں آیۃ کے ٹکڑے ہل ینظرون الا ان تاتیھم الملائکۃ کی گویا تفسیر ہیں حاصل مطلب یہ ہے کہ یہ نافرمان لوگ موت سے پہلے تو اپنی نافرمانی سے باز نہیں آتے ہاں جب انکا دم اوکھڑ کر سینے میں آجاتا ہے اور موت کے فرشتے اونکو نظر آنے لگتے ہیں تو اونکو اپنی حالت پر پچھتاوا آتا ہے لیکن اوسوقت کا پچھتاوا کچھ مفید نہیں کیونکہ پچھلی حالت پر پچھتانا اور راہ راست پر آنے کا ارادہ کرنا تو اوسوقت تک کا انسان کو مفید ہے جب تک عذاب الٰہی اوسکی آنکھوں کے سامنے نہیں آیا جب موت کے وقت عذاب کے فرشتے اوسکو نظر آنے لگے اور روح کو سختی سے نکالنے کے لئے اون فرشتوں نے طرح طرح کا عذاب شروع کردیا تو اوسوقت کا پچھتانا ایسا ہے جس طرح دنیا میں سزا کے وقت کوئی مجرم جرم کرکے پچھتاتا ہے جس بے وقت کے پچھتاوے سے اوسکی سزا ٹل نہیں سکتی۔ سورہ بقر اور سورہ آل عمران میں یہ بیان گذر چکا ہے کہ صفات الٰہی کی آیات متشابہات کہلاتی ہیں حضرت عبداللہ بن عباس کے صحیح قول کے موافق یہ بھی گذرا ہے کہ جو آیتیں نماز روزہ وغیرہ کے کسی عمل سے

منزل ۲

متعلق ہیں وہ محکم کہلاتی ہیں اور جن آیتون سے کوئی عمل متعلق نہیں ہے بلکہ اون آیتون پر بندون کا فقط ایمان لانا مقصود الہی ہے یہ سب آیتین متشابہات ہیں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے حضرت عائشہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ متشابہ آیتون کی تاویل کے درپے ہون اونکو اللہ تعالی کے خوف سے ڈرنا چاہیئے اس صحیح حدیث سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو متشابہ آیتون کی تاویل سے ڈرایا ہے اسلئے صحابہ اور تابعین کا زمانہ اس طریق پر گذرا ہے کہ وہ لوگ متشابہ آیتونکی تاویل کے درپے نہ تھے بلکہ اسکو برا جانتے تھے بعد اس زمانہ کے جن علمائے مفسرین نے اپنی تفسیرون کا مدار صحابہ اور تابعین کے طریقہ پر رکھا ہے وہ بھی اس قسم کی آیتونمین تاویل کو جائز نہیں رکھتے بلکہ انکو ظاہر معنے پر قائم رکھکر انکی تلاوت کرتے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ ان آیتونسے کوئی عمل شرعی متعلق نہیں ہے اسواسطے ان آیتونکی تفصیلی تفسیر بھی ضروری نہین ہے حاصل کلام یہ ہے کہ ان علمائے مفسرین نے جنکی تفسیرونکا مدار صحابہ اور تابعین کے طریقہ پر ہے سورہ بقر کی آیۃ کے ٹکڑے ہل ینظرون الا ان یاتیہم اللہ فی ظل من الغمام اور اس آیۃ کے ٹکڑے او یاتی ربک کو انکے اس معنے ظاہری پر قائم رکھا ہے کہ حشر کے دن اللہ تعالی نیک و بد کے فیصلے کیلئے میدان محشر میں نزول فرماویگا اور اس معنے کی تائید میں بعضے صحابہ کے آثار بھی اپنی تفسیرون میں نقل کئے ہیں - اسحاق ابن راہویہ سے کسی شخص نے پوچھا کہ جب اللہ تعالی جسم سے پاک ہے تو بلند جگہ سے نیچی جگہ کے نزول کو اللہ تعالی کی شان میں تسلیم کرنے سے اللہ تعالی کی ذات کی مشابہت جسمی چیزون کے ساتھ لازم آتی ہے - اسحاق بن راہویہ نے اسکا یہ جواب دیا کہ نزول ذات الٰہی کی کچھ کیفیت جب ہم بیان نہیں کرتے اور لیس کمثلہ شی ہمارا عقیدہ ہے تو پھر اللہ تعالی کی ذات کی مشابہت جسمی چیزون سے کیونکر لازم آسکتی ہے - یہ اسحاق بن راہویہ امام احمد کے طبقہ کے مفسر اور بڑے عالم ہیں حاصل مطلب آیۃ کے ٹکڑے ہل ینظرون الا ان یاتیہم اللہ او یاتی ربک کا یہ ایکہی ہے کہ یہ نافرمان لوگ اب تو اپنی نافرمانی سے باز نہیں آتے لیکن جسطرح دنیا مین موت کے فرشتونکے نظر آجانیکے بعد ان لوگونکو اپنی حالت پر پچتاوا آویگا اور اوسوقت کا پچتاوا انکے کچھ کام نہ آویگا یہی حال ان لوگون کا اوسوقت ہوگا جبکہ یہ لوگ میدان محشر میں اپنی نافرمانی کی جوابدہی کے لئے اللہ تعالی کے سامنے کھڑے ہونگے - صحیح بخاری و مسلم میں عدی بن حاتم کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میدان محشر میں نیکی بدی کے دریافت کے وقت اللہ تعالی بغیر واسطے کسی فرشتے یا رسول کے ہر شخص سے اوس شخص کے اعمال کی حالت خود دریافت فرماویگا معتبر سند سے معاذ بن جبل کی حدیث مسند بزار اور طبرانی کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حشر کے میدان میں ہر شخص کو چار باتون کی جوابدہی کیلئے اللہ تعالی کے روبرو کھڑا ہونا پڑیگا - ایک تو یہ کہ تمام عمر کس کام میں صرف کی دوسرے یہ کہ جوانی میں کیا کیا - تیسرے یہ کہ دنیا میں روپیہ کیونکر کمایا اور کہان کہان خرچ کیا - چوتھے یہ کہ دین کا کچھ علم سیکھا تو اوسکے موافق کیا عمل کیا اللہ تعالی کے میدان

منزل ۲

محشر مین نزول فرمانے کی اور ہر شخص سے بلا واسطہ نیکی بدی کا حال دریافت کرنیکی یہ حدیثین گویا تفسیر ہیں صحیح بخاری و مسلم
میں ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آفتاب مغرب سے نکلے گا تو اوسوقت کے سب نافرمان
لوگ گھبراکر راہ راست پر آجاوینگے لیکن ایسی مجبوری کیوقت کا انکا راہ راست پر آنا اونکو کچھہ نفع نہ دیویگا۔ معتبر سند سے
ترمذی مین صفوان بن غسال کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مغرب کی طرف لوگون کی توبہ کے
آسمان پر جانیکا آسمان میں ایک دروازہ ہے جب آفتاب مغرب کی طرف سے نکل آویگا تو وہ دروازہ بند ہوجاویگا اور
پھر کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی۔ ایمان اور نیک عمل کے فائدے کے اوٹھہ جانے کی جس نشانی کا ذکر اس آیۃ میں ہے یہ حدیثین
گویا اسکی تفسیر ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نشانی مغرب سے آفتاب کے نکلنے کی ہے اسکے بعد نامہ اعمال کے کاغذ
لپیٹ کر فرشتے آسمان پر چڑھ جاوینگے اور اعمال کا لکھنا بند ہوجاویگا آخر کو فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان نافرمان
لوگونسے کہدو کہ اب تو تم لوگ اپنی نافرمانی سے باز نہیں آتے لیکن موت کے فرشتون کے نظر آنے اور میدان محشر مین اللہ
تعالی کے روبرو کھڑے ہونے اور آفتاب کے مغرب سے نکلنے کے وقتون کا ہم بھی انتظار کرتے ہیں اور تم بھی انتظار کرو
یہ وقت ایسے ہیں کہ انمین نیک و بد کا سب حال کھل جاویگا۔ معتبر سند سے شداد بن اوس کی حدیث ترمذی اور ابن ماجہ کے
حوالہ سے گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقلمند وہ شخص ہے جو موت سے پہلے موت کے مابعد کا
کچھہ سامان کرلیوے اور نادان وہ شخص ہے جو موت سے پہلے موت کے مابعد کے سامان سے غافل رہے اور پھر اللہ تعالی سے منازل ۲
عقبی میں بہبودی کی توقع رکھے۔ یہ حدیث آیۃ کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مایوسی کے جن
وقتون کا ذکر آیۃ میں ہے اُن وقتونمین عقبے سے غافل لوگونکو اللہ تعالی سے بہبودی کی توقع کا رکھنا بڑی نادانی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ

جنہون نے راہیں نکالیں اپنے دین میں اور ہوگئے کئی فرقے تجھکو انسے کچھہ کام نہیں انکا کام حوالے اللہ کے

ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝

پھر وہی جتاویگا اُن کو جیسا کچھہ کرتے تھے

بعضے مفسرون نے گروہ گروہ یہود و نصارا اور مشرکین کو ٹھہرایا ہے اور آیۃ کو درگذر کی آیتونمیں شمار کرکے جہاد کی آیۃ سے
منسوخ کہا ہے لیکن اوپر صحیح حدیث سے ثابت ہوچکا ہے کہ اس امت کے اہل قبلہ مین سے بھی تہتر گروہ ہیں اسلئے
صحیح مذہب یہی ہے کہ آیۃ عام ہے اور آیۃ جہاد سے منسوخ نہین ہے کیونکہ اہل قبلہ سے جہاد نہیں ہے پھر جس آیۃ کے معنے
میں جہاد کے حکم کا انتظار ہی نہیں تو وہ آیۃ آیات درگذر میں شمار ہوکر آیۃ جہاد سے منسوخ کیونکر ہوسکتی ہے علاوہ اسکے
اوپر بیان ہوچکا ہے کہ آیۃ جہاد سے کوئی درگذر کی آیۃ منسوخ نہیں ہے عبادت الٰہی کے طریقہ کو دین کہتے ہیں۔ حرام حلال
کے احکام ہر ایک نبی کے عہد مین جو نازل ہوئے اون احکام کے مجموعہ کو شریعت کہتے ہیں۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے

ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ مصلحت وقت کے لحاظ سے احکام شرعی ہر نبی کے زمانہ مین جدا جدا نازل ہوئے ہین مگر عبادت الٰہی کا طریقہ جسکو دین کہتے ہیں سب نبیا کا ایک ہی عبادت الٰہی کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ انسان اللہ تعالی کی توحید کو دل سے ماننے اور زبان سے اسکا اقرار کرے اور اسکے رسولون کو سچا جانکر اون رسولون کی معرفت اللہ تعالی کے جو احکام نازل ہوئے ہین انکی پوری پابندی کرے۔ توحید کے معنے اللہ کو ایک جاننا۔ لیکن یہ اللہ کا ایک جاننا یا تو اللہ کے خالق اور رازق ہونے کے باب مین ہوگا جسکا مطلب یہ ہے کہ آسمان و زمین اور رزق کے اسباب سب کچھ اللہ تعالی کا پیدا کیا ہوا ہے اون چیزون کے پیدا کرنے مین کوئی اسکا شریک نہین اس توحید کا مشرکین اور نصاری کبھی انکار نہین ہے اس لئے قرآن شریف مین اس توحید کے ثبوت کی بحث نہین ہے بلکہ قرآن شریف مین جگہ جگہ اوس توحید کی بحث ہے جو توحید عبادت کا ایسا جز اعظم ہے کہ اسکے بغیر کسی طرح کی کوئی عبادت بارگاہ الٰہی مین قبول نہین ہوتی اس توحید کو توحید عبادت کہتے ہین اس توحید عبادت کا مطلب یہ ہے کہ جب انسان کا خالق و رازق اللہ تعالی ہے تو اوسی کی خالص عبادت اور اوسی کے احکام کی پابندی اور اوسی کے رسولون کی فرمانبرداری انسان پر لازم ہے۔ اس توحید عبادت مین لوگون کے الگ الگ فرقے ہوگئے ہین کوئی ستارہ پرست ہے کوئی آتش پرست کوئی بتون کو پوجتا ہے کوئی عیسی علیہ السلام کو معبود بتاتا ہے کسی نے احکام الٰہی کی پابندی چھوڑکر ایسی ایجادی باتون کو پکڑا ہے جسکو شرع مین بدعت کہتے ہین ان مختلف فرقون کو اس آیت مین فرمایا کہ شیطان کے بہکانے سے عبادت الٰہی کے طریقہ مین ان لوگون نے اپنی طرف سے راہین نکال لی ہین جو راہین اللہ تعالی کی مرضی کے برخلاف ہین اور ان راہون پر چلنے والے یا وہ لوگ ہین جو مشرک نجات کے راستہ سے بالکل دور ہین یا وہ لوگ ہین جو بدعتی قابل مواخذہ کے ہین۔ پھر فرمایا اے رسول اللہ کے جب تم نے ان لوگون کو اللہ کا حکم پہونچا دیا تو تمہارا فرض ادا ہوگیا اب ان مین سے جو فرقہ اللہ کے حکم کو نہ مانے گا اوسکا کچھ الزام تم پر نہین ہے ایسے لوگون کو تم اللہ کے حوالہ پر چھوڑ دو کہ قیامت کے دن اللہ تعالی ان لوگون کی بداعمالی کے موافق انکو سزا دیوے گا اس سزا کا یہ مطلب ہے کہ مشرک لوگ تو ہمیشہ دوزخ مین رہوین گے اور بدعتی فرقہ مین سے جن لوگونکی بدعت حد شرک تک نہ پہونچی ہوگی وہ اللہ کے حکم کے موافق ایک وقت مقررہ تک دوزخ مین رہکر پھر عذاب دوزخ سے نجات پاوینگے اور جنت مین داخل ہونے کا اونہین حکم ملجاویگا صحیح مسلم کے حوالہ سے جابر کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جو شخص شرک سے کم درجہ کے گناہ کرکے بغیر توبہ کے مرجاویگا وہ آخر کو جنت مین داخل ہوگا اور جو شرک کی حالت مین بغیر توبہ کے مرجاوے گا وہ ہمیشہ دوزخ مین رہے گا۔ یہ حدیث آیت کی گویا تفسیر ہے آیۃ اور حدیث کو ملاکر حاصل مطلب یہ ہوا کہ ان مختلف فرقون مین جنکا ذکر آیۃ مین ہے جو ایسے لوگ ہین کہ عبادت الٰہی مین دوسرون کو شریک کرتے ہین بغیر توبہ اور شرک سے باز آنے کے اونکی مغفرت کی کوئی صورت نہین ہان جو لوگ شرک سے کم درجہ کے گناہ کرکے بغیر توبہ کے مرجاوین گے اون کی مغفرت کی امید ہے۔

منزل ۲

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

جو کوئی لایا نیکی اُسکو ہے اُس کے دس برابر اور جو لایا برائی سو سزا پاویگا اتنی ہی اور اُنپر ظلم نہ ہوگا

اِس آیۃ کی تفسیر صحیح حدیثون میں آئی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اِس آیۃ میں ہر نیکی کے بدلے دس گنا ثواب کا وعدہ جو اللہ تعالی نے فرمایا ہے اُسکے معنے یہ ہیں کہ کم سے کم بھی ہر نیکی پر اجر اور ثواب دیا جاویگا تو وہ دس گنا ہوگا اور زیادہ سات سو تک بھی ہے اور اُس سے زیادہ بھی ہے اور ہر بدی پر ایک گناہ کی سزا کا وعید ہے لیکن چاہے تو اللہ تعالی بغیر سزا کے یون ہی بخش دیوے صحیحین میں حضرت ابو ہریرہ سے روایۃ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا جب کوئی مسلمان نیک عمل کرتا ہے تو دس گنے سے سات سو تک اوسکا اجر لکھا جاتا ہے اور بدی ایک کرے تو ایک ہی لکھی جاتی ہی اور کبھی بغیر لکھے معاف بھی ہوجاتی ہے اور صحیحین میں حضرت ابو ہریرہ سے یہ بھی روایۃ ہی کہ نیکی کا کوئی شخص ارادہ کرے اور ارادہ کے موافق عمل نکرے تو بھی ایک نیکی محض ارادہ پر لکھ لی جاتی ہے اور بدی بدون عمل کے نہین لکھی جاتی ہی اور بدی کا کوئی شخص دل میں ارادہ کرے اور پھر اُس بدارادہ کو بدل ڈالے تو بھی ایک نیکی لکھی جاتی ہی سورہ قصص مین آوے گا من جاء بالحسنۃ فلہ خیر منہا یہ آیۃ سورہ قصص کی اِس آیۃ کی تفسیر ہے کیونکہ سورہ قصص کی آیۃ میں مبہم طور پر یہ تھا کہ نیکی کرنے والے شخص کو نیکی سے بہتر بدلا ملے گا اِس آیۃ میں اوسکی تفسیر یہ فرمائی کہ بہتر بدلے کا مقصد یہ ہے کہ نیکی کرنے والے شخص کی ایک نیکی کا ثواب کم سے کم دس گنا لکھا جاویگا۔ ہر ایک نیک کام کا ثواب دس سے لیکر سات سو تک جو ہی اِس میں روزہ داخل نہیں ہے کیونکہ صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہؓ کی دوسری حدیث ہے جس سے معلوم ہوتا ہی کہ روزے کے ثواب کا اندازہ اللہ تعالی نے اپنی ذات پر رکھا ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ فرشتون کو آدمی کی نیت کا حال معلوم نہیں ہے اِسلئے جس قدر نیک نیتی سے آدمی کوئی نیک عمل کرتا ہے دس سے سات سو تک ثواب کا درجہ اللہ تعالے کے حکم سے فرشتے لکھ لیتے ہیں۔ روزے میں ریاکاری کا دخل بہت کم ہے اسواسطے روزے کا ثواب قیامت کے دن روزہ دارون کو خود اللہ تعالی عنایت فرماویگا فرشتون کو روزے کے ثواب کا درجہ پوچھنے اور لکھنے کا حکم نہین ہے وہم لا یظلمون۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی کو انصاف بہت پسند ہے اِس لئے نیک عمل کی جزا کے کم کرنے مین یا بد عمل کی سزا کے بڑہا دینے میں کسی ظلم و زیادتی کا دخل نہ ہوگا بلکہ پورے انصاف سے جیسا جسکا عمل ہوگا اوسی کے موافق جزا اور سزا کا برتاؤ ہوگا۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے دن بعضے گنہ گار اللہ تعالی کے روبرو اپنے گناہون کا انکار کرین گے جسپر اون لوگون کے ہاتھ پیرون سے گواہی دلوائی جاکر اون لوگونکو قائل کیا جاویگا۔ حدیث کا یہ ٹکڑا آیۃ کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن نہایت انصاف سے ہر ایک کو قائل معقول کیا جاویگا اور قائل معقول کے بعد سزا کا حکم دیا جاویگا اسی طرح جزا مین انصاف ہوگا کہ خالص دل سے ایک کلمہ توحید جو پڑھا اُس کا ثواب

منزل ۲

اس قدر دیا جاویگا کہ گناہون کا انبار اُسکے مقابلہ میں ہلکا ہوجاویگا چنانچہ اس باب مین ترمذی ابن ماجہ وغیرہ کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی ہے۔ اگرچہ ترمذی نے اس حدیث کو حسن غریب کہا ہے لیکن حاکم نے اسکو مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے ۔

قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ

توکہہ مجھکو سوجھائی میرے رب نے راہ سیدھی دین صحیح ملت ابراہیم کی جو ایک طرف تھا اور نہ تھا شریک والون مین

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ لَا شَرِیْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ

توکہہ میری نماز اور قربانی اور میرا جینا اور مرنا اللہ کی طرف ہے جو صاحب سارے جہان کا کوئی نہیں اُسکا شریک اور یہی مجکو حکم

اوپر ذکر تھا کہ شیطان کے بہکانے سے عبادت الٰہی کے صحیح طریقہ میں لوگون نے اپنی طرف سے غلط راہیں نکال لی ہیں اب ان غلط راہون مین مکہ کے مشرک لوگون کی یہ غلط راہ تھی کہ ان لوگون نے ملت ابراہیمی کو بگاڑ کر بت پرستی کو اپنا دین ٹھہرا لیا تھا بتونکی پوجا کرتے تھے اونکے نام پر جانور ذبح کرتے تھے اور اسی کو ملت ابراہیمی جانتے تھے اسلئے اس آیۃ مین فرمایا اے رسول اللہ کے ان مشرکون سے کہدو کہ تم لوگ تو بت پرست ہو اور ابراہیم خلیل اللہ نے اسی بت پرستی کی نفرت کے سبب سے اپنے وطن اپنے باپ اپنی قوم سب کو چھوڑا اور اس ہجرت کے بعد جب ابراہیم خلیل اللہ نے کعبہ بنایا اور اسکے سبب سے مکہ کی آبادی کی بنا پڑی تو اونہون نے مکہ اور اسمین آباد ہونے والے اپنی اولاد کے حق مین اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی رب اجعل ہذا البلد امنا واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام جسکا مطلب یہ ہے کہ یا اللہ اس شہر مکہ کو ہر طرح کی آفت سے امن مین رکھ اور میری اولاد مین سے جو لوگ اس شہر مین آباد ہون اونکو بت پرستی سے بچا۔ تمہارے بڑون مین سے عمرو بن لحی نے دعا ابراہیمی کے برخلاف اولاد ابراہیمی اور مکہ مین بت پرستی پھیلائی اب تم لوگ بھی اونہی لکیر کے فقیر ہوا اور پھر اپنے آپکو اولاد ابراہیمی اور ملت ابراہیمی کا پابند کہتے ہو یہ کتنی بڑی غلطی ہے اور ان مشرکون سے یہ بھی کہدو کہ جو سیدھا راستہ اللہ تعالیٰ نے مجکو بتایا ہے حقیقت مین ملۃ ابراہیمی وہ ہے کہ میری عبادت میری قربانی میری زیست موت سب اللہ کے حکم کے موافق ہے تم لوگون کی طرح مین کسی دوسرے کو ان باتون مین اللہ کا شریک نہیں ٹھہراتا۔ امت کے سب لوگون سے پہلے اللہ کے رسول احکام الٰہی کے پورے پابند اور حکم بردار ہوتے ہیں اور پھر اونکی حکم برداری کا اثر امت کے لوگون پر پڑتا ہے اسلئے فرمایا کہ مین تم سب سے پہلے حکم بردار ہون عمرو بن لحی کا قصہ اوپر گذر چکا ہے کہ پہلے پہل اسی شخص نے ملت ابراہیمی کو بگاڑ کر مکہ مین بت پرستی پھیلائی۔ یہ عمرو بن لحی وہی شخص ہے جسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دوزخ کی آگ مین جلتے ہوئے دیکھا یہ دیکھنا آپکا اوسوقت کا ہے جب سورج گہن کی نماز مین دوزخ اور جنت کو آپنے دیکھا تھا جس کا ذکر صحیح بخاری میں حضرت عائشہ کی روایۃ سے آیا ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ آسمان و زمین کے پیدا

منزل ۲

کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے جو کچھ دنیا میں اول سے آخر تک ہونے والا تھا اپنے علم ازلی کے موافق اللہ تعالیٰ نے وہ سب لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسے اشعری کی وہ حدیث بھی گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف کی نصیحت کی مثال مینہہ کے پانی کی اور اچھے برے لوگون کی مثال اچھے بری زمین کی فرمائی ہے - یہ حدیثین آیۃ کی گویا تفسیر ہیں آیۃ اور حدیثون کو ملا کر حاصل مطلب یہ ہوا کہ مشرکین مکہ میں سے لوح محفوظ کے نوشتہ کے موافق جو لوگ عمرو بن لحی کے ساتھی ٹھہر چکے تھے اونکے حق میں قرآن شریف کی نصیحت کا اثر اسی طرح رائگان گیا جس طرح بری زمین مین مینہہ کے پانی کا اثر رائگان جاتا ہے پھر فتح مکہ تک جب ایسے سب لوگ شرک کی حالت میں مرمٹ کر عمرو بن لحی سے جا ملے اور وہ لوگ باقی رہگئے جو لوح محفوظ کے نوشتہ کے موافق راہ راست آنیوالے تھے تو اونکے حق میں قرآن شریف کی نصیحت اسیطرح مفید ہوئی جسطرح اچھی زمین مین مینہہ کا پانی مفید ہوتا ہے جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام مکہ میں اسلام پھیل گیا صراط مستقیم اور دین صحیح دونون ایک ہیں - تفسیر صراط مستقیم کی آیۃ وان ہذا صراطی مستقیما کی تفسیر میں گذر چکی ہے -

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ

تو کہدے اب مین سوائے اللہ کے تلاش کرون کوئی اور رب اور وہی ہے رب ہر چیز کا اور جو کوئی کما دیگا سو اسکے ذمہ پر اور بوجھ نہ

وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ منازل

اوٹھا دیگا ایک شخص دوسرے کا پھر تمہارے رب پاس رجوع تمہارے سو وہ جتا دیگا جس بات میں تم جھگڑتے تھے

سورہ عنکبوت سورہ اقرا اور قل یا ایہا الکافرون کی تفسیر میں آویگا کہ مشرکین مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہتے تھے کہ آپ اور آپ کے ساتھ کے مسلمان ایک سال ہمارے بتون کی پوجا کر لیا کرین پھر ایک سال ہم لوگ اللہ کی عبادت کر لیا کرین گے اور یہ بھی کہتے تھے کہ اگر قیامت قائم ہوئی اور اسی سال بھر کی بت پرستی کے جرم میں مسلمان کسی عذاب میں پکڑے گئے تو وہ عذاب ہم اپنے ذمہ لیلوین گے - اسکے جواب میں اللہ تعالے نے فرمایا ای رسول اللہ کے تم ان مشرکون سے کہدو کہ جب سب چیزین اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہیں اور وہی ہر چیز کا رب ہے تو مخلوق الٰہی ہونے میں سب برابر ہیں پھر معبود قرار پانے کا کسی مخلوق کو کیا حق ہے اور سوا اللہ کے مین کوئی دوسرا معبود کیونکر ڈھونڈ سکتا ہون اور تم لوگون نے دوسرون کا عذاب اپنے ذمہ لینے کا جو ذکر کیا تو ایک مجرم کی سزا دوسرے شخص کو کیونکر ہو سکتی ہے پھر فرمایا اس فہمائش پر بھی یہ لوگ اپنی نادانی کی باتون سے باز نہ آوین تو مرنے کے بعد ایک دن سب کو اللہ کے روبرو حاضر ہونا پڑے گا اور سو وقت ان سب جھگڑے کی باتون کی سزا ان لوگون کے سامنے آجاویگی - عبد اللہ بن عمرو بن عاص اور ابو موسے اشعری کی حدیثیں اس آیۃ کی بھی گویا تفسیر ہیں -

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّیَبْلُوَكُمْ

اور اسی نے تم کو کیا ہے نائب زمین میں اور بلند کئے تم مین درجے ایک کے ایک پر کہ آزماوے تم کو ۲۰

فِیْ مَآ اٰتٰىكُمْ اِنَّ رَبَّكَ سَرِیْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ ع ۱۱ ۷

اپنے دیے حکم مین تیرا رب شتاب کرتا ہے عذاب اور وہ بخشنے والا مہربان ہے

جس طرح ہر مسلمان کو اللہ تعالی کی رحمت اور بخشش کی توقع رکھنی چاہیئے اسی طرح اُسکے عذاب اور غصہ سے بھی ہر وقت ڈرنا چاہیئے اسواسطے ایمان امید اور بیم کے بیچ میں قرار پایا ہے صحیح مسلم ترمذی مسند امام احمد بن حنبل مین ابو ہریرہ اور صحابہ کی مرفوع اور موقوف حدیثون کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا اللہ تعالے کے عذاب اور غصہ کا حال اگر لوگونکو معلوم ہوجاوے تو جنت مین داخل ہونے سے ہر ایک کا دل چھوٹ جاوے اسی طرح اُسکی رحمت کا حال معلوم ہوجاوے تو کوئی اپنے آپکو دوزخی نہ خیال کرے صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ رحمت کے سو درجہ اللہ تعالی نے پیدا کئے ہیں ایک درجہ دنیا بھر میں ساری خلقت کو بٹا ہے اور ننانوے درجہ اللہ تعالی کے پاس ہیں صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہؓ کی دوسری حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ دنیا کے پیدا کرنے سے پہلے اللہ تعالی نے ایک نوشتہ عرش پر اپنے پاس لکھ کر رکھ لیا ہے کہ اللہ کی رحمت اللہ کے غضب اور غصہ پر غالب ہے حاصل مطلب آیہ کا یہ ہے کہ پچھلی امتون کے بعد ای امت محمدیہ اللہ تعالی نے منازل ۲

اُن امتون کے نائب اور قائم مقام کے طور پر تمکو پیدا کیا ہے اور انتظام دنیا چلنے کے لئے بعضون کو تم میں مالدار کیا ہے اور بعضون کو تنگدست تاکہ تنگدست لوگ مالدارون کا کام کاج کرکے اوسکے معاوضہ مین جو کچھ کماوین اُس سے اپنی گذران کرین اور مالدار لوگ تنگدست لوگون کے کام کاج سے اپنی ہر طرح کی ضرورتون کو رفع کرکے اپنی گذران کرین اور امیر و غریب کے پیدا کرنے مین یہ آزمایش بھی ہے کہ مالدار لوگ کہان تک اوس مال و متاع کے دینے والے کا شکر کرتے ہین اور غریب لوگ اپنی غریبی پر کہان تک صبر و قناعت سے کام لیتے ہیں پھر فرمایا کہ یہ دنیا اور دنیا کا انتظام سب چند روزہ ہے اس چند روزہ انتظام مین خواہ امیر خواہ غریب جو کوئی اتنی عقلمندی کریگا کہ پچھلی امتون کے عذاب الٰہی سے ہلاک ہوجانے کا حال پیش نظر رکھکر جہانتک ہوسکے کچھ عقبے کا سامان کرلیوے گا تو اللہ تعالے کی رحمت ایسی وافر ہے کہ وہ تھوڑے عمل کا بہت سا ثواب عنایت فرماویگا چنانچہ فقط ایک کلمہ توحید کے ثواب کا حال اوپر گذر چکا ہے کہ اللہ تعالی نے کہانتک اوسکو بڑھادیا اور جو کوئی نادانی سے عمر بھر نافرمانی مین گرفتار رہے گا تو اللہ تعالی کا عذاب بھی ایسا سخت ہے کہ جسکا کچھ ٹھکانا نہیں۔ معتبر سند سے شداد بن اُسکی حدیث ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقلمند وہ شخص ہے جو موت سے پہلے موت کے مابعد کا کچھ سامان کرلیوے اور نادان وہ شخص ہے جو عمر بھر نافرمانی میں لگا رہے اور پھر عقبے

مین اللہ تعالی سے بہبودی کی توقع رکھے اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے۔

سورۃ الاعراف مکیۃ وھی مائتان وست آیات واربع وعشرون رکوعا

یہ سورۃ مکی ہے اگرچہ بعضے مفسرون نے اس سورۃ کی چند آیتون کو مدنی بتلایا ہے لیکن یہ اوپر گذر چکا ہے کہ اکثر جس سورہ کے شروع کی آیتین مکی ہون وہ مکی کہلاتی ہے۔ نسائی مین معتبر سند سے حضرت عائشہ کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ پیغمبر صلعم نماز مغرب کی دو رکعتون مین اس سورۃ کو ختم کیا کرتے تھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٓمٓصٓ ۝ یہ حروف مقطعات ہیں ان کے معنے سوائے خدائے تعالی کے کسی کو معلوم نہیں چنانچہ اس کی تفصیل سورہ بقر مین گذر چکی ہے۔

کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝

یہ کتاب اتری ہے تجھ کو سو اس سے تیرا جی نہ رکے کہ خبردار کردے تو اس سے اور نصیحت ہو ایمان والونکو

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ۝

چلو اسی پر جو اترا تم کو تمہارے رب سے اور نہ چلو اسکے سوائے اور رفیقون کے پیچھے تم کم دھیان کرتے ہو

منزل ۲

حضرت عبداللہ بن عباس مجاہد اور قتادہ کے قول کے موافق اس آیۃ مین حرج کے معنے شک کے ہین۔ مطلب یہ ہے کہ جب اس کتاب کے اللہ کا کلام ہونے مین کچھ شک نہین ہے تو مشرکین مکہ مین سے اکثر لوگون کے اس قرآن کو سنکر راہ راست پر آنے مین بھی کچھ شک نکرنا چاہیئے اس لئے تم اس کتاب کے موافق لوگون کو ڈرانے رہو اور آخر کو اس ڈرانے کا نتیجہ نیک حسب دلخواہ نکلنے مین کچھ شک و شبہ نکرو کیونکہ جو ایمان والے ہیں انکے لئے تو اس قرآن مین بڑی نصیحت ہے اور جو منکر لوگ اسکی نصیحت نہ مانین تو اے رسول اللہ کے تمہارا کام فقط اللہ کا کلام انکو پہونچا دینا ہے جب اہل مکہ باوجود اپنی فصاحت کے دعوے کے قرآن کی مانند ایک چھوٹی سی سورۃ بھی بنا کر پیش نکر سکے اور انکے دل مین یہ خیال پیدا ہو گیا کہ قرآن طاقت بشری سے باہر ایک کلام ہے تو اونکے قائل کرنیکو فرمایا کہ اب ہٹ دھرمی نکرو قرآن کو کلام الہی جانو اور اسکی پیروی کرو شیطان کے بہکانے سے بت پرستی جو کر رہے ہو اوسکو اور سب طرح کے کفر و شرک کو چھوڑو سوائے خدا کے کسی کو اپنا کام بنانے والا نہ ٹھہراؤ تم لوگ نصیحت کی باتون کا بہت کم دھیان کرتے ہو ورنہ قرآن کی نصیحت تمہارے دل پر خوب اثر کر سکتی ہے صحیح بخاری و مسلم کی ابوہریرہ کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور معجزون کے علاوہ مجھکو قرآن شریف ہی کا ایک ایسا معجزہ دیا گیا جسکے سبب سے قیامت کے دن میری امت کے لوگون کی تعداد بہ نسبت اور امتون کے زیادہ ہوگی یہ حدیث قرآن کے صاحب اثر ہونے کی گویا تفسیر ہے۔

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ ۝ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ

اور کتنی بستیاں ہم نے کھپا دین کہ پہنچا اُنپر ہمارا عذاب راتون رات یا دوپہر کو سوتے پہر بھی تہی اُنکی پکار

اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ

جب پہنچا اُنپر ہمارا عذاب کہنے لگے ہم تھے گنہگار سو ہم کو پوچھنا ہے اُنسے جن پاس رسول

اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝

بھیجے تھے اور ہم کو پوچھنا ہے رسولون سے پر ہم احوال سنادین گے انکو اپنے علم سے اور ہم کہین غائب تھے

اوپر کی فہمائش کے بعد ان آیتون میں اللہ تعالی نے اہل مکہ کو یون ڈرایا ہے کہ جب تم سے پچھلے لوگون نے کفر و شرک نہ چھوڑا اور خدا تعالی کے حکمون اور رسولونکی فرمانبرداری نہ کی تو اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ رسولونکی مخالفت کے سبب سے ان نافرمانونکی بہت سی بستیان تباہ کردی گئین دونون جہان کی ذلت اونکو حاصل ہوئی تم لوگ بھی اگر اللہ کے رسول کی نافرمانی سے باز نہ آئے تو تمہارا بھی یہی انجام ہونیوالا ہے قوم لوط علیہ السلام پر رات کے وقت اور قوم شعیب علیہ السلام پر دوپہر کے وقت عذاب الہی نازل ہوا تھا یہ دونون وقت نہایت آرام و غفلت کے ہوتے ہین ایسے ہی وقت مین خدا کا عذاب یکایک اوترا اسواسطے ان دونون وقتونکا نام اس آیتہ مین لیا گیا کہ آرام کے وقت مصیبت کا آجانا انسان کو بہت شاق گذرتا ہے اہل مکہ اپنے عیش و آرام مین ڈوبے ہوئے تھے اسلئے اونکو جتلایا کہ اون سے پہلے لوگ بھی عیش کے بندے تھے لیکن راحت کے وقتون مین جب اونپر عذاب آگیا تو سب راحت خاک مین ملگئی پہر فرمایا جن وقتون مین عذاب آیا تھا وہ اسوقت سوائے اپنے گناہون کے اقرار کے اورکچھ نہ کہہ سکے یہی کہتے بنا کہ بیشک ہم اسی لائق ہین حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ قیامت کے روز پروردگار پچھلی سب امتون سے جھڑکی اور اونکو قائل کرنے کے طور پر یہ پوچھے گا کہ تم نے ہمارے رسولون کی کیا فرمانبرداری کی اور رسولون سے یہ دریافت فرماویگا کہ تم نے ہمارے پیغام اُنکو پہونچا دئے یا نہیں سورہ قصص مین آویگا وما کان ربک مہلک القری حتی یبعث فی امہا رسولا یتلوا علیہم ایاتنا وما کنا مہلکی القری الا واہلہا ظالمون اور سورہ مومن مین آویگا فلما راوا باسنا قالوا امنا باللہ وحدہ وکفرنا بما کنا بہ مشرکین فلم یک ینفعہم ایمانہم لما راوا باسنا سنۃ اللہ التی قد خلت فی عبادہ مطلب ان دونون آیتونکا یہ ہے کہ جتنی بڑی چھوٹی بستیان پچھلے زمانہ مین طرح طرح کے عذابون سے ہلاک ہوئے ہین اونکی ہلاکت سے پہلے جبتک اللہ تعالی نے انمین کی بڑی بڑی بستیون مین آسمانی کتابین دیکر رسول نہین بھیج لئے اور رسولونکے بھیجنے کے بعد پہر جب تک اون لوگون نے اپنی جانون پر ظلم کرکے اللہ کے رسولون سے پوری مخالفت نہین کی اسوقت تک اللہ تعالی نے بے وقت ناانصافی سے کسی بستی کو ہلاک نہین کیا پہر جبکہ اللہ تعالے نے دنیا کو نیک و بد

منزل ۲

کے امتحان کے لئے پیدا کیا ہے اور مجبوری کے بعد یہ امتحان کا موقع باقی نہیں رہتا اسلئے اللہ کے عذاب کو آنکھوں سے دیکھ لینے کے بعد اون لوگوں نے جو اللہ کی فرمانبرداری اور شرک سے بیزاری کا اقرار کیا اونکے اُس بے وقت کے اقرار پر لحاظ کرنا انتظام دنیا کے برخلاف تھا اسواسطے اونکا وہ اقرار نا قابل توجہ قرار پایا۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے مغیرہ بن شعبہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صاحب عذر کے عذر کو رفع کردینا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے اسی واسطے اُس نے آسمانی کتابیں دیکر رسول بھیجے تاکہ کسی شخص کو احکام الٰہی کی بجا آوری کا عذر باقی نرہے صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آسمان وزمین کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے دنیا کے پیدا ہونے کے بعد جو کچھ دنیا میں ہونے والا تھا اپنے علم ازلی کے موافق وہ سب اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے مسند امام احمد صحیح بخاری نسائی اور ابن ماجہ میں ابوسعید سعید خدری کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جن امتوں نے اپنے رسولوں کی دنیا میں نافرمانی کی ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان امتوں کے رسولوں سے پوچھے گا کہ تم نے اللہ تعالیٰ کے احکام اپنی امتوں کو اچھی طرح سے پہونچادئے تھے اللہ کے رسول جواب دینگے کہ یا اللہ ہم نے ان لوگوں کو تیرے سب سزا وجزا کے احکام پہونچادئے لیکن ان لوگوں نے اون احکام کو نہیں مانا یہ پہلی امتوں کے لوگ اللہ کے رسولوں کو جھٹلادینگے اور کہینگے کہ یا اللہ ہمکو کسی نے تیرے احکام نہیں پہونچائے اسپر اللہ تعالےٰ اون رسولوں سے فرمادیگا کہ تم اپنے بیان کی تائید میں کوئی شہادت پیش کرسکتے ہو وہ رسول امت محمدیہ کو اپنا گواہ قرار دینگے یہ سنکر پہلی امتیں کہینگی کہ یا اللہ یہ لوگ تو ہم سے پیچھے دنیا میں پیدا ہوئے تھے انکو ہمارے حال کی کیا خبر ہے۔ امت محمدیہ کے لوگ کہینگے کہ یا اللہ تو نے ہمارے نبی آخرالزمان پر جو قرآن اوتارا ہے اوس میں پہلے نبیوں کا اور پہلی امتوں کا سب کا ذکر ہے اسواسطے ہم تیرے کلام کے موافق تیرے رسولوں کے سچے ہونے کی گواہی دیتے ہیں حاصل کلام یہ ہے کہ اوپر کی آیتیں اور حدیثیں گویا اس آیت کی تفسیر ہیں جس تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ اللہ تعالےٰ کو ہر ایک فرمانبردار اور نافرمان کا حال دنیا کے پیدا کرنے سے پہلے معلوم تھا لیکن اوس نے سزا وجزا کا مدار اپنے انصاف سے اوس اپنے ازلی علم پر نہیں رکھا بلکہ دنیا اور عقبے میں نافرمان لوگوں کی سزا کا مدار ظہور جرم اور ثبوت جرم کے بعد رکھا ہے فلنقصن کا مطلب حضرت عبداللہ ابن عباس نے یہ بیان فرمایا ہے کہ ہر شخص کا نامہ اعمال اوسکے روبرو رکھا جاویگا جو سب عملوں کا احوال ظاہر کریگا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سب چھوٹے بڑے عملوں کی خبر اپنے بندوں کو دیگا کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں ہے سب کچھ اوسکے علم میں ہے مگر نامہ اعمال سے اون لوگوں کو قائل کیا جاویگا۔

منزل ۲

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَ

اور تول اُسدن ٹھیک ہے سو جنکی تولیں بھاری پڑیں سو وہی ہیں جنکا بھلا ہوا اور

مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُم بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَظْلِمُونَ ۝

جنکی تولیں ہلکی پڑیں سو وہی ہیں جو ہارے اپنی جان اس پر کہ ہماری آیتوں سے زبردستی کرتے تھے

اللہ کے حکم سے قیامت کے دن عملوں کو ایک طرح کا جسم دیا جاویگا جس جسم میں نیکی کے سبب سے ایک بھاری پن اور بدی کے سبب سے ایک ہلکا پن ہوگا غیر جسمی چیز دن کے لئے ایک طرح کا جسم پیدا ہو جانا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ بلا اور دعا آپس میں لڑتے ہیں یا قبر میں نیک عمل نیک صورت بنکر اور بد عمل بری صورت بنکر مردہ کے پاس آتے ہیں یہ قدرت الٰہی سے کچھ بعید نہیں ہے اسواسطے یہ تاویل کرنا کہ صاحب عمل لوگونکا جسم تولا جاویگا ایک بعید تاویل ہے اور بعضے مفسرین نے صحیحین کی اس حدیث سے کہ قیامت کے دن بڑے بڑے موٹے اور جسیم آدمی ہونگے جو اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کی برابر نہ جینگے صاحب عمل کے تولنے کی تائید جو نکالی ہے وہ تائید بھی تکلف سے خالی نہیں کیونکہ اس حدیث میں ان لوگونکی قدر منزلت اللہ کے نزدیک ہلکی ہونے کا ذکر ہے جسمونکے تولنے سے اس حدیث کو کچھ تعلق نہیں اور بعضے مفسرین نے یہ جو لکھا ہے کہ عمل نہیں تولے جاوینگے بلکہ نامہ اعمال کے کاغذ تولے جاوینگے اور اپنے اس قول کی تائید میں ترمذی اور مسند امام احمد بن حنبل کی وہ حدیث پیش کی ہے کہ کلمہ توحید کے ثواب کا کاغذ کا ٹکڑا بہت سے بدیوں کے دفتروں سے بھاری رہیگا اس میں بھی عمل کے ثواب کا وزن ہے ورنہ کاغذ کا خالی کاغذ کا ٹکڑا کیا بھاری ہو سکتا ہے ترمذی ابوداؤد وغیرہ میں ابودرداء کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میزان میں خوش اخلاقی بڑی بھاری چیز ٹھہریگی اس حدیث کو ابن حبان نے صحیح کہا ہے۔ اس صحیح حدیث سے اعمال کے تولے جانے کی پوری تائید ہوتی ہے۔ اب عملونکے تولے جانے کے بعد جنکے نیک عملوں کا پلڑا بھاری ہوگا وہ جنتی قرار پاوینگے اور جنکا بد عملوں کا پلڑا بھاری ہوگا وہ دوزخ میں جاوینگے۔ دوزخ میں جانیکے بعد جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا آخر کو وہ دوزخ سے نکلکر جنت میں جاویگا چنانچہ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث اس باب میں گذر چکی ہے۔ میزان میں جن لوگوں کے نیک عمل اور بد عمل برابر ہونگے وہ لوگ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود کے قول کے موافق اعراف پر جنتیوں اور دوزخیوں کے فیصلہ اخیر تک ٹھہرائے جاکر پھر جنت میں جاوینگے اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک دیوار ہے جسکا ذکر آگے آتا ہے قیامت کے تین مقام جو بڑے خوف اور بڑی پریشانی کے ہیں انمیں ایک مقام تو یہی اعمال کے تولے جانے کا ہے دوسرا مقام نامہ اعمال کے دائیں یا بائیں ہاتھ میں آنے کا ہے تیسرا مقام پلصراط پر گذرنیکا ہے ابوداؤد میں حضرت عائشہ کی روایت ہے جسمیں ان تینوں مشکل کے مقاموں کا ذکر ہے اگرچہ ابوداؤد اور حافظ عبدالعظیم منذری دونوں نے اس حدیث کی سند کا کچھ حال بیان نہیں کیا لیکن اس حدیث کی سند معتبر ہے کیونکہ یہ حدیث حسن بصری رح کی روایت سے ہے جسکو انھوں نے حضرت عائشہ سے روایت کیا ہے صاحب جامع الاصول نے اس بات کو صاف کر دیا ہے کہ حسن بصری رح کی حضرت عائشہ سے ملاقات

منزل ۲

ہوئی ہے اس صورت میں یہ حدیث امام مسلم کی شرط پر صحیح ہے کس لئے کہ جن دو شخصوں کا زمانہ ایک ہوا ونکی باہمی روایۃ امام مسلم کے نزدیک صحیح ہے یہاں تو حسن بصری اور حضرت عائشہ کی ملاقات بھی ثابت ہوئی ہے اسلئے اس حدیث کی سند معتبر معلوم ہوتی ہے۔

ع ۱۰ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

اور ہم نے تم کو جگہ دی زمین میں اور بنا دین اُس میں تم کو روزیان تم تھوڑا شکر کرتے ہو

وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۠ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

اور ہم نے تم کو پیدا کیا پھر صورت دی پھر کہا فرشتون کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ کیا مگر

اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ

ابلیس نہ تھا سجدہ والون میں کہا تجھ کو کیا مانع تھا کہ سجدہ نہ کیا جب میں نے فرمایا

ان آیتون میں اللہ تعالے اپنے اون احسانون کو جتاتا ہے جو اوسنے اپنے بندو نپر کئے ہیں تاکہ بندے اون احسانون کے شکر گذار ہو جاوین اور سوا اللہ کے اورون کی پرستش چھوڑ دیوین اسلئے فرماتا ہے کہ ہم نے تمکو زمین میں رہنے اور گھر بنانے کی جگہ دی مکان بنانے کی باغ لگانے کی کھیتی کرنے کی تم کو عقل دی زمین کی مضبوطی کے لئے پہاڑ پیدا کئے زمین کی سرسبزی کے لئے نہرین بہا دین کھیتی سوداگری کے ہزارہا سامان معاش کے تمہارے لئے زمین میں پیدا کردئے باوجود اسکے تمہاری یہ ناشکری ہے کہ ایسے بڑے مالک کو چھوڑ کر اورون کی پوجا کرتے ہو علاوہ اسکے تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو یہ بزرگی عطا فرمائی کہ تمام فرشتون کو حکم سجدہ کرنیکا دیا سب فرشتون نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور حکم پروردگار کا مانا مگر ابلیس نے کہ وہ تمہارے باپ سے عداوت رکھتا تھا بسبب حسد کے آدم کو سجدہ نہ کیا اور عدول حکمی کی ابلیس تمہارا موروثی دشمن ہے تم اوس سے بچتے رہو اور اوسکا کہنا ہرگز نہ مانو سورہ زخرف میں آویگا کہ دنیوی معاش میں اللہ تعالے نے بعضے لوگون کو خوشحال اور بعضون کو تنگ حال جو رکھا ہے اس سے دنیا کا یہ انتظام مدنظر ہے کہ تنگ حال لوگونکو خوش حال لوگونکے روپے پیسے کی ضرورت رہے اور خوش حال لوگونکو تنگ حال لوگونکے کام کاج کی ضرورت رہے غرض دنیا میں سب لوگ یکسان ہوتے تو دنیا کا انتظام نہ چل سکتا اس انتظام کے موافق جسکی جیسی معاش ہو اوسکے موافق ہر شخص کو اوسکا شکر ادا کرنا چاہئے معتبر سند سے زوائد مسند امام احمد میں نعمان بن بشیر کی روایۃ ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے تھوڑی معاش کو اللہ کی نعمت جانکر اوسکا شکر ادا نہیں کیا وہ زیادہ معاش کا بھی شکر ادا نکر سکے گا۔ معتبر سند سے مسند امام احمد میں محمود بن لبید کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ معاش کی کمی سے گھبراتے ہیں یہ نہین جانتے کہ جسکی معاش دنیا مین کم ہوگی اوسپر قیامت کے حساب کا بار بھی کم ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کی

منزل ۲

معاش زیادہ ہے اوسپر دنیا میں شکرگذاری کا اور عقبے میں حساب کا بار بھی زیادہ ہے معتبر سند سے مسند امام احمد اور مستدرک حاکم میں ابودرداکی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ معاش کی خوشحالی جس سے آدمی دین سے غافل ہوجاوے ایسی معاش کی خوش حالی سے معاش کی تنگ حالی بہتر ہے ان حدیثوں کو پہلی آیت کی تفسیر میں بڑا دخل ہے معتبر سند سے ترمذی مسند امام احمد مستدرک حاکم وغیرہ میں حضرت عمر کی روایت ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی پشت سے تمام بنی آدم کی جنتی اور دوزخی روحوں کو الگ الگ نکالا اور فرمایا کہ یہ روحیں جنتی لوگوں کی ہیں اور یہ دوزخی لوگوں کی معتبر سند سے مسند امام احمد ترمذی اور ابوداؤد میں ابوموسے اشعری کی روایت ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت آدم کے پتلے کے لئے اللہ تعالے نے تمام زمین کی مٹی لی ہے اسی واسطے اونکی اولاد میں کوئی گوراہے کوئی کالا کوئی نرم مزاج ہے کوئی سخت مزاج حاصل کلام یہ ہے کہ ان حدیثوں کے موافق حضرت آدم کی پشت میں تمام بنی آدم کی روحیں پیدا کی گئی تھیں اور حضرت آدم کے جسم میں تمام بنی آدم کے جسموں کا مادہ رکھا گیا تھا اسی واسطے ایک حضرت آدم کی پیدائش کو خلقناکم ثم صورناکم فرمایا جسکا مطلب یہ ہے کہ ایک ابوالبشر حضرت آدم کی پیدائش گویا تمام بنی آدم کی پیدائش کی بنیاد ہے سورہ بقر میں حضرت عائشہ کی حدیث صحیح مسلم کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے نور سے پیدا کئے گئے ہیں اور ابلیس آگ کے شعلے سے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابلیس ملائکہ میں سے نہیں ہے۔ اسکی زیادہ تفصیل اور فرشتوں نے جو حضرت آدم کو سجدہ کیا ہے اوسکی تفصیل سورہ بقر میں گذر چکی ہے اگرچہ اللہ تعالیٰ کے علم سے کوئی چیز باہر نہیں ہے لیکن خود ابلیس ملعون کی زبان سے تکبر کا اقرار کرانے کے لئے اوس ملعون سے اللہ تعالیٰ نے پوچھا کہ جب تجکو سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا تو پھر تجکو کس چیز نے روکا کہ تو نے اللہ کے حکم کے موافق سجدہ نہیں کیا اسپر اس ملعون نے وہ تکبر کا جواب دیا جو آگے کی آیت میں ہے۔

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝

بولا میں اس سے بہتر ہوں مجھکو تو نے بنایا آگ سے اور اسکو بنایا خاک سے

حسن بصری اور ابن سیرین اور اکثر بزرگان دین نے کہا ہے کہ حضرت آدم کو قبلہ ٹھہرا کر خدا تعالیٰ کا سجدہ کرنیکا حکم فرشتوں کے لئے اور ابلیس کے لئے ایک قطعی حکم تھا اور یہ ایسا حکم تھا جس طرح کعبہ کو قبلہ ٹھہرا کر سجدہ کرنے کا نماز میں حکم ہے شیطان نے اوس قطعی حکم کے مقابلہ میں جو قیاس کیا یہ پہلا قیاس ہے جو نص کے مقابلہ میں کیا گیا ہے اب بھی نص کے مقابلہ میں جو شخص اس طرح کا عقلی قیاس کرے اس میں خصلت شیطانی کا اثر ہے اور ایسے شخص کا وہی انجام ہوگا جو شیطان کا انجام ہے ابن سیرین کہا کرتے تھے تبون کی آگ کی سورج چاند کی غرض

منازل ۱

سوا اللہ تعالی کے جس چیز کی پوجا نہیں پر پہیلی ہے وہ سب قیاس عقلی سے پہیلی ہے یہ محمد بن سیرین حسن بصری کے طبقہ کے تابعی ثقہ ہیں حدیث کی صحیح کتابون مین ان سے روایتین ہیں قیاس عقلی سے مقصود وہ قیاس ہے جسکی بنا کسی شرعی حکم پر نہو جس قیاس کی بنیاد کسی شرعی حکم پر ہو وہ قیاس فقہی کہلاتا ہے جب کسی مسئلہ کا صاف حکم قرآن اور حدیث مین نہ پایا جاوے تو قرآن اور حدیث کے موجودہ احکام کو نظیر ٹہراکر یہ قیاس فقہی جائز ہے سلف مین اسکا وجود پایا جاتا ہے تفصیلی ذکر اس قیاس کا اصول فقہ کی کتابون میں ہے۔ محمد بن سیرین نے یہ بات نہایت سچی کہی کہ سوا اللہ کے جو چیزین زمین پر پوجی جاتی ہیں وہ قیاس عقلی کے سبب سے پوجی جاتی ہین کیونکہ مثلا بت پرستی کی بنیاد اس عقلی قیاس پر ہے کہ یہ مورتین اچھے لوگون کی ہیں ان مورتون کی تعظیم اور پوجا کیجاویگی تو وہ اچھے لوگ اپنے مورتون کے پوجنے والون کے برے وقت پر کام آوینگے اسی طرح اور چیزونکا حال ہے ستارہ پرست کہتے ہیں کہ جس طرح انسان کی روح ہے اسی طرح ستارون کی بھی روحیں ہیں جنکو دنیا کے انتظام مین بڑا دخل ہے انکی پوجا سے انسان کا بھلا ہو سکتا ہے۔ آتش پرست سورج کو دنیا کا بادشاہ کہتے ہیں اور سورج کی مناسبت کے سبب سے آگ کی پوجا کرتے ہین اور کہتے ہیں کہ آگ ایسی چیز ہے جس سے دنیا کی ضرورتین متعلق ہیں صحیح بخاری و مسلم مین حضرت علی کی روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مخلوق اللہ کے علم ازلی میں نیک قرار پاچکے ہے اسکو دنیا مین نیک کام آسان ہوجاتے ہیں اور جو مخلوق علم الٰہی میں بد قرار پاچکی ہے وہ نیک کامون سے دور اور برے کامون میں ہمیشہ گرفتار رہتی ہے یہ حدیث حضرت آدم اور شیطان کے قصے کی گویا تفسیر ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ آدم علیہ السلام علم الٰہی میں نیک قرار پائے تھے اسلئے گیہون کھانے کے قصور کے بعد اونکو توبہ آسان ہوگئی اور شیطان علم الٰہی میں بد قرار پاچکا تھا اسلئے سجدہ نکرنے کے قصور سے اوسکو توبہ آسان نہیں ہوئی بلکہ اُس نے اپنے قیاس عقلی سے اوس قصور کو قصور نہیں جانا۔ منزل ۲

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ۝ قَالَ

کہا تو اتر وہان سے تجھکو نہ ملیگا کہ تکبر کرے یہان سو نکل تو ذلیل ہے بولا

أَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ ۝ قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ

مجھکو فرصت دے جسدن تک لوگ جی اٹھین کہا تجھکو فرصت ہے بولا تو جیسا تونے مجھے بہ راہ کیا ہے

صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ

مین بیٹھونگا انکی تاک میں تیری سیدہی راہ پر پھر آپہنچونگا انکے آگے سے اور پیچھے سے اور داہنے سے اور بائین سے

جب شیطان نے بموجب حکم خدا کے حضرت آدم کو سجدہ نہ کیا اور اپنے آپکو بہتر اور بڑا جانا تو خدا تعالی نے اوسکو ذلیل و خوار کرکے جنت سے نکال دیا اور فرمایا کہ جنت میں رہکر تجھکو تکبر کرنا نہیں پہونچتا کیونکہ جنت فرمانبردارونکی

جگہ ہے نافرمانون کی جگہ نہیں ہے اسلئے تو اوس سے نکل اور زمین پر اوتر جا کہ تیرے تکبر کی یہی سزا ہے اوسوقت
شیطان نے سوچکر اپنے لئے قیامت تک جیتے رہنے کی مہلت مانگی خدا تعالی نے اسکو پہلے صور تک کی مہلت دی
تاکہ شیطان کے بہکانے کے بعد فرمانبردار اور نافرمان بندے پہچانے جاوین مہلت مل جانیکے بعد شیطان نے
سرکشی سے کہا کہ جس طرح میں گمراہ ہوا اسی طرح مین تیرے بندون کو جو آدم علیہ السلام کی نسل سے ہونگے گمراہ کرونگا
اور ہر طرف سے سامنے اور پیچھے اور دائین اور بائین سے اونکے پاس آکر اونکو بہکاونگا حضرت عبد اللہ ابن عباس
نے فرمایا کہ سامنے سے مراد دنیا ہے اور پیچھے سے آخرت یا دائین سے نیکیان بائین سے بدیان مطلب یہ کہ دنیا کی
رغبت اور آخرت سے غفلت نیکون سے نفرت بدیون کی زینت دکھاکر اونکو تیرے بید ہے راستہ پر چلنے سے روکونگا
حضرت عبد اللہ بن عباس کے قول مین یہ بھی ہے کہ من فوقہم اسواسطے نہین فرمایا کہ رحمت اوپر سے اوترتی ہے
خدا کی رحمت اور بندے کے درمیان مین شیطان حائل نہین ہوسکتا اسلئے اوپر کی جانب سے شیطان نہیں آتا اور نیچے
کی طرف سے بھی تکبر کے سبب سے آنا کوئی پسند نہیں کرتا علاوہ اسکے جسکے پاس نیچے کی طرف سے جاؤ اوسکو گھبراہٹ
اور نفرت ہوتی ہے اور وہ شیطان کی غرض کے بالکل خلاف ہے اس لئے اوپر اور نیچے کی طرف سے شیطان بندے
کے پاس نہین آتا انہین چار طرف سے کہ جنکا ذکر آیت شریف میں ہے شیطان بندے کے پاس آکر بندے کو بہکاتا ہے
ان آیتون مین تو اکیلے شیطان کو فاہبط منہا فرمایا اور آگے کی آیتون مین جمع کے لفظون سے اہبطوا فرمایا یہ سورہ ۸ منزل ۲
بقر مین گذر چکا ہے کہ جو علما اس قصہ میں سانپ کی شراکت کو صحیح کہتے ہیں اونکا یہ قول ہے کہ سجدہ نکرنے کے گناہ
پر جب شیطان جنت سے نکالا گیا تو وہ کسی طرح سے آدم علیہ السلام کو بہکانے کے لئے جنت مین جانا چاہتا تھا لیکن
جو فرشتے جنت کے دروازون پر تعینات ہیں وہ شیطان کو جنت مین نہین جانے دیتے تھے اس لئے شیطان سانپ
کے مونہہ مین بیٹھکر جنت میں گیا اور آدم علیہ السلام کو بہکایا جب تک سانپ جنت کے جانورون مین سے تھا ان
علما کے قول کے موافق آدم علیہ السلام حوا۔ ابلیس اور سانپ ان چارون کو جمع کے لفظون سے اہبطوا فرمایا
حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اپنے تفسیر مین سانپ کی شراکت کے قصہ کو حضرت عبد اللہ بن عباس اور عبد اللہ بن مسعود
کے معتبر قول سے نقل کیا ہے اسواسطے یہی تفسیر صحیح معلوم ہوتی ہے کہ جمع کے لفظون میں اہبطوا جمان فرمایا
اوس میں آدم حوا ابلیس اور سانپ یہ چارون شریک ہیں کیونکہ جب اسباب مین دو معتبر صحابیون کا قول
موجود ہے اور اس تفسیر کے مقدمہ میں یہ گذر چکا ہے کہ تفسیر کے باب میں صحابی کا صحیح قول حدیث نبوی کا
حکم رکھتا ہے تو اس قصے میں سانپ کی شراکت کو نا معتبر نہین قرار دیا جا سکتا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ ابلیس
ملعون جنت سے دو دفعہ نکالا گیا ہے ان آیتون کے موافق ایک دفعہ اکیلا نکالا گیا اور فریب سے پھر جنت مین
پہونچا اور آگے کی آیتون کے موافق دوسری دفعہ آدم حوا اور سانپ کے ساتھ نکالا گیا دوسرے صور کے بعد

جب سب لوگ قبرون سے اوٹھین گے شیطان نے اُسوقت تک کے جینے کی مہلت اللہ تعالی سے مانگی تھی جس سے اُسکا مطلب تہا کہ وہ ملعون موت کی تکلیف سے بچ جاوے کیونکہ دوسرے صور کے بعد پھر موت نہیں ہے اگرچہ ان آیتون مین شیطان کی مہلت کی منظوری کا ذکر مختصر طور پر ہے لیکن سورہ حجر اور سورہ ص مین آویگا کہ شیطان کے جینے کی مہلت اللہ تعالی نے وقت معلوم تک منظور فرمائی ہے وقت معلوم کی تفسیر امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے پہلے صور کی فرمائی ہے اس لئے ان آیتونکی صحیح تفسیر یہی ہے جو اوپر بیان کی گئی کہ شیطان کے جینے کی مدت پہلے صور تک ہے مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی صحیح حدیث گذر چکی ہے اور آگے بھی آتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب شیطان نے اللہ تعالی کے روبرو بنی آدم کے بہکانے کی قسم کھائی تو اللہ تعالی نے بھی اپنے جاہ و جلال کی قسم کھا کر توبہ اور استغفار کرنے والے گناہ گارون کے گناہ معاف فرمادینے کا وعدہ فرمایا اس حدیث کو ان آیتون کی تفسیر مین بڑا دخل ہے۔

وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝

اور نہ پاویگا تو اکثر اُن مین شکر گذار

مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت آدم کے زمانہ مین شیطان نے اللہ تعالی سے یہ ایک ظنی بات کہی تھی کہ ہر طرح سے مین بنی آدم کو بہکاؤن گا جب اوس نے اپنا گمان سچا کر دکھایا تو اللہ تعالی نے حضرت کے زمانہ میں اُسکے ظن کی تصدیق آیۃ ولقد صدق علیہم ابلیس ظنہ سے فرمائی علی بن طلحہ کی صحیح روایۃ مین امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے شاکرین کی تفسیر موحدین فرمائی ہے جس کا حاصل مطلب یہ ہے کہ اگرچہ انسان کو انسان کی سب ضرورت کی چیزون کو اللہ تعالی نے پیدا کیا اور پیدا کرنیکے بعد انسان کو نجات عقبے کے راستہ پر لانے کے لئے آسمانی کتابین نازل فرمائین رسول بھیجے مگر شیطان کے بہکاوے مین آنکر اکثر لوگ اللہ تعالی کی ان نعمتون کو بھول گئے کوئی تبون کو اللہ کی عبادت مین شریک کرتا ہے کوئی ستارون کو غرض صحیح طریق سے اللہ کی عبادت کرنے والے بہت کم لوگ سرزمین پر نظر آتے ہیں مسند امام احمد اور نسائی وغیرہ کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی صحیح حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خط کھینچکر اوسکو نجات کا راستہ فرمایا ہے اور اُس خط کے دائین بائین بہت خط کھینچکر یہ فرمایا ہے کہ ان سب راستون میں طرح طرح کے شیطانی بہکاوے ہین یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ نجات کا راستہ ایک ہے اور اُسپر چلنے والا بھی ایک ہی گروہ ہے شیطانی راستے بھی بہت سے ہیں اور اونپر چلنے والے بھی بہت سے گروہ ہیں یہی مطلب ولا تجد اکثرہم شاکرین کا ہے۔

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ أَجْمَعِيْنَ ۝

کہا نکل یہان سے مردود کہدیڑا جو کوئی اُن میں تیری راہ چلے مین بھرونگا دوزخ تم سب سے اکٹھے

منزل ۲

اس آیۃ مین پہر اللہ پاک نے شیطان سے تاکید کرکے فرمایا کہ نکل بہشت سے مردود قسم ہے مجھکو بھی کہ جو کوئی تیری تابعداری کریگا مین جہنم کو سب سے بھر دونگا اس جواب خداوندی میں جس قدر خوف ہے اُسکا اندازہ کچھ نہین ہو سکتا کیونکہ ابلیس کے ساتھ اُسکے تابعدارون کو بھی جو کہ اوسوقت حاضر نہ تھے دوزخ کے اندر ڈالنے کے حکم میں شامل کرلیا خدا اس سے اپنی پناہ میں رکھے مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی صحیح حدیث اوپر گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جب جنت سے نکالے جانے کے وقت شیطان نے بنی آدم کے بہکانے کی قسم کہائی تو اللہ تعالے نے اپنے جاہ و جلال کی قسم کہاکر اُس مردود کو یہ جواب دیا کہ بنی آدم میں سے گناہ کرکے جو کوئی توبہ و استغفار کریگا مین بھی اوسکے گناہ ضرور بخشدونگا یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ شیطان کیساتہ جہنم میں وہی گنہگار جاوین گے جو ہمیشہ گناہ کرتے ہیں اور خالص دل سے توبہ نہیں کرتے۔

وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

اور اے آدم بس تو اور تیرا جوڑا جنت مین پہر کھاؤ جہان سے چاہو اور پاس نہ جاؤ

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ

اس درخت کے پہر ہوگے گنہگار پہر بہکایا اُنکو شیطان نے کہ کھولے اُنپر جو ڈہکے تھے

عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مرل ۲

اُنسے اُنکے عیب اور وہ بولا تم کو جو منع کیا ہے رب تمہارے نے اس درخت سے نہین مگر یہ کہ کبھی

مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ۝ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝

ہو جاؤ فرشتے یا ہو جاؤ ہمیشہ جینے والے اور اُنکے پاس قسم کہائی کہ میں تمہارا دوست ہون

ان آیتون میں اللہ تعالی نے حضرت آدم و حوا پر سوائے ایک درخت کے کل میوے اور پھل جنت کے مباح کردئے تھے کہ جہان سے چاہو بے روک ٹوک کہاؤ اُسکا حسد شیطان کو ہوا چاہا کہ کسی طرح یہ نعمتین اُنسے چھینی جاوین اسلئے فریب کی راہ سے کہا کہ اس درخت کے پھل سے جو تمکو منع کیا گیا ہے اس میں یہ بھید ہے کہ کہیں تم فرشتے یا ہمیشہ کے لئے جنت مین رہنے والے نہ ہو جاؤ اور قسم کہائی کہ میں تمہارا خیر خواہ ہون اس موقع پر حافظ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ مومن خدا کا نام سنکر دشمن کے دہوکے میں آجاتا ہے سورہ بقر میں عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود کا یہ قول گذر چکا ہے کہ پہلے تن تنہا حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں رہنے کا حکم ہوا تھا اس حکم کے موافق حضرت آدم جنت مین رہتے تھے مگر تنہائی کے سبب سے اکثر گہبرایا کرتے تھے ایک دن حضرت آدم جب سوتے تھے تو اُنکی نیند کی حالت میں اللہ تعالی نے حضرت حوا کو حضرت آدم کی بائین پسلی سے پیدا کردیا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اس قول کے موافق اگرچہ پہلے سے حضرت آدم جنت میں رہتے تھے لیکن حضرت آدم اور حوا کے ملکر جنت میں رہنے

کا یہ دوبارہ حکم حضرت حوا کے پیدا ہوجانے کے بعد کا ہے۔ صحیح بخاری ومسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت پسلی سے پیدا ہوئی ہے اسلئے پسلی کی ہڈی کی طرح ہر عورت کے مزاج میں ایک طرح کی کجی ہے۔ مغازی ابن اسحاق وغیرہ میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایتین ہیں جسمین انھون نے فرمایا عورت کے پسلی سے پیدا ہونے کا یہ مطلب ہے کہ حضرت حوا حضرت آدم علیہ السلام کے بائین پسلی سے اوسوقت پیدا ہوئین جب حضرت آدم سورہے تھے یہ پیدا ہونا اس طرح کا ہے جس طرح اناج کے بیج یا میوے کی گٹھلی مین سے پیڑ پھوٹ آتا ہے سورہ بقر مین یہ بھی گذر چکا ہے کہ جس پیڑ کا پھل کھانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو منع کیا گیا تھا حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق وہ گیہون کا پیڑ ہے حاصل کلام یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کے سبب سے شیطان جنت سے نکالا گیا اور حضرت آدم علیہ السلام اور حوا دونون ملکر اللہ کے حکم کے موافق جنت مین راحت سے رہنے لگے تو شیطان کو اسکا بڑا قلق ہوا اور اس قلق مین اُس نے جنت تک پہونچنے اور حضرت آدم کے بہکانے کی کوشش کی آخر جنت مین پہونچا اور پہلے حضرت حوا کو بہکا کر گیہون کے دانے کھلائے اور پھر حوا کی رغبت دلانے سے آخر حضرت آدم علیہ السلام نے بھی گیہون کے دانے کھائے جسکے نتیجہ کا ذکر آگے کی آیۃ مین آتا ہے صحیح بخاری مین ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر حوا نہوتین تو کوئی عورت اپنے شوہر کے برخلاف شیطان کے کہنے مین نہ آتی اس حدیث سے ان مفسرون کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے جو یہ کہتے ہیں کہ شیطان کے بہکانے سے بغیر اجازت حضرت آدم کے پہلے حوا نے گیہون کے دانے کھائے اور پھر حضرت آدم علیہ السلام کو بھی ان دانون کے کھانے کی رغبت دلائی۔ صحیح بخاری ومسلم مین انس بن مالک سے روایۃ ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان آدمی کے تمام جسم مین اس طرح سرایت کرجاتا ہے جس طرح خون آدمی کے تمام جسم مین پھرتا ہے مطلب یہ ہے کہ اگرچہ شیطان آدمی کو ظاہر مین نظر نہین آتا لیکن وہ آدمی کے تمام جسم مین سرایت کرکے آدمی کے دل میں اسطرح کا وسوسہ ڈالتا ہے کہ اپنے اُس وسوسہ کا اثر آدمی کے تمام جسم مین پھیلا سکتا ہے اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب ہوا کہ حضرت آدم اور حوا کے بہکانے کے خلاف عادت انکو شیطان نظر بھی آیا اور جھوٹی قسم کھاکر اپنی خیر خواہی انہین جتلائی جس سے اپنے وسوسہ کے اثر کو اور پکا کردیا برا کام کرنے کے لئے شیطان آدمی کے دل میں جو خیال ڈالتا ہے اُس کو وسوسہ کہتے ہین +۔

منزل ۲

فَدَلّٰهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ

پھر ڈلا لیا اُن کو فریب سے پھر جب چکھا اُن دونون نے درخت کھل گئے انپر جیب انکے اور لگے جوڑنے

عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ

اپنے اوپر پات بہشت کے

شیطان نے آدم وحوا علیہما السلام کے سامنے قسم کھائی اور قسم کا دھوکا دیکر اُس درخت کا پھل کھانے پر کہ جس سے اونکو منع کیا گیا تھا اونکو اُمادہ کردیا اور جنت سے اونکو نکلوادیا گیہون کے کھاتے ہی اونکے ستر کھل گئے حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ اُنکے بدن پر سے کپڑے جنت کے اوتر پڑے جو بدن چھپا ہوا تھا وہ ظاہر ہوگیا ورنہ پہلے دونون کو اپنا ستر نظر نہ آتا تھا انجیر کے پتے لیکر ستر چھپانے لگے حضرت عبداللہ بن عباس نے یہ بھی فرمایا ہے کہ حضرت آدمؑ جب جنت میں آباد ہوئے تو اونکو ایک کپڑا پہنایا گیا تھا وہ کپڑا چھین لیا گیا کچھ کچھ انگلیون پر اُسکا نشان باقی رہگیا ہے جس نشان کو ناخن کہتے ہین قتادہ کا قول بھی یہی ہے چنانچہ آگے آتا ہے صحیح بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ گز کا تھا۔ معتبر سند سے تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابن حاتم مین روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جب گیہون کے کھانے سے حضرت آدم کا جنتی لباس اوتر گیا وہ شرما کر بھاگے مگر قد کے لمبے اور سر پر بال ہونیکے سبب سے اونکے بال جنت کے پیڑون میں اولجھ گئے اسوقت آواز دیکر اللہ تعالی نے حضرت آدم سے یہ فرمایا کہ آدمؑ کیا تو مجھ سے بھاگتا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ جسکا ذکر آگے کی آیت میں ہے۔ ان روایتونکو ان آیتونکی تفسیر میں بڑا دخل ہے فدلہما بغرور اُسکا مطلب عربی زبان کے محاورہ کے موافق یہ ہے کہ شیطان نے اپنے مکر وفریب سے آدم اور حوا کو بہکا دیا۔ ذاقا الشجرۃ اُسکا مطلب یہ ہے کہ آدم اور حوا نے چکھنے کے طور پر تھوڑے سے دانے گیہون کے کھائے۔

منزل ۲

وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ

اور پکارا اُنکو اُن کے رب نے کیا منع نہ کیا تھا تم کو اس درخت سے اور کہا تھا تم کو کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن

مُّبِيْنٌ ۝ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

ہے بولے اے رب ہمارے ہم نے خراب کیا اپنی جان کو اور اگر تو نہ بخشے ہمکو اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ہوجاوین نامراد

حضرت عبداللہ ابن عباس نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کو پکار کر یہ ارشاد فرمایا کیا مجھ سے بھاگتا ہے عرض کیا نہیں مگر مجھکو تجھ سے شرم آتی ہے فرمایا مین نے جو کچھ تجھکو جنت کی نعمتین دین کیا وہ تجھے کافی نہ تھین جو تو مناہی کی چیز کی طرف مائل ہوا عرض کیا کہ اے پروردگار قسم ہے تیری عزت کی مین نے یہ نہ جانا تھا کہ کوئی تیری جھوٹی قسم بھی کھاتا ہے فرمایا قسم ہے مجھکو اپنی عزت کی کہ مین تجھکو زمین میں اوتار دونگا پھر محنت مشقت سے تو زندگی بسر کریگا اہل سنت کا یہ اعتقاد ہے کہ جس طرح بلاشبہ اور بغیر تفصیلی کیفیت کے معلوم کرلینے کے اللہ تعالی کی اور صفتین ہیں اوسی طرح کی اوسکی صفت کلام الٰہی بھی ہے جسکا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالی اپنے ارادے کے موافق جسوقت جو چاہتا ہے وہ وقت کے مناسب پر ارشاد فرماتا ہے مثلاً جب آدم اور حوا نے شیطان کے بہکانے سے گیہون کے دانے کھائے تو اللہ تعالی نے پکار کر یہ دونون سے ارشاد فرمایا کہ گیہون مین نے اس پیڑ کا پھل کھانے سے تمکو منع نہیں کیا تھا۔ فرقہ جہمیہ کے لوگ اس اعتقاد مین اہل سنت کے مخالف ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ تعالی کے

کلام کا یہ مطلب ہو کہ اللہ تعالی ہوا یا کسی پیڑ مین ایک آواز پیدا کر دیتا ہے اور جسکو وہ آواز سنانی منظور ہوتی ہو اُسے وہ آواز سنا دیتا ہے سب آسمانی کتابیں ان لوگون کے اعتقاد مین اسی طرح کی ہیں - سوا کلام الٰہی کے اللہ تعالی کی اور صفات میں بھی اس فرقہ کے لوگون نے طرح طرح کی باتین نکالی ہیں - خلفاء بنی امیہ مین سے ہشام بن عبدالملک کی خلافت میں ایک شخص جعد بن جرہم نے پہلے پہل یہ باتین نکالی تھین - ہشام نے جب اس شخص کا حال سنا تو اُس کو پکڑ کر ملک عراق کے اپنے ایک سردار خالد بن قسری کے پاس بھیجدیا - اگرچہ خالد نے جعد کو چند روز قید رکھکر ان باتون سے توبہ کرنے کی مہلت دی لیکن جعد جب اپنی باتون سے باز نہ آیا اور جعد کے قتل کے باب میں خلیفہ ہشام کا تاکیدی حکم آیا تو خالد نے عید الضحی کے خطبہ مین عراق کے لوگون کو یہ سنا دیا کہ لوگ اپنی اپنی قربانی کرین اور مین جعد کی قربانی کرتا ہون اس بات کے سنا دینے کے بعد خالد نے جعد کو قتل کر ڈالا - جعد کے قتل کے زمانہ تک جو تابعی لوگ موجود تھے اونکو اسکے قتل ہو جانے سے بڑی خوشی ہوئی - جعد کے قتل کے بعد جعد کی باتون کو ایک شخص جہم بن صفوان نے لوگون میں پھیلایا فرقہ جہمیہ اس شخص کے نام سے مشہور ہے پھر فرقہ معتزلہ - امامیہ اور خارجیہ مین بھی رفتہ رفتہ یہ بات پھیل گئی یہ لوگ صفات الٰہی کی آیتون اور حدیثون میں اس طرح کی باتین نکالتے ہیں جو صفات الٰہی کے انکار کے برابر اور سلف کے اعتقاد کے بالکل مخالف ہین اہل سنت اور ان فرقون کا مباحثہ شروع سنہ تین سو ہجری سے چلا آتا ہے صدہا کتابیں اس مباحثہ میں تصنیف ہو چکین ہیں حاصل کلام یہ ہے کہ جن مفسرون نے اپنی تفسیرون کا مدار اہل سنت کے اعتقاد پر رکھا ہے وہ اس آیۃ کی تفسیر میں یہی لکھتے ہیں کہ اس آیۃ میں اور اسی قسم کی اور آیتون مین پکار کر ارشاد فرمانے کی صفت کو جب اللہ تعالی نے اپنے کلام پاک مین اپنی ذات کے لئے ثابت فرمایا ہے تو بغیر مشابہت صفات مخلوقات کے ہم اُسکا اقرار کرتے ہیں اور تفصیلی کیفیت اللہ کو سونپتے ہیں اس تفسیر کے مقدمہ میں یہ بیان کر دیا گیا ہے کہ یہ تفسیر صحابہ اور تابعین کے قول کے موافق ہوگی اسواسطے جس شخص کے قتل سے تابعی لوگونکو خوشی ہوئی ایسے شخص کا یا اوسکی پیروی کرنے والون کا کوئی قول اس تفسیر میں نہین لیا جا سکتا اللہ تعالی نے جب آدم اور حوا کو جنت میں رہنے کا حکم دیا تو گیہون کے پیڑ کا پھل کھانے سے منع فرمایا تھا اور یہ بھی جتلا دیا تھا کہ شیطان تمہارا دشمن ہے یہ تمکو جنت سے نکلوا دینے کی کوشش کرے گا تم اس سے ہوشیار رہنا اسواسطے ان آیتون میں تنبیہ کے طور پر فرمایا کہ باوجود جتلانے کے تم نے ایسا کام کیون کیا مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ عباسؓ سے روایۃ ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ توبہ کرنے سے پہلے حضرت آدم نے اللہ تعالی سے دعا کے طور پر عرض کیا کہ یا اللہ اگر مین اپنے گناہ پر پشیمان ہو کر توبہ کرون تو مجھکو پھر جنت ملجاویگی اللہ تعالی نے فرمایا کہ ہان ملجاویگی حاکم نے اس روایۃ کو صحیح کہا ہے اسکے بعد حضرت آدم نے توبہ کی اور وہ قبول ہوئی حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق گناہ کے دو سو برس کے بعد حضرت آدم کی توبہ قبول ہوئی

منزل ۲

آیۃ کے آخری ٹکڑے کی تفسیر سورہ بقر میں گذر چکی ہے توبہ کے قبول ہونے کی یہ نشانی ہے کہ جس گناہ سے آدمی نے توبہ کی ہے اوس گناہ سے پھر آدمی کا دل بیزار ہو جاوے کیونکہ مستدرک حاکم کے حوالہ سے عبداللہ بن مغفل کی روایۃ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گناہ کرکے آدمی کا نادم اور پشیمان ہونا بھی توبہ ہے۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے اب ظاہر بات ہے کہ آیندہ کے لئے جب تک آدمی کا دل گناہ سے بیزار نہ ہوگا تو سچی ندامت اور پشیمانی اسکے دل مین پیدا نہیں ہو سکتی اسواسطے بیہقی وغیرہ میں حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ جو شخص گناہ سے بیزار ہو کر توبہ نکرے تو ایسی توبہ ایک مسخرا پن ہے۔

قَالَ اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝

کہا تم اترو ایک دوسرے کے دشمن ہوئے اور تم کو زمین پر ٹھہرنا ہے اور برتنا ہے ایک وقت تک

قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ۝ ع ۲ (۱۱) ۹

کہا اسی مین تم جیوگے اور اسی مین تم مروگے اور اسی سے نکالے جاؤگے

اس آیۃ مین اللہ تعالی نے آدم وحوا علیہ السلام ابلیس اور سانپ سب کو فرمایا کہ آسمان سے زمین پر اترو اور وہان تم ایک دوسرے کے دشمن ہوگے مطلب یہ ہے کہ شیطان آدمی کے بہکانے کی دشمنی سے اور سانپ آدمی کے کاٹنے کی دشمنی سے کبھی باز نہ آوینگے آدمی کو چاہیے کہ ان سے بچتا رہے جو لوگ شیطان کو دشمن نہ سمجھین گے اور اوس کے بہکاوے مین آجاوین گے وہ ایسا ہی نقصان اوٹھاوین گے جس طرح کا نقصان آدم اور حوا نے اوٹھایا پھر فرمایا ایک مدت تک زمین تمہارے رہنے اور ٹھہرنے کا مقام ہے اسی مین تمہارا جینا اور مرنا ہے اور اوسی سے تم نکالے جاؤگے مطلب یہ ہے کہ چند روزہ زندگی کے بعد مرنا اور پھر دوبارہ جینا ہے اور دوبارہ جینے کے بعد اگلے پچھلے سب لوگونکو اکٹھا کرکے خدا تعالی ہر ایک کو اسکے عملونکی جزا دیگا یہ چند روز کی زندگی صرف آخرت کے سفر کے سامان کے واسطے ہے حضرت عبداللہ بن عباس مجاہد اور قتادہ کا قول ہے کہ زمین کی پشت زندونکا ٹھکانا ہے اور زمین کا پیٹ مردونکا۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی روایۃ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوسرے صور سے پہلے ایک مینہہ برسے گا جسکی تاثیر سے سب مردون کے جسم تیار ہو جاوین گے پھر انمین روحین پھونکدی جاوین جس سے سب مردے جی اوٹھین گے حدیث کا یہ ٹکڑا آیۃ کے ٹکڑے ومنہا تخرجون کی گویا تفسیر ہے۔ متاع الی حین۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے صور تک زمین اور زمین کی آبادی قائم رہے گی پھر سب کچھ اجڑ جائے گا مسند امام احمد صحیح ابن حبان طبرانی مین ابوہریرہ اور عقبہ بن عامر کی معتبر روایتین ہیں جن مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بازار میں کپڑا بک رہا ہوگا پانی کے حوضون کی مرمت ہو رہی ہوگی جانورون کا دودھ دوھا جا رہا ہوگا آخر یہ سب کچھ پڑا رہ جاویگا اور یکایک پہلا صور پھونکا جاکر دنیا اجڑ جاویگی ان حدیثون کو متاع الی حین

کی تفسیر مین بڑا دخل ہے۔

یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰی

اے اولاد آدم کی ہم نے اُتاری تم پر پوشاک کہ ڈھانکے تمہارے عیب اور رونق اور کپڑے پرہیزگاری کے

ذٰلِکَ خَیْرٌ ؕ ذٰلِکَ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰہِ لَعَلَّھُمْ یَذَّکَّرُوْنَ ۝

سو بہتر ہیں یہ قدرتین اللہ کی شاید وہ لوگ دھیان کرین

اس آیۃ مین اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے کہ جب شیطان تمہارے دشمن نے تم سے لباس بہشتی چھنوادیا تو پھر ہم نے تمہارے لئے دنیا مین لباس اوتارا کہ مینہہ کے ذریعہ سے زمین مین روئی پیدا کی جس سے طرح طرح کے کپڑے بننے کی تدبیر تمکو سکھلادی سو تم اب پرہیزگاری کا لباس پہنو مرد ریشمی اور ٹخنون سے نیچا کپڑا اور عورت بہت باریک کپڑا کہ جسمین بدن دکھائی دے نہ پہنے یہ تمہارے حق مین بہتر ہے خدا کی اس نعمت کا شکر کرو معتبر سند سے مسند امام احمد ترمذی و ابن ماجہ مین حضرت عمر سے ایا ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جسنے نئے کپڑے پہنکر اللہ کا شکر کیا اور پرانے کپڑے صدقہ دیدے تو وہ شخص زندہ مردہ اللہ کی حمایت اور حمایت مین رہے گا بعضے مفسرون کے نزدیک تقوے کے لباس سے وہ لباس مراد ہے جو قیامت کے دن پرہیزگار لوگ پہنین گے حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ تقوے کے لباس کا مطلب نیک عمل ہین مسند امام احمد اور صحیح مسلم مین ابو ہریرہ کی روایۃ ہے جس مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت ایسا کپڑا پہنے گی جس سے اُسکا بدن اچھی طرح نہیں ڈھکے گا تو وہ عورت دوزخی ہے صحیح بخاری و مسلم مین ابوہریرہ کی دوسری حدیث ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ اترانے کے طور پر ٹخنون سے نیچے پائینچے پہنتے ہین وہ قیامت کے دن اللہ تعالی کی نظر رحمت سے دور رہین گے معتبر سند سے ابوداؤد و نسائی اور ابن ماجہ مین عبداللہ بن عمر کی روایۃ ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پاجامہ کے علاوہ اور کپڑون کو بھی عادت سے زیادہ نیچا رکھنے کو منع فرمایا ہے صحیح بخاری و مسلم مین حضرت عمر اور انس رض بن مالک کی روایتین ہین جنمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مردون کو ریشمی کپڑا پہننے کی ممانعت فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ ریشمی کپڑے کی چار انگل گوٹ وغیرہ مردون کو جائز ہے اس سے زیادہ جائز نہین ہے جن مفسرون نے لباس التقوے کی تفسیر جائز لباس کو قرار دیا ہے اُنکے قول کے موافق یہ حدیثین لباس التقوی کی گویا تفسیر ہین ریش کے معنے زیب و زینت کے ہین مطلب یہ ہے کہ لباس سے آدمی کا بدن بھی ڈھکتا ہے اور بدن کی زیب و زینت بھی ہوجاتی ہے یہ اون مشرکون کو تنبیہ ہے جو ننگے ہوکر طواف کرتے تھے آخر کو فرمایا اللہ تعالی نے اپنی قدرت سے یہ انسان کی ضرورت کی چیزین اس لئے پیدا کی ہین کہ یہ مشرک لوگ ان چیزون پر دھیان کرکے اللہ کو پہچانین اور شرک سے باز آوین۔

منزل ۲

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا

اے اولاد آدم کی نہ بہکاوے تم کو شیطان جیسا نکالا تمہارے ماں باپ کو بہشت سے اتروائے انکی کپڑی کہ دکھاوے انکو عیب انکے

تفسیر ابن جریر مین قتادہ کی سند سے حضرت عبداللہ بن عباس کی روایۃ ہے کہ جنت سے علیحدہ ہونے سے پہلے حضرت آدم اور حوا کا لباس ایسا تھا جس طرح اب ہاتھ پیرون کے انگلیون کے ناخن ہین گیہون کھانے سے تمام بدن کا لباس اوتر کر فقط انگلیون پر اُس لباس کی نشانی باقی رہگئی جسکو ناخن کہتے ہین مسند امام احمد ابو داؤد ابن ماجہ صحیح ابن حبان مستدرک حاکم اور بیہقی مین ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنگل مین پیخانہ کو بیٹھے تو اوسکو چاہیئے کہ کچھ آڑ کر لیوے پھر فرمایا یہ آڑ اسواسطے ہے کہ شیطان جب انسان کو ننگا دیکھتا ہے تو انسان کی شرمگاہ کو ایک کھیل ٹھہرا لیتا ہے مطلب یہ ہے کہ ننگے آدمی کو شیطان زیادہ بہکاتا ہے کیونکہ شیطان ذکر الٰہی سے بھاگتا ہے اور پیخانہ کے وقت ننگا آدمی ذکر الٰہی نہین کر سکتا اس آڑ سے شیطان کا وہ غلبہ اللہ کے حکم سے جاتا رہتا ہے یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان نے آدم وحوا کو گیہون کھلا کر کیون ننگا کیا اور بنی آدم جب ننگے ہوتے ہین تو اُنکے پاس کیون آتا ہے اس حدیث کی سند مین ایک راوی حصین حرانی کو اگرچہ بعضے علمانے نامعلوم الحال کہا ہے لیکن ابن حبان نے اُسکو ثقہ قرار دیا ہے علاوہ اسکے ایک راوی ابو سعید حرانی ہیں جو علما کا اختلاف ہے اُس اختلاف سے حدیث مین کچھ ضعف نہیں آتا کیونکہ اس حدیث کو حضرت عائشہ کی اُس صحیح روایۃ سے تقویۃ ہو جاتی ہے جسکو ابو داؤد وغیرہ نے پیخانہ کے وقت آڑ کرنے کے باب میں روایۃ کیا ہے ابو ہریرہؓ کی اُس حدیث مین اور حضرت عائشہ کی حدیث مین فرق فقط اتنا ہے کہ حضرت عائشہ کی حدیث میں پائخانہ کے وقت فقط آڑ کرنیکا حکم ہے اور ابو ہریرہؓ کی حدیث مین آڑ کا حکم اور اوسکا فائدہ دونون باتین ہیں اس صورت مین ابو ہریرہ کی حدیث حضرت عائشہ کی حدیث کی گویا تفسیر ہے علاوہ اسکے جب ابو ہریرہ کی اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی کتاب صحیح ابن حبان میں روایۃ کیا ہے تو ابن حبان کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے۔

اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

وہ دیکھتا ہے تم کو اور اُس کی قوم جہان سے تم اُنکو نہ دیکھو ہنے رکھے ہیں شیطان رفیق اُنکے جو ایمان نہین لاتے

صحیح بخاری ومسلم مین انس بن مالک سے اور مستدرک حاکم تفسیر ابن جوزی اور واحدی میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایۃ ہے جسمین آنحضرت نے فرمایا کہ شیطان آدمی کے جسم مین خون کی طرح پھرتا ہے اور خاص آدمی کا دل اوس کے ٹھکانے کی جگہ ہے جسکو خدا بچاوے اوسی کا دل شیطان کے غلبہ سے محفوظ رہتا ہے مسند سعید بن منصور مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایۃ ہے کہ حضرت عیسے نے ایک روز اللہ تعالی سے دعا کی کہ یا اللہ مجھکو شیطان کا ٹھکانا انسان کے بہکانے کے وقت کا دکھلا دے اس پر اللہ تعالی نے ایک آدمی کا دل حضرت عیسےؑ کو دکھلایا کہ

سانپ کے بھیس کی صورت میں شیطان اُس دلپر چھایا ہوا تھا لیکن جب وہ شخص کچھ اللہ کا ذکر کرتا تھا تو وہ سانپ کا بھیس اوسکے دلپر سے ہٹ جاتا تھا اِس مضمون کی روایتیں چند طریق سے حضرت عبداللہ بن عباس سے آئی ہیں جسکے سبب سے بعض روایتوں کو بعض سے تقویت ہوکر یہ روایۃ معتبر ہو جاتی ہے۔ جس طرح فرشتوں کو اور خود اپنے جسم کی روح کو بنی آدم نہیں دیکھہ سکتے اسی طرح اللہ تعالی نے عام بنی آدم کی نگاہ میں ایسی قوت نہیں پیدا کی ہے کہ وہ شیطان یا اوسکے شیاطین کو اصلی صورت میں دیکھہ سکیں اِس لئے فرمایا کہ شیطان اور اوسکے شیاطین بنی آدم کو ہر حال میں دیکھہ لیتے ہیں اور بنی آدم شیطان یا اوسکے شیاطین کو اوسکے اصلی صورت میں نہیں دیکھہ سکتے شیطان اور شیطین کو اللہ تعالی نے یہ طاقت بھی دی ہے کہ وہ اپنی اصلی صورت بدلکر کسی دوسری صورت میں آسکتے ہیں چنانچہ سورہ انفال میں صحیح روایۃ سے آویگا کہ بدر کی لڑائی کے وقت خود شیطان بنی کنانہ کے سردار سراقہ بن مالک کنانی کی صورت میں اور اوسکے شیاطین کنانیوں کی شکلوں میں مشرکین مکہ کے لشکر میں مشرکوں کے مددگار بنکر آئے اور لوگوں نے اونکو دیکھا اُنسے بات چیت کی لیکن جب شیطان نے لشکر اسلام میں فرشتوں کو دیکھا تو اپنے شیاطین کو لیکر بھاگ گیا ہاں جس صورت میں آنیکی شیطان کو ممانعت ہے اُس صورت میں آجانیکی اُسکو طاقت نہیں ہے مثلاً حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شباہت میں یہ ملعون نہیں آسکتا چنانچہ صحیح بخاری ترمذی ابن ماجہ وغیرہ میں چند صحابہ سے اِس باب میں صحیح روایتیں ہیں۔ یہ عام بنی آدم کا ذکر گذرا خاص بندے اللہ کے ایسے بھی ہیں جو شیطان اور شیاطین کو اصلی صورت میں دیکھہ سکتے ہیں مثلاً سورۃ الانبیا میں آویگا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام شیطین سے ہر طرح کا کام لیا کرتے تھے یا مثلاً صحیح بخاری وغیرہ میں ابو ہریرہ کی روایۃ ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ ایک شیاطین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز میں کچھہ خلل ڈالنا چاہا تو اپنے اوسکو پکڑکر مسجد نبوی کے ستون سے باندھ دینے کا ارادہ کیا لیکن پھر اِس خیال سے اُسکو چھوڑ دیا کہ شیاطین پر اس طرح کی حکومت حضرت سلیمان علیہ السلام کیساتھ خصوصیت رکھتی تھی مطلب آیۃ کا وہی ہے جو مالک بن دینار نے بیان کیا ہے کہ جو دشمن نظر نہ آوے اور اپنی دشمنی پورے طور پر کام میں لاسکے ایسا دشمن بڑا قوی دشمن ہے اِس کی دشمنی کے حملوں سے بچنے کی کوشش ہر مسلمان پر لازم ہے۔ یہ مالک بن دینار اعمش وغیرہ کے طبقہ کے صدوق تابعی ہیں صحاح کی کتابوں میں ان سے روایتیں ہیں صحیح بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ کی روایۃ ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اذان اور تکبیر کی آواز سے شیطان دور بھاگ جاتا ہے اسی طرح معتبر سند سے ترمذی نسائی صحیح ابن حبان صحیح ابن خزیمہ اور مستدرک حاکم میں حارث اشعری کی روایۃ ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوائے ذکر الٰہی کے شیطان کی دشمنی سے اور اور کوئی چیز انسان کو نہیں بچا سکتی اِسلئے ان حدیثوں کو آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثوں کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شیطان آدمی کا بڑا قوی دشمن ہے کہ خود تو نظر نہیں آتا لیکن اُسکی دشمنی کا اثر آدمی

منزل ۲

کو ہر وقت نظر آتا رہتا ہے۔ اس ہر وقت کی دشمنی کے اثر سے بچانیوالی چیز سوا ذکر الٰہی کے اور کچھ نہیں ہے مشرک لوگ خالص دل کے ذکر الٰہی سے بے بہرہ ہیں اسلئے اس دشمن کی دشمنی کے اثر سے اونکا بچنا تو درکنار بلکہ یہ دشمن رفیقوں کی طرح آنکے ساتھ لگا رہتا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ حضرت آدم اور حوا کے ساتھ جو دشمنی شیطان نے کی تھی اوسکا قصہ یاد دلاکر اللہ تعالیٰ نے قریش کو یہ جتلایا ہے کہ جب تک یہ لوگ شرک سے باز نہ آوین گے اس قدیمی دشمن کی دشمنی کے اثر سے یہ لوگ بچ نہین سکتے۔

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۭ

اور جب کرین کچھ عیب کا کام کہیں ہم نے پایا اپنے باپ دادون کو اور اللہ نے ہمکو یہ حکم کیا تو کہہ اللہ حکم نہین کرتا عیب کے کام کو

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۡ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ

کیون جھوٹ بولتے ہو اللہ پر جسکا علم نہیں رکھتے تو کہہ میرے رب نے فرمائی ہے دینداری اور سیدھے کرو اپنے منہ ہر نماز

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا هَدٰى وَ

کے وقت اور پکارو اسکو نرے اسکے حکم بردار ہوکر جیسا تم کو بنایا دوسری بار بنوگے ایک فرقے کو راہ دی اور

فَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ

منزل ۲ ایک فرقے پر ٹھیری گمراہی انھون نے پکڑے شیطان رفیق اللہ کو چھوڑکر اور

يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

سمجھتے ہیں کہ وہ راہ پر ہین

مجاہد کا قول ہے کہ مکہ کے مشرک ننگے ہوکر خانہ کعبہ کا طواف کرتے اور کہتے کہ جس طرح ہمکو ہماری مان نے جنا ہے اسی طرح ہم طواف کرتے ہین اور اسکو باپ دادا کی رسم اور خدا کا حکم بتاتے تھے اوسپر اللہ تعالیٰ نے ان آیتون کو نازل کرکے فرمایا کہ پیشتر تم ابھی جان چکے ہو کہ آدم علیہ السلام نے جو سبکے باپ ہین شیطان کا دھوکا کھایا تو پھر کسی بے حیائی کے کام پر باپ دادا کا حوالہ دینا اور اسکو خدا کا حکم سمجھنا بڑی نادانی ہے باپ دادا کا کسی برے کام کو کرنا اس کام کے جائز ہونیکی دلیل نہیں ہوسکتی دنیا کے کامون مین تو اس طرح تم باپ دادا کی پیروی نہین کرتے یہ کبھی نہ سنا کہ کسی نے باپ دادا کی پیروی سے اپنے آپکو دریا میں یا کوئین مین ڈبو دیا یا آگ میں جلا دیا یا سب مال برباد کردیا ہو اسی طرح جو کام دین میں خلاف حکم خدا اور رسول کے ہین انمین بھی باپ دادا کی پیروی کرنی چاہیے رہی یہ بات کہ اس برے کام کو اللہ کا حکم جاننا کہ خدائے پاک نے ایسے ناپاک اور بیحیائی کے فعل کا حکم دیا ہے یہ کیونکر ہوسکتا ہے بغیر جانے بوجھے کیون خدا پر جھوٹ باندھتے ہو بلکہ خدا نے تو عدل وانصاف اور مسجد میں خالص اوسی کی عبادت کرنے کا حکم دیا ہے۔ مجاہد اور قتادہ نے کما بدا کم تعودون کا یہ مطلب بیان کیا گیا ہے کہ جس طرح تمکو پہلے پیدا کیا اسی طرح

اسی طرح دوسری بار پھر پیدا کریگا جسکا خلاصہ یہ ہے کہ مرنیکے بعد زندہ کریگا ابن زید نے کہا کہ جس طرح اول ابتدا کی ہے ایسا ہی آخر میں پھر دوبارہ پیدا کریگا ابن جریر نے اسی کو اختیار کرکے حضرت عبداللہ بن عباس کے اُس حدیث سے جو صحیح بخاری و مسلم میں ہے اس قول کو تائید دی ہے حضرت عبداللہ بن عباس اُس حدیث میں فرماتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز کھڑے ہوکر خطبہ کے طور پر فرمایا کہ اے لوگو تم پھر دوبارہ پیدا کئے جاؤگے برہنہ پا ننگے بدن بغیر ختنہ کے کما بدأنا اول خلق نعیده وعدا علینا انا کنا فاعلین اور حضرت ابن عباس نے فریقا ہدی و فریقا حق علیہم الضلالہ کے متعلق فرمایا کہ خدا نے پیدائش انسان کی اسطرح شروع کی ہے کہ کوئی مومن ہے اور کوئی کافر پھر قیامت کے روز اسی طرح پر انکو دوبارہ پیدا کریگا جیسا شروع میں مومن کافر پیدا کیا تھا حاصل مطلب یہ ہے کہ پیدا کئے جانے اور اختیار دئے جانے کے بعد جس طرح جو کوئی دنیا میں زندگی بسر کرنے والا تھا اُسکو ویسا ہی اللہ تعالی نے پیدا کیا اور اسی طرح اُسکا حشر ہوگا سہل بن سعد کی حدیث ہے کہ بندہ وہ عمل کرتا ہے جو لوگونکے دیکھنے میں جنت والون کا سا ہے اور حقیقت میں وہ شخص دوزخ والو میں سے ہے اور ایک شخص وہ عمل کرتا ہے جو دیکھنے میں دوزخیون کا سا اور وہ بہشتیون میں سے ہے اسلئے اصل عمل وہ ہے جسپر انسان کا خاتمہ ہو یہ حدیث صحیح بخاری و مسلم کی حدیث کا ٹکڑا ہے اسی طرح حدیث ابن مسعود جو صحیح بخاری و مسلم میں ہے اسکی تائید کرتی ہے صحیح مسلم اور ابن ماجہ میں جابر کی روایت ہے کہ ہر نفس اوس حال پر اوٹھایا جاویگا کہ جسپر وہ تھا صحیحین میں حضرت علی کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص علم ازلی میں نیک بخت ٹھہرا ہے اُسپر نیک بختونکا کام آسان کردیا جاتا ہے اور جو بدبخت ہے اُسپر بدبختونکا کام سہل کردیا جاتا ہے اسواسطے اللہ نے فرمایا فریقا ہدی و فریقا حق علیہم الضلالہ غرضکہ ہدایت و ضلالت اللہ کی طرف سے اللہ تعالی کے علم ازلی کے موافق ہے ترمذی مسند امام احمد اور مستدرک حاکم میں ابن عمر رض سے آیا ہے کہ اللہ نے خلقت کو اندھیرے میں پیدا کرکے ایک نور اُنپر ڈالا جسکو وہ نور پہونچا اوسنے ہدایت پائی جسکو نہ پہونچا وہ گمراہ ہوا حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے اور مسند امام احمد کی سند بھی اچھی ہے۔ نور سے مراد ہدایت تھی اور اندھیرے سے مراد خواہش نفسانی حاصل یہ ہے کہ علم ازلی کے موافق جو لوگ دنیا میں آنکر راہ راست پر آنے والے تھے اُنکو وہان اُس نور ہدایت میں سے حصہ ملا اور جو لوگ دنیا میں آنکر عقبے سے غافل اور خواہش نفسانی کے پابند رہنے والے تھے وہ اس نور ہدایت کے حصہ سے محروم رہے اور دنیا میں آنیکے بعد اُنھون نے اللہ کو چھوڑکر شیطانون کو اپنا دوست بنایا اور اپنے گمان میں آپکو ہدایت پر سمجھا اسکی مذمت خدا تعالی نے اس آیت میں فرمائی کیونکہ دین حق کی پہچان فقط گمان سے نہین ہوتی اللہ اور رسول کا کلام اُسکے واسطے ضرور ہے جسنے اللہ اور رسول کی تابعداری کی وہی ایمان والا ہے اور ہدایت کے راستہ پر بھی وہی ہے

منزل ۲

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

اے اولاد آدم کی لے لو اپنی رونق ہر نماز کے وقت اور کھاؤ اور پیو اور مت اوڑاؤ اسکہ خوشی نہین

الْمُسْرِفِيْنَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ

کپڑے اڑانے والے تو کہہ کس نے منع کی ہے رونق اللہ کی جو پیدا کی اسنے اپنے بندونکے واسطے اور ستھری چیزین کھانیکی تو کہہ دو

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

ایمان والون کے واسطے دنیا کی زندگی مین نری اونکی ہے قیامت کے دن یون بتاتے ہیں ہم آیتین جن لوگون کو بوجھہ ہے

صحیح مسلم نسائی تفسیر ابن جریر اور تفسیر کثیر مین حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت سے جو شان نزول ان آیات کی بیان کی گئی ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت مین یہ ایک دستور تھا کہ سوا قریش کے اور اہل عرب کی عورتین مرد سب ننگے طواف کیا کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ جن کپڑونسے ہمنے گناہ کئے ہین اُن کپڑون کو پھنکر طواف نہین کرنا چاہیئے اور بعضے قبیلہ کے لوگ بعضی چیزونکا کھانا بھی حج کے موسم مین اپنے اوپر حرام کر لیتے تھے اس سم کے مٹانیکے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمایا کہ حرام وہی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم سے اپنے رسول کی معرفت حرام فرمائی ہے جن لوگون نے طواف کیوقت کپڑونکا پہنا موسم حج مین چکنائی یا گوشت کا کھانا چھوڑ رکھا ہے یہ اُن لوگونکی ایک رسم ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی حکم سے ان چیزون کو ان لوگون پر ملتہ ابراہیمی مین حرام نہین کیا بلکہ اللہ تعالیٰ کا حکم تو یہ ہے کہ طواف اور نماز مین بنی آدم اپنی ستر کو ڈھانکین اور جو چیزین اللہ تعالیٰ نے حلال ٹھہرادی ہین اُنکا کھانا موسم حج میں یا اور کسی وقت میں اپنی طرف سے حرام نہ ٹھہراوین مستدرک حاکم اور مسند بزار کے حوالہ سے ابو درداء کی صحیح حدیث گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال حرام وہی ہے جسکو اللہ تعالیٰ نے حلال یا حرام فرمایا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اپنی طرف سے کسی بندہ کو کسی چیز کے حلال یا حرام ٹھہرانے کا حق نہیں ہے سوا سے طواف کے وقت کپڑون کے پہننے کو یا موسم حج مین بعضی چیزون کے کھانیکو جو عرب کے لوگون نے حرام ٹھہرا رکھا تھا اُسکو اللہ تعالیٰ نے ناپسند فرمایا اور حرام حلال مین حد سے بڑھ جانے سے منع فرمایا جس کا مطلب یہ ہے کہ حلال کو حلال کی جگہ اور حرام کو حرام کی جگہ سمجھنا چاہیئے اپنی طرف سے اُس مین کچھہ دخل دیکر حلال کو حرام یا حرام کو حلال نہ ٹھہرانا چاہیئے کہ اسی کا نام اسراف اور حد سے بڑھ جانا ہے جو اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں - اللہ کے دئے ہوئے مال کو بیجا طور پر اوٹانا اور صرف کرنا بھی حد شرعی سے بڑھ جانا ہے اس لئے وہ بھی آیت کے حکم مین داخل ہے چنانچہ صحیح بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جس شخص مین اترانے اور بیجا خرچ کرنے کی خصلتین نہین ہین وہ جو جی چاہے کھائے اور پہنے پھر فرمایا جب ہر ایک چیز کے حرام حلال ٹھہرانے کا حق اللہ کو ہے اور ان لوگون نے جن چیزون کو حرام ٹھہرا رکھا ہے اُنکے حرام ہونیکے ثبوت مین یہ لوگ اللہ کا کوئی حکم ملت ابراہیمی سے نکالکر نہین پیش کر سکتے تو اے رسول اللہ کے تم ان لوگونسے پوچھو کہ یہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزین آخر کس نے تم پر حرام کی ہین اور اے رسول اللہ کے ان مشرکون سے یہ بھی کہدو کہ دنیا کی ضرورت کی چیزین اصل مین اللہ تعالیٰ نے اُن لوگون کے واسطے پیدا کی ہین جو لوگ اللہ تعالیٰ کی ان نعمتونکو برت کر اُسکے شکر مین خالص دلسے اللہ کی عبادت کرتے ہین رہے وہ ناشکر مشرک جو اللہ کی ان نعمتونکو

منزل ۲

کام میں لاکر سوا اللہ کے اوروں کو اپنا معبود قرار دیتے ہیں اگرچہ اونکی سزا تو یہی ہے کہ دنیا میں بھی اونکو ان نعمتوں سے بالکل محروم کردیا جاتا لیکن دنیا کی چندروزہ نعمتوں کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کچھ قدر منزلت نہیں ہے اسلئے دنیا کی نعمتوں میں تو اللہ تعالیٰ نے شکرگذار ایماندارون کو اور ناشکرے مشرکون سبکو شریک حال رکھا ہے مگر عقبے مین اللہ کی ہمیشہ کی نعمتوں سے یہ ناشکرے مشرک لوگ بالکل محروم کردئے جاوین گے۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں سہل بن سعد کی روایت ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کی قدر منزلت اگر ایک مچھر کے پر کی برابر بھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہوتی تو دنیا مین ایک پانی کا گھونٹ بھی کسی ناشکرے مشرک کو نہ ملتا۔ ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے یہ حدیث آخری آیت کی گویا تفسیر ہے آخر کو فرمایا کہ جنکو کچھ سمجھ بوجھ ہے انکو قرآن شریف کی آیتون میں اس طرح ہر آیت کی تفصیل سمجھائی جاتی ہے اوپر بھی جو کوئی قرآن کی نصیحت کو نہ مانے گا وہ ایسے وقت پر پچتاویگا جسوقت کا پچتانا اوسکے کچھ کام نہ آویگا۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ

تو کہہ میرے رب نے منع کیا ہے سو بے حیائی کے کام جو کھلے ہیں اون میں اور جو چھپے اور گناہ اور زیادتی ناحق کی اور یہ کہ

تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

شریک کرو اللہ کا جسکی اُسنے سند نہیں اتاری اور یہ کہ جھوٹ بولو اللہ پر جو تم کو معلوم نہین

منزل ۲

مسند امام احمد صحیح بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ سے زیادہ کوئی غیرت دار نہین ہے اسواسطے خدا تعالیٰ نے اس آیت شریف مین چھپی کھلی بیحیائی اور گناہ اور ناحق کی زیادتی اور شرک اور خدا پر جھوٹ بولنے کو حرام فرمایا ہے ظاہر و باطن بیحیائی کے متعلق سورہ انعام میں بیان ہوچکا ہے کہ مکہ کے مشرک لوگ چھپے ہوئے زنا کو عیب نہین سمجھتے تھے مجاہد نے کہا کہ لفظ اثم سے تمام گناہ چھوٹے بڑے مراد ہیں اور باغی کی بغاوت کا وبال اوسی کی جانپر ہے سدی کا قول ہے کہ ہر معصیت اثم ہے اور بغی کے معنے لوگونپر ناحق زیادتی کا کرنا ہی غرض ذاتی گناہ اور لوگونپر زیادتی کا کرنا دونو کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا اسی طرح شرک باللہ کو جو ایک بے سند بات ہے حرام کیا کہ اُس وحدہ لاشریک کے ساتھ کسی کو شریک نکرو اور ایسا ہی یہ بھی حرام کیا کہ بغیر علم کے جہالت سے خدا پر جھوٹ نہ باندھو کہ جیسے اوسکا بیٹا ہے اور فرشتے بیٹیان یا خدا کا یہ حکم ہے کہ یہ کام کرو اور وہ کام نہ کرو یہ چیز کھاؤ یہ نہ کھاؤ غرضکہ اپنی طرف سے کوئی بات خدا پر نہ لگاؤ کہ ایسا کرنا حرام ہے کیونکہ حرام و حلال کیواسطے خدا رسول کا حکم ضرور ہے مستدرک حاکم اور مسند بزار کے حوالہ سے ابو درداء کی صحیح حدیث گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حرام حلال وہی ہے جسکو اللہ تعالیٰ نے حرام یا حلال کیا ہے۔ اس حدیث کو آیت کی تفسیر میں بڑا دخل ہے۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعضے لوگ قیامت کے دن ایسے ہونگے کہ اونہون نے لوگونپر ظلم اور زیادتی کی ہوگی جسکے معاوضہ میں ان ظالمون کی سب نیکیان مظلومون کو ملجاوین گی اور یہ ظالم

لوگ خالی ہاتھ دوزخ میں چلے جاوینگے۔ آیۃ میں لوگونپر زیادتی کرنے کی جو ممانعت ہے اوسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگونپر ظلم وزیادتی کا کرنا ایسا گناہ ہے جسکے لئے فقط توبہ کافی نہیں ہے بلکہ اس گناہ کی سزا میں ظالموں کی نیکیاں مظلومون کو ملجاوینگی۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ يَا بَنِي آدَمَ

اور ہر فرقہ کا ایک وعدہ ہے پھر جب پہنچا اُنکا وعدہ نہ دیر کرینگے ایک گھڑی اور نہ جلدی ای اولاد آدم

إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا

کبھی پہنچیں تم پاس رسول تم ہی کے سنا دین تمکو آیتین میری تو جسنے خطرہ کیا اور سنوار پکڑی نہ ڈہے اُنپر اور نہ وہ

هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

غم کھاوین اور جنہون نے جھوٹ جانیں آیتین ہماری اور تکبر کیا اُنکی طرف سے وہ ہیں دوزخ کے لوگ وہ اُس مین رہینگے

اہل مکہ عذاب کی جلدی جو کرتے تھے اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمایا ہر کام کا وقت اللہ تعالی کے نزدیک مقرر ہے وقت مقررہ پر اگر اللہ کو منظور ہوگا تو عذاب آویگا غرض عذاب کا وقت ایسا ہی مقرر ہے جس طرح سب کی آنکھون کے سامنے ہر ایک شخص کے لئے ہر زمانہ مین موت کا ایک وقت مقرر ہے اُس سے ایک ساعۃ کوئی آگے پیچھے نہیں ہوتا وعدہ کم نہ زیادہ جمہور کا یہی مذہب ہے کہ انسان کی عمر گھٹتی بڑہتی نہین خواہ قتل کر ڈالنے سے مرا ہو یا ڈوبنے جلنے وغیرہ سے ہر ایک اپنی موت سے مرتا ہے عمر کی کمی بیشی کے باب میں سلف کے فیما بین ایک بڑی بحث ہے حاصل یہ ہے کہ صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم مین ثوبان کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نیکی کرنے سے آدمی کی عمر بڑھ جاتی ہے اس سے اور اس قسم کی اور حدیثون سے اون صحابہ کے قول کی بڑی تائید ہوتی ہے جو دنیا عالم اسباب میں بعضے سببون کو عمر کے گھٹنے بڑہنے کا ذریعہ قرار دیتے ہین زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی سورہ رعد میں آویگی حاکم نے ثوبان کی اس حدیث کو صحیح کہا ہے موت کے ذکر کے بعد پھر اللہ تعالی نے فرمایا کہ ہمارے رسول تم ہی سے تمہارے پاس ہماری آیتین لاکر بیان کرینگے سو جو کوئی پرہیزگاری اختیار کریگا اور رسولون کی فرمانبرداری کرکے اپنے حال کو سنواریگا اور مناہی کی چیزون سے بچا رہیگا اُسکو قیامت کے روز کچھ خوف وغم نہ ہوگا اور جو ہماری آیتون اور رسولون کو جھٹلاویگا اور تکبر سے اونپر عمل نکریگا وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیگا صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں لوگون کی کولیان بھر بھر کے اونکو آگ میں گرنے سے بچانا چاہتا ہون لیکن لوگ آگ مین گرنے کی ایسی جرأت کرتے ہیں جسطرح کیڑے پتنگے روشنی پر گرنے کی جرأت کرتے ہیں یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ جن لوگون نے قرآن کی نصیحت کو مانکر کچھ عقبے کا سامان کرلیا وہ رسول اللہ کی کوشش سے قیامت کے دن آگ مین گرنے سے بچیں گے اور جو لوگ قرآن کی نصیحت سے غافل رہیں وہ قیامت کے دن دوزخ کی آگ مین

منزل ۲

اس طرح جا پڑین گے جس طرح روشنی پر کیڑے پتنگے گرتے ہین ۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ

پھر اُس سے ظالم کون جو جھوٹ باندھے اللہ پر یا جھٹلاوے اُسکے حکم کو وہ لوگ پاوینگے جو کچھ انکا

مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

حصہ لکھا کتاب میں یہانتک کہ جب پہونچے اُن پاس بھیجے ہوئے ہمارے جان لینے کو بولے کیا ہوئے جنکو تم پکارتے تھے سوائے اللہ کے

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

بولے ہم سے گم ہوئے اور قائل ہوئے اپنی جان پر کہ وہ تھے منکر

حضرت عبداللہ ابن عباس کا قول ہے کہ ایسے لوگونکو انکے نصیب کا لکھا یون ملیگا کہ نیکی کرنیوالے کو اسکی نیکی کا اور بدی کرنے والیکو اسکی بدی کا بدلا ملیگا حاصل مطلب یہ ہے کہ علم ازلی کے موافق لوح محفوظ اور نامہ اعمال مین جو نیکی بدی لکھی گئی ہے اوسی کے موافق جزا سزا کا فیصلہ ہوگا یہان اس تفسیر کے موافق رسولون سے مقصود وہ فرشتے ٹھہرین گے جو روحون کو دوزخ مین ڈالنے پر تعینات ہیں یا رسولون سے مقصود ملک الموت اور انکے مددگار ہیں کیونکہ مرنے کے وقت فرشتے مشرکون کو عذاب سے ڈراتے ہیں جس سے مرتے وقت ان مشرکون کو بڑی گھبراہٹ ہوتی ہے فرشتے جھڑکیان اور نسے دریافت کرتے ہیں کہ جنکو تم خدا کے سوا دنیا میں پکارتے اور پوجتے تھے وہ اب کہان ہیں اونکو بلاؤ کہ تمکو اس عذاب سے بچاوین وہ لوگ جواب دیوین گے کہ ہمکو معلوم نہیں کہ وہ کدھر گم ہوگئے وقت پر ہمارے کچھ کام نہ آئے ہمکو اونسے کچھ توقع و امید نہیں ہے یہ اونکا موت کیوقت اپنی جانون پر کفر کا اقرار ہوگا فرمان لوگون کو موت کیوقت جو فرشتے عذاب سے ڈراتے ہین اونکا ذکر ہرار ابن عازب کی صحیح حدیث کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکا ہے دوزخ پر جو فرشتے تعینات ہیں اونکا حال بھی حضرت عمر رض کی حدیث کے حوالہ سے گذر چکا ہے اس لئے رسولون کی تفسیر دونون طرح کے فرشتون سے ہوسکتی ہے دوزخ پر جو فرشتے تعینات ہیں اونکا ذکر سورہ تحریم مین تفصیل سے آویگا

منزل ۲

قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ

فرمایا داخل ہو ساتھ اور امتون کے جو تم سے پہلے ہو چکی ہیں جن اور انسان آگ مین جہان داخل ہوئے

اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

ایک امت لعنت کرنے لگی دوسرے کو جب تک گر چلے سمین سارے کہا پچھلون نے پہلونکو ای رب ہمارے ہمکو انہون نے

اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ

گمراہ کیا سو تو دے انکو دونا عذاب آگ کا فرمایا دونون کو دونا ہے پر تم نہیں جانتے اور کہا

اُولٰئِكَ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝

پہلوں نے پچھلوں کو سو کچھ نہ ہوئی تمکو ہمپر زیادتی سو چکھو عذاب بدلا اپنی کمائی کا

اللہ تعالیٰ کے حکم سے مالک دوزخ کا داروغہ کہیگا کہ داخل ہو آگ میں ہمراہ اور امتوں کے جو تم سے پہلے جن اور آدمیوں میں سے گذر چکی ہیں پھر دوزخ میں داخل ہوتے ہی ایک امت دوسری امت کو لعنت کرنے لگے گی مشرک مشرکوں کو یہود یہود کو لعنت کرنے لگیں گے پچھلی امت کے لوگ پہلی امت کے لوگوں کے حق میں خدا تعالیٰ سے عرض کرینگے کہ اے پروردگار انھوں نے ہمکو تیرے راستہ سے بہکا دیا تھا انکو دوچند عذاب کر جواب ملیگا کہ تم سب کے واسطے دوچند عذاب ہے لیکن تم نہیں جانتے کیونکہ ہمنے ہر ایک کو اُسکے عمل کے موافق سزا دی ہے اور پہلی امت کے لوگ پچھلی امت کے لوگوں سے کہیں گے کہ تمکو ہم پر کچھ فوقیت نہیں ہے جسطرح ہم گمراہ ہوئے اوسی طرح تم بھی گمراہ ہوئے اب اپنے کئے کی سزا چکھو مجاہد کا قول ہے کہ فضل کے لفظ سے مراد اس جگہ عذاب کی تخفیف ہے ایک طرح پہلی امت کے لوگوں کی بڑی خطا ہے کہ پچھلوں کیواسطے بری راہ ڈال گئے اور ایک طرح پچھلوں کا بڑا قصور ہے کہ پہلوں کی حالت دیکھکر اور سنکر بھی متنبہ نہوئے نہ کوئی عبرت حاصل کی بہکنے والے اور بہکانے والوں کی جو آپس میں قیامت کے دن حجت ہوگی اُسکا ذکر سورہ احزاب اور سورہ سبا میں تفصیل سے آویگا۔ حاصل یہ ہے کہ بہکانے والوں کو دوگنا عذاب یوں ہوگا کہ ایک اپنے بدعملوں کا اور دوسرا لوگوں کو بہکانے کا اور بہکنے والوں کو ایک بہکاوے میں آجانے اور اللہ رسول کی نصیحت نہ سننے کا اور دوسرا بدعملوں کا مسند امام احمد صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب جو شخص کسی شخص کو قتل کرتا ہے اُسمیں ایک قتل ناحق کا گناہ قابیل بن آدم کے نامہ اعمال بھی لکھا جاتا ہے کیونکہ قتل ناحق کا طریقہ دنیا میں پہلے پہل اُسنے نکالا ہے صحیح مسلم میں ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دنیا میں کوئی برا طریقہ نکالے گا تو وہ سوا اپنے ذاتی گناہوں کی سزا کے اون لوگوں کی سزا میں بھی پکڑا جاویگا جو لوگ اُس برے طریقہ پر چلے ان آیتوں میں دوگنے عذاب کا جو ذکر ہے یہ حدیثیں گویا اوسکی تفسیر ہیں مطلب وہی ہے جو اوپر بیان کیا گیا کہ بہکانے والوں کو اپنے بدعملوں کا جدا عذاب ہوگا اور دوسروں کو برے طریقہ پر لگانے کا جدا اسی طرح بہکنے والوں کو باوجود شرعی نصیحت کے بہکاوے میں آجانے کا عذاب جدا ہوگا اور دوسرے بدعملوں کا جدا۔

منزل ۲

إِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ

بے شک جنہوں نے جھٹلائیں ہماری آیتیں اور انکے سامنے تکبر کیا نہ کھلیں گے انکے لئے دروازے آسمان کے اور

لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ۝

نہ داخل ہونگے جنت میں جب تک بیٹھے اونٹ سوئی کے ناکے میں اور ہم یوں بدلا دیتے ہیں گنہگاروں کو

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

آنکو دوزخ کے فرش ہیں اور اوپر سائبان اور ہم یون بدلا دیتے ہیں بے انصافون کو

حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ آسمان کے دروازے نہ کھولے جانیسے مراد یہ ہے کہ کوئی عمل نیک اور دعا انکی آسمان پر نہین جاتی اور قبول نہین ہوتی یا جبکہ وہ مرتے ہیں تو اونکی ارواح کے واسطے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے امام احمد ابوداؤد ابن ماجہ اور نسائی میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا فرشتے جب فرمان شخص کی روح کو آسمان پر لیجاتے ہین تو کسی جماعت فرشتون پر گذر نہین ہوتا مگر وہ ملائکہ کہتے ہیں کہ کیا روح خبیث ہے روح لیجانیوالے کہتے ہیں کہ فلان شخص ہے پھر وہ روح کے لیجانے والے فرشتے آسمان کا دروازہ کھلوانا چاہتے ہیں تو کھولا نہیں جاتا پھر حضرت صلعم نے اس آیۃ شریف کو پڑھا لا تفتح لھم ابواب السماء یہ ایک بڑی حدیث کا ٹکڑا ہے اور اوسکی سند معتبر ہے پھر اللہ تعالی نے فرمایا کہ یہ لوگ جو ہماری آیتون کو جھٹلاتے ہیں اور تکبر سے اونکو نہین مانتے یہ جنت میں داخل نہون گے جب تک اونٹ سوئی کے ناکہ میں نہ گھسے یہی قول حضرت ابن عباس کا ہے اونٹ عرب کے نزدیک سب حیوانون میں بڑا ہے اور سوی کا ناکہ بہت چھوٹا ہوتا ہے اسواسطے بطور مثال کے انکا ذکر کیا یہ تو ظاہر ہے کہ قیامت تک اونٹ سوئی کے ناکہ میں نہیں گھس سکتا تو اب اس مثال کا یہ مطلب ٹہرا کہ کافر مشرک بہشت مین داخل ہونیسے قطعی محروم ہیں حضرت ابن عباس نے لفظ جمل کو جسکے معنے اونٹ کے ہیں جیم کے پیش اور میم کے تشدید سے بھی پڑھا ہے جسکے معنے موٹا رسّا جیسے ناؤ کا یا لاؤ کا رسا موٹا ہوتا ہے سوئی کے ناکہ میں اوسکا گھسنا بھی محال ہے اس مثال کا بھی وہی مطلب ہے جو پہلی مثال کا ہے۔ پھر فرمایا مجرمونکی یہی سزا ہے کہ انکی آگ کی توشک اور آگ ہی کا انکا لحاف ہوگا ظالمون کو یہی بدلا ملیگا کیونکہ شرک بڑا ظلم ہے جس اللہ نے انسانکو انسانکی آسائش کے ہر طرح کے سامان کو پیدا کیا اوسکی تعظیم مین دوسرونکو شریک کرنا اس سے بڑھکر کوئی شے بے انصافی کی دنیا مین نہین ہوسکتی ہے آسمان کے دروازے نہ کھلنے کے باب مین حضرت عبداللہ بن عباس کے دو قول ہیں ایک یہ کہ نافرمان لوگون کے نیک عملون کے آسمان پر جانے کیلئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے دوسرا یہ کہ ایسے لوگون کے مرنے کے بعد انکی روح کو آسمان پر لیجانیکے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے لیکن ان دونون قولون میں کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ سورۃ الفرقان میں آوے گا کہ ایسے لوگون کے نیک عمل نافرمانی کے سبب سے اکارت ہوجاتے ہیں جزا کے قابل نہیں قرار پاتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایسے لوگونکے عمل نہ آسمان پر جانیکے قابل ہیں نہ اونکے واسطے آسمان کے دروازے کھولے جانے کی ضرورت ہے کسلئے کہ یہ سورہ ویل للمطففین آویگا کہ جو نیک عمل جزا کے قابل ہوتے ہیں انکا نامہ اعمال ساتوین آسمان پر علیین مقام مین رکھا جاتا ہے اور جو بد عمل سزا کے قابل ہیں انکا نامہ اعمال ساتوین زمین کے سجین مقام مین رکھا جاتا ہے اس صورت میں نافرمان لوگون کے نیک عمل جب اکارت ہوگئے اور بدعملون کا نامہ اعمال ساتوین زمین مین رہتا ہے تو حاصل معنی آیۃ کے یہی ہیں کہ جن لوگون

منزل ۲

کا آیہ مین ذکر ہے جیتے جی اُنکے عملونکے لئے اور مرنے کے بعد اونکی روحون کیلئے آسمان کے دروازے نہین کھولے جاتے۔ ان ہی معنے کو حافظ ابو جعفر ابن جریر نے ترجیح دی ہے۔ براء بن عازب کی صحیح حدیث جو اوپر گذری اوس سے بھی ان معنے کی تائید ہوتی ہے کیونکہ اُس حدیث میں بھی نیک و بد روحون کا آسمان کے دروازون کے کھولے جانے اور نہ کھولے جانے کا اور نیک عملون کے نامہ اعمال کا علیین میں اور بد عمل کے نامہ اعمال کا سجین میں رکھے جانے کا ذکر ساتھ کے ساتھ ہی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کے دروازون کا کھلنا نہ کھلنا روحون اور بد عملون سب کے لئے عام ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

اور جو یقین لائے اور کیں بھلائیان ہم بوجھ نہین رکھتے کسی پر مگر اُسکے مقدور کا وہ ہین جنت کے لوگ

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ

وہ اسمین رہ پڑے اور نکال لی جینے جو اُنکے دل مین تھی خفگی بہتی ہیں انکے نیچے نہریں اور

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَقَدْ

کہتے ہیں شکر اللہ کا جسنے ہمکو یہان راہ دی اور ہم نہ تھے راہ پانے والے اگر نہ راہ دیتا ہمکو اللہ بیشک

جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

لائے تھے رسول ہمارے رب کی تحقیق بات اور آواز ہوئی کہ یہ جنت ہے وارث ہوئے تم اُسکے بدلا اپنے کا سونکا

الثلثم

منزل ۲

اوپر قرآن کی آیتون کے جھٹلانے والون کا ذکر تھا ان آیتون مین قرآن پر ایمان لانے والون نیک عمل کرنے والونکا ذکر فرمایا اور یہ بھی جتلایا کہ ایمان لانا اور نیک عمل کرنا کچھ مشکل نہین ہے کیونکہ اللہ تعالی کسی نفس کو اُسکی طاقت سے باہر تکلیف نہیں دیتا پھر فرمایا جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہی جنت مین ہمیشہ رہین گے اُنکے دلون میں جو کچھ رنجش ہوگی وہ جنت مین جانے سے پہلے نکالدی جاویگی صاف دل ہوکر جنت میں جاوینگے قتادہ کا قول ہے کہ حضرت علی نے فرمایا کہ مجھکو امید ہے کہ اون لوگونمین سے اور عثمان اور طلحہ اور زبیر ہونگے حضرت علی اور حضرت عائشہ کی لڑائی جسکو جنگ جمل کہتے ہیں اس لڑائی میں طلحہ اور زبیر حضرت علی کے مخالف تھے اور حضرت عثمان کے قصاص کی بابت لڑائی تھی حضرت علی یہ فرماتے ہیں عقبی میں یہ کدورت ہم لوگون میں باقی نرہے گی بخاری میں ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ جب ایمان والے دوزخ سے نجات پاوین گے تو بہشت اور دوزخ کے درمیان میں ایک پل پر ٹھہرائے جاوینگے اور اون ظلمونکا بدلا جو دنیا مین اُنکے ذمہ تھے ہوگا اوس بدلے کے بعد جب اُنکے دل بغض سے پاک صاف ہوجاوینگے تو پھر اونکو بہشت میں جانیکا حکم ہوگا کیونکہ رنج و بغض سے عیش بے مزہ ہوجاتا ہے معتبر سند سے نسائی اور تفسیر ابن مردویہ میں حضرت ابو ہریرہ رض کی حدیث میں ہے کہ تمام بہشتی لوگ اپنی جگہ دوزخ مین دیکھکر بطور شکریہ کے کہین گے کہ اگر خدا تعالی ہمکو ہدایت نکرتا تو کاہیکو ہم ہدایت پاتے اور کل دوزخی اپنا مقام جنت کا دیکھکر حسرت سے کہین گے کاش اللہ تعالے ہم کو ہدایت کرتا

دوزخیون کے بہشتی مقام جنت والون کو پکاوین گے معتبر سند سے ابن ماجہ میں ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کے لیے ایک ٹھکانا جنت میں اور ایک دوزخ میں بنایا گیا ہے اب جو نافرمان لوگ اپنی بدنصیبی سے ہمیشہ کے لئے دوزخ میں جاوین گے اور انکے جنت میں کے ٹھکانے لاوارث رہجاوینگے اون لاوارث ٹھکانون کا وارث اہل جنت کو اللہ تعالی کردیگا اسی حدیث کی وراثت کا ذکر ان آیتون میں ہے صحیح مسلم میں ابو سعید و ابو ہریرہ کی حدیث ہے کہ جب بہشتی لوگ جنت میں داخل ہوچکیں گے تو ایک پکارنے والا پکار کرکے گا کہ اے جنتیو تمہارے واسطے یہ حکم ہے کہ تم جیتے رہو اور کبھی نہ مرو اور تندرست رہو کبھی بیمار نہ ہو جوان بنے رہو بوڑھے نہ ہو عیش کرو کبھی رنجیدہ نہ ہو یہ آواز سب جنتیون کے کان میں پہونچے گی ۔

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ

اور پکارا جنت والون نے آگ والونکو کہ ہم پاچکے جو ہمکو وعدہ دیا تھا ہمارے رب نے تحقیق سو تم نے بھی پایا جو تمہارے

رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝

رب نے وعدہ دیا تھا تحقیق بولے ہان پھر پکارا ایک پکارنے والا انکے بیچ میں کہ لعنت ہے اللہ کی بے انصافون پر

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ

جو روکتے ہین اللہ کی راہ سے اور ڈھونڈتے ہیں اوس مین کجی اور وہ آخرت سے منکر ہیں

منزل ۲ وقف لازم

جسوقت بہشتی بہشت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل ہوچکین گے اور اپنی اپنی جگہ ٹھہر جاوین گے تو جنتی لوگ دوزخیونکو حسرت دلانیکی غرض سے پکارین گے اور کہین گے کہ ہم نے تو اپنے رب کا وعدہ سچا پایا جو اس نے ہم سے اپنے رسولون کی معرفت کیا تھا تمنے بھی اپنے رب کا وعدہ سچا پایا کہ تم اپنے اعمال کی سزا کو پہونچے یا نہیں اوسوقت دوزخی سخت نادم و قائل ہوکر کہین گے کہ ہان ہمنے بھی اللہ کا وعدہ سچا پایا غرضکہ اس گفتگو کے بعد ایک پکارنے والا پکارے گا کہ لعنت خدا کی اون ظالمون پر جو خدا کی راہ سے لوگونکو روکتے اور سیدھے راستے پر لوگونکو چلنے نہیں دیتے اور اوس میں کجی چاہتے تھے اور آخرت کا انکار کرتے حساب و کتاب کا کچھ خوف نہیں کرتے تھے اسی واسطے گناہ کرنے پر دلیر تھے جسکو آخرت کا یقین ہوتا ہے وہی گناہ کرنے سے ڈرتا ہے جانتا ہے کہ ذرہ ذرہ کا حساب ہوگا جس طرح جنت والے دوزخیون سے دریافت کرینگے اسی طرح پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن اون کافرونسے دریافت فرمایا جو بدر کی لڑائی میں مارے گئے تھے چنانچہ بخاری ۔ ابن ابی شیبہ اور ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضہ سے یہ قصہ روایت کیا ہے کہ بدر کے روز بدر کے کنوین پر کہ جس میں کافرون کی نعشین پڑی ہوئی تھین پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر اس آیۃ شریف کو پڑھا ہل وجدتم ما وعد ربکم حقا جسکا مطلب یہ ہے کہ پایا تم نے وعدہ پروردگار اپنے کا سچا اوسوقت حضرت عمر نے تعجب سے عرض کیا کہ آپ ایسے لوگون سے جو کہ مرگئے ہیں کلام کرتے ہیں آپ نے جواب دیا کہ یہ تم سے بھی زیادہ سنتے ہین

اگر جواب نہین دیسکتے یہ روایۃ صحیح بخاری ومسلم مین انس بن مالک سے بھی آئی ہے اس سے مردونکا سننا ثابت ہوتا ہی مگر نہ ہمیشہ بلکہ جب خدا چاہے اُنکو سنوادے اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ مردون سے مرادین مانگی جاوین مرادون کا دینا خاص اللہ تعالی کا کام ہے اکثر اسی دہوکے مین آکر باوجود مسلمان ہونیکے قبر پرست بن گئے ہین خدا تعالی ایسے اعتقاد سے اپنی پناہ مین رکھے کیونکہ اگرچہ جس طرح اس حدیث میں مردون کے سننے کا ذکر ہے اسی طرح برابر بن عازب کی صحیح حدیث جو گذر چکی ہے اُسمین بھی یہ ذکر ہے کہ ابھی مردہ اون لوگون کی جوتیون کی کھس کھس کی آواز سنتا ہی ہوتا ہے جو لوگ اُس مردہ کو دفن کرکے اپنے گھرون کو اُلٹے پھرتے ہیں کہ منکر نکیر سوال وجواب کے لئے مردے کے پاس آجاتے ہیں لیکن اس خاص موقع پر مردون کے سننے سے یہ بات کسی طرح ثابت نہین ہوتی کہ یہ قبر پرست لوگ اللہ تعالی سے اپنی مرادون کا مانگنا چھوڑ کر بعضے مردون سے جو اپنی مرادین مانگتے ہیں تو اون مردون کو یہ قدرت بھی حاصل ہوگئی ہے کہ اون مراد مندون کی مراد کو سنکر انکی اس مراد کو پورا بھی کرسکتے ہیں۔ بدر کے دن جن مقتولون کا ذکر اوپر گذرا اسی ذکر کی مسند امام احمد اور صحیح مسلم میں انس بن مالک کی جو روایۃ ہے اُس میں یہ بھی ہے کہ یہ لوگ سنتے تو ہیں مگر اونکو جواب دینے کی قدرت نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ قبر پرست لوگ مردون میں جواب باصواب دینے کی قدرت کا اعتقاد دلمین رکھکر جو ان مردون سے اپنی مرادین مانگتے ہیں یہ اس صحیح حدیث کے بالکل خلاف ہے علاوہ اسکے یہ بھی ہے کہ جب بہت سی آیتون اور حدیثون سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ ہر طرح کی مراد کا پورا کرنا خاص اللہ تعالی کے اختیار مین ہے اور کسی کا اس میں کچھ دخل اور اختیار نہین ہے تو پھر کسی زندہ یا مردہ مین اس طرح کے اختیار کا اعتقاد رکھنا مشرکون کا شیوہ ہی مسلمانونکا یہ شیوہ ہرگز نہین منزل ۲

وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ج

دونون کے بیچ ہے ایک دیوار

مجاہد کا قول ہے کہ جنت اور دوزخ کے درمیان مین اعراف ایک دیوار ہے جسمین دروازہ ہے حضرت ابن عباس رضہ کا قول ہے کہ اعراف اونچی چیز کو کہتے ہیں دوزخ وجنت کے بیچ میں ایک دیوار ہے اوس جگہ گنہ گار لوگ روکے جاوین گے ضحاک کا بھی یہی قول ہے اور اکثر مفسرین اسی طرف گئے ہین۔

وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ ج

اور اُسکے سرے پر مرد ہیں کہ پہچانتے ہیں ہر ایک کو اُسکے نشان سے

یہ تو گذر چکا کہ جنت اور دوزخ کے بیچ میں ایک بلند دیوار پہاڑ کی طرح کی ہے اسکا نام اعراف ہے جن لوگون کی بدیان اور نیکیان برابر ہونگی اونکا فیصلہ سب سے پیچھے قیامت کے دن ہوگا کیونکہ نہ اونکی نیکیون کا پلہ ایسا بھاری ہوگا کہ فوراً اُنکو جنت کا حکم ہوجاوے نہ بدیان ایسی ہونگی کہ دوزخی ٹھہرجاوین اسلئے زیادہ نیکیون والے جنت مین اور زیادہ بدیون والے دوزخ مین جب تک حساب کتاب کے بعد جاوین گے اوسوقت تک ان لوگون کو اعراف دیوار پر

کٹرا کر دیا جاویگا یہ وہان سے جنتی اور دوزخی دونون گروہ کے لوگونکو جنت اور دوزخ مین جاتے ہوئے دیکھین گے
اور وہ باتین کرینگے جنکا ذکر آیۃ مین ہے مفسرین نے اہل اعراف کی تفسیر مین کئی قول لکھے ہین مگر صحیح قول یہی ہے جو
بیان کیا گیا ہے کیونکہ امام المفسرین عبداللہ بن عباس ۔عبداللہ بن مسعود ۔حذیفہ بن الیمان ان تین جلیل القدر صحابیون
نے بالاتفاق آیۃ کی یہی تفسیر کی ہے۔ یعرفون کلا بسیماہم ۔ سیما کے معنے علامت کے ہین ۔اہل جنت کے چہرون پر رونق
اور اہل دوزخ کے چہرون پر ازردگی اور سیاہی جو ہوگی حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق اسیکو علامت فرمایا
ہے ۔معتبر سندسے ترمذی اور صحیح ابن حبان مین ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن کے
نامہ اعمال دائین ہاتھ مین دئے جاوین گے اونکے چہرون پر ایک طرح کی رونق آجاویگی اور جنکے نامہ اعمال بائین ہاتھ مین
دئے جاوین گے اونکے چہرون پر ایک طرح کی سیاہی چھاجاویگی ۔اس حدیث سے حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کی بھی
تائید ہوتی ہے کہ وہ علامت چہرون کی رونق اور سیاہی ہوگی جس سے اہل اعراف جنتیون اور دوزخیون کو پہچان لینگے
کیونکہ دائین ہاتھ کے نامہ اعمال والے جنتی ہون گے اور بائین ہاتھ کے نامہ اعمال والے دوزخی چنانچہ اس کا ذکر
سورہ واقعہ مین تفصیل سے آوے گا۔

وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ ۝ وَإِذَا صُرِفَتْ

اور پکارا جنت والونکو کہ سلامتی ہے تمپر داخل نہیں ہوئے جنت مین اور وہ امیدوار ہین اور جب پھیرے انکی منزل ۲

أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُوا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

نگاہ دوزخ والون کی طرف بولے اے رب ہمارے نہ کر ہمکو گنہگار لوگون کے ساتھ

اعراف والے جنت والونکو پہچان کر سلام علیکم پکار کرینگے اور اُنکو جنت مین جانیکی خوشخبری دینگے مگر ابھی خود جنت
مین داخل نہ ہونگے ہان جنت مین داخل ہونیکے امیدوار ہونگے اور جب اعراف والونکی نگاہ دوزخیونکی طرف پھیری گئی تو
اونکو پہچانکر یہ دعا مانگین گے کہ اے پروردگار ہمکو اس قوم ظالم کے ساتھ نہ کیجیو اوپر گذر چکا ہے کہ اعراف والے بہشتیو
کو اونکے چہرون کی سپیدی سے اور دوزخیون کو اونکے چہرہ کی سیاہی سے پہچان لین گے ضحاک نے بھی یہ ہی کہا ہے
غرض اہل اعراف دوزخیونکو چہرہ کی سیاہی سے پہچان کر پروردگار سے پناہ مانگین گے کہ ہمکو ان ظالمونکے ساتھ نہ رکھیو
اور جنت والونکو سلام کرینگے مجاہد وضحاک و سدی وحسن وابن زیدیہ بھی کہتے ہیں کہ آخر کو اہل اعراف بھی جنت مین جاوینگے

وَنَادَىٰ أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ رِجَالًا يَعْرِفُونَهُمْ بِسِيمَاهُمْ قَالُوا مَا أَغْنَىٰ عَنْكُمْ

اور پکارا دیوار کے سرے والون نے ایک مردون کو کہ انکو پہچانتے ہین نشان سے بولے کیا کام آیا تمکو جمع

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ ۝ أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللَّهُ

کرنا اور جو تم تکبر کرتے تھے اب یہ وہی ہین کہ تم قسم کھاتے تھے نہ پہنچاویگا اونکو اللہ

بِرَحْمَةٍ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ ۝

کچھ مہر چلے جاؤ جنت میں نہ ڈر ہے تمپر اور نہ تم غم کھاؤ

اس آیۃ شریف میں اللہ تعالی فرماتا ہے کہ اعراف والے بڑے بڑے مشرک اور کافر ہونگے کہ جنکو پہچانتے ہونگے جہڑکی کے طور پر کہینگے کہ تمہارا وہ مال جو تم نے دنیا میں جمع کیا تھا یا تمہاری کثرت اور جمعیت اور تکبر آج تمہارے کچھ کام نہ آیا آخر عذاب میں گرفتار ہوئے پھر اونکو حسرت دلانیکی غرض سے غریب مسلمانون کی طرف اشارہ کرکے کہینگے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کے حق میں تم قسم کھا کر کہتے تھے کہ انپر خدا کی رحمت نہ ہوگی اور نہ یہ جنت میں جاوینگے لو اب یہی لوگ تمہارے سامنے جنت میں جاتے ہیں پھر اہل اعراف سے کہا جاویگا کہ تم بھی جنت میں داخل ہو تمکو کچھ خوف وغم نہیں ہے حضرت عبداللہ ابن عباس کہتے ہیں کہ خدا تعالی کافرون سے فرماویگا کہ تم جن غریبون کو دنیا میں جنت سے محروم بتاتے تھے لو اب یہی لوگ بہشت میں گئے انکو نہ کچھ خوف ہے نہ غم سورۃ الانعام میں مالدار مشرکین مکہ کا قول اهؤلاء من الله عليهم من بيننا گذر چکا ہے اور سورہ احقاف میں آویگا وقال الذين كفروا للذين امنوا لو كان خيرا ما سبقونا اليه غرض ان مالدار مشرکون کے سب قولون کا حاصل یہی ہے کہ وہ اپنے آپکو مالدار اور مسلمانونکو تنگدست دیکھکر یہ کہتے تھے کہ دنیا میں جس طرح ہم لوگ ان غریب مسلمانونکی بہ نسبت اچھی حالت میں ہیں اسی طرح اگر اسلام کوئی ایسی چیز ہوتی کہ جسمیں عقبے کی کچھ بہتری رکھی جاتی تو ان غریبون سے پہلے ہم ہی اسلام میں داخل ہوتے کیونکہ عزت کی چیز عزت دارونکو شایان ہے منزل ۲
ان مالدار مشرکونکی اسی طرح کی باتون کے جواب میں انسے قیامت کے دن کہا جاویگا کہ جن غریب مسلمانونکو تم لوگ کم عزت اور جنت کے شایان نہیں سمجھتے تھے آج وہی جنت کے قابل ٹھہرے ہیں صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے بڑے بڑے نافرمان مالدار لوگ قیامت کے دن جب دوزخ میں ڈالے جاوینگے تو دوزخ کے پہلے جھونکے کے ساتھ فرشتے انسے پوچھینگے کہ دنیا کے جس مالداری نے تمکو عقبی سے غافل رکھا دوزخ کے عذاب کے آگے تم کو دنیا کی وہ مالداری کچھ یاد ہے تو وہ لوگ قسم کھا کر کہیں گے کہ اس عذاب کے آگے ہم کو دنیا کی وہ مالداری ذرا بھی یاد نہیں اسیطرح اہل جنت کو جنت کی نعمتونکے آگے دنیا کی تنگدستی کچھ یاد نہ آویگی یہ حدیث ان آیتونکی گویا تفسیر ہے

وَنَادَىٰ أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ

اور پکارا آگ والون نے جنت والون کو کہ بہاؤ ہمپر تھوڑا پانی یا جو روزی دی تمکو اللہ نے

اللَّهُ ۚ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَهْوًا وَلَعِبًا وَغَرَّتْهُمُ

بولے اللہ نے یہ دونون بند کئے ہیں منکرونسے جنھون نے ٹھہرایا اپنا دین تماشا اور کھیل بہکے دنیا کی

الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ كَمَا نَسُوا لِقَاءَ يَوْمِهِمْ هَٰذَا وَمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ

زندگی پر سو آج ہم انکو بھلا دینگے جیسے وہ بھولے اپنا ملنا اس دن کا اور جیسے تھے ہماری آیتونسے جھگڑتے

دوزخ والے جنت والونسے بھیک کی طرح پر گڑگڑا کر تھوڑے سے پانی اور کھانیکا سوال کرین مگر اونکو کچھ نہ دیا جاویگا
بلکہ جنتی صاف جواب دینگے کہ جنت کے یہ دونون چیزین خدا تعالی نے تمہارے اوپر حرام کردی ہین اسلئے تمکو کوئی چیز
نہین ملسکتی تفسیر ابن ابی حاتم مین ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عباس سے کسی نے دریافت کیا کہ بہتر صدقہ کون سا ہے
حضرت عبداللہ بن عباس نے جواب دیا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بہتر صدقہ پانی ہے کیا پھر تمکو معلوم نہین
کہ دوزخی لوگ بہشتیون سے فریاد کرکے کہین گے کہ تھوڑا پانی اور تمکو جو اللہ نے رزق دیا ہے اُس مین سے بھی کچھ ہمکو
دو حضرت عبداللہ ابن عباس سے روایتہ ہے کہ اس آیۃ مین طعام و شراب سے جنت کا کھانا پینا مقصود ہے حضرت
عبداللہ ابن عباس رض نے یہ بھی فرمایا کہ یہ مانگنے والے پانی اور کھانے کے وہ لوگ ہونگے جنکو دنیا مین ایمان کی طرف
بلایا جاتا تھا تو وہ ہنستے اور ٹھٹھا کرتے تھے یا جنکو شیطان نے اُنکے بُرے عمل اونکو اچھے دکھلائے تھے حضرت عبداللہ
بن عباس رض نے اس سائل کے جواب مین مبہم طور پر ایک حدیث کا حوالہ جو دیا ہے یہ حدیث سعد بن عبادہ کے قصے کی
حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ سعد بن عبادہ رض کی مان کا انتقال ہوگیا تھا اونہون نے اپنی مان کے نام پر کچھ خیرات کے
دینے کا مسئلہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عام طور پر مردون کے نام پر خیرات دینے
کا حکم دیا سعد رض عبادہ نے پھر پوچھا کہ حضرت افضل خیرات کیا ہے آپنے فرمایا لوگون کے پانی پینے کا کوئی ذریعہ قائم کردیا
جائے۔ سعد بن عبادہ نے اسکے بعد ایک کنوان کھودوادیا یہ حدیث خود سعد بن عبادہ کی روایتہ سے ابوداؤد و نسائی منزل ۲
ابن ماجہ صحیح ابن خزیمہ صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم مین ہے اگرچہ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے لیکن اسکی سند مین
اعتراض ہے کہ اسکو سعید بن مسیب اور حسن بصری نے سعد بن عبادہ سے روایتہ کیا ہے مگر سعید بن مسیب اور حسن بصری
دونون کو سعد بن عبادہ سے ملاقات اور روایتہ کا موقع نہین ملا ہان اوسط طبرانی مین یہ حدیث انس بن مالک کی
روایتہ سے بھی ہے جسکی سند اچھی ہے اس لئے ایک سند کو دوسری سند سے تقویت ہوجاتی ہے۔ معتبر سند سے
صحیح ابن حبان مین حضرت ابوبکر صدیق کی روایتہ ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن پانسو
برس کے فاصلہ تک جنت کے میوون کی خوشبو آویگی مگر جن لوگون کو جنت مین داخل کرنا اللہ تعالی کو منظور نہین ہے
اُنکی ناک مین خوشبو نہین آویگی۔ اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگونکا
جنت مین داخل ہونا اللہ تعالی کو منظور نہین ہے اُنکو جنت کے کھانے پانی کا میسر آنا تو درکنار بلکہ ایسے لوگون کی ناک مین بھی
جنت کے میوون کی خوشبو نہین آسکتی۔ صحیح مسلم مین ابوہریرہ رض کی حدیث ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالی ان منکر قیامت لوگونکو دنیا کی اپنی طرح طرح کی نعمتین یاد دلاویگا اور جب یہ لوگ
اُن نعمتونکا اقرار کرین گے تو اللہ تعالی اُنسے فرماویگا کہ ان نعمتون کی شکرگذاری مین تم لوگون آج کے دن کی سرخروئی
کے لئے کبھی کچھ میری یاد بھی کی تھی وہ لوگ کہوین گے کہ نہین اسپر اللہ تعالی فرماویگا جس طرح دنیا مین تم لوگون نے

مجھکو بھولا دیا اسیطرح آج مین بھی بھولے بسرون کی طرح تم لوگون کو اپنی نظر رحمت سے دور ڈالدیتا ہون قرآن اور
عقبے کے جن منکر لوگون کا آیۃ مین ذکر ہے قیامت کے دن اون لوگون کا جو کچھ انجام ہوگا اُسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هَلْ

اور پہنچا دی ہے انکو کتاب جو کھولکر بیان کی ہے خبرداری سے راہ بتلاتے اور مہربانی ایمان والے لوگونکو کیا راہ

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ

دیکھتے ہیں مگر یہی کہ وہ ٹھیک پڑے جسدن وہ ٹھیک پڑے گی کہنے لگین گے جو بھول رہے تھے پہلے سچ بات لائے تھے ہمارے

رَبِّنَا بِالْحَقِّ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا

رب کے رسول اب کوئی ہیں سفارش والے تو ہماری سفارش کرین یا ہمکو پھر جانا ہو تو ہم کام کرین سوا اُسکے جو کرتے تھے

نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

تحقیق ہاری اپنی جان جو جھوٹ بناتے تھے

اوپر منکر قرآن لوگونکا ذکر فرماکر اس آیۃ مین اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے کہ مفصل اور مشرح کتاب اونکے پاس بھیجدی تاکہ
اُن مشرک اور کافرونکو کوئی عذر کرنیکا موقع نرہے اور ایمان والون کے لئے یہ کتاب سراسر ہدایت اور رحمت ہو جا
منزل ۲ اس کتاب مین جو وعدہ عذاب کا ہے کیا منکر اوسکے آنیکی راہ دیکھ رہے ہین یہ قول مجاہد وغیرہ کا ہے حضرت عبداللہ
ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یوم تاویل سے قیامت کا دن مراد ہے اُس روز کافر چاہین گے کہ کوئی ہماری سفارش کرے
یا دنیا مین پھر جانا ہمکو نصیب ہو تو اچھے کام کرین غرضکہ اُس دن اپنا نقصان اُنکو معلوم ہوگا اور سب جھوٹ
اُنکا جو دنیا مین بناتے تھے بیکار ہو جاویگا فصلناہ کی جگہ بعضے سلف نے فضلنا پڑھا ہے جسکا مطلب یہ ہوا
کہ سب آسمانی کتابو پر اس کتاب کو بزرگی ہے حضرت عبداللہ بن عباس اور اُنکے شاگرد مجاہد کے قول مین کچھ
اختلاف نہین ہے کیونکہ دنیا مین جن قومون پر عذاب آیا اُنکے حق مین وہ عذاب کا دن اور باقی کے حق مین قیامت
کا دن دونو عذاب کے ظہور کے وقت ہین صحیح بخاری کے حوالہ سے مغیرہؓ بن شعبہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا صاحب عذر شخص کا عذر سننا اللہ تعالی کو بہت پسند ہے اسواسطے اُس نے آسمانی کتابین نازل
فرمائین رسول بھیجے تاکہ کسی کو انجانی کا عذر باقی نرہے صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث
بھی گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف کی مثال مینہہ کے پانی کی اور اچھے برے لوگونکی
مثال اچھے بری زمین کی فرمائی ہے اسیطرح ترمذی وغیرہ کے حوالہ سے ابوبکرہ کی صحیح حدیث گذر چکی ہے جسمین
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیک شخص وہ ہے جسنے بڑی عمر پائی اور نیک کامون مین لگا رہا اور بد وہ شخص ہے
جس نے بڑی عمر پائی اور برے کامون مین لگا رہا ان حدیثون کو ان آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہے جس تفسیر کا

حاصل یہ ہے کہ اچھے لوگونکو قرآن کی نصیحتون سے ایسا ہی فائدہ ہے جیسا اچھی زمین کو مینہہ کے پانی سے فائدہ پہونچتا ہے اور بُرے لوگ قرآن شریف کی نصیحت سے ایسے ہی بے بہرہ ہیں جسطرح بری زمین مینہہ کے پانی سے بے بہرہ رہتی ہے لیکن قرآن شریف میں ہر طرح کی نصیحت ایسی کردی گئی ہے کہ اسقدر نصیحت اور اوسی نصیحت کے موافق عمل کرنے کی عمر پانے کے بعد کسی کو انجانی کے عذر کا موقع نہیں ملسکتا اسلیئے دنیا یا عقبے کے عذاب کے وقت یہ نافرمان لوگ اپنی نافرمانی پر بہت پچتاوینگے اور عذاب الٰہی سے بچانے والا کوئی سفارشی ڈھونڈینگے مگر سزا کے وقت کا مجرم کا پچتانا نہ کچھ سودمند ہوسکتا ہے نہ بغاوت کے جرم کا کوئی سفارشی پیدا ہوسکتا ہے جسکے سبب سے نتیجہ یہی ہوگا کہ دنیا یا عقبے کے عذاب کے وقت یہ لوگ اپنی مکرائی کی باتین توسب بھول جاوینگے اور ان باتونکے سبب سے بہت بڑا وبال انکی جانون پر پڑجاویگا۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

تمہارا رب اللہ ہے جسنے بنائے آسمان اور زمین چھہ دن مین پھر بیٹھا تخت پر اور اٹھاتا ہے

صحیح مسلم مسند امام احمد بن حنبل اور نسائی میں اس آیۃ کے مخالف جو ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت نے ابو ہریرہ کا ہاتھہ پکڑا اور فرمایا کہ زمین اللہ تعالی نے ہفتہ کے روز پیدا کی اور اتوار کے روز پہاڑ پیدا کیئے اور منگل کے روز جو چیزین دنیا میں ناگوار معلوم ہوتی ہیں مثلاً موذی جانور اور زہریلی چیزین پیدا کین اور نور بدہ کے دن پیدا کیا اور پھر جمعرات کے دن اور جمعہ کے روز حضرت آدم پیدا کیئے گئے اس حدیث میں امام بخاری اور آئمہ حدیث نے یہ کلام کیا ہے کہ آیۃ کے مخالف سات روز جملہ چیزون کی پیدائش کی اس حدیث کے موافق ٹھہرتے ہیں حالانکہ آیۃ کے موافق چھہ روز مین سب کچھہ پیدا ہوا ہے اور بحث کے بعد یہ بات قرار پائی ہے کہ یہ حدیث مرفوع نہین ہے کعب بن احبار کا موقوف قول ہے بیہقی تفسیر ابن منذر ابن جریر ابن ابی حاتم مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابن مسعودؓ اور اور صحابہ سے پیدائش عالم کی روایتین ہیں اونکا حاصل یہ ہے کہ سب سے پہلے پانی پیدا ہوکر عرش الٰہی پانی پر تھا جب اللہ تعالی کو زمین و آسمان اور مخلوقات کا پیدا کرنا منظور ہوا تو چھہ روز میں اتوار سے لیکر جمعہ تک سب کچھہ پیدا کیا زیادہ تفصیل اسکی سورہ حم سجدہ مین آویگی بعضے مفسرون نے یہ جو اعتراض کیا ہے کہ آیۃ ثم استوے الی السماء دہی دخان سے زمین کا پہلے اور آسمان کا پیچھے پیدا ہونا معلوم ہوتا ہے اور آیۃ والارض بعد ذلک دحاہا سے آسمان کا پیدا ہونا پہلے اور زمین کا بعد معلوم ہوتا ہے اسکا جواب وہی ہے جو کتاب التفسیر بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس سے منقول ہے کہ زمین کو اللہ تعالی نے آسمان سے پہلے تو پیدا کیا ہے لیکن آسمان کے بعد اوسکو بچھایا ہے پہلے پانی کو جما کر ایک ٹیلہ پیدا کیا تھا اسلیئے جن آیتون مین آسمان سے پہلے زمین کا ذکر ہے وہ زمین کے ٹیلہ کی پیدائش ہے اور جن آیتون مین آسمان کے بعد زمین کا ذکر ہے وہان اس ٹیلہ کا پھیلانا مقصود ہے اور حضرت عبداللہ بن عباس کی اس جواب پر تفسیر جامع البیان وغیرہ میں یہ اعتراض جو کیا ہے کہ اکثر مفسرین کی قرارداد حضرت عبداللہ بن عباس کے اس قول کے مخالف ہے کیونکہ اکثر مفسرین کے نزدیک یہ امر صحیح قرار پایا ہے کہ

منزل ۲

پہلے دو روز مین زمین پیدا ہوئی اور دو روز مین اُسکا پھیلاؤ ہوا اور اُسمین دریا پہاڑ پیداوار کی قوت یہ سب کچھ پیدا کیا جاکر پھر دو روز مین آسمان پیدا ہوا ہی اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ مفسرین کی اس قرارداد کی بنا بھی حضرت عبداللہ بن عباس کے دوسرے قول پر ہے جسکو عبدالرزاق نے اپنی تفسیر مین عکرمہ سے روایۃ کیا ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ زمین اتوار اور پیر کے روز پیدا کی گئی اور منگل اور بدھ کے روز اُسکا پھیلاؤ اور پہاڑ اور دریا اور اُسمین پیداوار کی قوت یہ سب کچھ ہوا اور جمعرات اور جمعہ کو آسمان پیدا ہوا لیکن اس روایۃ مین ایک شخص ابی سعید بقال ضعیف ہے اسلئے یہ ضعیف روایۃ بخاری کی روایۃ کے مقابلہ مین مقبول نہین ہوسکتی اور سورہ رعد مین آسمان کی پیدائش کے ذکر کے بعد وہوالذی مدالارض جو فرمایا ہے اُس سے بھی اس بخاری کی روایۃ کی بڑی تائید ہوتی ہے کیونکہ اس آیۃ مین صاف ارشاد ہے کہ زمین کا پھیلاؤ آسمان کی پیدائش کے بعد غرض متقدمین اور متاخرین مفسرین مین ایک بڑا اختلاف ایک عرصہ دراز سے اس باب مین تھا وہ اس تفسیر کے بعد کچھ باقی نہین رہتا دن سورج کے نکلنے سے غروب ہونے تک کو کہتے ہین اب یہ تو ظاہر ہے کہ آسمان کے پیدا ہونے سے پہلے نہ سورج تھا نہ اُسکی گردش تھی۔ اہل ہیئت اگرچہ اب بھی سورج کی ذاتی گردش کے قائل نہین ہین بلکہ وہ سورج کی گردش کو آسمان کی گردش کے تابع کہتے ہین لیکن سورۂ یٰسین مین آویگا کہ ہر ایک ستارہ کو گردش ہے پس کلام یہ ہے کہ آسمان کے پیدا ہونے سے پہلے نہ سورج تھا نہ اُسکی گردش اس لئے حاصل مطلب یہ ہے کہ آسمان سورج اور سورج کی گردش کے پیدا ہوجانے کے بعد چھ دن کی مقدار جس قدر ہوتی ہے اُسقدر مدت مین اللہ تعالی نے تمام دنیا کو پیدا کیا ہے۔ اگرچہ اللہ تعالی کی قدرت ایسی بڑی ہے کہ ایک دم مین وہ جو چاہے سو کردے لیکن سہولت سے چھ دن مین دنیا کو پیدا کرکے بندونکو یہ سکھایا گیا ہے کہ وہ کسی کام مین جلدی نکرین بلکہ ہر کام سہولیت سے غور کرکے کیا کرین صحیح مسلم مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایۃ ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کو ہر کام مین سہولت بہت پسند ہے اسی طرح معتبر سند سے مسند ابو یعلی مین انس بن مالک سے روایۃ ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سہولت سے ہر کام کرنا اللہ تعالی کی جانب سے ہے اور ہر کام مین جلدی کرنا شیطان کے بہکانے سے۔ سہولت سے چھ دن مین دنیا کی پیدا ہونے کی یہ حدیثین گویا تفسیر ہین۔ اگرچہ مجاہد کے قول کے موافق یہ چھ دن ایسے ہین کہ جنمین ہر ایک دن ہزار برس کا ہے لیکن جن مفسرین کا قول دنیا کے معمولی چھ دن کا ہے وہ مناسب معلوم ہوتا ہے کیونکہ آیۃ مین خطاب اہل دنیا سے ہے سورہ آل عمران مین گذر چکا ہے کہ صفات الٰہی کی آیتین متشابہ آیتون مین ہین اور صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے حضرت عائشہ کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متشابہ آیتون کی تاویل سے منع فرمایا ہے اسواسطے استوی علی العرش کے معنے یہی ہین کہ جس طرح سے عرش پر ہونا اللہ تعالی کی شان کے مناسب ہے اوسی طرح بلامشابہت دنیا کے بادشاہون کے اللہ تعالی جل شانہ عرش پر ہے جسکی تفصیلی کیفیت اللہ کو ہی معلوم ہے۔

منزل ۲

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ ط

رات پر دن اسکے پیچے لگا آتا ہے دوڑتا اور سورج اور چاند اور تارے کام لگے اُسکے حکم پر

أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ط تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ ۝

سُن لو اُسی کا کام ہے بنانا اور حکم فرمانا بڑی برکت اللہ کی جو صاحب سارے جہانکا

بعد ذکر پیدائش آسمان وزمین کے اس آیۃ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ رات دن کو اور دن رات کو چھپا لیتا ہے ہر ایک دوسرے کی طلب میں سرگرم اور تیز رو ہے جہان ایک دن یا رات گئی دوسرا اُسی وقت بہت جلدی سے موجود ہو گیا سورج اور چاند اور تارے سب اللہ کے حکم کے تابع ہیں اسواسطے فرمایا کہ اُسی کا پیدا کیا ہوا سب ملک اور اُسی کا حکم اور تصرف ہر جگہ ہے سوائے اُسکے نہ کوئی مالک ہے نہ اختیار والا وہ بڑی برکت والا ہے اس آیۃ میں اُن لوگوں کے قول کو ضعیف ٹھہرایا گیا ہے جو چاند سورج اور تارون کی گردش میں مستقل تاثیرات کے قائل ہیں کیونکہ سوائے خدا کے اس جہان کا نہ کوئی پیدا کرنے والا ہے نہ تدبیر کرنے والا اُسکے سوا کسی کا حکم نہیں ہے وہ جو چاہے کرے اور حکم دے کسی کی مجال نہیں کہ کچھ دم مار سکے غرض ہر چیز میں ادنیٰ کے نام کی برکت ہے جب اُسکا نام نامی ایسی برکت والا ہے تو آگے کی آیۃ میں فرمایا کہ اُسکی درگاہ میں ہر طرح کی التجا پیش کرنی چاہیئے صحیح بخاری میں خالد جہنی سے اور صحیح مسلم میں ابو ہریرہ سے جو روایتیں ہیں اُن میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مینہ برسنے کے بعد جن لوگونکا یہ اعتقاد ہے کہ ستارون کی مستقل تاثیر سے مینہ برسا ہے وہ اللہ کی قدرت کے منکر اور اللہ کی رحمت کے ناشکر گذار ہیں یہ حدیثیں آیۃ کے اس ٹکڑے کی گویا تفسیر ہیں آیۃ اور حدیثونکو ملا کر مطلب یہ ہوا کہ جو لوگ زحل مشتری ۔ مریخ ۔ آفتاب ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔ چاند ان سات ستارون کا دخل دنیا کے انتظام میں مانتے ہیں وہ مشرک ہیں اور جو لوگ اللہ کی قدرت کا دل میں تو اعتقاد رکھتے ہیں مگر اپنے تجربہ کے پابند ہو کر زبانی ستارون کو بھی مینہ برسنے کا سبب قرار دیتے ہیں وہ اللہ کی خالص رحمت کے ناشکر گذار ہیں رات دن کے آگے پیچھے آنے میں اللہ کی ایک یہ قدرت بھی نظر آتی ہے کہ کبھی رات بڑی ہو جاتی ہے اور کبھی دن بڑا ہو جاتا ہے کبھی رات دن برابر ہو جاتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سورج کا طلوع غروب سورج کے اختیار میں نہیں ہے ورنہ وہ ایک وتیرہ پر رہتا پھر ایسے متغیر و بے اختیار چیز کو دنیا کے انتظام میں کیا دخل ہو سکتا ہے ۔ یہی حال باقی کے چھ ستارون کا ہے کہ اُنکا طلوع و غروب تجربہ کی رو سے کچھ چاہتا ہے اور اللہ کی قدرت سے دنیا کا انتظام کچھ اور ہی نظر آتا ہے مثلاً لوگون کے تجربہ کے موافق مینہ برسنے کے ستارے اپنی جگہ پر موجود ہوتے ہیں اور دنیا میں قحط پڑ جاتا ہے نجومی جھوٹے پڑ جاتے ہیں ۔ خلق کے معنے یہاں مخلوقات کے ہیں اور امر کے معنے اون انتظامی احکام کے ہیں جو دنیا کی مخلوقات کے حق میں رات دن بارگاہ الٰہی سے صادر ہوتے رہتے ہیں یہ وہی احکام ہیں جو دنیا کے پیدا ہونے سے پچاس ہزار برس پہلے علم الٰہی کے موافق لوح محفوظ میں لکھے گئے ہیں چنانچہ اس باب میں

منزل ۲

صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی ہے۔ ان احکام میں سے ہر شب قدر کو سال بھر کے احکام فرشتوں کو تعمیل کرنے کے لئے دئے جاتے ہیں جسکا ذکر تفصیل سے سورہ دخان میں آویگا۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ

پکارو اپنے رب کو گڑگڑاتے اور چپکے اُسکو خوش نہیں آتے حد سے بڑھنے والے اور مت خرابی مچاؤ زمین میں اسکے سنوارے

اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۚ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

پیچھے اور پکارو اسکو ڈر اور توقع سے بیشک مہر اللہ کی نزدیک ہے نیکی والونسے

اس آیہ میں اللہ تعالیٰ نے دعا مانگنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ گڑگڑا کر چپکے سے دعا مانگو تاکہ ریا نہ ہو۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ خفیہ کے معنے پوشیدہ کے ہیں ابن جریر نے تضرع کے معنے گڑگڑانے کے بیان کئے ہیں۔ دعا کے اندر چلانے اور چیخنے سے منع کیا گیا ہے صحیح بخاری اور مسلم میں حدیث ہے کہ ابو موسیٰ اشعری نے کہا جبکہ لوگوں نے دعا میں آواز بلند کی تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکارتے ہو جو چلاتے ہو بلکہ جسکو پکارتے ہو وہ سنتا بھی ہے اور قریب ہے پھر کیوں نہیں چپکے سے دعا مانگتے حضرت عبداللہ ابن عباس نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ دعا میں حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا دعا میں حد سے بڑھنا یہ کہ پیغمبروں کے درجہ کا سوال کرے اور بڑی بات منہ سے نہ نکالے جہانتک ہو سکے دعا جامع و مختصر ہو جیسے ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ قرآن میں ہے معتبر سند سے مسند امام احمد ابن ماجہ و ابو داؤد میں روایت ہے کہ عبداللہ بن مغفل نے اپنے بیٹے کو یہ دعا مانگتے سنا کہ ای اللہ میں تجھ سے جنت کے داہنے طرف سفید محل مانگتا ہوں عبداللہ نے یہ دعا سنکر اپنے بیٹے سے کہا کہ اے بیٹے طلب کر خدا سے بہشت اور دوزخ سے پناہ چاہ کیونکہ میں نے پیغمبر صلعم سے سنا فرماتے تھے کہ لوگ دعا میں حد سے بڑھ جاوینگے پھر خدا تعالیٰ نے اصلاح کے بعد زمین میں فساد کرنے سے منع فرمایا مطلب یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے کتابوں اور رسولوں کو بھیجکر زمین کو سنوار دیا تو اب اُس زمین کا بگاڑنا کفر اور شرک کی زمین اُسمیں پھیلانی اور قتل و زنا وغیرہ کا پھیلانا قطعی حرام ہے زمین کے اصلاح اور فساد سے مطلب زمین پر رہنے والوں کی اصلاح و فساد ہے۔ اس آیہ میں یہ بھی خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ پکارو اوس کو ڈر سے اور لالچ سے دعا کرو مطلب یہ ہے کہ دعا کرنیکے وقت جس دعا کرنے والے میں حالت خوف اور امید کی ہوگی وہ اپنے مطلب میں کامیاب ہوگا عذاب سے ڈر کر اور ثواب کا امیدوار ہو کر دعا مانگنی چاہیئے پھر فرمایا جو اس طریقہ اور آداب سے خلوص کے ساتھ خدا سے دعا مانگتے ہیں وہ نیکوکار ہیں اور اللہ کی رحمت اُن نیکوکاروں کے قریب ہے اللہ تعالیٰ کو بندہ کی عاجزی بہت پسند اور بندہ کا تکبر ناپسند ہے۔ عبادت اور دعا دونوں میں بندہ کی عاجزی پائی جاتی ہے اسی واسطے شریعت میں عبادت اور دعا دونوں کی تاکید آئی ہے۔ دعا کی قبولیت کی بڑی شرط یہ ہے کہ آدمی کا کھانا کپڑا حلال کمائی کا ہو چنانچہ مسند امام احمد صحیح مسلم اور ترمذی کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث گذر چکی ہے

منزل ۲

جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہت سے لوگ گڑگڑا گڑگڑا کر دعا مانگتے ہیں لیکن اونکا کھانا کپڑا حلال کی کمائی کا نہیں ہوتا اسلئے اونکی دعا کا قبول ہونا تو درکنار اونکی عبادت بھی قبول نہیں ہوتی دعا کے قبول ہونیکی باقی شرطین سورہ بقر مین گذر چکی ہیں اور معتبر سند سے مسند امام احمد مستدرک حاکم مسند ابو یعلی وغیرہ مین جو روایتین چند صحابہ سے ہیں اونکا حاصل بھی گذر چکا ہے کہ شرائط کے موافق جو دعا کیجاوے یا تو فوراً وہ قبول ہوجاتی ہے اور اگر مصلحت الٰہی میں وہ دعا اوس شخص کے حق میں فائدہ مند نہیں ہے تو کوئی برائی اُس شخص سے ٹل جاتی ہے اور آخرت مین اُس شخص کے لئے ایک اجر اُس دعا کا مقرر ہوجاتا ہے ۔

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنَاهُ

اور وہی ہے کہ چلاتا ہے بادین خوشخبری لاتین آگے اُسکے مہر سے یہانتک کہ جب اُٹھا لاتین بدلیان بھاری بھاری اونکو

لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ الْمَاءَ فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۚ كَذَٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ

ہمنے اُسکو مردے کی طرف پھر اُسنے اُتارا پانی پھر اُس سے نکالے سب طرح کے پھل اسی طرح نکالین گے مردونکو

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَالَّذِي

شاید تم دھیان کرو اور جو موضع ستھرا ہے اُسکا سبزہ نکلتا ہے اُسکے رب کے حکم سے اور جو

خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا ۚ كَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَشْكُرُونَ ۝

خراب ہے اُسمین نکلے سو ناقص یون پھیر پھیر بتلاتے ہیں ہم آیتین حق ماننے والے لوگونکو

منزل ۲ ع ۱۴

اللہ تعالی نے اس آیت شریف میں اپنی قدرت کو بیان فرمایا کہ جس طرح ہم دنیا مین تمہاری آنکھون کے سامنے ہوائیں چلاتے ہین اور پھر مینہہ برساتے ہیں اور اُس سے ہر قسم کا سبزہ نکالتے ہیں اسی طرح ہم قیامت کے دن مردون کو قبرون سے نکالین گے اسواسطے فرمایا شاید تم سوچو دھیان کرو مینہہ کی مثال سے ایک یہ مطلب بھی نکل سکتا ہے کہ جاہل لوگون مین آسمانی کتاب اور رسولونکی معرفت علم و ہدایت بھیجی جسکے سبب سے اچھے استعداد والے ہر ایک طرح کے کمال کو پہنچ گئے جیسے عمدہ زمین میں اچھی پیداوار ہوتی ہے اور بری استعداد والے لوگ مثل بری زمین کے ہین کہ جو کچھ اُس مین سے نکلے وہ ناقص ہوتا ہے مجاہد وغیرہ نے کہا کہ بری زمین جیسے مثلاً کوڑا ڈالنے کی زمین صحیح بخاری اور مسلم و نسائی میں ابو موسے اشعری سے روایت ہے کہ پیغمبر صلعم نے فرمایا مثال اُس علم و ہدایت کی جو خدا نے مجھکو دیکر بھیجا ہے مانند مینہہ کے ہے پھر جو زمین اچھی تھی اُس نے اُس پانی کو لیکر بہت اچھا سبزہ اوگایا اور جو زمین نشیب مین تھی اوس نے اوس پانی کو روک رکھا جسکے سبب سے اللہ تعالی نے لوگونکو پانی پینے کا فائدہ پہونچایا کہ اُنھون نے اُس پانی کو خود بھی پیا اور لوگون کو بھی پلایا اور ایک قطعہ زمین کا چٹیل تھا کہ جس نے نہ پانی کو روکا اور نہ کچھ سبزہ اوگایا سو پہلی مثال اور دوسری مثال اُس شخص کی ہے جس نے اُس علم و ہدایت سے جو خدا نے مجھے دیکر بھیجا آپ بھی فائدہ اوٹھایا اور لوگونکو بھی نفع پہونچایا اور

دوسری مثال اُس شخص کی کہ جسنے پیمبری لائی ہوئی ہدایت کو قبول نہ کیا اور نہ اُس سے خود فائدہ اوٹھایا اور نہ اور کو نفع دیا مانند اُس زمین کے ہے کہ جس نے نہ خود پانی لیکر سبزہ اوگایا اور نہ اوس پانی کو روکا وجمع کیا تاکہ اور لوگ اُسکو پیتے پلاتے یہ حدیث مختصر طور پر کئی جگہ گذر چکی ہے حاصل کلام یہ ہے کہ اس حدیث میں تین قسم کی زمین کا ذکر فرمایا اور مینہہ کا ایک ہی پانی تینوں قسم کی زمین پر برستا ہے مگر اثر ہر ایک زمین کا الگ ہے۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے جو اس آیہ میں مثال شہر پاکیزہ اور ناپاک کی فرمائی ہے یہ واسطے مومن اور کافر کے بیان فرمائی ہے اور ایسا ہی مجاہد کا قول ہے بہرحال اللہ تعالی نے اپنی یہ آیتیں پھیر پھیر کر کے واسطے اُس قوم کے جو اُسکا شکر کرتے ہیں بیان فرمائیں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ رضؓ کی حدیث گذر چکی ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلے صور سے جب تمام دنیا اُجڑ جاویگی تو پھر دوسرے صور سے پہلے ایک مینہہ برسے گا جس سے سب مردون کے جسم طیار ہوجاوینگے اور پھر اُنمین روحیں پھونکدی جاوین گی اور حشر قائم ہوجاویگا۔ قرآن شریف میں جگہ جگہ مینہہ کے پانی سے زمین کے پیداوار کے ساتھ حشر کا ذکر جو آیا ہے اُسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔ صحیح بخاری مسلم ابوداؤد نسائی وغیرہ میں حضرت عائشہ اور انس بن مالک سے جو روایتیں ہیں اُنکا حاصل یہ ہے کہ گہرے ابر اور تیز ہوا کو دیکھکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہوجایا کرتا تھا اور آپ نہایت خوف زدہ ہوکر فرمایا کرتے تھے کہ پچھلی قومین اسی گہرے ابر اور تیز ہوا کے عذاب سے ہلاک ہوگئی ہیں اسواسطے گہرے ابر اور تیز ہوا کو دیکھکر میرے دل پر ایک طرح کا خوف چھاجاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اب بھی امت کے لوگونکو گہرے ابر اور تیز ہوا کے وقت اس حالت کی پابندی مستحب ہے۔ اگرچہ حکما کا قول تو یہ ہے کہ دنیا کے دریاؤن کے ابخرات اوپر چڑھتے ہین اور ہوا کی ٹھنڈک سے جو ابخرات زیادہ کثیف ہوجاتے ہیں اونکا نام بادل ہے اور جو کم کثیف ہونے کے سبب سے زمین پر آن پڑتے ہیں اُنکا نام مینہہ ہے لیکن شرع میں جو مینہہ کا ذکر آیا ہے اُس سے یہ قول ضعیف معلوم ہوتا ہے کیونکہ مثلاً حضرت نوح کے طوفان کا قصہ جو سورۃ القمر میں آویگا اُس میں اللہ تعالی نے فرمایا ففتحنا ابواب السماء بماء منہمر جسکا مطلب یہ ہے کہ طوفان کے وقت اس کثرت سے مینہہ برسانا اللہ تعالی کو منظور تھا کہ زمین پر کثرت سے پانی آنے کیلئے اُسوقت آسمان کے دروازے کھول دئے گئے تھے تاکہ آسمان پر کے دریاؤن کا بے انتہا پانی زمین پر آجاوے۔ اب اس سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ مینہہ کے برسنے مین دنیا کے دریاؤن کے ابخرات کا کچھ دخل نہین ہے بلکہ مینہہ کا پانی آسمان سے آتا ہے معمولی مینہہ کے وقت معمولی طور پر آسمان کے دریاؤن کا پانی ہوا کے ذریعہ سے بارشون میں آتا ہے اور طوفان کے وقت غیر معمولی طور پر زیادہ پانی زمین پر آنے کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئے گئے تھے مسند امام احمد صحیح مسلم ابوداؤد مین انس بن مالک کی حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ مینہہ کا پانی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بدن پر برکت کے طور پر ملا اور فرمایا یہ پانی ابھی اللہ تعالی کے پاس سے آیا ہے اس حدیث سے بھی حکما کے قول کا ضعیف ہونا پایا جاتا ہے کیونکہ زمین کے ابخرات سے اگر مینہہ کا پانی بن جاتا تو اللہ کے رسول اوسکو اتنا متبرک کیون بتاتے اور یہ کیون فرماتے کہ یہ پانی ابھی اللہ تعالی

منزل ۲

کے پاس سے آیا ہے۔ صحیح بخاری و مسلم میں انس بن مالک رض کی معراج بڑی حدیث ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سدرۃ المنتہے کے پاس جو دریا ہے اُس میں سے جنت کی نہرین نکلی ہیں نیل اور فرات بھی اُس میں سے نکلی ہیں اس حدیث سے آسمان پر دریا کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ

ہم نے بھیجا نوح کو اُسکی قوم کی طرف تو بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب اسکے سوائے میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ

ڈرتا ہوں تمپر ایک بڑے دن کے عذاب سے بولے سردار اُسکی قوم کے ہم دیکھتے ہیں تجکو صریح

مُّبِيْنٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ

بہکا ہے بولا اے قوم میں کچھ بہکا نہیں ہوں لیکن میں بھیجا ہوا ہوں جہان کے صاحب کا پہنچاتا ہوں تم کو

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ

پیغام اپنے رب کے اور نصیحت کرتا ہوں اور جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے کیا تمکو تعجب ہوا کہ آئی تم کو

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ

نصیحت تمہارے رب کیطرف سے ایک مرد کے ہاتھ تمہارے بیچمیں ہو کہ تمکو ڈر سناوے اور تم بچو اور شاید تمپر رحم ہو پھر اُسکو جھٹلا

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ۝

پھر ہمنے بچالیا اُسکو اور جو اُسکے ساتھ تھے کشتی میں اور غرق کیے اُنہین جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتیں وہ لوگ تھے اندھے

حضرت نوح سے لیکر حضرت شعیب تک چند صاحب شریعت انبیا کے قصے ان رکوعون میں آنحضرت کی تسکین اور تشفی کے ارادہ سے اللہ تعالی نے بیان فرمائے ہیں تاکہ آپکو یہ اطمینان ہو جاوے کہ سرکش قومون پر انبیا کے جھٹلانے کا ہمیشہ سے جس طرح وبال پڑا ہے اگر اہل مکہ ایمان نہ لاوین گے تو یہی انجام انکا ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ اہل مکہ میں اکثر سرکش لوگ بدر کی لڑائی میں مارے گئے اور آپنے اُنکی لاشون پر ایک ایک کا نام لیکر فرمایا کہ خدا کے وعدے کو تم نے دیکھ لیا اور بقیہ اہل مکہ فتح مکہ پر اسلام لے آئے اگر قضا و قدر میں اُنکا ایمان لانا نہ ٹھہرا ہوتا تو پچھلی امتونکی طرح ضرور سب اہل مکہ ہلاک ہو جاتے سو اس تشفی کے ان قصون میں آنحضرت کی نبوت کی بھی دلیل ہے کیونکہ ان پڑھ شخص بغیر تائید غیبی کے اس طرح سینکڑون برس کا تاریخی حال ممکن نہیں کہ بیان کر سکے پھر تاریخی حال بھی ایسا کہ اُس تاریخی حال سے آئندہ کا نتیجہ بھی جو بیان کیا گیا وہی واقع ہوا بھلا یہ غیب دانی بغیر تعلیم غیب دان حقیقی کے کس طرح حاصل ہو سکتی ہے حضرت نوح کے قصہ میں امام بخاری نے وہ شفاعت کی حدیث ذکر کی ہے جس میں لوگونکا سب انبیا کے پاس شفاعت کے لئے جانے اور ہر ایک سے شفاعت کی درخواست کا تذکرہ ہے حضرت نوح کے اوصاف میں یہ تذکرہ جو آیا ہے

کہ تم زمین پر پہلے نبی ہوا اسپر بعضے علمانے یہ اعتراض کیا ہے کہ پہلے نبی حضرت آدم تھے پھر حضرت نوح کو پہلا نبی کس حدیث میں کس مطلب سے کہا گیا ہے جواب اس اعتراض کا یہ ہے کہ بت پرستی اور شرک پہلے پہل حضرت نوح کی امت مین پھیلا ہے حضرت نوح اور حضرت آدم کے فیما بین دس عہد جو گذرے ہیں وہ مسلمان لوگ تھے اُنپر جتنے نبی آئے کچھ عبادت کے طریقہ اور نصیحت سکھاتے تھے توحید کی تعلیم اور شرک کا مٹانا حضرت نوح کی نبوت سے شروع ہوا ہی واسطے اُنکو بلانبی اللہ تعالیٰ نے آیۃ شرع لکم ما وصی بہ نوحا میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں قرار دیا ہے حضرت نوح حضرت ادریس کے پرپوتے ہین حضرت نوح کی پیدائش اور حضرت آدم کی وفات میں ایک سو چھبیس برس کا فاصلہ ہے طوفان کے بعد تین سو برس حضرت نوح زندہ رہے۔

وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ قَالَ

اور عاد کی طرف بھیجا اُنکے بھائی ہود کو بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب اُسکے سوائے کیا تمکو ڈر نہیں ہے

الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ قَالَ

سردار جو منکر تھے اُسکی قوم میں ہنستے دیکھتے ہیں تجکو عقل نہیں اور ہماری اُنکل مین تو جھوٹا ہے بولا

يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ

اے قوم میں کچھ بے عقل نہیں لیکن مین بھیجا ہوا ہون جہان کے صاحب کا پہنچاتا ہون تمکو پیغام اپنے رب کے اور مین تمہارا

منزل ۲

نَاصِحٌ أَمِينٌ ۝ أَوَعَجِبْتُمْ أَنْ جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۚ وَاذْكُرُوا

خیرخواہ ہون معتبر کیا تمکو تعجب ہوا کہ آئی تم کو نصیحت تمہارے رب کی ایک مرد کے ہاتھ تمہارے بیچ مین سے کہ تمکو ڈر سناوے

إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً ۖ فَاذْكُرُوا

کہ تمکو سردار کردیا پیچھے قوم نوح کے اور زیادہ دیا تمکو بدن میں پھیلاؤ سو یاد کرو

آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ

احسان اللہ کے شاید تمہارا بھلا ہو بولے کیا تو اسواسطے آیا ہم پاس کہ بندگی کرین نری اللہ کی اور چھوڑ دین جنکو پوجتے تھے

آبَاؤُنَا ۖ فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ

ہمارے باپ دادے تو لے آ جو وعدے دیتا ہے ہمکو اگر تو سچا ہے کہا تمپر پڑچکی ہے تمہارے رب کے

رِجْسٌ وَغَضَبٌ ۖ أَتُجَادِلُونَنِي فِي أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا نَزَّلَ اللَّهُ

ہان سے بلا اور غصہ کیون جھگڑتے ہو مجھسے کئی نامو پر کہ رکھ لئے ہین تمنے اور تمہارے باپ دادون نے نہیں اتاری اللہ

بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ

اُنکی کچھ سند سو راہ دیکھو مین بھی تمہارے ساتھ راہ دیکھتا ہون پھر ہمنے بچادیا اُسکو اور جو اُسکے ساتھ تھے

برحمۃ منا وقطعنا دابر الذین کذبوا بایتنا وما کانوا مؤمنین ۰ ع ۹ ۱۰

اپنی مہر سے اور پہاڑی کاٹی انکی جو جھٹلاتے ہماری آیتیں اور نہ تھے ماننے والے

حضرت ہود حضرت نوح کے خاندان مین سے ہین حضرت ہود کی امۃ قوم عاد کا ملک حضرموت تک عمان وغیرہ تھا اور شداد اب ملک تھا قوم عاد کے لوگ بڑے قوی ساٹھ ساٹھ گز کے قد تک کے تھے عذاب کی آندہی آٹھ روز تک جو اپر چلی پہلے اُس آندہی سے کھیتی کرنے والے لوگ اور اُنکے جانور ٹڈیان کھا کھا کر گرے اور ہلاک ہوئے پھر شہرون کے لوگ اسی طرح ہلاک ہوئے قوم عاد نے بہت عمارتین سنگین بنائی اور پہاڑون پر یادگار کے لئے بہت سے مینار بنائے آندہی کے عذاب سے پہلے اُنمین قحط کا عذاب پھیلا تین برس تک سخت قحط رہا چند آدمی اُنمین سے مکہ قحط کے رفع کی دعا مانگنے گئے مکہ میں ان دنون عمالقہ لوگ جو حضرت نوح کے پوتے عملیق کی اولاد میں ہیں وہ رہتے تھے ابھی یہ دعا مانگنے والے لوگ مکہ میں ہی تھے کہ یہان آندہی کا عذاب اُنکر سب قوم ختم ہوگئی عذاب کے بعد حضرت ہود یمن کی طرف چلے گئے پھر حضرموت میں اُنکر وفات پائی وہین اُنکا مدفن ہے۔ معتبر سند سے تفسیر ابن ابی حاتم میں عبداللہ ابن عمر اور طبرانی بن عبداللہ بن عباس سے روایتین ہیں کہ اُس روز ہوا ایک انگوٹھی کے سوراخ کے برابر عادت سے زیادہ کھولی گئی تھی۔

والی ثمود اخاھم صلحا قال یقوم اعبدوا اللہ مالکم من الہ غیرہ قد جاءتکم بینۃ ربع ۲ منزل ۲

اور ثمود کی طرف بھیجا اُنکے بھائی صالح کو بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا صاحب اُسکے سوا تمکو پہنچ چکی ہے دلیل

من ربکم ھذہ ناقۃ اللہ لکم ایۃ فذروھا تاکل فی ارض اللہ ولا تمسوھا بسوء

تمہارے رب کی طرف سے یہ اونٹنی اللہ کی ہے تمکو نشانی سو اُسکو چھوڑ دو۔ کھاوے اللہ کی زمین مین اور اُسکو ہاتھ نہ لگاؤ

فیاخذکم عذاب الیم ۰ واذکروا اذ جعلکم خلفاء من بعد عاد وبوأکم فی الارض

بُری طرح پھر تمکو پکڑے گی دکھہ کی مار اور یہ یاد کرو جب تم کو سردار کیا عاد کے پیچھے اور ٹھکانا دیا زمین مین

تتخذون من سھولھا قصورا وتنحتون الجبال بیوتا فاذکروا الاء اللہ ولا تعثوا

بناتے ہو نرم زمین میں محل اور تراشتے ہو پہاڑون کے گھر سو یاد کرو احسان اللہ کے اور مت پھرو

فی الارض مفسدین ۰ قال الملا الذین استکبروا من قومہ للذین استضعفوا

پھر زمین مین فساد کہنے لگے سردار جو بڑائی رکھتے تھے اُسکی قوم مین سے غریب لوگون کو جو

لمن امن منھم اتعلمون ان صالحا مرسل من ربہ قالوا انا بما ارسل بہ

اُن مین یقین رکھتے تھے یہ تمکو معلوم ہے کہ صالح بھیجا ہوا ہے اپنے رب کا بولے ہمکو جو اُسکے ہاتھ بھیجا

مؤمنون ۰ قال الذین استکبروا انا بالذی امنتم بہ کفرون ۰ فعقروا

یقین ہے کہنے لگے بڑائی والے جو تم نے یقین کیا سو ہم نہیں مانتے پھر کاٹ ڈالی

النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ

اونٹنی اور پھرے اپنے رب کے حکم سے اور بولے اے صالح لے آ ہم پر جو وعدہ دیتا ہے اگر تو بھیجا ہوا ہے

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ

پھر پکڑا انکو زلزلے نے پھر صبحکو رہ گئے اپنے گھر میں اوندھے پڑے پھر اوٹھا پھرا اونسے اور بولا اے قوم میں پہنچا چکا

اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝

ہوں تم کو پیغام اپنے رب کا اور بھلا چاہا تمہارا لیکن تم نہیں چاہتے بھلا چاہنے والونکو

حضرت صالح بھی حضرت نوح کے خاندان میں سے ہیں قوم عاد کی ہلاکت کے بعد اُسی سرزمین میں قوم صالح کے لوگ جنکو ثمود کہتے ہیں بسے بڑی بڑی عمر کے لوگ اس قوم میں ہوئے اینٹ مٹی کے مکان اونکی عمر بھر میں کافی نہوئے تو انھوں نے پہاڑون کو تراش کر گھر بنائے نو عمری سے حضرت صالح انمین نبی ہوئے نصیحت کرتے کرتے بڈھے ہو گئے مگر انمین سے چند ہی شخص ایمان لائے سال بھر میں ایک روز انکی عید کا ہوتا تھا اوس روز انھون نے حضرت صالح سے کہا کہ تم ہمارے ایک معجزے کی اپنے اللہ سے دعا کرو اور ہم تمہون سے اُسی معجزے کی خواہش کرتے ہیں اگر تمہارے خدا نے ہمارا معجزہ پورا کر دیا تو ہم تم کو سچا نبی جانکر تم پر ایمان لے آوینگے حضرت صالح نے اونسے کہا تم کیا معجزہ چاہتے ہو جندع بن عمرو ایک شخص ثمود میں سردار تھا اسنے پہاڑ مین سے حاملہ اونٹنی کے پیدا ہونے کا معجزہ چاہا حضرت صالح نے دو رکعت نماز پڑھکر پھر اللہ تعالیٰ سے اونٹنی کے پیدا ہونیکی دعا مانگی فوراً پتھر سے اونٹنی پیدا ہوئی اور پھر اُس نے بچہ دیا یہ معجزہ دیکھکر جندع اور چند شخص ایمان لائے ثمود کے ملک میں پانی کی کشش تھی اسواسطے حضرت صالح نے یہ بات ٹھہرا دی تھی کہ ایک روز وہ اونٹنی پانی پیا کرے اور ایک روز لوگون کے جانور پانی پیا کرین یہ معجزہ کی اونٹنی تھی اور اسی کے سبب سے آخر ثمود کے سب جانور اور آدمی ہلاک ہونے والے تھے اسواسطے جس طرح انسان اور جنات کے سوا سب جانورون کو قبر کا عذاب معلوم ہو جاتا ہے اُسی طرح اور جانور اس اونٹنی سے ڈر کر بھاگتے تھے جاڑے میں اگر اونٹنی دھوپ میں جاتی تو سب جانور سایہ میں آکر سردی کھاتے اور گرمی کے موسم میں اگر یہ اونٹنی چھاؤن میں جاتی تو بستی کے جانور دھوپ میں جتے جس کنوئین سے یہ اونٹنی پانی پیتی تھی اُس کا نام اونٹنی والا کنواں ثمود نے رکھدیا تھا یہ اونٹنی ایک دن بیچ پانی پینے جاتی تھی تو سب پانی کنوین کا پی لیتی تھی اُسوقت گردن اونچی کرتی تھی اسی طرح پھر دودھ بھی اتنا دیتی تھی کہ ثمود کے تمام گھرون کے برتن بھر جاتے تھے لیکن جانورون کے بدکنے اور پانی کے زیادہ پینے سے ثمود اُس اونٹنی کو بُری نظرون سے دیکھنے لگے خصوصاً وہ لوگ جنکے پاس جانور زیادہ تھے وہ تو اُس اونٹنی کے جان کے دشمن ہو گئے آخر نو آدمیون کے گروہ نے ایکا کر کے ایک روز اُس اونٹنی کو ہلاک کر ڈالا قدار بن سالف ایک شخص ثمود میں بڑا شریر تھا پہلا تیر اُس نے اونٹنی کے مارا صحیحین میں عبداللہ بن زمعہ کی جو حدیث ہے کہ آنحضرت نے ایک روز خطبہ میں

منزل ۲

اونٹنی کی ہلاکت کا ذکر کیا اور فرمایا کہ ایک شخص شریر نے اوس اونٹنی کو ہلاک کیا وہ یہی شخص قدار بن سالف ہے
اس اونٹنی کی ہلاکت کے بعد حضرت صالح نے ثمود سے فرمادیا کہ اب تین روز میں تم پر عذاب آویگا شہر کے لوگ عذر
کرنے لگے کہ ان نو آدمیوں نے اونٹنی کو ہلاک کیا ہے ہم بے قصور ہیں آپنے فرمایا دیکھو اسکے بچے کو ڈھونڈو اگر وہ بچہ
تمکو ملجاویگا تو شاید عذاب ٹل جاویگا وہ بچہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا اور پتھر میں غائب ہوگیا آخر ایک چنگھاڑ کی آواز
آسمان سے آئی اور کلیجہ پھٹ کر سب ہلاک ہوگئے ایک شخص ابو رغال حرم میں ہونے کے سبب سے کچھ دنوں بچ گیا جب
حرم سے نکلا تو وہ بھی ہلاک ہوگیا جسکی قبر طائف میں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو اسکی قبر بتلائی ہے یہ
حجر مقام جہاں ثمود رہتے تھے تبوک کے راستہ میں ہے حضرت عبداللہ بن عمر سے صحیحین میں ہے کہ تبوک کی لڑائی کو
جاتے وقت جب آنحضرت اور صحابہ کا گذر اس مقام پر ہوا تو آپنے صحابہ سے فرمایا کہ ان ظالم لوگوں کے گھر جو کچھ باقی ہیں
انمیں تم لوگ ہرگز نہ گھسنا کہیں تم پر اسی طرح عذاب الٰہی نہ آجاوے جس طرح اوپر آگیا اور سوا اس کنوئیں کے جس میں سے
وہ اونٹنی پانی پیتی تھی اور کنوئیں کے پانی پینے سے بھی آپ نے منع کردیا اور کچھ لوگوں نے اون کنوں کے پانی سے آٹا گوندھ
لیا تھا اس آٹے کو آپ نے آدمیوں کو نہیں کھانے دیا اونٹوں کو کھلوادیا غرض جب تک صحابہ وہاں رہے آپنے فرمایا ان مقامات
کو دیکھکر خوف کرو اور روتے رہو اور آپ نے خوب منہ ڈھانک کر چادر اوڑھلی اور تیز قدم اس مقام سے گذر گئے اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ اب بھی جس بستی میں قحط وبا یا کسی اور عام مرض کا عذاب ہو وہاں ضرورت سے آدمی جاوے تو اللہ سے
ڈرتا رہے اور بلا ضرورت وہاں کی کھانے پینے کی چیز وں کا استعمال نکرے اور جلدی وہاں سے چلا آوے منزل ۲

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْعَالَمِينَ ۝ إِنَّكُمْ
اور لوط کو بھیجا جب کہا اسنے اپنی قوم کو بیحیائی تم سے پہلے نہیں کی یہ کسی نے جہان میں تم تو

لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُونَ ۝ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ
دوڑتے ہو مردوں پر شہوت کے لئے عورتیں چھوڑ کر بلکہ تم لوگ حد پر نہیں رہتے اور کچھ جواب نہ دیا اسکی قوم نے

إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ مِنْ قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ
مگر یہی کہا نکالو انکو اپنے شہر سے یہ لوگ ہیں ستھرائی چاہتے پھر بچا دیا ہمنے اسکو اور اسکے گھر والوں کو

ع ۱۰ ۱۲ ۱۷ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ ۝
مگر اوسکی عورت رہ گئی رہنے والوں میں اور برسایا اوپر برساؤ پھر دیکھ آخر کیسا ہوا حال گنہگاروں کا

حضرت لوط کی امت جن بستیوں میں رہتی تھی وہ بڑی شاداب اور سرسبز بستیاں تھیں غیر بستیوں کے لوگ
شادابی کے سبب سے قوم لوط کی بستیوں میں اکثر آجایا کرتے تھے جسکی وجہ سے قوم لوط کو طرح طرح کی تکلیف ہوتی تھی
شیطان نے قوم لوط کو بہکایا کہ غیر بستیوں کے لوگ جو آوین انکے ساتھ جتنے نوعمر لڑکے ہوں اون لڑکوں سے

بدفعلی کیجاوے تو غیر لوگ تمہاری بستیون مین ہرگز نہ آوین گے شیطان کے بہکانے سے اور خوب صورت لڑکا بنکر انکو
اغلام سکھانے سے اونھون نے ویسا ہی کیا اور پھر انمین وہ عادت جم گئی حضرت لوط نے ہر چند سمجھایا مگر انھون
نہ مانا آخر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اوس قدر ٹکڑا زمین کا اوکھیڑ کر اللہ کے حکم سے اولٹ دیا اور اون لوگون پر
پتھرونکا مینہہ برسا جن پتھرون مین آگ کے شعلے بھی تھے اور سب لوگ ہلاک ہوگئے۔

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ
اور مدین کو بھیجا اُنکے بھائی شعیب کو بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہین تمہارا صاحب اسکے سوا پہنچ چکی تمکو دلیل
مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَیْلَ وَالْمِیْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی
تمہارے رب کی طرف سے سو پوری کرو ماپ اور تول اور مت گھٹا دو لوگونکی چیزین اور مت خرابی ڈالو
الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ
زمین مین اُسکے سنوارے پیچھے یہ بھلا ہے تمہارا اگر تم کو یقین ہے اور مت بیٹھو ہر راہ پر
تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ كُنْتُمْ
دھمکاتے دیتے اور روکتے اللہ کی راہ سے جو کوئی یقین لاوے اسپر اور ڈھونڈتے اس مین عیب اور وہ یاد کرو
قَلِیْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا
جب تھے تم تھوڑے سے پھر تمکو بہت کیا اور دیکھو آخر کیسا ہوا حال بگاڑنیوالونکا اور اگر تم مین ایک فرقے نے مانا ہی جو میرے
بِالَّذِیْۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ یُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰی یَحْكُمَ اللّٰهُ بَیْنَنَا ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ
ہاتھ بھیجا ایک فرقے نے نہین مانا تو صبر کرو جب تک اللہ فیصلہ کرے ہمارے بیچ اور وہ سب سے بہتر ہے فیصلہ کرنیوالا
قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ یٰشُعَیْبُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ
بولے سردار جو بڑائی رکھتے تھے اسکی قوم کے ہم نکالدینگے اے شعیب تجکو اور جو یقین لائے ہین تیرے ساتھ
مِنْ قَرْیَتِنَاۤ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِیْنَ ۝ قَدِ افْتَرَیْنَا عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا
اپنے شہر سے یا تم پھرآو ہمارے دین میں بولا کیا ہم بیزار ہون تو بھی ہمنے جھوٹ باندھا اللہ پر اگر
اِنْ عُدْنَا فِیْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا یَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّعُوْدَ فِیْهَاۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ
پھرآوین تمہارے دین مین جب اللہ ہمکو خلاص کرچکا اس سے اور ہمارا کام نہین کہ پھرآوین اسمین مگر کبھی اللہ چاہے
رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ
رب ہمارا ہمارے رب کی سمائی ہے سب چیز کی خبر اللہ پر ہمنے بھروسا کیا اے رب فیصلہ کر ہمارے اور ہماری قوم کے بیچ انصاف کا اور

منزل ۲

خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَخَاسِرُونَ ۝

فیصل کرنے والا اور بولے سردار جو منکر تھے اسکی قوم کے اگر چلے تم شعیب کی راہ تو بیشک تم خراب ہوئے

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا

پھر پکڑا انکو زلزلے نے پھر صبحکو رہگئے اپنے گھروں میں اوندھے پڑے جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو جیسے کبھی نہ رہے تھے

فِيهَا الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَانُوا هُمُ الْخَاسِرِينَ ۝ فَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ

جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو وہی ہوئے خراب پھر اٹھا پھر آنسے اور بولا ای قوم پہنچا چکا تمکو

رِسَالَاتِ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ فَكَيْفَ آسَىٰ عَلَىٰ قَوْمٍ كَافِرِينَ ۝

پیغام اپنے رب کے اور بھلا چاہا تمہارا اب کیا غم کھاؤں نہ ماننے لوگوں پر

حضرت شعیب علیہ السلام کی امت مین مفسرون کا اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ حضرت شعیب کی دو امتین ہیں اور سوا حضرت شعیب کے اور کوئی نبی دو امتونکی ہدایت کے لئے نہیں بھیجا گیا ایک امت انکی یہ قبیلہ ہے جسکا نام مدین ہے اور حضرت شعیب بھی اسی قبیلہ میں کے ہیں اسی واسطے اللہ تعالی نے حضرت شعیب کو اس قبیلہ کا بھائی فرمایا ہے اور دوسری امت بن کے رہنے والے لوگ ہیں جنکو سورہ شعرا مین اصحاب الایکہ فرمایا ہے اور بعضے مفسر کنوین والے لوگون کو بھی جنکو سورہ فرقان اور سورہ قاف میں اصحاب الرس فرمایا ہے انکی ہی امت مین شمار کرکے یون کہتے ہیں کہ حضرت شعیب تین امتونکی ہدایت کیلئے بھیجے گئے ہیں لیکن حافظ عماد الدین ابن کثیر نے ان سب روایتون کو ضعیف قرار دیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ کنوین والے جنکو اصحاب رس فرمایا ہے وہ تو جدا ایک امت ہے جنکا ذکر سورہ فرقان مین آویگا ہان اصحاب مدین اور اصحاب الایکہ ایک ہی امت کے لوگ ہیں جنمین مکر تولنے اور مکر ناپنے کا رواج تھا اور اسی ایک امت کی ہدایت کیلئے حضرت شعیب بھیجے گئے ہیں یہ لوگ پیڑون کی بھی پوجا کیا کرتے تھے اسواسطے اونکو اصحاب الایکہ یعنے پیڑون والے کہکر جو سورہ شعرا میں پتہ دیا ہے وہان حضرت شعیب کو انکا بھائی اس لئے نہیں فرمایا کہ کہین یہ وہم نہ پڑجاوے کہ حضرت شعیب بھی پیڑون کی پوجا مین شریک تھے اکثر مفسرونکا قول یہی ہے کہ حضرت شعیب بڑی عمر پائی ہے حضرت موسے کے وقت تک زندہ تھے اور ایک شخص قبطی کو مار کر مصر سے مدین کو جب حضرت موسے گئے تو اونکی ملاقات حضرت شعیب سے ہوئی اور وہ دو بہنین جنکا قصہ سورہ قصص مین آویگا ان ہی حضرت شعیب کی بیٹیان تھین جنمین سے ایک کا نکاح حضرت موسے سے ہوا حضرت شعیب نابینا تھے اور بڑے فصیح تھے اسواسطے اونکو خطیب الانبیا کہتے ہیں قرآن شریف مین حضرت شعیب کی امت کے عذاب کا تین جگہ ذکر ہے ایک یہان سورہ اعراف مین زلزلہ کا ذکر ہے ایک سورہ ہود میں چنگھاڑ آسمانی کا ذکر ہے اور ایک سورہ شعرا مین عذاب کے بادل کا ذکر ہے جنمین سے آگ برسی تھی یہ تینون عذاب ایک ساتھ اس طرح آئے کہ وہ لوگ اپنے گھرون مین تھے تو زلزلہ آیا

منزل ۲

جب گھر وںسے باہر نکلے تو سخت گرمی معلوم ہوئی اور بادل کی صورت کا ایک ٹکڑا سایہ کا نظر آیا پہلے ایک شخص اُنمین سے اُس سایہ میں گیا اور اُسنے سایہ کی ٹھنڈک کی تعریف کی اُسکی تعریف سنکر سب لوگ اُس چھاؤن میں چلے گئے اتنے مین آسمان سے ایک سخت چیز کی آواز آئی اور پھر اُسی بادل سے آگ برسی جس سے سب لوگ ایک دم میں ہلاک ہوگئے یہہ تین قسم کا ایک ہی امت کا عذاب ہے بعضے مفسرون نے ہر ایک قسم کے عذاب کو ایک جدی امت کا عذاب خیال کرکے یہ کہا ہے کہ حضرت شعیب کئی امتون کی ہدایت کیلئے بھیجے گئے تھے حقیقت میں یہ ایک ہی امت کا عذاب تین ٹکڑون کا ہے اور اس امت کے ہر ایک ٹکڑے کے ساتھ عذاب کے ایک ٹکڑے کا اللہ تعالی نے ذکر فرمایا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ۝

اور نہین بھیجا ہمنے کسی بستی میں کوئی نبی کہ نہ پکڑا اُسکے لوگون کو سختی اور تکلیف مین شاید وہ گڑگڑاوین

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ

پھر بدلدی ہمنے برائی کی جگہ بھلائی جب تک کہ وہ بڑھ گئے اور کہنے لگے بیشک لگی ہے ہمارے باپ دادونکو یہی تکلیف

وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

اور خوشی پھر پکڑا ہمنے اُنکو ناگہان اور خبر نہ رکھتے تھے

منزل ۲

اس ذکر سے یہ مطلب ہے کہ کفار قریش پچھلی امتونکی بربادی کا حال سنکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھٹلانے سے اور کفر سے باز آوین اور خدا سے ڈرین اسلئے فرمایا کہ پچھلی امتون میں اللہ تعالی نے رسول جو بھیجے تو ایسی حالت مین کہ وہ طرح طرح کی بیماریون مین مبتلا تھے اور نہایت ہی افلاس میں تھے پیسہ پیسہ کو محتاج تھے یہ اونکی عادت تھی کہ دیکھین وہ اس حالت میں بھی گڑگڑاتے ہیں اور خدا کی طرف رجوع ہوتے ہیں یا نہیں مگر وہ اس حالت مین بھی اپنے اُسی کفر اور گمراہی مین پڑے رہے آخر اللہ تعالی نے اُنکو بیمارے تندرست بنادیا اور مالی و اولاد سے مالامال کردیا کہ شاید اس حال مین وہ اللہ کا شکر بجالاوین مگر وہ گمراہ ازلی تھے یہ کہنے لگے کہ تکلیف کی گھڑی ہمیشہ نہین رہتی ہے یہ بھی گردش زمانہ ہے ایک وقت مین رنج دوسرے وقت مین خوشی یہ طریقہ قدیم سے یون ہی چلا آرہا ہے کوئی نئی بات نہیں ہے ہمارے بڑون پر بھی ایسے ہی دن گذر چکے ہیں اور خدا کی آزمائش نہیں سمجھے اور اُسکے حکم کو نہ مانا رسولون کو جھٹلاتے رہے بخلاف مومنون کے کہ وہ مصیبت کے وقت صبر کرتے ہیں اور خدا کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اُسکی آزمائش کو سمجھتے ہیں اور خوشحالی کے وقت خدا کا شکر ادا کرتے ہیں چنانچہ صحیح مسلم میں صہیب رومی کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کو ہر وقت کیا خوشی اور کیا رنج مین ہمیشہ بہتری ہے کیونکہ جب اُسکو کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو صبر کرتا ہے اور اُس کے حق مین بہتر ہوتا ہے اور خوشی ہوتی ہے تو خدا کا شکر کرتا ہے اور یہ بھی اُسکے حق میں بہتر ہے پھر اللہ پاک نے اونمین کفار کا حال بیان کیا کہ وہ نہ تو تکلیف مین خدا کو یاد کرتے تھے نہ خوشی کی حالت میں اس لئے اللہ تعالی نے اونہین

پکڑلیا اور اُس حال مین پکڑا کہ وہ اپنی حالت سے بالکل غافل تھے مجاہد کے قول کے موافق حتی عفوا کی تفسیر ہے کہ جب اُن لوگونکی تنگدستی جاکر اُنمین مال کی کثرت ہوگئی تو اُنھون نے یہ کہا کہ بڑون سے یہی تنگی فراخی چلی آتی ہے کوئی چیز جب بڑھ جاتی ہے تو عرب مین کہتے ہین قد عفی ذلک الشئی اِس محاورہ کے موافق حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگرد مجاہد نے یہ تفسیر آیۃ کی قرار دی ہے ترجمہ حسین یہ جو لکھا ہے کہ جب تک بڑھ گئی اسکا - طالب بہی مجاہد کے قول کے موافق ہے کہ جب اُن لوگون کی تنگدستی جاکر اون مین مال و متاع کی کثرت ہوگئی تو اونھون نے یہ کہا کہ ہمارے بڑون سے یہی تنگی فراخی چلی آتی ہے یہ بات کچھ نئی نہیں ہے اوپر صہیب کی حدیث جو گذری اوسکو ان آیتون کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جو لوگ عقبی کے سزا جزا کے منکر یا عقبے کی سزا جزا سے غافل ہیں وہ تنگی فراخی ہر حال میں اللہ تعالی کو بھولے رہتے ہین اور جو لوگ ایماندار ہونے کے سبب سے عقبی کی سزا جزا کے معتقد ہیں وہ تنگی میں صبر کے اور فراخی مین شکر کے احکام الہی کو کبھی نہیں بھولتے جسکا اجر بارگاہ الٰہی سے اونکو ضرور ملنے والا ہے -

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا

اور کہی بستیون والے یقین لاتے اور بچ چلتے تو ہم کہولدیتے اوپر خوبیان آسمان اور زمین سے لیکن جھٹلانے لگے تو پکڑا ہم نے

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ

بدلا اُنکی کمائی کا اب کیا نڈر ہیں بستیون والے کہ آپہنچے اُنپر آفت ہماری راتی رات جب سوتے ہون یا نڈر ہین بستیون والے

بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ

آفت ہماری دن چڑھے جب کھیلتے ہون کیا نڈر ہوئے اللہ کے داؤ سے سو نڈر نہیں اللہ کے داؤ سے مگر جو لوگ خراب ہونے

ان آیتون مین اللہ پاک اون لوگون کے حال سے خبر دیتا ہے جنکے پاس اوس نے اپنے رسول بھیجے اور اونھون نے رسولون کو نہ مانا بلکہ اونکو جھٹلایا اسلئے فرمایا کہ اگر وہ لوگ ایمان لے آتے اور رسولون کی باتین مانتے اور اونکی راہ پر چلتے تو ہم آسمان اور زمین تمام جگہ کی برکتین اونپر بھیجدیتے آسمان سے وہ مینہہ برستا کہ زمین بالکل سرسبز و شاداب ہوجاتی اور پیداوار کی وہ کثرت ہوتی کہ کھاتے کھاتے وہ تھک جاتے مگر اونھون نے رسولون کو جھٹلایا اسواسطے اللہ نے اُنکو اپنے عذاب مین پکڑلیا اور اُنکے کئے کا ایسا بدلہ دیا کہ آخر ہلاک ہی ہوگئے جانبر نہوسکے پھر اللہ پاک نے قریش کو اپنے عذاب سے ڈرایا کہ کیا یہ بستیون اور گاؤن کے رہنے والے قریش بالکل بے خوف ہیں کہ اونپر عذاب نہ آئیگا یہ کہین نہین بچ سکتے ہیں اگر اونپر راتون رات سوتے مین عذاب آجاوے یا دنکے وقت جب یہ لوگ کھیل کود مین اپنا وقت ضائع کررہے ہون تو عذاب اُنکو آکر پکڑے پھر فرمایا کہ خدا کی پکڑ سے وہی لوگ بے خوف رہتے ہیں جنکے دلون مین خدا کا مطلق خوف نہیں اور اسی وجہ سے ایسے لوگ کم عقلی سے اپنے آپ نقصان اوٹھاتے ہیں ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے شداد بن اوس کی معتبر سند کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص بڑا کم عقل ہے جو عمر بھر

عقبے کی سزا جزا سے غافل رہے اور پھر عقبے میں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچنے کی توقع رکھے۔ ان آیتوں میں کم عقلی کے سبب سے جن لوگوں کے نقصان اوٹھانے اور خراب ہوجانے کا ذکر ہے یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے۔

أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِينَ يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ أَهْلِهَا أَنْ لَوْ نَشَاءُ أَصَبْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ

اور کیا سوجھ نہیں آئی انکو جو قائم ہوتے ہیں ملک پر وہان کے لوگوں کی جانے بعد کو ہم چاہیں تو آنکو پکڑیں انکے گناہوں پر

وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝

اور ہم مہر کرتے ہیں انکے دلپر سو وہ نہیں سنتے

اللہ پاک نے اس آیۃ میں یہ بات بیان کی کہ یہ لوگ جو رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور راہ حق پر نہیں آتے کیسے بے پروا ہیں انسے پہلے جو لوگ گذرے ہیں جنکے یہ جانشین بنکر بیٹھے ہیں انکے حال سے ذرا بھی عبرت نہیں حاصل کرتے کہ انکا کیا حال ہوا انھوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور دین حق سے روگردان رہے تو کس ذلت کے ساتھ گاؤں کے گاؤں ہلاک ہوئے ہم چاہیں تو انہیں قوموں کی طرح کیا انکو نہیں پکڑ سکتے ہیں ان پر عذاب نہیں بھیج سکتے ہیں یہ ان سے پکڑے جانے کی نشانی ہے کہ اللہ تعالیٰ انکے دلوں پر بھی ایسی مہر لگادی کہ نصیحت سننے اور سمجھنے سے مجبور ہیں۔ ترمذی نسائی وغیرہ کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ کی صحیح حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بغیر توبہ کے گناہ پر گناہ کرنے سے آدمی کے دلپر زنگ لگ کر اسکا دل ایسا سخت ہوجاتا ہے کہ کسی نیک بات کے اثر سے اوسکا دل نرم نہیں ہوتا اس آیۃ میں گنہگار نافرمان لوگوں کے دلوں پر مہر لگ جانیکا جو ذکر ہے یہ وہی دلپر زنگ لگ جانے کی مہر ہے جسکا ذکر ابو ہریرہ رضؓ کی اس حدیث میں ہے چنانچہ اسکی زیادہ تفصیل سورہ ویل للمطففین میں آویگی صلعم

تِلْكَ الْقُرَىٰ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا

یہ بستیاں ہیں کہ سناتے ہیں ہم تجکو کچھ احوال انکا اور ان پاس پہنچ چکے انکے رسول نشانیاں لیکر پھر

كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا مِنْ قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْكَافِرِينَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا

ہرگز نہ ہوا کہ یقین لاویں اس بات پر جو پہلے جھٹلا چکے یوں مہر کرتا ہے اللہ منکروں کے دلوں پر اور نپایا انکے

لِأَكْثَرِهِمْ مِنْ عَهْدٍ ۖ وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ ۝

اکثروں میں نہنے نباہ اور اکثر ان میں پائے بیحکم

اوپر حضرت نوح کی امت کا حال تھا کہ اونھوں نے نبی وقت کا کہنا نہ مانا آخر طوفان سے ہلاک ہوگئے اسی طرح حضرت ہود کی امت قوم عاد سخت آندھی سے اور حضرت صالح کی امت قوم ثمود کڑک کی سخت آواز اور زلزلہ سے اور حضرت لوط کی امت پتھروں کے مینہ سے اور حضرت شعیب کی امت زلزلہ اور انگارے برسنے سے جو ہلاک ہوئی ان سب کا حال بیان فرماکر اس آیۃ میں آنحضرت کی تسکین اور قریش کی تنبیہ خدا تعالیٰ نے جو فرمائی ہے

اس کا حاصل یہ ہے کہ اگر قریش بھی نبی وقت کی نصیحت نہ مانیں گے تو جس طرح گذشتہ امتوں کی بستیاں غارت ہوگئی ہیں اسی طرح یہ بھی غارت ہوجاوین گے غرض اوپر کئی رکوع میں جو قصے پچھلے انبیا اور پچھلی امتوں کے اللہ تعالی نے ذکر فرمائے یہ آیۃ اُن سب قصوں کا نتیجہ ہے فما کانوا لیؤمنوا بما کذبوا من قبل اسکا مطلب یہ ہے کہ علم ازلی الٰہی میں پہلے ہی یہ معلوم ہوچکا تھا کہ یہ لوگ ایمان نہ لاوین گے اسواسطے باوجود انبیا کی نصیحت کے یہ لوگ ایمان نہ لائے اور یوم المیثاق میں اللہ کی توحید کا اقرار جو اُنھوں نے کیا تھا اُس عہد پر قائم نہ رہے حضرت آدم کی اور اولاد آدم کی پشت سے دنیا میں پیدا ہونے والی سب ارواحوں سے اللہ تعالے نے توحید کا عہد لیا ہے جس کا ذکر اس سورۃ میں آگے آویگا اوسی عہد کے دن کو یوم المیثاق کہتے ہیں اُس عہد کے موافق اللہ تعالے ہر ایک روح کو اسلام پر پیدا کرتا ہے پیدا ہونے کے بعد جس نے سچے دل سے وہ عہد کیا تھا اور علم ازلی الٰہی میں اُس کا اسلام کی حالت میں مرنا معلوم ہوچکا تھا وہ اسلام پر قائم رہتا ہے ورنہ کوئی شیطان کے بہکانے یا کافر ماں باپ کی صحبت سے سرے سے ایمان ہی نہیں لاتا اور کوئی عارضی طور پر ایمان لاکر آخیر کو اُسی حالت کفر کے عمل کرکے مرتا ہے جو حالت علم ازلی الٰہی میں پہلے سے معلوم ہوچکی ہے اسی واسطے شریعت میں خاتمہ کا اعتبار ہے بیچ کی عارضی حالت کا اعتبار نہیں ہے اور آخری حالت کو اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ اُن کے دل پر اللہ نے مہر لگادی ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف کی نصیحت کی مثال مینہہ کی اور اچھے برے لوگوں کی مثال اچھی بری زمین کی فرمائی ہے اسی طرح حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے صحیح بخاری میں روایت ہے کہ بہت لوگ سارے عمر اہل جنت کے کام کرتے ہیں یہاں تک کہ جنت میں اور اُن میں کچھ تھوڑا فرق رہ جاتا ہے آخر کو جو حالت اون کی علم ازلی الٰہی میں ٹھہر چکی ہے وہ حالت پیش آتی ہے اور آخر عمر میں اہل دوزخ کے کام کرکے دوزخی ہوکر وہ لوگ مرتے ہیں اسی طرح بہت لوگ تمام عمر اہل دوزخ کے کام کرکے جنتی ہوکر مرتے ہیں صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ہر بچہ کو اللہ تعالی اسلام کی خصلت پر پیدا کرتا ہے پیدا ہونے کے بعد اُس بچہ کے ماں باپ اُسکو اپنے جیسا یہودی یا نصرانی یا آتش پرست بنا لیتے ہیں مسلم میں حدیث قدسی ہے کہ اللہ تعالے نے فرمایا میں ہر ایک بچہ کو خصلت اسلام اور توحید پر پیدا کرتا ہوں پھر اوس کے بڑے ہونے پر شیطان اوس کو کسی اور راستہ سے لگا لیتا ہے اور جس طرح اللہ تعالی نے یوم المیثاق میں توحید کا عہد لیا ہے اوسی طرح تسلیم رسالت ہر نبی وقت کا بھی عہد لیا ہے اور روحوں سے اوسی روز فرمایا ہے کہ دیکھو اس یوم المیثاق کا عہد یاد دلانے کو انبیا تمہارے پاس آویں گے اون کی اطاعت ضرور کرنا لوگوں نے اس کا اقرار بھی اللہ کے روبرو کرلیا ہے اس لئے جو بچہ چھوٹی عمر میں مرجاتا ہے اور دوسرے عہد کے پانے کی نوبت اوس کو نہیں پہونچتی اور تکلیفات شرعیہ اور اطاعت نبی وقت کے حاصل کرنے کا موقع اُس کو میسر نہیں آتا بلکہ اوس موقع کے میسر آنے کے

منزل ۲

آنے کے پہلے وہ مرجاتا ہی اُسکی نجات کے لئے پہلا یوم المیثاق کا عہد کافی ہوجاتا ہے اور جو شخص تمیز کی عمر پانے کے بعد نبی
وقت کی اطاعت نکرے اُسکا پہلے کا عہد بھی جھوٹا اور ناکافی متصور ہوکر اُس سے مواخذہ کیا جاتا ہے تفسیر ابن جریر مین
روایۃ ہے کہ ضحاک بن مزاحم کا چھہ روز کا ایک لڑکا مرگیا اُس لڑکے کی قبر مین اوتارتے وقت ضحاک نے لوگونسے کہا اس لڑکے
کے کفن کا بند ہین کھولدینا تاکہ سوال کے وقت اوسکو بیٹھنے مین آسانی ہو لوگون نے کہا اتنے چھوٹے بچے سے کیا سوال ہوگا
ضحاک نے کہا حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایۃ ہے کہ اتنے چھوٹے بچون سے میثاق کی توحید کا قبر میں سوال ہوتا ہی اتنے
عمر والے بچون کو جو اطاعت نبی کا موقع نہ پاوین جسکو دوسرا میثاق کہتے ہین یہ پہلا میثاق کافی ہے اور جو میثاق ثانی کا
موقع پاکر اُسکا پابند نہو اُسکا میثاق اولے ناکافی اور جھوٹا ہے اس باب میں ابن جریر نے چند آثار صحابہ نقل کرکے بعض آثار
کو بعض سے قوت دی اور صحیح کہا ہے اور یہہ ایک مسئلہ ہے کہ ایسے مسائل میں آثار صحابہ کو مرفوع حدیث کا حکم ہی غرض
اسی عہد کی بابت اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ اکثر لوگونکو ہم نے بدعہد پایا جسکا مطلب اوپر کی حدیثون کے موافق یہہ ہے کہ بہت لوگ تو
سرے سے باوجود انبیا کی نصیحت کے ایمان ہی نہیں لائے اور بعضے لوگ آخری عمر میں بدعہد ہوکر مرگئے تفسیر سدی میں ہے کہ
جسدن روحون سے اللہ تعالی نے عہد لیا اُس دن ان روحون نے جو اللہ کے علم مین ایمان دار ٹہر چکے تھین نہ دل سے اللہ کی
توحید کا اقرار کیا اور جو روحین اللہ کے علم مین دنیا میں آنیکے بعد ایماندار نہیں ٹہرنے تھین اونھون نے اوپر کے دل سے اور روحون
کے دیکھا دیکھی منافقون کے ایمان کی طرح توحید کا اقرار کرلیا وہی لوگ دنیا میں آنکر باوجود انبیا کی نصیحت کے ایمان نہ لائے یا
لائے تو منافق رہے معتبر سند سے ترمذی ابوداؤد وغیرہ میں حضرت عمرؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جسوقت اللہ تعالی نے یوم المیثاق مین آدم علیہ السلام اور اولاد آدم کی پشت سے روحون کو نکالا اُسی وقت اللہ تعالی
نے اپنے علم ازلی کے موافق جنتی اور دوزخی روحون کو الگ الگ کرکے یہ فرمادیا تھا کہ ان سب روحون میں اس قدر روحین
جنتی لوگون کی ہیں اور اُس قدر روحین دوزخی لوگون کی اس حدیث سے سدی کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے کیونکہ
علم ازلی مین جو لوگ دنیا میں پیدا ہونے سے پہلے دوزخی ٹہرے اس حدیث کے موافق اُنکا یوم المیثاق کا عہد علم الٰہی مین
سچا عہد نہین تھا یہی مطلب سدی کے قول کا ہے دلپر زنگ کی مرلگ جانی کی ابوہریرہ کی حدیث اوپر گذر چکی ہی وہی
حدیث ان آیتون کے مہر کے ذکر کی تفسیر ہے جن ضحاک بن مزاحم کا ذکر اوپر گذرا یہ ضحاک طبقہ اعمش کے تابعیون
میں ہیں تقریب میں اونکو صدوق لکھا ہے اور امام احمد نے ان اضحاک کو ثقہ کہا ہے تفسیر کے باب مین ان ضحاک کا
شمار سعید بن جبیر مجاہد عکرمہ کے طبقہ میں کیا جاتا ہے۔ سفیان ثوری کہا کرتے تھے کہ سعید بن جبیر مجاہد عکرمہ اور
ضحاک تفسیر کے ماہر لوگون میں ہیں ان چارون سے تفسیر کی روایتین لینی چاہئین اگرچہ بعضے سلف کا قول ہے
کہ ان ضحاک کو عبداللہ بن عباس سے ملاقات کا موقع نہیں ملا مگر اس بات پر سلف کا اتفاق ہے کہ سعید بن جبیر اور ان
ضحاک سے ملاقات ہوئی اور اونھون نے تفسیر کے باب کی روایتین سعید بن جبیر سے حاصل کین اس سے معلوم ہوا کہ حضرت

منزل ۲

عبداللہ بن عباس اور ضحاک میں اگر واسطہ ہے تو سعید بن جبیر کا ایک ثقہ واسطہ ہے اسی واسطے ثقیان ثوری نے ان ضحاک کو حضرت عبداللہ ابن عباس کے شاگردوں کی ذیل میں رکھا ہے۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

پھر بھیجا ہمنے اُنکے پیچھے موسی کو اپنی نشانیاں دیکر فرعون اور اُسکے سرداروں پاس پھر زبردستی کی اُنکے ساتھ

عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ

سو دیکھہ آخر کیسا ہوا حال بگاڑنیوالونکا اور کہا موسے نے اے فرعون میں بھیجا ہوا ہون جہان کے صاحب کا قائم ہون اسپر کہ

لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۭ

نہ کہون اللہ کی طرف سے مگر جو سچ ہے لایا ہون تم پاس نشانی تمہارے رب کی سو رخصت کر میرے ساتھہ بنی اسرائیل کو

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ

بولا اگر تو آیا ہے کچھہ نشان لیکر تو وہ لا اگر تو سچا ہے تب ڈالا اپنا عصا تو اُسی وقت

ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ

وہ ہوا اژدہا صریح اور نکالا اپنا ہاتھہ تو اوسی وقت وہ سفید نظر آیا دیکھنیوالونکو بولے سردار فرعون کی قوم کے بیشک

هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۡ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ

یہ تو جادوگر ہے بڑا جادوگر ہے نکالا چاہتا ہے تمکو تمہارے ملک سے اب کیا مشورت دیتے ہو بولے ڈہیل دے اسکو اور اسکے

وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَاۗىِٕنِ حٰشِرِيْنَ ۝ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۝ وَجَاۗءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا

اور بھیج پرکنوں مین نقیب کہ لاوین تجھہ پاس جو ہو پڑا جادوگر اور آئے جادوگر فرعون پاس بولے ہماری

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ

کچھہ مزدوری ہے اگر ہم غالب ہوئے بولا ہان اور تم میرے پاس رہا کروگے بولے اے موسی یا تو ڈال یا ہم

اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ۝ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَاۗءُوْ بِسِحْرٍ

ڈالتے ہیں کہا تم ڈالو پھر جب ڈالا باندھہ دین لوگون کی آنکھین اور ڈرا دیا انکو اور کر لائے بڑا

عَظِيْمٍ ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ

جادو اور ہمنے حکم بھیجا موسی کو کہ ڈال دے اپنا عصا تبھی وہ لگا نگلنے جو سانگ وہ بناتے تھے تب ثابت ہوا حق اور غلط

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

ہوا جو کچھہ وہ کرتے تھے تب ہارے اسجگہ اور پھرے ذلیل ہوکر اور ڈالے گئے ساحر سجدے مین بولے ہمنے مانا

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّ هٰذَا

جہانکے صاحب کو جو صاحب موسی اور ہارون کا بولا فرعون تم نے مان لیا اُسکو ابھی مینے حکم نہین دیا تمکو یہ

لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ

مکر ہے کہ باندہ لائے ہو شہر مین کہ نکالو یہان سے اُسکے لوگونکو سو اب تم جانوگے مین کاٹونگا تمہارے ہاتھ

وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝ وَ

اور دوسرے پاؤن پھر سولی چڑہاؤنگا تم سب کو بولے ہمکو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے اور

مَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاۗءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

تو ہمسے بھی بیر کرتا ہے کہ مانین ہمنے اپنے رب کی نشانیان جب ہم تک پہنچین اے رب ہمانے کھولدے ہمپر صبر کے

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝ ع ۱۴ ۱۸ ۴

اور ہمکو مار مسلمان

اوپر کی آیتون میں اللہ تعالی نے حضرت نوح اور ہود اور صالح اور لوط اور شعیب کا ذکر فرماکر ان آیتون میں حضرت موسے اور انکے معجزون کا ذکر فرمایا ہے معجزہ ایک ایسی عادت سے باہر عاجز کرنے والی چیز کو کہتے ہیں جس کا ظہور بدون تائید غیبی کے نہ ہوسکے اور خلقت اوس جیسی چیز کے ظاہر کردینے سے عاجز ہو معجزہ اور جادو میں یہ فرق ہے کہ معجزہ مین عادت سے باہر جو چیز خدا تعالی انبیا کی تصدیق کے طور پر پیدا کرتا ہے وہ اصلی چیز ہوتی ہے مثلاً حضرت صالح کے معجزہ سے جو اونٹنی پتھر مین سے پیدا ہوئی وہ در اصل اونٹنی ہی تھی لوگون نے مدت تک اُسکا دودہ پیا اور حضرت عیسے جو مردہ کو زندہ کرتے تھے وہ در حقیقت وہی مردہ شخص ہوتا تھا اور حضرت کی انگلیون سے جو پانی کا چشمہ بہا وہ در اصل پانی ہی تھا لوگون نے پیا اور اُنکی پیاس بجھی جادو میں ایسا نہیں ہوتا کہ کوئی غریب جادوگر ٹھیکریون کے روپے بنادے تو در حقیقت وہ روپے ہوجاوین ایسا ہوتا تو کوئی جادوگر دنیا مین تنگحال کیون نظر آتا اور یہ جادوگر محتاجون کی طرح فرعون سے اپنے جادو کے کام کی مزدوری کیون مانگتے جادو کی اصل اتنی ہی ہے کہ لوگون کے دیکھنے مین جادو کے اثر سے ٹھیکریان روپے نظر آتے ہیں لیکن حقیقت مین وہ ٹھیکریان ہی رہتی ہیں جس طرح حضرت نوح کے معجزے سے چند آدمیون کے سوا ساری دنیا طوفان سے ہلاک ہوگئی حضرت ہود کے معجزہ سے آندہی نے اور حضرت صالح کے معجزہ سے زلزلہ نے اور حضرت شعیب کے معجزہ سے سنگباری نے شہرکے شہر غارت کردئے یہ اثر اور زور جادو مین ہوتا تو بادشاہان زمانہ کی فوج کو ہلاک کرکے بہت سے جادوگر شہنشاہ بنجاتے غرض کئی سو اونٹون پر اپنی لکڑیان اور رسیان لاد کر فرعون کے وقت کے جادوگر جو لائے تھے جب اُنھون نے دیکھا کہ حضرت موسے کی ایک لکڑی نے اُنکا سب جادو درہم برہم کردیا اور یہ بھی اونھون نے

منزل ۲

دیکھا کہ حضرت موسی کی لکڑی کا اثر جادو نما ہوتا تو وہ کئی سو اونٹ کے بوجھ کی اصل لکڑیاں اور رسیان تو آخر باقی رہجاتین جب ایک دن سب کو اس لکڑی نے نگل لیا تو یہ جادو کے اثر سے بڑھ کر ایک چیز ہے اسلئے فوراً وہ سب جادوگر ایسے پکے مسلمان ہوگئے کہ پھر فرعون کے ڈرانے سے بھی نہ ڈرے یہ بھی ایک حکمت الٰہی ہے کہ اُسوقت کی قوم مین جس چیز کا کمال مشہور تھا نبی وقت کو اُسی قسم کا معجزہ دیکر اللہ تعالی نے بھیجا تاکہ نبی کی نبوت کا لوگون کو جلدی یقین ہوجائے مثلاً فرعون کے زمانہ میں جادو کا بڑا زور تھا جادو سیکھنے کی جاگیرین لوگونکو فرعون دیتا تھا یہ وہی جاگیردار جادوگر تھے جنکو دہات سے فرعون نے حضرت موسے کے مقابلہ کیلئے بلوایا تھا اسلئے اللہ تعالی نے حضرت موسی کو اُسی قسم کا معجزہ دیا حضرت عیسے کے زمانہ مین یونانی طب کا بڑا زور تھا اسلئے حضرت عیسے کو کوڑہی۔ مادرزاد اندھے کے اچھا کرنے مردے کے جلانے کا معجزہ دیا جس سے حکیم عاجز ہوگئے حضرت کے وقت میں فصاحت و بلاغت عرب کا بڑا زور تھا اسلئے قرآن شریف میں وہی معجزہ رکھا گیا پہلے اہل عرب سے کہا گیا کہ دس سورتین قرآن شریف کی فصاحت اور بلاغت کے موافق بناؤ جب دس سورتون سے وہ عاجز ہوگئے تو ایک ہی سورہ کے بنانے کو کہا گیا تھا آخر عاجز ہوگئے اور کچھ نہ بن سکا حاصل کلام یہ ہے کہ ان آیتون کے شروع مین حضرت موسے علیہ السلام کے نبی ہونے کا اور اون کو معجزات کے دئے جانے کا ذکر ہے اور پھر حضرت موسے علیہ السلام اور فرعون سے مناظرہ ہوکر اس مناظرہ مین فرعون حضرت موسے علیہ السلام سے معجزہ جو طلب گار ہوا ہے اوس کا اور حضرت موسے علیہ السلام کے عصا کے اژدہا بنجانے کا اور ید بیضا کا معجزہ جب فرعون کو دکھایا اور اوسنے اوسکو جادو بتلایا اُسکا پھر جادوگرون اور حضرت موسے علیہ السلام کے مقابلہ کا اور جادوگرون کا مقابلہ سے عاجز ہوکر شریعت موسوی کے تابع ہوجانے کا یہ سب ذکر ان آیتون مین مختصر طور پر ہے سورہ طہ اور سورہ شعرا میں اس قصہ کی تفصیل زیادہ آویگی۔ سورہ بقر مین گذر چکا ہے کہ اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کو اور بنی اسرائیل اونکی اولاد کو کہتے ہین حضرت موسے علیہ السلام کے زمانہ سے چار سو برس پہلے اولاد یعقوب مین سے حضرت یوسف علیہ السلام جس طرح ملک شام سے مصر مین آئے اوسکا ذکر مفصل طور پر تو سورہ یوسف مین آویگا یہان اسی قدر ذکر کافی ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی مصر کی سکونت کے سبب سے بنی اسرائیل مصر مین آئے اور حضرت یوسف علیہ السلام کی وفات کے بعد بنی اسرائیل مصر مین ذلیل حالت سے رہتے تھے اسلئے اللہ تعالی کا حکم حضرت موسے کو یہ تھا کہ حضرت موسے مصر سے بنی اسرائیل کو نکالکر انکے قدیمی وطن ملک شام مین اونہیں آباد کرین اسی واسطے حضرت موسی علیہ السلام نے جہان فرعون سے اور باتین کہین وہان یہی فرمایا فارسل معی اسرائیل جسکا مطلب اللہ تعالی کے حکم اور اُس حکم کی تعمیل ہے جسکا ذکر اوپر گذرا +۔

منزل ۲

وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَيَذَرَكَ

اور بولے سردار قوم فرعون کے کیون چھوڑتا ہے موسی کو اور اسکی قوم کو کہ دھوم اٹھاوین ملک مین اور موقوف

وَالِهَتَكَ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ۝ قَالَ

کرے تجکو اور تیرے تبونکو بولا اب ہم مارینگے انکے بیٹے اور جیتے رکھینگے انکی عورتین اور اپنر ہم زور آور ہین موسے

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ

نے کہا اپنی قوم کو مدد مانگو اللہ سے اور ثابت رہو زمین ہے اللہ کی وارث کرے اسکا جسکو چاہے

عِبَادِهٖ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا

اپنے بندون مین اور آخر بہلا ہے ڈرواونکا بولے ہمپر تکلیف رہی تیرے آنے سے پہلے اور جب تو ہم مین آچکا کہا نزدیک

قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۵ ۳ ۵

ہے کہ رب تمہارا کھپادے تمہارے دشمن کو اور نائب کرے تم کو ملک مین پھر دیکھے تم کیسا کام کرتے ہو

فرعون چھ سو برس دنیا مین زندہ رہا اور چار سو برس تک بادشاہی کی اس عرصہ مین کوئی تکلیف اسکو نہیں ہوئی سترن
درد تک نہوا اگر ایک روز بھی بھوکا رہتا یا کوئی تکلیف اوٹھاتا تو خدائی کا دعوی بھول جاتا آسے موسے علیہ السلام کی
پیدائش سے پہلے یہ حکم دے رکھا تھا کہ جو بچہ پیدا ہو اگر لڑکا ہو تو مار ڈالا جائے اور لڑکی ہو تو چھوڑ دی جائے سورہ قصص
مین جو ذکر حضرت موسے علیہ السلام کا آویگا اسکے موافق جب موسے علیہ السلام پیدا ہوگئے اور فرعون ہی کے گھر مین پرورش
پاکر سیانے ہوگئے تو اسنے وہ حکم موقوف کردیا اب جو حضرت موسے نے رسالت کا دعوے کیا اور جادو گرون پر غالب ہوکر منزل ۲
خدا کا پیغام لوگونکو پہونچانے لگے تو فرعون کے وزیرون امیرون نے فرعون کے پاس جاکر بطور مشورہ یہ بات کہی کہ موسے
اور اسکے پیروی کرنے والون کو زندہ نہین چھوڑنا چاہیے ورنہ یہ لوگ آپکی رعیت کو بہکا بہکا کر آپکی طرف سے پھیر دینگے اور
خدا کی طرف متوجہ کردینگے اور آپکو اور آپکے دین و آئین کو اور معبودونکو چھوڑ دینگے تو پھر فرعون نے جھلکر وہی اگلا حکم
جاری کرنے کو کہا ہم انکے لڑکونکو قتل کرڈالین گے اور لڑکیون کو چھوڑ دین گے ہمارے سامنے ان لوگونکی کیا ہستی ہے
ہم سب سے زبردست ہین جب بنی اسرائیل کو اسبات کی خبر پہونچی کہ وہ ملعون پھر ایسا ارادہ کرتا ہے تو موسی علیہ السلام
سے اسکی شکایت کی آپ نے یہ جواب دیا کہ خدا سے مدد چاہو اور صبر کرو آخر مین خدا سے ڈرنے والون کو بھلائی اور بہتری ہوگی
گویا موسے علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرعون پر فتح پانے کا وعدہ کیا تو اونکی قوم نے کہا کہ ہماری تو ہمیشہ یہی حالت
رہی کہ جب آپ نہین تھے جب بھی اسی مصیبت مین گرفتار تھے کہ ہمارے لڑکے قتل کئے جاتے تھے اور اب بھی وہی
تکلیف ہے یہ کمبخت پھر وہی حکم جاری کررہا ہے کہ ہمارے لڑکے قتل کئے جاوین اور لڑکیان چھوڑ دی جاوین
حضرت موسے نے فرمایا گھبراؤ نہین بہت جلد خدا تمہارے دشمنون کو غارت کریگا اور یہ کافر مع اپنے ہوا خواہون
کے ہلاک ہوگا اور تم لوگ دنیا مین سلطنت کی باگ ہاتھ مین لوگے پھر اللہ تعالی تمہین آزماویگا کہ تم کیا عمل کرتے ہو چنانچہ
یہ بات ظہور مین بھی آئی کہ فرعون مع اپنے لشکر کے دریا مین غرق ہوگیا اور بنی اسرائیل نے اسکے ہاتھ سے نجات پائی

اور داؤد و سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں سارے ملک مصر پر بنی اسرائیل کا قبضہ ہوگیا اور پھر بنی اسرائیل نے وہ برے عمل کئے جنکا ذکر جگہ جگہ قرآن مین ہے صحیح بخاری و مسلم مین عمرو بن عوف انصاری کی ایک بڑی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھکو اپنی امت کی تنگدستی کی حالت کا کچھہ خوف نہیں بلکہ مجھکو یہ خوف ہے کہ جب انکو پچھلی امتون کی طرح فارغ البالی ہوجاویگی تو انمین طرح طرح کے فساد پیدا ہوجاوینگے۔ اس حدیث کو ان آیتون کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ ان آیتون اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب پیدا ہوا کہ جس طرح حضرت موسی علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی فارغ البالی کے زمانہ کے فساد کا خوف تھا وہی خوف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کی فارغ البالی کے زمانہ کا تھا اور اسی خوف کا ظہور جس طرح بنی اسرائیل میں ہوا اسی طرح امتہ محمدیہ مین ہوا فرعون نے اپنی صورت کے بت بنا کر لوگون کو پوجا کے لئے دے رکھے تھے اور اپنے آپ کو بڑا خدا اور ان مورتون کو چھوٹے خدا کہتا تھا۔

وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝

اور ہمنے پکڑا فرعون والونکو قحطون مین اور میوونکے نقصان مین شاید وہ دھیان کرین

فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هَٰذِهِ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ

پھر جب پہنچے انکو بھلائی کہنے لگے یہ ہے ہمارے واسطے اگر پہونچتی برائی شومی بتاتے موسی کی

وَمَن مَّعَهُ ۗ أَلَا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ منزل ۲

اور اسکے ساتھہ والون کی سن لو شومی انکی اللہ ہی پاس ہے پر اکثر لوگ نہین جانتے

اللہ پاک نے فرعون اور اسکے ساتھیون کا امتحان لیا کہ قحط ڈالدیا درختون مین پھل لگنے موقوف ہوگئے کھجور کے درختون مین ایک ایک کھجور پھلتی تھی چشمہ نیل بالکل خشک ہوگیا مینہہ برسنا بند ہوگیا یہ جانچ تھی کہ شاید مصیبت کے وقت میں انکے دل نرم ہوجاوین اور خدا سے رجوع ہون اور رسول کی باتون کو مانین مگر کچھہ بکار آمد نہ ہوا اپنے کفر پر جمے رہے پھر اللہ پاک نے فرمایا جب یہ تکلیف دور ہوگئی اور آرام کی گھڑی آگئی تو کہنے لگے ہم اسی کے مستحق تھے اور جب کبھی برائی اور تکلیف پہونچتی تو موسے علیہ السلام پر یہ بات دھرتے اور کہتے کہ انکے باعث سے یہ سال نحس ہوا اور یہ نہ سمجھتے تھے کہ خوشی کا وقت خدا کے فضل سے نصیب ہوا اور رنج کی گھڑی اسکی آزمائش ہے اسلئے فرمایا کہ خوشی اور تکلیف سب خدا ہی کی طرف سے ہے اس مین کسی کی نحوست کو کچھہ دخل نہین ہے یہ سب خدا کی طرف سے ہے لیکن اکثر لوگونکو اس کی سمجھہ نہیں صحیح بخاری و مسلم مین ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بدفالی کی ممانعت فرمائی ہے۔ صحیح سند سے ترمذی ابوداؤد وغیرہ مین عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بدفالی کو شرک فرمایا ہے بدفالی میں تقدیر الٰہی کا انکار اور بدفالی کی چیزون مین مستقل طور پر ضرر رسانی کا اعتقاد پایا جاتا ہے اسی کو اللہ کے رسول نے شرک فرمایا ہے کیونکہ سوا اللہ تعالی کی ذات کے اور کسی چیز مین مستقل طور پر ضرر رسانی

کی قدرت نہیں ہے ترمذی اور مسند امام احمد کے حوالہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام مخلوقات کسی شخص کے ضرر پہونچانے کا ارادہ کرے تو بھی بغیر حکم اللہ تعالی کی کوئی اُس شخص کو ضرر نہین پہونچا سکتا۔

وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِنْ آيَةٍ لِتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَ

اور کہنے لگے جو تو لاوے گا ہم پاس نشانی کہ ہمکو اُس سے جادو کرے سو ہم تجھکو نہ مانین گے پھر ہمنے بھیجا اُنپر غرقاب اور

الْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلَاتٍ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا مُجْرِمِينَ

مڈی اور چیچڑی اور مینڈک اور لوہو کتنی نشانیان جدی جدی پھر تکبر کرتے رہے اور تھے وہ لوگ گنہگار

ان آیتون مین اللہ پاک نے فرعون اور اسکی قوم کے کفر اور سرکشی کا حال بیان کیا کہ وہ موسے علیہ السلام سے کہتے تھے کہ تم معجزہ کے طور پر جو نشانی لاؤ گے ہم اسکو نہین مانین گے یہ جو تم عجائبات دکھلاتے ہو خدا کا دیا ہوا معجزہ نہین ہے تم ایک جادوگر ہو ہم پر جادو کرتے ہو اور ہماری نظر بندی کر دیتے ہو جس سے یہہ تماشے دکھلائی دیتے ہین اللہ پاک نے طوفان بھیجدیا اتنا مینہہ آسمان سے برسا کہ راستون اور گلیون کا تو کیا ذکر گھرون مین پانی پانی ہو گیا ہر شخص کے گلے تک پانی تھا جو کوئی اُس پانی مین کھڑا رہا اسکی جان بچ گئی جو گھر آکر بیٹھ گیا وہ غرق ہوا یہ پانی سات روز برابر برستا رہا لوگ چلنے پھرنے کہیں آنے جانے سے مجبور ہو گئے آخر عاجز آکر ان لوگون نے موسے علیہ السلام سے کہا کہ اپنے خدا سے دعا کرو کہ پانی کھل جاوے ہم بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ کر دین گے موسے علیہ السلام نے دعا کی پانی کھل گیا خلقت پھر پیدا ہونے لگے رستے خشک ہو گئے ایک مہینہ تک اسی حال مین رہے پھر موسے علیہ السلام سے کہنے لگے ہم تمپر ایمان نہین لاوینگے اور نہ بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ بھیجین گے اللہ پاک نے ٹڈیون کو حکم کر دیا وہ انکے شہر مین آکر کھیتیون کو نقصان پہونچانے لگین جس درخت پر بیٹھ گئین اوسکو صاف کر دیا انکے مکانون پر بیٹھ کر چھتون کی کڑیون اور چوکھٹون کو کھانے لگین مکان گرنے لگے پھر اونھون نے موسے علیہ السلام سے التجا کی کہ آپ اپنے خدا سے دعا کرین کہ یہ بلا ہم سے دور ہو ہم آپ پر ایمان لاوین گے اور بنی اسرائیل کو چھوڑ دین گے حضرت موسے نے دعا کی ٹڈیان سب دفع ہو گئین پھر یہ لوگ نہ ایمان لائے اور نہ بنی اسرائیل کو چھوڑا اور غلے گھرون مین جمع کر کے کہنے لگے ہم نے اپنا بندوبست کر لیا ہے اللہ پاک نے گھن کو بھیجدیا اُس نے سارے غلہ کو کھا لیا اور ہر جگہ گھن کے کیڑے نظر آنے لگے پھر مجبور ہو کر حضرت موسے علیہ السلام سے دعا کو کہا آپنے دعا کی اللہ پاک نے گھن کو رفع دفع کر دیا پھر یہ لوگ نہ ایمان لائے اور نہ بنی اسرائیل کو ساتھ کیا اللہ پاک نے مینڈک بھیجدیے یہ مینڈک کھانے پینے کی سب چیزون مین مینڈک برتنون مین مینڈک آدمیون کی ٹھوڑیون تک مینڈک کا انبار ہو گیا لوگون کو منہ کھولنا مشکل تھا اگر بات کرنی بھی چاہتے تو مینڈک منہ مین چلا جاتا آخر حضرت موسے سے دعا کو کہا انکی دعا سے مینڈکون کو بھی اللہ پاک نے رفع کر دیا مگر پھر یہ لوگ ایمان

منزل ۲

نہیں لائے اور نہ بنی اسرائیل کو چھوڑا تو اللہ پاک نے انکے واسطے دریا نہرون اور کنوون کے پانی کو خون کر دیا لوگون نے فرعون سے شکایت کی ہم کو پانی نہیں ملتا اوس نے کہا کہ موسے نے تمپر جادو کر دیا ہے کہنے لگے کہ جادو کیسا ہم مشکون میں پانی بھر کر رکھتے ہین اور پھر وہ سارا پانی خون ہو جاتا ہے ناچار پھر موسے علیہ السلام کے پاس جاکر دعا کے طلبگار ہوئے موسے علیہ السلام نے دعا کی یہ آفت بھی ٹل گئی مگر وہ لوگ ایمان نہ لانا تھا نہ لائے اور نہ بنی اسرائیل کو جانے دیا اپنے تکبر اور نخوت مین پڑے رہے اپنے اقرار اور وعدے توڑ توڑ کر مجرم ہوئے ترمذی ابوداؤد وغیرہ کے حوالہ سے حضرت عمر کی حدیث اوپر گذر چکی ہے کہ علم ازلی مین جو لوگ دوزخی ٹھہر چکے ہین اونکو انبیا کی نصیحت انبیا کے معجزے کوئی چیز راہ راست پر نہین لا سکتے یہ حدیث ان آیتون کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیتون اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ فرعون اور اسکی قوم کے لوگ ازلی دوزخی تھے اسلئے اگرچہ پے درپے وہ معجزے دیکھے جنکا ذکر ان آیتون مین ہے لیکن اسپر بھی وہ لوگ راہ راست پر نہ آئے اور آخر غرق ہو کر بڑی خرابی سے مرے اور سیدھے جہنم کو چلے گئے۔

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يٰمُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ

اور جس بار پڑا اونپر عذاب بولے اے موسی پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا تجکو سکھا رکھا ہے اگر تو نے اٹھایا ہمسے

عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ فَلَمَّا كَشَفْنَا

یہ عذاب تو بیشک تجکو مانین گے اور رخصت کرینگے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو پھر جب ہمنے اوٹھالیا منزل ۲

عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ۝

اُنسے عذاب ایک وعدے تک کہ اُنکو پہنچنا تھا تب ہی منکر ہو جاتے

اس آیۃ کے متعلق دو قول ہیں بعض مفسرون نے یہ لکھا ہے کہ یہ آیۃ اوپر کی آیتون کا بیان ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ پاک نے جو فرعون اور اوسکی قوم پر اوپر کی آیتون مین پانچ عذاب طوفان اور ٹڈیان اور گھن اور مینڈک اور خون بھیجکر برباد کیا اوسی کا بیان فرمایا ہے کہ جب انپر عذاب ایک کے بعد ایک آتا گیا تو اون لوگون نے موسے علیہ السلام سے کہا کہ اپنے رب سے دعا کرو کہ یہ عذاب ہمپر سے دفع ہو جاوے کیونکہ خدا نے تمہین رسول بنا کر بھیجا ہے تم سے ہر ایک دعا کے پورا کرنیکا وعدہ کیا ہے اگر تمہاری دعا سے یہ بلائین ٹل جاوین گی تو ہم تم پر ایمان بھی لاوینگے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ کر دینگے پھر اللہ پاک نے یہ بیان کیا کہ ہم نے اُنکے وعدے اور اقرار کرنے پر یہ عذاب اُسوقت تک روک رکھا جب تک وہ قلزم مین غرق نہوئے تب بھی تو وہ ایمان نہین لائے منکر کے منکر رہے اور دوسری تفسیر اس آیۃ کی یہ کی گئی ہے کہ رجز طاعون کو کہتے ہین جیسا کہ صحیحین کی ایک حدیث مین اسامہؓ سے روایۃ ہے کہ طاعون ایک رجز ہے بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بھیجا گیا تھا اوس حدیث مین یہ بھی ہے کہ تم جب سنو کہ کسی جگہ طاعون ہے تو وہان نہ جاؤ اور جس زمین مین طاعون ہو وہان سے نکلکر نہ بھاگو۔ اس تفسیر کی رو سے یہ چھٹا عذاب اون لوگون

پر تھا جو انپر پانچون عذابون کے بعد نازل ہوا فرعون کے یہان بنی اسرائیل اور ایک دوسری قوم قبط تھی ہر روز قبط کی قوم
میں سے ستر ہزار آدمی اس طاعون سے ہلاک ہوئے تھے موسے علیہ السلام سے ان لوگونکا یہ وعدہ تھا کہ اس بلا کے دفع
ہونیکے بعد ہم بنی اسرائیل کو تمھارے ساتھ کر دینگے جہان جی چاہے لیجانا اصل مین بنی اسرائیل کو فرعون نے اپنا قیدی
بنا رکھا تھا اور انسے طرح طرح کی ذلت اور خواری کے کام لیتا تھا اور اونکو کہین جانے آنے نہیں دیتا تھا بہر حال جب
بلائین ٹل گئین تو فرعون اور اوسکی قوم نے اپنا وعدہ وفا نہ کیا اور قول و قرار توڑ ڈالا حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے
شاگردون میں سے پہلا قول مجاہد کا ہے اور دوسرا قول سعید بن جبیر کا۔ حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر میں پہلے
قول کو ترجیح دی ہے۔ اس تفسیر کے مقدمہ میں بھی یہ گذر چکا ہے کہ جہان حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگردون
مین اختلاف ہو وہان مجاہد کے قول کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ترمذی ابوداؤد وغیرہ کے حوالہ سے اوپر حضرت عمرؓ
کی حدیث جو گذر چکی ہے اوسکو اس آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے
کہ فرعون اور اوسکی قوم نے ہر دفع کے عذاب کے ٹل جانے کے عہد شکنی اس سبب سے کی کہ ان لوگون کے سر پر ازلی
نافرمانی سوار تھی اس لئے پے در پے معجزے دیکھنے کے بعد بھی یہ لوگ راہ راست پر نہ آئے اور اس قوم کے جادوگر لوگ جو
علم ازلی میں آخری عمر تک کے نافرمان نہیں قرار پائے تھے وہ فقط ایک ہی معجزہ دیکھکر راہ راست پر آگئے۔

منزل ۲

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ

پھر ہمنے بدلا لیا انسے پھر ڈبو دیا گہرے پانی مین اسپر کہ جھٹلائین ہماری آیتین اور کرے رہے اونسے تغافل اور وارث کیا ہمنے انکو جو

كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ

لوگ کمزور ہو رہے تھے اس زمین کے مشرق اور مغرب کا جسمین برکت رکھی ہے ہمنے اور پورا ہوا

رَبِّكَ الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۛ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ

نیکی کا وعدہ تیرے رب کا بنی اسرائیل پر اسپر کہ وہ ٹھیرے رہے اور خراب کیا ہمنے جو بنایا تھا فرعون

وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ۝

اور اوسکی قوم نے اور انگور جو چڑھاتے تھے چھتریون پر

جب یہ پانچون یا چھٹون عذاب انپر ایک کے بعد ایک۔ ایک ایک ہفتہ کے فاصلہ سے آتے گئے اور موسے علیہ السلام
اونکو پہلے جاکر کہہ آتے تھے کہ فلان عذاب تم پر آویگا اور وہی عذاب انپر آتا تھا اور آخر موسے علیہ السلام کی دعا کرنے سے
وہ بلا ٹلتی بھی گئی لیکن یہ لوگ ایمان نہین لائے تو ایک روز آدہی رات کو سارے شہر میں وبا پھیل گئی اور ہر شخص کا
اکلوتا بیٹا مرنے لگا یہ لوگ رونے کے غم میں اور اپنی جانون کی فکر میں تھے کہ موسے علیہ السلام اپنی قوم بنی اسرائیل
کو لیکر شہر سے نکل گئے جب فرعون کو اسکی خبر ہوئی تو لشکر تیار کرکے انکے پیچھے بھاگا اور موسے علیہ السلام کو مع

بنی اسرائیل کے دریائے قلزم کی طرف جاتے دیکھا یہ بھی مع لشکر کے وہان پہونچا موسے علیہ السلام مع اپنی قوم کے دریا مین گھس گئے دریانے خدا کے حکم سے بارہ رستے بنادئے اور یہ سب کے سب ان رستون سے دریا کے پار ہوگئے فرعون بھی مع اپنے لشکر کے دریا مین گھس پڑا جب بیچون بیچ مین پہونچا تو دریا دونون طرف سے آکر مل گیا اور یہ لوگ اول سے آخر تک ڈوب کر ہلاک ہوگئے اسی کو اللہ پاک نے بیان فرمایا کہ یہ لوگ ہماری آیتون اور نشانیون کو جھٹلایا کئے اور ایمان لانے سے غفلت کرتے رہے اسلئے ہم نے اس کا بدلہ انسے لیا سارے کافرون کو دریا مین غرق کردیا پھر فرمایا کہ انکی جگہ بنی اسرائیل کو دی جنکو فرعون اور اوسکی قوم قبط ذلیل وخوار سمجھے ہوئے تھے اون ہی کا مصر اور شام کے چارون طرف کے ملک پر قبضہ کرادیا اور اس ملک مین ایسی برکت دی کہ وہان کے پھل میوے اور کھیتی بڑے زور وپر ہونے لگی اور بعض مفسرین نے مشارق اور مغارب ارض سے تمام روئے زمین کو مراد لیا ہے کیونکہ داؤد وسلیمان علیہ السلام تمام روئے زمین کے مشرق سے مغرب تک اور شمال سے جنوب تک مالک ہوگئے تھے اور یہ دونون بنی قوم بنی اسرائیل میں سے تھے پھر اللہ پاک نے اپنے ایفائے وعدہ کا ذکر کیا کہ ہم نے جو وعدہ کیا تھا کہ دشمنون کو غارت کردیا جاویگا اور اونکی جگہ ملک پر تم لوگون کو قبضہ اور دخل دیا جاویگا اللہ تعالی نے وہ بات پوری کردی کہ فرعون اور اسکی قوم کی کچھ پیش نہ چلی سب کے سب ہلاک ہوئے اور انکے باغ اور مکانات اور سب تیاریان باغ اور مکانون کی بالکل نیست ونابود کردین مکی سورتون مین اس قصہ کے ذکر فرمانے سے یہ مقصد ہے کہ اس سورۃ کے نازل ہونے تک اہل مکہ مین سے جو لوگ اللہ کے رسول کی مخالفت کے درپے ہین انکو معلوم ہوجاوے کہ رسول وقت کی مخالفت کا یہی نتیجہ ہونے والا ہے جو نتیجہ فرعون اور اوسکی قوم کا ہوا اسی طرح رسول وقت کے فرمانبردار لوگونکا وہی نتیجہ ہوگا جو نتیجہ بنی اسرائیل کا ہوا۔ اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے بدر کی لڑائی کے وقت اس مقصد کا جو ظہور ہوا اسکا ذکر اس لڑائی کے قصہ مین گذر چکا ہے۔ اس بدر کی لڑائی کے حال مین جو حدیثین گذر چکین وہ ان آیتون کے مقصد کی گویا تفسیر ہین خصوصاً صحیح بخاری ومسلم کی انس بن مالک کی حدیث کہ اس لڑائی مین مسلمانون کا غلبہ ہوا اور بڑے بڑے مخالف اسلام نہایت ذلت سے مارے گئے۔

منزل ۲

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْکُفُوْنَ عَلٰٓی اَصْنَامٍ لَّهُمْ قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ لَّنَآ

اور پار اتارا ہمنے بنی اسرائیل کو دریا سے تو وہ پہونچے ایک لوگ پر کہ پوجنے مین لگ رہے تھے اپنے بتون کے بولے اے موسی بنادے

اِلٰهًا کَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ قَالَ اِنَّکُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝

ہمکو بھی ایک بت جیسے انکے بت ہین کہا تم لوگ جہل کرتے ہو یہ لوگ جو ہین انہین تباہ ہونا ہے جس کام مین لگے ہین اور غلط ہے جو کر رہے ہین

جب فرعون دریائے قلزم مین مع اپنے لشکر کے غرق ہوکر ہلاک ہوگیا اور حضرت موسے بنی اسرائیل کو ساتھ لئے ہوئے پار ہوگئے تو ان لوگونکا گذر شہر رقہ مین ہوا جو اوسی دریا کے کنارہ پر واقع ہے یہان قبیلہ کنعانی کے لوگ جنسے موسے علیہ السلام کو لڑنے کا حکم ہوا تھا مورتین پوج رہے تھے گائے کی شکل کے بت بنا رکھے تھے جنکی وہ لوگ پوجا کیا کرتے تھے

انہین بت پوجتے ہوئے دیکھکر بنی اسرائیل نے بھی موسے علیہ السلام سے درخواست کی کہ آپ بھی ہمارے لئے بت بنادین ہم بھی اُسی طرح اُن بتونکی پوجا کرینگے جس طرح یہ لوگ مورتین پوج رہے ہین موسے علیہ السلام نے کہا تم لوگ کیسے جاہل ہو خدا کی عظمت اور اُسکے جلال کو نہیں پہچانتے ہو بت پرستی کے سبب سے ابھی قوم فرعون پر کیسے کیسے سخت عذاب دیکھہ چکے ہو پھر ایسی بات منہہ سے نکالتے ہو یہ لوگ جس شغل میں ہین اور جن بتونکو پوج رہے ہین یہ سب نیست و نابود ہونے والے ہین اُنکا عمل سراسر بے ٹھکانے اور اُنکا دین محض غلط ہے مطلب یہ ہے کہ بت پرستی کے وبال میں ان لوگون پر کوئی عذاب الٰہی آجاویگا تو اُس سے اُنکے بت اُنکو بچا نہیں سکتے پھر اس طرح کی بے اختیار چیز کی پوجا سے کیا فائدہ ہے ایسی بے فائدہ چیز کی عبادت کی خواہش کا پیش کرنا نادانی اور جہالت کی خواہش ہے صحیح بخاری وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباس کی حدیث ہے جسکی ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ حضرت نوح کے نبی ہونے سے پہلے اُس قوم مین کچھہ نیک لوگ تھے اُنکا انتقال ہوگیا جس سے قوم کے لوگونکو بڑا رنج ہوا شیطان نے قوم کے لوگون کے دل میں یہ وسوسہ ڈالا کہ اُس قوم کے لوگ اگر اُن نیک لوگون کی مورتین بناکر اپنی آنکھون کے روبرو رکھین تو آنکھون کے سامنے سے اون نیکون کے دنیا سے اوٹھہ جانے کا رنج کچھہ کم ہوجاویگا چنانچہ قوم کے لوگون نے اس وسوسہ کے موافق عمل کیا آخر رفتہ رفتہ اون مورتونکی پوجا ہونے لگی اس شرک کے مٹانے کے لئے حضرت نوح نبی ہوکر آئے اور ساڑھے نو سو برس تک ان بت پرست لوگون کو نصیحت کرتے رہے لیکن ان لوگون پر اُس نصیحت کا پورا اثر نہین ہوا۔ اس حدیث کو ان آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شیطان نے اپنے ایک طرح کے وسوسے جس طرح دنیا میں بت پرستی پھیلائی اوسی طرح کا وسوسہ بنی اسرائیل کے دلون مین ڈالدیا کہ بت پرست لوگون کو بتونکی پوجا سے ضرور کچھہ نہ کچھہ فائدہ پہونچا ہوگا جسکے سبب سے بت پرستی دنیا مین چلی آئی ہے اسی وسوسہ کے اثر سے بنی اسرائیل نے حضرت موسے علیہ السلام سے اپنی وہ خواہش ظاہر کی جسکا ذکر ان آیتونمین ہے لیکن حضرت موسے علیہ السلام نے نصیحت مناسب سے بنی اسرائیل کے اُس وسوسہ کو رفع فرمادیا

منزل ۲

قَالَ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِيكُمْ إِلَٰهًا وَهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

کہا کیا اللہ کے سوا لادون تمکو کوئی معبود اور اسی نے تم کو بزرگی دی سب جہان پر

پھر موسے علیہ السلام نے اپنی قوم بنی اسرائیل سے نصیحت کے طور پر یہ کہا کہ کیا خدا کے سوا کوئی اور معبود مین تمہارے لئے تلاش کرون بڑے حیف کی بات ہے کہ جس خدا نے تمہین ذلت و رسوائی سے رہائی دی فرعون اور قبطی تمہین خوار و ذلیل سمجھتے تھے قیدیون کی طرح تمہین نظر بند کر رکھا تھا اوس صاحب قدرت نے اونکے پنجے سے تمکو چھڑایا اور اون دشمنونکو غارت کرکے تمہارے کلیجے کو ٹھنڈا کیا اور پھر تم پر یہ فضل کیا کہ اونکی سلطنت تمہین بخشی تمہین روئے زمین کا خلیفہ بنایا اوسے چھوڑکر اوروں کی عبادت کب زیبا ہے کیا اُسکے انعام اور فضل کا یہی شکر اور مقابلہ ہے جسکا وسوسہ تمہارے دل مین گذرا ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی یہ بڑی بردباری ہے جو وہ مشرک لوگونکے رزق کا سامان کرتا ہے اونکو صحت و تندرستی سے رکھتا ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ شرک ایسا بڑا جرم ہے کہ اُسکی سزا میں مشرک لوگونکا رزق اور تندرستی کا انتظام غیب سے نہوتا تو بجا تھا لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی بڑی بردباری ہے کہ وہ ایسے لوگون کے رزق اور تندرست رہنے کا انتظام فرماتا ہے۔ اس آیت مین بت پرستی کا جو ذکر ہے اوسکی مذمت کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے اور اس کی تفسیر ہے کہ باوجود شرک کے مشرک لوگونپر فوراً کوئی آفت کیون نہین آتی +۔

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَ

اور وہ وقت یاد کرو جب بچانکالا ہمنے تمکو فرعون والونسے دیتے تھے تمکو بڑی مار مارڈالتے تمہارے بیٹے اور

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝

جیتی رکھتے تمہاری عورتین اور اس مین احسان ہے تمہارے رب کا بڑا ۱۶ ع ۱۳ ۶

یہ بات موسے علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے نصیحت کے طور پر کہی کہ وہ وقت یاد کرو جب فرعون تم سے بُری طرح پیش آتا تھا تمہارے لڑکے قتل کردیا کرتا تھا اور لڑکیان زندہ چھوڑ دیا کرتا تھا کیا یہ خدا کا احسان تم پر نہین ہے کہ اُسنے تم کو اوس بلا سے چھوڑایا اور جب اُسکا اتنا بڑا احسان تمپر ہے تو عبادت بھی اوسکی واجب ہے غیر کی تعظیم اور عبادت تم کو ہرگز لائق نہیں ہے اس بیہودہ سوال سے باز آؤ اس آیۃ کی تفسیر سورہ بقر مین مفصل گذر چکی ہے صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ جس اللہ نے انسان کو پیدا کیا اُسکے احسانات کو بھولکر جو لوگ اللہ کی عبادت اور تعظیم مین غیرونکو شریک کرتے ہین ایسے لوگونسے بڑھکر دنیا مین مجرم اور گنہگار نہیں اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسے علیہ السلام کی خدمت مین جو خواہش پیش کی تھی وہ بڑی مجرمانہ اور ناشکرگذاری کی خواہش تھی اسی واسطے حضرت موسے علیہ السلام نے اللہ تعالے کے احسانات بنی اسرائیل کو یاد دلاکر اس خواہش کے وسوسہ سے بنی اسرائیل کو ڈرایا۔ منزل ۲

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ

اور وعدہ ٹھیرایا ہمنے موسے سے تیس رات کا اور پورا کیا اُنکو اور دس سے تب پوری ہوئی مدت تیرے رب کی چالیس رات اور کہا

مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

موسے نے اپنے بھائی ہارون کو میرا خلیفہ رہ میری قوم مین اور سنوار اور نہ چل بگاڑنے والون کی راہ

اللہ پاک نے بنی اسرائیل پر اپنا احسان اس بات کا جتلایا کہ ہم نے تمہارے نبی موسے علیہ السلام سے باتین کین اور اون کو تمہاری ہدایت کے لئے توریت دی یہ بھی فرمایا کہ ہم نے موسے سے تیس راتون کا وعدہ کیا تھا اور پھر چالیس راتین پوری کرنے کو کہا یہانپر مفسرون نے یہ بیان کیا ہے کہ ذیقعدہ کی پہلی تاریخ سے موسے چلہ مین بیٹھے تھے دن کو روزہ رکھتے تھے

جب تیس راتین پوری ہوگئین تو اونھون نے روزے کی حالت مین مسواک کی اور منہہ کو صاف کیا کیونکہ روزہ دارون کے منہہ سے ایک طرح کی بو آنے لگتی ہے جسکو اللہ پاک مشک کی خوشبو سے اچھا سمجھتا ہے چنانچہ صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ روزہ دار کے منہہ کی بو اللہ پاک کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پاکیزہ ہے غرضکہ موسے علیہ السلام کے مسواک کرنے پر اللہ تعالی نے اور دس راتین چلے مین بڑہا دین تاکہ روزہ رکھنے سے پہروہی بو پیدا ہو جائے جب چالیس راتین پوری ہوگئین تو ذالحج کی دسوین تاریخ کو اللہ پاک نے موسے علیہ السلام سے باتین کین اور جب موسے علیہ السلام چلہ پورا کرنے جانے لگے تھے تو اونھون نے اپنے بڑے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کو خلیفہ بنا کر یہ کہا تھا کہ بنی اسرائیل کی میرے پیچھے خبر گیری رکھی جاوے کہ کوئی فساد نہ ہونے پاوے اگر کوئی فساد برپا کرے تو اوسکی طرفداری تم نہ کرنا اونکی قوم بنی اسرائیل اس عرصہ مین بھک گئے اور تیس راتین گذرنے کے بعد بنی اسرائیل نے موسے علیہ السلام کا انتظار نہ کیا اور بچھڑے کی پوجا شروع کردی جسکا قصہ سورہ بقر مین گذر چکا ہے اور اس سورۃ مین بھی آگے آویگا صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے سورہ نسا مین عبد اللہ بن مسعود کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے بڑھ کر عذر معذرت کا قبول کرنے والا کون ہو سکتا ہے جس نے احکام شرع کی انجانی رفع کرنے کے لئے رسولونکو بھیجا کتابین نازل فرمائین اس حدیث کو آیت کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جب تک بنی اسرائیل کو فرعون کی قید سے نجات نہیں ملی تھی جسکے سبب سے اونکو شریعت موسوی پر پورا پورا عمل نہ کرنے کی عذر کا موقع تھا اسوقت تک اللہ تعالی توراۃ نازل نہین فرمائی جب فرعون اور اوسکی قوم کی ہلاکت کے سبب سے بنی اسرائیل کے اس عذر کا موقع باقی نہین رہا تو اللہ تعالی نے اپنے رسول موسے علیہ السلام کو کوہ طور پر بلایا اور اونکی چالیس روز کی عبادت کے بعد اونپر توراۃ نازل فرمائی تاکہ بنی اسرائیل کو شریعت موسوی کے احکام معلوم ہو جاوین اور اون احکام کی انجانی کا عذر باقی نرہے صحیح بخاری وغیرہ کے حوالہ سے سورہ نسا مین ابو ہریرہ کی یہ حدیث بھی گذر چکی ہے کہ جس شخص کی عمر ساٹھ برس کی ہوگئی اوسکو دین کے جان لینے کا پورا موقع مل گیا اسلئے ایسے شخص کا انجانی کا عذر قیامت کے دن بارگاہ الٰہی مین قبول نہ ہوگا اس حدیث کو بھی آیت کی تفسیر مین یہ دخل ہے کہ اس سے ہر ایک شریعت کے جان لینے کی آخری حد معلوم ہوتی ہے۔

منزل ۲

وَلَمَّا جَآءَ مُوسٰى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ

اور جب پہنچا موسی ہمارے وقت پر اور کلام کیا اس سے اسکے رب نے بولا اے رب تو مجکو دکھا کہ مین تجکو دیکھون کہا تو مجکو ہرگز نہ دیکھ سکیگا

انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا

لیکن دیکھتا رہ پہاڑ کی طرف جو وہ ٹہیرا اپنی جگہ تو آگے تو دیکھے گا مجکو پھر جب نمودار ہوا رب اسکا پہاڑ کی طرف کیا اوسکو ڈہا کر برابر

وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور گر پڑا موسے بیہوش پھر جب چونکا بولا تیری ذات پاک ہے میونے توبہ کی تیرے پاس اور مین سب سے پہلے یقین لایا

جب موسے علیہ السلام چلہ پورا کرچکے تو وقت مقرر پر خدا کے حکم سے کوہ طور پر گئے اللہ پاک نے اپنے پیغمبر حضرت موسیٰ علی نبینا علیہ السلام سے بلا واسطہ کسی فرشتے کے باتین کین موسے علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے رب جب تو نے مجھ سے کلام کیا تو اب آپکو مجھے دکھلا بھی دے مین تجھے دیکھنا بھی چاہتا ہون اللہ جل شانہ نے فرمایا اے موسی اس خیال سے باز آ تجھ مین یہ طاقت نہین ہے کہ تو مجھے دیکھ سکے پہاڑ جو تجھ سے کہین مضبوط اور سخت ہے تو اُسے دیکھتا رہ کہ وہ بھی میرے جلوہ کی مطلق تاب نہین رکھتا اگر یہ پہاڑ میرے جلوہ کے بعد قائم رہگیا تو جان لیجیو کہ تو مجھے دیکھ سکے گا پھر جب خدا کی تجلی ہوئی تو پہاڑ چکنا چور ہوگیا اور موسےؑ بھی مارے دہشت کے بیہوش ہوگئے ۔ معتزلہ اور دوسرے اکثر فرقے اس بات کے قائل ہیں کہ خدا کا دیدار ہرگز نہیں ہوسکتا نہ دنیا مین نہ آخرت مین اور دلیل اسی آیۃ سے پیش کرتے ہیں کہ اللہ نے موسے علیہ السلام سے لن ترانی فرمایا جسکے معنے یہ ہیں کہ تو کبھی نہین دیکھ سکتا مگر یہ بات محض غلط ہے خود قرآن مجید کی دوسری آیتین اور حدیثین اسبات کی شاہد ہیں کہ آخرت مین مومنونکو خداوند عزوجل کا دیدار نصیب ہوگا البتہ کفار اس نعمت سے محروم رہیں گے انکے واسطے یہ حکم ہوا ہے کہ یہ لوگ اپنے رب سے اوٹ میں ہونگے موسے علیہ السلام کی بیہوشی کے متعلق دو حدیثین وارد ہوئی ہیں ایک کے راوی ابو سعید خدریؓ ہیں اور دوسرے کے ابو ہریرہؓ ابو سعید خدری حدیث بخاری مسلم اور ابو داؤد نے بیان کی ہے اور ابو ہریرہؓ کی امام احمد نے نقل کی ہے دونون کا مطلب قریب قریب ہے ایک صحابی جو انصارین سے تھے اور ایک یہودی ان دونون مین جھگڑا ہوا صحابی نے یہودی کو ایک طمانچہ مارا وہ روتا ہوا حضرت رسول خدا صلعم کے پاس آیا اور آپسے شکایت کی کہ فلان صحابی نے مجھے طمانچہ مارا ہے فرمایا اُسکو بلاؤ جب وہ صحابی آئے تو پوچھا تو نے کیون مارا اون صحابی نے بیان کیا کہ اس یہودی نے کہا تھا کہ اللہ پاک نے موسے علیہ السلام کو سارے بنی آدم سے افضل بنایا ہے مین نے کہا کہ کیا ہمارے رسول پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اور مجھے اس بات پر غصہ آگیا مین نے ایک طمانچہ اسکے مارا آپ نے فرمایا کہ تم لوگ انبیاء کے درمیان مجھے سب سے بہتر نہ سمجھو قیامت کے دن جب سارے لوگ بیہوش ہوجاوین گے تو سب سے پہلے مین ہوش مین آؤنگا اور موسے علیہ السلام اوسوقت عرش کا پایا پکڑے ہوئے کھڑے ہونگے مجھے خبر نہیں کہ وہ مجھ سے پہلے ہوش مین آئینگے یا کوہ طور پر بیہوش ہوجانے کے عوض مین وہان بیہوش ہی نہیں ہونگے بہرحال جب موسے علیہ السلام کو غشی سے افاقہ ہوا اور ہوش مین آگئے تو اللہ پاک کی پاکی بیان کی کہ اے اللہ تو پاک ہے اور مین توبہ کرتا ہون کہ پھر تجھ سے سوال کرون کہ مین دنیا مین تیرے دیدار کی خواہش رکھتا ہون اور مین پہلا شخص اس زمانہ مین ہون جو اسبات پر ایمان لاتا ہون کہ تیرا دیدار اس دنیا فانی مین کسی کو میسر نہیں ہوسکتا اس آیۃ مین یہ جو ذکر ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام سے اللہ تعالی نے بلا واسطہ کلام کیا معتزلے فرقے کو اس مین یہ شبہہ ہے کہ عادت کے طور پر کلام اور بات چیت کرنے کے لئے مونہہ ہونٹ اور زبان کی ضرورت ہے اللہ تعالی ان اعضا اور جسم سے پاک ہے اسلئے اللہ تعالی کے بلا واسطہ کلام کرنے کا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالی کسی چیز مین گویائی کی قوت پیدا کردیتا ہے جس گویائی سے سننے والا اللہ تعالی کے کلام کے مطلب کو سمجھ جاتا ہے چنانچہ کوہ طور کے

منزل ۲

پاس جو پیڑ تھا اُس مین اللہ تعالی نے گویائی کی قوت پیدا کردی تھی اُسی کو موسی علیہ السلام نے سنا اوسی کا ذکر اس آیۃ اور اس قسم کی اور آیتون مین ہے اہل سنت نے معتزلی فرقے کے اس قول کو کئی طرح سے غلط ٹھرایا ہے۔

(۱) سورہ یٰس مین آویگا کہ بعضے لوگ قیامت کے دن جب اپنے بُرے کامون کا انکار کرینگے تو اللہ تعالے کے حکم سے اُن لوگون کے ہاتھ پاؤن اون بُرے کامون کی گواہی دین گے اسی طرح صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ کی حدیث اس مضمون کی ایک جگہ گذر چکی ہے اس صحیح حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر کلام کرنے والے کے لئے منہہ ہونٹ اور زبان کی ضرورت نہین ہے۔

(۲) کسی چیز مین گویائی کی قوت کے پیدا کردینے کو اللہ تعالی کا کلام کہا جاوے تو ہر انسان مین گویائی کی قوت اللہ تعالی کی پیدا کی ہوئی ہے جس سے یہ لازم آتا ہے کہ نعوذ باللہ من ذلک ہر انسان کے کلام کو اللہ کا کلام کہا جاویگا

(۳) کوہ طور کے پاس کے درخت سے جب اللہ تعالے نے انی انا اللہ کہوایا تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ نعوذ باللہ من ذلک خود وہ درخت خدا ٹھرا اور گویا خود اللہ تعالے نے اپنے رسول موسے علیہ السلام کو یہہ شرک سکھایا کہ وہ اس درخت کو اپنا معبود سمجھین۔

(۴) اُس پیڑ کی گویائی کو اللہ تعالی کا کلام کہا جاوے تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ بنی اسرائیل کا مرتبہ حضرت موسے علیہ السلام سے بڑھ کر ٹھرے کیونکہ موسے علیہ السلام نے گویا توراۃ فقط ایک درخت سے سنی اور بنی اسرائیل نے اللہ کے رسول موسے علیہ السلام سے سنی۔ منزل ۲

(۵) باستثنا گونگے شخص کے ہر ایک انسان اپنی ذات سے کلام کرنے پر قادر ہے معتزلی فرقہ کے اعتقاد کے موافق اگر اللہ تعالی میں یہ قدرت نہ ہو تو اللہ تعالی کی قدرت مین یہ بڑا نقصان لازم آتا ہے۔

اسکے سوا اور وجوہات بھی اہل سنت نے معتزلے فرقے کے اعتقاد کو غلط ٹھرانے کی بیان کی ہیں جنکی تفصیل بڑی کتابون میں ہے غرض اہل سنت کا اعتقاد یہ ہے کہ اللہ تعالی ہر وقت اپنی ذات سے بلا واسطہ کلام کرنے پر قادر ہے جسطرح اُس نے وقت پر حضرت آدم اور حوا کے گیہون کھانے پر اپنے بلا واسطہ کلام سے پکار کر اون دونون کو الزام دیا اُسی طرح اوسنے وقت پر حضرت موسے علیہ السلام سے باتین کین اور جس طرح اُسکی ذات اور اُسکی باقی کی صفات کی تفصیلی کیفیت ہمین معلوم نہیں اوسی طرح اوسکی صفت کلام کا تفصیلی حال بھی ہم کو معلوم نہیں صحیح بخاری و مسلم مین عدی بن حاتم کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالی ہر ایک شخص سے بلا واسطہ کلام کریگا اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر اور اہل سنت کے مذہب کی تائید مین بڑا دخل ہے فرقہ معتزلے فرقہ خارجیہ اور مرجیہ کے بعضے لوگ جو اس بات کے قائل ہین کہ اللہ تعالی کا دیدار دنیا اور عقبے دونون جگہ ممکن نہیں ہے ان لوگون نے سورہ انعام کی آیۃ لاتدرکہ الابصار سے اپنے قول کی تائید نکالی ہے اور اہل سنت نے عقلی اور نقلی طور پر اُس تائید کو ضعیف

ٹھہرایا ہے جسکی پوری تفصیل بڑی کتابون مین ہے صحیح بخاری و مسلم مین جریر بن عبداللہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح چاند کو سب لوگ دیکھتے ہیں اسی طرح عقبے مین ایماندار لوگ اللہ تعالی کو دیکھین گے اوپر جن منکرین دیدار الٰہی کا ذکر گذرا ان لوگون کے قول کا ضعف اس حدیث سے اور اسی مضمون کے قریب اونیس حدیثین اور جو ہین اُنسے ثابت ہوتا ہے - کیونکہ ان لوگون نے قرآن سے وہ مطلب نکالا ہے جو اللہ کے رسول نے نہین نکالا اب یہ تو ظاہر بات ہے کہ ان منکرین دیدار الٰہی مین کا بڑے سے بڑا کوئی عالم بھی قرآن کا صحیح مطلب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر نہیں سمجھ سکتا -

قَالَ يٰمُوسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِى وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ

فرمایا اے موسی مینے تجکو امتیاز دیا لوگون سے اپنے پیغام بھیجنے کا اور اپنے کلام کرنیکا سو لے جو مینے تجکو دیا اور شاکر رہ

پھر اللہ پاک نے موسے علیہ السلام سے یہ فرمایا کہ مین نے موجودہ زمانہ مین سارے لوگون مین تمہین منتخب کرکے رسول بنایا اور توریت تمہین دی اور تم سے مین نے کلام کیا تم اس بات کا شکریہ ادا کرو اور اس بات کا خیال نکرو کہ مین نے تمہین اپنے دیدار سے منع کیا اور اپنے دیکھنے سے تمہین باز رکھا کیونکہ بجائے دیدار کے مین نے یہ نعمتین تمہین دین تم انکو لیکر خوش ہو جاؤ گویا اس کلام سے موسے علیہ السلام کو تسلی دی گئی بعض مفسرون نے یہان یہ بات بیان کی ہے کہ موسے علیہ السلام کو اللہ پاک کی تجلی کا اتنا اثر ہوا کہ انکا چہرہ ایسا منور ہو گیا تھا کہ کوئی شخص اونکے چہرہ کی طرف دیکھنے کی تاب نہیں لاتا تھا اسی واسطے اُسوقت سے اُنھون نے اپنے چہرہ پر نقاب کا ڈالنا اختیار کیا تھا ایک روز اُنکی بی بی نے کہا کہ بس روز سے آپ کوہ طور پر گئے اور خدا سے باتین کرکے آئے مین نے آپکا چہرہ نہین دیکھا آپنے نقاب کو اوٹھا دیا فوراً ایک آفتاب سا چمک گیا اور اُنکی بیوی نے اپنا ہاتھ اپنے آنکھو پر رکھ لیا اور سجدہ مین گر پڑین اور کہنے لگین کہ آپ خدا سے دعا کیجئے کہ اللہ پاک جنت مین بھی مجھے آپکی بیوی بنا دے موسے علیہ السلام نے کہا کہ ایسا ہی ہوگا اگر تو میرے بعد دوسرا نکاح نکریگی کیونکہ عورت قیامت مین دوسرے شوہر کے واسطے ہوگی جن چھ باتون کے سبب سے اللہ تعالی نے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کو اور سب نبیو پر فضیلت دی ہے وہ باتین صحیح مسلم کی ابو ہریرہ کی حدیث کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہی غرض جو مرتبہ آپکا اللہ تعالی کے نزدیک ہی وہ اس حدیث سے اور اسی قسم کی اور حدیثون سے معلوم ہو سکتا ہی اور اُس سے یہ بھی معلوم ہو سکتا ہی کہ حضرت موسی علیہ السلام کا امتیاز خاص اُسی وقت کے لوگون پر تھا

وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ

اور لکھدی ہمنے اسکو تختون پر ہر چیز میں نصیحت اور بیان ہر چیز کا سو پکڑ اونکو زور سے

وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۚ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

اور کہہ اپنی قوم کو کہ پکڑے رہین اُسکی بہتر باتین اب مین تمکو دکھاؤنگا گھر بیحکم لوگون کا

منزل ۲

علمائے مفسرین نے ان تختیون کی تفسیر مین بڑا اختلاف کیا ہے بعضے کہتے ہین یہ تختیان یاقوت کی تھین اور بعضے کہتے ہین زبرجد کی تھین اور بعضے اور چیزون کی بتلاتے ہیں پھر یہ بھی اختلاف ہے کہ اون تختیون پر توریت ہی لکھی ہوئی تھی یا توریت کے علاوہ دوسری کچھہ نصیحتین اور احکام تھے اور یہ بھی اختلاف ہے کہ بنی اسرائیل کے بچھڑے کو پوجنے پر حضرت موسے کو جو غصہ آیا اور اُس غصہ مین حضرت موسے نے اون تختیون کو زمین پر پٹخ دیا تو وہ تختیان ٹوٹ گئین یا ثابت رہین رفع اس اختلاف کا یہ ہے کہ یہ سب اختلاف بنی اسرائیل کی مختلف روایتون کی وجہ سے ہے اور بنی اسرائیل کی روایتون کے باب مین وہ دو صحیح حدیثین آئی ہیں ایک حدیث مین تو آپ نے یہ فرمایا ہے کہ بنی اسرائیل کی روایتون کی نہ تم تصدیق کرو نہ اونکو جھٹلاؤ دوسری حدیث مین آپنے یہ فرمایا ہے کہ بنی اسرائیل سے روایتہ لینے مین کچھہ حرج نہیں ہے اور بنی اسرائیل کی روایتون کے تین حال ہیں یا اونکی روایتہ قرآن حدیث کے موافق ہے یا مخالف یا شرع محمدی اُس روایتہ کے مسئلہ کے بیان سے بالکل ساکت ہے اب اکابر علمائے سلف نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ اوپر کی دونو حدیثین تیسری قسم کی روایتہ اہل کتاب سے متعلق ہیں کیونکہ اول قسم کی تصدیق اور دوسری قسم کی تکذیب ضروریات دین سے اب اوپر کی اس آیتہ کی تفسیر کا یہ اختلاف کہ ان تختیون پر توریت کے علاوہ کچھہ احکام لکھے ہوئے تھے قرآن شریف کے مضمون کے خلاف ہے کیونکہ قرآن شریف کا مضمون یہ ہے کہ اللہ تعالے نے حضرت موسے کو رسالت کیلئے چھانٹا اور بالتفصیل احکام ان تختیون پر لکھکر رسالت کے لئے حضرت موسے کو دئے اور قرآن شریف کی بہت سی آیتون سے یہ ثابت ہے کہ سوا توریت کے اور کوئی تفصیلی احکام کی کتاب اللہ تعالی نے رسالت کے لئے حضرت موسے پر نہیں نازل فرمائی اس لئے یہ اختلاف قسم دوم مین داخل ہو کر نا معتبر ہے رہا یہ اختلاف کہ وہ تختیان کس چیز کی تھین اور حضرت موسے نے جب غصے سے اون تختیون کو زمین پر پٹخ دیا تو وہ تختیان ٹوٹ گئین یا ثابت رہین اگرچہ یہ اختلاف قسم سوم مین داخل ہے لیکن آیتہ کی تفسیر مین خود یہ بات داخل نہین ہے پھر اُس مین اختلاف کرنا تفسیر کے علاوہ اور تاریخی بات ہے شریعت کے بہتر احکام پر عمل کرنے کی ہدایت جو اللہ تعالی نے فرمائی ہے اسکے یہ معنے ہیں کہ شریعت مین جہان دو حکم ہون مثلاً ظالم سے بدلا لینا اور صبر کرنا ان دونون حکمون مین زیادہ اجر کی بات پر عمل کرو تاکہ زیادہ اجر پاؤ۔ اب مین تمکو دکھاؤن گہر بحکم لوگونکا یہ آیتہ کے آخر مین اللہ تعالی نے بنی اسرائیل کو تنبیہ فرمائی ہے کہ جس طرح اس آیتہ مین توراۃ کے موافق عمل کرنے کا حکم ہے اوس حکم کی تعمیل اگر یہہ لوگ نہ کرین گے تو مصر سے شام کے ملک کو جاتے وقت انکو قوم عاد اور ثمود کی اُجڑی ہوئی بستیان ملین گی اون بستیون کو دیکھکر انھین بیحکمی کے نتیجہ سے ڈرنا چاہیئے اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے بنی اسرائیل نے جب بیحکمی پر کمر باندہی تو اونپر طرح طرح کی آفتین آئین اونکی بادشاہت ثروت سب کچھہ جاتا رہا صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابن عمرؓ کی حدیث گذر چکی ہے کہ تبوک کے سفر کے وقت جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر ثمود کی بستی پر سے ہوا تو آپ خود بھی خوف زدہ ہوگئے اور صحابہ کو بھی عذاب الٰہی کے خوف سے ڈرایا۔ اس حدیث کو آیتہ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتہ اگرچہ بنی اسرائیل کی شان مین ہے لیکن آیتہ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اب بھی جس بستی

منزل ۲

یں قحط وبا یا کوئی اور عام مرض ہو تو اور بستیوں کے لوگونکو اس عذاب الٰہی سے ڈرنا اور گناہ ہونسے توبہ استغفار مناسب ہے۔

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ

یں پھیر دونگا اپنی آیتونسے اُنکو جو بڑائی ڈھونڈھتے ہیں ملک میں ناحق اور اگر دیکھیں ساری نشانیان

لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ

تبھی نہ کرین اونکو اور اگر دیکھین راہ سنوار کی نہ ٹھہرادین اوسے راہ اور اگر دیکھین راہ الٹی اوس کو

يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝

ٹھہرادین راہ یہ اسواسطے کہ اُنھون نے جھوٹ جانین ہماری آیتین اور ہوے اُنسے بے خبر

اللہ پاک نے اس آیۃ مین ذکر کیا کہ جو لوگ ایسی بات پر اڑے ہوئے ہیں جو حق نہین ہے مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اپنے ناحق دین پر غش ہیں اُنکے دلکو ہم اپنی نشانیونکے سمجھنے سے پھیر دین گے اور اُنکے دلونپر مہر لگا دینگے یہانتک کہ اگر ہزارہا نشانیان اور معجزے بھی وہ دیکھین گے تو اونکو اختیار نہین کرینگے اور اگر گمراہی کی راہ دیکھ پاوین گے تو جھٹ اُسکو اختیار کرلین گے پھر فرمایا کہ انکا گمراہ رہنا اور ہدایت کو نہ اختیار کرنا صرف اسوجہ سے ہے کہ وہ ہماری آیتون کو جھٹلاتے ہیں اور اُنسے بالکل غافل ہیں مفسرین کے اس آیۃ کی تفسیر مین کئی قول ہیں بعضون کا قول یہ ہے کہ آیات سے مراد قرآن پاک ہے گویا اللہ جل شانہ نے یہ فرمایا ہے کہ قرآن کے سمجھنے سے انکے دلون کو پھیر دین گے اور بعضے کہتے ہیں کہ زمین و آسمان اور کل مخلوق جو اُس کی وحدانیت پر ظاہر ثبوت ہے وہ مراد ہے اور کسی نے یہ کہا ہے کہ ایمان سے پھیر دیوین گے وہ ہرگز اون آیات کی تصدیق نہین کرینگے۔ ترمذی وغیرہ کی ابوہریرہ رض کی صحیح حدیث گذر چکی ہے کہ کثرت گناہون سے آدمی کے دل پر زنگ لگجاتا ہے جسکے سبب سے کسی نصیحت کا اثر اُسکے دل پر نہین ہوتا یہ حدیث نیک کام سے دل کے پھر جانے کی گویا تفسیر ہے اور آیۃ سے مراد سب نیک باتین ہیں +۔

منزل ۲

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

ع ۱۶

اور جنہون نے جھوٹ جانین ہماری آیتین اور آخرکی ملاقات ضایع ہوئین اُنکی محنتین وہی بدلا پاوین گے جو کچھ عمل کرتے تھے

عملون کے اکارت ہوجانے پر بعضے مفسرین کو یہ شبہ پیدا ہوا ہے کہ آیۃ فمن یعمل مثقال ذرۃ مین جب اللہ تعالی نے یہ فرمادیا ہے کہ ذرہ برابر بھی نیکی یا بدی جو کوئی دنیا مین کریگا قیامت کے دن وہ سب اوسکو دکھلائی جاوین گی پھر جبکہ کچھ اچھے عمل ابھی سے ناپیدا ہوگئے یا بُرے عمل توبہ یا کسی دوسرے اچھے کام کے سبب سے معاف ہوگئے تو ذرہ ذرہ برابر نیک کام اور بد کام قیامت کے دن دیکھنے کا ہر شخص کو موقع کیونکر باقی رہویگا جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ قیامت کے دن کا نام یوم الجزا ہے نیکی بدی کے جزا و سزا کے اُس دن دکھلائے جانے کے یہ معنے ہیں کہ نیکی و بدی کی جزا و سزا اُس دن ہر آدمی کے سامنے آویگی اور یہ ظاہر بات ہے کہ ناپیدا بھی اور معاف بھی ایک جزا ہے جس کے عمل ناپیدا معاف ہونگے وہی جزا اوسکو دکھلادی

جاوینگی۔ معتبر سند سے مسند بزار اور طبرانی مین انس بن مالک کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن سر بمہر اعمال نامے کھولے جاکر اللہ تعالی کے روبرو پیش ہونگے اور اسی پیشی کے بعد جن عملون مین ریاکاری کا کچھ لگاؤ ہوگا وہ عمل پھینکدئے جاوین گے اور خالص نیت کے عمل قبول کرلئے جاوین گے۔ ابوداؤد اور نسائی کے حوالہ سے ابوامامہ کی حدیث گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر خالص نیت کے عمل کے کوئی عمل بارگاہ الٰہی مین مقبول نہین ہوسکتا اس آیہ مین عملون کے ضائع ہوجانے کا جو ذکر ہے یہ حدیثین گویا اسکی تفسیر ہیں کیونکہ آیۃ اور ان حدیثون کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شرک اور ریاکاری یہ دونون عملون کے ضائع ہونے کا سبب ہیں کسلئے کہ ریاکاری بھی ایک قسم کا شرک ہے چنانچہ معتبر سند سے مسند امام احمد مین محمود بن لبید کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ریاکاری کو چھوٹا شرک فرمایا ہے معتبر سند سے صحیح ابن خزیمہ مین محمود بن لبید کی دوسری حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نیک کام لوگون کے دکھاوے کے لئے کیا جاوے وہی ریاکاری اور وہی خفیہ شرک ہے اگرچہ بعضے علما کو محمود بن لبید کے صحابی ہونے مین کلام ہے لیکن امام بخاری اور ابن عبدالبر نے ان محمود کو صحابی قرار دیا ہے۔

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسٰى مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۭ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

اور بنالیا موسی کی قوم نے اوسکے پیچے اپنے زیور سے بچھڑا ایک دھڑ اوس مین گائے کی آواز یہ نہین دیکھا اونھون نے کہ وہ انسے

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ

بات نہین کرتا اور نہ دکھاوے راہ اونھون نے اسکو ٹھیرالیا اور وہ تھے بے انصاف اور جب پچھتائے اور سمجھے کہ ہم

قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

بہکے کہنے لگے کہ اگر نہ رحم کرے ہمپر رب ہمارا اور نہ بخشے تو بیشک ہم خراب ہون گے

موسے علیہ السلام طور پر ہی تھے جب یہ واقع ہوا جسکو اللہ پاک نے بیان فرمایا کہ موسے کی قوم بنی اسرائیل نے ایک گائے کا بچھڑا بنایا اور وہ اوسکو پوج کر گمراہ ہوگئے قوم بنی اسرائیل نے شادی کے بہانہ سے جب یہ لوگ مصر میں ہی تھے تو قوم قبط سے کچھ زیور عاریۃ کے طور پر لیا تھا جو انہین لوگون کے پاس رہگیا کیونکہ فرعون مع اپنی قوم کے غرق ہوکر ہلاک ہوگیا اسی زیور کا سامری نے ایک گائے کا بچھڑا بنایا اور جبرئیل علیہ السلام کو آتے جاتے دیکھکر اونکے گھوڑے کے قدم کے نیچے کی مٹی ایک مٹھی اوٹھاکر اس گائے کے بچھڑے کے مونہہ میں ڈالدی وہ بولنے لگا خوار گائے کی آواز کو کہتے ہیں اس گائے کے بچھڑے کے بدن کے متعلق مفسرین کے دو قول ہیں ایک تو یہ ہے کہ اس مٹی کے اثر سے اوسکا دھڑ گوشت کا اور جاندار ہوگیا جیسے اصلی گائے ہوتی ہے اسلئے وہ بچھڑا بولنے بھی لگا قتادہ کا بھی یہی قول ہے اور بعضے یہ کہتے ہین کہ اسکا جسم سونے کا جون کا تون رہا اور اسمین روح وغیرہ کچھ نہ تھی اسکے منہ کے اندر ہوا کی آمد و رفت سے گائے کی سی آواز نکلتی تھی اور بعضون نے یہ بھی کہا ہے کہ اس میں حرکت وغیرہ کچھ نہ تھی پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ ان لوگون نے یہ بھی نہ سوچا

کہ وہ لوگ ایسی شی کو معبود ٹھہراتے ہیں جسمین بات کرنے کی طاقت نہیں ہے اور نہ کوئی نفع ضرر اس سے پہونچ سکتا ہے اور نہ یہ کوئی رستہ نجات کا تبلا سکتی ہے پھر فرمایا کہ وہ لوگ اس کام میں بڑے ظالم اور ناانصاف تھے پھر جب موسے علیہ السلام کوہ طور سے واپس آئے تو یہ لوگ پشیمان ہوئے اور پچتائے اور سمجھے کہ ہم گمراہ ہوگئے پھر اپنے قصور کا اقرار کرنے لگے اور کہنے لگے کہ اے رب ہمارے اگر تو رحم نکریگا اور نہ بخشے گا تو ہم بہت ہی گھاٹے میں رہیں گے صحیح بخاری و مسلم میں انس بن مالک رض کی حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح انسان کے سارے جسم میں خون پھرتا ہے اسی طرح بہکانے کا موقع ڈھونڈنے کے لئے انسان کے تمام جسم میں شیطان چکر مارتا رہتا ہے غرض آیۃ اور حدیث کو ملاکر مطلب یہ ہوا کہ بنی اللہ موسے علیہ السلام کے دور ہوجانے سے شیطان کو بنی اسرائیل پر غلبہ کا موقع مل گیا جس سے وہ انکے تمام جسم میں خون کی طرح سرایت کرگیا اور آخر کو وہ بچھڑے کے پوجنے کے شرک میں پھنس گئے ۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِن بَعْدِي أَعَجِلْتُمْ

اور جب پھرآیا موسی اپنی قوم میں غصے بھرا اور افسوس بولا کیا بری نیابت کی تم نے بعد میرے کیوں جلدی کی

أَمْرَ رَبِّكُمْ وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ

اپنے رب کے حکم سے اور ڈالدین وہ تختیان اور پکڑا سر اپنے بھائی کا لگا کھینچنے اپنی طرف وہ بولا کہ اے میری ماں کے جنے لوگون نے مجکو

اسْتَضْعَفُونِي وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ

بودا سمجھا اور نزدیک تھا کہ مجکو مارڈالین سو مت ہنسا مجپر دشمنون کو اور نہ ملا مجکو گنہگار لوگون

الظَّالِمِينَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي رَحْمَتِكَ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

یعنی بولا اے رب معاف کر مجکو اور میرے بھائی کو اور داخل کر اپنی رحمت میں اور تو ہے سب سے زیادہ رحم کرنے والا

منزل ۲ ع ۱۸ ۸

موسے علیہ السلام سے کوہ طور پر یہ بات اللہ پاک نے کہدی تھی کہ وہان قوم کو سامری نے بگاڑ ڈالا اور ایک گوسالہ بناکر آپ بھی پوجنے لگا اور بنی اسرائیل کو بھی اس میں شریک کرلیا۔ اسلئے موسے علیہ السلام غیظ و غضب میں بھرے ہوئے آئے کہ قوم اتنی نشانیان اللہ پاک کی دیکھ چکی ہے اسپر کفر و شرک سے باز نہ آئی جھٹ بت بنالیا اور پوجنے لگے مفسرون نے اسف کے معنے یہہ بیان کئے ہیں کہ یہ بھی ایک قسم کا غضب ہے جو غضب سے کہیں بڑھا ہوا ہے بہرحال موسے علیہ السلام نے آتے ہی اون لوگون سے یہہ کہا کہ یہ کیا بری حرکت تمنے میرے جانے کے بعد کی کہ گوسالہ بناکر پوجنے لگے خدا کا وعدہ جو میرے ساتھ ایک چلہ کا تھا اوسکو پورا بھی نہونے دیا اور ایسی جلدی کی اور یہ کہتے ہوئے وہ تختیان جو اللہ پاک نے اونکو مرحمت فرمائی تھین جسمین دین کے احکام کی تفصیل تھی اونکو ہاتھ سے زمین پر پھینکدیا یہ لوحین زمرد کی تھین حضرت عبداللہ ابن عباس رض کہتے ہیں کہ جب لوح موسے علیہ السلام نے زمین پر ڈالدی تو وہ ٹوٹ کر اسکے چھ ٹکڑے ہوگئے ایک ٹکڑا رہگیا اور باقی پانچ ٹکڑے اللہ پاک نے اوٹھالئے دوسرا قول اونکا یہ ہے کہ ساتوان حصہ دنیا میں رہ گیا اور باقی چھ حصے اوٹھالئے گئے مجاہد یہ کہتے ہیں کہ اخیار غیب چلے گئے اور دین کے پندرہ احکام

باقی رہگئے اور ابن جریج یہ کہتے ہیں کہ نوح نو عدد تھے دو اٹھالی گئیں اور سات دنیا میں رہگئیں پھر موسے علیہ السلام غصہ کی حالت میں اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کے سر کے بال اور ڈاڑھی پکڑکے کھینچنے لگے کہ اونھوں نے ان لوگوں کو اس فعل سے کیوں نہیں روکا ہارون علیہ السلام نے اپنا عذر ظاہر کیا کہ بھائی میرا کچھ اس میں قصور نہیں ہے لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ یہ مجھے قتل کرڈالے آپ میرے ساتھ وہ کام نہ کیجئے جسکو دیکھکر دشمن خوش ہوں اور مجھپر ہنسیں اور مجھے آپ اس قوم گنہ گار میں نہ شمار کریں میں انسے بالکل الگ ہوں موسے علیہ السلام نے یہ بات سنکر اللہ پاک سے اپنے اور اپنے بھائی کے لئے مغفرت چاہی گویا اس فعل پر شرمسار ہوئے بعض مفسرین نے ہارون علیہ السلام کے متعلق یہ بیان کیا ہے کہ یہ موسے علیہ السلام کی ماں کے بیٹے تھے تین برس موسےؑ سے بڑے تھے اپنی ماں کے ساتھ آئے تھے اسلئے ہارون علیہ السلام نے موسے کو ابن ام ماں کے بیٹے بھائی کہا اور بعض مفسرین نے یہ بیان کیا ہے کہ موسےؑ اور ہارونؑ دونوں سگے بھائی تھے ایک ماں باپ سے۔ ابن ام کہنے کی یہ وجہ تھی کہ اس لفظ سے زیادہ محبت جوش میں آتی ہے اور ماں کے نام سے دل زیادہ نرم ہوجاتا ہے طبرانی کبیر اوسط اور مسند امام احمد میں ابی امامہ کی حدیث ہے جسمیں ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کی نشانی پوچھی آپنے فرمایا جب آدمی کو اچھے کام سے خوشی اور برے کام سے رنج ہو تو یہ اوسکے ایمان کی نشانی ہے اس سے معلوم ہوا کہ موسے علیہ السلام نے ہارون علیہ السلام پر جو دست درازی کی وہ جوش ایمانی میں بے قابو ہوکر کی۔ مسند امام احمد کی سند میں اگرچہ کچھ ضعف ہے لیکن طبرانی کی کبیر اور اوسط میں یہ حدیث اچھی سند سے ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

البتہ جنھوں نے بچھڑا بنالیا انکو پہنچیگا غضب اونکے رب کا اور ذلت دنیا کی زندگی میں

وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ۝ وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوا مِن بَعْدِهَا وَ

اور یہی سزا دیتے ہیں ہم جھوٹھ باندھنے والونکو اور جنھوں نے کئے برے کام پھر بعد اسکے توبہ کی اور یقین لائے

آمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ

تیرا رب اسکے پیچھے بخشتا ہے مہربان

ان آیتوں میں اللہ پاک نے اون بنی اسرائیل کا حال بیان فرمایا ہے جنھوں نے بچھڑا بناکر اسکو پوجا تھا کہ اونپر خدا کا غضب نازل ہوا وہ یہ کہ اون لوگوں نے آپسمیں ایک کو ایک نے قتل کیا اور دنیا میں بہت ذلیل ہوئے ملک سے نکالے گئے پھر اللہ پاک نے فرمایا جس طرح ان لوگوں پر غضب نازل ہوا اور ذلت نصیب ہوئی اسی طرح اور جھٹلانے والونکی بھی یہی گت ہم کرتے ہیں ابن عیینہ نے کہا کہ ہر ایک بدعت نکالنے والے کی یہی سزا قیامت تک ہے۔ افترا دروغ بندی کو کہتے ہیں تو جو شخص اللہ پر جھوٹ باندھے گا اوسپر اللہ کا غضب نازل ہوگا اوسکو ذلت نصیب ہوگی خواہ وہ ویسی نہ ہو جیسے بچھڑا پوجنے والوں کو ہوئی اسکے بعد اللہ پاک نے یہ بھی فرمادیا کہ جن لوگوں نے خواہ کسی قسم کا گناہ کیا ہو چھوٹا بڑا یہانتک کہ شرک اور کفر بھی اگر

ایسے لوگون نے گناہ کے بعد توبہ کی تو اللہ پاک بڑا مہربان اور بخشنے والا ہے اوسکی توبہ قبول کریگا یہ آیۃ بہت بڑی بشارت ہی اسبات کی کہ انسان چاہے جس قسم کا گناہ کرکے توبہ کرے تو اللہ تعالی اپنی رحمت سے وہ توبہ قبول کریگا اور سارے گناہ بخشدیگا مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین شیطان نے لوگونکے بہکانے اور طرح طرح کے گناہ اُنسے کرانے پر اللہ تعالی کے روبرو قسم کھائی ہے اور اللہ تعالی نے اپنے جاہ وجلال کی قسم کھاکر اُس ملعون کو یہ جواب دیا ہے کہ گناہ کرکے جو کوئی توبہ استغفار کریگا مین بھی اوسکے گناہون کے معاف کرنے مین کبھی دریغ نکرونگا یہ حدیث آیت کی بشارت کی گویا تفسیر ہے حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى

اور جب فرو ہوا موسے سے غصہ اُٹھائین تختیان اور جو اون مین لکھا ہوا ہے راہ

وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۝

کی سوجھ ہے مہر اُنکے واسطے جو اپنے رب سے ڈرتے ہین

جب موسی علیہ السلام کا سارا غصہ ٹھنڈا ہوگیا تو الواح توریت جو غصہ کی حالت مین زمین پر پھینکدی تھین وہ پھر اوٹھالین اکثر مفسرین کے قول کے مطابق جسوقت ہاتھ سے لوحین ڈالدی تھین تو ٹوٹ گئی تھین کچھ حصے اُسکے جاتے رہے اور باقی حصہ جو رہ گیا تھا اُس مین ہدایت اور رحمت پائی مگر اس بات پر کوئی دلیل نہیں ہے کہ لوح ٹوٹ گئی تھی اور بعضون کا یہ گمان ہے کہ اُس لوح کے ریزے بنی اسرائیل کے بادشاہون کے خزانہ مین دولت اسلامیہ تک موجود رہے اسکا ثبوت بھی کوئی پکا نہین ملتا خدا جانے یہ بات کہان تک صحیح ہے بہرحال اللہ نے فرمایا کہ لوح جب اونھون نے اوٹھائی تو اُس مین ہدایت اور خدا کی رحمتین پائین جنسے وہی لوگ فائدہ اوٹھا سکتے ہیں جو اپنے خدا سے ڈرتے ہین قتادہ کا قول ہے کہ موسے علیہ السلام نے کہا کہ اے رب میں اس لوح مین دیکھتا ہون کہ ایک امت ساری امتونسے بہتر ہوگی وہ تیرے حکم کو بجالاویگی اور جن باتونسے تونے منع کیا اُس سے وہ باز رہے گی ای اللہ وہ امت میری ہی امت بنا فرمایا کہ وہ امت امت محمدیہ ہے پھر موسے علیہ السلام نے کہا کہ یہ بات بھی مین لوح مین پاتا ہون کہ ایک امت آخرین سابقین ہوگی کہ دنیا مین سب امتون کے بعد ہوگی اور جنت مین ساری امتون سے پہلے داخل ہوگی یا اللہ وہ میری ہی امت ہو فرمایا کہ یہ امت احمد ہے پھر موسے علیہ السلام نے کہا کہ یہ بھی لوح مین مین دیکھتا ہون کہ ایک امت وہ ہے جسکی کتاب اوسکے سینے میں ہوگی اور وہ زبانی اوسکو پڑھا کریگی اور پہلی امتین اپنی کتاب دیکھکر پڑہتی تھین یہانتک کہ جب وہ کتاب اوٹھالی گئی تو کچھ اونھین یاد تک نہین تو اے اللہ وہ امت میری امت ہو فرمایا کہ یہ امت احمد ہے پھر موسے علیہ السلام نے کہا کہ یا اللہ میں لوح میں یہ بھی پاتا ہون کہ ایک وہ امت ہے جو ساری آسمانی کتابون پر ایمان لائے گی اور گمراہون سے جنگ کریگی یہان تک کہ دجال سے لڑیگی یا اللہ وہ میری ہی امت ہو فرمایا کہ وہ امت احمد ہے پھر موسے علیہ السلام نے یہ بات کہی کہ یا اللہ ایک امت وہ ہے جو

منزل ۲

اپنا صدقہ آپ ہی کھاکر ثواب حاصل کریگی پہلی امتون مین یہ دستور تھا کہ صدقہ جب قبول ہوتا تھا کہ اللہ پاک ایک آگ بھیجدیتا تھا اور وہ اوسکو کھاجاتی تھی اور اگر صدقہ نامقبول ہوتا تھا تو جون کا توں پڑا رہتا تھا درندے اور پرندے اوسکو کھاجاتے تھے اس امت مین قاعدہ ہے کہ مالدار کا صدقہ محتاجون کو دلوایا جاتا ہے گویا اسی کا خلاصہ اون تختیون میں لکھا ہوا تھا پھر موسے علیہ السلام نے کہا یا اللہ وہ میری امت کر فرمایا کہ یہ امت احمد ہے اسکے بعد پھر موسے نے کہا کہ اے رب میں لوح مین ایک اور امت دیکھتا ہون کہ اگر وہ فقط نیکی کا ارادہ کرے گی تو اسکے واسطے ایک نیکی لکھدی جاویگی اور اگر وہ ارادہ کے بعد عمل مین بھی لاویگی تو دس نیکیان بلکہ سات سو نیکیان تک لکھی جاوین گی یا اللہ وہ میری ہی امت کر فرمایا کہ وہ امت احمد ہے پھر موسے علیہ السلام نے کہا اے رب ایک امت اور اس لوح مین پاتا ہون کہ آخرت مین اونکا کوئی شفیع بھی ہوگا اور اونکی شفاعت قبول بھی ہوگی یا اللہ وہ میری ہی امت ہو فرمایا کہ وہ بھی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے قتادہ جو اس قول کے قائل ہیں کہتے ہیں کہ یہ بات ہمسے ذکر کی گئی کہ آخر موسے علیہ السلام نے یہ بات کہی کہ یا اللہ مجھے بھی احمد کی امت بنادے یہ قتادہ بن دعامہ ثقہ تابعی ہیں صحیح بخاری مین انسے روایتہ ہے۔ یہ قتادہ قدیم مفسرون میں مشہور ہیں اور انکا قول تفسیر کے باب مین بہت معتبر ہے۔ آیہ کنتم خیر امتہ سے اور ترمذی ابن ماجہ وغیرہ مین بہز بن حکیم کی جو حدیث ہے اوس سے قتادہ کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہے۔ بہز بن حکیم کی اس حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ امت محمد یہ پچھلی ستر امتون کی پورا کرنے والی امت ہے اور اللہ تعالی کے نزدیک یہ امت سب پچھلی امتون سے بہتر ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے بخاری وغیرہ کی روایتون کے حوالہ سے سورہ بقر میں گذر چکا ہے کہ جب پچھلی امتون کے لوگ اپنے اپنے انبیا کو قیامت کے دن اللہ تعالی کے روبرو جھٹلاوین گے اور یہ کہوین گے کہ یا اللہ ہمکو کسی نبی نے تیرا حکم نہین پہنچایا تو امت محمدیہ کی یہ گواہی اللہ تعالی کے روبرو پیش ہوگی کہ یا اللہ تو نے جسے نبی آخر الزمان پر جو دنیا مین قرآن اوتارا تھا اوس مین پہلے انبیا کا اور پہلی امتون کا سب ذکر ہے اسواسطے ہم تیرے کلام اور تیرے رسولون کے سچے ہونے کی گواہی ادا کرتے ہیں۔ ان روایتونسے بھی قتادہ کے قول کی تائید اور امت محمدیہ کی فضیلت نکلتی ہے۔

مترجم ۱۲

وَاخْتَارَ مُوسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ

اور چنے موسے نے اپنی قوم سے ستر مرد لانے کو ہمارے وعدے کے وقت پھر جب اونکو لرزے نے پکڑا بولا اے رب اگر

اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۚ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۖ

پہلے ہی ہلاک کرتا اونکو اور مجکو کیا ہمکو ہلاک کریگا ایک کام پر جو کیا ہمارے احمقون نے یہ سب تیرا آزمانا ہے چلا دے

تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ۭ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۡ وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۝

اوس میں جسکو چاہے اور راہ دے جسکو چاہے تو ہی ہے ہمارا تھامنے والا سو بخش ہمکو اور مہر کر ہم پر اور تو سب سے بہتر بخشنے

اللہ پاک نے موسے علیہ السلام کو یہ حکم دیا تھا کہ ستر آدمی اپنی قوم مین سے چنکر میرے پاس لے آؤ اور گوسالہ پوجنے کی عذرخواہی کرو خطیب کہتے ہیں کہ موسے علیہ السلام نے جب لوگون کو منتخب کیا تھا تو ساٹھ آدمی بوڑھے نکلے حکم ہوا کہ دس آدمی جوان بھی لو دس جوان جب لے لئے تو وہ بھی صبح کو بوڑھے ہوگئے اور موسے علیہ السلام ان لوگونکو لیکر وقت مقررہ پر حاضر ہوئے کوہ طور کے نیچے ایک بہت بڑا ابر کا ٹکڑا آیا جس نے سارے پہاڑ کو ڈھانپ لیا موسے علیہ السلام اس ابر مین گھس گئے اور اپنے ساتھیونسے کہا کہ میرے پاس آجاؤ اللہ پاک نے موسے علیہ السلام سے باتین کین جب اللہ تعالے موسے علیہ السلام سے بات کرتا تھا تو اُنکی پیشانی پر ایسا نور برسنے لگتا تھا کہ کسی انسان کا مقدور نہ تھا کہ آپکے چہرہ کی طرف دیکھہ سکے بہرحال ان ستر آدمیونے اوسوقت موسے علیہ السلام سے کہا کہ ہم تو ایمان نہ لاوینگے جبتک اللہ جل شانہ کو صاف صاف نہ دیکھین اتنا کہنا تھا کہ ایک زلزلہ آیا اور بجلی چمکی اور ان لوگون پر گری یہ ستر ایکدم مین ہلاک ہوگئے ان لوگونپر بجلی کا گرنا تو سورہ بقرہ مین صاف آچکا ہے لیکن بجلی کے گرنے کے وقت زمین بھی ہلتی ہے اسواسطے بعضے مفسرون نے رجفہ کے معنے بجلی اور زلزلہ دونون کے لئے ہیں اسواسطے تینون ترجمون مین زلزلہ کے معنے لئے ہیں۔ موسے علیہ السلام کو اس حال کے دیکھنے سے بہت قلق ہوا اسلئے حضرت موسے نے اللہ پاک سے دعا کی کہ یا اللہ اگر تیری ایسی مرضی تھی تو اس سے پہلے ان لوگونکو اور مجھے بھی انکے ساتھہ ہی ہلاک کرڈالتا یہ لوگ تو نرے بیوقوف ہین جو انھون نے ایسی بات کہی اور اب کیا اون لوگون کو بھی ہلاک کردیگا جو میرے پیچھے رہگئے ہین پھر کہا کہ یہ تیری آزمائش ہے تو جسکو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے تو ہی ہم لوگونکا مالک ہے۔ پھر کہا کہ تو رحم کر ہمارے حال پر اور ہمین بخشدے تو ہی بڑا بخشنے والا ہے مجاہد کا اس مقام پر یہ قول ہے کہ وہ لوگ ستر آدمی جو زلزلہ سے ہلاک ہوگئے اللہ پاک نے پھر اونکو زندہ کردیا ورنہ زلزلہ اس لئے آیا تھا کہ ان لوگون نے خدا کو کھلم کھلا دیکھنا چاہا تھا اوپر گذر چکا ہے کہ ان ستر آدمیون کے کوہ طور پر ساتھ لانے سے پہلے جب موسے علیہ السلام تنہا کوہ طور پر آئے تھے اور اونھون نے دنیا کی آنکھون سے دیدار الٰہی کی خواہش کی تھی تو اونکی وہ خواہش ناممکن ٹھہری تھی اب یہ تو ظاہر ہے کہ اللہ تعالی نے جس خواہش کو اپنے رسول کے لئے ناممکن ٹھہرادیا وہ خواہش امت کے کسی شخص کو زیبا نہیں ہے باوجود اسکے ان ستر آدمیون نے اون گستاخی کے لفظون میں یہ ناممکن خواہش پیش کی جسکا ذکر سورہ بقرہ مین گذرا تو اس گستاخی کی سزا میں اپنر بجلی گری جس سے وہ ستر آدمی مرگئے اور جب موسی علیہ السلام نے ان لوگون کی گستاخی کے گناہ کی معافی کی دعا کی تو اللہ تعالی نے اپنی رحمت سے اون لوگون کا وہ گناہ معاف فرماکر پھر اون لوگونکو زندہ کردیا معتبر سند سے مسند امام احمد مسند بزار مسند ابی یعلی اور مستدرک حاکم مین ابوسعید خدری کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی بات کی خواہش اور دعا سے امت محمدیہ کو منع فرمایا ہے جس بات کی شریعت مین ممانعت ہو۔ اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیت اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جس طرح ایک ناممکن خواہش کے پیش کرنے سے بنی اسرائیل پر اللہ تعالی کی خفگی ہوگئی اسی طرح اب بھی ہر امر ناممکن

منزل ۲

شرعی کی دعا اور خواہش سے ایماندار شخص کو پرہیز کرنا لازم ہے کس لئے کہ جو امر شرع الٰہی میں ناجائز ٹھہر چکا کسی کی دعا سے اسکا جائز ٹھہر جانا ناممکن اور ایسی ناممکن چیز کے شرعی طور پر حاصل ہو جانیکی دعا اور خواہش شرع الٰہی کے بدل جانے کی گستاخی کی خواہش ہے اور ایسی خواہش سے اللہ تعالیٰ کی خفگی کا خوف ہے جس سے ہر مسلمان کو پرہیز لازم ہے۔

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَا اِلَيْكَ ؕ

اور لکھدے ہمارے واسطے اس دنیا میں نیکی اور آخرت میں ہم رجوع ہوئے تیری طرف

یہ دوسری دعا ہے موسےٰ علیہ السلام نے پہلی جو دعا کی تھی رفع ضرر کے لئے کی تھی اور یہ دعا حصول مقصد کے لئے حسنہ کے معنے اعمال صالح کے ہیں یا مراد حسنہ سے فضل ہے یعنی دنیا میں نیک عملوں کی توفیق اور رزق میں وسعت رہے اور آخرت میں بہشت عطا کر۔ ھدنا کے معنے یہ ہیں کہ ہم نے توبہ کی اور تیری طرف رجوع ہوتے ہیں مفسرین کا بیان ہے کہ اسی ہدنا کہنے سے یہودی یہود کے نام سے مشہور ہوئے جبتک شریعت موسوی منسوخ نہیں ہوئی تھی یہ نام خوبی کا تھا اور بعد اس شریعت کے منسوخ ہو جانے کے وہ بات باقی نہیں رہی اس لئے کہ منسوخ شریعت کے موافق عمل کرنے سے کچھ اجر نہیں اسی واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس آخری وقت میں موسےٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو سوائے شریعت محمدی کے پیروی کے اور کوئی راستہ نجات کا نہ تھا چنانچہ جابر کی اس مضمون کی حدیث مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکی ہے حضرت جابر کی اس حدیث کی سند معتبر ہے صحیح بخاری و مسلم میں انس بن مالک کی حدیث ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے اللھم اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار اس حدیث کو آیت کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیت میں موسیٰ علیہ السلام کی جس دعا کا ذکر ہے اس میں دوزخ کی آگ سے امن میں رہنے کا صاف ذکر نہیں تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ بقر میں سے قرآن شریف کے لفظ لیکر ایسی دعا اختیار فرمائی جسمیں آگ سے امن میں رہنے کا بھی صاف ذکر آگیا ترمذی نسائی صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں انس بن مالک کی دوسری حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تین دفعہ دن رات میں دوزخ کی آگ سے امن میں رہنے کی دعا مانگتا رہیگا تو خود دوزخ بھی اللہ تعالیٰ سے یہ التجا کرتی رہے گی کہ یا اللہ تو اس شخص کو دوزخ کی آگ سے امن میں رکھ۔ انس بن مالک کی اس حدیث کو حاکم نے صحیح کہا ہے۔ اس حدیث سے وہ فائدہ اچھی طرح سمجھ میں آجاتا ہے جس فائدہ کے لئے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعا میں دوزخ کی آگ سے امن میں رہنے کے لفظ بڑھائے ہیں امت محمدیہ کے ہر شخص کو اللہ کے رسول کی اس شفقت کی قدر کرنی چاہیے اور اس دعا کا ہمیشہ ورد رکھنا چاہیے۔

قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا

فرمایا میرا عذاب جو ہے سو ڈالتا ہوں جسپر چاہوں اور میری مہر شامل ہے ہر چیز کو سو وہ لکھدونگا اونکو

منزل ۲

لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

جو ڈر رکھتے ہیں اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور جو ہماری باتیں یقین کرتے ہیں

اوپر کی آیتونمین جو یہ ذکر تھا کہ زلزلہ اور بجلی کے گرنے سے موسے علیہ السلام کے ہمراہی ہلاک ہوگئے تو موسے علیہ السلام نے اللہ تعالے کی درگاہ میں دعا کی اور یہ کہا کہ یہ تیری جانچ اور آزمائش ہے اوسی کے جواب میں اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ مین جو چاہتا ہون وہ کرتا ہون ہر چیز میں میرا حکم جاری ہے میں جسپر چاہتا ہون عذاب بھیجتا ہون اور جسپر چاہتا ہون رحمت نازل کرتا ہون میرا عذاب اور میری رحمت کسی خاص فرقہ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے رحمت خاص اوسی کے حصہ میں ہی جو خدا سے ڈرتا ہے اور اپنے مال میں سے خدا کی راہ پر دیتا ہے اور اپنے نفس کو شرک اور کفر سے بچاتا ہے اور میری آیتون اور ساری کتابون پر ایمان لاتا ہے۔ مسند امام احمد اور ابوداؤد میں جندبؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی اپنی اونٹنی کو بٹھا کر اور اوسکے پاؤن باندھکر آیا اور حضرت صلعم کے پیچھے نماز پڑھی نماز کے بعد وہ اعرابی اونٹنی کے پاؤن کھولکر سوار ہوا اور کہنے لگا کہ یا اللہ مجھپر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت بھیج اور ہماری رحمت میں کسی کو شریک نکر حضرت نے صحابہ سے کہا کہ تم کیا کہتے ہو کہ یہ اعرابی زیادہ بیوقوف ہے یا اوسکا اونٹ تم نے سنا نہیں یہ کیا کہتا تھا لوگون نے کہا کہ ہان سنا آپنے اعرابی سے فرمایا کہ تو نے خدا کی ایک وسیع رحمت کو تنگ کر دیا اللہ نے سو رحمتین پیدا کی ہیں جن مین سے ایک رحمت دنیا میں اوتاری جسکی وجہ سے سارے جن و انسان اور جانور آپسمین ایک دوسرے پر رحم کھاتے ہیں اور ننانوے حصے اُس رحمت کے اپنے پاس روک رکھے ہیں اب تم بتلاؤ کہ یہ گنوار زیادہ بیوقوف ہے یا اونٹ۔ اس بات کے متعلق کہ ننانوے حصے رحمت کے اللہ پاک نے اپنے پاس رکھے ہیں اور ایک رحمت دنیا میں بھیجدی ہے اور حدیثین بھی ہیں مثلاً صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہؓ اور فقط مسلم مین سلمان فارسی سے روایتین ہیں ان روایتونسے جندب کی روایۃ کو بڑی تقویت ہوجاتی ہی۔ صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی شفاعت کی حدیث کا ذکر ایک جگہ گذر چکا ہے کہ سب شفاعتون کے بعد خود اللہ تعالی اپنی رحمت سے ایسے لوگونکو دوزخ سے نکالکر جنت مین ڈالدیگا کہ جو مشرک تو نہ تھے مگر دنیا میں اونھون نے عمر بھر کوئی نیک کام نہین کیا تھا۔ صحیح بخاری و مسلم کی ابوہریرہ کی یہ حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہے کہ اللہ تعالی کے غصے اور عذاب کا پورا حال لوگونکو اگر معلوم ہوجاوے تو نیک لوگونکے دل مین بھی جنت کے ملنے کی آرزو بہت کم ہوجاوے اسی طرح اللہ تعالی کی رحمت کا پورا حال لوگونکو اگر معلوم ہوجاوے تو نافرمان لوگون کے دل میں بھی جنت کے ملنے کی آرزو پیدا ہوجاوے۔ یہ حدیثین اللہ تعالی کی رحمت اور اوسکے غصہ کی گویا تفسیر ہیں۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے کہ اللہ تعالی کی رحمت اوسکے غصہ پر غالب ہی بغیر نیک عملون کے بعضے لوگونکا دوزخ سے نکالکر جنت میں داخل کرنیکا ذکر ابوسعید خدری کی حدیث کے حوالہ سے جو اوپر گذرا وہ ذکر گویا اسکی تفسیر ہے کہ اللہ تعالی کی رحمت اوسکے غصہ پر غالب ہے۔ اللہ تعالی کی اور صفات کی بابت اہل سنت کا جو یہ اعتقاد ہے کہ اُس پاک ذات کی جو صفات قرآن یا صحیح حدیثون میں آئے ہیں بغیر کسی عقلی معنے کے بیان

منزل ۲

کرنے کے اون پر ہم ایمان لاتے ہیں اور اون کی تفصیلی کیفیت اللہ کے علم پر سونپتے ہیں اللہ تعالی کے یہ غصہ کی صفت بھی اہل سنت کے نزدیک اون ہی صفات میں داخل ہے۔

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

وہ جو تابع ہوتے ہیں اس رسول کے جو نبی ہے امی جسکو پاتے ہیں لکھا ہوا اپنے پاس توریت

وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ

اور انجیل میں بتاتا ہے اونکو نیک کام اور منع کرتا ہے برے کام سے اور حلال کرتا ہے اونکے واسطے سب پاک چیزیں

الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ

اور اوتارتا ہے اونسے بوجھ اونکے اور پھانسیاں جو اوپر تھیں سو اسپر یقین لائے اور اوس کی رفاقت

وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

کی اور مدد کی اور تابع ہوئے اس نور کے جو اوسکے ساتھ اوترا ہے وہی لوگ پہنچے مراد کو

اوپر کی آیۃ میں جو اللہ پاک نے یہ فرمایا تھا کہ میری رحمت اونہین لوگونکے لیے مخصوص ہے جو خدا سے ڈرتے ہین اور زکوۃ دیتے ہین اور میری آیتون پر ایمان لاتے ہیں اونہیں کا یہ ذکر اس آیۃ مین فرمایا کہ وہ لوگ وہ ہیں جو رسول و نبی امی کی پیروی کرتے ہین امام رازی نے کہا ہے کہ الذین یتبعون سے بنی اسرائیل مراد ہیں مگر جمہور مفسرین کا قول یہ ہے کہ اس آیۃ مین ساری امت محمدیہ کی مراد ہے خواہ بنی اسرائیل مین سے ہون خواہ کسی اور فرقے کے ہون جو حضرت پر ایمان لاوین اسی آیۃ اوسی کی شان مین ہے پھر فرمایا کہ اگلی امتین ان رسول کو اپنی کتاب توریت و انجیل مین نبی امی لکھا ہوا پاتے ہیں اسلیے کہ آپ جس طرح مان کے شکم سے پیدا ہوئے اوسی طرح تا حین حیات رہے نہ کسی سے لکھنا سیکھا نہ پڑھنا یا اسواسطے آپکا لقب امی ہے کہ آپ ام القرا مکہ میں پیدا ہوئے یہی دو معنے امی کے مفسرون نے بیان کئے ہیں پہلے رسولون نے آپکی صفت اپنی کتابون میں دیکھکر اپنی امت کو اس کی بشارت دیدی تھی کہ یہ وصف امی کا حضرت خاتم الانبیا اور سید المرسلین کا لقب ہے حضرت انس کی ایک حدیث صحیح بخاری مین ہے جسمین ابو ظہر عقیلی کہتے ہیں کہ مجھ سے ایک گنوار نے ذکر کیا کہ وہ مدینہ مین ایک روز علوا بیچنے کو گیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے کا دل میں خیال ہوا کہ چلو اونکو بھی دیکھون اور اونکی باتین سنون رستے میں آپ حضرت ابو بکر رضہ و حضرت عمر رضہ کے ساتھ جا رہے تھے وہ گنوار بھی اونکے پیچھے ہولیا ایک یہودی کا جوان اور خوبصورت لڑکا قریب المرگ تھا وہ یہودی توریت کھولے ہوئے پڑھ رہا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس سے کہا کہ تجھکو توریت نازل کرنے والے کی قسم سچ بتلا اسمین میری صفت اور میرے رسول بنائے جانے کا ذکر ہے اوس نے سر ہلا کر کہا کہ نہین اوسکے بیٹے نے جو جان کنی کی حالت مین تھا کہا کہ مجھکو اوسی ذات کی قسم ہے جسنے توریت نازل کی ہے مین آپکی صفت اور آپکا دنیا مین آنا توریت مین لکھا ہوا پاتا ہون اور مین اسبات کی گواہی دیتا ہون کہ سوا اللہ کے کوئی معبود نہین اور آپ اوسکے رسول ہیں حضرت نے فرمایا

کہ اس یہودی کو اسکے بیٹے کے پاس سے اوٹھاوے اور آپ خود اُس مرنے والے کے متولی ہوئے اور کفن و نماز اُسکی آپنے ادا کی۔ حاکم کی مستدرک میں ابوامامہ باہلی کی روایت ہے جسمیں ہشام بن عاص اموی کہتے ہیں کہ میں اور ایک اور شخص ہرقل بادشاہ روم کی طرف بھیجے گئے تاکہ اوسکو دین اسلام کا پیغام پہونچائیں جب دمشق میں پہونچے جبلہ بن ایہم غسانی جو وہان کا حاکم تھا اوسنے کہا یہاں گئے وہ تخت پر بیٹھا تھا اوس نے قاصد کو بھیجا کہ اُنسے جاکر بات کرو ہمنے کہا کہ ہم قاصد سے بات نہیں کرینگے ہم تو بادشاہ کی پاس بھیجے گئے ہیں اگر وہ ہمکو اپنے پاس بلائے گا تو اوس سے بات کرینگے قاصد نے یہی جاکر کہدیا اُسنے ہمکو بلا کر کہا کہو کیا کہتے ہو ہشام بن عاص نے گفتگو کی اور دعوت اسلام پہونچائی وہ سر سے پاؤں تک کالے کپڑے پہنے ہوئے تھا ہشام نے کہا کہ تمہارے کپڑے یہ کیسے ہیں اوس نے کہا کہ میں نے قسم کھائی ہے کہ جب تک تم کو ملک شام سے نہ نکالدونگا یہ کپڑے نہ اوتارونگا ہشام نے کہا والله ہم تجسے تیری اس مخفل کو چھین لینگے بلکہ تیرے بادشاہ کا ملک بھی لے لینگے ہمکو یہ خبر ہمارے رسول صلی الله علیہ وسلم نے دی ہے اوسنے جواب دیا کہ وہ لوگ اور ہیں تم نہیں ہو وہ لوگ دن کو روزے رکھتے ہیں اور راتوں کو نماز پڑھتے ہیں تم کہو تمہارا روزہ کیسا ہے میں نے بتلا دیا اوسکا منہ سیاہ ہوگیا اور میرے ساتھ ایک قاصد کرکے کہا کہ جاؤ ہم لوگ بادشاہ کی طرف چلے جب شہر کے قریب پہونچے تو قاصد نے کہا کہ یہ تمہارے اونٹ شہر میں نہ جانے پاوینگے اگر کہو تو عربی خچروں پر سوار کرکے تمہیں لے چلیں ہشام نے کہا الله کی قسم اگر ہم چاہیں گے تو ان ہی اپنی سواریوں پر جائیں گے قاصد نے بادشاہ کے پاس آدمی بھیجکر دریافت کیا کہ یہ لوگ عربی خچروں پر سوار ہوکر آنے سے انکار کرتے ہیں بادشاہ نے حکم دیا کہ اونہیں کی سواریوں پر اونکو آنے دو ہشام کہتے ہیں کہ ہم تلواریں لگائے ہوئے تھے جب اندر داخل ہوئے قریب پہونچے تو اوسکے خچروں کے نیچے اپنے اونٹوں کو بٹھا دیا اور لا الہ الا الله والله اکبر کہا الله جانتا ہے کہ وہ برآمدہ گر پڑا بادشاہ نے میرے پاس آدمی بھیجا کہ تمہیں زور سے چلا کر اپنے دین کی بات کا کہنا زیبا نہیں ہے پھر ہمیں اپنے پاس بلایا فرش پر بیٹھا ہوا تھا اور اردگرد علماء روم بیٹھے تھے اوسکی مجلس میں ہر شے لال رنگ کی تھی کپڑے بھی لال رنگ کے پہنے ہوئے تھا ہمیں دیکھکر ہنسا اور کہا کہ اگر تم ہمکو سلام کرتے تو کیا نقصان تھا اوسکے پاس ایک عربی مترجم بھی تھا جو بڑا زبان آور تھا وہی ترجمہ کرکے عربی سے رومی زبان میں اوسکو سمجھاتا تھا میں نے کہا کہ ہمارا ایسیں کا سلام تمہارے لئے درست نہیں ہے اور جو تمہارا سلام ہے وہ ہم کہہ نہیں سکتے اوس نے پوچھا تم آپسمیں کس طرح سلام کیا کرتے ہو میں نے کہا السلام علیکم پوچھا کہ اپنے سردار کو کس طرح کہتے ہو میں نے کہا یہی پھر پوچھا کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں میں نے کہا وعلیکم السلام پھر اوس نے کہا کہ سب سے بڑا کلام تمہارا کیا ہے میں نے کہا لا الہ الا الله والله اکبر جب ہم نے یہ کلمہ کہا تھا تو یہ برآمدہ گر پڑا اوس نے سر اوٹھا کر دیکھا اور کہا کہ اس کلمہ سے برآمدہ گر پڑا تو جب اپنے گھروں میں بھی یہ کلمہ کہتے ہوگے تو کوئی مکان گر پڑتا ہوگا میں نے کہا کہ نہیں سوائے آج کے اور کبھی یہ بات نہیں دیکھی پھر ہم سے پوچھا کہ کس ارادہ سے تمہارا آنا ہوا میں نے دعوت اسلام پہونچائی اوس نے ہماری نمازوں اور روزوں کا حال پوچھا میں نے سب بتلا دیا پھر اوس نے ہمکو ایک عمدہ مکان میں اوتارا اور تین روز مہمان رکھا پھر رات کے وقت آدمی بھیج کر بلایا اور ہم سے

منزل ۲

وہی پہلے کے سوال کئے مین نے وہی جواب دئے پھر ہمکو ایک سنہری حویلی مین لے گیا جسمین چھوٹے چھوٹے دروازے تھے
ایک دروازہ کا قفل کھولکر ایک سیاہ حریر کا کپڑا نکالکر پھیلایا اوس میں ایک تصویر لال رنگ کی تھی جسکی بڑی بڑی آنکھین
تھین گردن ایسی لانبی تھی کہ ہم نے کبھی ایسی نہین دیکھی وہ شخص احسن خلق اللہ معلوم ہوتا تھا بادشاہ نے پوچھا تم انہین پہچانتے
ہو ہم نے کہا نہیں کہا کہ یہ آدم علیہ السلام ہیں ہمنے دیکھا تو اُنکے سر میں بال لوگون سے زیادہ تھے پھر دوسرا دروازہ کھولکر
ایک کالا حریر نکالا جسمین ایک سفید تصویر تھی بال گھونگر والے تھے لال لال آنکھین بڑا سر ڈاڑھی گہنی پوچھا انکو جانتے
ہو ہم نے کہا کہ نہین اوس نے تبلایا یہ نوح علیہ السلام ہیں پھر ایک اور دروازہ کھولکر سیاہ حریر نکالا جسمین ایک صورت بہت
ہی سفید اور نہایت خوبصورت آنکھین کھلی پیشانی لانبا چہرہ سفید ڈاڑھی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مسکرا رہے ہیں ہم نے
پوچھا کہ پہچانتے ہو یہ کون ہیں ہم نے کہا کہ نہیں کہا کہ یہ ابراہیم علیہ السلام ہین پھر ایک دروازہ کھولکر تصویر نکالی جو بالکل سفید
تھی والدہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے ہمنے دیکھتے ہی پہچان لیا اوسنے پوچھا انہین جانتے ہو یہ کون ہیں ہم نے روکر
کہا ہان محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں وہ کہڑا ہوگیا اور کہا اللہ کی قسم یہ وہی ہیں ہم نے کہا ہان گویا تم اپنی آنکھونسے انہین دیکھ
رہے ہو تھوڑی دیر خاموش رہکر اُس تصویر کو دیکھتا رہا پھر کہنے لگا کہ یہ آخری خانہ تھا مین نے جلدی کی کہ تم اس تصویر کو دیکھکر کیا
کہتے ہو پھر دوسرا دروازہ کھولکر سیاہ حریر نکالا جسمین سانولے رنگ کی تصویر تھی کسی قدر رنگ زرد تھا گھونگر والے بال تھے
آنکھین گہری تیز نظر دانت برابر برابر ہونٹ موٹے موٹے چہرہ سے غصہ ٹپک رہا تھا مجھسے پوچھا کہ پہچانتے ہو مین نے کہا
نہین تبلایا کہ حضرت موسے علیہ السلام ہیں اونکے بغل مین ایک اور تصویر اونہین کی شکل سے ملتی جلتی تھی مگر بال چکنے
چکنے پیشانی چوڑی آنکھین ادھری ہوئی پوچھا کہ پہچانتے ہو مین نے کہا نہین کہا کہ یہ ہارون بن عمران علیہ السلام ہین
پھر ایک دروازہ کھولا اور ایک سفید حریر نکالکر دکھلایا جس مین ایک شبیہ تھی جسکا رنگ گندمی تھا بال سیدھے سیدھے
نیمانہ تھا چہرہ سے غصہ ظاہر تھا اوس نے پوچھا انکو پہچانتے ہو ہمنے کہا کہ نہین کہا کہ یہ لوط علیہ السلام ہیں پھر ایک دوسرا
دروازہ کھولا اور سفید حریر نکالا جسمین سفید و سرخ تصویر تھی ناک اونچی چہرہ خوبصورت پوچھا کہ انکو پہچانتے ہو ہمنے کہا نہین
کہا یہ اسحاق علیہ السلام ہیں پھر ایک دروازہ کھولکر سفید حریر نکالا اُس مین اسحاق علیہ السلام کے مشابہ تصویر تھی جسکے ہونٹ
پر تل تھا کہا اسکو جانتے ہو مین نے کہا نہین کہا یہ یعقوب علیہ السلام ہیں پھر ایک دروازہ کھولکر ایک ریشمی کالا کپڑا نکالا جسمین
ایک تصویر سفید رنگ حسین ناک لانبی موزون قد رنگ سرخی مائل تھا چہرے پر نور برس رہا تھا پوچھا انکو پہچانتے ہو
مین نے کہا کہ نہین کہا کہ یہ اسمعیل علیہ السلام ہیں تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا پھر ایک دروازہ کھولا اور سفید حریر
نکالا جسمین ایک تصویر مشابہ آدم علیہ السلام کے تھی سورج کی طرح چہرہ چمک رہا تھا پوچھا کہ پہچانتے ہو ہمنے کہا کہ نہین کہا
کہ یہ یوسف علیہ السلام ہیں پھر ایک دروازہ کھولا اور سفید حریر نکالا جسمین سرخ رنگ کی تصویر تھی پنڈلیان پتلی پتلی
آنکھین چھوٹی چھوٹی پیٹ بڑا قد میانہ تلوار لٹکائے ہوئے پوچھا انکو جانتے ہو ہمنے کہا نہین کہا یہ حضرت داؤد علیہ السلام ہین

منزل ۲

پھر ایک اور دروازہ کھولا اور سفید حریر نکالا جسمین ایک گھوڑے سوار کی تصویر تھی پیر اسنے نا نے کہا انکو پہچانتے ہو ہم نے کہا
کہ نہین بولا کہ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہین پھر ایک دروازہ کھولکر سیاہ حریر نکالا جسمین سفید تصویر تھی ایک جوان شخص
جسکی آنکھین نہایت حسین کالی داڑھی خوبصورت پوچھا انکو پہچانتے ہو ہمنے کہا نہین کہا کہ یہ عیسی السلام ہین ہنسے پھر ہمکو
دیکھکر کہا کہ تم نے یہ کہان سے حاصل کین مجھے معلوم ہوتا ہے کہ یہ انبیا علیہم السلام کی شبیہ ہین کیونکہ ہے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کی بعینہ شبیہ دیکھی ہے جوابدیا کہ آدم علیہ السلام نے اللہ پاک سے سوال کیا تھا کہ میری اولاد مین جتنے انبیا ہونگے اونکی صورتین
مجھے دکھلادی جاوین اوسپر یہ تصویرین اوتری تھین اور خزانہ آدم علیہ السلام مین تھین ذوالقرنین نے وہان سے نکالکر
اونکو دانیال علیہ السلام کے سپرد کیا تھا پھر کہنے لگا کہ اللہ کی قسم میرا جی اس بات کو بہت خوشی سے چاہتا ہے کہ مین اپنا
ملک چھوڑکر مرتے دم تک کسی کا غلام بنکر زندگی بسر کرون خواہ وہ شخص مرے خلق شریر النفس ہی کیون نہ ہو۔ پھر ہمکو انعام
دیکر رخصت کیا ہمنے واپس آکر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے یہ قصہ تمام وکمال بیان کیا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اور کہا کہ وہ مسکین ہے
اگر خدا اُسکے ساتھ بہتری کا ارادہ کریگا تو ضرور ایمان نصیب ہوگا پھر فرمایا کہ ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسبات کی خبر
دی ہے کہ نصارا و یہود اپنی کتابون میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت پاتے ہین اس حدیث کو بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ مین
مع اسناد کے بیان کیا ہے اور اسکی سند کو جید بتلایا ہے جس سے حاکم کی روایت کو تقویت حاصل ہوجاتی ہے اسکے سوا اور بہت سی
حدیثین ہیں جنمین یہ ذکر ہے کہ اہل کتاب حضرت صلعم کی صفت اپنی کتابون مین پاتے ہین اور اسکا اقرار کرتے ہیں پھر اللہ منزل ۲
پاک نے نبی کی تعریف بیان کی کہ وہ لوگون کو امر بالمعروف کا حکم دیگا اور عن المنکر سے جاری رکھیگا اور منع کریگا اگلی کتابون
مین بھی اسی طرح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت مذکور ہے کہ آپ نیکی کا حکم فرمائینگے اور شر سے منع کرینگے چنانچہ یہ
صفت آپ مین کامل طور سے پائی جاتی تھی امام احمد اپنی مسند مین ابوحمید اور ابواسید سے جید سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں
کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی میری حدیث سنو جسکو تمہارے دل قبول کرین اور رونگٹے کھڑے ہوجاوین
تو وہ میری حدیث ہے اور اگر ایسی حدیث میری طرف سے تم سنو جسکو تمہارے دل قبول نکرین اور رقت نہ طاری ہو تو سمجھ لو
کہ مین اوس سے بہت دور ہون پھر اللہ پاک نے دوسری صفت آپکی بیان فرمائی کہ وہ نبی امی تم لوگون کے لئے بری
چیزونکو حرام کردیگا اور پاک چیزونکو حلال مقرر کریگا لوگون نے جن چیزون کو اپنے اوپر حرام ٹھہرلیا تھا جیسے مثلاً بحیرہ وغیرہ
جنکا ذکر سورہ مائدہ میں گذرا اونکو اللہ پاک کے حکم سے آنحضرت نے حلال کردیا اور جن چیزونکو لوگون نے اپنے اوپر حلال کرلیا تھا
جیسے مثلاً سود رشوت خون وغیرہ اسکو حرام کیا حضرت عبداللہ بن عباس رض کا قول ہے کہ کھانے پینے کی چیزون مین سے
جو چیزین اللہ پاک نے حلال کردی ہیں اوس سے بدن اور دین کو نفع پہونچتا ہے اور وہ چیزین حرام کردی ہیں جو بدن اور دین
کو نقصان دیتی ہیں پھر اللہ پاک نے ایک اور صفت رسول امی کی بیان فرمائی کہ جو دقتین اور مشکلین پہلی امتون پر دین کے
کامون مین تھین اونکو اپنی امت پر بالکل آسان کردین گے جیسے اگلی امتون مین توبہ کے موقع پر قتل نفس تھا جس عضو

سے گناہ صادر ہوتا تھا اوسکا کاٹنا اور جس عضو میں یا کپڑے میں نجاست لگجاتی ہو اوسکو قینچی سے کتر ڈالنے کا حکم تھا نماز سوائے عبادت خانہ کے اور کہین جایز نہین تھی اسکے علاوہ اور بہت سے احکام تھے جو سخت تھے اللہ پاک نے یہ سب سختیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر انکے طفیل میں آسان کردین پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ جن لوگون نے اُنکی تعظیم اور توقیر کی اور آپ پر جو کتاب یا وحی نازل ہوئی ہے اوسکی پیروی کی وہی لوگ دنیا اور آخرت میں فلاح اور اجر پاوین گے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام انبیا کی نبوت کو ایک عالیشان محل سے تشبیہ دیکر اپنے آپ کو اوسی محل کی آخری اینٹ فرمایا ہے ابو موسے اشعری کی صحیح بخاری و مسلم کی یہ حدیث بھی گذر چکی ہے کہ اہل کتاب مین سے جو شخص نبی آخرالزمان کو اللہ کا رسول جانکر شریعت محمدی کی پیروی کریگا اوسکو دوہرا اجر ملیگا صحیح مسلم کے حوالہ سے عمرو بن عاص کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے جو کچھ دنیا مین ہو رہا ہے اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی کے موافق وہ سب لوح محفوظ مین لکھ لیا ہے اسی طرح مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے جابر رض صحیح حدیث بھی گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ یہود سے توراۃ کی بعض باتین سنکر حضرت عمر رض نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت چاہی تھی کہ توراۃ کی اون باتون کو لکھ لیا جاوے اسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خفا ہوئے اور فرمایا کہ اس آخری وقت مین موسے علیہ السلام بھی اگر زندہ ہوتے تو اونپر بھی شرع محمدی کی پیروی لازم ہوتی ان حدیثون کی آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ پہلے صاحب شریعت نبی حضرت نوح علیہ السلام سے لیکر خاتم الانبیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک شریعت الٰہی کا عالیشان محل بالکل پورا ہوگیا ہے جسکے مقابلہ مین سب پچھلی شریعتین اب اس آخری عہد نبوت مین ادھوری دیوارون کی طرح ہین - توراۃ انجیل مین نبی آخرالزمان کے اوصاف اس - ئے بیان کئے گئے ہین کہ اہل کتاب مین سے جو لوگ ان نبی آخرالزمان کا عہد پاوین وہ ان اوصاف سے اُنکو پہچان لین اور اونکی کامل شریعت پر عمل کرکے عقبے مین دوہرا اجر پاوین تاکہ پچھلی منسوخ شریعتون پر عمل کرکے اپنے عملونکو رائگان نکرین کیونکہ تقدیر الٰہی مین یہ بات قرار پاچکی ہے کہ اس آخری عہد نبوت مین عقبی کی کامیابی اور وہان مراد کو پہونچنا اس کامل شریعت کی پابندی پر منحصر ہے یہان تک کہ پچھلی امتین تو درکنار اس آخری عہد نبوت مین پچھلے انبیا بھی اگر زندہ ہوتے تو اونپر بھی اسی کامل شریعت کی پیروی لازم ہوتی کیونکہ دنیا کے پیدا کرنے سے ہزارہا برس پہلے جبکہ اللہ تعالی نے دنیا کے ہر ایک عہد اور زمانہ کی مصلحت کے موافق ایک شریعت ہر ایک عہد کی مقرر کی ہے تو اب شریعت وقتیہ کو چھوڑکر غیر وقتیہ شریعت پر عمل کرنا علاوہ انتظام الٰہی مین خلل ڈالنے کے درپے ہونے کے غیر وقتیہ شریعت کے موافق جو عمل ہون گے وہ سب اکارت جاوینگے کیونکہ کارآمد عمل تو وہی ہو سکتا ہے جو حکم الٰہی کے موافق رائج الوقت شریعت کے مطابق ہو اسواسطے غیر رائج الوقت شریعت پر عمل کرکے اون عملونکو عقبی مین کارآمد اور قابل اجر گمان کرنا ایسا ہی ایک گمان ہے جیسے دنیا مین کوئی وکیل منسوخ قانون کے کسی دفعہ کے موافق کسی مقدمہ

منزل ۲

کی پیروی کرے اور پھر اُس مقدمہ مین کامیابی کی توقع رکھے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

تو کہہ اے لوگو مین رسول ہون اللہ کا تم سب کی طرف جسکی حکومت ہے آسمان اور زمین

الْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ

مین کسی کی بندگی نہین سوا اُسکے جلاتا ہے اور مارتا ہے سو مانو اللہ کو اور اوسکے بھیجے نبی امی کو جو

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

یقین کرتا ہے اللہ پر اور اوسکے سب کلام پر اور اوسکے تابع ہو شاید تم راہ پاؤ

اللہ پاک نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ تم لوگونسے صاف صاف کہدو کہ مین تم سب لوگون کی طرف کیا عجم اور کیا عرب مغرب سے مشرق تک جنوب سے شمال تک سارے جہان کے واسطے اللہ تعالی کی طرف سے رسول بنا کر بھیجا گیا ہون حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ پاک نے پانچ چیزین مجھکو دین جو مجھ پہلے کسی نبی کو نہین دی گئین اور یہ بات مین کچھ فخر کی راہ سے نہین کہتا ہون مین سارے لوگون کی طرف کیا لال کیا کالے سب کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا اور مین رعب کے ساتھہ ایک مہینہ کی راہ کے فاصلے سے مدد کیا گیا ہون مطلب یہ ہے کہ جہاد مین فقط میرے رعب سے ملک یون فتح ہو جاتے ہین کہ مین ایک مہینہ کی راہ پر ہوتا ہون اور میرے رعب سے لوگ ڈر جاتے ہین مال غنیمت میرے لئے اللہ نے حلال کر دیا مجھ سے پہلے کبھی غنیمت حلال نہین تھی لوگ جلا دیا کرتے تھے میرے لئے تمام روئے زمین مسجد کا حکم رکھتی ہے جہان نماز کا وقت آجاتا ہے اگر پانی نہین میسر ہوا تیمم کر کے نماز ادا کر لی اور مجھے شفاعت دی گئی ہے جو مین نے اپنی امت کیواسطے رکھہ چھوڑی ہے میری امت مین سے جو شرک نکرتا ہوگا اوسکی مین قیامت کے دن شفاعت کرونگا اسی مضمون کی حدیث امام احمد کی مسند مین بھی ہے جسکی سند اچھی ہے اور صحیح بخاری و مسلم مین بھی جابر بن عبداللہ سے ایسی ہی ایک حدیث ہے اسکے بعد اللہ پاک نے زمین و آسمان کا اپنا خالق ہونا بیان فرمایا اور فرمایا کہ مین جسکو چاہتا ہون تو زندہ کرتا ہون اور جسکو چاہتا ہون مارتا ہون اس مین اپنی وحدانیت ثابت کی ہے پھر لوگونکو حکم دیا کہ ان نبی امی پر ایمان لاکر اُنکی بتلائی ہوئی راہ پر چلو نبی امی اُنکو اس لئے فرمایا کہ اگلی کتابون مین آپکا ذکر اسی نام سے تھا اسی واسطے فرمایا کہ وہی نبی امی ہین جنکی بشارت تمکو اگلی کتابون مین دی گئی تھی اگر اونکی راہ پر چلوگے تو ہدایت پاؤگے آیۃ کی تفسیر وہی حدیثین قرار پا سکتی ہین جنکا ذکر اوپر گذرا کیونکہ آیت اور حدیثون کے ملانے سے یہ مطلب اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہے کہ اللہ تعالی کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت عام خلق اللہ کے حق مین ہے اور اس آخری زمانہ مین ہدایت اسی آخری شریعت مین منحصر ہے اسی واسطے صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث جو ایک جگہ گذر چکی ہے اُس مین آنحضرت صلی اللہ

منزل ۲

علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل کتاب مین سے جو شخص میرا حال سنکر پھر میری نبوت تسلیم نہ کریگا اسکی نجات مشکل ہے۔

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝

اور موسی کی قوم میں ایک فرقہ راہ بتاتے ہین حق کی اور اسی پر انصاف کرتے ہین

تفسیر وجیز وغیرہ مین اس آیۃ کی شان نزول جو لکھی ہے اوسکا حاصل یہ ہے کہ یہ آیۃ اون لوگونکی شان میں اتری ہے جو موسی علیہ السلام کی امت مین سے تھے اور حضرت پر ایمان لائے جیسے عبداللہ بن سلام وغیرہ اون ہی کو فرمایا کہ موسے کی قوم مین ایک گروہ ہے جو حق بات کا پیرو اور صاحب انصاف ہے اور بعض مفسرین نے یہ بیان کیا ہے کہ اوپر کی آیتون مین جو موسی علیہ السلام کا قصہ بیان ہوا اسکے متعلق اللہ پاک نے یہان تک یہ بیان فرمایا تھا کہ سامری نے گوسالہ بنالیا اور بنی اسرائیل کو شرک کرکے اسکو پوجنے لگا اور ستر آدمی موسی علیہ السلام چن کر اپنے ساتھ کوہ طور پر لائے جو زلزلہ سے ہلاک ہوگئے اب اس آیۃ مین یہ فرمایا سب کی سب موسے کی قوم ایسی نہین تھی جو گمراہ ہوگئے تھے ایک فرقہ وہ بھی تھا جو حق پر تھا ابن جریج نے اپنی تفسیر کے اس موقع پر یہ ذکر کیا ہے کہ بنی اسرائیل نے جب انبیا کو قتل کیا تو بارہ فرقے ہوگئے ایک فرقہ اونمین سے اس بات پر بالکل ناخوش ہوا اور اپنا عذر اللہ پاک سے ظاہر کیا اللہ پاک نے ایک نقب زمین مین پیدا کردی وہ لوگ اوس نقب کی راہ سے چین کے قریب نکلے اور وہان اپنے دین پر قائم ہیں مگر قاضی شوکانی نے اپنی تفسیر مین اس قصہ کو صحت سے دور تر بتلایا ہے حاصل یہ ہے کہ قرآن شریف کی بہت سی آیتون سے یہ بات نکلتی ہے کہ جہان یہود کی مذمت کا ذکر آتا ہے اوس مذمت میں سے اللہ تعالے مسلمان اہل کتاب کا دل بڑہانے کے لئے عبداللہ بن سلام اور اُنکے ساتھیونکو نکال لیتا ہے چنانچہ امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے صحیح قول کے حوالہ سے سورہ آل عمران کی آیۃ لیسو سوا کی شان نزول میں اسکا تذکرہ گذر چکا ہے اس سبب سے پہلی شان نزول صحیح معلوم ہوتی ہے۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے ابو صخر عقیل کی حدیث جو گذر چکی ہے اس حدیث کو یہود کی مذمت کی اوپر کی آیتون کی اور اس آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون مین یہود کے جن دو گروہونکا ذکر ہے حدیث میں اون دونون گروہون میں سے ایک شخص کا ذکر ہے جسمین ایک باپ تھا اور ایک بیٹا وہ یعدلون۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ عبداللہ بن سلام کے گروہ کے لوگ قابل مذمت یہود کے گروہ کی طرح نبی آخر الزمان کے اوصاف اور توراۃ کے مسائل کے ظاہر کرنے مین ناحق پسندی اور ناانصافی نہین کرتے

منزل ۲

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ۭ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ

اور بانٹ کر اونکو ہمنے کیا کئی فرقے بارہ دادون کے پوتے اور حکم بھیجا ہمنے موسی کو جب پانی مانگا

قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ

اوس سے اوس کی قوم نے کہ مار اپنی لاٹھی سے اس پتھر کو تو پھوٹ نکلے اس سے بارہ چشمے پہچان لیا

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۚ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ

ہر ایک لوگون نے اپنا گھاٹ اور سایہ کیا انپر ابر کا اور اوتارا انپر من اور

السَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

سلوی کھاؤ ستھری چیزین جو ہمنے روزی دی تمکو اور ہمارا کچھ نہ بگاڑا لیکن اپنا بگڑا

يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا

کرتے رہے اور جب حکم ہوا انکو رہو اس شہر مین اور کھاؤ اوس مین جہانسے چاہو اور کہو گناہ

حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـــَٔتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ

اوترے اور پیٹھو دروازے مین سجدہ کرتے تو بخشین ہم تمہاری تقصیرین آگے اور دین گے نیکی والونکو سو بدل لیا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝ ع

بے انصافون نے ان مین سے اور لفظ سوا اسکے جو کہدیا تھا پھر بھیجا ہمنے اونپر عذاب آسمان سے بدلا اونکی شرارت کا

موسے علیہ السلام کی قوم بارہ گروہ تھی ایک ہی دادا کی اولاد اصل میں یعقوب علیہ السلام کا لقب اسرائیل تھا انہین کی اولاد مین یہ لوگ تھے اسلئے انکو بنی اسرائیل کہتے ہین اور یہ لوگ علیحدہ علیحدہ گروہ ہین کثیر التعداد آدمی ہوگئے تھے اسلئے اون کو اللہ پاک نے فرمایا کہ بارہ فرقے الگ الگ کردیئے گئے اور ہر ایک کا سردار اور امام جدا جدا تھا سورہ بقر اور مائدہ مین گذر چکا ہے کہ کنعانی قوم کے ساتھ لڑنے سے جب بنی اسرائیل نے انکار کیا تو اس شرارت کی سزا مین اللہ تعالی نے چالیس برس تک بنی اسرائیل کو ایک جنگل مین قید کیا اور وہان جب دھوپ کی شدت ہوئی پانی کو ترس گئے تو موسے علیہ السلام پر وحی آئی کہ اپنا عصا پتھر پر مارو غرض کہ پتھر پر عصا مارنے سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے اور بنی اسرائیل کے ہر ایک گروہ نے اپنا اپنا الگ گھاٹ بنالیا اور پانی پینے لگے پھر اللہ پاک نے بادل کو حکم دیا کہ انکے سرون پر سایہ کرے تاکہ جلتی دھوپ سے امن مین رہین پھر خدا نے من وسلوا اوتار کر انکو کھانے کا حکم دیا من ترنجبین کو کہتے ہین یہ میٹھی چیز ہے اور سلوا ایک پرندے سمانی نام بہت میٹھی اور سلونی چیز اللہ پاک نے انکے کھانے کے واسطے اوتاری مگر ان لوگون نے کہا کہ ہم ایک کھانے پر ہمیشہ قناعت نہین کرسکتے اسی کو اللہ پاک نے بیان فرمایا کہ ہم نے کسی پر ظلم نہین کیا ان لوگون نے آپ اپنی جان پر ظلم کیا میری حکم عدولی کی میں نے من وسلوی بھیجکر کھانے کا حکم کیا تھا اونھون نے اُسپر صبر نہین کیا اور چیزون کی ہوس دل میں کرنے لگے پھر فرمایا کہ مین نے اون لوگونکو یہ حکم دیا کہ اس شہر بیت المقدس مین داخل ہوجاؤ اور جہان چاہو وہان کھاؤ پیو مگر یہ بھی کہدیا تھا کہ جب دروازہ شہر مین داخل ہونے لگو تو شکریہ کے سجدہ کے طور پر جھک کر سر کے بل اور حطۃ کہتے ہوئے داخل ہونا مگر اون لوگون نے میرا کہنا نہ کیا جب شہر مین داخل ہوئے تو حطۃ کی جگہ حنطۃ فی شعیرۃ کہا اور سجدہ کے عوض ٹہریان رگڑتے ہوئے جو ترون کے بل داخل ہوئے مین نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ اگر میرے حکم کے بموجب شہر مین داخل

ع ۲۱ منزل ۲

ہوگی تو تمہاری خطائین بخشدی جائینگی اور نیکیان بڑہادی جاوینگی مگر جب اُنھون نے حکم کے خلاف کیا جس طرح کہا تھا اوسی طرح نہین داخل ہوئے تو مین نے آسمان سے وبا اُنپر بھیجدی جس سے دوپہر کے عرصہ مین ستر ہزار کے قریب آدمی ہلاک ہوگئے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے جابر کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیو نسے معجزے کے طور پر پندرہ سو آدمیون اور اُن کے جانورون کے لئے پانی کے نکلنے کا ذکر ہے۔ اس حدیث کو ان آیتون کی تفسیر مین یہ دخل ہے کہ آیتو نمین جس طرح موسے علیہ السلام کے پتھر پر عصا مارنے سے خلاف عادت ضرورت کے موافق پانی نکلا اوسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیو سے ضرورت کے موافق پانی نکلا

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ

اور پوچھ انسے احوال اس بستی کا کہ تھے کنارے دریا کے جب حد سے بڑھنے لگے ہفتے کے حکم مین

تَأْتِيهِمْ حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ ۚ

جب آنے لگین اُن پاس مچھلیان ہفتے کے دن پانی کے اوپر اور جس دن ہفتہ نہ ہو نہ آوین یون ہم

نَبْلُوهُمْ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝

آزمانے لگے انکو اسواسطے کہ بے حکم تھے

یہ قصہ حضرت داؤد علیہ السلام کے وقت کا ہے حضرت صلعم کو اللہ پاک نے حکم دیا کہ یہود سے آپ ہفتہ کے دن شکار کھیلنے والونکا حال دریافت کرین اور اونکو یہ قصہ سنا کر ڈرائین کہ کس طرح اون لوگونپر بہ سبب مخالفت حکم الٰہی کے عذاب نازل ہوا کہین ایسا نہو کہ تم پر بھی اوسی طرح عذاب آوے تم میری صفت کو جو تمہاری کتابون مین لکھی ہوئی ہے چھپاتے ہو۔ وہ لوگ بحر طبریہ کے کنارے رہتے تھے ابن عباس وغیرہ کا قول ہے کہ مدین اور طور کے درمیان مین ایک قریہ ایلہ تھا وہان یہ لوگ رہتے تھے۔ اُنکو ہفتہ کے دن شکار کرنیکو منع کیا گیا تھا لیکن یہ لوگ بے کہے خدا کے حکم کے خلاف جرأت کر بیٹھے تھے اسلئے اونکی آزمائش کی گئی ہفتہ کے دن جس روز شکار منع تھا کثرت سے مچھلیان پانی پر آجایا کرتی تھین اور روز کہین پتا بھی نہین ملتا تھا یہ لوگ امتحان مین پورے نہین اُترے لگے حیلہ کرنے دریا کے کنارے کنارے پانی کاٹ لائے اور ایک گڑھے مین جمع کیا کہ ہفتہ کے دن جب مچھلیان آدین تو اس جگہ آکر جمع ہو جاوین یہان سے نکل نہ سکین پھر اونکو دوسرے روز پکڑ لین گے مگر پھر بھی مچھلیان ہاتھ نہ آئین ہفتہ کی شام کو نکل جائین آخر یہ کہ ان لوگون نے ہفتہ کے دن مچھلیون کی راہ بند کی اتوار کے دن اونکو پکڑ لیا۔ اللہ نے اس عدول حکمی کا یہ مزہ چکھایا کہ اُنکو بندر بنا دیا صحیح بخاری و مسلم وغیرہ مین جابر رضؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ یہود کو غارت کرے کہ اونپر جب مردہ جانورون کی چربی کا استعمال اور اوسکی خرید و فروخت منع ہوئی تو اونھون نے یہ حیلہ نکالا کہ چربی پگھلا کر تیل کی طرح اوسکی خرید و فروخت جاری کر دی اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ یہودیون نے جسطرح ہفتہ کے دن مچھلیون کے پکڑنے کا حیلہ نکالا تھا اوسی طرح مردہ جانورون کی چربی کی خرید فروخت کا حیلہ نکالکر اس حیلہ کو حرام چیز کے حلال ٹھہرانے کا ذریعہ اور وسیلہ قرار دیا تھا اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس حیلہ کو حرام چیز کے حلال ٹھہرانے کا

وسیلہ قرار دیا جاوے وہ حیلہ جایز نہین ہے ۔

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جب بولا ایک فرقہ اون مین کیون نصیحت کرتے ہو ایک لوگونکو اللہ چاہتا ہے اونکو ہلاک کرے یا اونکو عذاب کرے

شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ

سخت بولا الزام اتارنے کو تمہارے رب کے آگے شاید وہ ڈرین پھر جب بھول گئے جو انکو سمجھایا تھا

اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٔيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا

بچا لیا ہمنے جو منع کرتے تھے بُرے کام سے اور پکڑا گنہگارونکو بُرے عذاب مین بدلا اون کی

يَفْسُقُوْنَ ۝ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ۝

بے حکمی کا پھر جب بڑہنے لگے جس کام سے منع ہوا تھا ہمنے حکم کیا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے

اللہ پاک نے اون اصحاب سبت کا حال بیان فرمایا کہ اس قریہ مین تین فرقے ہوگئے ایک تو ہفتہ کے روز شکار کھیلتا تھا دوسرا فرقہ اونکو منع کرتا تھا تیسرا فرقہ وہ تھا کہ نہ شکار کرتا تھا اور نہ منع کرتا تھا یان منع کرنے والونکو صرف یہ کہا کرتا تھا کہ بھائی تم کیون ان لوگون کو منع کرتے ہو انکو اپنے حال مین رہنے دو عنقریب عذاب اللہ تعالی بھیجنے والا ہے ہلاک ہونے سے کبھی یہ بچ نہین سکتے ہین اللہ پاک نے اونکا حال بیان فرمایا کہ جو فرقہ منع کرتا تھا اسکو اللہ نے بچا لیا اور جو لوگ ہفتہ کے دن شکار کرنے سے باز نہین آتے تھے اونپر سخت عذاب نازل کیا ایک روز رات کو اپنے اپنے گھرون مین سوتے تھے کہ یکایک سب کے سب بندر ہوگئے صبح کو جب لوگ سوتے سے اٹھے آدمیونکی آواز نہین پائی دیوارونپر چڑھ چڑھ کر دیکھا تو آدمی کا کہین نام ونشان بھی نہین بندر اچکتے پھرتے ہین جب بندرون نے آدمیون کو دیکھا تو اپنے اپنے کنبہ رشتے کے لوگونکو پہچان پہچان کر انکے پیرون پر سر رکھنے لگے اور دم ہلانے لگے آنکھونسے آنسو جاری تھے ان لوگون نے کہا کہ ہم پہلے ہی منع کرتے تھے کہ خدا کے حکم کے خلاف نکرو تم باز نہین آئے اب دیکھا اوسکا انجام کیا ہوا بندرون نے سر ہلا کر کہا ہان غرضکہ تین روز تک وہ اس حال مین رہے آخر سر ٹیک ٹیک کر مر گئے ۔ یہ تو دو فرقون کا حال ذکر کیا گیا کہ ایک ہلاک ہوا دوسرا بچا لیا گیا باقی رہا تیسرا فرقہ جو نہ شکار کرتا تھا اور نہ اون لوگون کو شکار سے منع کرتا تھا اوس کی نسبت مفسرون کا اختلاف ہے کہ وہ بھی ہلاک ہوئے یا بچے ۔ بعض کا قول یہ ہے کہ صرف نصیحت کرنے والا گروہ بچ گیا باقی سب ہلاک ہوئے اور بعض کا قول یہ ہے کہ ہلاک صرف وہی فرقہ ہوا جو خطاکار تھا باقی سبھون نے نجات پائی چنانچہ ابن عباس بھی اسی طرف گئے ہین کہتے ہین کہ اس تیسرے فرقے نے نہایت غضبناک ہوکر یہ بات کہی تھی کہ تم لوگ انکو کیون نصیحت کرتے ہو انہ خود برباد وتباہ ہوا چاہتے ہین عکرمہ فرماتے ہین کہ مین ایک روز حضرت ابن عباس کے پاس گیا وہ قرآن مجید بغل مین دبائے ہوئے تھے اور آنکھونسے آنسو بہا رہے تھے پہلے تو مجھے انکے پاس جانے سے کچھ پس وپیش ہوا پھر پاس جاکر بیٹھ گیا

اور رونے کا سبب پوچھا کہنے لگے کہ مجھے ان درختوں نے رولایا ہے یہ کہکر سورہ اعراف کے اوراق دکھلائے اور کہا کہ تم ایلہ والوں کو جانتے ہو میں نے کہا ہاں جانتا ہوں فرمایا کہ وہاں یہود کا ایک قبیلہ رہتا تھا اور ہفتہ کے دن شکار کرنے کا واقعہ بیان کرکے کہا کہ جس رات کو عذاب آیا تو جو لوگ بچ گئے تھے اون میں سے لوگوں نے فصیل شہر پر سیڑھیاں لگا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ سب بندر بنا دئے گئے ہیں دروازہ کھولکر اندر گئے تو بندر اپنے خویش واقربا کو پہچان کر پاس آئے اور اُنکے کپڑے سونگھنے لگے مگر یہ لوگ نہیں پہچانتے تھے کہ کون اپنا ہے کون غیر ہے کیونکہ سب کے سب وہ بندر کی صورت تھے۔ پھر آیہ پڑھکر فرمانے لگے کہ میں دیکھتا ہوں کہ جو لوگ منع کرتے تھے وہ تو بچ گئے اور جو مرتکب تھے وہ ہلاک ہوئے مگر تیسرے فریق کا حال نہیں معلوم ہلاک ہوئے یا بچ کر کتنے کہ میں نے کہا ہم آپ پر فدا ہو جاویں کیا آپ یہ نہیں دیکھتے کہ اُس فرقے نے اون لوگوں کو برا جانا اور اس لئے کہا تھا کہ انکو نصیحت نہ کرو خدا انکو ہلاک کرنا چاہتا ہے اس بات پر ابن عباس نے خوش ہوکر مجھے انعام کے طور پر دو موٹے کپڑے پہنائے مجاہد نے اسی طرح ابن عباس سے یہ قصہ روایۃ کیا ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے کہ خلاف شرع بات کو دل سے برا جاننا یہ بھی ایک ضعیف درجہ ایمان کا ہے اس حدیث سے عکرمہ کے قول کی تائید ہوتی ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس تیسرے فرقہ کو اللہ تعالی نے ضعیف الایمان ایماندار ٹھہراکر عذاب سے اگر بچا لیا ہو تو اُسکی رحمت سے کچھ دور نہیں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے اسامہ بن زید کی حدیث سورہ بقر میں گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ بعضے لوگوں کو دوزخ کے طرح طرح کے عذاب میں گرفتار دیکھ کر اونکے دنیا کے ساتھی اونسے پوچھیں گے کہ تم تو ہمکو نیک کاموں کے کرنے اور برے کاموں سے بچنے کی نصیحت کرتے تھے پھر خود تم نے ایسے کیا برے عمل کئے جنکے سبب سے تم اس عذاب میں گرفتار ہوئے یہ لوگ جواب دیویں گے کہ ہم دوسروں کو جو نصیحت کیا کرتے تھے خود اُسکے موافق دنیا میں ہمارا عمل نہیں تھا معتبر سند کی مستدرک حاکم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے کہ سچی توبہ کے لئے پچھلے گناہوں پر نادم ہونا ہی اصل توبہ ہے یہ حدیثیں آیتوں کے اس ذکر کی گویا تفسیر ہیں کیونکہ آیتوں میں اگرچہ یہود کا ذکر ہے لیکن حدیثوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ امت محمدیہ میں سے جو دوسروں کو نصیحت کریگا اور اوسکے موافق عمل نکریگا یا اوپری دل سے توبہ کریگا اُسکا بھی یہی حال ہوگا کہ عقبے میں اوس کی نصیحت اولٹا اوسکو رسوا کریگی اور دنیا میں اوسکی توبہ قبول نہ ہوگی۔

منزل ۲

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

اور وہ وقت یاد کر کہ خبر کردی تیرے رب نے البتہ کھڑا رکھے گا یہود پر قیامت کے دن کوئی شخص کہ یاد دلائے اُنکو بری بات مار

اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

تیرا رب شتاب سزا دیتا ہے اور وہ بخشتا بھی ہے مہربان

یہ آیۃ یہود کی شان میں اوتری ہے اللہ پاک نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان فرمایا کہ ہم نے یہود سے یہ بات پکی کرلی تھی کہ اگر توراۃ کے احکام کو چھوڑ دوگے تو یاد رکھو قیامت تک پھر تمہیں عزت نصیب نہیں ہونے کی

ہمیشہ دوسرون کے ہاتھ مین ذلیل وخوار رہوگے ایسی قوم کو تمپر مسلط کر دینگے جو طرح طرح کے بُرے عذاب تم پر کیا کریگی یہ بات خدا کی پوری ہوکر رہی اون لوگون نے خدا کے حکم کے خلاف کیا اور طرح طرح کے حیلے بھانہ نکال نکال کر مجرم ہوتے رہے۔ کہا جاتا ہے کہ پہلے پہلے موسے علیہ السلام نے خود اُنپر خراج لگایا سات برس یا تیرہ برس کا ایکدم خراج لگادیا تھا پھر سلطنت یونان کے بادشاہون کے زیر حکومت رہے پھر نصاری کے ہاتھ مین مقہور رہے اُنھون نے خوب اُنکی گت بنائی خوب ہی خوار وذلیل کیا جزیہ الگ لیا خراج جدا لگایا پھر جب اسلام کا دور دورہ ہوا تو مسلمانون کے زیر حکومت رہکر برابر خراج وجزیہ دیتے رہے حضرت عبداللہ ابن عباس کہتے ہیں کہ اللہ پاک نے جو آیہ مین یہ فرمایا ہے کہ مُدا عذاب کرنے والا انپر مقرر کردونگا وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اونکی امت ہیں اُنکی امت قیامت تک انہیں مقہور رکھیگی اکثر مفسرین کا یہی قول ہے آخر کار یہ ہوگا کہ یہود دجال کیساتھ اوسکے مددگار بنکر نکلینگے اور مسلمان مع عیسی علیہ السلام کے انکو دجال سمیت قتل کرینگے پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ خدا بہت جلد عذاب کرنیوالا ہے اور بہت بڑا بخشنے والا اور مہربان ہے مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اُسکے حکم کے خلاف کرتے ہیں اور اوسکی شرع سے منہ موڑتے ہیں اونکو بہت جلد پکڑ لیتا ہے اور جو شخص اوسکی معافی کا طالب ہوتا ہے اور توبہ کرتا ہے اوسپر مہربان ہوجاتا ہے اور گناہ اُسکے بخشدیتا ہے اللہ پاک نے یہان اپنی عقوبت کے ساتھ رحمت کا بھی ذکر کردیا ہے تاخطاکارون کو بالکل ناامیدی نہ ہوجائے اور انسان امید وبیم کی حالت میں رہے اوسکے قہر سے ڈرتا بھی رہے اور اوسکی رحمت کا خیال کرکے بہتری کی امید بھی رکھے۔ صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی روایتین جو اوپر گذر چکی ہیں کہ اللہ تعالی کے عذاب کا پورا حال لوگون کو معلوم ہوجاوے تو نیک لوگونکے دلمین بھی جنت کے ملنے کی آرزو کم ہوجاوے اسی طرح اوسکی رحمت کا پورا حال اگر معلوم ہوجاوے تو نافرمان لوگون کے دلمین بھی جنت کے ملنے کی آرزو پیدا ہوجاوے اور اللہ کی رحمت اللہ کے غصہ پر غالب ہی ان حدیثونکو اس آیہ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے

وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ

اور متفرق کیا ہمنے اونکو ملک مین فرقے فرقے بعضے اون مین نیک اور بعضے اور طرح کے اور آزمایا اُنکو خوبیون مین اور برائیون مین

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى

شاید پھرآوین پھر اونکے پیچھے آئے ناخلف وارث کتاب کے لیتے اسباب اس ادنی زندگی کا

وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ

اور کہتے ہیں کہ ہمکو معاف ہوگا اور اگر ویسا ہی اسباب پھرآوے تو لے لیوین کیا نہین لیا اونپر عہد کتاب کے حق مین کہ نہ

الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ

بولین اللہ پر سوائے سچ کے اور پڑھا اونہون نے جو لکھا ہی اس مین اور پچھلا گھر بہتر ہے ڈرنیوالون کو

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ۝

کیا تمکو بوجھ نہین اور جو لوگ پکڑے ہے ہیں کتاب اور قائم رکھتے ہین نماز ہم ضائع نکرین گے ثواب نیکی والون کا

یہود کی سلطنت جب تباہ ہوئی تو ایسیمین ایسی پھوٹ پڑگئی جس سے یہ مختلف شہرون میں کچھ ادہر کچھ ادہر ہوگئے اور مختلف مذہب پیدا ہوگئے اسی بات کا ذکر اللہ تعالی نے ان آیتون مین فرمایا ہے کہ ہمنے یہود کو متفرق گروہ بنادیا اور دنیا کے اطراف میں ایک کو دوسرے سے جدا کردیا سلطنت کی باگ اونکے ہاتھ سے نکالدی یہ لوگ ہر سرزمین مین پریشان ہوگئے کوئی شوکت انکی باقی نہ رکھی جہان بستے ہین وہان دوسرے کے زیر حکومت ہیں پھر فرمایا کہ بعض ان مین صالح اور نیک بخت ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے اپنے دین پر قائم رہے کوئی تبدیل اور تحریف کتاب آسمانی مین اونہون نے نہین کی اور مرتے دم تک خدا کے احکام پر عمل کرتے رہے اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت تک باقی رہے وہ آپ ایمان لائے اور بعضے یہود ایسے بدکردار ہیں جنہون نے احکام الٰہی کو بدل ڈالا اور اپنے دین سے پھر گئے اوس مین طرح طرح کی تراش خراش کی اللہ نے اونکو ہر طرح سے جانچا کبھی تندرستی اور فارغ البالی دی کبھی تکلیف و رنج انپر نازل کیا کبھی عذاب بھیجکر آزمایا کہ شاید اپنے فعل پر نادم ہوکر حق کی طرف رجوع کرین لیکن کچھ نہ ہوا جو اولاد بھی اونکی پیدا ہوئی وہ بھی ایسی ناخلف ہوئی کہ توریت کے وارث بنکر دنیا کی طمع کرنے لگی اونکے نزدیک رشوت کا لینا ایک ادنی بات تھی سدی کا قول ہے کہ بنی اسرائیل مین جب کوئی قاضی بنتا تھا رشوت لیکر فیصلہ کردیا کرتا تھا قوم کے نیک بخت لوگ جمع ہوکر قاضی بنے والے شخص سے یہ قول و قرار لیتے تھے کہ تم ایسا کام ہرگز نہ کرنا مگر جب کوئی قاضی ہوا اور بگار رشوت لینے جب اُس سے یہ بات کہی جاتی تھی کہ تم عہد کرچکے تھے کہ رشوت نہ لوگے اب یہ کیا بات ہے اُس عہد کو بھول گئے تو جواب دیتا تھا کہ خدا بخشدے گا بنی اسرائیل کی قوم ملکر اُسپر طعن و تشنیع کرتے تھے پھر اُس قاضی کے مرنے کے بعد ان لوگون مین سے کوئی قاضی ہوتا تو وہ بھی وہی حرکت کرنے لگتا تھا سدی کے اس قول کے موافق آیۃ کا مطلب ہے کہ جب طعن تشنیع کرنے والون مین سے کچھ لوگ قاضی ہوئے اور اُنکے سامنے دنیا کی دولت آئی تو منہہ مین پانی بھر آیا حلال حرام کچھ نہ سمجھا اور جس طرح بن پڑا اُسکے لینے مین دریغ نہ کیا اور پھر یہ امید رکھی کہ خدا معاف کریگا۔ اسی کو اللہ پاک نے فرمایا کہ کیا اُنسے توراۃ میں یہ عہد نہین لے لیا گیا تھا کہ حق کے سوا اور کچھ نہ کہنا حق کو کبھی نہ چھپانا پھر اُسکے بعد اللہ جل شانہ نے یہ فرمایا کہ آخرت تو اُسی کے حصہ مین ہے جو خدا سے ڈرتا ہوا وہان جو کچھ بہتری ہونے والی ہے انہین متقیون کو ہوگی یہ لوگ تو سمجھ کے اندھے کچھ بھی عقل سے کام نہین لیتے ہین اور دنیا کی طلب مین مدہوش ہورہے ہین نہ حلال سمجھتے ہین نہ حرام جو کچھ سامنے آجاتا ہے لے چلے جاتے ہیں پھر اللہ پاک نے اُن لوگونکی تعریف فرمائی جو کتاب کو اس طرح مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں کہ اُسکے ہر ایک امر و نہی کو بجالاتے ہیں نماز بھی پڑھتے ہین ایسے لوگون کے حق مین فرمایا کہ ہم صلاحیت اور نیکی پر قائم رہنے والون کا بدلہ اور اجر ضائع نہین کرتے ہیں آخرت مین اسکا اجر انہین دینگے۔

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

اور جس وقت اوٹھایا ہمنے پہاڑ اونکے اوپر جیسے سائبان اور ڈرے کہ وہ گریگا اپر پکڑو جو ہمنے دیا ہے

بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

زور سے اور یاد کرتے رہو جو اوس میں ہے شاید تمکو ڈر ہو

ع ۲۱ ۹ ۱۱

جب فرعون کو اللہ تعالی نے غرق کرکے ہلاک کردیا تو بنی اسرائیل کو بڑی خوشی اور آزادی حاصل ہوئی کیونکہ ایک مدت دراز سے بنی اسرائیل فرعون کی قید اور طرح طرح کی سختیون میں مبتلا تھے ان سختیون سے چھوٹ جانے اور اس طرح کے دشمن قوی اور زبردست کے ایکدم مین ہلاک ہوجانے سے بنی اسرائیل کے دونمین اللہ تعالی کی معرفت بڑہی اور اوس کی قدرت کا یقین زیادہ پیدا ہوا ایسی حالت مین پہلے تو اونھون نے حضرت موسے سے پورا عہد کیا کہ جس اللہ نے ہمپر یہ احسان کیا ہے اسکی طرف سے جو ہم احکام لاوینگے تو ہم اسکی مرضی نامرضی پہچان کر اسکے موافق پورا عمل کرینگے جب توراۃ نازل ہوئی تو بنی اسرائیل نے اسکے احکام کو سخت خیال کرکے اُن احکام کے قبول کرنے سے انکار کیا اسوقت حضرت جبرئیل نے اللہ کے حکم سے انکے سر پر پہاڑ اوٹھایا اور زبردستی انسے توریت کی تعمیل کرائی بعضے مفسرین نے اس آیۃ کی تفسیر مین یہ اعتراض جو کیا ہے کہ بموجب آیۃ لا اکراہ فی الدین کے اس طرح کی زبردستی تسلیم دین کے لئے تردد طلب ہے اوپر کے بیان سے اب وہ اعتراض باقی نہین رہا کیونکہ بنی اسرائیل پر وہ پہاڑ بدعہدی کی سزا میں اوٹھایا گیا ہے معتبر سند سے ترمذی اور ابن ماجہ کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ کی حدیث سورہ بقر مین گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہدایت کے بعد وہی قوم گمراہ ہوتی ہے جو دین کی باتون کو زبردستی کے جھگڑون مین ڈالدیوے۔ اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے یہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے تسلیم کرنے مین زبردستی کے جھگڑے جو نکالتے تھے انکو اللہ تعالی نے یہ بات یاد دلائی ہے کہ جس توراۃ پر عمل کرنیکا عہد تمہارے بڑون سے لیا جا چکا ہے اسی توراۃ مین نبی آخر الزمان کے اوصاف اور اون پر ایمان لانے کا عہد موجود ہے پھر اس قدر سخت ہدایت کے بعد کتاب آسمانی کے برخلاف طرح طرح کی زبردستی کے جھگڑون کا نکالنا بڑی گمراہی کی بات ہے اسلئے توراۃ کا عہد یاد کرکے اسکے موافق تم لوگونکو عمل کرنا اور بدعہدی کے وبال سے ڈرنا چاہیئے۔

منزل ۲

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ

اور جس وقت نکالے تیرے رب نے آدم کے بیٹیونکی پیٹھ مین سے اونکی اولاد اور اقرار کرادیا اون سے اون کی جان پر کیا مین تمہارا

بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ

رب تمہارا بولے البتہ ہم قائل ہین کبھی کہو قیامت کے دن ہمکو اوس کی خبر نہ تھی یا

تَقُولُوٓا إِنَّمَآ أَشْرَكَ ءَابَآؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنۢ بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا

کہو کہ شریک تو کیا ہمارے باپ دادون نے پہلے اور ہم ہوئے اولاد اُنکے پیچھے تو ہمکو کیون ہلاک کرتا ہی ایک

فَعَلَ ٱلْمُبْطِلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ ٱلْـَٔايَٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝

کام پر کہ کیا ہے خطا والون نے اور یون ہم کھولتے ہین باتین شاید وہ پھر آدین

ان آیتون مین اللہ تعالی نے یہ ذکر فرمایا ہی کہ جبکہ آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو جتنی اولاد اونکی ہونے والی تھی اون سبکو آدم اور اُنکی اولاد کی پشت سے نکالکر اُنسے اس بات کا عہد لیا تھا کہ کیا مین تمہارا رب نہین ہون مین تمہارا مالک نہین ہون جسکا جواب اونھون نے ایک زبان ہوکر یہی دیا تھا کہ بیشک تو ہمارا رب ہے اور ہم گواہی دیتے ہین۔ پھر فرمایا کہ یہہ عہد اسواسطے لیا تھا کہ شاید یہ لوگ قیامت کے دن عذر کرین کہ ہمین اسبات کی خبر نہ تھی ہم اس سے بالکل غافل تھے یا یہ کہین کہ دنیا مین جاکر ہم اسکو بھول گئے اسواسطے اون لوگون کے پاس رسول بھیجکر اسکو جتلایا کہ اللہ تعالی کے سوا کوئی معبود نہین ہے یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا کہ انکو یہ بھی عذر کرنے کا موقع نہ ملے کہ ہمنے اپنے باپ دادا کو جو فعل کرتے دیکھا وہی ہمارا بھی مذہب و دین رہا ہمارے ہر کام مین وہی مرنی و سرپرست تھے اُنکے قدم بقدم چلے اون گمراہونکی وجہ سے ہماری ہلاکت نہین ہونی چاہئے پھر فرمایا کہ ہم اپنی نشانیان اسی طرح مفصل کرکے بتلاتے ہین تاکہ لوگ توحید کی طرف رجوع کرین۔ اس بات مین مفسرین کا اختلاف ہے کہ کس مقام پر اللہ پاک نے آدم علیہ السلام کی پیٹھہ سے اونکی ذریات کو نکالا تھا حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہین کہ مقام بطن نعمان مین جو عرفات کے قریب ہے وہان اونکی اولاد کو نکالکر یہ عہد و پیمان مضبوط کیا تھا اور دوسرا قول حضرت عبداللہ بن عباس کا یہ ہے کہ دھنا رمین جو ملک ہند مین ایک مقام کا نام ہے جہان آدم علیہ السلام سے اُتارے گئے تھے وہان یہ عہد لیا گیا ہے اور کلبی کہتے ہین کہ مکہ اور طائف کے درمیان میں یہ ہوا تھا۔ مسلم بن یسار کی حدیث جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایۃ کی گئی ہے اوسکو ترمذی ابوداؤد و مالک نے روایۃ کیا ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ مسلم بن یسار نے اسی آیۃ کے متعلق حضرت عمر سے دریافت کیا تو اونھون نے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اسی طرح اس آیۃ کی بابت پوچھا گیا تھا آپ نے فرمایا کہ اللہ جل شانہ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کرکے اونکی پیٹھہ پر دونون ہاتھہ پھیرے داہنا ہاتھہ پھیرنے سے جسقدر ذریات نکلین اُنکی نسبت یہ حکم فرمایا کہ اونکو مین نے جنتی پیدا کیا ہے یہ لوگ اہل جنت کا عمل کرینگے اور بائین ہاتھہ پھیرنے سے جسقدر اولاد پیدا ہوئی اوسکو فرمایا کہ یہ سب دوزخی ہیں اور اہل دوزخ کا عمل کرینگے جب یہ بات حضرت صلعم نے فرمائی تو ایک شخص نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر عمل کیون کیا جائے کیونکہ یہ بات پہلے ہی طے ہوچکی ہے کہ کون بہشتی ہے اور کون جہنمی پھر عمل کرنے سے کیا فائدہ آپ نے جواب دیا کہ اللہ پاک نے جن بندون کو جنت کے واسطے پیدا کیا ہے اونکو وہ جنت والون کے عمل کی توفیق دیتا ہے اور ویسا ہی کام اُنسے لیتا ہے یہانتک کہ وہ لوگ اسی حالت پر دنیا سے اُٹھہ جاتے ہیں اور جن لوگون کو دوزخ کیواسطے بنایا ہے اونسے وہ ویسا ہی کام لیتا ہے اور مرتے دم تک وہ لوگ اہل دوزخ کا عمل کرتے رہتے ہیں الی بن کعب کی یہی حدیث اس مضمون کی آیۃ کے متعلق امام احمد نے نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے

منزل ۲

آدم علیہ السلام کی کل اولاد کو اکٹھا کرکے اس طرح علیحدہ علیحدہ گروہ کردیا کہ انبیا کو الگ اولیا کو جدا شہیدون کو علیحدہ نیک بختون کو ایک طرف بدبختون کو دوسری طرف یہود و نصاری و مجوس کل فرقے اور ہر مذہب کے لوگون مین ایک کو دوسرے سے متفرق کیا اونکی صورتین بنائین کسی کو خوبصورت کسی کو بدصورت کوئی لنگڑا کسی کو بہرا کسی کو کانا غرضکہ جسکو جیسا پیدا کرنا تھا ویسی ہی صورت پیدا کیا پھر اُنسے قول و اقرار لیا کہ کیا مین تمہارا رب نہیں ہون سبھون نے کہا ہان تو ہمارا رب ہے پھر فرمایا کہ دیکھو یہ آسمان اور زمین اور تمہارے باپ آدم اس بات کے گواہ ہیں کبھی ایسا نہو کہ قیامت کے دن تم کہنے لگو ہم اس سے بالکل بے خبر تھے تو جان لو کہ میرے سوا کوئی اور معبود نہین ہے اور نہ میرے سوا کوئی اور رب ہے خبردار میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا ہم اس عہد و میثاق کے پورا کرنے کو پیغمبر اور اپنے رسول تمہارے پاس بھیجدین گے اور اپنی کتابین اونپر اوتارین گے تاکہ پھر تم کوئی عذر و حیلہ نکر سکو ان سب نے کہا کہ تو ہمارا رب ہے تیرے سوا اور کوئی ہمارا معبود نہین ہے اور سبھون نے اس بات کا پکا اقرار کرلیا پھر آدم علیہ السلام نے نظر اوٹھاکر اُنکی طرف دیکھا تو بعضونکو خوبصورت کسی کو بدصورت کوئی فقیر کسی کو تونگر پایا کہا کہ اے معبود تو انکو یکسان پیدا کرتا تو سب ایک حال مین ہوتے اللہ پاک نے جواب دیا کہ مین یہ چاہتا ہون کہ تونگر لوگ میرا شکر اور فقیر لوگ اپنی حالت پر صبر کرین پھر آدم علیہ السلام نے انبیا علیہ السلام کی طرف دیکھا کہ چراغ کی روشنی کی طرح اونپر نور برس رہا تھا انسے دوسرا عہد و پیمان لیا گیا ہی جو رسالت اور نبوت کے متعلق تھا جس کا ذکر اللہ پاک نے آیہ واذ اخذنا من النبیین میثاقہم مین فرمایا ہے مسند امام احمد کی سند معتبر ہے مسلم بن یسار کی روایت کے متعلق اگرچہ منذری نے یہ اعتراض کیا ہے کہ مسلم بن یسار کو حضرت عمر سے کسی حدیث کی سماعت کا موقع نہین ملا اسلئے اس حدیث کی سند پوری نہین ہے لیکن موطا امام مالک اور مستدرک حاکم کی سند پوری ہے اسی واسطے حاکم نے اس حدیث کو مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے غرض اس حدیث کے سب طریقون کے ملانے سے اس حدیث کو معتبر قرار دیا جاسکتا ہے اس وجہ سے ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک کی حدیث ہے جسمین یہ ہے کہ کم سے کم عذاب والے دوزخیون سے اللہ تعالی قیامت کے دن یہ پوچھے گا کہ تم لوگون کے پاس اگر تمام دنیا کی دولت ہو تو تم اوسکو معاوضہ مین دیکر اس عذاب سے نجات پانے کی تمنا دل میں رکھہ سکتے ہو وہ لوگ جواب دین گے کہ ہان اوسپر اللہ تعالی فرماویگا کہ جب تم لوگ آدم کی پشت میں ہی تھے تو تم سے توحید کا عہد لیا گیا تھا لیکن تم لوگ دنیا مین اُس عہد پر قائم نہین رہے اس لئے آج مشرکون کی کسی طرح نجات نہین ہوسکتی بعضے مفسرین نے اس یوم المیثاق کے عہد کی تفسیر مین یہ جو لکھا ہے کہ ہر شخص کو فطرۃ اسلام پر پیدا کرنا آسمانی کتابون کا متواتر نازل فرمانا اون کتابون کا مطلب سمجھانیکے لئے رسولون کا بھیجنا اسی کو عہد فرمایا ہے عالم ارواح مین اور کوئی عہد نہین لیا گیا۔ یہ تفسیر انس بن مالک کی اس صحیح حدیث کے مخالف ہے کیونکہ اس صحیح حدیث سے عالم ارواح مین توحید کے عہد کا لیا جانا صاف طور پر ثابت ہوتا ہے۔ اس عہد کی بابت اوپر یہ ذکر ہوگذرا کہ یہ عہد حضرت آدم علیہ السلام کے زمین پر اوتارے جانے کے بعد لیا گیا ہے یہ ذکر حضرت عبداللہ بن عباس رض اور عبداللہ بن عمر کے قول کے موافق ہے کوئی حدیث نبوی اس باب مین نہین ہے۔ اس عہد یوم المیثاق مین اللہ تعالی کی طرح طرح

اُنکی حکمتین ہین جنکو وہی خوب جانتا ہے مثلاً جو بچہ ایسی چھوٹی عمر مین مرجاوے کہ اوسکو آسمانی کتاب اور رسول وقت کی نصیحت سے ہدایت پانیکا موقع نہ ملا ہو تو اُسکے لئے یہی توحید میثاقی نجات کا سبب ٹہر جاتی ہے۔ دنیا عالم اسباب ہین یہی میثاقی عہد اس بات کا سبب قرار پایا ہے کہ ہر شخص فطرۃ اسلامی پر پیدا ہوتا ہے دنیا مین پیدا ہونے کے بعد اس عہد کے یاد نہونے مین مثلاً یہ حکمت ہے کہ دنیا آسمانی کتابون اور رسولون پر اختیاری ایمان لانے کے امتحان کے طور پر پیدا کی گئی ہے اس عہد کے یاد رہنے کی صورت مین وہ امتحانی حالت اچھی طرح باقی نہین رہتی تھی بلکہ ہر شخص اس عہد کی پابندی پر اپنے آپ کو مجبور خیال کرکے ایمان لاتا اور اس طرح کا مجبوری کا ایمان بارگاہ الٰہی مین مقبول نہین ہے اس واسطے حکمت الٰہی اسی بات کی مقتضی ہوئی کہ بغیر آسمانی کتابون اور رسولون کی یاددہی کے خود یہ عہد لوگونکو یاد نرہے۔ مجبوری کے ایمان کے مقبول نہ ہونیکا ذکر سورہ انعام مین گذر چکا ہے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ

اور سُنا انکو احوال اُس شخص کا کہ ہمنے اوسکو دی تھین اپنی آیتین پھر اوہ انکو چھوڑ نکلا پھر پیچھے لگا اُسکے شیطان تو وہ ہوا گمراہونمین

اس آیۃ مین اللہ پاک نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ تم یہود کو اُس شخص کے حال کی اطلاع دیدو جسکو اللہ نے اپنی نشانیان دی تھین اور وہ نشانیان اُسکے کفر کی وجہ سے اس طرح اوس سے نکل گئین جیسے سانپ اپنی کینچلی سے نکل جاتا ہے یہ شخص بلعم باعور تھا بنی اسرائیل کے منتخب علما مین اسکا شمار کیا جاتا تھا اور بعضون نے کہا ہے کہ کنعانیون مین سے یہ شخص تھا لوگون نے اس سے کہا تھا کہ موسے علیہ السلام پر بددعا کرو اُسنے جو بددعا کی تو اوسکی زبان منہ سے باہر نکل آئی اور سینے تک لٹک گئی یہ شخص خدا کا مقرب تھا مگر دنیا کے لالچ سے شیطان کا تابع ہوگیا اور خدا کی معصیت کرتے کرتے گمراہ ہوگیا اسکا مفصل قصہ جو حضرت ابن عباس وغیرہ نے بیان فرمایا ہے وہ یون ہے کہ جب موسے علیہ السلام قوم جبارین کی جنگ کے ارادہ سے سرزمین کنعان مین جو ملک شام مین واقع ہے پہونچے تو بلعم باعور کی قوم اوسکے پاس آئی بلعم باعور اسم اعظم جانتا تھا لوگون نے اُس سے کہا کہ تم دیکھتے ہو کہ موسے علیہ السلام ہمارے ملک پر چڑھ آئے ہین اور یہ بڑے سخت و قوی آدمی ہین انکے ساتھ لشکر بھی بے شمار ہے یہ لوگ ہمین قتل کرڈالین گے اور ملک سے نکالدین گے اور بنی اسرائیل ہماری جگہ حکومت کرنے لگین گے تمہین خدا نے وہ علم عطا کیا ہے کہ جس کے سبب سے تمہاری دعا کبھی ٹلتی نہین ہے تم خدا سے دعا کرو کہ یہہ لوگ اوسٹے چلے جاوین بلعم باعور نے کہا کہ یہہ سخت مشکل ہے وہ خدا کے رسول ہین اونکے ساتھ مومنین کے علاوہ فرشتے بھی ہون گے مین خدا کی جتنی باتین جانتا ہون تم نہین جانتے اگر مین دعا کرونگا تو میری دنیا و آخرت خراب ہوجاویگی مگر قوم نے اپنا اصرار نہ چھوڑا پیچھے پڑگئے اور نہایت ہی عاجزی و منت کرنے لگے آخر بلعم نے کہا کہ ٹہر جاؤ مین اسکا استخارہ کرون بلعم کی یہ عادت تھی کہ جب دعا کا ارادہ کرتا تھا تو خواب مین اوسکا استخارہ پہلے کرلیا کرتا تھا اس مرتبہ اُسکو خواب مین یہ حکم ہوا کہ ہرگز موسے علیہ السلام پر بددعا نہ کرنا اسنے اپنی قوم

منزل ۲

سے صاف کہدیا کہ میں بد دعا نہیں کرسکتا مجھے خواب مین منع کردیا گیا ہے پھر لوگون نے اُسکے پاس کچھ رشوت کے طور پر تحفہ بھیجا اور دعا
کو کہا اُس نے پھر وہی جواب دیا کہ میں استخارہ کرون اِس مرتبہ اُسکو کچھ نہین معلوم ہوا اُس نے اُن لوگون سے بیان کیا کہ آج رات
کو کوئی بات نہین معلوم ہوئی قوم نے کہا کہ اب ضرور بد دعا کرو کیونکہ یہ امر اگر خدا کو منظور نہ ہوتا تو اس مرتبہ بھی وہ منع کرتا اور
بہت ہی اصرار کے ساتھ منت و عاجزی کرنے لگی آخر اونکی باتون مین آکر اپنی اونٹنی پر سوار ہوکر پہاڑ کی طرف چلا جسکا نام حسبان
تھا اوسی کے سامنے بنی اسرائیل اوترے تھے تھوڑی دور اونٹنی چلکر بیٹھ گئی اوسنے اوترکر اوسے مارا اور پھر سوار ہوکر چلا مگر اونٹنی
چار چار پانچ پانچ قدم چل چل بیٹھ جاتی تھی اللہ جل شانہ نے اونٹنی کو گویائی دی وہ بولی کہ اے بلعم تو کس بات کا ارادہ کرتا ہے
کیا خدا کے رسول اور مومنون کے واسطے بد دعا کریگا میرے سامنے فرشتون کے برسے کے پرسے کھڑے ہین میں کس طرح
آگے چلون مگر وہ اِس بات کا مطلق دل مین خوف نہ لایا پھر اللہ پاک نے حجت تمام کرکے اونٹنی کو رستہ دیدیا وہ پہاڑ کی
طرف اوسکو لے گئی جب یہ پہاڑ پر چڑھ گیا تو دعا کرنے لگا جو بد دعا بنی اسرائیل کے لئے کرنا چاہتا تھا وہ اپنی قوم کو کرنے
لگا اور جو دعا اپنی قوم کے لئے کرتا تھا وہ بنی اسرائیل کے واسطے منہ سے نکلتی تھی اوس کی قوم نے اوس سے کہا کہ اے بلعم
ہوش مین آ یہ کیا کرتا ہے ہمارے لئے بد دعا کرتا ہے اور بنی اسرائیل کے واسطے دعا کر رہا ہے اوس نے کہا کہ میری زبان قابو
مین نہین ہے اوسی وقت اللہ نے اوسکی زبان منہ سے باہر نکالدی اور سینہ تک لٹکا دی پھر بلعم باعور نے کہا کہ مین نے تمہارے
لئے اپنی دنیا اور آخرت دونون بگاڑ دین اب میرے قبضہ مین کوئی بات نہین ہے ہان ایک حیلہ سمجھ مین آتا ہے تم اپنی
عورتون کو زیورون سے آراستہ کرکے بنی اسرائیل کے لشکر مین بھیجدو اور عورتون سے کہدو کہ بنی اسرائیل مین سے اگر کوئی مرد کسی
عورت کی طرف مخاطب ہو تو وہ عورت انکار نکرے اگر ایک شخص نے بھی زنا کرلیا تو کام بنجائیگا غرضکہ کنعانیون کی عورتین
سنگار کرکے لشکر کی طرف گئین شمعون بن یعقوب ایک شخص لشکر کا سپہ سالار تھا اوسے ایک عورت بہت پسند آئی وہ اُسے
لیکر موسیٰ علیہ السلام کے پاس گیا اور کہا کہ میرا گمان اِس عورت کی نسبت یہ ہے کہ آپ اسکو حرام سمجھین گے موسے علیہ السلام
نے کہا کہ یہ تجھپر بھی حرام ہے اور تجھپر بھی حرام ہے اُسنے یہ بات سنتے ہی قسم کھالی کہ مین آپکی اطاعت نہین کرونگا اور خیمہ مین
عورت کو لیجاکر فعل بد کا مرتکب ہوا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خدا نے طاعون بھیجدیا ایک دم مین ستر ہزار آدمی اِس وبا سے ہلاک ہوگئے
اور بعضے مفسرون نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ شخص جسکی شان مین یہ آیۃ اوتری ہے امیہ بن ابو صلت تھا جو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے زمانہ مین ہوا ہے اسکو اگلی پچھلی کتابون سے واقفیت تھی پڑھا بھی کرتا تھا اُسے معلوم تھا کہ ایک رسول اللہ تعالیٰ بھیجنے والا
ہے یہ اپنے خیال مین یقین کئے بیٹھا تھا کہ وہ نبی مین ہونگا جب اللہ پاک نے آنحضرت کو رسول مقرر کیا تو اوسنے حسد کے مارے
آپکی مخالفت شروع کی اور باوجود طرح طرح کے معجزے دیکھنے کے آپ پر ایمان نہین لایا اگرچہ سوا اِسکے بعضے مفسرون نے اس آیۃ
کی شان نزول اور قصون کو بھی قرار دیا ہے لیکن اِس تفسیر کے مقدمہ مین یہ بات بیان ہوچکی ہے کہ علی بن طلحہ کی حضرت
عبداللہ بن عباس رضہ کی روایۃ تفسیر کے باب مین بڑی معتبر روایۃ ہے۔ تفسیر ابن جریر مین اسی روایۃ سے بلعم باعور کے قصہ کو آیۃ کی

شان نزول قرار دیا گیا ہے اسلئے یہی شان نزول صحیح ہے۔ معتبر سند سے ابن ماجہ اور طبرانی مین زید بن ثابت کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص عقبی سے غافل ہوکر اپنی زندگی کا دار و مدار دنیا کمانے پر رکھے گا اوسکو دنیا تو اُسی قدر ملے گی جس قدر اُسکی تقدیر مین ہے لیکن عقبی کی غفلت کے سبب سے اللہ تعالی ایسے شخص کو دنیا مین بہت پریشان رکھے گا جس سے ایسا شخص دنیا کی زندگی اطمینان سے کبھی بسر نہین کرسکتا۔ اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ بلعم باعور کی طرح جو شخص عقبی سے غافل ہوکر اپنی زندگی کا مدار دنیا کمانے پر رکھے گا اُسکا وہی انجام ہوگا جو بلعم باعور کا ہوا ۔

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ

اور ہم چاہتے تو اوسکو اوٹھا لیتے ان آیتوں سے لیکن وہ گر پڑا زمین پر اور چلا اپنی چاؤ پر تو اُسکا حال جیسے کتا

اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

اوسپر تو لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے یہ مثال ہے اون لوگون کی کہ جھٹلائین ہماری آیتین

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ سَاۗءَ مَثَلَۨا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝

سو تو بیان کر احوال شاید وہ دھیان کرین بُری کہاوت ان لوگون کی کہ جھٹلا دین ہماری آیتین اور اپنا ہی نقصان کرتے تھے

منزل ۲

پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ اون نشانیون اور کرامات کی وجہ سے جو ہم نے بلعم کو دی تھین کہ اُسکو اسم اعظم کا علم دیا تھا دعائین اوسکی نامقبول نہین ہوتی تھین اگر ہم چاہتے تو اوسکو بہت بڑا مرتبہ دیتے مگر وہ گمراہ ہوکر دنیا حاصل کرنے کی طرف مائل ہوگیا اور اپنی خواہش کا تابع ہوکر اوسنے اپنی قوم کی خوشی چاہی پھر اللہ پاک نے مثال بیان فرمائی کہ اوسکی مثال کتے کی سی ہے کہ ہر وقت ہانپتا رہتا ہے اگر اُس پر کچھ بوجھ لاد دو تو بھی ہانپتا ہے اور اگر بوجھ لاد و جب بھی ہانپتا ہے کتے کی یہ حالت ہمیشہ رہتی ہے آرام و راحت کے وقت بھی اور تھکان و مشقت کے وقت بھی کوئی گھڑی اوسکی ہانپنے سے خالی نہین جاتی ہے اسی طرح اون لوگون کی بھی حالت ہے جو عقبے کے منکر اور دنیا کی حرص مین لگے رہتے ہین خواہ اونکو پند و نصیحت کیجیے یا نہ کیجیے اُنکی گمراہی اور دنیا کی حالت کی سرگردانی نہین جاسکتی کبھی یہ لوگ راہ راست پر نہین آسکتے اسی کو فرمایا کہ یہی مثال ہے اون لوگون کی جو عقبے کو جھٹلاتے ہین کہ کبھی یہ ہدایت نہین پاسکتے پھر آنحضرت صلعم کو خطاب فرمایا کہ آپ لوگون سے ان قصون اور مثالون کو بیان فرما دین تاکہ شاید یہ لوگ غور و فکر کرین پھر فرمایا کہ جو قوم احکام الٰہی کو جھٹلاتی ہے اُسکی بہت ہی بری مثال ہے یہ لوگ آپ اپنی جانو پر ظلم کر رہے ہین اللہ تعالی کی ساری حجتین انکی آنکھون کے سامنے ہوتی گئین اور ان لوگون نے خوب اچھی طرح اونکو جان بھی لیا لیکن وہ گمراہی سے باز نہ آئے اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین زید بن ثابت کی حدیث جو گذر چکی ہے وہی حدیث اس آیۃ کی بھی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ بلعم باعور نے عقبی کی خرابی سے غافل ہوکر دنیا کے فائدہ پر اپنی زندگی کا مدار رکھا اس لیے اُس کو دنیا کا فائدہ تقدیر الٰہی سے کچھ زیادہ ہونا تو درکنار بلکہ عقبی کی غفلت

کے سبب سے وہ دین و دنیا کی خرابی مین پڑگیا۔

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

جسکو اللہ راہ دے وہی پاوے راہ اور جسکو وہ بھٹکا دے سو وہی ہین زیان مین

یہ اللہ پاک نے اس بات کی صراحت فرمائی کہ ہدایت اور گمراہی دونون خدا کے ہاتھ میں ہیں جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسکو ہدایت کرتا ہے وہ ہدایت پاجاتا ہے ایسا نہین ہوتا کہ جسکو خدا ہدایت کرے وہ گمراہ کا گمراہی رہے اور جسکو وہ گمراہ کردیتا ہے اوسکا کوئی ہدایت کرنے والا نہین ہے اور ایسے لوگ بڑا نقصان اٹھاتے ہیں صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماں کے پیٹ مین جب بچے کا پتلا چار مہینے کے عرصہ مین بنکر تیار ہوجاتا ہے تو اللہ تعالی کے علم ازلی کے موافق یہ لکھدیا جاتا ہے کہ دنیا مین پیدا ہونے کے بعد یہ بچہ نیک اوٹھیگا یا بداس لکھنے کے موافق جو لوگ اللہ تعالی کے علم ازلی مین نیک ٹھہر چکے ہین اونسے اللہ تعالی دنیا مین نیک کام لیتا ہے اور جو لوگ اللہ تعالی کے علم ازلی مین بد قرار پاچکے ہیں اونکو مجبور کیا جاکر راہ راست پر لانا منظور الٰہی نہین ہے کیونکہ دنیا نیک و بد کے اس امتحان کے لئے پیدا کی گئی ہے کہ دنیا مین کون شخص اپنے اختیار سے نیک کام کرتا ہے اور کون شخص برے کامون مین اپنی عمر گذارتا ہے مجبوری کی حالت میں یہ امتحان باقی نہین رہتا اس لئے مجبور کرکے کسی کو راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کس لئے کہ آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اپنے علم ازلی کے موافق اللہ تعالی نیکون کو نیک کام میں لگادیتا ہے اور جو لوگ علم الٰہی میں بد قرار پاچکے ہیں اونکو راہ راست پر لانے کے لئے مجبور کرنا اللہ تعالی کو منظور نہین اسلئے اللہ تعالی نے اونکو اونکے حال پر چھوڑ دیا ہے جس سے وہ عمر بھر بدی میں لگے رہین گے اور اس بدی کی سزا کے سبب سے انکو عقبے میں بڑا نقصان اوٹھانا پڑے گا۔ منزل ۲

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَ

اور رہنے پیدا رکھے ہیں دوزخ کے واسطے بہت جن اور آدمی اُنکے دل ہیں اُنسے سمجھتے نہین اور

لَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ

اُنکھین ہیں اونسے دیکھتے نہین اور کان ہیں اونسے سنتے نہین وہ جیسے چوپائے بلکہ اونسے زیادہ

اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝

بے راہ وہی لوگ ہیں غافل

اکثر فلسفی اور دہریہ اور معتزلے اور قدریہ جنات کے وجود کے جو منکر ہیں اونکا بے راہ ہونا اس آیۃ سے ثابت ہوتا ہے کیونکہ جو چیز اللہ تعالی نے پیدا کی ہے اور اُسکے پیدا کرنیکی خبر اپنے کلام پاک مین دی ہے وہ ضرور موجود اور دنیا مین اُسکا وجود

ہے اور اُسکے وجود سے انکار کرنا کلام الٰہی سے انکار کرنا ہے رہی یہ بات کہ ہماری قوت بصارت مین اللہ تعالی نے وہ طاقت نہین دی ہے کہ ہم جنات کو اصلی صورت مین دیکھ سکین تو یہ کوئی عقل کی بات نہیں ہے جس چیز کو ہم آنکھون سے نہ دیکھین اُسکا انکار کرین سینکڑون عجائبات اللہ کی قدرت کے دنیا مین ایسے ہین کہ انسان کی آنکھ مین اُنکے دیکھنے کی قوت نہین ہی خود انسان کی روح بدن انسانی میں ایسی چیز ہے جسکو کسی انسان نے آجتک نہین دیکھا تو کیا کوئی عقل یہ حکم لگا سکتی ہے کہ وہ اُسکے وجود کا انکار کیا جاوے اور دنیا مین مردہ اور زندہ کو ایک کہا جاوے اصل بات یہ ہے کہ منکر شریعت لوگون نے جس طرح شریعت کو نہین جانا کہ شریعت کیا چیز ہے اسی طرح اونھون نے عقل کو بھی یہ نہین جانا کہ عقل کیا اور کس مصرف کی چیز ہے انسان مین عقل خدا تعالی نے اس لئے پیدا کی ہے کہ آنکھ کان وغیرہ حواس سے جو چیزین دریافت مین آسکتی ہین اون چیزونکی دریافت کے بعد آدمی اون چیزون سے کوئی نتیجہ دینی یا دنیوی عقل کے ذریعہ سے پیدا کرے نتیجہ دینی مثلاً مخلوق سے خالق کو پہچاننا نتیجہ دنیوی مثلاً اون چیزون مین کوئی تصرف عقلی تجارتی یا حرفتی پیدا کرکے کسی ذریعہ معاش کا پیدا کرنا یہان تک کی دریافت جو چیزین بالکل الگ اور غائب چیزین ہین مثلاً یہ کہ آسمان کے اوپر کیا ہے مرنے کے بعد کیا ہوگا بدن کے تعلق سے پہلے روح کہان تھی فرشتونکا جنات کا وجود ہے یا نہین اور ہے تو کیسا ہے یہ چیزین بدون علم آسمانی کے عقل کو کیونکر اور کس ذریعہ سے معلوم ہوسکتی ہیں ان لوگون نے بلا مناسبت عقل کو ایسی چیزون مین لگایا ہے نتیجہ جسکا یہ ہی ہے کہ الہیات مین بے گنتی غلطیان کی ہیں اور پھر بھی ایک بات پر قیام نہین جس طرح مادر زاد اندھا آدمی ایک کپڑے کے رنگ کو اٹکل سے کبھی لال کہدیتا ہے کبھی زرد کبھی اودا حالانکہ وہ کپڑا سبز رنگ کا ہے اسی طرح الہیات مین بڑے بڑے حکما کا یہ حال ہے کہ الہیات کا کوئی مسئلہ صاف نہیں ایک کی بات پر دوسرا بے کھٹکے اعتراض کرنے کو موجود ہے ذریعہ علم اگر ناقص نہین اور جسکا نام علم کہا ہے وہ محض رنگ کے پہچاننے مین اندھے کیسی اٹکل نہیں ہے تو ان لوگون مین باہم آپس کی آپا دھاپی کیون ہے کوئی حکیم صاحب ذرا اسپر بھی تو غور کرین کیا خاک غور کرینگے عقلی عالمون کے حق مین خود عقل کے پیدا کرنیوالے نے فرمادیا وما اوتیتم من العلم الا قلیلا یہ صون جسکا مطلب یہ ہے کہ ان اٹکلی اندھونکو کیا علم ہے کچھ نہین محض اٹکل لڑاتے ہیں جنات کے وجود کے سوا جنات کے بارہ مین اور بھی چند اختلاف ہیں مثلاً جنات اور شیطین علیحدہ ہیں یا ایک ہیں جنات کھاتے پیتے ہین یا نہیں جنات کے یہان اولاد ہوتی ہے یا نہین جنات کسی شریعت کے پابند ہین یا نہیں جنات کے رسول جن ہوتے ہیں یا انسان جنات کے لئے آخرت کا عذاب ثواب ہے یا نہین حدیث کی کتابون مین بدء الخلق کی بحث خصوصاً صحیح بخاری اور اوسکی شرح فتح الباری دیکھی جاوے تو یہ سب اختلاف رفع ہوسکتے ہیں حاصل جسکا یہ ہے کہ جنات اور شیطین کا مادہ پیدائشی اگرچہ ایک ہے آگ کی لو سے دونون پیدا کئے گئے ہیں لیکن شیطین علیحدہ ہین کھاتے پیتے دونون ہیں مباشرت اور توالد دونون مین ہے تھوڑی ترمیم کے بعد انسانون کے نبی وقت کی شریعت کے پابند جنات بھی ہین مثلاً شریعت محمدی مین یہ انسانون کو حرام ہے جنات کو حلال ہے حضرت یوسف اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم جن وانس دونون کے رسول ہین

منزل ۲

باقی انبیا انسانون کے رسول تھے اور جنات مین جن اُنکے نائب تھے عذاب ثواب ثقلین جن وانس دونون کو ہے شیطین
مین کوئی نیک نہیں ہوتا اسلیئے اونپر آخرت مین فقط عذاب ہے بعضے لوگون نے یہ اعتراض جو کیا ہے کہ جب جنات اور
شیطان آگ کی لوسے بنے ہیں تو سرکش جنات اور شیطین پر دوزخ کے عذاب کا کیا اثر ہوگا جواب اسکا یہ ہے کہ خاص ترکیب
کی غرض سے جس طرح آدمی مین مٹی کا جز ہے اور آدمی خاکی کہلاتا ہے اسطرح جنات مین آگ کا جز ہے اور وہ آتشی کہلاتے ہیں خاکی آدمی پر
ہزارہا من کی مٹی کی دیوار آپڑے تو مٹی سے مٹی کو کچھ تکلیف ہوگی یا نہین اُسی طرح پہاڑ کے پہاڑ آگ کے جنات اور شیطین
کے اجسام ترکیبی کو اثر عذاب پہونچاوین گے حاصل معنے آیہ کے یہ ہیں کہ انسان اور جن تکلیفات شرعیہ کے مکلف ہین
اور اونکو راہ نیک پر لگانے کیلئے اُس عالم اسباب میں رسول کتاب الٰہی اور طرح طرح کی ہدایت کے سبب ہین اور ادن کو
آنکھین کان ان سببون کے دیکھنے سننے کے لئے اور دل اون اسباب کے سمجھنے کے لئے اور معرفت الٰہی اون اسباب سے
پیدا کرنے کے لئے دئے گئے ہیں جو جنات اور انسان ان سببون کے دیکھنے سننے سمجھنے سے غافل ہیں وہ دنیا مین حیوانون سے
بدتر ہیں کیونکہ حیوان اپنے نیک وبد کو سمجھتے ہین اور یہ نہین سمجھتے حیوان خدا کے فرمانبردار ہین اور یہ نہین ہیں اور علم الٰہی کے موافق
اس طرح کے اسباب ہدایت کا غافل جن وانس کا گروہ دوزخ مین جھونکا جاویگا یہان یہ ایک اعتراض بعضے مفسرون نے کیا ہے
کہ جب علم الٰہی مین یہ لوگ دوزخ مین جھونکے جانیکے لائق قرار پاچکے تھے تو اونکو اسباب ہدایت خلاف علم الٰہی اور خلاف قضا
قدر کیا مفید ہوسکتے تھے کیونکہ جگہ جگہ قرآن مین اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ ایسے لوگون کے دلون اور آنکھ کان پر خدا کی طرف سے
مہر لگی ہوئی ہے پہر اون کی آنکھین نہ اون اسباب ہدایت کو دیکھہ سکتی ہین نہ کان سن سکتے ہیں نہ دل ہدایت کی بات کو کچھہ سمجھہ
سکتا ہے جواب اسکا یہ ہے کہ دنیا کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے دنیا کے پیدا ہونیکے بعد مین جو کچھہ ہونے والا ہے وہ اللہ تعالے
نے اپنے علم ازلی کے موافق اگرچہ لوح محفوظ مین لکھہ لیا ہے جسکو قضا وقدر کہتے ہین لیکن لوگون کے دوزخی اور جنتی ہونیکا فیصلہ
اللہ تعالی نے قضا وقدر کے لکھنے پر نہیں رکھا ہے ورنہ دنیا کے پیدا کرنے اور انبیا کے بھیجنے اور انبیا پر آسمانی کتابین نازل کرنے اور انبیا
سے دین کے لئے خون ریزی کرانے کی کچھہ ضرورت نہ تھی دنیا کی پیدائش سے پہلے جو روحین جنت کے قابل معلوم ہوئی تھین
اونکو جسم سے متعلق کیا جاکر جنت مین اور علی ہذا القیاس قابل دوزخ کو دوزخ مین داخل کردیا جاتا بلکہ دنیا مین اللہ تعالی نے
دنیا کے کامون کے لئے جس طرح سبب ٹھہرائے ہین بیج ڈالنے سے پیڑ اگتا ہے صحبت کرنے سے اولاد پیدا ہوتی ہے تجارت
کرنے سے نفع ہوتا ہے کھانا کھانے سے پیٹ بھرتا ہے پانی پینے سے پیاس بجھتی ہے اسی طرح دین کے کام آخرت کی نجات کا
سبب ٹھہرتے ہیں اور جسنے دین کے کامون سے پہلوتہی کی اُس نے اپنی نجات آخرت کو بٹا لگایا جس طرح دنیا مین کوئی قضا وقدر
پر بھروسہ کرکے بیٹھہ رہے تو بغیر بیج ڈالے کے پیڑ ہوسکتا ہے نہ بغیر صحبت کے اولاد ہوسکتی ہے نہ بغیر تجارت کے نفع ہوسکتا
ہے نہ بغیر کھانے پینے کے پیٹ بھر سکتا ہے نہ بغیر پانی پینے کے پیاس بجھتی ہے اسی طرح آخرت کی نجات کے سببون مین سے کسی
سبب کو باوجود انبیا کے ہدایت کے جس شخص نے اپنے فعل اختیاری سے اپنی نجات کا سبب نہ ٹھہرایا اسکی آنکھہ کان دل

گمراہی کی مہر خدا کی طرف سے لگ جاتی ہے اگرچہ ابتدا میں سب فطرت اسلام پر پیدا کئے جاتے ہیں سب کی ہدایت کے لئے
انبیا کو حکم الٰہی ہوتا ہے لیکن اس طرح کے لوگ راہ راست پر کسی طرح نہیں آتے جس طرح ہر مرض کی دوا ہے اوسی طرح لوح محفوظ
میں آخرت کے ہر نیک و بد کا سبب لکھا ہے توحید نماز روزہ حج زکوٰۃ یہ سبب نیک بننے اختیار کئے جنتی ہوا کفر و شرک یہ سبب
بد بننے اختیار کئے دوزخی ہوا تفسیر عبدالرزاق میں حضرت عبداللہ بن عباس سے موقوف اور تفسیر ابن جریر میں ابو درداء سے
مرفوع روایت کا حاصل یہ ہے کہ اہل زمین کے عملوں کی بنا پر اللہ تعالیٰ ہر وقت ہر روز لوح محفوظ کے نوشتہ میں ترمیم فرماتا رہتا ہے ترمذی
ابوداؤد نسائی ابن ماجہ دارمی میں حضرت امام حسن کی روایت کی دعا قنوت میں خود آنحضرت نے صحابہ اور امت کو وقتی شر مافضیت
کی تعلیم فرمائی ہے حضرت عمر رضی جیسے صحابی جنکی نسبت آنحضرت نے فرمایا ہے کہ اگر میرے بعد نبی ہوتے تو عمر ہوتے طواف کیوقت
روتے جاتے تھے اور یہ دعا مانگتے تھے کہ یا اللہ تو نے مجھکو شقی لکھا ہے تو اب نیک لکھ لے حاصل کلام یہ ہے کہ قضا و قدر کے نوشتہ نے
اللہ کو کچھ مجبور نہیں کیا اللہ کی شان یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید ہے اپنی طرف سے آدمی اسباب نیک میں لگا رہے اور اللہ
سے حسن ظن رکھے صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث جو ہے کہ بعضے آدمی اہل جنت کے سے عمل کرتے ہیں
یہانتک کہ جنت میں ہاتھ بھر فرق رہجاتا ہے اسی طرح بعضے آدمی اہل دوزخ کیسے عمل کرتے ہیں یہانتک کہ اون میں
اور دوزخ میں تھوڑا فرق رہجاتا ہے اتنے میں تقدیر کا لکھا پیش آجاتا ہے جس سے اہل جنت اہل دوزخ کیسے عمل کرکے
دوزخی ہوکر مرتے ہیں اور اہل دوزخ اہل جنت کیسے عمل کرکے جنتی ہوکر مرتے ہیں اسکے معنے یہ ہیں کہ خاتمہ کے عمل کا اعتبار
ہیں بڑا اعتبار ہے بعضے لوگ آخر عمر میں غلطی سے ایسے عمل کرنے لگتے ہیں جو قضا و قدر میں آدمی کی ہلاکت اور دوزخی ہونیکا
سبب ٹھہرتے ہیں اسلئے انکے پچھلے عمل اکارت جاکر وہ دوزخی ہوکر مرتے ہیں اسی طرح بعضے آدمی آخر عمر میں ایسے نیک عمل کرتے
ہیں جو قضا و قدر میں نجات کا سبب ٹھہرتے ہیں اسلئے اون نیک عملوں کے طفیل سے انکے سب پچھلے برے عمل معاف
ہوجاتے ہیں اور وہ جنتی ہوکر مرتے ہیں یہ معنے اس حدیث کے نہیں ہیں کہ بلا سبب فقط قضا و قدر کے لکھے پر بغیر عمل اون کے
کوئی دوزخی یا جنتی ہوجاتا ہے اور خاتمہ کی برائی سے اکثر صحابہ جو ڈرا کرتے تھے اسکے بھی یہ معنے ہیں کہ آدمی خدا سے پناہ مانگتا رہے
اور ثابت قدمی سے اعمال صالح کی دعا کرتا رہے ایسا نہو کہ آخر عمر میں کوئی برا کام خدا تعالیٰ کی ناخوشی کا اس سے سرزد ہوکر
اسکے خاتمہ کو نہ بگاڑ دے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہر بچہ فطرۃ اسلام پر پیدا ہوتا ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ ہر بچے کی طبیعت میں اسلام اور عقبیٰ کی بھلائی کی باتیں
مان لینے کی صلاحیت ہوتی ہے اسی طرح صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمیں
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے پیدا ہونے سے پچاس ہزار برس پہلے جو دنیا میں ہونے والا تھا وہ سب اللہ تعالیٰ
نے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر لوح محفوظ میں لکھ لیا ہے۔ ان حدیثوں کو آیت کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیت اور حدیثوں
کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے جن و انس سب کی طبیعت میں عقبیٰ کی بھلائی کی صلاحیت

منزل ۲

کھی ہے لیکن انمین بہت سے ایسے ہیں جو علم الٰہی میں دوزخی قرار پاچکے ہین اسلئے دنیا مین پیدا ہونے کے بعد عقبی کی بہبودی کی باتون کے کانو سے سننے آنکھون سے دیکھنے مین انکا دل نہین لگتا بلکہ جانورون کی طرح دنیاوی باتون پر اونکی زیست کا مدار ہے اور عقبی کے حساب سے وہ گویا دوزخ کا ایندھن بننے کے لئے دنیا میں پیدا ہوئے ہیں۔

وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۲۳ ع ۱۰ ۱۲

اور اللہ کے ہین سب نام خاصے سو اوسکو پکارو وہ کہکر اور چھوڑ دو اونکو جو کجراہ چلتے ہین اُسکے نامون مین وہ بدلا پاوینگے اپنے کئے کا

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ایک کم سو نام ہیں جو شخص اونکو یاد کریگا وہ جنت مین داخل ہوگا اور ترمذی نے اپنی روایت مین اون ناموں کو ذکر بھی کیا ہے یہی مشہور نام ہیں جو چھپے ہوئے نہیں لیکن اللہ کے ناموں کا حصر ان ناموں مین نہین ہے چنانچہ ابن عربی نے شرح ترمذی مین ذکر کیا ہے کہ بعضے علمانے قرآن و حدیث سے ہزار نام تک اللہ کے چنے ہیں اسکی تائید مسند امام احمد بن حنبل کی اُن معتبر روایتون سے ہوتی ہے جسمین آپ نے رفع غم کی دعا لوگون کو سکھائی ہے اُس دعا کا حاصل یہ ہے کہ یا اللہ تونے جو اپنے نام لوگونکو نہیں بتلائے ہیں اور جو تیرے نام تیرے علم غیب مین مخفی ہین اون سب ناموں کے طفیل سے یہ غم دور ہوجاوے الحاد کے معنے کجروی کے ہیں اللہ کے ناموں مین کجروی اور کجراہ چلنے کا مطلب حضرت عبداللہ بن عباس نے یہ بیان فرمایا ہے کہ مثلاً جس طرح مشرکین مکہ نے لفظ اللہ سے لات اور لفظ منان سے مناۃ کا لفظ تراش کر بتون کے یہ نام ٹھہرائے تھے جن بتون کو وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا شریک جانتے تھے تفسیر مقاتل اور ابن جوزی وغیرہ مین ہے کہ ایک مسلمان شخص یا رحمان یا رحیم کہکر دعا مانگا کرتا تھا ایک مشرک شخص نے اسپر یہ اعتراض کیا کہ تم مسلمان لوگ تو اللہ کو وحدہ لاشریک جانتے ہو پھر اللہ کے یہ دو نام کیون لیتے ہو اوسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اس شان نزول کی بنا پر حاصل مطلب آیت کا یہ ہے کہ شریعت الٰہی مین اللہ تعالیٰ کے جو نام آچکے ہیں دعا کے وقت وہ لئے جاسکتے ہیں ہان ان مشرکون نے کجروی سے جو نام تراش لئے ہیں اونکو وقت مقررہ پر انکی سزا بھگتنی پڑیگی۔ سورہ بقر مین اسمار بنت یزید کی حدیث ترمذی ابوداؤد وغیرہ کے حوالہ سے گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داسکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم اور لا الہ الا ہو الحی القیوم ان دونون آیتون مین اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ ترمذی ابوداؤد وغیرہ مین بریدہؓ کی دوسری حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسم اعظم کے بعد جو دعا مانگی جاوے وہ قبول ہوتی ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن اور حاکم نے اسکو صحیح کہا ہے۔ ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شریعت مین اللہ تعالیٰ کے جو نام ثابت ہوئے ہین اُن سب کے بعد دعا مانگی جاسکتی ہے اور اسم اعظم کے بعد دعا ضرور قبول ہوتی ہے اور اسم اعظم اون دونون آیتون مین ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلائے ہیں۔

منزل ۲

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝

اور ہماری پیدائش میں سے ایک لوگ ہین کہ راہ بتاتے ہین سچی اور اسی پر انصاف کرتے ہین

اس سے اوپر کی آیۃ میں اللہ پاک نے فرمایا تھا کہ گمراہون کو دوزخ کے واسطے پیدا کیا گیا ہے اوسکے بعد اب اہل جنت کا ذکر اس آیۃ مین بیان فرمایا کہ دنیا مین ایک گروہ وہ بھی ہے جو ہمیشہ دین حق پر قائم اور اوسکو مضبوطی کے ساتھ پکڑے رہے گا اور اپنے ہر کام کا اوسی پر دارومدار رکھکر فیصلہ کیا کریگا بعضے مفسرونکا قول ہے کہ یہ فرقہ ہر ایک نبی کی امت مین تھا جب سے دنیا قائم ہوا اور اکثر مفسرین کا بیان ہے کہ یہ آیۃ خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی شان مین نازل ہوئی ہے ابن ابی حاتم نے انس بن ربیع کی ایک حدیث بھی نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ امت محمدیہ مین سے ایک گروہ ہے جو ہمیشہ حق پر رہے گا یہان تک کہ عیسے علیہ السلام اوترین گے صحیحین مین معاویہ بن سفیان کی حدیث ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ امت محمدیہ مین سے ایک گروہ قیامت تک حق پر قائم رہیگا نہ کسی کی مخالفت اسکو ضرر پہونچائے گی نہ کسی کی بے حرمتی کرنے سے اوسکو نقصان پہونچے گا جابر کی صحیح حدیث مسند امام احمد کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آخری زمانہ مین اگر موسی علیہ السلام زندہ ہوتے تو شریعت محمدی کی پیروی اونپر بھی لازم ہوتی۔ ان حدیثونکی موافق صحیح تفسیر آیۃ کی یہی ہے کہ اس آخری شریعت سے پچھلی سب شریعتین منسوخ ہوگئین اسلئے جس گروہ کا آیۃ مین ذکر ہے قرآن شریف کے نازل ہونے کے بعد وہ گروہ شریعت محمدی کی پیروی کرنے والے لوگونکی سوا دوسری کسی امت مین کے لوگونکا نہین ہوسکتا کیونکہ پچھلی امتین تو درکنار اس آخری زمانہ مین شریعت محمدی کی پیروی تو ایسی ضرور ہے کہ پہلے انبیا پر بھی وہی لازم ہے اس صحیح تفسیر کے بعد مفسرونکا وہ اختلاف بھی اب باقی نہین رہتا جس کا ذکر اوپر گذرا۔

منزل ۲

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝

جنہون نے جھٹلائین ہماری آیتین اونکو ہم سچ پکڑینگے جہانسے وہ نہ جانین گے اور اونکو فرصت دونگا بیشک میرا داؤ پکا ہے

اللہ پاک نے حق پر قائم رہنے والے لوگونکا حال بیان فرماکر اس آیۃ مین اون لوگون کا حال بیان کیا جو حق باتون کی مخالف ہین مراد اس سے روئے زمین کے کل کافر ہین جو قرآن کی آیتونکو نہین مانتے اور اوسکی باتون کو جھٹلاتے ہین فرمایا ایسے لوگون کو ہم آہستہ آہستہ پکڑین گے اونکو معلوم بھی نہین ہونیکا پہلے تو اونکو اس طرح پر ڈھیل دیجاویگی کہ اونکے روزی رزق بن مون دونی رات چوگنی ترقی کردینگے مال دولت بے انتہا دینگے ہر طرح اونکو خوش وخرم رکھین گے اور وہ لوگ ان نعمتون کو دیکھکر یہ گمان کرنے لگین گے کہ وہ راہ راست پر ہین اس لئے اللہ کا یہ فضل ہے مگر حقیقت مین یہ فضل وانعام نہین ڈھیل ہے پھر فرمایا کہ اللہ کی پکڑ اسطرح پر ہوگی جب وہ لوگ خوب مال مست ہوجاوین گے تو ہم اونکو ایک دفعہ ہی اس طرح مضبوطی کے ساتھ پکڑین گے کہ اونکی رہائی نہ ہوگی صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے عمرو بن عوف انصاری کی حدیث گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھکو اپنی امت کی تنگدستی کی حالت کا کچھ خوف نہین ہے بلکہ مجھکو یہ خوف ہے کہ جب

انکو پچھلی امتوں کی طرح فارغ البالی ہوجاویگی تو ان میں طرح طرح کے فساد پیدا ہوجاوینگے۔ اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ فارغ البالی نیک و بد ہر ایک شخص کے لئے دنیا میں بڑے امتحان کی چیز ہے دنیا کی فارغ البالی کے بعد جو شخص عقبے سے ایسا غافل ہوگیا جس طرح کے غافل لوگوں کا ذکر آیۃ اور حدیث میں ہے تو اسطرح کا شخص اس امتحان میں پورا نہیں اترا ہاں جس شخص نے دنیا کی فارغ البالی سے عقبے کی کچھ بہبودی کمائی وہ شخص اس امتحان میں گویا پورا ہے +۔

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَنظُرُوا

کیا دھیان نہیں کیا انہوں نے اپنے رفیق کو کچھ جنون نہیں وہ تو ڈر سنانیوالا ہے صاف کیا نگاہ نہیں کی

فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ

سلطنت میں آسمان اور زمین کے اور جو اللہ نے بنائی ہے کوئی چیز اور یہ کہ شاید نزدیک پہنچا ہوا انکا

قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ۝ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا

وعدہ سوا اسکے پیچھے کس بات پر یقین لاوینگے جسکو اللہ بھٹکا دے اسکو کوئی نہیں راہ

هَادِيَ لَهُ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

دینے والا اور انکو چھوڑ رکھتا ہے انکی شرارت میں سبکتے

منزل ۲

تفسیر ابن ابی حاتم اور تفسیر ابو الشیخ میں قتادہ سے روایت ہے کہ ایک روز صفا پہاڑ پر چڑھ کر آنحضرت نے اہل مکہ کو بلایا اور اسلام لانیکی نصیحت انکو کی ایک نے انمیں سے آنحضرت کو دیوانہ کہا اسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہیں کہ اہل مکہ خود دیوانے اور ناسمجھ ہیں جو نبی کو دیوانہ بتلاتے ہیں جن بتوں کو یہ لوگ پوجتے ہیں نہ انہوں نے کوئی زمین پیدا کی نہ کوئی آسمان پیدا کیا خدا کی پیدا کی ہوئی زمین اور آسمان کے عجائبات پر غور کرنے سے خود بخود معلوم ہوتا ہے کہ وہی وحدہ لا شریک عبادت کے قابل ہے سوا اسکے اور کسی کی عبادت دیوانہ پن ہے اور نبی وقت جن باتوں کی نصیحت کرتے ہیں وہ بڑی سمجھ کی باتیں ہیں دیوانوں کی باتیں نہیں ہیں مسند امام احمد بن حنبل کی معراج کی حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ معراج کی رات آنحضرت نے فرمایا کہ میں نے اول آسمان کے نیچے کچھ گرد و غبار اور دھواں دیکھا حضرت جبرئیل سے میں نے پوچھا کہ یہ کیا چیز ہے انہوں نے جواب دیا کہ یہ شیطین اٹکھے ہوکر آسمان کے نیچے اسلئے اڑ کر دیتے ہیں کہ زمین پر کے لوگوں کو آسمان کے عجائبات نظر نہ آویں یہ اڑتے ہوتی تو شاید لوگوں کو زیادہ عجائبات نظر آتے۔ عماد الدین حافظ ابن کثیر نے اگرچہ اس حدیث کے ایک راوی علی بن زید پر اعتراض کیا ہے لیکن ترمذی نے علی بن زید کو صدوق کہا ہے اور صدوق کی روایۃ قابل اعتبار ہے مسند امام احمد صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں ابو سعید خدری کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقبی کی بہبودی چاہنے والے لوگوں کو یہاں تک ذکر الٰہی میں مشغول رہنا چاہئے کہ دنیا دار لوگ انکو دیوانہ کہنے لگیں حاکم نے اس حدیث کو

صحیح کہا ہے ان آیتون مین یہ جو ذکر ہے کہ مکہ کے مشرک لوگ اللہ کے رسول کو دیوانہ کہتے تھے یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے کیونکہ مکہ کے مشرک لوگ اللہ تعالی کی وحدانیت اور عقبی کی جزا و سزا کے منکر تھے اور اللہ کے رسول کی زبان پر ہر وقت توحید الٰہی اور عقبی کی جزا و سزا کا ذکر رہتا تھا اسلئے وہ منکر حشر لوگ اُنکی باتون کو وہمی اور خیالی باتین جان کر اُنکو دیوانہ کہتے تھے اللہ کے رسول نے معجزہ کے طور پر اس حدیث مین یہ بھی جتلا دیا کہ اہل مکہ کی جس گستاخی کا ذکر آیۃ مین ہے وہ کچھ اہل مکہ پر یا زمانہ نبوت پر منحصر نہین ہے بلکہ ہر ایک جگہ اور ہر ایک زمانہ کے دنیادار لوگ کثرت سے ذکر الٰہی مین مصروف رہنے والونکو دیوانہ کہوین گے عرب مین یہ ایک دستور تھا کہ قوم مین کا کوئی شخص سب قوم کے لوگونسے پہلے اگر کسی دشمن کے لشکر کو آتے ہوئے دیکھ لیتا تھا تو قوم کے لوگون کو ہشیار کردینے کی غرض سے اپنے کپڑے اوتار کر ایک لکڑی کے سرے پر باندھ لیتا اور اس لکڑی کو جھنڈی کی طرح ہلاتا تھا ایسے شخص کو عرب کے محاورہ مین ننگا ڈرانے والا کہتے تھے اور اسکے ڈرانے کو ایک بڑا ڈر خیال کرتے تھے۔ صحیح بخاری و مسلم مین ابو موسے اشعری کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس محاورہ کے موافق اپنے آپ کو نذیر عریان فرمایا ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ آپ قریش کو عذاب دوزخ سے جو ڈراتے ہیں اسکو یہ لوگ معمولی ڈرانا خیال کرین بلکہ نذیر عریان کے ڈرانے کی طرح اسکو ایک تقینی سمجھین ان آیتون مین اللہ تعالی نے اپنے رسول کو صاف ڈرانے والا جو فرمایا یہ حدیث گویا اوسکی تفسیر ہے۔ باقی تفسیر ان آیتونکی آیۃ ولقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن والانس کی تفسیر مین اور آیتونکی تفسیر مین تفصیل سے گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر جو کچھ دنیا مین ہو رہا ہے وہ سب دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے لوح محفوظ مین لکھ لیا ہے لیکن لوگون کے دوزخی اور جنتی ہونے کا فیصلہ اللہ تعالی نے لوح محفوظ کے نوشتہ پر نہین رکھا بلکہ ہر شخص کو فطرۃ اسلامی پر اس نے پیدا کیا ہے ہر ایک کا ٹھکانا دوزخ اور جنت دونون جگہ مین بنایا ہے ہر ایک کو نیک راہ پر لگانے کے لئے رسول بھیجے گئے آسمانی کتابین نازل کی گئین معرفت الٰہی حاصل کرنے کے لئے بے گنتی قدرت الٰہی کی نشانیان دنیا مین پیدا کی گئین باوجود اسکے نیک راہ چھوڑ کر جو لوگ ادہر اودہر بھٹکتے پھرتے ہین وہ وہی لوگ ہین جو علم الٰہی مین دوزخی قرار پا چکے ہین نہ اونکو ہدایت کا کوئی طریقہ فائدہ پہونچا سکتا ہے نہ اونکو مجبور کیا جاکر نیک راہ پر لانا انتظام الٰہی مین داخل ہے کیونکہ دنیا نیک و بد کی جانچ کے لئے پیدا کی گئی ہے کسی کو کسی کام پر مجبور کرنے کے لئے نہین پیدا کی گئی۔ صحیح بخاری و ترمذی مین عبد اللہ بن عمر کی حدیث ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ انسان کو اپنے مرنے کا وقت معلوم نہین کہ ناگہانی طور پر کس وقت موت سر پر آن کھڑی ہو اسلئے انسان کو چاہیئے کہ وہ ہر وقت اپنے آپ کو قبر کا مردہ سمجھے۔ ان آیتون مین موت کا جو ذکر ہے حدیث کا یہ ٹکڑا آیۃ کے اوس ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے۔

منزل ۲

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا

تجھسے پوچھتے ہین قیامت کس وقت ہے اوسکا ٹھیراؤ تو کہہ اوسکی خبر تو ہے میرے رب ہی پاس وہی کہولکہ دیگا اسکو

وقف لازم
وقف منزل

لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً يَسْـَٔلُوْنَكَ

اپنے وقت پر بھاری بات ہے آسمان وزمین مین تم پر آوے گی تو بیخبر آویگی تجھسے پوچھنے لگتے ہین

كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

گویا کہ تو اوس کا تلاشی ہے تو کہہ اسکی خبر ہے خاص اللہ پاس لیکن اکثر لوگ سمجھہ نہیں رکھتے

ابو جعفر ابن جریر اور مفسرون نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اگر آپ نبی ہیں تو آپ ہمکو یہ تو بتلائے کہ جس قیامت سے آپ ہمکو ڈراتے ہین آخر وہ کب آویگی اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ قیامت ایسی سخت چیز ہے کہ انسان کی تو کیا اصل بنیاد ہے اُسکا آنا زمین وآسمان سب پر بھاری ہے جب وہ آویگی عالم سفلی عالم علوی سوا ذات پاک اُس وحدہ لاشریک کے سب کچھہ فنا ہوجاویگا اس لئے ایسی بڑی چیز کا علم اللہ تعالی نے اپنے ہاتھہ مین رکھا ہے اگر اُسکا وقت معلوم ہوتا تو اُسوقت کو قریب آتا دیکھکر زمین وآسمان وفرشتے کوئی اپنے حال پر باقی نہ رہتا اور انتظام آلہی مین خلل پڑجاتا وہ ناگہان بے خبری مین ایک دفعہ ہی آویگی حدیث مین چھوٹی چھوٹی علامتین قیامت کی جو آپ نے فرمائی ہیں مثلاً امانت دار شخصونکا دنیا مین کم ہوجانا دنون کا ایسا جلدی گذر جانا کہ ایک برس ایک مہینہ معلوم ہو اور ایک مہینہ ایک ہفتہ علم دین کے سوا اور تعلیم کا رائج ہوجانا زکوۃ کی ادائیگی کو بار جاننا مان کے ساتھہ بدسلوکی سے پیش آنا خاوندون کا اپنی بیبیونکا فرمانبردار ہونا شراب خواری اور ناچ رنگ کا پھیلنا ایسے شریر النفس لوگونکا پیدا ہونا جنسے لوگ انکی شرارت کے سبب سے دب کر رہیں پچھلے زمانہ کے لوگونکو برا کہنا مردونکا ریشمی کپڑونکا پہننا علم کا کم اور جہل کا زیادہ ہوجانا زنا کا عام ہوجانا مردونکا کم اور عورتون کا زیادہ ہوجانا ایسی مصیبتین لوگونپر پڑنا جسسے لوگ موت کی آرزو کرنے لگین دمشق کے ملک مین ایک آگ کا پیدا ہونا جسکو علما نے لکھا ہے کہ وہ آگ سنہ ۶۱۴ مین پیدا ہوکر ڈیڑھ پونے دو مہینہ باقی رہی تھی بے دین لوگونکا سردار ہونا یہ علامتین تو اکثر موجود ہین انکے بعد آپ نے فرمایا ہے کہ سرخ آندہی اور زلزلہ شروع ہوکر جس طرح تسبیح کا ڈورا ٹوٹ جاتا ہے اور ایک دانہ کے بعد دوسرا اور دو سرے کے بعد تیسرا گرتا ہے اسی طرح اور بڑی علامتین قیامت کی ظاہر ہوتی جاوین گی اور بیخبری مین ایکدم قیامت آجاویگی یہانتک کہ دودہ دوہنے والا دودہ دوہتے رہجاویگا اور کپڑا بیچنے والا کپڑا بیچ نہ پاویگا صحیح بخاری ومسلم میں حضرت عائشہ کی جو حدیث ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جب بعضے دیہاتی لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ پوچھا کرتے تھے کہ قیامت کب آویگی تو آپ ایک نوعمر لڑکے کی طرف اشارہ کرکے یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ لڑکا بڑھاپے کی عمر تک نہ پہونچنے پاویگا کہ اتنے مین تمہاری قیامت تمہارے سر پر آن کھڑی ہوگی۔ اس حدیث اور آیۃ مین کچھہ مخالفت نہین ہے کیونکہ حدیث مین اوس اصلی قیامت کا ذکر نہین ہے جس سے تمام دنیا فنا ہوجاویگی اور جس کے آنیکا وقت اس آیۃ کے موافق سوا اللہ تعالی کے کسی کو معلوم نہیں ہے بلکہ حدیث مین یہ ذکر ہے کہ وہ لڑکا بوڑھاپے کی عمر تک نہ پہونچنے پاویگا

منزل ۲

کہ اتنے مین قیامت کا وقت پوچھنے والے لوگ دنیا سے اوٹھ جاوین گے اور اونکو وہ انجام معلوم ہوجاویگا جو قیامت کے دن اُنکا ہونے والا ہے۔ مسند امام احمد مین حضرت عائشہ اور براء بن عازب کی صحیح حدیثین ہین جنکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ منکر نکیر کے سوال کے بعد پورا جواب دینے والے مردہ کو اُسکا جنت کا ٹھکانا اور ادہورا جواب دینے والے کو اوسکا دوزخ کا ٹھکانا دکھا کر ہر ایک سے فرشتے یہ کہدیتے ہین کہ قیامت کے دن تمہین ان ٹھکانون مین بھیجدینے کے لئے قبر ونسے اوٹھایا جاویگا اوپر یہ جو ذکر تھا کہ دنیا سے اوٹھتے ہی ہر شخص کو اپنا وہ انجام معلوم ہوجاویگا جو قیامت کے دن اُسکو پیش آنے والا ہے ان حدیثون سے وہ مطلب اچھی طرح سمجھ مین آجاتا ہے صحیح مسلم مین جابر کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے ایک مہینہ پہلے یہ فرمایا کہ جو لوگ قیامت کے آنے کا وقت پوچھا کرتے ہین اونکو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اصلی قیامت جس سے تمام دنیا فنا ہوجاوے اوسکا وقت تو سوا اللہ تعالی کے دوسرے کسی کو معلوم نہین ہان یہ بات ضرور ہے کہ آج سے سو برس کے اندر موجودہ سب لوگ فنا ہوجاوین گے۔ اس حدیث سے حضرت عائشہ کی اُس حدیث کا مطلب خوب صاف ہوجاتا ہے جسکا ذکر اوپر گذرا ترمذی اور ابن ماجہ مین ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے اکثر لوگون کی عمر ساٹھ اور ستر برس کے مابین مین ہوگی بہت کم لوگ میری امت مین ایسے ہونگے جو اس سے زیادہ عمر پاوین گے ترمذی نے اس حدیث کو اگرچہ حسن غریب کہا ہے لیکن اس حدیث کی روایت چند طریقون سے ہے اسلئے حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین اس حدیث کی سند کو معتبر قرار دیا ہے اس حدیث سے یہ بات کھلی کہ اللہ تعالی نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو امت محمدیہ کی کوتہ عمری کا حال تبلادیا تھا اسی واسطے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے ایک مہینہ پہلے یہ فرمایا کہ آج سے سو برس کے اندر موجودہ زمانہ کے سب لوگ فنا ہوجاوینگے صحیح بخاری و مسلم مین ابوہریرہ و حضرت عمر کی روایتین ہیں جسمین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایک سائل بنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چند مسئلے پوچھے ہین اُن مسئلون مین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے قیامت کے آنے کا وقت پوچھا تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جواب دیا کہ اسکے نہ جاننے مین تم اور مین دونون برابر ہین اس حدیث کو آیت کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیت اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اللہ کے رسولون اور مقرب فرشتون کسی کو قیامت کے آنے کا وقت معلوم نہین ہے ولکن اکثر الناس لایعلمون اسکا مطلب ہے کہ جن لوگون کے دل مین قیامت کا خوف نہین ہے وہ قیامت کے آنیکا وقت پوچھتے ہیں ورنہ قیامت وہ چیز ہے کہ اُسکے آنیکا وقت زمین و آسمان سب پر بھاری ہے۔

منزل ۲

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

تو کہہ مین مالک نہین اپنی جان کے بھلے کا نہ برے کا مگر جو اللہ چاہے اور اگر مین جانا کرتا غیب کی بات

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۭ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ع ۲۳ مع ۱۳

تو بہت خوبیان لیتا اور مجکو برائی کبھی نہیں پہونچتی مین تو یہی ہون ڈر اور خوشی سنانے والا مانتے لوگون کو

اوپر کی آیۃ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے اللہ پاک نے یہ فرمایا تھا کہ لوگ تمسے قیامت کا حال پوچھتے ہیں کہ کب ہی تو تم انسے یہی کہدو کہ مجھے اسکا علم نہیں ہے خدا ہی جانے کب ہے مگر ایک دن ضرور آنے والی ہے اسی کی تاکید اس آیۃ میں فرمائی کہ تم یہ بھی کہدو میں تو یہان تک بے اختیار ہون کہ مجھے خود اپنی جان کے نفع و نقصان کا کچھ اختیار نہیں ہے پھر میں غیب کی بات کیونکر تبلا سکتا ہون غیب کی بات فقط اللہ تعالی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اگر میں غیب کی باتیں جانتا تو ہر طرح کی بہتری حاصل کرلیتا کبھی برائی پاس بھی نہیں پھٹکتی مال و دولت ویسا ہی لازوال پیدا کرلیتا کوئی چیز خریدتا تو ویسی خریدتا جسمیں معقول نفع ہوتا قحط میں ویسا ہی بندوبست کرلیتا لڑائیون میں ہمیشہ دشمنون پر غالب رہتا غرضکہ ہر وقت شر سے بچتا رہتا مجھے تو بس اتنا ہی علم ہے جو اللہ تعالی نے وحی کے ذریعہ سے تبلا دیا ہے قیامت کب ہوگی مجھے اسکا علم نہیں دیا گیا ہے ہان قیامت کے علامات مجھے تبلائے گئے ہیں اور مجھے تو اللہ نے صرف اس کام کے لئے بھیجا ہے کہ منکرون کو اس کے عذاب سے ڈراؤن اور مومنون کو اسکی رحمت کی بشارت سنادون بدر کی لڑائی کے قصہ میں صحیح مسلم کے حوالہ سے حضرت عمر اور انس بن مالک کی حدیث گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ مشرکین مکہ میں جو لوگ اس لڑائی میں مارے گئے اونکا حال پہلے سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو تبلا دیا تھا اسی طرح احد کی لڑائی کے قصہ میں صحیح بخاری کے حوالہ سے براء بن عازب کی حدیث گذر چکی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ تیراندازون کی بے احتیاطی سے مسلمانون کی جو شکست ہوئی اسکا حال پہلے سے کسی کو کچھ معلوم نہ تھا۔ ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملاکر یہہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اللہ تعالی نے اس آیۃ میں فرمایا اے رسول اللہ کے تم ان عذاب الٰہی اور قیامت کی جلدی کرنے والے لوگون سے کہدو کہ دنیا کی بھلائی برائی کے حال کو پہلے سے جان لینا ایک علم غیب ہے جس کا حال سوا اللہ تعالے کے کسی کو معلوم نہیں ہان اللہ تعالی اپنے رسولون میں جسکو چاہتا ہے اوسکو بذریعہ وحی کے غیب کی باتون میں سے کچھ باتیں تبلا دیتا ہے مثلاً بدر کی لڑائی میں جو نافرمان لوگ مسلمانون کے ہاتھ سے قتل ہونے والے تھے اوس کا حال پہلے سے اوس نے بذریعہ وحی کے اپنے رسول کو تبلا دیا اور احد کی لڑائی میں جو مسلمان مشرکون کے ہاتھ سے شہید ہونے والے تھے اُنکا حال پہلے سے نہیں تبلایا۔ منزل ۲

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا فَلَمَّا تَغَشَّاهَا

وہی ہے جسنے تمکو بنایا ایک جان سے اور اسی سے بنایا اس کا جوڑا کہ اس پاس آرام پکڑے پھر جب مرد نے عورت کو

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَعَوَا اللَّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا

ڈھانکا حمل رہا ہلکا سا حمل پھر چلتے گئے اوسکے ساتھ پھر جب بوجھل ہوئے دونون نے پکارا اللہ اپنے رب کو اگر تو ہمکو بخشے

لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا آتَاهُمَا فَتَعَالَى اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ

بچگا بھلا تو ہم تیرا شکر کرین پھر جب دیا اونکو بچگا بھلا ٹھیرانے لگے اسکے شریک اسکی بخشی چیز میں سو اللہ اوپر ہے اونکے شریک بنانے سے

ان آیتون مین اللہ پاک نے کفار مکہ کو خطاب کرکے فرمایا کہ اللہ نے تم لوگون کو ایک جان آدم علیہ السلام سے پیدا کیا اس ذکر سے
اصل مین اللہ پاک اپنی نعمتون اور احسانون کو جتلاتا ہے جو اوسنے اپنے بندون پر کئے اور بندے اوسکی شکر گذاری سے عاجز
ہین فرمایا کہ آدم کو پیدا کرکے پھر اونکی پسلی سے اونکی بیوی حوا کو پیدا کیا تاکہ آدم علیہ السلام اور حوا دونون مین انسیت ہو کیونکہ
آدمی کا آدمی کے ساتھ جی لگتا ہے پھر اس مین بھی یہ بہت بڑی حکمت تھی کہ مرد کے واسطے عورت کو پیدا کیا کہ اوسکی نسل کا دائم رکھنا
منظور تھا اور جو انسیت مرد کو عورت کے ساتھ ہوتی ہے وہ ایک مرد کو ایک مرد کے ساتھ ہرگز نہین ہوسکتی یہانتک تو جنت کا حال
تھا پھر جب جنت سے آدم اور حوا رونے زمین پر اتارے گئے تو فرمایا کہ جب آدم علیہ السلام حوا کے ساتھ ہم بستر ہوئے تو حوا
کو حمل رہ گیا اور جب تک حمل کا ابتدائی زمانہ رہا کوئی تکلیف حوا کو نہین ہوئی نہ چلنے پھرنے مین نہ کھانے پینے مین نہ کام کاج مین
ہر ایک کام حسب ضرورت آسانی سے کر لیا کرتی تھین مگر جون جون حمل کا زمانہ زیادہ ہوتا گیا اور حوا کو بوجھ معلوم ہوتا گیا تو
ان دونون نے یہ بات سمجھ لی کہ پیٹ مین نطفہ قائم ہوگیا ہے اور ایک روز ہماری جنس سے بچہ پیدا ہونے والا ہے اسواسطے
دعائین کرنے لگے کہ یا اللہ اگر تو صالح لڑکا ہمین دیگا تو ہم بہت شکر گذار رہونگے صالح کے معنے مین بعض مفسرون نے یہ بیان
کیا ہے کہ بیٹا مراد ہے خدا سے اونھون نے دعا کی تھی کہ بیٹا دینا بیٹی نہین اور اکثر مفسرون نے معنے لئے ہین کہ ہماری ہی جنس
سے آدمی پیدا کرنا کوئی جانور یا اور کوئی شی نہ ہو اور جو بچہ ہو وہ صحیح و سالم آنکھ ناک ہاتھ پیر کان سب اعضا اوسکے درست ہون
لنگڑا لولا اندھا بہرا کانا نہ ہو غرضکہ جب اللہ پاک نے اُنکی مرضی کے موافق صالح اولاد عنایت کی تو اونھون نے اُس بچہ کے نام کے منزل ۲
رکھنے مین شرک کی باتین کین کہ جب بچہ پیدا نہین ہوا تھا تو ابلیس نے حوا کے پاس آکر کہا تھا کہ اگر بچہ پیدا ہو تو اُسکا نام میرے نام پر
رکھنا حوا نے پوچھا تمہارا کیا نام ہے ابلیس نے اپنا اصلی اور مشہور نام نہ بتایا کہ پہچان جائینگی اور اپنا پیادہ سا نام حارث بتلایا اور کہا
کہ اس بچہ کا نام عبدالحارث رکھنا اُنھون نے بچہ پیدا ہونے پر یہی نام رکھا اکثر مفسرون نے جعلا له شرکاء فیما اتاهما کی تفسیر
یہی کی ہے جو اوپر بیان کی گئی ترمذی امام احمد ابی حاتم طبرانی وغیرہ محدثین نے اس موقع پر سمرہ کی حدیث بیان فرمائی ہے کہ آنحضرت
صلعم نے فرمایا حوا علیہ السلام کا کوئی بچہ زندہ نہ رہتا تھا اس مرتبہ جو حمل رہا تو ابلیس نے آکر کہا کہ اگر اس بچہ کا نام عبدالحارث
رکھو گی تو زندہ رہے گا غرضکہ یہ کام ابلیس کے بہکانے سے حوا نے کیا اس مین آدم علیہ السلام کا کوئی قصور نہ تھا اور بعضے مفسرون
نے آیۃ کے اس ٹکڑے کی تفسیر یون بیان کی ہے کہ یہ کفار مکہ کی شان مین نازل ہوا ہے کیونکہ وہ لوگ اپنے بچون کا نام خدا کے
نام کے سوا اورون کے نام پر رکھا کرتے تھے جیسے عبدالشمس اور عبدالعزے وغیرہ تو یہ نام رکھنا بھی شرک مین داخل ہے
شرک کچھ عبادت ہی مین منحصر نہین ہے پھر اللہ جل شانہ نے فرمایا کہ اللہ پاک اُن چیزون سے بالکل علیحدہ ہے جن کو
تم اوسکے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو سمرہ بن جندب کی حدیث جو اوپر گذری اوسکی سند مین ایک راوی عمر بن ابراہیم مصری ہے جسکو بعضے
علمائے ضعیف قرار دیا ہے لیکن ابن معین نے اوسکو ثقہ راویون مین شمار کیا ہے اسی واسطے حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے
ترمذی وغیرہ کے حوالہ سے ابوہریرہ رضہ کی صحیح حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسکے ایک ٹکڑے کا حاصل یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام

نے اپنی عمر مین سے چالیس برس حضرت داؤد علیہ السلام کو دیکر پھر اُس اپنے اقرار پر جو قائم نہ رہے اُسکا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث مین فرمایا اور پھر یہ بھی فرمایا کہ حضرت آدم کا اقرار پر قائم نہ رہنا اس بات کا ایک نمونہ تھا کہ اُنکی اولاد مین بھی یہ بات پائی جاویگی اس حدیث سے اُن مفسرون کے قول کی تائید ہوتی ہے جو یہ کہتے ہین کہ عبادت مین تو نہین مگر نام کے رکھنے مین یہ نام کے رکھنے کا شرک شیطان کے بہکانے سے حوا علیہا السلام سے ظہور مین آیا تاکہ بنی آدم مین جو شرک پھیلنے والا تھا اُسکا نمونہ حضرت آدم علیہا السلام کو معلوم ہوجاوے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے شاگردون مین سے سعید بن جبیر اور عکرمہ کے قول کا حاصل یہ ہے کہ شیطان نے حوا علیہا السلام کو یہ نام خواب مین سکھایا تھا اور جب حوا علیہا السلام نے اپنا یہ خواب حضرت آدم علیہا السلام سے بیان کیا تو حضرت آدم علیہا السلام نے حوا علیہا السلام کو اس نام کے رکھنے سے منع کیا تھا لیکن اس لڑکے سے پہلے دو لڑکے گذر چکے تھے اس لئے شیطان نے حوا علیہا السلام کو یہ پٹی پڑھائی کہ اب کی دفعہ جو لڑکا پیدا ہو اُسکا نام اگر عبدالحارث رکھا جاویگا تو وہ لڑکا صاحب عمر ہوگا اسیواسطے ایکی دفعہ اولاد کی محبت کے جوش مین اس لڑکے کا نام حوا علیہا السلام نے عبدالحارث رکھا حضرت آدم پہلے اس نام کی ممانعت کر چکے تھے اسلئے بچہ کے پیدا ہونے اور اس نام کے رکھے جانے کے بعد اس نام کی کچھہ کرید حضرت آدم علیہ السلام نے نہین کی یہ بات اللہ تعالی کو ناپسند ہوئی اسی واسطے اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام اور حوا علیہ السلام دونون کے نام کا اس قصہ مین ذکر فرمایا اس آیۃ کی تفسیر کو علمائے مفسرین نے بہت مشکل قرار دیا ہے لیکن سلف مین سے قتادہ اور سفیان ثوری کا یہ قول جب مدنظر رکھا جاوے کہ تفسیر کے باب مین سعید ابن جبیر اور عکرمہ کے قول کا بڑا اعتبار ہے اور سعید بن جبیر اور عکرمہ کے قول کے موافق آیۃ کی تفسیر کیجاوے تو آیۃ کی تفسیر مین کچھہ دشواری باقی نہین رہتی سورہ الشوریٰ کی آیۃ شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحا کی تفسیر مین آویگا کہ حضرت آدم سے لیکر حضرت نوح تک شریعت کے احکام زیادہ تفصیل سے نازل نہین ہوئے تھے اس سے یہ بات نکلی کہ حوا علیہا السلام کو عبدالحارث نام رکھنے کی خرابی تفصیل سے معلوم نہ تھی صحیح مسلم ابوداؤد ترمذی وغیرہ مین ابن عمرؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبداللہ اور عبدالرحمن یہ نام اللہ کو بہت پسند ہین صحیح مسلم اور ترمذی مین ابن عمرؓ کی دوسری حدیث ہے جسمین یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کی ایک لڑکی کا نام عاصیہ تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نام کو بدل کر اُس لڑکی کا نام جمیلہ رکھا - ان حدیثون کو ان آیتون کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون اور حدیثون کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جن نامون مین اللہ تعالی کے معبود ہونے کا اقرار نکلے وہ نام اللہ کو بہت پسند ہین اور جس طرح عبدالحارث جیسے نامون سے پرہیز کرنا لازم ہے اسی طرح عاصیہ جیسے نامون کا حال ہے کیونکہ عاصیہ کے معنے گنہ گار کے ہین اور گنہ گار کا لفظ شریعت مین ایک مذمت کا لفظ ہے جن نامون مین دین کی بڑائی اور فوقیت پائی جاوے مثلاً جیسے کسی لڑکی کا نام نیکی رکھنا یا جن نامون مین دنیا کی بڑی فوقیت پائی جاوے جیسے مثلاً کسی کا لقب شہنشاہ ٹھہرانا اس طرح کے نامون کی بھی ممانعت ہے چنانچہ بخاری و مسلم اور ابن ماجہ مین ابوہریرہ رضؓ کی جو روایتین ہین اُن مین اس طرح کے نامون کی ممانعت کا ذکر ہے -

منزل ۲

أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ۝ وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَا

کن کو شریک بتاتے ہیں جو پیدا نہ کرے ایک چیز اور آپ پیدا ہوتی ہیں اور نہ کرسکتے ہیں اون کی مدد اور نہ

أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ ۝ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ ۖ سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ

اپنی مدد کرسکیں اور اگر اونکو پکارو راہ پر نہ چلیں تمہاری پکار پر برابر ہے تمکو کہ اونکو

أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ

پکارو یا چپکے رہو جنکو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا بندے ہیں

أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ

تم جیسے بھلا پکارو اونکو تو چاہیے قبول کریں تمہارا پکارنا اگر تم سچے ہو کیا اونکو پاؤں ہیں

يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ

جنسے چلتے ہیں یا اونکو ہاتھ ہیں جنسے پکڑتے ہیں یا اونکو آنکھیں ہیں جنسے دیکھتے ہیں یا اون کو

أُذُنٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۗ قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا تُنْظِرُونِ ۝ إِنَّ وَلِيِّيَ

کان ہیں جنسے سنتے ہیں تو کہہ پکارو اپنے شریکوں کو پھر برا کرو میرے حق میں اور مجکو ڈھیل نہ دو میرا حمایتی اللہ

اللَّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ ۝ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ

منزل ۲

جس نے اوتاری کتاب اور وہ حمایت کرتا ہے نیک بندوں کی اور جنکو تم پکارتے ہو اسکے سوا نہیں

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ ۝ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ

کرسکتے تمہاری مدد اور نہ اپنی جان بچا سکیں اور اگر اونکو پکارو راہ کی طرف

لَا يَسْمَعُوا ۖ وَتَرَاهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝

کچھ نہ سنیں اور تو دیکھے کہ تکتے ہیں تیری طرف اور کچھ نہیں دیکھتے

ان آیتوں میں اللہ پاک نے مشرکون کو یہ تنبیہ فرمائی کہ کیا تم ایسی چیزون کو معبود ٹھہراتے ہو جنمین کسی شے کے پیدا کرنے کی قدرت نہین ہے بلکہ وہ خود مخلوق ہیں اور عبادت تو خالق کارساز کو زیبا ہے مخلوق کسی طرح عبادت کی مستحق نہین ہے ان بتون سے تو ہزار درجہ تم بہتر ہو کہ تم مین چلنے پھرنے کی طاقت ہے کھاتے پیتے ہو بتون مین کیا قدرت ہے اگر کوئی آکر اونکے ٹکڑے کر ڈالے تو یہ کیا بچاؤ بنا کرسکتے ہین پھر جب اپنا اختیار اونہین نہین ہے اور اپنے نفع نقصان سے بالکل یہ بے خبر ہیں تو تمہاری کیا مدد کرسکتے ہین ایک مکھی جس مین کچھ بھی سکت نہین ہے اگر اون کے پاس سے کوئی کھانے کی چیز لے بھاگے تو اونکا اتنا بس نہین چل سکتا کہ اُس مکھی سے چھوڑا لیوین تو پھر یہ دوسرون کو کیا مدد دیسکتے ہیں اگر تم اونکو کسی مطلب کے لئے بلاؤ تو ہرگز نہین آئین گے کیونکہ ان میں بصارت نہین سننے کی قوت نہین

اُنکو تمہارا پکارنا اور نہ پکارنا برابر ہے وہ تو خدا کی مخلوق ہین تم سے بدتر ہین تم انسان اشرف المخلوقات ہو اور یہ بت پتھر
کی مورتین ہین اگر تم اپنے دعوے مین سچے ہو تو اونکو پکار کر دیکھو نہ اونکے پیر ہین جو وہ چل سکین نہ اُنکے ہاتھ ہین جو وہ کوئی
چیز پکڑ سکین نہ آنکھین ہین جو کسی شی کو دیکھین نہ کان رکھتے ہین جو کسی کی آواز سنین پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب
کر کے فرمایا کہ ان مشرکون سے کہو کہ تم اپنے معبودون کی دھمکیان دیکر کیا ڈراتے ہو جہان تک ہو سکے کمی نہ کرو اپنے سارے
معبودون کو پکار کر بلا کر لو اور جو کچھہ جی مین آئے کر گزرو مجھے اُس سے کچھہ ضرر نہین پہونچ سکتا کیونکہ میرا ولی اور حمایتی خدا
وحدہ لاشریک ہے جسنے اپنے رسولون پر کتابین اوتاری ہین وہ میری حمایت کریگا اور نیک لوگون کی بھی وہی حمایت کرتا ہے
اور جو معبود تمہارے ہین اون مین خاک کسی قسم کی قدرت نہین ہے نہ اپنی ذات کی بھلائی کی قدرت انمین حاصل ہے نہ تمہین
کچھہ اُنسے مدد مل سکتی ہے اگر تم اونمین پکارو بھی تو وہ نہین سن سکتے ہین ظاہر مین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ تمہین دیکھہ
رہے ہین بلکہ جو شخص اون تصویرون کی طرف نظر کرتا ہے اوسے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بت ادہر ہی نظر کئے ہوئے ہین مگر
درحقیقت اونمین آنکھہ تو ہے نہین جو وہ دیکھہ سکین اہل مغازی نے یہان ایک قصہ بیان کیا ہے کہ جب حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم مدینہ منورہ مین ہجرت کر کے آئے تو دو جوان معاذ بن عمرو الجموع اور معاذ بن جبل آپکے پاس آکر مسلمان ہو گئے
یہ دونون راتون کو جاکر بتون کو توڑتے تھے تاکہ اونکی قوم کو عبرت ہو ایک اور شخص عمرو بن الجموح اپنی قوم مین سردار شمار
کیا جاتا تھا اسکے یہان ایک بت تھا جسکو وہ روز خوشبو مل کر عبادت کرتا تھا یہ دونو رات کو جاکر اوس بت کو اوندھا کر دیتے منزل ۲
تھے اور نجاست اوسکے بدن مین مل دیتے تھے عمرو بن الجموح صبح اکر دیکھتا تھا اور پھر دھو دھلا کر اوسکو خوشبو ملتا تھا ایک
روز اس نے اوس بت کے پاس تلوار رکھدی تاکہ جو شخص اوس بت کو تکلیف دینے آتا ہے اُس سے بدلا لیوے مگر اُس پتھر
کے بت سے کیا ہو سکتا تھا جو اون دونون سے کچھہ بھی بدلا لیتا ایک روز ان دونون نے اُس بت کو کھینچکر ایک مردار کتے
کے پاس ڈالدیا پھر ایک روز اُس بت کے پیر مین رسی باندھکر اوسکو کنوین مین لٹکا دیا آخر عمرو بن الجموح کے دل مین
خیال گذرا کہ یہ دین محض ڈھکوسلا ہے یہ بت کچھہ بھی قدرت نہین رکھتے اور توبہ کر کے مسلمان ہو گیا اور ایسا پکا مسلمان
ہوا کہ شہادت کا درجہ پایا جنگ احد مین شہید ہو گیا صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث ایک جگہ
گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ مشرک لوگ تمام دنیا کو جرمانہ کے طور پر معاوضہ دیکر دوزخ کے عذاب سے قیامت کے
دن نجات چاہین گے تو اونکی نجات ممکن نہین - اسی طرح صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو سعید خدری کی حدیث بھی
گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ جس شخص کے دل مین ذرہ برابر بھی توحید ہو گی وہ دوزخ سے نکالا جاکر جنت مین داخل
کیا جاویگا ان حدیثون کو ان آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون اور حدیثون کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ مشرک
کو تمام دنیا کا مال و متاع عذاب سے بچنے کے لئے کافی نہین اور صاحب توحید کو ذرہ برابر توحید بھی کافی ہو جاوے گی
حاصل کلام یہ ہے کہ جو شخص ایسی حالت مین مریگا کہ سوا شرک کے اور طرح طرح کے گناہون مین مبتلا ہو گا تو یہ بات اللہ تعالیٰ

کے اختیار مین ہے کہ چاہے اللہ تعالی بغیر کسی عذاب کے اوسکو جنت مین داخل کرے چاہے کسی قدر عذاب کے بعد مگر شرک سے حق تعالے کا یہ وعدہ ہے کہ اوسکی نجات کسی طرح ممکن نہین ہے ۔

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ○ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ

خوب پکڑ معاف کرنا اور کہہ نیک کام کو اور کنارہ کر جاہلون سے اور کبھی اوبھاروی تجکو

الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

شیطان کی چھیڑ تو پناہ پکڑ اللہ کی وہی ہے سنتا جانتا

عکرمہ کہتے ہین کہ جب یہ آیۃ اوتری تو آنحضرت نے جبریل سے پوچھا کہ خذا لعفو کا کیا مطلب ہے جبریل علیہ السلام نے کہا میں بغیر اللہ تعالی سے پوچھے اسکا مطلب نہین بتلا سکتا اور پلٹ کر گئے اور آکر یہ کہا کہ آپ صلہ رحمی کرین اون لوگون کے ساتھہ جو آپسے محبت کو قطع کرنا چاہین اور جو آپکی عزت حرمت کرے اُسپر بخشش کرین اور جو شخص آپسے سختی برتے اُسکو معاف کیجئے پھر اللہ پاک نے یہ خطاب کیا کہ آپ لوگون کو معروف باتون کا حکم دین معروف کے معنے وہ نیک خصلت ہی جسکو عقلمند آدمی پسند کرے اور جس سے دلکو اطمینان حاصل ہو مراد اس سے احکام شرع کو نرمی سے پہونچانا ہے پھر فرمایا کہ اگر وہ لوگ آپکی باتون کو نہ مانین تو اونسے چشم پوشی کیجئے وہ جاہل ہین جاہلون کی بات کا جواب چشم پوشی اور خاموشی ہے قیس بن سعد کہتے ہین کہ جب حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اور آپکے سامنے لائے گئے تو آپنے فرمایا منزل ۲
کہ مین اپنے چچا حمزہ کی عوض اون مین سے ستر آدمیونکو مارونگا اور اُنکے ناک کان کاٹونگا اسی کو عرب مین مثلہ کہتے ہین اوسی وقت جبریل علیہ السلام یہ آیۃ لیکر آئے اس حدیث کو ابن مردویہ نے اپنی تفسیر مین معتبر سند سے نقل کیا ہے پھر آپکو یہ حکم ہوا کہ اگر شیطان آپکے دل مین کچھہ وسوسہ پیدا کرے تو آپکو اللہ پاک سے پناہ مانگنی چاہیے وہ سب کچھہ سنتا اور جانتا ہے عبد الرحمن بن زید کہتے ہیں کہ جب یہ آیۃ واعرض عن الجاہلین اوتری تو آنحضرت صلعم نے خدا سے یہہ التجا کی کہ یا اللہ غصہ کی حالت مین کس طرح اونسے چشم پوشی کرونگا تو یہ آیۃ اوتری کہ اگر کوئی ایسا وسوسہ شیطان دل مین ڈالے جس سے غصہ آجاوے تو ایسی حالت مین اللہ تعالی سے پناہ مانگنی چاہیے خذ العفو کی تفسیر مین اگرچہ سلف کے چند قول ہین لیکن حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر مین خذ العفو کے اسی معنے کو قوی قرار دیا ہے کہ اس سے مطلب احکام شرع کا نرمی سے پہونچا دینا ہے یہ تو اس تفسیر مین ایک جگہ گذر چکا ہے کہ جہاد کے حکم سے درگذر کا کوئی حکم منسوخ نہین ہے صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو اپنی عمر اور رزق مین فراخی منظور ہو وہ صلہ رحمی کرے ۔ رشتہ دارون کے ساتھہ حسن سلوک سے پیش آنے کو صلہ رحمی کہتے ہین معتبر سند سے ترمذی مین ابو داؤد کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگون کے ساتھہ دنیا مین نرمی سے پیش آنیکی خصلت قیامت کے دن میزان مین بڑا بھاری نیک عمل ہے ۔ صحیح بخاری و مسلم مین سلمان

بن صرد کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کے پڑھنے سے آدمی کا غصہ اوتر جاتا ہے ان آیتون مین صلہ رحمی اور لوگون سے نرمی کے ساتھ پیش آنے اور غصہ کے وقت اللہ تعالے سے پناہ مانگنے کا جو ذکر ہے ان حدیثون کو اسکی تفسیر مین بڑا دخل ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ

جو لوگ ڈرتے ہیں جہان پڑگیا اونپر شیطان کا گذر چونک گئے پھر تبھی اونکو سوجھ آگئی

وَاِخْوَانُهُمْ یَمُدُّوْنَهُمْ فِی الْغَیِّ ثُمَّ لَا یُقْصِرُوْنَ ۝

اور جو شیطانون کے بھائی ہیں وہ انکو کھینچے جاتے ہین غلطی مین پھر وہ کمی نہین کرتے

اللہ پاک نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بتلادیا کہ اگر تمہارے دل مین شیطان کوئی وسوسہ ڈالے تو اللہ تعالی سے پناہ مانگنی چاہیئے اسکے بعد اب عام لوگون کے واسطے یہ بیان فرمایا کہ آدمی دو ہی قسم کے ہیں بعضے تو وہ ہین جنکے دل مین خدا کا خوف ہے اور متقی ہین گناہ سے بچتے رہتے ہیں اور بعضے وہ جو کافر فاجر ہین نہ انکے دل مین خدا کا خوف ہے نہ وہ گناہ سے بچتے ہیں تو اللہ پاک نے ان دونون طرح کے آدمیون کے حال کو یون بیان فرمایا کہ جو لوگ متقی ہین جب وہ شیطان کے وسوسہ مین پڑجاتے ہین اور اسکے ورغلانے سے کوئی لغزش اونسے ہوجاتی ہے تو فوراً وہ خدا کے عذاب کو یاد کرکے توبہ واستغفار کرلیتے ہین اونکی شان مین یہ فرمایا کہ یہ لوگ صاحب بصیرت ہین انکے دلون کے اندر آنکھین ہین جنسے یہ خدا کو دیکھتے ہین اور پہچانتے ہین حافظ ابن عساکر نے اپنی تاریخ مین ایک بزرگ کے حال مین لکھا ہے کہ ایک جوان مسجد مین جاکر عبادت کیا کرتا تھا ایک عورت اوسپر فریفتہ ہوگئی اور اوسکے پیچھے پڑگئی اور اسکو اپنے یہان بلاتی تھی اوس جوان کا ارادہ ہوچلا تھا کہ اسکے گھر مین جائے دفعتاً اوسکو یہ آیۃ یاد آگئی اور بے ہوش ہوکر گر پڑا جب ہوش مین آیا تو پھر اس آیۃ کو یاد کیا اور مرگیا اور رات کو یہ دفن کیا گیا لوگون نے قبر پر آکر نماز پڑھی پھر ان بزرگ نے پکار کر کہا کہ ای جوان ولمن خاف مقام ربہ جنتان جس کا مطلب یہ ہے کہ جو خدا کا خوف کرتا ہے اوسے دو جنتین ملتی ہین قبر کے اندر سے آواز آئی اللہ پاک نے اپنے وعدہ کے موافق دو جنتین مجھے دی ہیں۔ پھر اللہ پاک نے اوس دوسری قسم کے آدمیونکا حال بیان فرمایا کہ جو لوگ کافر فاجر ہیں وہ اخوان الشیطین ہیں شیطان اونکو ہمیشہ گمراہی کی طرف کھینچتا چلا جاتا ہے اور یہ بھی اسکے ساتھ کھنچے جاتے ہین نہ شیطان اپنے بہکانے مین کمی کرتا ہے نہ یہ لوگ اوسکی پیروی مین کمی کرتے ہیں صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث اوپر گذر چکی ہے کہ دنیا مین جو کچھ ہورہا ہے اللہ تعالے نے اپنے علم ازلی کے نتیجے کے طور پر وہ سب لوح محفوظ مین لکھ لیا ہے اور اسی طرح صحیح مسلم کے حوالہ سے جابرؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان خود تو اپنا تخت سمندر مین بچھا کر بیٹھ جاتا ہے اور اپنے شیطین کو لوگون کے بہکانے کے لئے بھیجا کرتا ہے اسی طرح صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث بھی گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

منزل ۲

فرمایا ہر شخص کے ساتھ ایک فرشتہ رہتا ہے جو اوسکو نیک کام کی صلاح دیتا رہتا ہے اور ایک شیطان رہتا ہے جو اوسکو بُرے کاموں کی رغبت دلاتا رہتا ہے ان حدیثوں کو آیتوں کی تفسیر میں بڑا دخل ہے کیونکہ آیتوں اور حدیثوں کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اگرچہ شیطان سب لوگوں کے بہکانے کے لئے اپنے شیاطینوں کو بھیجتا رہتا ہے لیکن جو لوگ علم الٰہی میں نیک ٹھہر چکے ہیں وہ اللہ کے فرشتہ کی صلاح کے ہمیشہ پابند رہتے ہیں اور جو لوگ علم الٰہی میں بد قرار پا چکے ہیں وہ ہمیشہ شیطین کی رغبت کے پابند رہتے ہیں +۔

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ

اور جب تو لیکر نہ جاوے اُن پاس کوئی آیت کہیں کچھ چھانٹ کیوں نہ لایا تو کہہ میں چلتا ہوں اوسی پر جو حکم آوے مجکو

مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

میرے رب سے یہ سوجھ کی باتیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور راہ کی اور مہر ہے ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں

کفار مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتے تھے کہ آپ ہماری فرمائش کے مطابق معجزہ دکھلائے اور جب اونکی خواہش کے موافق کوئی معجزہ نہیں دکھلایا جاتا تھا تو کہنے لگتے تھے کہ آپ تو خدا کے رسول ہیں خدا سے التجا کیجے وہ معجزہ آپ کو عطا کریگا اور نہیں تو آپ خود اپنے جی سے کوئی بات بنا لیجئے اسی کو اللہ پاک نے بیان فرمایا کہ اے رسول اللہ کے جب تم اونکو ایسی نشانی دکھلاتے ہو جو اونکی مرضی کے موافق ہو تو کہتے ہیں کہ تم نے اپنے جی سے یہ معجزہ گھڑ لیا ہے مثلاً شق القمر جیسے بڑے معجزہ کو ان لوگوں نے جادو کا اثر بتلایا اسلئے تم ان لوگوں سے کہدو کہ میں اپنے جی سے کوئی کام نہیں کرسکتا میں تو خدا کا فرمانبردار ہوں جو وحی کے ذریعہ سے مجھکو بتلایا جاتا ہے وہ میں کر دکھاتا ہوں اور اس قرآن سے بڑھکر کیا معجزہ ہوسکتا ہے اگر تم ایمان لانا چاہو تو یہی کافی ہے دوسرے معجزہ کے اسکے ہوتے کچھ ضرورت نہیں ہے فرمایا کہ یہ قرآن پاک مومنوں کے واسطے بصیرت اور ہدایت اور رحمت ہے مفسرین نے قرآن کی ان تینوں اوصاف کے متعلق یہ بیان کیا ہے کہ اہل ایمان کے تین درجے ہیں کوئی تو علم توحید میں اس حد کو پہونچ گیا ہے کہ قرآن کی توحید اور خوبیوں کو گویا خود آنکھوں سے دیکھ رہا ہے ان لوگوں کو اصحاب عین الیقین کہتے ہیں انکے لئے قرآن مجید بصیرت ہے اور بعضے ایسے ہیں جو قرآن کے مطلب کو اچھی طرح سمجھنے کے درجہ تک پہونچ گئے ہیں انکے واسطے قرآن کریم ہدایت ہے اور یہ لوگ علم الیقین والے ہیں تیسرے وہ لوگ ہیں جو نرے مسلمان ہیں جو باتیں تبلادی گئی ہیں اونپر انکا ایمان ہے یہ لوگ حق الیقین کے مرتبہ میں ہیں انکے لئے قرآن پاک رحمت ہے بصائر بصیرت کی جمع ہے دل میں سوچکر کسی بات کا نتیجہ نکالنا اسکو بصیرت کہتے ہیں اور آنکھوں سے دیکھنے کو بصارت کہتے ہیں صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ رضؓ کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور معجزات کے علاوہ قرآن ہی ایک ایسا معجزہ مجکو دیا گیا ہے جسکے سبب سے اس قدر لوگ ہدایت پاوینگے کہ قیامت کے دن میری امت کے نیک لوگوں کی تعداد اور

منزل ۲

امتون کے نیک لوگونسے زیادہ ہوگی اس آیۃ مین قرآن کو بصیرت وہدایت اور رحمت جو فرمایا ہے یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوموسے اشعری کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی ہدایت کی بارش کے پانی سے تشبیہ دی ہے اور پچھے برے لوگون کی تشبیہ اچھی بری زمین کی فرمائی ہے اس حدیث کو بھی آیۃ کے ساتھ ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ بارش کے پانی کے عام اثر کی طرح قرآن کی نصیحت سب کے حق میں عام ہے لیکن بری زمین کے ذاتی اثر کے سبب سے جس طرح اُس مین بارش کا پانی رائگان جاتا ہے اسی طرح علم الٰہی مین جو لوگ گمراہ قرار پاچکے ہین قرآن کی نصیحت معجزات کا اثر سب کچھ اونکے حق مین رائگان ہے۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

اور جب قرآن پڑھا جاوے تو اوس طرف کان رکھو اور چپ رہو شاید تم پر رحم ہو

اس آیۃ کی شان نزول میں مفسرون کا بہت بڑا اختلاف ہے ایک گروہ کا یہ قول ہے کہ نماز مین باتین کرنے کے متعلق یہ حکم ہوا ہے کیونکہ پہلے لوگ نماز مین باتین کیا کرتے تھے تو حکم آیا کہ امام کی قرارت کو سنو اور چپکے رہو دوسرے گروہ کا یہ قول ہے کہ امام کے پیچھے زور سے پڑھنے کو منع کیا گیا ہے چنانچہ تفسیر کلبی مین ہے کہ جب دوزخ اور جنت کا حال کسی آیۃ مین آجاتا تھا تو نماز مین ہی کچھ لوگ چیخنے لگتے تھے عبداللہ بن مسعود سے بھی ایک روایۃ ہے کہ امام کے پیچھے لوگ زور زور سے پڑھا کرتے تھے جب وہ نماز پڑھ چکے تو حضرت نے فرمایا کہ تمہین سمجھ نہین ہے جب قرآن پڑھا جاوے تو چپکے ہوکر سنو اور ایک گروہ کا یہ قول ہے کہ یہ آیۃ خطبہ جمعہ کے متعلق نازل ہوئی ہے لوگ خطبہ کے وقت کلام کیا کرتے تھے تو حکم ہوا کہ چپکے رہو عمر بن عبدالعزیز کا قول ہے کہ خاموشی کچھ خطبہ کے لئے خاص نہیں ہے بلکہ ہر وعظ مین چپکے رہنا چاہیے مجاہد وغیرہ اسی قول کے قائل ہیں مگر اسمین کسی قدر کلام ہے کیونکہ یہ آیۃ مکی ہے اور جمعہ مدینہ مین فرض ہوا ہے اس لیے جمہور مفسرین اس آیۃ کی شان نزول یہی بتلاتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرارت کے متعلق یہ آیۃ نازل ہوئی ہے حضرت جابر کی حدیث امام احمد نے اپنی مسند مین روایۃ کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسکا امام ہو اوسکو قرأت نہیں چاہیئے امام کی قرارت مقتدی کی قرارت ہے اب اس بات مین فقہا کا اختلاف ہے کہ نماز مین امام کے پیچھے سورہ فاتحہ بھی پڑھی جائے یا نہین اسکی تفصیل یون بیان کی گئی ہے کہ جن نمازون مین امام زور سے قرارت نہین پڑھتا ہے جیسے ظہر وعصر تو اس مین امام کے پیچھے سورہ فاتحہ کے پڑھنے کو بعضے سلف کے نزدیک جائز ہے اور جس مین قرأت زور سے پڑھی جاوے جیسے مغرب عشا فجر اس مین فاتحہ کا پڑھنا بھی جائز نہین کیونکہ جابر کی حدیث جو اوپر گذری اُس سے معلوم ہوگیا کہ امام کی قرارت کافی ہے کچھ مقتدی پر قرارت ضرور نہین ہے اور اُس حدیث مین سوا فاتحہ یا اور کسی سورت کی تخصیص نہین ہے مگر محدثین اور امام شافعی اور اکثر مفسرین اسبات کے قائل ہین کہ اس آیۃ کے حکم مین سورہ فاتحہ داخل نہین اسلیے سورہ فاتحہ کا پڑھنا ہر نماز مین خواہ امام قرأت بالجہر کرے یا نکرے ضروری اور واجب ہے بغیر اسکے نماز صحیح نہین ہوتی انکے نزدیک اسواسطے امام احمد کی آیتون مین جو پڑتا ہے مقتدی جہری نمازمین اُن سکتون

منزل ۲

کے وقت اپنی الحمد پوری کرلیوے ابوداؤد ترمذی ونسائی مین عبادہ بن الصامت کی ایک حدیث ہے کہ ایک روز صبح کی نماز مین ہم لوگ حضرت کے پیچھے قرآن پڑھ رہے تھے آپکو قرارت مین کسی قدر دشواری ہوئی جب نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تم لوگ امام کے پیچھے قرأت کرتے ہو ہم لوگون نے کہا کہ ہان فرمایا کہ سوائے سورہ فاتحہ کے اور کچھ نہ پڑہا کرو اسلئے کہ کوئی نماز بغیر سورہ فاتحہ کے نہین ہوتی حضرت جابر کی حدیث کی روایتہ کے سب طریقے دارقطنی نے جمع کئے ہین اور آخر اس حدیث کو مرسل طور پر صحیح قرار دیا ہے جس طرح عبداللہ بن شداد تابعی نے اس حدیث جابر رض کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایتہ کیا ہے اسی طرح کوئی تابعی کسی حدیث کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایتہ کرے تو اوسکو مرسل کہتے ہین امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے بھی ایک روایتہ مین اس حدیث کو مرسل طور پر روایتہ کیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک جس حدیث کی سند کا سلسلہ برابر ہو اسکو مرفوع کہتے ہین۔ اس حدیث کے سب مرفوع طریقون پر حافظ ابن حجر نے اعتراض کیا ہے۔ عبادہ بن صامت کی حدیث مرفوع ہے اور امام بخاری نے جزالقرارت مین اوسکو صحیح قرار دیا ہے اور دارقطنی نے بھی اسکے راویون کو معتبر ٹھہرایا ہے لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے فیمابین یہ ایک اصول کے مسائل مین کا اختلاف ہے کہ ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مرسل حدیث معتبر ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک معتبر نہین ہے اس لئے امام ابوحنیفہ کا مذہب اس مسئلہ مین مرسل حدیث کے موافق ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب مرفوع حدیث کے موافق ہے۔ اکابر حنیفہ مین سے ہدایہ مین امام محمد صاحب کا یہ قول ہے کہ احتیاط کے طور پر مقتدی کو بھی الحمد پڑھ لینی چاہیئے آثار امام محمد مین امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے بھی ظہر اور عصر مین امام کے پیچھے الحمد کے پڑہنے کی ایک روایتہ ہے زیادہ تفصیل اس مسئلہ کی فقہ کی کتابون مین ہے۔

منزل ۲

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ

اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو دل مین گڑگڑاتا اور ڈرتا اور پکارے سے کم آواز بولنے مین صبح اور

وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝

شام کے وقتون اور مت رہ بے خبر

اللہ پاک نے قرآن مجید پڑہنے کے وقت خاموش رہنے کا حکم دیکر اپنے رسول صلعم کو خطاب فرمایا کہ صبح و شام اپنے رب کو جی مین یاد کیا کر اور نہایت ہی خلوص کے ساتھ گڑگڑا کر ہو اور یہ یاد آلہی بہت چلا کر نہو کیونکہ مشرکین قرآن کو سنکر خدا اور اوسکے رسول کو برا کہتے ہین تو اتنا جہر کر پڑھو کہ وہ لوگ سنکر برا کہین اور نہ اتنا آہستہ پڑھو کہ تمہارے ساتھ کے لوگ بھی نہ سن سکین اللہ پاک نے قرآن مین اکثر جلہ بیان فرمایا ہے کہ مین تو پکارنے والے کے رگ گردن سے بھی نزدیک ہون صحیحین مین ابوموسے اشعری کی حدیث ہے کہ لوگون نے بعض مرتبہ سفر مین بلند آواز سے دعائین مانگنی شروع کیین تو آپ نے فرمایا کہ ای لوگو اپنے جی کو رہ کو تم ایسے کو نہین پکار رہے ہو جو بہرہ ہے یا غائب کہین دور ہے بلکہ جسے تم پکار رہے ہو وہ تو بہت جلد سن لیتا ہے اور نہایت ہی قریب ہے تمہاری سواریون کی گردنون سے بھی زیادہ نزدیک تر ہے صبح و شام

کا حکم اسواسطے دیا گیا ہے کہ جب انسان سوکر اوٹھے تو پہلا شغل اُسکا ذکر الہی رہے کیونکہ موت مین نیند مین تھوڑا ہی فرق ہی سونے والا اور مردہ برابر ہوتا ہے اہل علم نیند کو اخ الموت کہتے ہیں بہرحال شام کو بھی جب سونے لگے تو خدا کی یاد کے بعد سوئے ممکن ہی کہ سونے کے بعد پھر اوٹھنا نصیب نہ ہو ہمیشہ کے لئے خواب عدم ہی مین رہے بعضے علمانے صبح و شام کے فوائد مین یہ بیان کیا ہی کہ صبح کی نماز کے بعد اور عصر کے بعد اور نماز پڑہنا جائز نہین ہے اسلئے خدا کا حکم ہوا کہ اُسوقت خدا کی یاد کیا کرو تاکہ کوئی وقت خدا کے ذکر سے خالی نہ جائے اور بعضون نے یہ بیان کیا ہے کہ بندون کے عمل صبح و شام اوٹھائے جاتے ہیں رات کے عمل صبح کے وقت اور دن کے عمل شام کے وقت اس لئے مستحب ہے کہ صبح و شام خدا کا ذکر کیا جاوے تاکہ عمل کی ابتدا اور انتہا خدا کے ذکر ہی پر ہو صحیح بخاری و مسلم مین ابو موسی اشعری کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ یاد الہی سے غافل ہین اونکی مثال مردہ لوگون کی سی ہے مطلب یہ ہے کہ مرنے کے بعد آدمی کا نیک عمل بند ہوجاتا ہے اسلئے جیتے جی جن لوگون نے یاد الہی جیسے نیک عمل کو چھوڑ رکھا ہے اونکا نیک عمل مردون کی طرح بند ہے ذکر الہی کی فضیلت اور تاکید مین اور ذکر الہی سے غفلت کی مذمت مین اور بھی صحیح حدیثین ہین یہ حدیثین آیۃ کی گویا تفسیر ہین کیونکہ آیۃ مین جس طرح اللہ تعالی نے اپنے رسول کو ذکر الہی کا حکم فرماکر اُس سے غفلت کرنے کو منع فرمایا ہے اسی کے حق مین وہی بات ان حدیثون مین اللہ کے رسول نے فرمائی ہے۔

الجزء ۹ ع ۱۸ منزل ۲

إِنَّ الَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ ۝

جو لوگ پاس ہین تیرے رب کے بڑائی نہین کرتے اوسکی بندگی سے اور یاد کرتے ہین اُسکی پاک ذات کو اور اسی کو سجدہ دیتے ہین

اللہ پاک نے اپنے بندون کو کثرت کے ساتھ ذکر کرنے کا حکم دیکر اس آیۃ مین اپنے فرشتون کا حال بیان فرمایا اور انسان کو اسبات کی ترغیب لائی ہے کہ دیکھو خدا کے پاس جتنے فرشتے ہین وہ تکبر نہین کرتے ہین بلکہ وہ جانتے ہین کہ اللہ تعالی کی عبادت چاہئے اسلئے وہ ہر وقت خدا کی عبادت مین لگے رہتے ہین اور ہر گھڑی اوسکی پاکی بیان کرتے ہین سبحان اللہ ربنا سبحان اللہ ربنا کہتے رہتے ہین اور اُسی کو سجدہ بھی کیا کرتے ہین اب تمھین بھی مناسب ہے کہ ان باتون کو اختیار کرو اور ہر وقت خدا کا ذکر کرکے فرشتہ خصلت اور انکے ہم رتبہ ہوجاؤ اس آیۃ مین اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ عمل دو طرح کے ہین ایک تو وہ ہے جو فقط قلب سے تعلق رکھتا ہے ایک وہ ہے جسکو اعضائے ظاہری سے تعلق ہے جس عمل کا تعلق قلب کے ساتھ ہے وہ یہ ہے کہ خدا کو ہر ایک بُری صفتون سے پاک اور بے عیب جانکر اوسکو اوصاف حمیدہ کا متصف جانین یہی مطلب ویسجدون کا ہے اور جو اعضائے ظاہری سے تعلق رکھتے ہین وہ یہ ہین کہ خدا کو اون اوصاف کے ساتھ متصف جانکر اور دل مین اُسکا پکا اعتقاد رکھکر ہاتھ پیر سے بھی اوسی اعتقاد کے موافق عمل کرے اسی کو ولہ یسجدون فرمایا ہے تاکہ عبادت کے اندر انسان فرشتون کے مقابل و موافق ہوجاوے تسبیح اور سجود کے متعلق اکثر حدیثین وارد ہوئی ہین مسلم کی ایک حدیث معدان بن طلحہ سے ہے کہ معدان بن طلحہ نے ایک روز ثوبان سے ملکر پوچھا مجھے کوئی ایسا عمل بتلاؤ جس سے اللہ پاک مجھے جنت مین داخل کرے دو تین مرتبہ پوچھا تو ثوبان چپ رہے تیسری مرتبہ جواب دیا کہ مین نے بھی اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا آپ نے فرمایا کہ کثرت سے سجدہ

کیا کہ والد پاک ہر سجدہ مین ایک درجہ بڑھاتا ہے اور گناہ بخشتا ہے معدان کا بیان ہے کہ مین ابو درداء رضہ سے ملا تھا اُن سے بھی اسبات کو دریافت کیا اونھون نے بھی یہی بتلایا بہرحال اس آیتہ پر سامع و قاری دونون کو سجدہ کرنا چاہیئے پورے قرآن مین جو چودہ یا پندرہ سجدے ہین اُنمین سے یہ سورہ اعراف مین پہلا سجدہ ہے صحیح مسلم مین ابو ہریرہ کی حدیث ہے کہ بنی آدم جب کوئی سجدہ کی آیتہ پڑھتا ہے اور سجدہ کرتا ہے تو شیطان رونے لگتا ہے کہ افسوس بنی آدم کو سجدہ کا حکم ہوا اونے سجدہ کیا جسکے بدلہ مین اوسکو جنت عطا ہوئی اور مجھے سجدہ کا حکم ہوا تو مین نے انکار کیا اسلیئے میرے لئے دوزخ مقرر ہے معتبر سند سے ترمذی اور ابن ماجہ مین ابو ذرؓ کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام آسمان اللہ تعالی کی عبادت کرنے والے فرشتون سے بھرے ہوئے ہین کہین چار انگل کی جگہ بھی ایسی خالی نہین ہے جہان ایک فرشتہ سجدہ مین نہو ابو داؤد اور ابن ماجہ مین عمرو بن العاص کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن شریف مین پندرہ آیتین سجدہ کی ہین اگرچہ بعضے علما نے اس حدیث کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے لیکن منذری نے اسکی سند کو معتبر بتلایا ہے یہ پندرہ آیتین سجدہ کی اُس حالت مین ہین کہ سورہ حج مین دو سجدے شمار کئے جاوین اور سورہ ص کا سجدہ بھی حساب مین لیا جاوے لیکن اسباب مین امام ابو حنیفہ علیہ الرحمتہ اور امام شافعی علیہ الرحمتہ کا اختلاف ہے جسکی تفصیل فقہ کی کتابون مین ہے ان حدیثون کو آیتہ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتہ مین فرشتون کی عبادت کا اور سجدہ کی آیتہ کا جو ذکر ہے اوسکی تفصیل حدیثون سے اچھی طرح معلوم ہو جاتی ہے۔

منزل ۲

سُوْرَةُ الْاَنْفَال مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ

تجھ سے پوچھتے ہین حکم غنیمت کا تو کہہ مال غنیمت اللہ کا ہے اور رسول کا

ترمذی ابو داؤد نسائی مسند امام احمد حنبل حاکم اور صحیح ابن حبان مین چند صحابہ کی روایتون سے جو شان نزول ان آیات کی بیان کی گئی ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ بدر کی لڑائی مین مسلمانون کے لشکر کے تین گروہ تھے ایک گروہ جھنڈے کے پاس آنحضرت کی حفاظت مین تھا اور ایک گروہ دشمنون سے لڑکر اُنکو شکست دے رہا تھا اور جب دشمن شکست کھا کر بھاگتے تھے تو اسی لڑنے والے گروہ مین سے کچھ لوگ دشمنون کا مال جو دشمنون کے بھاگنے مین رہتا جاتا تھا اُس مال کو جمع کرتے جاتے تھے لڑائی ختم ہونے کے بعد ہر ایک گروہ نے اپنے آپکو لوٹ کے مال کا زیادہ مستحق قرار دیا اور اُس مین جھگڑا کرنے لگے اوسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین معتبر سند سے ترمذی مین یہ شان نزول کی روایتہ عبادہ بن الصامت سے ہے جس سے اور روایتون کو تقویت ہو جاتی ہے بعضے مفسرون نے کہا ہے کہ واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ سے آیت یسئلونک عن الانفال منسوخ ہے کیونکہ آیتہ یسئلونک عن الانفال مین پورے مال غنیمت کو اللہ تعالی نے اپنا اور رسول کا حق فرمایا ہے اور آیتہ واعلموا مین اس مال کے پانچ حصے کر

ہیں لیکن حقیقت میں کوئی آیۃ منسوخ نہین ہے ایک آیۃ مین اللہ تعالی نے یہ فرمایا ہے کہ غنیمت کے مال کا حق خدا رسول کو ہے جس کا مطلب ہے کہ جس طرح خدا رسول کی مرضی ہوگی اس طرح اوسکی تقسیم ہوجاویگی دوسری آیۃ مین اُس تقسیم کے حصے فرمائے ہین صحیح بخاری ومسلم مین ابو ہریرہؓ کی بڑی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوٹ کا مال پہلے انبیا کی شریعتون مین حلال نہیں تھا اسی شریعت مین یہ مال حلال ہوا ہے آیۃ کے اس ٹکڑے مین لوٹ کے مال کا جو ذکر ہے حدیث کا یہ ٹکڑا گویا اُسکی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ کے ٹکڑے اور حدیث کے ٹکڑے کو ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ لوٹ کے مال کے حلال ہونے کا حکم جو آیۃ میں ہے ایسا ایک خاص حکم ہے جو سوائے شریعت محمدی کے کسی پہلی شریعت میں نہین تھا۔ معتبر سند سے مسند امام احمد مین عبادہ بن الصامت کی حدیث ہے کہ جب اللہ تعالی نے اس مال کی تقسیم کو اپنے رسول کی مرضی پر منحصر رکھا تو اللہ کے رسول نے وہ مال سب اہل بدر کو بانٹ دیا زیادہ چیز کو نفل کہتے ہیں انفال اُسکی جمع ہے غنیمت کے مال کا حلال ہونا ایک زیادہ امر ہے جو اور امتون مین نہین تھا اسلئے غنیمت کے مال کو نفل کہتے ہین لوٹ کا مال غنیمت کا مال ہے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۖ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

سو ڈرو اللہ سے اور صلح کرو آپس میں اور حکم مین چلو اللہ کے اور اُسکے رسول کے اگر ایمان رکھتے ہو

اللہ پاک نے اوپر شروع سورہ میں غنیمت کے مال کا ذکر بیان فرما کر آیۃ کے اس ٹکڑے مین فرمایا کہ آپس کی چپڑ چپاڑ اور اختلاف کو چھوڑ دو خدا سے ڈرو اور آپس مین میل جول رکھو کیونکہ اسلام کی نعمت جو اللہ تعالے نے اپنے فضل سے تمہین دے رکھی ہے وہ اس سے کہین بہتر ہے جسکے سبب سے تم باہم جھگڑتے ہو مال کی یہ تقسیم جو تمہارے درمیان مین ہوگئی ہے یہ خدا اور اُسکے رسول کی مرضی کے موافق ہے جو نہایت ہی عدل وانصاف سے ہے تم اہل ایمان ہو تو خدا اور اُسکے رسول کی اطاعت کرو اوسکی تقسیم پر راضی ہو جاؤ باہم کوئی جھگڑا نکرو آپس مین صلح سے پیش آؤ سدی نے واصلحوا کی تفسیر مین یہ بیان کیا ہے کہ آپسمین جھگڑا نکرو حافظ ابو احمد بن علی موصلی نے اپنی مسند مین ایک حدیث انس رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہے جسکی سند کو حافظ ابن کثیر نے ناقابل اعتراض ٹھہرایا ہے اور اس حدیث کو حاکم نے بھی مستدرک مین روایۃ کرکے صحیح بتلایا ہے اس حدیث مین انسؓ فرماتے ہین کہ ایک روز رسول اللہ صلعم بیٹھے تھے یکایک آپ ہی آپ مسکرانے لگے حضرت عمر نے کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہون یا رسول اللہ صلعم آپ کس بات پر ہنسے فرمایا کہ میری امت مین کے دو آدمی خدائے رب العزت کے سامنے گھٹنون کے بل کھڑے ہوگئے اور ایک نے اون مین سے یہ کہا کہ اے خدا میرے اس بھائی سے اُس ظلم کا بدلہ دلوا جو ظلم مجھپر ہوا ہے اللہ پاک نے ظالم سے فرمایا کہ اپنے بھائی کے ظلم کا بدلہ دے اُس شخص نے کہا اے رب میری نیکیون مین سے تو کچھ بھی باقی نہیں رہا مین کیونکر بدلہ دون مظلوم نے کہا کہ اے رب یہ شخص میرے گناہ اپنے اوپر لادے یہانتک بیان کرکے آنحضرت صلعم کے آنسو نکل پڑے پھر فرمایا وہ دن بڑا ہی سخت ہوگا لوگ اس بات کے محتاج ہونگے کہ کوئی اونکے گناہ اونکی پیٹھ پر سے لیکر اپنی پشت پر لاد کر لے چلے پھر آپ فرمانے لگے کہ اللہ پاک بدلہ مانگنے والے شخص سے فرماویگا کہ تو اپنی نگاہ اوٹھا اور جنت کی طرف دیکھ وہ

منزل ۲

نگاہ اوٹھاکر دیکھکر کہے گا کہ اے رب العزت مین چاندی کا شہر دیکھتا ہون اوس مین سونے کے مکان بنے ہوئے ہیں اور موتیون سے لدرہے ہیں یہ مکان کس نبی کے واسطے بنائے گئے ہین کس صدیق کو ملین گے کون شہید اسکا مستحق ہے اللہ پاک فرمائیگا کہ یہ اس شخص کو ملے گا جو اسکی قیمت دے وہ کہے گا اے رب العزت بھلا اسکی قیمت کیا ہے اور کس کا مقدور ہے جو اس کی قیمت دیسکے اللہ پاک فرمائے گا تجھہ مین مقدور ہے تو دیسکتا ہے وہ شخص کہے گا یہ کیا بات ہے اے رب العزت اللہ پاک کہے گا تو اپنے بھائی کے ظلم کو معاف کردے وہ شخص کہے گا اے رب مین نے معاف کردیا اللہ پاک فرمائیگا تو اپنے بھائی کا ہاتھہ پکڑ اور دونو جنت مین داخل ہوجاؤ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر کی یہ آیت پڑہی فاتقوا اللہ واصلحوا ذات بینکم اور فرمایا کہ اللہ پاک قیامت کے دن مومنون کے درمیان مین اسطرح صلح کرادے گا معتبر سند سے مسند امام احمد مین جابر بن سمرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدزبانی اور لڑائی جھگڑا اسلام مین نہین ہے اسواسطے پورا ایماندار وہی شخص ہے جسکی عادت نیک برتاؤ کی ہو ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ آیۃ مین لڑائی جھگڑے سے بچنے اور آپس مین میل جول سے رہنے کا جو ہر مسلمان کو حکم ہے اُس حکم کے موافق عمل کرنا اور ظلم زیادتی کے بدلہ کو معاف کردینا دنیا مین یہ باتین اسلام کی نشانی اور عقبے مین انکا بڑا اجر ہے۔

منزل ۲

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ

ایمان والے وہی لوگ ہین کہ جب نام آوے اللہ کا ڈر جاوین دل اونکے اور جب پڑہیے اوپر اسکے کلام زیادہ ہووے اونکو

إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝

ایمان اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہین جو کھڑی رکھتے نماز اور ہمارا دیا کچھہ خرچ کرتے ہین

أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَّهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

وہی ہین سچے ایمان والے اُنکے واسطے درجے ہین انکے رب پاس اور معافی اور روزی آبرو کی

اللہ پاک نے تخصیص کے ساتھہ پانچ صفتین اس آیۃ مین بیان فرمائین کہ کامل مومن وہی ہے جس مین یہ صفتین پائی جاوین پہلی صفت یہ بیان کی کہ جب اُسکے سامنے خدا کا ذکر آوے تو دل مین اُسکے ڈر پیدا ہو کیونکہ کامل مومن وہی ہے جو خدا سے ڈرتا ہو دوسری جگہ اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ مومنون کے دل خدا کے ذکر سے اطمینان پاتے ہیں اور اس آیۃ مین بیان فرمایا کہ مومن کے دل مین خدا کے ذکر سے خوف پیدا ہوتا ہے ان دونون آیتون مین کچھہ اختلاف نہین ہے کیونکہ خوف خدا کا عذاب سنکر اور اُسکا جلال و دبدبہ یاد کرکے ہونے لگتا ہے اور اطمینان اُسکی رحمتین اور اوصاف سنکر ہوتا ہے علمار سلف نے لکھا ہے کہ خوف کی دو قسمین ہیں ایک وہ خوف ہے جو عقبے کے عذاب کے خیال سے پیدا ہوتا ہے اور دوسرا وہ خوف ہے جو محض دبدبہ و شوکت سے ہوتا ہے جسکو رعب و دہشت کہتے ہیں بادشاہون کے دربار مین ایسا ہوا کرتا ہے کہ جو گنہگار ہیں وہ یون ڈرتے ہین کہ ہمپر عذاب ہوگا اور جو مقرب و خاص لوگ ہین وہ دبدبہ و جلال مین آکر رعب کھاتے ہیں تو اللہ پاک کی بھی یہی حالت ہے

کیونکہ اس سے بڑھکر کون حاکم اور بادشاہ ہوسکتا ہے سارے لوگ اُسی کی محتاج ہین دوسری صفت یہ بیان کی کہ جب خدا کی آیتین اُنکے سامنے پڑہی جاتی ہیں تو اونکے ایمان اور زیادہ ہوجاتے ہین آیتون کے سننے سے جس قدر اونکی صداقت زیادہ ہوتی جاتی ہے اُسی قدر اُنکا ایمان بڑھتا جاتا ہے بخاری امام شافعی واحمد اور اکثر علما اسکے قائل ہین کہ ایمان مین کمی بیشی ہوتی ہے کیونکہ جس کے پاس خدا کی وحدانیت کی دلیلین اور نیک خصلتین زیادہ ہونگی اُسی قدر اُسکا یقین زیادہ ہوگا اور شک رفع ہوگا صحیح بخاری ومسلم مین ابوہریرہؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان کی کچھ اوپر ستر شاخین ہین افضل شاخ کلمہ طیبہ یعنی لاالہ الااللہ ہے اور ادنے رستے تکلیف کی چیزونکا ہٹا دینا جیسے کانٹے پتھر جو رستہ مین آمدورفت کی جگہ ہون پھر فرمایا ایک شاخ ایمان کی حیا بھی ہے تیسری صفت اللہ پاک نے مومنون کی یہ بیان کی کہ وہ ہر کام مین خدا ہی پر بھروسہ کرتے ہیں اُس کے سوا کسی سے کسی بات کی امید نہین رکھتے اوسی کی پناہ پکڑتے ہیں دوسرون سے کوئی غرض اور واسطہ نہین رکھتے یہہ تینون اوصاف مومنون کے نہایت ہی خوبی کے ساتھ اللہ پاک نے بالترتیب بیان فرمائے پہلے تو یہ بیان کیا کہ جب خدا کا ذکر ہوتا ہے تو وہ ڈرتے ہین ذکر کے بعد فرمانبرداری کو بیان کیا کہ جب خدا کی آیتین سنتے ہین اُنکے ایمان زیادہ ہوتے جاتے ہین جیسے جیسے اوپر احکام اوترتے جاتے ہیں وہ اوسکو مانتے چلے جاتے ہین پھر یہ بیان کیا اُسکے سوا اور کسی سے غرض نہین رکھتے ہیں کسی کو اپنی حاجتون مین اُسکا شریک نہین ٹہراتے ہیں - یہ تینون صفتین باطن کے لحاظ سے بیان کی گئی تھین اسکے بعد چوتھی اوپانچوین صفت جو ظاہر کی تھی اوسکو بیان فرمایا کہ جو لوگ نماز قائم کرتے ہین کل شرائط اور امور نماز کے مثل وضو وغیرہ غرض جتنے حدود وارکان نماز مین ہیں سب کو ادا کرتے ہیں اور جو کچھ اللہ نے اونکو دیا ہے اوس مین سے موقع اور محل پر خدا کی اطاعت مین خرچ کرتے ہین نماز اور صدقہ راس الطاعات ہیں اسلئے اللہ پاک نے انہی دونون کو خاصکر بیان فرمایا نماز مین فرض ونفلی نماز سب داخل ہے اسی طرح صدقہ مین زکوۃ اور نفلی صدقہ سب داخل ہے پھر اللہ پاک نے اون لوگون کی تعریف بیان کی جن مین یہ پانچون صفتین پائی جاتی ہین اسلئے فرمایا کہ یہی لوگ ایماندار ہیں اور سچے مومن ہین حق سے مراد یہ ہے کہ اُنکے ایمان مین کسی طرح کا شک وشبہ نہین ہے حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہین کہ کفر سے وہ لوگ بری ہیں ایمانداری مین خالص اور صادق ہین انکے لئے جنت مین درجے ہیں ضحاک کا قول یہ ہے کہ مراد درجات سے یہ ہے کہ جنت والے بعضے بعضون سے اوپر درجون مین ہونگے جو اوپر کے درجون مین ہونگے انہین معلوم ہوگا کہ اُنکا درجہ بلند ہے اور جو نیچے کے درجہ مین ہونگے انہین نہیں معلوم ہوگا کہ اون سے بھی کوئی بلند درجہ مین ہے معتبر سند سے ترمذی میں عبادہ بن الصامت اور معاذ بن جبل سے روایت ہے جسمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت مین سو درجے ہین ہر درجہ کے درمیان مین اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان مین ہے فردوس سب درجون مین بڑا درجہ ہے یہین سے جنت کے پانی کی دودہ کی اور شراب کی اور شہد کی چارون نہرین نکلی ہین اور اسی کے اوپر عرش ہے جب تم لوگ جنت کا سوال کرو تو خدا سے فردوس کا سوال کرو +

منزل ۲

معتبر سند سے مسند عبد الرزاق میں ابوذرؓ کی حدیث ہے جسمین ابوذر نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لفظ ایمان کے معنے پوچھے تھے جسکے جواب مین اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ بقر کی آیۃ لیس البر وا ولٰکن البر من اتقی تک پڑھی۔ اس آیۃ مین دلی اعتقاد ظاہری اعمال سب باتون کا ذکر ہے اسلئے لفظ ایمان کے معنے تبلانے کی غرض سے اللہ کے رسول نے جو یہ آیۃ پڑہی اس سے آپکا مقصود یہ ہے کہ لفظ بر کے معنے نیکی کے ہین اور جس طرح نیک باتون کے سچے ہونیکا دلی یقین اور اس یقین کو جتلانے کے لئے ظاہری نیک اعمال نیکی مین یہ سب کچھ داخل ہے یہی حال لفظ ایمان کے معنے کا ہے کہ اس مین بھی آیۃ لیس البر کی سب باتین داخل ہین کیونکہ ایمان اگرچہ دلی نیک اعتقاد کا نام ہے لیکن اس دلی نیک اعتقاد کا حال تو سوائے اللہ تعالی کے کسی کو معلوم نہین اسواسطے جو شخص آیۃ لیس البر مین کے ظاہری اعمال کو اچھی طرح ادا کریگا ظاہری حکم شریعت میں اوسکا وہ دلی نیک اعتقاد پورا شمار کیا جاویگا نہین تو ادھورا حاصل کلام یہ ہے کہ معتزلی فرقے کے مقابلہ مین اہل سنت کا یہ مذہب جو قرار پایا ہے کہ نیک عمل ایمان کے کامل ہونے کی نشانی ہے اوسکا اور حدیث مین کی ایمان کی شاخون کا اور ایمان کے بڑھنے گھٹنے کا مطلب اس ابوذرؓ کی حدیث سے اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہے۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝

جیسے نکالا تجکو تیرے رب نے تیرے گھر سے درست کام پر اور ایک جماعت ایمان والی راضی نہ تھی

منزل ۲

معتبر سند سے تفسیر ابن جریر مین حضرت عبد اللہ بن عباس سے اور تفسیر ابن ابی حاتم اور تفسیر ابن مردویہ مین حضرت ابو ایوب انصاری سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اوسکا حاصل یہ ہے کہ ابو سفیان کی شام سے مال لیکر راستہ مین ہونے کی خبر سنکر جب مدینہ سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور ہزار آدمیون کی جمعیت سے قریش ابو سفیان کی مدد کو گئے تو اکثر مسلمانون نے آنحضرت سے یہ عرض کیا کہ ہم تو فقط ابو سفیان کا قافلہ لوٹنے کی نیت سے مدینہ سے نکلے تھے لڑائی کے لئے حسب دلخواہ اسوقت ہم مین طاقت نہین ہے اسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ جس طرح لڑائی کے ختم ہونے کے بعد تمنے غنیمت کے مال مین جھگڑا کیا اور اللہ تعالی نے حق حق اوسکا فیصلہ کر دیا اسی طرح لڑائی سے پہلے بھی تم نے لڑائی کے چھیڑنے اور نہ چھیڑنے مین جھگڑا کیا تھا اور فقط شام کے ملک سے ابو سفیان کے ساتھ جو قافلہ آرہا تھا اوسی کا لوٹ لینا تمہارا مقصود تھا مگر اللہ تعالی نے تدبیر سے تمکو لوٹ کا مال بھی دلوا دیا اور جس ارادہ سے اللہ تعالی نے اپنے نبی کو مدینہ سے بدر کی طرف نکالا تھا وہ ارادہ بھی پورا کر دیا کہ کافرون کو زیر اور تمکو فتح مند کر دیا اس تقریر سے معلوم ہو گیا کہ آیۃ مین گھر سے نکلنے کا مقصد مدینہ سے بدر کی طرف کا سفر ہے ہجرت کے معنے جو بعضے مفسرون نے کئے ہین وہ معنے مضمون آیۃ سے بعید ہین اسی واسطے اکثر مفسرون نے آیۃ کی یہی تفسیر بیان کی ہے کہ گھر سے مطلب یہان مدینہ کا گھر ہے مکہ کا نہین ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث اوپر گذر چکی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ بدر کی لڑائی سے ایک رات پہلے اللہ تعالی نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ جتلا دیا تھا کہ اس لڑائی مین مشرکین مکہ مین سے بڑے بڑے سرکش لوگ مارے جاوینگے بلکہ

اون نوگون کی لاشون کے پڑے رہنے کے مقامات بھی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تبلا دئے تھے - آیۃ کے اس ٹکڑے مین یہ جو فرمایا کہ نکالا تجھکو تیرے رب نے تیرے گھر سے درست کام پر یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے کیونکہ آیۃ کے ٹکڑے اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ وہ درست کام یہ تھا کہ اس لڑائی مین آخر کو اسلام کا غلبہ ہوگا اور مخالفون کے بڑے بڑے سرکش لوگ اس لڑائی مین مارے جاوین گے اسلئے مسلمانونکی ایک جماعت کا اس لڑائی پر رضامند نہ ہونا مرضی الٰہی کے برخلاف ہے - یہ جماعت انصار مین کے کچھ لوگونکی تھی ان لوگونکو لڑائی کے شروع ہو جانے مین جو تامل تھا اس قصہ کا حاصل یہ ہے کہ ابو سفیان نے بہت سا مال تجارت کا شام کے ملک سے خریدا تھا اور یہ تیس آدمیون کا قافلہ وہ مال لیکر مکہ کو جا رہا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ خبر سنی تو آپنے مسلمانونکو اس قافلے کے لوٹنے پر ارادہ کیا اور اسی ارادہ سے کچھ اوپر تین سو آدمیونکو ساتھ لیکر مدینہ سے آپ باہر نکلے - ابو سفیان نے جب یہ خبر سنی تو مکہ کو جلدی سے ایک قاصد روانہ کیا اور قریش کو اس حال کی اطلاع دیکر اپنے قافلہ کی مدد چاہی - مکہ سے قریش مین کے ہزار آدمی مقام بدر تک ابو سفیان کی مدد کو آگئے اب ابو سفیان کا قافلہ تو سمندر کے کنارہ کے راستہ سے مکہ کو چلا گیا اور مسلمانون کی تھوڑی سی فوج کو ہزار آدمیون کی فوج سے لڑائی شروع کرنے کی نوبت آئی اسی لڑائی کے شروع کرنے مین انصار کے بعضے لوگون نے وہ عذر کیا جس کا ذکر آیۃ کے آگے کے ٹکڑے کی تفسیر مین آتا ہے -

منزل ۲ يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَمَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ ۝

تجھسے جھگڑتے تھے درست بات مین واضح ہو چکنے پیچھے گویا اونکو ہانکتے ہین موت کی طرف آنکھون دیکھتے

آیۃ کے اوپر کے ٹکڑے مین یہ بیان ہو چکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بغیر حکم خدا کے کوئی کام نہین کرتے ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابو سفیان کے قافلہ کے پیچھے نکلے تھے اور مومنین بھی آپکے ساتھ تھے سامان جنگ کسی کے پاس مہیا نہ تھا کیونکہ یہ لوگ تیس آدمیون کے قافلہ کو لوٹنے کے ارادہ سے آئے تھے لیکن جب یہ قافلہ ہاتھ سے نکل گیا اور مشرکین مکہ کی ہزار ہا آدمیون کی فوج مقام بدر پر پہونچ گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب انسے لڑنا چاہیئے اس بات کو لوگون نے سخت سمجھا اور کہنے لگے کہ اگر پہلے سے ہمکو لڑائی کا ارادہ معلوم ہوتا تو ہم سامان جنگ سے درست ہو کر آتے مگر بعد پھر انکو معلوم ہو گیا کہ حضرت کا حکم ٹھیک تھا آپ جو کام کرتے ہین خدا کے حکم سے کرتے ہین اسی کو اللہ پاک نے آیۃ کے اس ٹکڑے مین بیان فرمایا کہ یہ لوگ تم سے حق بات مین جھگڑتے ہین اور یہ سمجھتے ہین کہ دیدہ و دانستہ موت کے مونہہ مین جھونکے جاتے ہین حالانکہ اپنیر حق بات ظاہر ہو گئی ہے کہ رسول کا حکم بغیر حکم خدا کے نہین ہوتا ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی حدیث جو اوپر گذری وہی حدیث آیۃ کے اس ٹکڑے کی بھی گویا تفسیر ہے کیونکہ جس حدیث کے موافق اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس لڑائی کا انجام جتلایا تھا اس حدیث مین یہ بھی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس انجام کا ذکر صحابہ سے بھی کر دیا تھا اسی واسطے فرمایا یجادلونک فی الحق بعد ما تبین جسکا مطلب یہ

کہ اللہ تعالی کے جتلانے سے جس لڑائی کا سچا انجام اللہ کے رسول نے ان لوگون کو جتلا دیا تھا تو پھر لڑائی کے شروع کرنے مین ان لوگون نے اللہ کے رسول سے ناحق کا جھگڑا کیا۔

وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ

اور جسوقت وعدہ دیتا ہے اللہ تمکو ان دو جماعت مین سے کہ ایک تمکو ہاتھ لگ گئی اور تم چاہتے تھے کہ جس مین کانٹا نہ لگے

تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ لِيُحِقَّ

وہ ہے تمکو اور اللہ چاہتا تھا کہ سچا کرے سچ کو اپنے کلامون سے اور کاٹے پیچا کافرون کا تا سچا کرے

الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

سچ کو اور جھوٹا کرے جھوٹ کو اور گنہگار اگرچہ برا مانین

اس آیۃ کی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس کے قول سے بہت اچھی طرح واضح ہوتی ہے محمد بن اسحاق حضرت عبداللہ ابن عباس سے اس قصہ بدر کو یون بیان کرتے ہین کہ ابو سفیان قریش کا بہت سا مال لیکر ملک شام سے چلا یہ خبر حضرت کو ملی آپنے صحابہ سے کہا تم مدینہ سے باہر نکلو اگر خدا نے چاہا تو تمہین یہ سب مال ملجائیگا اکثر لوگ آپکے ساتھ ہو گئے اور بعضے رہ گئے کیونکہ لڑائی کا ارادہ تو تھا ہی نہین جو سب کے سب نکلتے ابو سفیان نے مدینہ کے قریب پہونچکر جاسوس بھیجے جاسوس سے جو شخص ملتا تھا اُس سے حال پوچھتے چلے جاتے تھے ایک قافلہ سے معلوم ہوا کہ حضرت مع صحابہ کے تمہارے قافلہ پر آیا چاہتے ہین منزل ۲
یہ خبر جاسوس نے ابو سفیان سے جاکر کہی اُس نے ایک شخص ضمضم بن عمرو غفاری کو اُجرت دیکر قریش کی طرف بھیجا اور کہا کہ قریش کو جمع کرکے لے آؤ اور اپنا مال بچاؤ حضرت مع اپنے اصحاب کے راہ روکے ہوئے ہین ضمضم تو ادھر روانہ ہوا اور آنحضرت صلعم جب تک وادی ذفران تک پہونچے اودھر سے قریش کی ہزار آدمیون کی فوج آگئی آپکو یہ خبر معلوم ہوئی آپنے لوگون سے مشورہ لیا حضرت ابوبکر و حضرت عمر نے نیک مشورہ دیا اور بعض لوگون نے یہ کہا کہ ہمکو قریش سے لڑنے کی طاقت نہین ہے ہم تو مال کے واسطے گھر سے نکلے ہین ہم تو ابو سفیان کی طرف چلین گے اور مال لوٹین گے قریش سے مقابلہ نہین کرینگے پھر آپنے کہا کہ تم ایک ایک علیحدہ تبلاتے جاؤ قریش سے جنگ کرنے مین تمہاری کیا رائے ہے مقداد بن عمرو نے کہا کہ یا رسول اللہ صلعم آپکو جو حکم خدا نے دیا ہے وہ کیجئے ہم آپکے ساتھ ہین موسی علیہ السلام کی قوم نے جو بات کہی تھی کہ وہ اور اونکا خدا جاکر لڑین ہم تو قوم عمالقہ سے لڑنے کو نہین جائین گے اون کہنے والون مین ہم نہین ہین ہمکو اُسی ذات کی قسم ہے جسنے تمکو رسول بناکر بھیجا ہے اگر آپ ملک حبش تک جاکر مقاتلہ کرنا چاہین تو ہم بھی وہان تک چلکر لڑین گے آپنے مقداد کو دعا دی پھر آپنے انصار کی طرف خطاب کرکے فرمایا تمہاری کیا رائے ہے سعد بن معاذ نے کہا کہ یا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہم آپ پر ایمان لاچکے ہین آپکے رسول ہونے کی تصدیق کرچکے ہین جو کچھ آپ خدا کی طرف سے لائے ہین اوسکی گواہی دیچکے ہین آپ سے قول و قرار مضبوطی کے ساتھ کرچکے ہین جو کچھ آپکو خدا کا فرمان ہے اوسکے بموجب حکم دیجئے اگر آپ دریا مین گھسین گے تو ہم

بھی آپکے ساتھ گھس پڑینگے ہم مین سے ایک آدمی بھی پیچھے نرہے گا ہم اسبات سے ناخوش نہین ہین کہ ہم کو دشمن سے لڑنا پڑیگا
ہم جنگ کے وقت صبر کرنے والون مین ہین اس مین کوئی تعجب کی بات نہین ہے کہ اللہ پاک آپکو ایسی بات دکھلا وے جس سے
آپکی آنکھین ٹھنڈی ہون آپ بسم اللہ کرکے چلین ہم آپکے ساتھ ہین آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ چلو غرض کہ اللہ پاک
نے ابوسفیان کے قافلے اور مشرکین مکہ کی فوج انہین دونون گروہ کا ذکر اس آیتہ مین فرمایا کہ ان دو گروہ مین سے ایک کا وعدہ مین
کرچکا ہون کہ ایک تمہارا ہے تم انہین سے ایک پر غالب ہوجاؤگے اونہین قتل کرو اور مال غنیمت لو وہ تمہین ضرور نہیں کرسکے گا
اور جو یہ چاہتے ہو کہ نرم نرم تمہارے ہاتھ لگے کہ ابوسفیان کا قافلہ بے لڑے بھڑے لوٹ لو یہ قافلہ بے ہتیار ہے تو یہ بات اللہ کو
پسند نہین ہے خدا کا ارادہ تو یہ ہے کہ مشرکین کی جو فوج سامان جنگ سے درست ہے ہتیار لگائے ہوئے ہے اوسپر تمہین
فتح مند کرے اور اپنی حق بات پوری کرے اور کفار کو نیست و نابود کرے بہت سے لوگ قید ہون اور بہت سامان تمہارے
ہاتھ لگے حق کو غلبہ ہو جھوٹ مغلوب ہو یہ بات اچھی ہے یا وہ بات اچھی ہے جسکو تم اچھا جانتے ہو حضرت عبداللہ بن
عباس کا یہ قول مختصر طور پر طبرانی مین بھی ہے جسکی روایتہ علی بن طلحہ کے ذریعہ سے ہے اس تفسیر کے مقدمہ مین یہ ذکر ہوچکا
ہے کہ جو قول عبداللہ بن عباسؓ کا علی بن طلحہ کے ذریعہ سے روایتہ کیا جاتا ہے وہ نہایت صحیح ہوتا ہے اسلئے آیتہ کی جو تفسیر
عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق اوپر بیان کی گئی ہے وہ صحیح ہے علاوہ اسکے مختصر طور پر یہ قصہ صحیح بخاری و نسائی
مین بھی عبداللہ بن مسعود کی روایتہ سے آیا ہے جس سے محمد بن اسحاق کی روایتہ کو پوری تقویت ہوتی ہے بعضے مفسرونکو یہ شبہ منزل ۲
جو پیدا ہوا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس تو بدر کی لڑائی کے وقت موجود نہیں تھے پھر اونکی روایتہ اس بات مین آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم تک مسلسل کیونکر شمار کیجا سکتی ہے اس شبہ کو حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین یون رفع کردیا ہے کہ
کہ حضرت عبداللہ بن عباس بدر کی لڑائی کے قصون کو حضرت ابوبکر صدیق یا حضرت عمر سے سنکر روایتہ کرتے ہین چنانچہ
صحیح مسلم کی بعضی روایتون مین خود حضرت عبداللہ بن عباس نے اسکی صراحت کردی ہے کہ اصل مین قصہ مین نے حضرت عمر سے
سنا ہے اس طرح ایک صحابی دوسرے صحابی سے سنکر کوئی روایتہ کرے تو اسکو صحابی کی مرسل روایتہ کہتے ہین ایسی روایتہ کے
مقبول ہونے پر سب محدثین اور مفسرین کا اتفاق ہے ابن ماجہ کے حوالہ سے زید بن ثابت کی معتبر روایتہ ایک جگہ گذر
چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن لوگونکی زندگی کا دارومدار فقط دنیا کی دولت کمانے پر ہے اونکو دنیا
کا مال و متاع تو اوسی قدر ملے گا جو اونکی تقدیر مین ہے لیکن اونکی زندگی دنیا کی سرگردانی مین بسر ہوگی اور جن لوگونکا
قصد عقبے کی بہبودی کا ہوگا وہ دین دنیا دونون پاوین گے اس حدیث کو ان آیتون کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون
اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ جن لوگونکا آیتون مین یہ ذکر ہے کہ انھون نے ابوسفیان کے قافلہ کے لوٹنے
کا لالچ چھوڑکر عقبی کی بہبودی کے قصد سے دین کی لڑائی مین جو اللہ کے رسول کا ساتھ دیا تو اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا اور عقبی
دونون جہان مین وہ لوگ اچھے رہے دنیا مین ہر ایک کے حصہ مین پانچ ہزار کا مال آیا اور عقبے مین دین کی لڑائی کا اجر پاوین گے

اسی طرح اب بھی عقبے کی بہبودی کا قصد جو لوگ رکھین گے وہ دین و دنیا دونون پاوین گے - دلو کرہ المجرمون کا مطلب یہ ہے کہ کہ مشرکین مکہ کو اگرچہ اسلام کی ترقی شاق ہے لیکن اللہ تعالی کے ارادہ مین جو اسلام کی ترقی ٹھہر چکی ہے وہ ہوکر رہے گی اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے بدر کی لڑائی کے زمانہ سے اسلام کی جو ترقی شروع ہوئی وہ ظاہر ہے -

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝

جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے تو پہنچا تمہاری پکار کو کہ مین مدد بھیجونگا تمہاری ہزار فرشتے لگاتار آنے والے

صحیح مسلم ترمذی نسائی اور مسند امام احمد بن حنبل مین چند صحابہ کی روایتون سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اوسکا حاصل یہ ہے کہ جب آنحضرت نے مشرکین کی فوج کے ہزار آدمی اور اپنی طرف کے صرف کچھ اوپر تین سو آدمی دیکھے تو آپکو بڑا اندیشہ ہوا اس لئے جس صبح کو مقابلہ ہونے والا تھا اُس رات آپنے تمام رات اللہ سے مدد اور فتح کی دعا بڑی عاجزی سے مانگی یہانتک کہ آپکی چادر بھی کندھے پر سے گر پڑی اور حضرت ابوبکر صدیق نے آپکی چادر پھر آپکو اوڑہی اور عرض کیا کہ حضرت آپ دعا مین اتنا اصرار کیون فرماتے ہین ضرور اللہ تعالی آپکی دعا قبول فرماویگا اتنے مین ذرا آپکو اونگھ آگئی اور پھر آپ مسکراتے ہوئے اوٹھے اور حضرت ابوبکر سے فرمایا تمکو مین خوشخبری سناتا ہون کہ اللہ کی مدد آن پہونچی دیکھو ایک طرف جبرئیل پانسو فرشتون کی فوج سے اور دوسری طرف میکائیل پانسو فرشتونکی فوج سے لشکر اسلام کے دائین بائین موجود ہین فرشتے اگرچہ اگرچہ مسلمانون کی دلجمعی کے لئے اور لڑائیون مین بھی لشکر اسلام کی مدد کو آئے ہین لیکن صحیح قول یہی ہے کہ بدر کی لڑائی مین مسلمانون کی فوج بہت کم تھی اسلئے اس لڑائی مین فرشتے لڑے بھی ہین باقی قصہ جنگ بدر کا سورہ آل عمران مین گذر چکا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا یہ قصہ صحیح بخاری مین حضرت عبداللہ بن عباس کی روایۃ سے ہے اور صحیح مسلم کی روایۃ مین حضرت عبداللہ بن عباس نے اس بات کی صراحت کردی ہے کہ اونھون نے یہ قصہ حضرت عمر سے سنا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ اوپر یہ جو بیان ہوا تھا کہ بدر کی لڑائی مین حضرت عبداللہ بن عباس خود تو موجود نہین تھے لیکن بدر کی لڑائی کے قصون کی اونکی روایتین مراسیل صحابہ کے طور پر ہوا کرتی ہین اب مسلم کی سند مین حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ صراحت کہ اونھون نے یہ قصہ حضرت عمر سے سنا ہے اوس اوپر کے بیان کی ایک مثال ہے اور اس دعا کے بعد فرشتون کی مدد آنے کی حضرت عبداللہ بن عباس کی روایۃ جو صحیح بخاری مین ہے حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین اوسکا یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ روایت اونھون نے حضرت ابوبکر صدیق سے سنکر کی ہے کیونکہ سب سے پہلے فرشتون کی مدد کی خوشخبری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کو ہی دی تھی جسکا ذکر آیۃ کی شان نزول کی روایتون مین گذر چکا ہے صحیح بخاری مین انس بن مالک سے اور صحیح مسلم مین ابوہریرہ سے اور معتبر سند سے مسند امام احمد مین عبداللہ بن عمرو بن العاص سے جو روایتین ہین اُنمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعا کرنے والے ہر شخص کو چاہیئے کہ دل لگاکر نہایت اصرار اور عاجزی سے دعا مانگے کیونکہ اوپر سے دل سے جو دعا مانگی جاتی ہے وہ بارگاہ الٰہی مین قبول نہیں ہوتی

منزل ۲

آیۃ کی شان نزول مین جو روایتین گذرین اونکو اور ان روایتون کو ملانے سے یہ مطلب سمجھہ مین آجاتا ہے کہ بدر کی لڑائی سے پہلے آپ نے لشکر اسلام کی فتح کی دعا بڑی عاجزی اور اصرار سے اسلئے مانگی کہ آپکی دعا رائگان نہ جاوے حاصل کلام یہ ہے کہ شان الٰہی کی پہچان مین نبی اور صدیق کے مرتبہ کا فرق اسی حالت سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اللہ کے رسول دعا کے وقت اپنی عاجزی اور اپنے اصرار سے نہین گھبرائے بلکہ الہام الٰہی کے موافق عاجزی اور اصرار کو دعا کے قبول ہونے کا سبب سمجھا ہان حضرت ابوبکر صدیق کا مرتبہ نبوت سے کم تھا اس لئے وہ حضرت کی عاجزی اور آپکے اصرار سے گھبرا گئے اسکے سوا یہان بعضے صوفیہ نے کچھہ اور باتین جو لکھی ہین اونکی تائید کسی صحیح حدیث سے نہین ہوتی بدر کی لڑائی مین پہلے ہزار فرشتے آئے اور پھر دو دفعہ مین چار ہزار اور آئے غرض سب پانچ ہزار فرشتے آئے اسی واسطے اس آیۃ مین پہلی دفعہ کے ہزار فرشتون کا ذکر ہے اور سورہ آل عمران مین بیچ کے دفعہ کے تین ہزار اور آخری دفعہ کے پانچ ہزار کا ذکر ہے دونون آیتون مین کچھہ اختلاف نہین ہے - یہ دونو آیتون کی مطابقت ربیع بن انس کے قول کے موافق بیان کی گئی ہے - یہ ربیع بن انس حسن بصری اور قتادہ کی طرح تابعیون مین کے قدیم مفسر ہین صحاح ستہ مین انکی روایتین ہین آیۃ مین مردفین ہزار فرشتون کے ذکر کے بعد جو فرمایا اس سے ربیع بن انس کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے کیونکہ مردفین کا بھی وہی مطلب ہے کہ ہزار فرشتون کے بعد اور فرشتے آئے -

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۙ ع ۱۰ منزل ۲

اور یہ تو دی اللہ نے فقط خوشخبری اور تاچین پکڑین دل تمہارے اور مدد نہیں مگر اللہ کی طرف سے بیشک اللہ زور آور ہے حکمت والا

بدر کی لڑائی مین مسلمان بہت تھوڑے تھے اور کافر بہت تھے اس لئے اللہ تعالی نے مسلمانونکی طرح طرح کی مدد کی اور کئی طرح کے اسباب بہم کے انکے لئے مہیا کئے آسمان سے اول ایک ہزار پھر تین ہزار پھر پانچ ہزار تک فرشتے انکی مدد کو بھیجے کافرون نے پہلے سے بدر پر پہونچکر وہان کے پانی پر قبضہ کرلیا تھا اور شیطان نے مسلمانون کو پیاس اور نہانے اور وضو سے تنگ پاکر انکے دل مین یہ وسوسہ ڈالا تھا کہ اگر یہ دین حق ہوتا اور تم سچے ہوتے تو کیا تمکو اللہ ایسی مصیبت مین ڈالتا کہ پانی تک کو ترس رہے ہو شیطان کا یہ وسوسہ دفع کرنے کے لئے فوراً اللہ تعالی نے مینہہ برسایا اور جگہ جگہ گڑھون مین مسلمانون کی ضرورت کے موافق پانی جمع ہوگیا ایک طرح کی تھکان رات بھر کے جاگنے سے جو مسلمانون پر چھاگئی تھی دشمن کے مقابلہ سے پہلے اونکو ایک طرح کی اونگھہ مین کرکے اللہ تعالی نے اونکی وہ تھکان رفع کردی اونکے دشمنون کے دل مین رعب اور اونکے دل مس دلیری پیدا کردی مقابلہ کے وقت اونکی نظرون مین دشمنون کی تعداد کم کردی ان سب اسباب کے بعد اس آیۃ مین فرمایا کہ یہ سب کچھہ اللہ تعالی نے تمہارا دل خوش کرنے اور تمہاری راحت کے لئے کردیا ہے ان اسباب پر فتح منحصر نہین فتح اللہ تعالی کی مرضی پر ہے جب وہ چاہتا ہے فتح جب ہی ہوتی ہے حاصل یہ ہے کہ اس عالم اسباب مین سبب تو ہر ایک چیز کا اللہ نے لگایا ہے مگر اسی سبب مین وہ تاثیر پیدا کرے تو کچھہ نہین ہوتا یہی روزمرہ کی تاثیر کی دوائین جب آدمی کا آخری وقت آجاتا ہے اور اللہ کی مرضی ان دواؤن کی اثر کی نہین ہوتی تو ساری دوائین بالکل بے اثر ہوجاتی ہین غرض آدمی کو چاہیے کہ اسباب ظاہری پر تکیہ کرکے اللہ کا بھروسہ

کسی حالمین بچھوٹے صحیح بخاری وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی ایک بڑی حدیث ہے جسمین امت محمدیہ کے ستر ہزار آدمیونکا بغیر حساب و کتاب کے جنت مین جانیکا ذکر ہے اور یہ بھی ہے کہ جنکا یہ ذکر ہے وہ ہر باب مین اللہ تعالی پر بھروسہ کرنیوالے لوگ ہونگے۔ آیۃ مین اللہ پر بھروسہ کرنیکا جو ذکر ہے اوس بھروسہ کے اعلی کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔ بعضے صوفیہ نے اللہ تعالی پر بھروسہ کرنے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ظاہری اسباب کو بالکل چھوڑ دیا جاوے جیسے مثلاً شیر سامنے آجاوے تو اللہ پر بھروسہ کرکے اپنی طرف سے اوس شیر سے بچنے کی کچھہ کوشش نہ کیجاوے لیکن جمہور علما نے اللہ تعالی پر بھروسہ کرنے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ آدمی دل سے ہر باب مین اللہ پر بھروسہ کرے اور ہاتھہ پاؤن سے ظاہری اسباب کو کام مین لاوے جسکا مطلب یہ ہے کہ ظاہری اسباب کو کام مین لاکر آدمی دل میں یہ اعتقاد رکھے کہ ان ظاہری سباب مین اللہ تعالی کچھہ تاثیر پیدا کریگا تو ہوگی ورنہ مستقل طور پر ان ظاہری اسباب کو نہ تقدیر الہی مین کچھہ دخل ہے نہ اصلی طور پر انمین کچھہ تاثیر ہے۔ اس سورہ کی آیتون مین ظاہری اسباب کے طور پر مخالفون سے لڑنے کے حکم سے اور فتح کے باب مین اللہ تعالی پر بھروسہ کرنے کے حکم سے اللہ تعالی پر بھروسہ کرنے کا وہی مطلب صحیح قرار پاتا ہے جو جمہور علما نے بیان کیا ہے۔ اس سورہ کی آیتون کے سوا اور بھی بہت سی آیتین اور صحیح حدیثین ایسی ہین جن سے جمہور علما کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے۔ ان اللہ عزیز حکیم کا یہ مطلب ہے کہ ظاہری اسباب مین تاثیر کا پیدا کرنا اور نہ کرنا یہ سب اسکی قدرت اور حکمت کے کارخانے ہین بدر کی لڑائی مین قدرت اور حکمت کے ایک کارخانہ کا ظہور تھا اور احد کی لڑائی مین باوجود زیادہ ہونے اسباب ظاہری کے قدرت اور حکمت کے دوسرے کارخانہ کا ظہور ہوا۔

منزل ۲

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ

جسوقت ڈالدی تمپر اونگہہ اپنی طرف سے تسکین کو اور اوتارا تمپر آسمان سے پانی کہ اوس سے تمکو پاک کرے اور دور کرے

عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ۝

تمسے شیطان کی نجاست اور محکم گرہ دے تمہارے دلونپر اور ثابت کرے تمہارے قدم

اوپر کی آیۃ مین یہ بات گذر چکی ہے کہ بدر کی لڑائی مین مسلمان بہت ہی کم کچھہ اوپر تین سو تھے اور دشمن ایک ہزار کے قریب تھے یہ کثرت دشمنون کی دیکھکر مسلمانون کے دل مین یہ خیال پیدا ہوا کہ دیکھئے کیونکر انپر فتح نصیب ہوتی ہے اوسپر طرہ یہ ہوا کہ رات کو مسلمانونکو نہانے کی حاجت ہوگئی اور پانی پر کفار کا قبضہ ہوگیا تھا ریت کی زمین تھی خشکی کے سبب سے نہ انسان کے پاؤن جمتے تھے نہ جانور چل سکتے تھے صبح نماز وغیرہ حوایج ضروری ادا کرنے سے مجبور ہوئے جسکا اونکے دل پر بہت بڑا اثر ہوا اور سمجھے کہ یہ شکست کے آثار ہین اللہ پاک نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے ایک ہزار فرشتے اونکی مدد کو بھیجدئے جیسا کہ اوپر کی آیۃ مین گذر چکا اس آیۃ مین یہ بیان ہے کہ اللہ پاک نے مسلمانونپر اونگھہ کا غلبہ کردیا جس اونگھہ سے یہ لوگ بہت جلد چونک پڑے اور دل مین جو کچھہ خوف تھا وہ سب جاتا رہا تھکان بھی سب رفع ہوگئی اور ایک اطمینان حاصل ہوگیا حضرت عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن عباسؓ کا قول ہے کہ جنگ مین اونگھنا خداوند جل شانہ کی طرف سے امن ہے اور نماز مین اونگھنا

شیطان کا وسوسہ ہے پھر اللہ پاک نے مینہہ برسایا زمین سخت ہوگئی گرد و غبار بیٹھ گیا لوگون کی پیاس بجھی اپنے اپنے برتن پانی سے
بھر لئے حوائج ضروری سے فارغ ہوئے وضو کیا غسل کیا پاک و طاہر ہوگئے اسی کو فرمایا کہ تمہارے رب نے تم سے شیطانی وسوسہ
دور کر دیا کیونکہ حاجت غسل کو بھی علما شیطانی وسوسہ خیال کرتے ہیں بہرحال اللہ پاک نے جس طرح اونکھ بھیجکر اونکے دلون کو
وسوسون سے پاک و صاف کیا اسی طرح مینہہ برسا کر اونکے جسمون کو بھی پاک کر دیا پھر روحانی اور جسمانی شجاعت کی طرف انکا
خیال پھیرا کہ تم دل مین یہ سمجھہ رہے تھے کہ یہ کل امور شکست کے آثار ہیں اون سب کو اللہ تعالی نے دفع کر دیا اب تمہارے دل مطمئن
ہوئے اور خاطر جمع ہوئی اور اب تمہارے قدم ریت کی زمین پر جمین گے اور تمہارے جانور آسانی سے چلین پھرین گے سورہ
ال عمران مین گذر چکا ہے کہ لشکر اسلام کو اونکھہ احد کی لڑائی مین بھی عین لڑائی کے وقت آئی تھی لیکن وہ اونکھہ لڑائی کے
بگڑ جانے کا رنج و غم رفع کرنے کے لئے تھی اور بدر کی لڑائی مین لڑائی سے پہلے کی اونکھہ مین اللہ تعالی نے یہ اثر پیدا کر دیا تھا کہ
دشمنون کی تعداد کے زیادہ ہونے سے مسلمانونکے دل مین شکست کھانے کا جو اندیشہ تھا وہ اس اونکھہ کے بعد جاتا رہا صحیح
بخاری وغیرہ مین ابوہریرہؓ کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ خیبر کی لڑائی مین مسلمانون مین کے لشکر کا ایک شخص بڑی
کوشش اور تندہی سے دشمنون پر حملہ کر رہا تھا اوس شخص کی یہ حالت دیکھکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے الہام الٰہی کے موافق
یہ فرمایا کہ اس شخص کا انجام دوزخ ہے۔ ابوہریرہؓ کہتے ہین کہ ظاہری اسباب سے اوس شخص کا دوزخی ہونا بعضے صحابہ کی سمجھہ
مین نہین آتا تھا لیکن آخر کو وہ شخص ایسا زخمی ہوا کہ زخمون کی تکلیف برداشت نہ کر سکا اور خودکشی کر کے مر گیا اس حدیث کو منزل ۲
آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب ہوا کہ انسان کی سمجھہ کے موافق بعضے کامون کے
ظاہری اسباب کچھہ اور طرح کے ہوتے ہین لیکن اللہ تعالی کو اپنے علم غیب کے موافق جس طرح اون کامون کا کرنا منظور ہوتا ہے
وہ غیب سے کوئی سبب ایسا پیدا کر دیتا ہے کہ ظاہری اسباب کے برخلاف وہ کام انجام کو پہونچ جاتے ہین مثلاً جسطرح
اوس نے بدر کی لڑائی مین اونکھہ اور مینہہ کو مسلمانونکی فتح کا اور خیبر کی لڑائی مین خودکشی کو اوس شخص کے دوزخی ہونیکا غیبی سبب ٹھہرایا

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ

جب حکم بھیجا تیرے رب نے فرشتون کو کہ مین ساتھہ ہون تمہارے سو تم دل ثابت کرو مسلمانون کے مین ڈالدون گا

الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝ ذَٰلِكَ

دل مین کافرون کے دہشت سو مارو اوپر گردنون کے اور کاٹو اونکی پور پور یہ ہوا اسلئے

بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝

کہ وہ مخالف ہوئے اللہ کے اور اسکے رسول کے اور جو کوئی مخالف ہوا اللہ کا اور اوسکے رسول کا تو اللہ کی مار سخت ہے

ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ۝

یہ تو تم چکھہ لو اور جان رکھو کہ منکرون کی غذا ہے عذاب دوزخ کا

اللہ پاک نے فرشتے جو لشکر اسلام کی مدد کو بدر کی لڑائی مین بھیجے تھے اونکا حال یہ بیان فرمایا کہ مسلمان اسکا شکریہ ادا کرین اور یہ بھی فرمایا فرشتونکو یہ حکم تھا کہ اے فرشتو تم مومنون کے دلکو جاکر مضبوط اور قوی کرو ہم کفار کے دلون مین خوف و رعب ڈالدینگے فرشتے آئے تو اونھون نے مسلمانون کے دلکو مضبوط کیا اور لڑائی مین مسلمانون کا ہاتھ بھی بٹایا فرشتے انسان کی صورت مین ایک ایک صحابی کے پاس آکر کہتے تھے کہ ہم نے مشرکون کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ اگر مسلمان ہمپر حملہ کرین گے تو ہم بھاگ جائین گے پھر اس بات کا چرچا مسلمانون مین ہونے لگتا تھا اور اونکے دلون کو قوت اور طاقت ہوتی تھی اور بعض مفسرین نے فثبتو کی یہ تفسیر بیان کی ہے کہ جسطرح شیطان کو انسان کے دلون مین وسوسہ ڈالنے کی قدرت ہے اسی طرح فرشتونکو نبی آدم کے دل مین نیک بات کے ڈالنے کی طاقت ہے اسکو تثبیت کہتے ہین پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ کافرون کے سر پر مارو اور ہاتھ پر مونڈھے وغیرہ ہر ایک جوڑ پر ضرب لگاؤ یہ اس لئے فرمایا کہ سر پر چوٹ آنے سے جس طرح انسان بے قابو ہو جاتا ہے اسی طرح جوڑون پر ضرب پہونچنے سے بے بس ہو جاتا ہے پھر اُس مین اوٹھنے بیٹھنے کی بھی طاقت نہین رہتی ربیع بن انسؓ کہتے ہین کہ بدر کی لڑائی مین مسلمان لوگ فرشتون کے قتل کئے ہوئے مشرکون کو پہچانتے تھے کسی کا سر تن سے جدا تھا کسی کے جوڑ جوڑ پر ایسی ضرب لگی تھی جسطرح آگ سے جلکر داغ پڑ جاتا ہے حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہین کہ ابوجہل نے بدر کی لڑائی مین مسلمانون کو کمزور دیکھکر کہا کہ ان لوگون کو قتل نکرو زندہ گرفتار کرو تاکہ انکو معلوم ہو جاوے کہ ان لوگون نے ہمارے دین پر طعن کی تھی اور لات اور عزے سے منحرف ہوئے تھے اوسپر یہ آیہ اوتری اور چند مشرکون کے قتل کے بعد ابوجہل قتل ہوا غرض بدر کی لڑائی مین کل ستر آدمی مارے گئے اور ستر آدمی قید ہوئے یہ بھی فرمایا کہ یہ خدا اور رسول کی مخالفت کی سزا ہے ان مشرکون نے خدا اور اُسکے رسول کی مخالفت کی تھی یہ نہین جانتے تھے کہ خدا بڑا سخت عذاب کرنے والا ہے پھر کافرون کو مخاطب ٹھہراکر فرمایا کہ اب تو دنیا مین یہ عذاب چکھو قتل و گرفتار ہو اور آخرت مین کفار کے واسطے الگ جہنم مین عذاب ہوگا صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے جابرؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لشکر اسلام ایک مہینہ کے راستہ پر بھی ہو تو دشمنون کے دلپر لشکر اسلام کا رعب چھا جاتا ہے صحیح مسلم مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ ایک مسلمان شخص بدر کی لڑائی مین ایک مشرک پر حملہ کرنا چاہتا تھا اتنے مین اُس مشرک کے سر پر ایک کوڑا لگنے کی آواز آئی جسکے صدمہ سے وہ مشرک زمین پر گرا اور مرگیا سنکر اسلام کے دل مین رعب پیدا ہو جانے کا اور لشکر اسلام کی مدد کے طور پر فرشتون کا منکرین اسلام سے لڑنے کا ذکر جو ان آیتون مین ہے یہ حدیثین گویا اُس کی تفسیر ہیں ۔

منزل ۲

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ۝ وَ

اے ایمان والو جب بھڑو تم کافرونسے میدان جنگ مین تو مت دو اونکو پیٹھ اور

مَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ

جو کوئی اونکو پیٹھ دے اوسدن مگر یہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو فوج مین سو وہ لے پھرا غضب اللہ کا

مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

اور اوسکا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا بُری جگہ جا ٹھیرا

اس آیۃ مین اللہ پاک لڑائی سے بھاگنے والون کو فرماتا ہے کہ دشمنون سے بھاگو نہین اور جو بھاگے گا وہ خدا کا غضب لیکر گھر کو پھریگا اور اوسکا ٹھکانا جہنم مین بہت ہی بُری جگہ ہے اس سے معلوم ہوا کہ دین کی لڑائی سے بھاگنا گناہ کبیرہ ہے مگر اس صورت مین کہ اگر کوئی اس لئے لڑائی سے پیٹھ پھیرے کہ دشمن کو دھوکہ دیکر ایک طرف سے بھاگ کر اور پھر دوسری طرف سے دشمن کو قتل کریگا یا اپنے سردار کے پاس لوگ بھاگ کر جائین تو ان دو صورتون مین اللہ پاک نے بھاگنے کی اجازت دی ہے اسی کو فرمایا الا متحرفا لقتال او متحیزا الی فئۃ کہ اس ارادہ سے کوئی لڑائی سے بھاگ نکلا کہ پھر آئیگا یا اپنی دوسری فوج مین جا ملا دشمن کو دھوکا دینا لڑائی مین یہ بھی ایک ہنر جنگ کے فنون مین سے ہے چنانچہ صحیح بخاری مسلم اور ابوداؤد کی کعب بن مالک کی توبہ مین اسکا ذکر ہے امام احمد ترمذی وابن ماجہ مین ابن عمرؓ سے روایۃ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو ایک لشکر کے ہمراہ کسی جنگ مین بھیجا لڑائی مین سے لوگ بھاگ نکلے یہ بھی اونکی ساتھ ہٹ آئے ابن عمر کہتے ہین کہ مین نے کہا کہ ہم لڑائی سے پھر آئے اور خدا کا غضب لیکر گھر کو پھرے گھر جانے سے پہلے حضرت کے پاس چلنا چاہیئے اگر توبہ قبول ہوئی تو بہتر ہے ورنہ پھر چلدین غرضکہ نماز صبح سے پہلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہونچے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرہ سے نکلکر فرمایا تم کون لوگ ہو ابن عمر کہتے ہین مینے کہا کہ ہم لوگ لڑائی سے بھاگ کر آئے ہین بھگوڑے ہین آپنے فرمایا کہ نہین مین تمہارا اور سارے مسلمانون کا گروہ ہون تم لوگ میرے ساتھ دوبارہ حملہ کرنے والون مین ہو ابن عمر نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ چوم لیا ابن ابی حاتم نے اس روایۃ کو بیان کرکے یہ کہا ہے کہ پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیۃ پڑھی او متحیزا الی فئۃ بہرحال ان دونون صورتون کے علاوہ لڑائی سے بھاگنا مطلق حرام ہے صحیح بخاری ومسلمؒ ابوداؤد ونسائی مین ابوہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سات چیزین مسلمان شخص کو ہلاک کرنیوالی ہین ان سے بچو لوگون نے پوچھا یا حضرت وہ کیا ہین آپنے فرمایا خدا کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ جادو کرنا۔ ایسے شخص کو قتل کرنا جسکے قتل کو اللہ پاک نے حرام کیا ہے سود کھانا۔ یتیم کا مال کھانا اور لڑائی کے دن بھاگنا اور مومنہ پاکدامن عورت پر بدکاری کی تہمت کا لگانا بعضے مفسرین کا مذہب یہ ہے کہ لڑائی سے بھاگنا صحابہ پر حرام تھا کیونکہ جہاد انپر فرض تھا یا خالص انصار پر حرام تھا کیونکہ ان لوگون نے اللہ کے رسول کے ہاتھ پر بیعت کی تھی کہ ہر حال مین آپکا ساتھ دین گے اور بعضے کہتے ہین کہ یہ آیۃ خالص اہل بدر کے واسطے اتری ہے اس آیۃ سے مراد وہی لوگ ہین جو بدر کی لڑائی مین شریک تھے کیونکہ اب انکا کوئی ایسا گروہ شوکت دار نہ تھا جسکے پاس یہ لوگ بھاگ کر جاتے اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خدا سے کمک کے لئے دعا کی تھی تو یہ کہا تھا کہ اے اللہ اگر یہ لوگ ہلاک ہوجاوین گے تو کوئی تیری عبادت کا کرنے والا دنیا مین نہین رہیگا مگر جمہور مفسرین کا یہ قول ہے کہ آیت عام ہے اس کا حکم بھی عام ہے صحابہ یا انصار یا اہل بدر کے واسطے یہ حکم مخصوص نہین ہے اگرچہ یہ آیۃ بدر کے موقع پر اتری ہے مگر قیامت

منزل ۲

تک جتنے جہاد ہونگے سب کے واسطے یہ حکم باقی ہی اور ہر جنگ کرنے والے مسلمان پر دین کی لڑائی سے بھاگنا حرام ہی ابو ہریرہؓ کی حدیث جو اوپر گذری اوس سے آخری قول کی تائید ہوتی ہے ابن عمرؓ کی روایت جو اوپر گذری اُسکی سند میں ایک راوی یزید بن زیاد ہی جسکو اکثر علما نے ضعیف قرار دیا ہی لیکن ترمذی نے اُسکی روایۃ کو معتبر قرار دیا ہی اور صحیح مسلم میں ایسے موقع پر اوسکی روایۃ لی گئی ہے جہاں اور روایتوں سے اُسکی روایۃ کو تقویۃ پہونچ سکتی ہی امام بخاری نے بھی ادب مفرد میں اِس حدیث کو روایۃ کیا ہی۔ ان سب باتوں کے سبب سے اِس حدیث کو معتبر کہا جا سکتا ہی۔ ابن عمرؓ کے قصہ کا حاصل یہ ہی کہ وہ اپنے سردار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ میں لڑائی کے موقع کو چھوڑ کر آگئے تھے اِسلئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکو اور اُنکے ساتھیوں کو اون لوگوں میں شمار کیا جنکا لڑائی سے بھاگنا مستثنے کے طور پر آیۃ میں جائز رکھا گیا ہی غرض یہ قصہ آیۃ کے استثنا کی ایک صورت کی تفسیر ہے جس تفسیر کا حاصل یہ ہی کہ سردار اگرچہ لڑائی کے موقع سے دور بھی ہو تو لڑائی کے موقع کو چھوڑ کر کسی شخص کا اپنے سردار کے پاس آجانا آیۃ کی مستثنے کی صورت میں داخل ہی اِس صورت میں آگے آویگا کہ ابتدائے اسلام میں ایک مسلمان کو دس مخالف اسلام شخصوں سے لڑنے کا حکم تھا پھر ایک کو دو سے لڑنے کا حکم آگیا اِس حکم کے موافق ایک مسلمان مثلاً تین مخالفوں کے مقابلہ سے پہلوتہی کرے تو وہ بھی گناہ میں داخل نہیں ہے اِس تفسیر میں ایک جگہ کذ چکا ہی کہ جہاد کے حکم سے درگذر کی مکی آیتیں منسوخ نہیں ہیں اِس لئے ضعف اسلام کے زمانے میں بے سر و سامانی کے سبب سے بسبب بے سر و سامانی کے دین کی لڑائی سے درگذر بھی گناہ میں داخل نہیں ہے زحف کے معنے لشکر کے ہیں

منزل ۲

فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ

سو تم نے اونکو نہیں مارا لیکن اللہ نے مارا اور تو نے نہیں پھینکی مٹی خاک جبوقت پھینکی تھی لیکن اللہ نے پھینکی اور کیا چاہتا تھا

الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

ایمان والوں پر اپنی طرف سے خوب احسان تحقیق اللہ ہے سنتا جانتا

جنگ بدر اور جنگ حنین میں آنحضرت نے ایک مٹھی خاک کی لیکر دشمنوں کے لشکر کی طرف پھینک دی اور فرمایا کہ شاہت الوجوہ جس کا مطلب یہ ہی کہ دشمنوں کے مونہہ بہر گئے اور چہرے بگڑ گئے اللہ کے حکم سے کوئی کافروں کے لشکر بھر میں ایسا باقی نرہا جسکے مونہہ اور آنکھوں میں خاک نہ بہر گئی ہو بدر کی لڑائی کے وقت یہ خاک کی مٹھی پھینکنے کا قصہ طبرانی تفسیر ابن جریر تفسیر ابو الشیخ ابن حبان اور تفسیر ابن ابی حاتم میں حکیم بن حزام حضرت عبداللہ بن عباس اور جابر کی روایتوں سے آیا ہی اور حنین کی لڑائی کے وقت کا یہ قصہ صحیح مسلم میں سلمۃ بن الاکوع اور مسند امام احمد اور مستدرک حاکم میں عبداللہ بن مسعود کی روایتوں سے آیا ہی بدر کے وقت کا قصہ تین صحابیوں کے حوالہ سے چند طریق سے آیا ہی اِس لئے یہ قصہ بھی صحیح ہے خصوصاً ابن ابی حاتم کی روایۃ سے اور روایتوں کو زیادہ تقویۃ ہو جاتی ہی کیونکہ اِس تفسیر کے مقدمہ میں یہ بیان کر دیا گیا ہی کہ ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں روایتوں کی صحت کا زیادہ خیال رکھا ہی حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگردوں میں سے مجاہد کے قول کے موافق آیۃ کی شان نزول اور آیۃ کے مطلب کا حاصل یہ ہی کہ بدر کی فتح کے بعد کچھ مسلمان آپس میں فخر کی باتیں کیا کرتے تھے ایک اپنی بہادری کو فتح کا سبب قرار دیتا تھا اور دوسرا اپنی

اللہ تعالیٰ نے اُسپر یہ آیۃ نازل فرمائی اور فرمایا مسلمانوں کا دشمنوں پر غالب ہونا اللہ کے رسول کی ایک مٹھی خاک سے اور دشمنوں کا پست ہمت ہوجانا یہ سب کچھ اللہ کی مدد سے ہوا اسلئے بجائے ان فخر کی باتوں کے مسلمانوں کو چاہیے کہ اللہ کی مدد اور اُسکے احسان کی شکر گذاری کا تذکرہ آپسمیں کیا کریں کہ اس شکر گذاری کے بدلے میں اُسکے احسانات کی اور زیادتی ہوگیونکہ اللہ تعالیٰ ہر ایک شکر گذاری کی بات کو خوب سنتا اور شکر گذاری کی نیت کو خوب جانتا ہے معتبر سند سے مسند امام احمد میں نعمان بن بشیرؓ کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے احسانات کا جتلانا شکر گذاری اور اسکے احسانات کو بھول جانا بڑی ناشکری ہے مستدرک حاکم میں عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسے شخص پر قیامت کے دن اللہ کا غصہ ہوگا جو اپنے فخر اور اپنی بڑائی کا دل میں خیال رکھے گا عبداللہ بن عمرؓ کی اس حدیث کو حاکم نے صحیح کہا ہے آیۃ میں آپس کی فخر کی باتوں کی ممانعت اور اللہ تعالیٰ کے احسانات کے شکر گذاری کا جو ذکر ہے یہ حدیثیں گویا اُسکی تفسیر ہیں۔

ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

یہ تو ہو چکا اور جان رکھو کہ اللہ سست کریگا تدبیر کافرون کی

اس سے اوپر کی آیۃ میں اللہ پاک نے یہ بیان فرمایا تھا کہ مشرکین جو لڑائی میں قتل و غارت ہوئے اور جو خاک کی مٹھی پھینکی گئی جو کفار کی آنکھ ناک مونہہ میں جاکر پڑی اور وہ بھاگ نکلے جنگ کے میدان سے انکے پاؤں اوکھڑ گئے اسکو مومن یہ نہ سمجھیں کہ ہم نے انکو قتل کیا اور ہم نے مٹھی کنکریوں کی پھینکی تھی جو بکار آمد ہوئی بلکہ یہ سب اللہ کی قدرت تھی اللہ کا حکم تھا ورنہ کیا مجال تھی کہ کوئی کسی کو قتل کرسکتا یا بھگا دیتا یہ سب نعمتیں اللہ کی تھیں جو ایمان والوں پر کی گئیں اسکے بعد اس آیۃ میں یہ بشارت دی کہ یہ سب تدبیریں جو تمہارے مفید مطلب اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہوئیں وہ اسواسطے ہوئیں کہ اللہ پاک کفار کے مکر و حیلہ کو سست کردیتا ہے اور انکی کوئی تدبیر پیش نہیں چلنے دیتا مثلاً ان مشرکوں نے اسی لڑائی میں پانی پر قبضہ کرکے لشکر اسلام کے پیاسے رہنے کی تدبیر کی اللہ تعالیٰ نے مینہہ برسا کر اونکی وہ تدبیر بگاڑ دی یا مثلاً جیسے آگے آویگا کہ ان مشرکوں نے ہجرت سے پہلے مکہ میں اللہ کے رسول پر سوتے میں تلواروں سے حملہ کرنے کی تدبیر کی اللہ تعالیٰ نے اون لوگوں کے اس فریب کا حال اپنے رسول کو جتلا دیا جس سے ان مشرکوں کی تدبیر کارگر نہ ہوئی یا مثلاً جیسے صلوٰۃ الخوف کا حکم نازل فرماکر نماز کی حالت میں حملہ کرنے کی ان مشرکوں کی تدبیر اللہ تعالیٰ نے بگاڑ دی یہ تو ایسے لوگوں کی دنیوی بدنصیبی کا حال ہوا عقبے میں بھی ایسے لوگ دوزخ کے عذاب سے بچنے کی یہ تدبیر نکالیں گے کہ دنیا کی اپنی بداعمالی کا انکار کرکے اپنے آپکو فریبی ایماندار بنانا چاہیں گے لیکن اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ہاتھ پیروں سے اصلی حال کی گواہی دلواکر وہاں بھی انکی وہ تدبیر چلنے نہ دیگا صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمیں اس ہاتھ پیروں کی گواہی کا ذکر ہے اس آیۃ کو ابوہریرہؓ کی حدیث کے ساتھ ملانے سے آیۃ کی یہ تفسیر قرار پاتی ہے کہ ایسے لوگوں کی تدبیریں فقط دنیا میں ہی رائگاں نہیں ہیں بلکہ شرک کے وبال سے یہی بدنصیبی عقبے میں بھی انکے پیچھے لگی ہوئی ہے۔

منزل ۲

إِنْ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ وَإِنْ تَنْتَهُوا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَإِنْ تَعُودُوا نَعُدْ ۚ

اگر تم چاہتے تھے فیصلہ سو موجود ہی اور اگر باز آؤ تو تمہارا بھلا ہے اور اگر پھر کروگے تو ہم بھی پھر کرینگے

وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَلَوْ كَثُرَتْ وَأَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

اور کام نہ آویگا تمکو تمہارا جتھا کچھ اگرچہ بہت ہون اور جانو کہ اللہ ساتھ ایمان والون کے

اللہ تعالیٰ کفار کی طرف خطاب کرکے فرماتا ہی کہ تم جو ہر وقت اللہ سے مدد چاہتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم لوگ اپنے مخالف مومنین پر کب فتح یاب ہونگے تو دیکھ لو تمہارا سوال پورا ہو گیا فتح بھی ہو گئی اور تمہارے مومنون کے درمیان فیصلہ بھی ہو گیا امام احمد نسائی نے عبداللہ بن ثعلبہ سے روایت کی ہی کہ ابوجہل نے بدر کے دن یہ کہا تھا کہ یا اللہ ہمکو وہ باتین دکھا جو ہماری سمجھ سے باہر ہون یہ اسنے بطور طلب مدد کے کہا تھا اسی روز صبح کو وہ ذلیل ہوا اور یہ آیۃ اُتری اسی کے موافق ابن عباسؓ فرماتے ہیں حاکم نے عبداللہ ابن ثعلبہ کی اس حدیث کو صحیح کہا ہی سدی کا قول یہ ہی کہ مشرکین مکہ سے بدر کی طرف جب چلے تھے تو کعبہ کا پردہ پکڑکر اللہ سے یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ اعلیٰ لشکر اور بزرگ گروہ اور اچھے قبیلہ کو فتح نصیب کر اللہ تعالیٰ نے کہا کہ تم فتح چاہتے ہو جو تم کہتے ہو ویسا ہی ہوگا کہ اللہ کے رسول فتح یاب ہونگے اور تمہین شکست ہوگی اب آگے اللہ پاک نے مشرکون سے فرمایا کہ اگر اب بھی تم اپنے کفر اور گمراہی سے باز رہوگے تو تمہارے حق میں بہتر ہوگا اور اگر تم پھر اُسی کفر کی حالت پر رہے تو ہم بھی پھر ایسا ہی تمہین ذلیل و خوار کرینگے سدی کہتے ہیں مطلب یہ ہی کہ اگر پھر تم فتح چاہوگے تو ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح یاب کرینگے پھر فرمایا کہ اگر بڑے سے بڑا لشکر بھی لیکر آؤگے تو بھی کچھ مفید نہ ہوگا اور کچھ کام نہ چلے گا کیونکہ اللہ مومنون کے ساتھ ہے ہمیشہ اونہیں کو فتح دے گا اور اللہ کے ساتھ اور دین کو شریک ٹھہرانے والے ہمیشہ ذلیل رہین گے۔

منزل ۲

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ ۝

اے ایمان والو حکم پر چلو اللہ کے اور اُسکے رسول کے اور اس سے مت پھرو سن کر

اوپر یہ فرماکر کہ اللہ ایمانداروں کے ساتھ ہی اس آیۃ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور اپنے رسول کی فرمانبرداری اور اطاعت کا حکم ایمانداروں کو فرمایا ہے اور اس میں کوتاہی کرنی اور پھر جانے سے منع فرمایا ہی ہمکو اللہ کا کلام بلاواسطہ رسول کے نہیں آتا اسواسطے رسول کی فرمانبرداری کا خاص طور پر آیۃ مین ذکر کیا ہی تاکہ معلوم ہوجائے کہ رسول کی فرمانبرداری میں کسی طرح کی کوتاہی عین اللہ کی فرمانبرداری کی کوتاہی ہے اب اللہ کے حکم کی فرمانبرداری کا نکرنا ایک تو اُس شیوہ پر ہے جو کافرونکا شیوہ تھا کہ ظاہر مین کسی طرح وہ اللہ کے احکام کو نہین مانتے تھے اور ایک شیوہ منافقون کا تھا کہ ظاہر مین تو اپنی جان اپنا مال بچانے کے لئے وہ اپنے آپ کو نبی وقت کے روبرو اور مسلمانون کے روبرو مسلمان کہتے تھے مگر باطن میں مسلمان نہ تھے ان دونون فرقون کا ذکر اللہ تعالیٰ نے آیۃ مین فرماکر مسلمانون کو منع کیا ہی کہ تم ویسے نہ ہو وہ کافرون اور منافقون کی سی نافرمانی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کی برکت اور کوشش نے اس امت میں سے اکثر اوٹھادی ہی مگر اور رخ کے بہکاوے کے جال شیطان نے پھیلا کر نافرمانی

پھندے میں لوگونکو پھنسا رکھا ہی کہ وہ اس بہکاوے کو چھوڑکر اللہ اور رسول کے احکام کی فرمانبرداری پوری نہیں کرسکتے مثلاً بعضے لوگ طرح طرح کی بدعتون مین گرفتار ہیں اور شریعت میں بدعت کی جو مذمت آئی ہی اوسکو کان لگاکر نہیں سنتے ایسے ہی بعضے لوگ ریاکاری میں مبتلا ہوکر اپنے سب نیک عملون کو برباد کررہے ہیں معتبر سند سے مسند امام احمد ابوداود ترمذی اور ابن ماجہ مین عرباض بن ساریہ کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد کے لوگ بہت سی اختلاف کی باتین پاوین گے ایسے وقت میں ہر ایماندار شخص کو چاہیئے کہ میرے اور صحابہ کے طریقہ کو دریافت کرکے اسکے موافق عمل کرے اور شریعت مین کسی جدید بات کے نکالنے سے پرہیز کرے کیونکہ شریعت مین جو جدید بات نکالی جاوے اسکو بدعت کہتے ہیں اور بدعت پر چلنا گمراہی کا سبب ہی ابوداؤد اور نسائی کے حوالہ سے ابوامامہ کی صحیح حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر خالص نیت ثواب عقبے کے دنیا کے دکھاوے کا کوئی عمل بارگاہ الٰہی مین مقبول نہین ہوتا ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہی کیونکہ آیۃ میں اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم ہی اور حدیثون سے یہ تفصیل معلوم ہوتی ہی کہ اختلاف کیوقت یا بدعت و ریاکاری مین پھنسنے کے وقت ایماندار شخص اوس اطاعت کو کیونکر پورا کرسکتا ہے

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الصُّمُّ

اور ویسے مت ہو جنہون نے کہا کہ ہمنے سنا اور وہ نہیں سنتے ہیں بدتر سب جانداروں میں اللہ کے پاس وہ ہی بہرے

منزل ۲

الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَّأَسْمَعَهُمْ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوا وَّهُم مُّعْرِضُونَ ۝

گونگے ہیں جو نہیں بوجھتے اور اگر اللہ جانتا اونمین کچھ بھلائی تو اونکو سناتا اور جو انکو اب سنادے تو الٹے بھاگین منہ پھیر

اللہ پاک نے اس سے پہلے کی آیۃ میں مومنونکو خطاب کرکے یہ فرمایا تھا کہ تم ہر ایک امر میں خدا اور اسکے رسول کی تابعداری کرتے رہو اور ہر باب میں اُنکے حکم سے پیٹھہ نہ پھیرو کیونکہ تم قرآن کی پند و نصیحت کی باتین سنتے اور سمجھتے ہو اور اوسکی تصدیق کرتے ہو اسکے بعد اس آیۃ میں یہ بیان فرمایا کہ اون لوگونکی خصلت نہ اختیار کرو جو زبان سے کہتے ہیں کہ ہم سنتے ہیں اور حقیقت یہ ہی کہ وہ سنتے نہیں ہیں کیونکہ سننے کا نتیجہ یہ ہونا چاہیئے کہ اوس سے کچھ نفع بھی حاصل ہو یہ منافقین یا مشرکین خدا کا کلام صرف کانون سے سنتے ہیں مگر اس سے کوئی نفع نہین اوٹھاتے اسلیئے اُنکا سننا اور نہ سننا دونون برابر ہیں پھر اللہ پاک نے یہ بیان فرمایا کہ یہ لوگ چارپایون سے بھی بدتر بالکل بہرے گونگے ہیں کچھ سمجھ ہی نہیں رکھتے انسے تو جانور بھی اچھے ہیں کہ وہ اپنے فرض منصبی کو ادا کرتے ہیں جو جسکے لئے پیدا کیا گیا ہی اس امر میں وہ خدا کا مطیع ہے انسان ہیں جو اللہ کی عبادت کیلئے بنائے گئے مگر اونھون نے اوس سے انکار کیا اسلیئے یہ چارپایون سے بدتر ٹھہرے حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ یہ لوگ منجملہ قریش کے عبدالدار بن قصی کے قبیلہ کے چند لوگ تھے جو کہتے تھے کہ حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم جو شریعت لائے ہیں اس سے بہرے گونگے ہیں یہ لوگ سب کے سب سوائے دو شخصون کے جنگ احد میں مارے گئے انمین سے دو شخص بچے تھے مصعب بن عمیر اور سوبیط بن حرملہ یہ دونون مسلمان ہوئے پھر اللہ پاک نے اپنے علم کا حال ان منافقون اور مشرکون کے متعلق

بیان فرمایا کہ یہ لوگ جو خدا کا کلام سننے سے عاری ہیں یہ انکا کفر و نفاق ہے جو سننے نہیں دیتا اگر ہم اپنے علم ازلی کے موافق انکے سننے مین بہلائی اور بہتری دیکھتے تو انکو اسکے سننے کی توفیق دیدیتے لیکن اللہ کے علم ازلی کے موافق یہ نتیجہ قرار پا چکا ہے کہ اگر بالفرض انہین سننے اور سمجھنے کی توفیق بھی دیدی جائے تو بھی یہ لوگ نہیں سنین گے بلکہ نصیحت سے بیٹھہ پھیرنے لگین گے اور اس سننے سے کوئی نفع نہیں اوٹھائینگے اور عناد اور کفر کی وجہ سے نصیحت کے نفع سے پہلوتہی کرینگے بعضے مفسرین نے یہان یہ بیان کیا ہے کہ قبیلہ عبدالدار کے لوگ جنکا ذکر ابھی ہو چکا کہ وہ حضرت کا کلام سننے کے وقت یہ کہتے تھے کہ ہم بہرے گونگے ہین یہ لوگ آنحضرت صلعم سے کہا کرتے تھے کہ ہمارے باپ قصی کو آپ زندہ کردین تاکہ ہم اُس سے دریافت کرلین اگر وہ آپکی رسالت کے متعلق گواہی دیگا تو ہم آپ پر ایمان لائین گے اُسی کے جواب مین اللہ پاک نے فرمایا کہ اگر ان لوگون کو قصی کی باتین بھی سنادی جاوین تو بھی یہ لوگ ایمان نہیں لائین گے اور نصیحت کے سننے سے بیٹھہ پھیرلین گے اور دلی کفر کیوجہ سے ایمان لانے سے انکار ہی کرینگے صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہؓ بن عمرو بن العاص کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کے پیدا ہونے سے پچاس ہزار برس پہلے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر اللہ تعالی نے وہ سب لوح محفوظ مین لکھہ لیا ہے جو دنیا کے پیدا ہونے کے بعد دنیا مین ہونے والا تھا۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوسعیدؓ خدری کی حدیث بھی گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بُرے لوگونکی مثال بُری زمین کی اور قرآن شریف کی مثال مینہہ فرمائی ہے ان حدیثونکو ان آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیتون اور حدیثون کے ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے منزل ۲
کہ دنیا کے پیدا ہونے سے پہلے علم الٰہی مین جو لوگ بُرے ٹہر چکے ہین اُنکے دل مین اسی طرح قرآن کی نصیحت کچھہ اثر نہیں کرتی جسطرح بُری زمین مین مینہہ کا پانی کچھہ اثر نہین کرتا اسی واسطے وہ بہرون کی طرح قرآن کی نصیحت نہیں سنتے اور گونگونکی طرح حق بات کا اقرار زبان پر نہین لاسکتے اسواسطے ایمانداروں کو ایسے لوگونکی عادتون سے ہمیشہ بچنا چاہیئے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ۚ

اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور رسول کا جسوقت بلاوے تمکو ایک کام پر جسمین تمہاری زندگی ہے

اس آیت مین اللہ پاک نے اہل ایمان کو خطاب کرکے فرمایا کہ خدا اور اُسکے رسول کی بات مانو جب تمہین رسول ایسی بات کیواسطے بلائے جسمین تمہاری زندگی ہے تو تمہین جلنا چاہیئے اور ہر حال میں رسول کی اطاعت کرنی چاہیئے کیونکہ رسول کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے اسواسطے اللہ تعالی کی مرضی و نامرضی کی ہر ایک بات تم لوگون کو انہین رسول کے ذریعہ سے پہونچتی ہے شروع آیت مین تو اللہ تعالی نے اپنا اور اپنے رسول دونون کا نام لیکر یون فرمایا اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور رسول کا اور پھر فرمایا جسوقت بلاوے تمکو ایک کام پر رسول یہان اپنے نام کو اس لئے شریک نہین فرمایا کہ امت کو اللہ تعالی کا ہر ایک حکم رسول کی معرفت پہونچتا ہے اسواسطے اللہ کے رسول کا کسی دینی کام پر لوگونکو بلانا وہ عین اللہ کا بلانا ہے صحیح بخاری وغیرہ مین حضرت جابر کی ایک بڑی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوتے مین اللہ کے فرشتے زمین پر آئے ہین اور

پھر ان فرشتون نے اللہ کے رسول کی ہدایت کا حال سمجھا کر آخر کو یہ کہا ہی کہ اللہ کے رسول کی فرمانبرداری عین اللہ تعالی کی فرمانبرداری اور آنکی نافرمانی عین اللہ تعالی کی نافرمانی ہے یہ حدیث آیۃ کی گویا ایسی تفسیر ہے جسکو اللہ کے فرشتونکی تفسیر کہا جا سکتا ہے۔ صحیح مسلم میں ابو سعید خدری کی حدیث ہی جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی لوگونسے اللہ کے فرشتے پکار پکار کر کہینگے کہ ای جنتی لوگو اب تم ہمیشہ ایسے عیش و آرام میں رہوگے کہ دنیا کی طرح یہان جنت مین تمہین موت کی تکلیف کبھی پیش نہ آویگی آیۃ میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت کے سننے کو زندگی کا سبب جو فرمایا اسکی تفسیر اس حدیث سے اچھی طرح سمجھ مین آسکتی ہی کہ اس نصیحت کے سننے والون اور اسپر عمل کرنیوالونکو ہمیشہ کی زندگی عقبے میں ملنے والی ہی اسواسطے اس نصیحت کو زندگی کا سبب فرمایا ترمذی مین ابی بن کعب کی ایک حدیث ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز مسجد مین ابی بن کعب نماز پڑھ رہے تھے آپ نے انکو پکارا انھون نے جلدی سے نماز پوری کی اور آپکے پاس آئے آپ نے فرمایا تجھے کس چیز نے روکا تھا کہ تو نے جواب بھی نہین دیا کہا مین نماز پڑھ رہا تھا آپنے فرمایا کہ تجھے نہیں معلوم ہے کہ اللہ پاک نے فرمایا کہ خدا اور اسکے رسول کی اطاعت کرو جب وہ بلاوے اور آپنے یہ آیۃ پڑہی اسی طرح کی حدیث صحیح بخاری میں ابو سعید بن معلے سے روایت کی گئی ہی اس حدیث سے اس بات پر دلیل لی گئی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پکارنے کا جواب دنیا نماز کے اندر بھی ضرور ہی لیکن یہ بات اللہ کے رسول کے لئے خاص تھی اب کسی کے بلانے پر نماز کی نیت نہین توڑ سکتے لما یحییکم کی تفسیر مین قتادہ کا قول یہ ہے کہ اس سے مراد قرآن مجید ہی کیونکہ اس مین حیات ابدی اور نعمت سرمدی ہے اور سدی کہتے ہیں کہ اس سے مراد ایمان ہے کیونکہ اسی ایمان کی وجہ سے مومن کا دل زندہ رہتا ہے اور کافر کا دل اسی ایمان کے نہ ہونے سے مردہ۔ منزل ۲

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ

اور جان لو کہ اللہ روک لیتا ہے آدمی سے اوس کے دل کو اور یہ کہ اوسی پاس جمع ہوگے

اوپر کی آیتون میں اللہ تعالی نے اپنے اور اپنے رسول کی فرمانبرداری کی تاکید فرمائی اور فرمایا تھا کہ بعضے لوگ ایسے ہین کہ رسول کی ہدایت انکے دلپر بالکل اثر نہیں کرتی اور جانورون سے بھی بدتر ہیں کیونکہ جانورون کو اپنے نیک و بد کی تمیز اور سمجھ ہے اونکو اتنی بھی سمجھ نہیں اب اس آیۃ مین فرمایا کہ مسلمان کا دل رسول کی نصیحت سے کسی نیک بات کی طرف مائل ہوا اور اسی نصیحت سے کافرون اور منافقون کے دل کو کچھ اثر نہ ہوا اور وہ جانورونسے بدتر بنے رہیں تو اوس کا کچھ تعجب نہین کرنا چاہیئے کیونکہ جان لینا چاہیئے کہ جس اللہ نے انسان کو انسان کے دلکو پیدا کیا ہے اور اسی دل کے ارادہ پر انسان کی آنکھ ہاتھ پیر سب چلتے ہیں وہ دل کا ارادہ بھی اللہ کے ہی قبضہ قدرت میں ہی وہ جیسے انسان کی نیت دیکھتا ہی فورا اوسی طرح انسان کے دلکو پھیر دیتا ہی اسلئے نیک کام کی طرف مائل ہونا پھر اس نیک کام پر آخر عمر تک قائم رہنا اسی طرح برے کام کی طرف مائل ہونا پھر آخر عمر تک اس برے کام پر قائم رہنا سب اللہ کے ہاتھ ہے مسلم ترمذی مسند امام احمد بن حنبل مین جو روایتین ہیں انکا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے کہ اے دلون کے پھیرنے والے میرے دلکو دین پر قائم رکھ صحابہ نے عرض کیا کہ حضرت کیا آپکو دلون کے پھر جانے کا خوف ہے آپنے فرمایا کہ ہان دنیا بھر کے انسانون کے دل

بمنزلہ ایک دل کے اللہ کے ہاتھ اور اُسکی دونون انگلیون میں ہیں جب جس طرح جد ہر چاہے پھیر دیوے اور ہر انسان کا ہمیشہ تجربہ ہو کہ دل کی ایک حالت نہیں رہتی نہ اس حالت پر آدمی کا قابو باقی رہتا ہی صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی ہی کہ جو کچھ دنیا میں ہو رہا ہے وہ سب اللہ تعالی نے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر لوح محفوظ میں لکھہ لیا ہی اسی طرح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن مسعود کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہی کہ ہر شخص کے ساتھہ ایک فرشتہ اور ایک شیطان رہتا ہی فرشتہ اُس شخص کو ہمیشہ نیک کام کی رغبت دلاتا رہتا ہی اور شیطان بد کام کی - ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہی کہ جو لوگ علم الٰہی میں بد ٹھہر چکے ہیں وہ اپنے ساتھہ کے شیاطین کا کہا مانکر ہمیشہ برے کامون کی طرف اپنی دلی ارادہ کو مائل کرتے ہیں اور اللہ تعالی کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا نہین چاہتا کس لیئے کہ اس طرح کی مجبوری انتظام الٰہی کے برخلاف ہی اس لئے اللہ تعالی ایسے لوگون کے دلی ارادہ کو نہین روکتا اسی طرح جو لوگ علم الٰہی میں نیک ٹھہر چکے ہیں وہ اپنے ساتھہ کے فرشتے کا کہنا مانکر ہمیشہ نیک کامون کی طرف اپنی دلی ارادہ کو مائل کرتے ہیں اور اللہ تعالی اُنکے دل میں نیک کامون کی توفیق پیدا کر دیتا ہی اسی واسطے آخر آیۃ مین فرمایا کہ قیامت کے دن نیک و بد سب کو اللہ کے روبرو کھڑا ہونا پڑیگا تاکہ شیاطینون کے کہنا ماننے والونکو سزا دیجاوے -

وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً ۖ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ

اور بچتے رہو اوس فساد سے کہ نہ پڑیگا تم مین سے ظالمون پر چنکر اور جان لو کہ اللہ کا عذاب

منزل ۲

الْعِقَابِ ۝ وَاذْكُرُوا إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ

سخت ہے اور یاد کرو جبوقت تم تھوڑے تھے مغلوب پڑے ہوئے ملک مین ڈرتے تھے کہ اچک لین تمکو

النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

لوگ پھر اوسنے تمکو جائے دی اور زور دیا اپنی مدد سے اور روزی دی تمکو ستھری چیزون سے شاید تم حق مانوگے

یہ خاص لوگون کے بدعمل کرنے کے سبب سے عام لوگونپر بلا آجانے کا ذکر ہے جسکے خوف سے اللہ تعالی نے لوگون کو اس آیۃ مین ڈرایا ہی تفسیر اس آیۃ کی اُس حدیث مین ہی جسکو ابن ماجہ اور امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند مین چند صحابہ سے روایۃ کیا ہی حاصل اُن روایتون کا یہ ہی کہ جب کچھہ لوگ کسی بستی مین بداعمالی کرنے لگین گے اور اُس بستی کے باقی لوگ اُن بداعمال لوگونکو وعظ نصیحت سے اُس بداعمالی سے نہ روکین گے تو اس طرح کی ساری بستی پر بلا آویگی یہ حدیث سنکر لوگون نے عرض کیا کہ حضرت اُس بستی مین نیک عمل کرنے والے جو لوگ تھے اُنکے نیک عملون کا کیا نتیجہ ہوا آپ نے فرمایا مرنے کے بعد اونکے عملونکا بدلا اونکو ملے گا مگر دنیا مین تو تمام بستی پر بلا آجاویگی اس آیۃ اور حدیث سے معلوم ہوا کہ جس بستی مین خلاف شریعت کام ہوتے ہون وہان جن لوگون کو وعظ نصیحت کی طاقت ہو وہ ہرگز وعظ نصیحت سے باز نرہین کیونکہ وعظ نصیحت کے چھوڑنے سے تمام بستی پر بلا آجانے کا خوف ہی زینب بنت جحش کی اسی مضمون کی ایک حدیث مختصر طور پر صحیح بخاری و مسلم

میں بھی ہی جس سے باقی روایتون کو تقویہ ہوجاتی ہی آخر میں اللہ تعالی نے مسلمانون کو اُنکی ہجرت سے پہلے کی کمزوری کی حالت یاد دلاکر ہجرت کے بعد غیبی مدد سے اونکی حالت جو درست ہوگئی ہے اُسکی شکرگذاری کا ارشاد فرمایا ہے جس سے مطلب یہ ہی کہ اس شکرگذاری کو اللہ اور رسول کی فرمانبرداری کی جاکر دین کی باتون کی ایسی وعظ و نصیحت کے پیرایہ مین ادا کرنا چاہیئے تاکہ اُسکی شکرگذاری کے بدلہ میں غیبی مدد روز بروز بڑہی اور اسلام کی ترقی ہو اللہ سچا ہی اللہ کا کلام سچا ہی جب تک مسلمانون مین اس شکرگذاری کا عمل رہا اسلام کو روز بروز ترقی رہی جب سے یہ عمل اوٹھ گیا اسلام کی ترقی بھی اوٹھ گئی۔ صحیح بخاری و مسلم مین عمرو بن عوف انصاری کی حدیث ہی جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھکو اپنی امت کی تنگدستی کا کچھہ خوف نہین ہے مجھکو تو یہ خوف ہی کہ جب انمین حکومت دولت سب کچھہ پچھلی امتون کی طرح آجاوی اور اُسکی شکرگذاری نسے نہو سکے تو اس ناشکری کے وبال میں کہیں پہلی امتون کی طرح یہ لوگ بھی نہ پکڑے جاوین۔ آخری آیۃ کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے اور تاریخ خلفا کے دیکھنے سے اس ناشکری کا اور ناشکری کے وبال کا پورا نقشہ آنکھونکے سامنے آجاتا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ

ای ایمان والو چوری نکرو اللہ سے اور رسول سے یا چوری کرو آپس کی امانتون مین جان کر

منزل ۲

مسند سعید بن منصور تفسیر عبدالرزاق تفسیر زہری اور تفسیر کلبی میں عبداللہ بن ابی قتادہ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہی اُسکا حاصل یہ ہی کہ جب آنحضرت نے یہود بنی قریظہ کا اکیس روز تک محاصرہ کیا اور بنی قریظہ نے آنحضرت سے صلح کرنے کی درخواست کی تو آنحضرت نے صلح سے انکار کیا اور یہ فرمایا کہ تم سعد بن معاذ کو اپنا پنچ قرار دیکر اپنی گڑہی سے نیچے اوترآؤ بعد گڑہی کے نیچے اوترآنے کے سعد بن معاذ جو مشورہ اور رائے تمہارے باب میں دینگے اُسکے موافق فیصلہ کیا جاویگا بنی قریظہ نے کہا پہلے ابولبابہ بن عبدالمنذر کو ہمارے پاس مشورہ کے لئے بھیجدیا جاوے آنحضرت نے ابولبابہ کو بھیجدیا ابولبابہ نے اپنی گردن پر اپنا ہاتھہ پھیرکر اشارہ سے بنی قریظہ کو یہ سمجھا دیا کہ گڑہی سے اوتروگے تو قتل کردئے جاؤگے پھر ابولبابہ کو اُسی وقت خیال آیا کہ مین نے رسول کی امانت میں خیانت کی کیونکہ لشکر اسلام کا بھید مین نے اُنپر اشارہ سے ظاہر کردیا اس قصور مین اپنے آپکو ابولبابہ نے مسجد نبوی کے ستون سے باندھ دیا اور عہد کیا کہ جب تک اللہ تعالی اُن کی توبہ قبول نفرماویگا وہ ستون سے بندہے رہیں گے آخر نو دن تک بے آب و دانہ ستون سے بندہے رہے نوین روز غش کھاکر گرپڑے اوپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور اونکی توبہ قبول ہوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھہ سے اُنکی بندش کھولی سوا اسکے اور شان نزول جو اس آیۃ کے مفسرین نے بیان کی ہی اُسکے یہ معنے ہین کہ اُوپر بھی آیۃ کا مطلب صادق آتا ہی کیونکہ ابولبابہ کے قصہ کی شان نزول جو اوپر بیان کی گئی اُسکی روایۃ تفسیر عبدالرزاق مین ہے یہہ عبدالرزاق قدیم مفسرین میں ہین اور اُنکی یہ تفسیر اونکے نابینا ہونے سے پہلے کی ہی اور اونکے نابینا ہونے سے پہلے اُنکی روایتیں علما کے نزدیک مقبول ہین ہی واسطے حافظ ابن کثیر نے اُنکی یہ روایتیں اپنی تفسیر مین نقل کین اور اُوپر

کچھ اعتراض نہیں کیا - اگرچہ آیۃ کی شان نزول میں ایک خاص خیانت کا ذکر ہے لیکن سورہ نسا میں حضرت عبداللہ بن
بن عباس کی صحیح روایۃ گذر چکی ہے کہ لفظ امانت سے وہ باتین مقصود ہیں جو اللہ تعالی نے انسان پر فرض کی ہیں مثلاً نماز
روزہ حج زکوۃ انکو پورے طور پر ادا کرنا پوری امانت کی ادائی ہے ورنہ خیانت ہی - صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہ سے روایۃ
ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امانت میں خیانت کرنا منافق آدمی کی عادتون میں سے ایک عادت ہی آیۃ حدیث
اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول کو ملاکر یہ مطلب قرار پایا کہ عبادت الٰہی میں کس طرح کا خلل ڈالنا یا کوئی شخص کوئی چیز
امانت رکھوادے تو اُس میں خیانت کا کرنا یہ سب منافق لوگون کی نشانی ہی -

وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ ع ۳ ۹ ۱۷

اور جان لو کہ تمہارے مال اور اولاد جو ہین خراب کرنے والے ہیں اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے

اللہ پاک نے اوپر کی آیۃ میں یہ فرمایا تھا کہ خدا اور خدا کے رسول کی خیانت نکرو جو بھید کی باتین ظاہر کرنے کے لائق نہیں ہیں اونکو
دشمنون پر ظاہر نکرو عبادت مین کسی قسم کا خلل نہ ڈالو اور لوگونکی امانت مین بھی خیانت نکرو کوئی امانت رکھنے کو دے تو اسے
ہضم نہ کرلو اسکے بعد یہ بیان فرمایا کہ دنیا کے مال اور اولاد اگرچہ دنیاوی زندگی میں تمہارے لئے زینت ہیں مگر ساتھ ہی اسکے
اکثر یہی مال و اولاد فتنہ مین ڈالنے والے ہیں اکثر یہی مال و اولاد گناہ کے سبب بن جاتے ہین اور آخرت کے کامون سے روک
دیتے ہیں اسلئے ان مین مشغول ہوکر خدا کی اطاعت سے باز نہ رہو مال و اولاد اسلئے تمہین دئے گئے ہیں کہ تم انکا شکر بجالاؤ منزل ۲
پھر فرمایا کہ وہ اللہ ہی ہی جسکی عبادت اور فرمانبرداری میں مشغول رہنے سے ہمیشہ بہبودی کی صورت نظر آتی ہی کیونکہ
اللہ ہی کی ذات وہ ہی جو دنیا و آخرت کا مالک ہی اور اسکے اختیار میں طرح طرح کے اجر عظیم ہیں علاوہ اسکے سعادت اخروی
تمام دنیا سے بہتر ہے کیونکہ اُسکو ہمیشہ کے لئے بقا ہی اور دنیا کے پیچھے فنا لگی ہوئی ہے صحیحین مین حضرت انسؓ سے روایۃ
ہی کہ یہ تین چیزین جسمین ہونگی اُسنے ایمان کی لذت پائی جسکے دل مین خدا اور اُسکے رسول کی محبت غیر سے زیادہ ہو جو شخص کسی کو
محض خدا کے واسطے دوست رکھتا ہو جو شخص ایمان لاکر پھر کفر کی طرف پھر جانا ایسا برا سمجھتا ہو جیسے آگ مین ڈالے جانے
کو برا سمجھتا ہی دوسری حدیث انس رضؓ کی صحیحین مین یون ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا شخص ہرگز مومن
نہیں ہے جو مجکو اپنے ماں باپ بال بچون اور کل لوگون سے زیادہ محبوب نہ رکھے ان حدیثونکو آیۃ کی تفسیر میں بڑا دخل ہی
کیونکہ آیۃ اور حدیثونکو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہی کہ ہر شخص پکے ایماندار کو دین کی باتون پر ایسا مضبوط رہنا چاہیے کہ مال
و اولاد دنیوی کے سبب سے اُسکی عقبی کی مضبوطی میں کچھ فرق نہ آوے یہی مضبوطی پوری ایماندار اور اللہ و رسول کی محبت
کی نشانی ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے مستورد کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقبے کے
مقابلہ میں دنیا ایسی ہی جیسے دریا کے مقابلہ مین ایک قطرہ - آیۃ میں آخرت کے ثواب کو بڑا جو فرمایا یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ

اے ایمان والو اگر ڈرتے رہوگے اللہ سے تو کریگا تم مین فیصلہ اور اوتاریگا تم سے تمہارے گناہ اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

تمکو بخشے گا اور اللہ کا فضل بڑا ہے

اس سے پہلے اللہ پاک نے مومنون کو مال اور اولاد مین مشغول ہوکر فتنہ مین پڑجانے سے منع فرماکر اس آیۃ مین تقوے کا حکم دیا تقوی کے معنے مفسرین نے یہ بیان کئے ہین کہ جو حکم خدا اور اسکے رسول کا پہونچگیا ہے اوسکو بسر وچشم مان کر اس کے مطابق عمل کرنا اور جن باتون سے منع کیا گیا ہے ان سے بچنا اس لئے فرمایا کہ اگر تم تقوی اختیار کروگے تو تمہارے دلون مین ہدایت ڈالدیجائے گی جس سے تم حق و ناحق مین تمیز کرلوگے اور تمہارے چھوٹے گناہ مٹادئے جائین گے اور بہر بڑے گناہ تمہارے بخشدئے جائین گے اور بعض مفسرین نے یہ بیان کیا ہے یکفر عنکم سیاتکم سے وہ گناہ مراد ہین جو کئی جاچکے ہین انکو مٹادینگے اور یغفرلکم کا یہ مطلب ہے کہ آگے کو جو گناہ تم سے سرزد ہونگے وہ بخشدئے جاوین گے غرض اگلے اور پچھلے گناہ بخشدئے ہین پھر فرمایا کہ گناہون کے بخشنے کا جو وعدہ تم سے ہوا ہے یہ محض خدا کا فضل ہے اور اوسکا فضل بہت بڑا ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی ایک بہت بڑی شفاعت کی حدیث کا ذکر ایک جگہ گذر چکا ہے کہ جب قیامت کے دن سب شفاعتین ختم ہوچکین گی تو اللہ تعالی اپنے فضل سے ایسے لوگون کو دوزخ سے نکال کر جنت مین داخل کردے گا جن کے دل مین کسی قدر توحید تو ہوگی لیکن عمر بھر اونھون نے کوئی نیک عمل نہ کیا ہوگا آیۃ مین اللہ کے فضل کا جو ذکر ہے یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے۔

منزل ۲

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ

اور جب فریب بنانے لگے کافر کہ تمکو بٹھادین یا مار ڈالین یا نکال دین اور وہ بھی فریب کرتے تھے

وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝

اور اللہ بھی فریب کرتا تھا اور اللہ کا فریب سب سے بہتر

مسند امام احمد بن حنبل تفسیر کلبی مغازی محمد بن اسحاق اور تفسیر ابن ابی حاتم مین جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اوس کا حاصل یہ ہے کہ مکہ مین دارالندوہ ایک مشورہ کی جگہ قریش نے قرار دے رکھی تھی وہان ایک جماعت قریش کی آنحضرت کی بابت مشورہ کرنے کی غرض سے جمع ہوئے دارالندوہ کے راستہ مین ایک بڈھا اس جماعت کے لوگون کو ملا انھون نے اس بڈھے سے پوچھا تو کون شخص ہے بڈھے نے کہا نجد کی طرف کا رہنے والا مین ایک شخص ہون مین نے سنا تھا کہ تم لوگ ایک مشورہ کی غرض سے آج جمع ہوئے ہو اس لئے مین نے چاہا کہ مین بھی اس مشورہ مین شریک ہوکر تمہارا مشورہ سنون اور جو کچھ میری رائے ہو وہ مین بھی تمہارے سامنے ظاہر کردون اس جماعت کے لوگون نے کہا کہ اچھا کیا مضائقہ ہے

آؤ تم بھی مشورہ مین شریک ہوجاؤ حقیقت میں وہ شیطان تھا جو نجد کے ایک بوڑھے کی صورت مین آیا تھا غرض مشورہ شروع ہوا
اور ایک شخص نے کہا کہ اس شخص کو قید مین رکھنا چاہیئے بڈھے نے اس رائے کو ناپسند کیا اور کہا کہ اس شخص کے ساتھی قید میں سے
ضرور چھوڑا لیجاوینگے ایک شخص نے کہا اپنی بستی سے اس شخص کو نکال دینا چاہیئے بڈھے نے اسکو بھی ناپسند کیا اور کہا کہ وہ
شخص بڑا فصیح ہے باہر کے لوگونکو اپنا حامی بنالیویگا اور وہ لوگ تمہاری بستی پر چڑھائی کرکے تمہاری بستی کو چھین لیوینگے
اخر ابوجہل نے یہ رائے ظاہر کی کہ چند جوانون کو ننگی تلوارین دیکر یہ کہا جاوے کہ اس شخص پر ایک دم حملہ کرین اس رائے کو
بڈھے ملعون نے بھی پسند کیا اور مشورہ کی مجلس برخاست ہوئی اتنے مین حضرت جبرئیل علیہ السلام اللہ تعالی کی طرف سے
تشریف لائے اور جس جگہ ہمیشہ آپ سویا کرتے تھے وہان کے سونے سے آپکو منع کیا اور اس سارے مشورہ کی خبر دی
اور ہجرت کا حکم بھی سنایا آپکے پاس لوگون کی امانتین بہت تھین اسلئے حضرت علی کو اپنی امانتونکی ادائی کے لئے مکہ مین رہنے کا
حکم دیا اور حضرت علی آنحضرت کی چادر اوڑھ کر آنحضرت کی جگہ سوئے اور آنحضرت ثور پہاڑ کے غار میں چلے گئے اور کفار لوگ
حضرت علی کو آنحضرت کی جگہ سوتا دیکھکر یہی خیال کرتے رہے کہ یہ آنحضرت سوتے ہین صبح کو جب کفار نے حملہ کرنا چاہا اور
حضرت علی بھی سوتے سے اوٹھے اور کفار نے بجائے آنحضرت کے حضرت علی کو دیکھا تو حضرت علی سے آنحضرت کو پوچھا حضرت
علی نے کہا مجھکو معلوم نہین کفار آنحضرت کی تلاش مین نکلے اور ثور پہاڑ پر چڑھے وہان غار کو دیکھا تو اسپر اللہ کے حکم سے مکڑی
نے جالا پورا دیا تھا اسواسطے کفار نے سوچا کہ اگر اس غار مین جاتے تو مکڑی کا جالا کیونکر قائم رہتا غرض کفار ڈھونڈھانڈکر منازل ۲
خالی واپس آئے اور آپ تین راتین اسی غار مین رہے اور پھر مدینہ کو تشریف لے گئے غار میں رہنے کا اور مدینہ کے سفر کا ذکر
آگے آویگا یہان اسی قدر ذکر ہے کہ کفار نے مشورہ کرکے آنحضرت کے ساتھ مکر و فریب جو کرنا چاہا تھا اسکے تذکرہ میں اللہ تعالی
نے یہ آیۃ نازل فرمائی ہے اس قصہ میں ابو طالب کا ذکر بعض مفسرین نے جو کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے کیواسطے کہ یہ قصہ ہجرت
کی رات کا ہے اور ابو طالب کا انتقال اس سے تین برس پہلے ہو چکا ہے - اس شان نزول کی روایۃ کی سند مین ایک راوی
عثمان بن عمر وجزری ہے جسکو بعضے علما نے ضعیف ٹھرایا ہے لیکن ابن حبان نے اسکو ثقہ راویون میں شمار کیا ہے - یہ ابن
حبان نسائی کے شاگرد اور حاکم کے اوستاد ہیں اور اونکی تصنیفات معتبر ہیں حاکم کہا کرتے تھے کہ یہ ابن حبان علم کا گویا ایک
خزانہ تھے - اللہ تعالی نے اوپر اپنے فضل کا ذکر فرماکر اس آیۃ مین یہ جتلایا ہے کہ اللہ تعالی اپنے فضل سے بدر کی لڑائی میں
جو اپنے رسول کی مدد کی ہے وہ مدد کچھ اسی لڑائی پر منحصر نہیں ہے کیونکہ اس لڑائی میں تو کچھ اوپر تین سو آدمی بھی اللہ کے رسول
کے ساتھ تھے ہجرت سے پہلے ان مشرکین مکہ نے اللہ کے رسول کو اکیلا سوتا ہوا پاکر اللہ کے رسول پر حملہ کرنا چاہا تھا اللہ
تعالی نے جب بھی اپنے رسول کی ایسی ہی مدد کی تھی کہ اللہ کی مدد اور حکمت کے آگے مشرکین مکہ اور سب مشرکون کے سردار
ابلیس علیہ اللعنۃ کا سارا مشورہ بیکار ہوگیا ابو سعید خدری کی جس شفاعت کی حدیث کا ذکر صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے
اوپر گذرا اس آیۃ کی تفسیر مین اوسکو بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کے ملانے سے اللہ کے فضل کا حال معلوم ہوتا ہے -

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ

اور جب کوئی پڑھے اپر ہماری آیتین کہین ہم سن چکے ہین ہم چاہین تو کہہ لین ایسا یہ کچھ نہین مگر

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ

اگلون کے اور جب کہنے لگے کہ یا اللہ اگر یہ دین حق ہے تیرے

فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

پاس سے تو ہمپر برسا پتھر آسمان سے یا لا ہمپر دکھہ کی مار

ایک شخص مشرکین مکہ مین نضر بن حارث تھا جسکو بدر کی لڑائی مین مقداد صحابی نے پکڑا تھا اور باوجود اسکے کہ بدر کے اور قیدی فدیہ لیکر چھوڑ دیئے گئے مگر نضر بن حارث کو اسی وجہ سے آنحضرت نے قتل کیا کہ وہ قرآن شریف کی شان میں ناشایستہ اور سخت الفاظ کہا کرتا تھا مجوس کے ملک کا سفر اس نضر بن حارث نے اکثر کیا تھا اور رستم و اسفندیار وغیرہ کی داستانین اسکو خوب یاد تھین قرآن کے مقابلہ میں مشرکین کو وہ داستانین سنایا کرتا تھا اور کہا کرتا تھا کہ کہو میرے قصے اچھے ہین یا محمد کے اور کہتا تھا چاہو تو میں ایسا قرآن بنا سکتا ہون اسکی شان میں اللہ تعالی نے یہ آیتہ نازل فرمائی آگے کی آیتہ مین پتھر برسنے اور عذاب کے آنے کی خواہش کا جو ذکر ہے صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک سے روایتہ ہے کہ یہ خواہش ابو جہل نے کی تھی اور تفسیر ابن ابی حاتم مین سعید بن جبیر کی روایتہ ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خواہش بھی نضر بن حارث ہی نے کی تھی اس تفسیر کے مقدمہ میں یہ گذر چکا ہے کہ ابن ابی حاتم نے صحت روایتہ کا زیادہ خیال رکھا ہے اسواسطے یہی قول صحیح معلوم ہوتا ہے کہ یہ خواہش ابو جہل اور نضر بن حارث دونون شخصون نے کی تھی ان آیتون مین اللہ تعالی نے مشرکین مکہ کی کم عقلی جتلائی ہے کہ وہ قرآن جسمین کی ایک آیتہ بھی بنا کر یہ لوگ نہین پیش کر سکے پھر باوجود اسکے قرآن کی شان مین ایسی کم عقلی کی باتین ان مین کے بعضے لوگ مونہہ سے نکالتے تھے اور قوم کے باقی لوگ اون کی ہان مین ہان ملاتے تھے یہ ان لوگونکی بڑی بے عقلی ہے صحیح مسلم ابو داؤد وغیرہ مین جابر بن عبد اللہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر شخص کو اس طرح کی بد دعا سے منع فرمایا ہے اس حدیث کو آخری آیتہ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیت اور حدیث کے ملانے سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ جسطرح پر ابو جہل اور نضر بن حارث نے کی تھی اس طرح کی بد دعا مسلمان شخص کو کسی حال میں جایز نہیں ہے۔

منزل ۲

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

اور اللہ ہرگز نہ عذاب کرتا انکو جب تک تو تھا انمین اور اللہ نہ عذاب کریگا انکو جب تک بخشواتے رہین

ابو جہل اور نضر بن حارث نے جب یہ دعا مانگی کہ یا اللہ یہ دین جسکی طرف محمد ہمکو مائل کرنا چاہتے ہیں اگر حق ہے تو ہمپر آسمان سے پتھر برسا اسکا جواب اللہ تعالی نے یہ فرمایا کہ ابتک تو تم لوگونپر کب کا عذاب نازل ہو چکا ہوتا لیکن دو سبب سے تم پر عذاب نہین آیا ہجرت سے پہلے تو نبی وقت تم میں تھے اور انکے سبب سے ایک دو مسلمان ہوتے رہتے تھے نبی کی ہجرت کے بعد

ضعیف لوگ جو ہجرت نہین کرسکے وہ مکہ مین تھے جو ہمیشہ اللہ سے مغفرت کی دعا کرتے رہتے تھے صلح حدیبیہ کے بعد رفتہ رفتہ وہ لوگ بھی مکہ سے نکل آئے اب تمپر عذاب آیا بدر مین ستر بڑے بڑے سردار مارے گئے آخر خود مکہ فتح ہوگیا بعضے مفسرون نے کہا ہی کہ خود مشرکین مکہ طواف کے وقت غفرانک کہکر مغفرت چاہا کرتے تھے اور اسی سبب سے ان مفسرون نے تھوڑے دن عذاب کے روکنے کا حکم اس آیتہ سے ٹھہراکر پہر آیندہ کی آیتہ سے اس آیتہ کو منسوخ کہا ہی لیکن یہ قول صحیح نہیں ہی کیونکہ قرآن کی تفسیر خود قرآن سے بڑھکر نہیں ہوسکتی سورہ انا فتحنا کی آیتہ ولولا رجال مؤمنون ونسار مومنات مین صراحت سے اللہ تعالی نے فرمادیا ہی کہ ہجرت کے بعد عذاب کے روکنے کا سبب ضعیف مسلمان تھے ترمذی مین حضرت ابو موسے سے روایتہ ہی جسمین آنحضرت نے فرمایا ہی کہ نبی کے ہونے تک نبی کا موجود ہونا اور نبی کے بعد لوگونکا استغفار کرنا عذاب الہی سے بچنے کے یہ دو سبب ہین اس حدیث سے بھی اسی تفسیر کی تائید ہوتی ہے جسکو اوپر قول صحیح قرار دیا گیا ہے کس لئے کہ اس حدیث مین خاص مسلمانون سے آپ نے خطاب فرمایا ہے اور مسلمانونکی ہی استغفار کو عذاب الہی کے روکنے کا سبب قرار دیا ہے ترمذی کی سند مین اگرچہ ایک راوی اسمعیل بن ابراہیم بن مہاجر ضعیف ہے لیکن صحیح بخاری و مسلم مین عبداللہ رض بن مسعود کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کو اپنے ایماندار بندہ کی توبہ و استغفار سے بڑی خوشی ہوتی ہے اس صحیح حدیث سے ابو موسے اشعری کی روایتہ کو تقویتہ ہوجاتی ہے اور صحیح تفسیر یہی قرار پاتی ہے کہ آیتہ مین ضعیف مسلمانون کی توبہ استغفار کا ذکر ہے کیونکہ مشرک شخص جب تک شرک سے توبہ نکرے اسکی استغفار سے نہ اللہ تعالی کو خوشی ہوتی ہی نہ ایسی استغفار سے عذاب الہی ٹل سکتا ہے

منزل ۲

وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللَّهُ وَهُمْ يَصُدُّونَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوا

اور اون مین کیا ہے یہ کہ عذاب نہ کرے انکو اللہ وہ روکتے ہین مسجد حرام سے اور اسکے اختیار والے

أَوْلِيَاءَهُ إِنْ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُونَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

نہین اسکے اختیار والے وہی ہین جو پرہیزگار ہین لیکن وہ اکثر خبر نہین رکھتے

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مین تشریف رکھتے تھے تو یہ آیتہ اوتری تھی وما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم جسمین فرمایا تھا کہ جب تک اللہ کے رسول ان لوگون مین ہین اللہ پاک انپر عذاب نہین کریگا پہر جب آپ مکہ سے مدینہ ہجرت کرکے چلے گئے تو یہ آیتہ اوتری وما کان اللہ لیعذبہم وہم یستغفرون جسکا مطلب ہی کہ اللہ پاک ان کفار مکہ پر عذاب نہین کریگا کیونکہ کچھ لوگ ابھی ایسے باقی ہین جو استغفار کرتے ہین یہ بقیہ مسلمان تھے جو مکہ مین رہ گئے تھے پہر یہ لوگ وہان سے جب نکل گئے تو یہ آیتہ اوتری جسمین فرمایا کہ اب کیا وجہ ہے جو اللہ انپر عذاب نکرے کیونکہ وہ دونون سبب جنکی وجہ سے انپر عذاب نہین آتا تھا اب باقی نہین ہے نہ اللہ کے رسول وہان رہے اور نہ وہ لوگ رہے جو استغفار کیا کرتے تھے مفسرون نے اس عذاب کے متعلق اختلاف کیا ہے بعضے کہتے ہین کہ یہ عذاب وہ ہے جو بدر کی لڑائی مین ان مشرکون کو نصیب ہوا بہت سے اون مین کے قتل ہوئے بہتیرے گرفتار ہوئے اُنکے مال اسباب لوٹے گئے اور بعضون کا قول ہے کہ عذاب وہ ہے جو

فتح مکہ کے روز اپر ہوا حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں مراد اس سے آخرت کا عذاب ہے اور اس سے اوپر کی آیۃ میں جس عذاب کی بابت روکے جانے کا ذکر ہے وہ عذاب دنیا ہے پھر اللہ پاک نے سبب عذاب کرنے کا بیان فرمایا کہ یہ لوگ اپنے گمان میں یہ سمجھتے ہیں کہ ہم لوگ کعبہ کے متولی اور مالک ہیں اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو اسکے طواف کرنے سے روکتے ہیں اُس میں نماز نہیں پڑھنے دیتے ہیں پھر اونکے اس دعوے کو یوں جھوٹا کیا کہ یہ لوگ کیونکر خانہ کعبہ کے متولی ہوسکتے ہیں اُسکے متولی تو متقی ہیں جو غیر اللہ کی عبادت نہیں کرتے ہیں معتبر سند سے تفسیر ابن مردویہ میں حضرت انسؓ کی روایۃ ہے اُسمیں انسؓ بن مالک کہتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا اولیا آپکے کون ہیں آپ نے فرمایا ہر متقی اور یہ آیۃ پڑھی ان اولیاءہ الا المتقون ولکن اکثرہم لا یعلمون اسکا یہ مطلب ہے کہ یہ لوگ اپنے آپ کو اسلئے کعبہ کا حقدار خیال کرتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں ہیں مگر انمیں کے اکثر لوگوں کو یہ خبر نہیں کہ جس طریقہ پر یہ لوگ ہیں وہ ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ نہیں ہے اسواسطے جو لوگ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد بھی ہیں اور انکے طریقہ پر بھی ہیں کعبہ کے متولی ہونے کی وہی زیادہ حقدار ہیں مستدرک حاکم اور بیہقی میں ابوہریرہ رضؓ کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن عالی خاندانی کچھ کام نہ آویگی بلکہ اوس دن ہر شخص کی پرہیزگاری کام آویگی حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے صحیح بخاری و مسلم میں ابوہریرہؓ کی دوسری حدیث ہے جسمیں یہ ہے کہ فتح مکہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک مشرک شخص کو کعبہ کے طواف سے منع فرمایا تھا آیۃ میں پرہیزگار لوگوں کی فضیلت کا اور مشرکوں کے کعبہ کے متولی ٹھہرنے کے لائق نہ ہونے کا جو ذکر ہے یہ حدیثیں گویا اسکی تفسیر ہیں ۔ منزا ۲

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً ۚ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ۝

اور اونکی نماز کچھ نہ تھی کعبے کے پاس مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں سو چکھو عذاب بدلہ اپنے کفر کا

تفسیر ابن جریر تفسیر سدی اور تفسیر واحدی میں حضرت ابن عمر اور عکرمہ وغیرہ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ مسلمانوں اور آنحضرت کو نماز پڑھتا ہوا دیکھکر نمازیں خیال بٹانے کی غرض سے ٹھٹھے کے طور پر مشرکین سیٹیاں اور تالیاں بجاتے تھے اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی اس سے معلوم ہوا کہ ٹھٹھے کے طور پر نیک کام میں ہرج ڈالنا چھوٹی بات نہیں بڑا سخت گناہ ہے حاصل مطلب یہ ہے کہ مشرکین مکہ اپنے آپکو کعبہ کا متولی جو ٹھہراتے تھے اللہ تعالی نے اُسکا یہ جواب دیا ہے کہ کعبہ نماز اور طواف کے لئے ہے طواف میں تو یہ لوگ اللہ کے نام کے ساتھ بتوں کا نام لیتے ہیں اور خود تو نماز کے قائل نہیں اللہ کے رسول اور اونکے ساتھی اللہ کے گھر میں اللہ کی عبادت کرتے ہیں تو اونکا خیال بٹانے کے لئے سیٹیاں اور تالیاں بجاتے ہیں پھر بھلا ایسے لوگ کیونکر کعبہ کے متولی ٹھہر سکتے ہیں غرض مشرکین مکہ کے کفر اور اونکی شرارتوں کے ذکر کے بعد آیۃ کے آخری ٹکڑے میں اونکی سزا کا ذکر فرمایا کہ اون لوگوں نے اپنے کفر اور اپنی سرکشی کے سبب سے کسی کا کچھ نہیں بگاڑا بلکہ اُس کفر اور سرکشی کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُسکی سزا میں انہی لوگوں کو دنیا اور عقبے کا عذاب بھگتنا

پڑا دنیا کا عذاب تو یہ ہوا کہ بدر کی لڑائی میں یہ شریر لوگ بڑی ذلت سے مارے گئے پھر اون کی لاشین بے گور و کفن پڑی رہیں عقبی کے عذاب کا یہ حال ہے کہ مرتے ہی عقبی کے عذاب میں گرفتار ہوگئے اسواسطے اونکی لاشون پر کھڑے ہوکر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب تو تم لوگون نے اپنے کفر اور شرارتون کی سزا آنکھو نسے دیکھہ لی اور عذاب الٰہی کے وعدہ کو سچا پالیا صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک کی جو روایتین ہیں انمین ان لوگونکی لاشون کے پڑے رہنے کی اور اللہ کے رسول کا ان لاشون پر کھڑے ہوکر عذاب الٰہی کے یاد دلانے کی پوری تفصیل ہے اور وہی روایتین آیۃ کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ فَسَيُنفِقُونَهَا

جو لوگ کافر ہین خرچ کرتے ہین اپنے مال کہ روکین اللہ کی راہ سے سو بھی اور خرچ کرینگے

ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ

پھر آخر ہوگا اونپر پچھتاؤ پھر آخر مغلوب ہونگے

تفسیر ابن جریر اور مغازی محمد بن اسحاق وغیرہ مین جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ مشرکین چندہ کرکے اور اپنے طور پر ایسے کامون مین اپنا روپیہ خرچ کرتے تھے جن کا مونسے اونہین مسلمانون کو ہرج پہونچانا اور انکا زور گھٹانا منظور ہوتا تھا مثلاً جب بدر کی لڑائی میں ابوجہل مارا گیا تو عکرمہ ابوجہل کے بیٹے نے شام کی تجارت کا اپنے حصہ کا روپیہ ابوسفیان کے حوالہ کیا تھا کہ مسلمانون سے اسکے باپ کے قتل کا بدلا لیا جاوے اور ابوسفیان نے اپنا روپیہ خرچ کرکے احد کی لڑائی میں حبشی لوگ مسلمانون سے لڑنے کے لئے نوکر رکھے اوسپر اللہ تعالیٰ نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور فرمادیا کہ اس روپیہ کے خرچ کرنے کا نتیجہ دین و دنیا مین یہ ندامت ہے کہ باوجود روپے خرچ کرنے کے انکا مقصد حاصل نہ ہوگا اور آخر مکر مقہور ہوکر مسلمانون کے قبضے میں آجاوینگا اور دین مین اسکا یہ لوگ مواخذہ بھگتینگے اس سے معلوم ہوا کہ کسی ایسے کام میں روپیہ خرچ کرنا جس سے لوگ نیک کام سے باز رہیں بڑے مواخذہ کی بات ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس بن مالک کی جن روایتون کا ذکر اوپر گذرا وہی روایتین اس آیۃ کی بھی گویا تفسیر ہین کیونکہ اون روایتون سے ان مشرکون مین کے بڑے بڑے سرکشونکی دنیا اور عقبے کی حسرت اور ندامت کا حال اچھی طرح معلوم ہوسکتا ہے۔

منزل ۲

وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ۗ لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ

اور جو کافر ہین دوزخ کو ہانکے جاوینگے تاجدا کرے اللہ ناپاک کو پاک سے اور رکھے ناپاک کو ایک پر

بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

ایک پھر اوسکو ڈھیر کرے سارا پھر ڈالے اوسکو دوزخ مین وہی لوگ ہین نقصان پانے والے

ع ۹ ۱۸

مشرکین مکہ نے جنگ بدر و جنگ احد وغیرہ میں جو مال و متاع خرچ کیا تھا اُس سے اُنکو فائدہ نہوا اللہ پاک نے مسلمانون کو غالب رکھا اور کفار کو حسرت پر حسرت ہوئی اور مغلوب ہوتے گئے بعضے قتل ہوئے بعضے قید ہوگئے کچھ بچے کچھے بھاگ نکلے

اور بعضے ایمان بھی لائے غرض اللہ پاک نے اس آیۃ میں اونہیں کفار کا حال بیان کیا کہ یہ لوگ باوجود اسکے کہ شکست پر شکست کھاتے گئے پھر بھی اپنے کفر پر جمے رہے دنیا مین جو کچھ اونکے مال کا اور جان کا نقصان ہوا وہ تو ہوا مگر آخرت مین بھی انکے واسطے نقصان ہی ہی یہ سب کے سب دوزخ کو بانکے جاوین گے اور پاک کا جدا کرنا ناپاک سے یہ ہے کہ فتح مکہ تک اُن مین کے جو لوگ شرک کی ناپاکی کو ساتھ لیکر دنیا سے اُٹھ گئے وہ دوزخی ہوئے اور جو دائرہ اسلام مین داخل ہوئے وہ پچھلی سب ناپاکیون سے پاک ہوگئے سدی کہتے ہیں کہ یہ تمیز آخرت میں ہوگی اس طور پر کہ مومن جنت میں داخل کئے جائین گے اور کافر و مشرک جہنم میں ہون گے یا اسوقت ہوگی جب اللہ پاک ہر ایک گروہ اور ہر فرقہ اور ہر امت کو علیحدہ علیحدہ کھڑا کرکے ہر ایک کا حساب وکتاب لیگا پھر فرمایا کہ جو مال ان کفار نے اللہ کے رسول کی عداوت میں خرچ کیا ہی اوس مال خبیث کو اوس پاک مال سے جسکو مومنین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کے لئے صرف کیا ہے جدا کرکے انکو جہنم میں ڈالا جاویگا پھر فرمایا کہ یہ کفار نہایت ہی خسارہ میں رہے ان کا مال کا بھی نقصان ہوا اور جانکا بھی نقصان ہوا انس رض بن مالک کی جن روایتون کا ذکر اوپر گذرا وہی روایتین ان مخالف لوگون کے دنیا و دین کے نقصان کی گویا تفسیر ہیں۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ

تو کہدے کافرون کو اگر باز آوین تو معاف ہو اونکو جو ہوچکا اور اگر پھر وہی کرینگے تو پڑ چکی ہے راہ

الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ منزل ۲

اگلون کی اور لڑتے رہو اونسے جب تک نہ رہے فساد اور ہوجائے حکم سب اللہ کا پھر اگر وہ باز آوین

اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

تو اللہ اُنکے کام دیکھتا ہی اور اگر وہ نہ مانین تو جان لو کہ اللہ ہے حمایتی تمہارا کیا خوب حمایتی ہے اور کیا خوب مدد گار

ان آیتون مین اللہ تعالی نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم فرمایا کہ ابوسفیان وغیرہ کفار سے یہ بات کہدو کہ اگر تم لوگ کفر سے اور ارادہ قتل مومنین سے باز رہکر دائرہ اسلام مین آجاؤ گے تو تمہارے جتنے گناہ ہین وہ سب بخشدئے جائینگے مسند امام احمد اور مسلم مین عمرو بن عاص کی ایک حدیث ہے جسمین عمرو بن عاص کہتے ہیں کہ جب خدا نے میرے دل مین اسلام کا ارادہ ڈالا تو مین حضرت کے پاس حاضر ہوا اور آپ سے بیعت کرنے کو ہاتھ بڑھایا جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ بڑھایا تو مین نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا آپ نے فرمایا یہ کیا بات ہی مین نے کہا کہ ایک شرط ہی آپنے اُس شرط کا حال دریافت فرمایا تو مین نے کہا کہ پہلے آپ میرے لئے استغفار کرین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کیا تو نہیں جانتا ہی کہ اسلام اُن گناہونکو مٹا دیتا ہے جو اسلام سے پہلے ہوچکے ہون اور ہجرت اور حج کو بھی فرمایا کہ یہ بھی پچھلے گناہونکو مٹانے والے ہیں غرضکہ آیۃ اور اس حدیث دونون سے یہ بات ثابت ہوتی ہی کہ اسلام ماقبل کے گناہون کو بالکل نیست و نابود کردیتا ہی اس لئے یہ حدیث آیۃ کے ٹکڑے یغفر لہم ما قد سلف کی گویا تفسیر ہے پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ ان لوگونسے یہ بھی کہدو کہ اگر تم لوگ اپنی اُسی کفر

ونفاق پر جمے رہوگے اور اللہ کے رسول کی مخالفت کئے جاؤگے تو یاد رکھو کہ اللہ تعالی کے کارخانہ قدرت میں قاعدہ یون ہی جاری رہا ہی
کہ وہ اپنے انبیا اور مومنین کی مدد کرتا ہی اور کفار کو ہلاک کر دیتا ہی مطلب یہ ہی کہ اگر یہ بدر کی لڑائی میں کے بچے ہوئے مشرک لوگ اپنے شرک کیا
سے باز نہ آئے تو وہی انجام انکا ہوگا جو انکے ساتھیون کا ہوا بدر کی لڑائی کا انجام انس بن مالک کی صحیح بخاری و مسلم کی روایتون کے
حوالہ سے اوپر گذر چکا ہی پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ آپ اور مومنین ان کفار سے جنگ کرین یہانتک کہ شرک باقی نہ رہے فتنہ
کی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس نے شرک کی فرمائی ہی اور بعضے سلف نے یہ کہا ہی کہ فتنہ باقی نہ رہیگا مطلب یہ ہے کہ مسلمانون
کو کفار فتنہ مین ڈالتے تھے جو مسلمان ہوتا تھا اوس سے برائی سے پیش آتے اور ابتدا ابتدا میں طرح طرح کی تکلیف پہونچایا کرتے تھے
پھر فرمایا کہ خالص خدا کا دین ہوجائے ویکون الدین کلہ اللہ کی یہی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمائی ہے صحیحین میں ابوموسے
اشعری کی حدیث ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابانے پوچھا کوئی شخص اپنی شجاعت ظاہر کرنے کو لڑتا ہی اور کوئی مال
غنیمت کے خیال سے اور کوئی اپنی شہرت حاصل کرنیکی غرض سے لڑتا ہے تو انمین کون فی سبیل اللہ مقاتلہ کرتا ہے آپنے جوابدیا
کہ جو شخص محض اسواسطے لڑتا ہی کہ اللہ کی توحید کا رواج بڑہے اور خدا ہی کا بول بالا ہو وہ فی سبیل اللہ جنگ کرتا ہی یہ حدیث آیۃ
کے ٹکڑے وقاتلوہم کی گویا تفسیر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ دین کی لڑائی سوائے دین کی مدد کے اور کسی دنیا کے خیال سے نہ
ہونی چاہیئے پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ اگر یہ کفار اس لڑائی سے خائف ہوئے اور ایمان لے آئے اور کفر سے باز رہے تو تمہین
تو انکے دلون کی خبر نہیں ہے مگر اسنے کہدو کہ خدا تمہارے اعمال سے پوری واقفیت رکھتا ہے وہ تمہارے عمل دیکھ رہا ہے تم سے منزل ۲
درگذر کریگا اور اگر پھر یہ لوگ اسی کفر پر جمے رہے اور لڑائی پر مستعد ہوئے تو یہ بات جان لیوین کہ خدا انمین کبھی فتحیاب نہیں کریگا
وہ تو ہمیشہ تمہارے ہی ساتھ تمہاری مدد کرتا رہے گا اور ہر وقت تمہین کو غلبہ دیتا رہیگا اوس سے بڑھکر کوئی حمایتی نہیں ہے
اور نہ اوس سے زیادہ کوئی مددگار ہے ابن جریر نے اپنی تفسیر میں فتنہ کے متعلق وہ ایک روایۃ نقل کی ہے جسکی سند صحیح ہی جسمین
یہ ہے کہ عبدالملک بن مروان نے عروہ کے پاس ایک خط لکھکر چند باتین دریافت کی تھین یہ پوچھا تھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کیونکر مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرکے گئے تھے اوسکے جواب میں عروہ نے جو کچھ لکھا ہے اوسکو ابن جریر نے مفصل بیان کیا ہے
اسکا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ پاک نے جب حضرت کو رسول بناکر دنیا میں بھیجا اور آپ نے اپنی قوم کو اللہ کی وحدانیت کی طرف بلایا
تو پہلے یہ لوگ آپ سے اتنا نہیں بھاگتے تھے اور جو کچھ حضرت صلعم فرماتے تھے اوسکو سنا کرتے تھے مگر جب اونکے بتون کا ذکر آیا اور
بتون کی پوجا سے اونکو منع کیا گیا تو یہ لوگ دشمنی کرنے لگے اور جو شخص اسلام مین داخل ہوتا تھا اوسپر جبر کرتے اور فتنہ برپا کرتے تھے جب
مسلمانونکو تکلیف ہونے لگی تو آپ نے اونکو ملک حبشہ مین چلے جانے کا حکم دیدیا حبشہ کا بادشاہ نجاشی تھا کسی کے دین کے ساتھ مخالفت
نہین کرتا تھا پھر جب اہل مکہ مین سے کچھ زبردست لوگ بھی ایمان لائے تو یہ کفار کچھ ڈھیلے پڑ گئے یہ بات اون مسلمانونکو جو حبشہ
مین چلے گئے تھے معلوم ہوئی تو واپس آگئے غرض کہ یہ پہلا فتنہ تھا پھر جب مدینہ کے کچھ لوگ مسلمان ہوئے اور مدینہ سے حضرت
کے پاس آنے جانے لگے تو قریش کے دل میں پھر جوش پیدا ہوا اور فتنہ پر آمادہ ہوئے پھر حج کا زمانہ آیا تو مدینہ کے کچھ سردار آپکے

پاس آئے جو مسلمان ہوگئے اور اللہ کے رسول سے اِن لوگون نے یہ عہد و پیمان کیا کہ اگر آپ مدینہ میں چلین تو جس طرح ہم اپنے بال بچون
اور اپنی جانون کی حفاظت کرتے ہیں اوسی طرح آپ کی حفاظت کرینگے اور ہر طرح سے آپ کو مدد دینے پر آمادہ رہیں گے اُسوقت
آپ نے اپنے اصحاب کو حکم دیدیا کہ چلو مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ میں بود و باش اختیار کرین یہ دوسرا فتنہ تھا جو اہل مکہ نے برپا
کیا تھا اسی فتنہ کے وقت یہ آیۃ اوتری کہ اِن لوگون سے جنگ کرو تاکہ فتنہ باقی نہ رہے یہ عروہ بن زبیر مشہور تابعیون مین
ہیں صحاح کی سب کتابون میں ان کی روایتین ہیں عبد الملک بن مروان خلفاء بنی امیہ میں کے ایک خلیفہ ہیں انکے ہی زمانہ مین
عبد اللہ بن زبیر شہید ہوئے اور حجاج نے اُنکے ہی زمانہ میں کعبہ کی پہلی عمارت کو توڑ کر یہ جدید عمارت بنائی جو اب تک موجود ہی
ریشمی کپڑے کا کعبہ کا غلاف بھی انہی عبد الملک کے زمانہ سے شروع ہوا ۷۶ھ ہجری مین ان عبد الملک کی
پیدائش ہے اور ۶۳ھ ہجری سے خلافت اور ۸۶ھ ہجری میں وفات ہے صحیح مسلم مین عبد اللہ بن مسعود
سے روایۃ ہے جس میں بعضے صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ اسلام لانے سے
پہلے آدمی جو گناہ کرچکا اب اسلام لانیکے بعد اون گناہونکا کچھ وبال تو اُس آدمی کے ذمہ باقی نہ رہیگا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے جواب مین فرمایا کہ جو شخص ظاہر و باطن مین ہر طرح خالص
دل سے اسلام لاویگا اوس پر تو اسلام سے پہلے کے گناہون کا کچھ وبال نرہے گا
کیونکہ اسلام پہلے گناہونکو مٹا دیتا ہے ہان جو شخص فقط ظاہر مین اسلام
لے آویگا اور باطن میں منافقون کی سی دغا بازی اوسکے دل مین
باقی رہے گی تو ایسے جھوٹے اسلام سے اسلام کے پہلے گناہ معاف
نہون گے بلکہ ایسے شخص کو اگلے پچھلے سب گناہونکا مواخذہ
بھگتنا پڑے گا۔ اس حدیث کو آیۃ کے ٹکڑے ان
ینتہوا یغفر لہم ما قد سلف کی تفسیر مین بڑا دخل
ہے کیونکہ آیۃ کے ٹکڑے اور حدیث کے
ملانے سے یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ اسلام
سے پہلے کے گناہونکی معافی کیلئے
خالص دل کا اسلام ضروری ہے
اوپر دل کا اسلام اس
معافی کیلئے کافی
نہین

منزل ۲

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَ

اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاؤ کچھ چیز سو اللہ کے واسطے اس مین سے پانچوان حصہ اور رسول کے اور قرابت والے کے اور

الْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا

یتیم کے اور محتاج کے اور مسافر کے اگر تم یقین لائے ہو اللہ پر اور اوس چیز پر جو بھیجی اوتاری اپنے بندہ پر

یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

جسدن فیصلہ ہوا جس دن بھڑین دو فوجین اور اللہ سب چیز پر قادر ہے

غنیمت اور فی دو چیزین جدا جدا ہین غنیمت وہ ہے جو سوار پیادون کا لشکر دشمنون پر حملہ کرکے لڑے بھڑے اس جنگ مین جو کچھ مال و متاع قلیل یا کثیر ہاتھ آوے وہ سب مال غنیمت ہے اور فی وہ مال ہے جو دشمنون سے بے لڑے بھڑے حاصل ہو مثلاً جو کچھ صلح مین مقرر ہو یا کوئی لاوارث شخص مسلمانون کے ملک مین ہو اوسکے مرنے کے بعد جو کچھ اوسکا سامان مسلمانون کے ہاتھ لگے یا خراج کے طور پر مال ملے یہ سب فی ہے فی کے احکام سورہ حشر مین مذکور ہین یہان اللہ پاک نے مال غنیمت کے احکام بیان فرمائے یہ غنیمت اور کسی نبی کے وقت مین حلال نہ تھی بلکہ اور انبیا کے زمانہ مین جب کسی نبی کو مال غنیمت ہاتھ لگتا تھا تو اوسکو ایک جگہ میدان مین جمع کر دیا کرتے تھے آسمان سے ایک آگ آکر اوسکو جلا جاتی تھی - اللہ پاک نے محض اپنے کرم سے اس مال غنیمت کو اس امت کے لئے حلال و مباح کیا ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے پانچ چیزین دی گئی ہین جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہین عطا ہوین مین سارے جہان کے لئے رسول بنا کر بھیجا گیا ہون - ایک مہینے کے راستہ سے میرا رعب دشمنون پر پڑتا ہے اور مجھے غلبہ ہوتا ہے - میرے لئے غنیمت حلال کی گئی ہے جو پہلے مجھسے کسی کے واسطے مباح نہ تھی - میرے لئے ساری زمین مسجد بنا دی گئی جہان چاہون نماز پڑھ لون - میرے واسطے قیامت کے دن کی شفاعت مقرر ہے مین اپنی امت کی شفاعت کرون گا اس حدیث کو ابن عباسؓ کی روایت سے امام احمد نے سند جید سے روایت کیا ہے اور ایک حدیث اسی مضمون کی ابو ہریرہؓ کی صحیحین مین ہے مگر اس مین چھٹی چیز کا بھی ذکر ہے کہ مجھپر نبوت ختم کر دی گئی ہے بہرحال اللہ پاک نے غنیمت کا مال یون تقسیم کرنے کو فرمایا کہ کل مال غنیمت کی چھوٹی بڑی چیز ایک جگہ کرکے اسکے پانچ حصہ کرو چار حصہ تو غازیون کے ہین جو لڑائی مین شریک تھے خواہ پیچھے گئے ہون یا پہلے گئے ہون بلا نیت کے شریک ہوئے ہون یا نیت کرکے گئے ہون سوار کو دو حصہ دئے جائین اور پیادہ کو ایک حصہ اور وہ ایک حصہ جو رہا اسکے پھر پانچ حصہ کئے جائین ایک حصہ ان مین سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور دوسرا حصہ آپکے قرابت مندونکا تیسرا حصہ یتیمون کا چوتھا حصہ مسکینون کا پانچوان حصہ محتاج مسافرونکا اور اللہ پاک نے اپنا ذکر اس آیہ مین تبرک کے طور پر بیان کیا ہے اپنا کوئی حصہ مقرر نہین کیا ہے حضرت عبد اللہ بن عباس اور اکثر مفسرونکا یہی قول ہے کہ یہ جملہ فان للہ خمسہ برکت کیلئے ہے کیونکہ زمین و آسمان مین جو کچھ ہے وہ سب اللہ کا ہے غرض اس خمس مین اللہ اور اسکے رسول کا ایک ہی حصہ ہے کوئی علیحدہ علیحدہ نہین ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوس حصہ کو جو چاہین کرین چاہے

منزل ۲

جسکو دین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مال غنیمت مین سے کوئی چیز پسند کرتے تھے تو اوسکو بطور نفل کے لے لیتے تھے معتبر سند سے
مسند امام احمد اور ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی لڑائی مین تلوار
ذوالفقار بطور نفل کے لی تھی حصہ سے بڑھکر جو چیز ہو وہ نفل ہے ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے
کہ صفیہ رضی اللہ عنہا بھی اس نفل کے طور پر تھین کہ جنگ خیبر میں جو غنیمت ہاتھ لگی تھی اوس میں سے آپ نے انکو پہلے
اپنے لئے منتخب کرلیا تھا حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث مستدرک حاکم مین بھی ہے اور حاکم نے اسکو صحیح کہا ہے ذوالقربے سے مراد نبی ہاشم
اور نبی مطلب ہیں نبی نوفل اور نبی عبدالشمس اگرچہ آپکی چچا کی اولاد میں ہیں مگر یہ لوگ ذوالقربے میں نہیں ہیں کیونکہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نبی ہاشم اور نبی مطلب ایک ہیں اور دونون انگلیون کو ملاکر بتلایا کہ اسطرح پہران میں بھی اسکی
رعایت کی جاتی تھی کہ مردون کو پہلے دیتے تھے اور مردون کے ہوتے ہوئے عورتون کو جو نبی ہاشم اور نبی مطلب کی اولاد میں
تھیں انکو حصہ نہیں دیا جاتا تھا چنانچہ آنحضرت عثمان اور زبیر کی والدہ نبی ہاشم میں سے تھین انہیں کچھ نہیں دیا کرتے تھے
یتیمی سے مراد مسلمانون کے یتیم بچے ہیں مسکین وہ ہی جو گذر اوقات کے موافق آمدنی نرکھتا ہو ابن السبیل وہ لوگ جو سفر مین ہون
اور محتاج ہون انکے پاس اتنا نہ ہو کہ سفر مین خرچ کرسکین پہر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ جو حکم مال غنیمت میں ہمنے جاری کیا ہی اور
جسطرح اسکی تقسیم کردی ہے اگر تم لوگ اللہ پر اور قرآن کی آیتون پر ایمان لائے ہو تو تم اس حکم کو بجالاؤ حضرت عبداللہ بن عباس
فرماتے ہیں کہ یوم الفرقان یوم بدر ہے اسکو یوم الفرقان اسواسطے کہا کہ اس روز حق و ناحق میں فرق ہوگیا حق غالب ہوا اور ناحق کا منزل ۲
دعوی مغلوب ہوا یوم التقی الجمعان بھی وہی بدر کا دن ہے یہ پہلا معرکہ تھا جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانون کو کفارون
کے ساتھ پیش آیا تھا بدر کی لڑائی مین مشرکون کا سردار عتبہ بن ربیعہ تھا رمضان کی سترھوین تاریخ روز جمعہ کو یہ معرکہ آرائی
ہوئی تھی مسلمان کچھ اوپر تین سو تھے اور کفار ایک ہزار تھے ستر آدمی کفار کے ہلاک ہوئے اور اسی قدر گرفتار ہوکر آئے پہر اللہ پاک
نے فرمایا کہ یہ خدا ہی میں قدرت ہی جو اتنے قلیل لشکر کو اتنے بڑے گروہ پر اوسنے غالب کردیا وہ ہر شی پر قادر ہے اسکے نزدیک
کوئی بات مشکل نہیں ہی شروع سورت میں یہ جو فرمایا تھا کہ مال کا حق اللہ اور رسول کو ہے جس طرح اللہ کی مرضی ہوگی اسی
طرح وہ اس مال کی تقسیم اپنے رسول کی معرفت کرادیویگا اب اس آیت مین اس وعدہ کو پورا فرمادیا غرض وما انزلنا علی عبدنا سے
مقصود وہی شروع سورہ کا وعدہ ہے جو الانفال للہ والرسول فرماکر نازل فرمایا تھا بدر کی لڑائی پہلی لڑائی تھی اور تنگدستی کے
سبب سے لشکر اسلام کو روپیہ کی ضرورت بھی تھی اسلئے بغیر پانچوان حصہ نکالے کے اللہ کے رسول نے اس لڑائی کی غنیمت کا سب مال
لشکر اسلام کو بانٹ دیا لیکن آیندہ سے غنیمت کے مال کے یہ پانچ حصے اور پانچوین حصے کے پہر پانچ حصے اس طرح قرار پائے
جس کا ذکر اس آیت مین ہی اوپر یہ جو گذرا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اگر غنیمت کے مال میں کوئی چیز پسند کرلیتے تھے تو پانچوین
حصہ کے علاوہ بھی آپکو اسکا لینا جائز تھا مثلاً بدر کے مال غنیمت مین سے تلوار ذوالفقار اور خیبر کے مال مین سے صفیہ بنت
حی کو آپ نے پسند کیا تھا یہ قول بعضے سلف کا ہے باقی سلف اسکے قائل نہیں ہیں اور کہتے ہیں کہ اس آیت کے نازل ہونے کے

بعد علاوہ پانچوین حصہ کے اور کوئی زیادہ چیز کبھی اللہ کے رسول نے نہیں لی یہ باقی کی سلف ذوالفقار کا جواب تو یہ دیتے ہیں کہ یہ قصہ اس آیۃ کے نازل ہونے سے پہلے کا ہے اور صفیہ رضی اللہ عنہا کے قصہ کی بابت صحیح بخاری و مسلم کے انس رض بن مالک اور ثابت البنانی کی وہ روایتیں پیش کرتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے صفیہ رضی اللہ عنہا دحیہ کلبی کے حصہ مین گئی تھین اور پہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو دحیہ کلبی سے خرید لیا حاصل یہ ہے کہ یہ مسئلہ اختلافی ہے اسی طرح یہ مسئلہ بھی اختلافی ہے کہ سوار کے تین حصے ہین یا دو تفصیل ان اختلافی مسئلون کی بڑی کتابون میں ہے۔

إِذْ أَنتُم بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُم بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوَىٰ وَالرَّكْبُ أَسْفَلَ مِنكُمْ ۚ وَ

جبوقت تم تھے درے کے ناکے اور وہ پرے کے ناکے اور قافلہ نیچے اوتر گیا تم سے اور

لَوْ تَوَاعَدتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيعَادِ ۙ وَلَٰكِن لِّيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۙ لِّيَهْلِكَ

اگر آپس مین تم وعدہ کرتے تو نہ پہنچتے وعدے پر لیکن اللہ کو کر ڈالنا ایک کام جو ہو چکا تھا تمارے

مَنْ هَلَكَ عَن بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَن بَيِّنَةٍ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ

جو مرتا ہے سوجھکر اور جیوے جو جیتا ہے سوجھکر اور اللہ سنتا ہے جانتا

منزل ۲

اللہ پاک نے اس آیۃ میں مسلمانو پر اپنا یہ احسان جتلایا ہے کہ ہم نے کس طرح تمکو کفار کے مقابل کر دیا اور کس خوبی سے جنگ کا سامان مہیا کر دیا اگر تم لوگ ارادہ کر کے بھی آتے اور لڑائی کے لئے میعاد بھی مقرر کر لیتے تو یہ بات نصیب نہ ہوتی تم چلے تھے اور خیال سے اور اللہ پاک کا اور ارادہ تھا اسنے اپنا ارادہ پورا کر دیا کیونکہ تمہاری حالت یہ تھی کہ ابوسفیان کا قافلہ لوٹنے کو چلے تھے اور مدینہ کے قریب جنگل اور ٹیلون کے پاس تھے اور تمہارے مخالف قریش مدینہ سے بہت دور پر مکہ کے قریب تھے اور ابوسفیان کا قافلہ مدینہ سے تین میل پر دریا کے پاس اوترا ہوا تھا کسی کو کسی کی خبر نہ تھی تمہارے پاؤن ریت کی زمین میں جمنے مشکل تھے اور تمہارے دونون مخالف ایک سامنے ابوسفیان اچھی زمین پر اترا ہوا تھا دوسرے قریش تمہاری پشت پر تھے تمہاری تعداد بہت ہی کم تھی دشمنون کا لشکر شمار مین تم سے کہین زیادہ تھا ایسی نازک حالت مین ہمنے تمہین ان لوگون پر فتحیاب کیا محمد بن اسحاق اپنی سیرت میں یہ کہتے ہیں کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے نکلکر صفرا مقام کے قریب پہونچے تو دو شخصون کو بسبس بن عمرو اور عدی بن ابی الزغباء کو ابوسفیان کی خبر کو بھیجا یہ دونون جب بدر میں پہونچے تو ایک ٹیلہ پر اونٹون کو بٹھا کر پانی کی فکر میں گئے دریا کے کنارہ پر دو لڑکیان جھگڑ رہی تھین ایک نے کہا کہ میرا حق دیدے دوسری نے کہا کل لشکر آئیگا تو دیدونگی اتنے میں مجدی بن عمرو ابوسفیان کی طرف کا آدمی آیا اور اسنے ان دونون لڑکیون کے پاس آکر کہا کہ تم سچ کہتی ہو بسبس و عدی یہ سنکر مشکون میں پانی بہر کر چلے گئے اور حضرت کو آکر خبر دی کہ ابوسفیان آگیا ہی ابوسفیان جب مجدی سے ملا تو پوچھا کہ یہان تو نے کسی غیر کی تو آہٹ نہین پائی اسنے کہا کہ نہین مگر دو سوار آئے تھے اور مشکون مین پانی بہر کر چلے گئے ابوسفیان اس ٹیلے کے پاس آیا جہان اونٹ بیٹھے تھے وہان اوس نے اونٹونکی مینگنیان دیکھیں اور انکو

توڑا تو اُن مین کھجور کی گٹھلیان پائین اور کہنے لگا کہ یہ چارہ شتر ب کا ہی اور جلدی سے اپنے قافلہ مین واپس آیا اور دریا کے کنارہ پر
قافلہ اتار کر اچھی طرح سے اُسکی مضبوطی و نگہبانی کرلی اور پھر قریش کو کہلا بھیجا کہ اب تمہارے آنے کی ضرورت نہیں ہے ہم نے
حفاظت کرلی ہے تم واپس چلے جاؤ ابوجہل نے یہ خبر سنکر کہا ہم تو واپس نہیں جائیں گے بدر میں تین روز قیام کرین گے یہان
ٹھہر کر اونٹ ذبح کرکے کھائین گے شراب پیئن گے گانے سنین گے عرب ہماری آمد کی خبر سنکر ہمیشہ ہم سے ڈرا کرینگے غرضکہ یہ
تو اس رنگ مین تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب بدر پہونچکر حضرت علی ابن ابی طالب اور سعد بن ابی وقاص اور
زبیر بن عوام کو چند اشخاص دیگر تجسس کیلئے روانہ کیا یہ لوگ بنی سعد بن عاص اور بنی حجاج کے غلام کو پکڑ کر حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس لے آئے آپ نماز پڑھ رہے تھے اسلئے آپکے صحابہ نے ان دونون سے پوچھا تم کسی کے غلام ہو ان دونون نے
کہا ہم قریش مین پانی بھرنے کو آئے تھے مگر اونھون نے ان دونون کو جھوٹا سمجھا اور سمجھے کہ یہ ابوسفیان کے غلام ہیں اور ان کو
مارنے لگے جب وہ دونون غلام عاجز ہوئے تو ناچار اونھون نے کہدیا کہ ہان ہم ابوسفیان کے قافلہ کے لوگ ہیں اس کے بعد
صحابہ نے اونہیں چھوڑ دیا اتنے مین حضرت نماز سے فارغ ہو گئے اور فرمایا کہ جب وہ غلام سچ بولے تو تم نے انہین مارا اور جب
جھوٹ بولے تو چھوڑ دیا واللہ یہ قریش کے آدمی تھے پھر اونھون سے پوچھا کہ قریش کی خبر بتلاؤ لوگون نے کہا وہ دور کی گھاٹی مین
ہیں آپ نے فرمایا کتنے لوگ ہیں انھون نے کہا یہ نہیں معلوم مگر بہت ہیں پھر آپ نے فرمایا اچھا کتنے اونٹ روز ذبح کئے جاتے ہیں انھون نے
کہا کہ نو دس اونٹ روز ذبح کئے جاتے ہیں آپ نے فرمایا نو سو سے ایک ہزار تک کی انکی تعداد ہے پھر پوچھا کہ قریش کے اشراف منزل ۲
لوگون مین کون کون آیا ہے انھون بتلایا عتبہ بن ربیعہ شیبہ بن ربیعہ ۔ابوالبختری بن ہشام حکیم بن حزام ۔نوفل بن خویلد حرث
بن عامر بن نوفل طعیمہ بن عدی ۔نضر بن حارث ۔زمعہ بن اسود ۔ابوجہل ۔امیہ بن خلف اور عقبہ و منبہ حجاج کے بیٹے ۔سہل
بن عمرو ۔عمرو بن عبد ودان لوگون کے نام سنکر فرمایا مکہ نے اپنے جگر کے ٹکڑون کو پھینکدیا ہے یہ لوگ چیدہ چیدہ شخص ہیں جو
آپہنچے ہیں پھر سعد بن معاذ نے جو انصار مین تھے کہا کہ حضرت ہم آپکے واسطے چبوترہ طیار کردین اُس میں آپ جا بیٹھین اور ہم
دشمنون سے مقابلہ کرین اللہ نے فتح دی تو یہی ہمارا مقصود ہے اگر خدانخواستہ کوئی معاملہ نوعدگر ہوا تو آپ اپنے باقی لوگون
مین جا ملین پھر اونھون نے اور انصار کے متعلق یہ بات کہی کہ آپسے وہ لوگ پیچھے رہ گئے جو ہم سے زیادہ آپکو چاہتے ہیں اگر
وہ یہ جانتے کہ مقابلہ پیش آئے گا تو پیچھے نہ رہتے بلکہ یہان آنکر آپکی مدد کرتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد کی تعریف کی
اور دعا دی اونھون نے چبوترہ ڈالدیا جسمین آنحضرت اور ابوبکر بیٹھ گئے اور اُنکے ہمراہ اور کوئی نہ تھا صبح کو قریش کوچ کرکے سامنے
آئے اور مقابلہ ہو گیا اسی کو اللہ پاک نے فرمایا کہ ہم نے بغیر میعاد کے دونون لشکرون کو جمع کردیا تھا کہ حق و ناحق ظاہر ہو جائے
تمہین فتح نصیب ہو اور دشمنونکو شکست ہو اور ایمان اور کفر علیحدہ علیحدہ ہو کر پھر کسی کو کچھ شک و شبہ باقی نہ رہے پھر فرمایا
جسکو زندہ رکھنا تھا اوسے زندہ رکھا اور جسے ذائقہ موت چکھانا تھا اوسے نیست و نابود کیا پھر آیۃ کو ان لفظون پر ختم فرمایا کہ اللہ
سمیع علیم ہے جسکا مطلب ہے کہ اُسنے تمہاری دعائین سن لین اور تمہاری حاجتین پوری کردین وہ تمہاری کمزوری جانتا تھا تم اپنے

دشمنون سے بہت کم تھے مگر اُسنے پوری پوری مدد پہونچائی صحیح بخاری مین کعب بن مالک کی حدیث ہی جسمین یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بدر کے سفر کے وقت فقط ابوسفیان کے قافلہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کرکے مدینہ سے نکلے تھے مگر اللہ تعالی نے اپنے ارادہ کے موافق مسلمانون اور قریش کی فوج کا مقابلہ کرادیا صحیح بخاری و مسلم مین عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہی جسمین یہ ہے کہ ہجرت سے پہلے ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ ابوجہل اور اسکے چند ساتھیون نے مشورہ کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیٹھ پر نجاست کی بھری ہوئی اوجھڑی ڈال دی اور آپ نے نماز سے فارغ ہونے کے بعد ان لوگون کے نام لے لے کر انپر بددعا کی عبداللہ بن مسعود اس قدر قصہ کی روایۃ کے بعد قسم کہا کر فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جن لوگونپر بددعا کی تھی عبداللہ بن مسعود نے بدر کی لڑائی کے میدان مین انمین کے بہت سے لوگون کو بڑی بیکسی سے مردہ پڑے ہوئے دیکھا انمین کا ایک شخص جسکا نام عبداللہ بن مسعود کی بعضی روایتون میں نہین ہے اور صحیح بخاری کی باقی کی روایتون سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عمارہ بن الولید تھا یہ شخص اگرچہ بدر کی لڑائی مین بچ گیا لیکن پھر دیوانہ ہوکر بڑی خرابی سے مرا ان حدیثونکو آیۃ کی ٹکڑے یقضی اللہ امرا کان مفعولا کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ کے اس ٹکڑے اور حدیثونکو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ بدر کے سفر کے وقت اگرچہ مسلمانون کا ارادہ مشرکون کی فوج سے لڑنے کا نہین تھا لیکن اللہ تعالی کے ارادہ ازلی مین یہ تھا کہ وہ اپنے رسول کی کئی برس پہلے کی بددعا کا اثر لوگون کو دکھلادے اسلئے اُسنے مسلمانون کے ارادہ کے بغیر اس لڑائی کا موقع پیش کرادیا اور جن صحابہ نے اللہ کے رسول کی بددعا کا موقع دیکھا تھا کئی برس کے بعد انکو اوس بددعا کے اثر کا موقع بھی دکھادیا سمیع علیم کا مطلب یہ ہے کہ کئی برس پہلے اللہ تعالی نے اپنے رسول کی بددعا سن لی تھی اور وہ بددعا قبول بھی ہوگئی تھی لیکن علم الٰہی مین ہر کام کا وقت مقرر ہے اس لئے اپنے وقت پر اُس بددعا کے اثر کا ظہور ہوا۔ منزل ۲

إِذْ يُرِيكَهُمُ اللَّهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلًا ۖ وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ

جب اللہ نے اونکو دکھلایا تیرے خواب مین تھوڑے اور اگر وہ تجھکو بہت دکھاتا تو تم لوگ نامردی کرتے اور جھگڑا ڈالتے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٤٣﴾ وَإِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ

کام مین لیکن اللہ نے بچالیا اُسکو معلوم ہے جو بات ہے دلون میں اور جب تمکو دکھائی وہ فوج وقت ملاقات کے تمہاری

قَلِيلًا وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ ع ۵

آنکھون مین تھوڑی اور تمکو تھوڑا دکھلایا انکی آنکھون میں تاکر ڈالے اللہ ایک کام جو ہوچکا تھا اور اللہ تک پہنچ ہی ہر کام کی

مجاہد کہتے ہیں کہ لڑائی کے شروع ہونے سے پہلے اللہ پاک نے دشمنون کے متعلق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خواب دکھلایا کہ وہ لوگ بہت ہی تھوڑے آدمی ہیں آپ نے اس خواب کو اپنے اصحاب سے بیان کیا وہ لوگ حضرت کے خواب کو سچا سمجھا کرتے تھے اسلئے یہ خواب سنکر انکے دل مضبوط ہوگئے اور جرأت انکی بڑھ گئی اور اگر خواب مین انکی پوری تعداد دکھلادی جاتی اور وہ ہی خواب اللہ کے رسول لوگون کے روبرو بیان کرتے تو انکے جی پہلے ہی چھوٹ جاتے معرکہ جنگ مین شریک نہوتے آپس مین جھگڑا ہونے لگتا بعضے

لڑائی مین شرکت چاہنے اور بعضے لڑائی کے ٹال دینے کو ترجیح دیتے اسیکو اللہ پاک نے فرمایا کہ اے رسول اللہ کے اللہ نے خواب مین کفار کی تھوڑی تعداد تمہین دکھلائی تاکہ سب مسلمان لڑائی کے ارادہ سے مستعد رہین اور آپسمین تنازع نہونے پائے کیونکہ اللہ پاک دلون کی حالت کا علم رکھتا ہی ابن مسعود کہتے ہین کفار میری آنکھون مین جتنے معلوم ہوئے اُسکا اندازہ مین کرتا تھا کہ ستر آدمی ہونگے ایک شخص میرے پاس کھڑا تھا مین نے اُس سے اپنا اندازہ بیان کیا وہ بھی کہنے لگا کہ ہان سو کے قریب ہونگے پھر جب ہم نے کفار کے ایک آدمی کو گرفتار کیا اور اُس سے پوچھا کہ سب کتنے آدمی تھے تو اُس نے کہا کہ ہم ہزار آدمی تھے اللہ پاک نے مسلمانونکی نظرون مین بھی عین معرکہ جنگ مین کفار کی تعداد کم دکھلادی اور آپکا خواب سچا کردیا اور کفار کی آنکھون مین بھی مسلمان تھوڑے معلوم ہوئے کیونکہ اگر انکو یہ معلوم ہوجاتا کہ یہ لوگ بہت ہین تو میدان جنگ مین نہیں ٹھہرتے بھاگ جاتے اور خدا کو اپنی بات پوری کرنی تھی وہ وعدہ کرچکا تھا کہ ایک قافلہ ان دونون مین سے تمہارا ہے اور مسلمانون کو عزت دینی تھی سرخرو کرنا تھا اپنا بول بالا رکھنا مقصود تھا خالص اپنا دین قائم کرنا تھا ۔ پھر جب معرکہ کارزار گرم ہوگیا تو اللہ پاک نے مسلمانونکی مدد کو فرشتے بھیجدیے جسکا ذکر پہلے اس سورۃ اور سورہ آل عمران مین مفصل گذرچکا ہے پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ کل امور خدا ہی کی طرف رجوع کرتے ہین جو کچھ وہ حکم دیتا ہے وہی ہوکے رہتا ہی بندے ہزار چاہین کچھ ہی کیا کرین کچھ بھی نہیں ہوتا ۔ اس مین اسبات کی تنبیہ کی گئی ہے کہ دنیوی امور مقصود نہین ہین خدا کے نزدیک وہی بات پسند ہے جس سے آخرت درست ہو صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص کی یہ حدیث ایک جگہ گذرچکی ہے کہ دنیا مین جو کچھ ہورہا ہے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر وہ سب اللہ تعالی نے لوح محفوظ مین لکھ لیا ہی صحیح بخاری کے حوالہ سے کعب بن مالک کی یہ حدیث بھی گذرچکی ہے کہ مسلمان مدینہ سے جب نکلے تو انکا ارادہ فقط ابوسفیان کے تیس آدمیون کے قافلہ پر حملہ کرنے کا تھا مکہ سے ہزار آدمیونکی مشرکونکی فوج کے اجانے کی مسلمانونکو خبر نہین تھی صحیح بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ رض کی ایک بڑی حدیث ہے جسمین یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر ایک خواب کا ظہور اسطرح یقینی طور پر ہوا کرتا تھا جس طرح ہر ایک رات کے بعد صبح کا ہونا یقینی ہے ان حدیثون کو آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیتون اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہی کہ بدر کے مقام پر مسلمانون اور مشرکون کی لڑائی کا ہونا لوح محفوظ مین لکھا جاچکا تھا اور یہ لکھا جاچکا تھا کہ بغیر پہلے سے تیاری کرنے کے تین گنی فوج سے جب مقابلہ ہوگا تو مسلمانون کے دلپر ہراسگی چھا جاویگی اس لیے اللہ تعالی نے اپنے رسول کے خواب مین دشمنونکی تعداد گھٹائی تاکہ مسلمان لوگ اس خواب کو سنکر مستعدی سے دشمنون کا مقابلہ کرین کیونکہ اس بات کو مسلمان لوگ بارہا آزما چکے تھے کہ اللہ کے رسول کا ہر ایک خواب ہمیشہ یقینی ہوتا ہے علاوہ اسکے اس خواب کے سچے ہونے کا یقین یون ہی اللہ تعالی نے بڑھادیا کہ مسلمانونکی نظرون مین بھی دشمنونکی تعداد گھٹادی یہان یہ خواب حقیقت مین یون سچا تھا کہ ان مکہ کے مشرکون مین سے فتح مکہ تک بہت سے لوگ دائرہ اسلام مین داخل ہونے والے تھے اسواسطے خالص دشمنون کی تعداد مین اللہ تعالی نے اونہین لوگونکو دکھلایا جو حالت شرک پر مارے گئے جس طرح رسولونکی وحی مین شیطان کا دخل نہیں ہونے پاتا یہی حال رسولون کے خواب کا ہے اسواسطے رسولونکے خواب

منزل ۲

سب سچے ہوتے ہیں عام مسلمانون کے خواب میں یہ بات نہ تھی اسلئے اللہ تعالی کی حکمت اس بات کی مقتضی ہوئی کہ اُسنے عام مسلمانون کی نظرون میں ایک خاص تاثیر پیدا کردی جس سے بہت سے دشمن اونہیں تھوڑے نظر آئے ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ وَأَطِيعُوا

اے ایمان والو جب ٹھہرو تم کسی فوج سے تو ثابت رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو شاید تم مراد پاؤ اور حکم مانو

اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاصْبِرُوا إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝

اللہ کا اور اُسکے رسول کا اور آپسمین نہ جھگڑو پھر نامرد ہوجاؤگے اور جاتی رہے گی تمہاری پاؤ اور ٹھیرے رہو اللہ ساتھ ہی ٹھیرنے والونکے

اوپر کی آیتون میں اُس مدد کا ذکر تھا جو اس لڑائی میں اللہ تعالی کی طرف سے پہونچی اب ان آیتون مین اللہ تعالی نے مسلمانون کو میدان جنگ کے اداب سکھائے ہیں عبداللہ بن اوفی کی ایک حدیث صحیحین میں ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو تم دشمنونسے مقابلہ کی تمنا نکرو خدا سے عافیت چاہتے رہو اور جب دشمن سے مقابلہ ہوجاوے تو صبر اختیار کرو اور جان لو کہ جنت تلوار کے سایہ مین ہے آیتون اور حدیث کو ملاکر مطلب یہ ہوا کہ اے مسلمانون جب کسی جماعت دشمن سے مقابلہ کرو تو صبر و سکون کو کام میں لاکر اپنے قدم اس معرکہ میں ثابت رکھو اور خدا کے یاد کرتے رہو اور بہت یاد کرو جس سے تمہین فلاحیت ہوگی لڑائی کے وقت ذکر کا حکم اسلئے فرمایا کہ گھبراہٹ کے وقت خدا کا ذکر مددگار بنے اور بعضے مفسر یہ کہتے ہیں کہ ذکر سے مراد دعا کا کرنا ہے جس طرح اصحاب طالوت نے یہ دعا کی تھی ربنا افرغ علینا صبرا وثبت اقدامنا وانصرنا علی قوم الکافرین معتبر سند سے ابوداؤد مستدرک حاکم مین سہل بن سعد کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین کی لڑائی کیوقت آدمی جو دعا کرے وہ ضرور قبول ہوتی ہے - اس حدیث سے آخری قول کی تائید ہوتی ہے پھر یہ فرمایا کہ ہر حال مین خدا اور اسکے رسول کی اطاعت کرتے رہو اور آپسمین تفرقہ نہ ڈالو ورنہ تمہاری رائیں مختلف ہوجائین گی اور تم مین نامردی آجائیگی اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی اور فتح یابی رائگان ہوجائیگی قتادہ کہتے ہیں مذہب یہ حکم کے معنے مدد غیبی کے ہیں مطلب یہ ہے کہ تفرقہ کے پیدا ہوجانے سے پھر تمہین غیب سے مدد نہ ملے گی پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ لڑائی میں صبر کرو کیونکہ اللہ صبر کرنے والون کے ساتھ ہے اور جب خدا ساتھ ہوگیا تو کوئی تم پر غالب نہیں آسکتا ہے سورہ آل عمران مین گذر چکا ہے کہ احد کی لڑائی کے وقت مدینہ کے اندر سے لڑنے اور مدینہ کے باہر جاکر لڑنے میں صحابہ مختلف ہوئے پھر تیراندازلوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بتلایا ہوا پہاڑ کا ناکہ چھوڑ دیا غرض احد کی لڑائی سے تیرہ مہینے پہلے اللہ تعالی نے ان آیتون میں مسلمانون کو لڑائی کے وقت ایسی باتون سے روکا تھا لیکن تقدیر الٰہی کے موافق احد کی لڑائی کے وقت اس ممانعت کا خیال مسلمانون کو نرہا اسواسطے اُس لڑائی کا انجام اچھا نہین ہوا سختی کے وقت صبر کرنے کا یہ مطلب ہے کہ گویا آدمی اُس سختی کی کشایش کو اللہ تعالی کی مرضی پر چھوڑتا ہے اسیواسطے فرمایا کہ اللہ صبر کرنے والون کے ساتھ ہے جسکا یہ مطلب ہوا کہ جو شخص اپنی سختی کی کشایش کو اللہ کی مرضی پر منحصر رکھے گا اللہ اوسکی سختی کی کشایش میں اُسکے ساتھ اور اُسکی مدد کو موجود ہے اس لئے صحیح بخاری اور مسلم مین

منزل ۲

ابو سعید خدری کی جو ایک حدیث ہی اُس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر سے بڑھکر کوئی اچھی چیز آدمی کو نہیں دی گئی ہی جسکا مطلب یہ ہے کہ صبر کا دنیا میں تو یہ مرتبہ ہی کہ صبر کرنے والے شخص کے ساتھ اللہ ہی اور عقبی میں صبر کا وہ اجر ہے کہ جسکا حساب اور اندازہ سوا اللہ تعالی کے کسی کو معلوم نہیں چنانچہ طبرانی کبیر میں معتبر سند سے حضرت عبد اللہ بن عباس کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اور عملون کا اجر تو حساب سے ملے گا لیکن صبر ایسی چیز ہے جس کا اجر صبر کرنے والونکو اوس دن بے حساب ملے گا یہ حدیث آیۃ انما یوفی الصابرون اجرہم بغیر حساب کی گویا تفسیر ہے۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ

اور مت ہو جیسے وہ لوگ کہ نکلے اپنے گھرونسے اترائتے اور لوگون کو دکھاتے اور روکتے اللہ کی

عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝

راہ سے اور اللہ کے قابو مین ہے جو کرتے ہیں

تفسیر ابن جریر تفسیر ابن ابی حاتم وغیرہ مین جو شان نزول اس آیۃ کی حضرت عبد اللہ بن عباس سے بیان کی گئی ہی اوس کا حاصل یہ ہے کہ بدر کی لڑائی کے دن شام کی طرف سے قافلہ جو مشرکین مکہ کی تجارت کا مال لا رہا تھا جب وہ قافلہ مسلمانون کے ہاتھ سے بچ گیا تو ابو سفیان نے ابو جہل سے کہا تھا کہ تم لوگ مکہ سے اپنے قافلہ کی مدد کو آئے تھے اب قافلہ تو بچ گیا چلو مکہ کو واپس چلنا چاہیئے ابو جہل نے کہا نہیں تین روز بدر میں ٹھہرینگے اور شراب پیوینگے اور کئی کئی اونٹ روز ذبح کرینگے اور گانے والی چھوکریان جو ہمارے ساتھ ہیں انکا گانا سنینگے جس سے لوگو پر ذرا ہمارا رعب پڑیگا چنانچہ اُسی کے موافق بدر پر مقام ہوا اور نتیجہ اس شیخی مارنے اور اترانے کا یہ ہوا کہ بجائے شراب کے جام کے جام مرگ ستر آدمیون کے ساتھ ابو جہل کو پینا پڑا اور بجائے گانے کے ہر طرف نوحہ کی آواز بلند ہوئی اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور مسلمانون کو اس طرح کے اترانے سے منع فرمایا صحیح بخاری و مسلم وغیرہ مین عبد اللہ بن عمر اور ابو ہریرہؓ کی روایتین ہیں جنمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کا اترانا اللہ تعالی کو اس قدر ناپسند ہے کہ پچھلی امتون مین کے بعضے اترانے والے لوگون کو اللہ تعالی نے زمین مین دھنسا دیا آیۃ مین اترانے کی جو ممانعت ہے یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبد اللہ بن مسعود کی حدیث گذر چکی ہے کہ ابو جہل اور اُس کے ساتھیون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ مین نماز پڑھتا ہوا دیکھکر آپکی پیٹھ پر اوجھڑی ڈال دی تھی یہ حدیث اور اس قسم کی بہت سی حدیثین ویصدون عن سبیل اللہ کی تفسیر ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرکین مکہ طرح طرح سے اللہ کے رسول اور مسلمانون کو اللہ کے راستہ سے روکتے تھے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبد اللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث گذر چکی ہی کہ دنیا مین جو کچھ ہو رہا ہے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر وہ سب اللہ تعالی نے لوح محفوظ میں لکھ لیا ہی اس حدیث سے واللہ بما یعملون محیط کی تفسیر اچھی طرح سمجھ مین آسکتی ہے۔

منزل ۲

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَاۤءَتِ

اور جسوقت سنوارنے لگا شیطان انکی نظرمین اونکے کام اور بولا کوئی غالب نہوگا تمپر آج کے روز مین رفیق ہون تمہارا پھر جب سامنے

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

اولٹا پھرا اپنی ایڑیون پر اور بولا مین تمہارے ساتھہ نہین مین دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے مین ڈرتا ہون اللہ سے اور اللہ کا عذاب سخت ہی

طبرانی مغازی محمد بن اسحاق اور تفسیر ابن حاتم میں شان نزول اس آیت کی حضرت عبداللہ بن عباس سے جو کچھہ بیان کی گئی ہی اسکا حاصل یہ ہی کہ جب مشرکین مکہ نے اپنے تجارتی قافلہ کی مدد کی غرض سے مکہ سے نکلنے کا ارادہ کیا تو بہ سبب اسکے کہ مشرکین مکہ سے اور قبیلہ بنی بکر سے مدت سے عداوت تھی اسلئے مشرکین مکہ کے جی میں یہ خیال گذرا کہ ایسا نہو آج پچھلی عداوت کے سبب سے قبیلہ بنی بکر بھی ہماری مخالفت پر کمر باندھ جاوے اس صورت میں لشکر اسلام اور قبیلہ بنی بکر دو لشکرون سے ہمکو مقابلہ کرنا پڑے اس خیال سے مشرکین مکہ سے نکلنے میں ذرا پس و پیش کر رہے تھے شیطان نے اتنے مین کیا دہوکا دیا کہ بنی کنانہ قبیلے کے سردار سراقہ ابن مالک کی صورت مین مشرکین کے پاس آیا اور کہا کہ مین تمہارا حامی اور مددگار رہون کوئی قبیلہ بنی بکر وغیرہ تم پر چڑھہ کر نہ آسکے گا اور آج تمہارا وہ جاؤ اور زور ہے کہ تم پر دنیا مین کوئی آج کے روز غالب نہیں آسکتا یہ کہکر اپنے اون ساتھیون کو لیکر جو ظاہر مین بنی کنانہ کے قبیلہ کے لوگ دکھلائی دیتے تھے اور حقیقت وہ شیاطین تھے شیطان بدر کے مقام تک مشرکون کے لشکر کے ساتھہ رہا جب لڑائی کے وقت ملائکہ اسکو مسلمانون کے لشکر کی طرف نظر آئے اسوقت بے تحاشہ یہ کہتا ہوا بھاگا کہ مین وہ دیکھتا ہون جو تمکو نظر نہیں آتا بدر کی لڑائی کے بعد جب سراقہ بن مالک سے لوگون نے اسکے بھاگنے کا قصہ بیان کیا اوسنے قسمین کھائین کہ میں ہرگز بدر نہیں گیا نہ مجھکو اس لڑائی کی خبر ہے پھر پیچھے ان لوگون کو اسلام لانے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ شیطان تھا اس قصے کے بیان مین اللہ تعالیٰ نے یہ آیتہ نازل فرمائی صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے انس رض بن مالک کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر طرح سے بہکانے کی غرض سے شیطان آدمی کے تمام جسم میں اسطرح دوڑتا پھرتا ہے جس طرح ہر شخص کے جسم مین خون دوڑتا ہے۔ صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص نماز کے لئے اوٹھنے کا قصد کرتا ہی تو شیطان اُس شخص کے دل مین یہ وسوسہ ڈالتا ہی کہ ابھی بہت رات ہے نماز کا وقت دور ہے اسلئے ابھی سوجانا چاہیئے۔ معتبر سند سے ترمذی مستدرک حاکم وغیرہ مین حارث اشعری کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان کے بہکا دے کے بچنے کے لئے یا دالٰہی ایسی چیز ہے جیسے کسی زبردست دشمن کے حملے سے بچنے کے لئے کوئی قلعہ۔ ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملانے سے یہ مطلب نکلتا ہی کہ آزمائش کے طور پر اللہ تعالیٰ نے شیطان کو بہت بڑا قابو انسان کے بہکانے کا دیا ہی جس قابو کے سبب سے وہ طرح طرح کے دہوکے انسان کو دیتا ہے مثلاً اُسنے سراقہ بن مالک کا بھیس بدلکر اہل مکہ کو دہوکہ دیدیا اور نماز کے لئے اوٹھنے

والے شخص کو یون بہکا دیا کہ ابھی بہت رات ہی ٹہر کر اوٹھنا چاہیئے اسی طرح اسکے بہکانے کی ہزارون صورتین ہیں چنانچہ حافظ عبدالرحمن بن جوزی رحمہ اللہ نے اس باب میں تلبیس ابلیس ایک بہت بڑی کتاب تصنیف کی ہے غرض دہوکے کی صورتون کو اصلی صورتون کے ڈہنگ پر لاکر جو انسان کو شیطان بہکاتا ہے اسی کو واذ زین لہم الشیطان اعمالہم فرمایا ہے اس موذی کے پندے سے بچنے کا وہی علاج ہے جسکا ذکر حارث اشعری کی صحیح حدیث مین ہی کہ یاد الٰہی سے بڑھکر کوئی علاج اس پہندے سے بچنے کا اسی طرح دنیا میں نہین ہے جس طرح دشمن کی حملے سے بچنے کے لئے کسی مضبوط قلعہ کی پناہ کے سوا اور کوئی علاج نہین اب یاد الٰہی کی دو صورتین ہیں ایک تو یہ ہے کہ جب یہ موذی بہکانے کا قصد کرے اُسی وقت ایماندار شخص کو چاہیئے کہ اس موذی کو اپنا قدیمی دشمن سمجھکر کسی طرح کی یاد الٰہی میں مشغول ہوجاوے جس سے یہ موذی بھاگ جاویگا اور اسکو بہکانے کا موقع نہ ملے گا دوسری صورت یہ ہے کہ اگر اتفاق سے کوئی شخص اس موذی کے پندے مین پہنسکر کوئی گناہ کر بیٹھے تو ایسے شخص کو فوراً ابوسعید خدری کی اُس صحیح حدیث کے موافق عمل کرنا چاہیئے جو مسند امام احمد اور مستدرک حاکم کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکی ہے۔ حاصل مطلب اُس حدیث کا یہ ہے کہ جب شیطان ملعون ٹہرایا جاکر آسمان پر سے نکالدیا جانے لگا تو اُس نے اللہ تعالیٰ کے جاہ وجلال کی قسم کہا کر یہ کہا کہ جہانتک اس سے ہوسکے گا یہ بنی آدم کے بہکانے میں کوتاہی نکریگا اسکے جواب مین اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے جاہ وجلال کی قسم کہا کر یہ فرمایا کہ بنی آدم میں سے جو گنہگار شخص کسی طرح کے گناہ کے بعد خالص دلسے توبہ واستغفار کریگا تو مین بھی اسکے ہر طرح کے گناہون کے معاف کردینے مین کبھی دریغ نکرونگا آیۃ کے ٹکڑے انی اخاف اللہ واللہ شدید العقاب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیطان کو اللہ تعالیٰ کے عذاب کا سخت ہونا معلوم ہے اور اوس ملعون کو اوس عذاب کا خوف بھی ہے لیکن اس سبب سے کہ وہ ملعون علم الٰہی میں گمراہ ٹہر چکا ہے اُسکے اُس خوف نے اوسے اوس ازلی گمراہی سے نہین بچایا بنی آدم میں سے جو لوگ ازلی گمراہ ٹہر چکے ہیں اونکا بھی یہی حال ہی کہ تقدیر کے خوف کی کوئی نصیحت اُنکے دل پر کچھ اثر نہین کرتی

منزل ۲

إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

جب کہنے لگے منافق لوگ جن کے دلون مین آزار ہے یہ لوگ مغرور ہین اپنے دین پر اور جو کوئی بہروسا کرے اللہ پر تو اللہ ہی زبردست حکمت والا

تفسیر ابن ابی حاتم مین حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہی کہ جب مسلمانونکی فوج کفار کی فوج سے قریب ہوئی اور اللہ پاک نے مسلمانونکو کفار کی نظر مین اور کفار کو مسلمانون کی نظر مین تھوڑا دکہلادیا تو مشرک کہنے لگے کہ یہ مسلمان اپنے دین پر مغرور ہوکر باوجود اس تھوڑی سی تعداد کے لڑنے آئے ہیں اسپر اللہ پاک نے فرمایا کہ اس کمی اور بیشی پر نہ جاؤ خدا پر جو بہروسہ کرتا ہی اوسے سرخروئی ہوتی ہے خدا بڑا زبردست اور حکمت والا ہی ابوجہل نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو تھوڑا دیکھکر سرکشی کی راہ سے یہ بات بھی کہی تہی کہ آج تک تو خیر مگر آج کے بعد پھر کبھی اللہ کی عبادت خالص نہ کی جائے گی کیونکہ وہ مشرک یہ سمجھے ہوئے تہا کہ ہم غالب ہونگے اور مسلمان پس پا ہونگے پھر کوئی نہ خالص اللہ پر ایمان لاویگا نہ خالص عبادت اللہ کی زمین پر ہوگی تفسیر کلبی اور تفسیر ابن حاتم مین یہ بھی ہے کہ مکہ مین کچھ لوگ تھے جو ظاہر مین اسلام لائے تھے مگر انکا اسلام پکا نہ تھا یہ

لوگ بھی ابوجہل کے ساتھ لڑائی کو آئے تھے اور مسلمانونکی قلت دیکھکر کہنے لگے یہ لوگ اپنے دین پر مغرور ہو کر باوجود اس قلت کے لڑائی مین پیش قدمی کرکے آئے ہین ان باتونکا جواب اللہ تعالی نے یہ دیا کہ یہ ایمان دار لوگ مغرور نہیں ہین بلکہ اللہ کی ذات پر بھروسہ کرکے یہ لوگ لڑائی مین اسطرح کی پیش قدمی کر رہے ہین حاصل کلام یہ ہی کہ لڑائی کے شروع ہونے سے پہلے ابوجہل اور اسکے ساتھیون نے بہت سی باتین مغرور پنے اور اترانے کی مونہہ سے نکالین - صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرؓ اور ابوہریرہؓ کی روایتین اوپر گذر چکی ہین کہ انسان کا اترانا اللہ کو بہت ناپسند ہے اور آیۃ ان اللہ مع الصابرین کی تفسیر مین صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث کا یہ مطلب بھی گذر چکا ہے کہ صبر و تحمل کو کام مین لاکر جو شخص اپنی کسی سختی کی کشایش کا بھروسہ اللہ پر کریگا اور اپنی اس کشایش کو اللہ کی مرضی پر منحصر رکھے گا تو اس سے بڑھ کر کوئی اچھی چیز دنیا مین آدمی کے لئے نہیں ہے ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ مشرکین مکہ نے لڑائی کے شروع ہونے سے پہلے مغرور پنے اور اترانے کی باتین جو مونہہ سے نکالی تھین انکی وہ باتین اللہ تعالی کو ناپسند ہوئین اسواسطے اللہ تعالی نے ان لوگون کے غرور کو یون ڈبایا کہ اس لڑائی مین انکو بڑی بھاری شکست ہوئی اور مسلمانون نے اپنی لڑائی کا انجام اللہ کو سونپا تھا اس لئے اللہ تعالی نے طرح طرح سے اونکی مدد فرمائی جسکے سبب سے اونکو بہت بڑی فتح نصیب ہوئی اور دین اور دنیا مین اونکی عزت اور آبرو بڑھی مسند امام احمد مین جابرؓ کی صحیح حدیث سے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدر کی لڑائی مین جتنے صحابہ موجود تھے قیامت کے دن اون مین سے کوئی شخص دوزخ مین نہ جاویگا صحیح بخاری مین رفاعہ بن رافع کی حدیث ہی جسمین جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ جسطرح بدری صحابہ کو زمین پر عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے آسمان پر اسی طرح اون فرشتونکا حال ہے جو بدر کی لڑائی مین لشکر اسلام کی مدد کو آئے تھے یہ حدیثین اور اسی قسم کی اور حدیثین ہین جن سے بدری صحابہ کی دین و دنیا کی عزت اور آبرو کا حال معلوم ہوتا ہے۔

منزل ۲

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ

اور جب کبھی تو دیکھے جسوقت جان لیتے ہین کافرونکے فرشتے مارتے ہین انکے منہ پر اور پیچھے اور چکھو

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ

عذاب جلنے کا یہ بدلا ہے اوسی کا جو تم نے بھیجا اپنے ہاتھون اور اسواسطے کہ اللہ ظلم نہین کرتا بندونپر

تفسیر ابن ابی حاتم وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہی کہ جب مشرکین مسلمانون کی طرف مونہہ کرتے تھے تو سامنے سے مسلمانون کی تلوار پڑتی تھی اور جب پیٹھ پھیرتے تھے تو فرشتے پیچھے سے مارتے تھے بدر کی لڑائی مین جو مشرک مارے گئے یہ تو اوپر فرشتون کی مار کے پڑنے کا حال ہی عام مشرکون کا بھی یہی حال ہے کہ اللہ کے فرشتے جب اونکی روح قبض کرنے آتے ہین تو اونکو مارتے پیٹتے ہین اور کہتے ہین کہ اب عذاب الہی کا مزا چکھو چنانچہ ایک جگہ ابوداؤد اور مسند امام احمد کے حوالہ سے براء بن عازب کی ایک صحیح حدیث اس باب مین گذر چکی ہی جسمین اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ دنیا مین جو کچھ یہ لوگ کرتے تھے یہ اسی کا

عوض اور خمیازہ ہے اللہ نے کوئی ظلم اپنپر نہیں کیا کیونکہ اوسکی عادت ظلم کی نہین ہے وہ ظلم سے بالکل پاک ہی صحیح مسلم مین ابوذرؓ کی ایک حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ پاک نے ظلم کو اپنی ذات پر حرام کیا ہی اور تمہارے واسطے بھی اوسکو حرام کردیا ہے اسلئے تم آپس مین ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرؓ اور ابوہریرہؓ کی روایتین اوپر گذر چکی ہین کہ اللہ تعالی کو انسان کا اترانا بہت ناپسند ہی اور اوپر کی آیتون مین مشرکین مکہ کے اترانے کا حال بھی گذر چکا ہے اون آیتون حدیثون اور ابوذرؓ کی اوپر کی حدیث کو اس آیۃ کے ساتھ ملانے سے آیۃ کی تفسیر کا یہ حاصل مطلب ہے کہ مشرکین مکہ نے لڑائی کے شروع ہونے سے پہلے اترانے کی باتین کی تھین اور انسان کا اترانا اللہ تعالی کو بہت ناپسند ہی اسلئے اللہ تعالی نے ان اترانے والونکو یہ سزا دی کہ اس لڑائی مین آدمی اور فرشتے دونون کے ہتیارون کا اونہین نشانہ بنایا اسیواسطے فرمایا کہ اللہ تعالی نے اوپر کچھ ظلم نہین کیا بلکہ اون لوگون نے جیسا کیا اوسکا بدلہ پایا۔

كَدَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ

جیسے دستور فرعون والون کا اور جو انسے پہلے تھے منکر ہوئے اللہ کی باتون پر سے سو پکڑا اونکو اللہ نے

بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

اُنکے گناہون پر اللہ زور آور ہے سخت عذاب کرنے والا

منزل ۲ اللہ پاک نے کفار بدر کی عذاب کے ذکر فرمانے کے بعد مشرکون کو پہلی امتون کا عذاب یاد دلاکر فرمایا کہ ان مشرکین مکہ کو جو پہنچے انکی گمراہی اللہ کی آیتون اور اسکے رسول کے جھٹلانے کے سبب سے بدر کی لڑائی مین ہلاک کردیا یہ کوئی نئی بات نہ تھی بلکہ ہمیشہ سے یہی عادت الٰہی ہے کہ جو قومین انسے پہلے ہوگذرین جو کفر کرتی گئین اور اونھون نے اللہ کی آیتون کو جھٹلایا پھر اس خطا پر اللہ نے اونہین پکڑ لیا اللہ پاک بہت ہی قوی ہی اسکی گرفت سے کوئی نہین بچ سکتا ہی اور اسکا عذاب بھی بہت سخت ہے اوس سے کوئی بھاگ بھی نہین سکتا ہے معتبر سند سے مستدرک حاکم مین ابوہریرہؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین مکہ کے بڑون مین ایک شخص عمرو بن لحی تھا پہلے پہل اوسنے ملت ابراہیمی کو بدلکر مکہ مین بت پرستی پھیلائی اور جب سے پشت در پشت مکہ مین بت پرستی چلی آتی ہے اس حدیث کو آیت کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب ہوا کہ مشرکین مکہ کی کئی پشت سے مکہ مین بت پرستی چلی آتی تھی اسلئے وہ لوگ اسکو ایک قدیمی بات سمجھتے تھے اور اوسکی حمایت مین قرآن اور اللہ کے رسول کو جھٹلانا ایک معمولی بات جانتے تھے حاصل یہ ہی کہ جس طرح ایک تاریخی ثبوت کے طور پر یہ لوگ عمرو بن لحی کے زمانے سے بت پرستی کی قدامت نکالتے تھے اور اوسکے مقابلہ مین شریعت الٰہی کو ایک جدید چیز جانکر اوسے جھٹلاتے تھے اوسی طرح تاریخی ثبوت سے اللہ تعالی نے بدر کی لڑائی سے بچے ہوئے مشرکون کو اس آیۃ مین قائل کیا اور فرمایا کہ عمرو بن لحی کا زمانہ تو کل کی بات ہی پہلے صاحب شریعت نبی نوح علیہ السلام کے زمانہ سے اگرچہ یہ بت پرستی کی بلا چلی آتی ہے لیکن کسی زمانہ مین اسکی قدامت کو اللہ تعالی نے قائم نہین رکھا بلکہ نوح علیہ السلام کے زمانے سے لیکر فرعون

کے زمانہ تک جس جس قوم میں یہ شرک کا جرم پھیلا اللہ تعالی نے اس جرم کی سزا مین اون سب قومون کو طرح طرح کے عذابون سے ہلاک کردیا اس بدر کی لڑائی مین بھی ان مشرکین مکہ کے بڑے بڑے سرکشون نے قتل اور قید کی ذلت جو اوٹھائی وہ بھی پہلے کے موافق اسی جرم کی سزا تھی - اس لڑائی میں اس جرم کے جو مجرم ذلت سے بچ گئے ہیں اون مین سے جو لوگ اس جرم سے آیندہ باز آئے وہ تو ذلت سے بچ جاوینگے اور جو اس جرم مین گرفتار رہے آنکے نصیب مین اخر کو یہی ذلت لکھی ہے اللہ سچا ہے اور اُسکا کلام سچا ہے فتح مکہ تک مشرکین مکہ مین سے جو لوگ شرک چھوڑکر دائرہ اسلام مین داخل ہوگئے وہ ذلت سے بچ گئے اور جو اپنی قدیمی حالت پر رہے اونھون نے نہایت ذلت سے آخر کو اپنی بستی اہل اسلام کے قبضہ مین دیدی اور سوا شرک کے چھوڑنے اور اسلام قبول کرنے کے انکو اور کچھ بن نہ آیا اس سے بڑھکر مشرکین مکہ کی اور کیا ذلت ہوسکتی ہے کہ مکہ اور اطراف مکہ میں اُن کے تین سو ساٹھ بت جو رکھے تھے جنکو یہ مشرک لوگ اپنا معبود جانتے تھے فتح مکہ کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ مین کی لکڑی مار مار کر اون بتون کو گرادیا اور کوئی مشرک اپنے ان معبودون کی کچھ حمایت نہ کرسکا صحیح بخاری میں عبداللہ بن مسعود اور صحیح مسلم مین ابوہریرہ سے جو روایتین ہیں اُنمین ان بتون کے گرانے کا پورا قصہ ہے -

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

یہ اسپر کہا کہ اللہ بدلنے والا نہیں نعمت کو جو دی تھی ایک قوم کو جب تک وہ نہ بدلین اپنے جیون کی بات اللہ

منزل ۲ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

سنتا ہے جانتا جیسے دستور فرعون والونکا اور جو انسے پہلے تھے جھٹلایا بتین اپنے رب کی پھر کھپا دیا ہمنے اونکو

بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

گناہون پر اور ڈبو دیا فرعون والون کو اور وہ سارے ظالم تھے

اللہ پاک نے اس آیۃ مین یہ فرمایا کہ ان کفار پر جو عذاب آیا جنگ بدر میں قتل و غارت ہوئے مسلمانون کی قید مین آئے انکے مال لوٹ لئے گئے اس کا سبب یہ ہے کہ اُنھون نے اپنی حالت خود بدل دی عمرو بن لحی نے ملت ابراہیمی کو بدل کر مکہ مین بت پرستی پھیلائی جسمین انکے بڑے مبتلا ہوئے حال کے لوگ اپنے بڑونکے قدم بقدم چلے اوسپر اللہ تعالی نے اپنی بردباری سے فوراً انکو ہلاک نہین کیا بلکہ انکی حالت کو درست کرنے کے لئے نبی آخرالزمان کو بھیجا قرآن نازل فرمایا تفسیر سدی اور تفسیر ابن ابی حاتم مین جو روایتین ہین اُن مین ہے کہ یہان نعمت سے مطلب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہین کیونکہ اللہ پاک نے یہ نعمت اہل مکہ کو دی تھی آپکو رسول بنا کر ان لوگون مین بھیجا تھا ان لوگون نے آپکی کچھ قدر نہ کی آپکے ساتھ بدسلوکی سے پیش آئے اسلئے اللہ پاک نے اپنے رسول کو مکہ سے مدینہ انصار کے پاس بھیجدیا اسکے بعد پھر اہل مکہ پر بدر کی آفت آئی کسلئے کہ اللہ پاک ہر ایک قوم کی بات کو سنتا ہے اور ہر شخص کے عمل کو جانتا ہے پھر بطور تاکید کے قوم فرعون اور پہلی امتون کا حال بیان فرمایا کہ انہین کفار کی طرح فرعون اور دوسری امتون کے پاس بھی اللہ تعالی نے رسول بھیجے اور کتابین اوتارین خیر و برکت کا دروازہ اونپر کھولدیا

طرح طرح کی نعمت انکو عطا کی مگر اون لوگون نے اوسکا شکر نہ ادا کیا بلکہ اللہ کے رسولون اور اللہ کے کلام کو جھٹلایا اسلئے اللہ نے اونہیں ہلاک کر دیا کسی کو آدمی سے بندر بنا دیا کسی پر پتھر برسائے اور سب سے آخر پر فرعون کو دریا میں غرق کر کے ہلاک کیا اسی طرح ان کفار مکہ کو تلوار سے قتل کرا دیا یہ کل قومین جو اپنے ہی کردار بد کی وجہ سے ہلاک ہوئین یہ سب کے سب ظالم تہین اپنی جانون خود اونھون نے ظلم کیا اور دوسرونپر بھی یہ ظلم کیا کہ اونہیں گمراہ کر دیا جس طرح عمرو بن لحی نے مکہ مین بت پرستی نکالی جس سے خود بھی گمراہ ہوا اور دوسرونکو بھی گمراہ کیا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی یہ نہیں چاہتا کہ کسی قوم کو جو نعمت عطا کر چکا بغیر کسی ناشکری کے اوس قوم سے وہ نعمت چھین لیوے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو موسی اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی سے بڑھکر کوئی بردبار نہین ہے لوگ اسکی عبادت مین اورونکو شریک ٹھہراتے ہین اور اوسکو صاحب اولاد کہتے ہین اور وہ اپنی بردباری سے اُنکی صحت عافیت اور رزق کے انتظام میں کچھہ خلل نہیں ڈالتا اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملا کر یہ مطلب ہوا کہ اگرچہ عمرو بن لحی کے زمانہ سے مشرکین مکہ نے اللہ کے گھر میں شرک پھیلا رکھا تھا لیکن اللہ تعالی نے اپنی بردباری سے بدر کی لڑائی تک اون پر کوئی آفت نازل نہین فرمائی ہان جب دن بدن اونکی سرکشی بڑھتی گئی تو بدر کی لڑائی مین اللہ تعالی نے اونکی سرکشی کو ڈھایا پچھلی قومون کی ہلاکت مین فرعون اور اوسکی قوم کی ہلاکت سب سے آخر ہے جسکے سبب سے عرب کے کان اس قصہ سے زیادہ آشنا تھے اس لئے پہلی آیۃ اور اس آیۃ مین اس قصہ کا ذکر تنبیہ کے طور پر دو دفعہ فرمایا

منزل ۲

إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ

بدتر سب جانداروں مین اللہ کے ہان وہ ہیں جو منکر ہوئے پھر وہ نہین مانتے جنسے تو نے اقرار کیا ہے اونمین پھر

يَنقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ۝ فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ

وہ توڑتے ہیں اپنا اقرار ہر بار اور ڈر نہین رکھتے سو اگر کبھی تو پاوے اونکو لڑائی مین تو ایسی سزا دے

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوْمٍ خِيَانَةً فَانبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ

اُنکے پچھلے شاید وہ عبرت پکڑین اور اگر تجھکو ڈر ہو ایک قوم کی دغا کا تو جواب دے اونکو برابر کے برابر اللہ کو خوش نہیں آتی دغا باز

تفسیر ابن ابی حاتم میں مجاہد سے اور تفسیر ابو الشیخ مین سعید بن جبیر سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اوسکا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت اور یہود بنی قریظہ کا یہ معاہدہ تھا کہ نہ وہ لوگ آنحضرت سے لڑین گے نہ مسلمانون کے دشمن کو مدد دین گے پہلے اونھون نے خلاف معاہدہ کر کے مشرکین مکہ کو ہتیارون کی مدد دی اور جب اون سے پوچھا گیا تو معاہدہ کے یاد نرہنے کا عذر کیا پھر دوبارہ معاہدہ کیا اور پھر معاہدہ کے برخلاف تمام قبائل عرب کو بھکا کر خندق کی لڑائی مین چڑھا لائے اِن مین ایک شخص کعب بن اشرف شاعر بڑا شریر تھا مسلمانون کی ہمیشہ ہجو کیا کرتا تھا یہ وہی کعب بن اشرف ہے جس نے مشرکین مکہ سے یہ کہا تھا کہ تمہارا دین مسلمانون کے دین سے اچھا ہے محمد بن مسلمہ صحابی نے اسکو خاص طور پر اسکے

اگر جاکر قتل کیا اور نو سو کے قریب بنی قریظہ کے لوگ جو تھے خندق کی لڑائی کے متصل ایک بڑے محاصرہ کے بعد سب کے سب انکی گڑھی سے اوتار کر ایک دم مسلمانون نے قتل کر ڈالا اور کعب بن اشرف اور بنی قریظہ کے قتل کا قصہ تفصیل سے بخاری مین مذکور ہے اسے بنی قریظہ کی بد عہدی کے ذکر مین اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین یہ کعب بن اشرف کے قتل کا قصہ تو صحیح بخاری مین جابر بن عبداللہ کی روایۃ سے ہے یہ قتل ۴ھ ہجری میں ہوا ہے بنی قریظہ کے قتل کا حکم سعد بن معاذ کے فیصلہ کے موافق جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے اسکا ذکر صحیح بخاری مین حضرت عائشہ کی روایۃ سے ہے - اکثر سلف کا یہ قول ہے کہ بنی قریظہ کی تعداد نو سو کے قریب تھی - معتبر سند سے ترمذی نسائی اور صحیح ابن حبان مین جابر رض کی روایۃ سے بنی قریظہ کی تعداد چار سو کی جو آئی ہے اسکے معنے علمانے یہ بیان کئے ہین کہ یہ تعداد اون مین کے جوان آدمیونکی ہے یہ بنی قریظہ کا قتل ۴ھ ہجری مین ہوا ہے کیونکہ خندق کی لڑائی اسی ۴ھ مین ہے اور اسی لڑائی سے واپس ہونے کے بعد بنی قریظہ پر چڑھائی ہوئی چنانچہ حضرت عائشہ کی صحیح بخاری کی روایۃ مین ہے کہ خندق کی لڑائی سے واپس ہوکر ابھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہتیار کھولکر فقط غسل کیا تھا کہ اتنے مین حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور بنی قریظہ پر چڑھائی کرنے کا حکم اونھون نے سنایا بنی قریظہ کی چڑھائی کے وقت کی عبداللہ بن عمر کی وہ حدیث ہے جسمین بنی قریظہ کے مقام پر جلدی پہونچ جانے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے یہ فرمایا ہے کہ عصر کی نماز بنی قریظہ کے مقام سے ورے نہ پڑھی جاوے - بخاری مین اس نماز کے ساتھہ عصر کا لفظ ہے اور مسلم مین ظہر کا ان دونون روایتون کی مطابقت علمانے یون بیان کی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے بنی قریظہ کی چڑھائی کا حال سنکر بنی قریظہ کے مقام پر روانہ کرنے کو جب آنحضرت صلی اللہ وسلم نے صحابہ کی طلبی کا حکم دیا تو بعضے صحابہ ظہر سے پہلے حاضر ہوگئے اور بعضے ظہر کے بعد آئے جو صحابہ ظہر سے پہلے آئے تھے اونکو آپنے بنی قریظہ کے مقام پر ظہر کی نماز پڑھنے کا حکم دیا اور جو صحابہ ظہر کی نماز کے بعد آئے تھے اونکو عصر کی نماز کا - اس حکم کی تعمیل میں صحابہ کا اختلاف بھی ظہور مین آیا بعضون نے وقت پر نماز راستہ مین پڑھ لی اور حکم کا مطلب یہ سمجھا کہ اس سے بنی قریظہ کے مقام پر جلدی پہونچ جانا مقصود ہے اور بعضون نے بنی قریظہ کے مقام پر پہونچ کر بے وقت نماز پڑھی مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونو گروہ مین سے کسی کو کچھہ اولا ہنا نہیں دیا کیونکہ ان دونو گروہ کی نیت بخیر اور دونو کو اطاعت حکم رسول کا خیال تھا بعضے علمانے لکھا ہے کہ ان دونون گروہ مین سے فضیلت اون صحابہ کو ہے جنھون نے نماز کے وقت پڑھنے کے حکم اور بنی قریظہ کے مقام پر جلد پہونچ جانے کے حکم ان دونون حکمون کو مدنظر رکھا شان نزول کی روایۃ مین تفسیر ابو الشیخ کا حوالہ جو اوپر گذرا یہ ابو الشیخ ابن حبان قدیم مفسرون مین ابن مردویہ اور حاکم کے رتبہ کے مفسر ہین اور اونکی تفسیر کا شمار روایتی تفسیرون مین ہے روایتی تفسیرون وہ ہین جنکا مدار صحابہ تابعین اور تبع تابعین کے اقوال پر ہے ان تفسیرون مین سے تفسیر ابن جریر مین یہ ایک بات زیادہ ہے کہ چند قولون مین سے ایک قول کی ترجیح بھی حافظ ابو جعفر ابن جریر نے اپنی اس تفسیر مین بیان کردی ہے حاصل مطلب ان آیتونکا یہ ہے کہ ہر انسان کو اپنے عہد کا پورا کرنا اور اوسکو نباہنا لازم ہے کعب بن

منزل ۲

اشرف کے گروہ بنی قریظہ نے جو بدعہدی کی اور اونکے سردار کعب بن اشرف نے عہد کے برخلاف مشرکین مکہ کو مسلمانونپر چڑہائی کے لئے آمادہ کیا تو یہ لوگ شان انسانیت سے خارج اور اللہ تعالی کے نزدیک سب جانداروں سے بدتر ہیں اس لئے لڑائی میں ایسے لوگونپر جب قابو پالیا جاوے تو اُنکو ایسی سخت سزا دی جاوے کہ اہل مکہ جو مخالفت اسلام میں ان بنی قریظہ کے پیرو اور قدم بقدم ہین وہ بھی عبرت پکڑین اور بدعہدی سے دور بھاگین اور علاوہ اس قوم کے جس قوم سے عہدی کا اندیشہ ہو تو اسے رسول اللہ کے ایسی دغاباز قوم سے عہد کا قائم رکھنا جانا اللہ تعالی کو پسند نہین ہے اسلئے ایسی قوم کو عہد کے قایم نہ رہنے کی اطلاع دیدی جاوے تاکہ بدعہدی کا دھبہ کا باقی نہ رہے حاصل کلام یہ ہے کہ اگر کسی قوم سے بدعہدی کا فقط اندیشہ ہو تو آیندہ ایسی قوم سے عہد قائم نہ کیا جاوے اور اگر کوئی قوم عہد کے بعد کھلم کہلا بدعہدی کر بیٹھے جسطرح مثلاً بنی قریظہ کی بدعہدی کا ذکر اوپر گذرا یا مثلاً مشرکین مکہ نے صلح حدیبیہ کی شرط کے برخلاف بدعہدی کی جسکا مفصل ذکر صلح حدیبیہ مین سورہ انا فتحنا کی تفسیر مین آویگا اور کچھ ذکر اسکا سورہ توبہ کی تفسیر مین بھی ہے تو ایسی صورت مین عہد کے ٹوٹ جانے کی اطلاع ضرور نہین بلکہ ایسی صورت مین بدعہد قوم پر چڑہائی کا حکم ہے اسلئے بنی قریظہ پر اور فتح مکہ کے وقت مشرکین مکہ پر بغیر کسی اطلاع کے شروع سے لشکر اسلام کی چڑہائی عمل میں آئی سورۃ النساء مین گذر چکا ہے کہ بنی قریظہ کے سردار کعب بن اشرف نے مکہ جاکر مشرکین مکہ کو مسلمانون پر چڑہائی کرنے کی ترغیب دلائی تہی اور اسی ترغیب کی بنا پر مشرکین کہ خندق کی لڑائی کے وقت چڑہائی کرکے آئے تھے سیو اسطے ان آیتون مین مشرکین مکہ کو بنی قریظہ کے پچھلے فرمایا جسکا مطلب یہ ہے کہ خندق کی لڑائی کے وقت بنی قریظہ کا سردار کعب بن اشرف اور اوس کے ساتھی گویا اس لڑائی کے بانی تھے اور مشرکین مکہ ان کے پیرو اور پچھلے تھے۔ منزل ۲

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ۝ وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ

اور یہ نہ سمجھین منکر لوگ کہ وہ بھاگ نکلے وہ تکا نہ سکین گے اور سرانجام کرو انکی لڑائی کو جو پیدا کرسکو

وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ ۖ

زور اور گھوڑے پالنے کہ انسے دہاک پڑے اللہ کے دشمنون پر اور تمہارے دشمنون پر اور ایک لوگونپر سوائے انکے جنکو تم نہین

اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ۝

جانتے اللہ اونکو جانتا ہے اور جو خرچ کروگے اللہ کی راہ مین پورا ملے گا تمکو اور تمہارا حق نہ رہے گا

اللہ پاک نے اس آیۃ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تسلی فرمائی کہ جنگ بدر سے جو کفار بچکر بھاگ نکلے ہین یہ خیال نہ کیا جاوے کہ اُنپر پھر کوئی موقع ہاتھ نہ آویگا کیونکہ یہ لوگ اگرچہ اب بچ گئے ہیں مگر اللہ کو وہ عاجز نہیں کرسکتے وہ ہر وقت اللہ کے قبضہ مین ہیں تم انکے واسطے سامان جنگ طیار رکھو اور جہان تک ممکن ہو تیر اندازی کے ہنر کی مشاقی کرو آیۃ مین جو من قوۃ کا لفظ ہے اُسکی تفسیر یہ بیان کی گئی ہے کہ قوۃ سے مطلب تیر اندازی ہے عقبہ بن عامر کی حدیث جو مسلم و ابن ماجہ و ابوداؤد میں ہے اوس سے

بھی یہی معلوم ہوتا ہی کیونکہ اوس مین عقبہ بن عامر کہتے ہیں کہ مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا ہی کہ قوۃ تیراندازی کا نام ہی اور دوبارا اسی طرح آپ نے فرمایا حضرت عبداللہ بن عباس کا بھی یہی قول ہی کہ قوت تیراندازی اور لڑائی کے ہتیارون کے فراہم کرنیکو کہتے ہین پہر اللہ جل شانہ نے تیراندازی اور باقی سامان جنگ کی تیاری کے بعد گھوڑونکا ذکر فرمایا کہ لڑائی کے واسطے گھوڑے بھی پالو بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ کی ایک روایۃ ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض شخصونکے لئے گھوڑا اجر ہی اور بعضون کیواسطے پردہ اور بعضونکے لئے گناہ ہی جس شخص کیواسطے گھوڑا اجر ہی وہ شخص ہی جس نے خدا کیواسطے کسی چراگاہ یا باغ مین گھوڑا باندہ رکھا ہے وہ جو کچھہ وہان سے کہاتا پیتا ہے وہ سب اُس شخص کی نیکیون مین شمار ہوتا ہی اور لید اور پیشاب تک اُس شخص کے حق مین حسنات ہونگے اگر وہ گھوڑا کسی نہر مین آپسے پانی پی لیگا تو وہ بھی اُسکی نیکی مین لکھا جاویگا۔ اور جس شخص نے گھوڑا اسلئے باندہ رکھا ہی کہ خدا نے اُسکو دولت دی ہی اسلئے اُس نے گھوڑا پال لیا مگر ساتہ اُسکے وہ خدا کا بھی حق نہین بھولا ہی موقع کے ظاہر ہونے پر خدا کا بھی خیال دلمین رکہتا ہی اسکے واسطے یہ گھوڑا پردہ ہی اور جس نے محض دنیا کے دکھاوے کو گھوڑا رکہا ہی اُسکے لئے وہ گھوڑا گناہ ہی خدا کی راہ مین گھوڑے پالنے کے اجر کی اور بھی صحیح حدیثین ہین پہر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ اللہ تعالی نے سامان جنگ اور گھوڑے باندہنے کا اسلئے حکم دیا کہ تمہارے دشمنون کے دلون مین رعب پیدا ہو دشمنون کی۔ تفسیر مین مفسرین کا یہی قول ہے کہ مشرک اور کافر وغیرہ سب عرب کے کفار مراد ہین پہر یہ فرمایا کہ ان کفار کے سوا اور بھی لوگ ہین جنکو تم نہین جانتے ہو اللہ کو انکا علم ہے بعضے سلف نے کہا ہے کہ یہ لوگ یہود اور فارس و روم کے لوگ ہین اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ منافق منزل ۲ ہین جنکے باب مین اللہ نے یہ فرمایا کہ مین انہین جانتا ہون تم نہین جانتے اور بعضے مفسر یہ کہتے ہین کہ یہ لوگ خاص نبی قریظہ ہین مگر اسکو خدا ہی کے علم پر موقوف رکہنا بہتر ہی کیونکہ اللہ پاک نے خود حضرت کو فرمایا کہ تم انکو نہین جانتے پہر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ یہ خدا کی راہ مین تمہارا خرچ کرنا برباد نہین جائے گا اس کا پورا پورا بدلا آخرت مین تمہین ملیگا ذرہ برابر ظلم نہ ہوگا بلکہ سات سو تک اجر زیادہ ملیگا چنانچہ اسکا ذکر سورہ بقر کی تفسیر مین گذر چکا ہے ان آیتون مین اللہ تعالی نے اپنے رسول کی تسلی جو فرمائی اوسکا ظہور یہی وقت مقررہ پر یون ہوتا رہا کہ جو مشرکین مکہ بدر کی لڑائی مین بچ گئے تھے اون مین کے کچھہ تو فتح مکہ سے پہلے مسلمانون کے ہاتہہ سے مارے گئے چنانچہ احد کی لڑائی مین جب تک اللہ کے رسول کا بتلایا ہوا پہاڑ کا ناکہ مسلمان تیراندازون نے نہیں چھوڑا تھا اوسوقت تک اس لڑائی مین مسلمانون کا ایسا غلبہ تھا کہ اور دشمنون کے علاوہ دشمنون کے نو نشان بردار طلحہ بن عثمان وغیرہ مسلمانون کے ہاتہہ سے مارے گئے آخر یہ سب بدر کی لڑائی مین کے بچے ہوئے لوگ تھے بدر کی لڑائی مین کے بچے ہوئے مشرکون مین سے جو لوگ فتح مکہ تک مسلمانون کے ہاتہہ سے مارے نہین گئے فتح مکہ پر آخر وہ عاجز ہوکر دائرہ اسلام مین داخل ہوگئے چنانچہ وہ ابوسفیان جسکے قافلہ کے سبب سے بدر کی لڑائی ظہور مین آئی فتح مکہ پر مسلمان ہوکر صحیح بخاری کی براء بن العازب کی روایۃ کے موافق حنین کی لڑائی مین خدمتگارون کی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے خچر کی باگ پکڑکر اون ابوسفیان نے اللہ کے رسول کا ساتہہ دیا سورہ بقر کی جس

آیۃ کا حوالہ اوپر گذرا وہ آیۃ الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ ہے جسمین ایک نیکی کا اجر سات سو نیکیون تک کا ہے لیکن اس سے بھی زیادہ اجر کے ملنے کا وعدہ جو اللہ تعالی نے فرمایا ہے اُس کی تفصیل سورہ بقر کی آیۃ من ذالذی یقرض اللہ قرضا حسنا کی تفسیر مین گذر چکی ہے ۔

وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ وَإِن يُرِيدُوا

اور اگر وہ جھکین صلح کو تو تو بھی جھک اسی طرف اور بھروسہ کرو اللہ پر بیشک وہی ہے سنتا جانتا اور اگر وہ چاہین

أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ

کہ تجکو دغا دین تو تجکو بس ہے اللہ اوسی نے تجکو زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانون کا اور اُنکے دل مین الفت ڈالی

لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

اگر تو خرچ کرتا جو سارے ملک مین ہے تمام نہ الفت دے سکتا اونکے دل مین لیکن اللہ نے الفت ڈالی اُنمین بیشک وہ زور آور

اللہ پاک اس آیۃ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتا ہی کہ اگر کفار صلح کا پیغام دین اور لڑائی سے بچین تو صلح کرلو اسیواسطے حدیبیہ کی صلح کے وقت جب مشرکین مکہ نے صلح چاہی اور دس برس تک جنگ کی موقوفی کی درخواست کی تو اللہ کے رسول نے اوس صلح کے پیغام کو مان لیا اور جو جو شرطین اونھون نے پیش کین اونھین قبول کرلیا مسند امام احمد مین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث ہی کہ جب اختلاف ہوتا دکھلائی دے تو اگر تجھ سے صلح ہوسکے تو کرلے صحیح بخاری و مسلم مین صلح حدیبیہ کی جو روایتین ہین اُنسے حضرت علی کی روایۃ کی پوری تقویت ہوتی ہے کیونکہ صلح آپس کا اختلاف رفع کرنے کے لئے ہوئی ہی حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ یہ آیۃ قاتلوا الذین لا یومنون باللہ سے منسوخ ہے اور مجاہد بھی کہتے ہین کہ یہ آیت فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموہم سے منسوخ ہے مگر جمہور علما کا قول یہ ہی کہ یہ آیۃ منسوخ نہین ہی بلکہ دونو آیتین درگزر اور لڑائی کی آیتونکی طرح اپنی اپنی جگہ ہین چنانچہ ایسا ہی ہوتا رہا ہی اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح جایز رکھی ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ مین ایسا ہی کیا تھا جیسا کہ اوپر گذرا پھر اللہ جل شانہ نے فرمایا کہ اس صلح مین خدا ہی پر بھروسہ رکھو اگر اس صلح سے اُنکا کوئی اور مطلب ہی تو خدا اُنکے قول کو سنتا ہی اور اونکی نیتونکو جانتا ہی اسلئے اگر اونکا ارادہ اس صلح سے یہ ہی کہ تھوڑے روز تک جنگ موقوف کرکے قوت پکڑجاوین اور بہت سا سامان مہیا کرکے پھر لڑائی پر آمادہ ہون تو خدا نے تمھین بدر کی لڑائی کے وقت اپنی مدد بھیجکر فتح یاب کیا ہی اور ہمیشہ ہر کام مین مدد کرتا رہا ہی پھر اُسکے بعد اللہ جل شانہ نے اپنی اُس تائید کا ذکر فرمایا جو اُس نے اپنے بندون کے ذریعہ سے پہونچائی چنانچہ فرمایا کہ خود اللہ تعالی جو کچھ مدد پہونچاتا رہتا ہے وہ تو پہونچتی ہی ہے مگر انصار جو ایمان لاکر تمھارے ساتھ ہوگئے اور ہر ایک کام مین تمھارے قوت بازو بن گئے اور تمھاری اطاعت مین ہمیشہ سرگرم ہین یہ اللہ کی تائید ہے اللہ نے ان مین اتفاق پیدا کردیا اُنکے آپس کے نفاق اور آئے دن کی خانہ جنگیان انکی پشتہا پشت کی مخالفت کچھ ایسی نہ تھی جو آسانی سے رفع ہوجاتی اگر دنیا بھر کی دولت انکی تالیف کے واسطے خرچ کیجاتی اور بڑی

منزل ۲

ے حکمت دل

سی بڑی قوت صرف کیجاتی جب بھی انکا قدیمی بغض رفع دفع نہ ہوتا حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ یہ لوگ انصار میں کے قبیلہ اوس اور قبیلہ خزرج ہیں انکی آپس کی دشمنی ایام جاہلیت میں اس حدتک پہونچ گئی تھی کہ ایک دوسرے کے خون کا پیاسا تھا اور بڑی بڑی لڑائیاں ان دونو قبیلونمین ہوچکی تھین ایک سو بیس برس سے یہ بغض چلا آتا تھا مگر اللہ نے انکے دلون کو نور ایمان سے منور فرماکر سارے گروہ کو ایک اسلام کے راستہ پر لگا دیا اور ایک کو دوسرے کی وہ محبت دی کہ بھائی بھائی بن گئے اور سب کے سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نئے جان اور مال فدا کرنے پر آمادہ ہوگئے یہ قدرت خدا ہی کی تھی اسکا ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک معجزہ شمار کیا جاتا ہی اوس اور خزرج کا یہ حال سورہ آل عمران میں گذر چکا ہی علاوہ ان دو قبیلون کے عرب کے اور قبیلون میں بھی باہم کوئی ہمدردی نہ تھی ایک کا مال دوسرا چھین کر کھالیتا تھا اور مالک مال کا خون کردیتا کچھ بڑی بات نہ سمجھتا تھا مگر اللہ پاک نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیج کر ان لوگون کی سخت دلی کو نرم دلی سے بدل ڈالا اور انمین وہ محبت کا مادہ پیدا کردیا کہ جسکے بیان کرنے کیلئے ایک دفتر درکار ہی اور پھر اونھونے ایک دل ہوکر جو کارنمایان کئے وہ صفحہ ہستی پر یادگار رہیں جو قیامت تک باقی رہیں گے اونکی مثالین شاید ڈھونڈنے سے بھی کسی اور قوم میں نہ ملینگی یہ آیت اس بات کی دلیل ہے کہ ہر ایک شخص کے دل پر اللہ کا پورا پورا قبضہ واختیار ہی ہر ایک کا دل اوسکے ہاتھ میں ہی وہ جدہر پھیرنا چاہے گھڑی بھر میں پھیردے معتبر سند سے نسائی مین ابن مسعودؓ کی ایک حدیث ہے کہ یہ آیۃ اُن لوگون کی شان مین اتری ہی جو آپس میں محض خدا کے واسطے محبت رکھتے ہیں اور کوئی غرض دنیا کی اس محبت سے نہیں رکھتے حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے طبرانی میں سلمان فارسی سے ایک روایت ہی کہ جب ایک مسلمان کسی دوسرے اپنے مسلمان بھائی سے ملتا ہی اور مصافحہ کرتا ہی تو اوسکے گناہ مثل پتون کے جھڑتے ہیں جسکا مطلب یہ ہی کہ جسطرح درخت کے خشک پتے آندھی سے جھڑتے ہیں اسی طرح اُن دونون کے گناہ جھڑتے ہین عبدہ بن ابی لبابہ کہتے ہین کہ ایک روز مجاہد سے میری ملاقات ہوئی اور اونھون نے میرا ہاتھ پکڑکر کہا کہ جب دو شخص جنکے دلون مین محض خدا کے واسطے محبت ہی ایک دوسرے سے ملتا ہے اور ایک کا ایک ہاتھ پکڑتا اور مصافحہ کرتا ہی تو انکے گناہ ایسے جھڑتے ہین جیسے درخت سے پتے معتبر سند سے اسی مضمون کی حدیث اوسط طبرانی میں حذیفہؓ بن الیمان کی روایۃ سے بھی ہے جس سے سلمان فارسی کی روایۃ کو تقویۃ ہوجاتی ہے عبدہ بن ابی لبابہ نے کہا کہ پھر تو گناہون کے معاف ہوجانے کے لئے یہ بہت آسان ہوا اسکا مجاہد نے یہ جواب دیا کہ ایسا نہ کہو خدا نے آنحضرت کو فرمایا ہی لو انفقت مافی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم عبدہ کہتے ہیں کہ مین نے اسی روز سے جانا کہ مجاہد مجھسے زیادہ عالم ہین پھر اللہ پاک نے اپنی صفت بیان کی کہ اللہ سب چیزونپر غالب ہی جس بات کا ارادہ کرتا ہی اوسمین کسی قسم کی دشواری نہیں ہوتی اور حکیم ہے اوسکی کوئی بات حکمت سے خالی نہین ہے یہ عبدہ بن ابی لبابہ قتادہ کے ہم رتبہ ثقہ تابعی ہیں صحاح کی کتابون میں انسے روایتین ہین صحیح بخاری و مسلم مین عبداللہ بن زید بن عاصم کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا کہ قدیمی عداوت کے سبب سے تم لوگونمین پھوٹ پڑی ہوئی تھی اللہ کے رسول کے مدینہ مین آنے کی برکت سے وہ تمہاری آپسکی پھوٹ جاتی رہی سورہ آل عمران

منزل ۲

ہین جو قبیلہ اوس وخزرج کی پھوٹ کے رفع ہوجانے کو اللہ تعالی نے ایک نعمت کے طور پر ذکر فرمایا ہے اوس سے اور اس صحیح حدیث سے حضرت عبداللہ بن عباس کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہے کہ ان آیتون مین بھی اللہ تعالی نے اپنے احسان کے طور پر جس پھوٹ کے رفع ہوجانے اور آپس کی دلی الفت کا تذکرہ فرمایا ہی وہ بھی انصار کے قبیلہ اوس وخزرج کا ہی ذکر ہے اس صورت مین جن مفسرین نے عبداللہ بن مسعودؓ اور سلمانؓ فارسی کی حدیثین ان آیتون کی تفسیر مین نقل کی ہین اونکا مطلب یہ ہی کہ اصل مین ان آیتون کی شان نزول تو وہی ہی جو امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس نے بیان کی ہے لیکن انصار کے قبیلہ اوس وخزرج کے مسلمانونکی طرح اب بھی جو دو مسلمان آپسمین دینی محبت رکھین گے آیتو نہین گویا اون سب کا ذکر ہے - آخر مین اللہ تعالی نے اپنی عام قدرت جتلانے کو فرمایا کہ جس طرح اللہ تعالی نے ایک سو بیس برس کی عداوت کو مٹاکر انصار کے قبیلہ اوس وخزرج مین اپنی قدرت اور حکمت سے ملاپ کرادیا اسی طرح وہ ایسا زبردست صاحب قدرت ہی کہ جس کام کا وہ ارادہ کرتا ہی اس مین کسی طرح دشواری نہین ہوتی اور صاحب حکمت وہ ایسا ہی کہ اوسکا کوئی کام حکمت سے خالی نہین ہوتا جس طرح اردو کا محاورہ ہی کہ دو لشکرون میں صلح ہوگئی اسی طرح عربی میں صلح ہونے کے لیے فاجنح لہا فرمایا فاجنح لہ نہین فرمایا۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

ای نبی کفایت ہے تجکو اللہ اور جتنے تیرے ساتھ ہوئے ہین مسلمان

منزل ۲

طبرانی بزار تفسیر ابن ابی حاتم تفسیر ابو الشیخ مین عکرمہ سعید بن جبیر سعید بن مسیب کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت ہی کہ اونتالیس مسلمان پہلے سے تھے جب حضرت عمرؓ اسلام لائے اور چالیس مسلمان پورے ہوگئے تو حضرت عمرؓ کے اسلام لانے پر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی لیکن حافظ عماد الدین ابن کثیر نے اس شان نزول پر یہ اعتراض کیا ہی کہ یہ آیۃ مدنی ہی اور حضرت عمر کا اسلام ہجرت سے پہلے ہے پھر یہ آیۃ حضرت عمر کے اسلام کے وقت کیونکر نازل ہوسکتی ہے جواب اس اعتراض کا اور مفسرین نے یہ دیا ہے کہ اس آیۃ کو مدنی فقط اس وجہ سے کہا جاتا ہی کہ یہ سورہ مدنی ہی لیکن جب یہ کہا جاوے کہ تمام سورہ مدنی ہے اور اس آیت مکی کو آنحضرت کے فرمانے کے موافق مدنی سورۃ میں داخل کیا گیا ہی تو پھر کچھ اعتراض نہیں ہی کیونکہ اکثر سورتون مین ایسا ہوا ہی کہ ساری سورۃ مکی ہی اور کچھ آیتین اس مین مدنی ہین یا ساری سورۃ مدنی ہی اور کچھ آیتین اس میں مکی ہین بعضے مفسرین نے یہ جواب بھی دیا ہے کہ اس سبب سے اس شان نزول کو تسلیم کرنا ضرور ہی کہ اس شان نزول کی بعضی روایتین مثلاً تفسیر ابن ابی حاتم کی روایۃ نہایت صحیح ہے پھر یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ صحیح روایۃ کو محض عقلی اعتراض سے نہ تسلیم کیا جاوے اور جب روایۃ کو صحیح مانا جاویگا تو معنے اوس روایۃ کے وہی ہونگے جو اعتراض کے جواب مین بیان کئے گئے ہین کہ مدنی سورۃ مین یہ مکی آیۃ داخل کی گئی ہی اور اسمین ذرا شک نہین ہی کہ جواب مین جو حالت قرآن شریف کی آیتونکی بیان کی گئی وہ ایک موجودہ حالت ہی اسواسطے ابن عربی وغیرہ مفسرین نے اس روایۃ کو صحیح قرار دیا ہی کہ سورہ انفال مین یہ ایک آیۃ مکی ہی امام بخاری نے اپنی تاریخ مین اس شان نزول کے اختلاف کا یون

فیصلہ کیا ہی کہ آیۃ خواہ مکی ہو یا مدنی لیکن آیۃ مین مومنین جمع کا صیغہ ہی اسلئے آیۃ کا مضمون عام ہی اسی واسطے آیۃ کو بدر کی لڑائی کی آیتون مین رکھا گیا ہی تاکہ حاصل مطلب آیۃ کا یہ ٹھہر جاوے کہ اس لڑائی مین جس طرح کچھ اوپر تین سو مسلمانونکو غیبی مدد سے ہزار دشمنون پر فتح ہوئی اسی طرح آئندہ بھی مسلمانونکی جتھہ جماعت لڑائی مین اللہ کے رسول کے ساتھہ ہوگی وہ اللہ کی مدد سے دشمنون پر فتح حاصل کرنے کے لئے اللہ کے رسول کو کافی ہی صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے جابر رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دشمن کی فوج ایک مہینے کے راستہ پر ہو تو اتنے فاصلہ سے بھی میرا رعب دشمن کی فوج کے دلونپر چھا جاتا ہی اس حدیث سے امام بخاری کے فیصلہ کی پوری تائید ہوتی ہی کیونکہ حدیث میں جس رعب کا ذکر ہی وہ عام مسلمانون کے اوس لشکر اسلام کے حق مین ہی جو لشکر کسی لڑائی مین اللہ کے رسول کے ساتھہ ہو یہ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کا حال ہوا صحیح بخاری مین ابو سعید خدری کی ایک حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آئندہ ایک زمانہ ایسا آویگا کہ جس لشکر اسلام مین صحابیون تابعیون یا تبع تابعیون مین سے کوئی ہوگا تو اس لشکر اسلام کو بھی اللہ تعالی فتح بخشیگا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے والون کو صحابی کہتے ہین اور صحابی کے دیکھنے والے کو تابعی اور تابعی کے دیکھنے والے کو تبع تابعی کہتے ہین۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس رعب کا ذکر جابرؓ کی حدیث مین ہی اوسکا کچھہ اثر تبع تابعیون کے زمانہ تک باقی رہا اسپر علما کا اتفاق ہے کہ یہ زمانہ سنہ ۲۰۰ ہجری تک تھا اسکے بعد فلسفہ دین کا علم ٹھہر گیا اور طرح طرح کے فساد مسلمانون مین پھیل گئے صحیح مسلم مین جابرؓ نے یہ حدیث ابو سعید خدری کے حوالہ سے دو طرح بیان کی ہے پہلی حدیث تو بخاری کی روایۃ کے موافق ہے اور دوسری روایۃ مین چوتھا درجہ تبع تابعین کے دیکھنے والون کا بھی بڑہایا ہے لیکن جبکہ جابرؓ کی یہ روایۃ ابو سعید خدری کے حوالہ سے ہے اور ابو سعید خدری کی اصل حدیث جو بخاری میں ہے اوس میں یہ چوتھا درجہ نہین ہے اسواسطے علمانے تین درجونکی حدیث کو ترجیح دی ہے

منزل ۲

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا

ای نبی شوق دلا مسلمانون کو لڑائی کا اگر ہون تم مین بیس شخص ثابت غالب ہون

مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝

دو سو پر اور اگر ہون تم مین سو شخص غالب ہون ہزار کافرون کے اوپر اسواسطے کہ وہ لوگ سمجھہ نہین رکھتے

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۭ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ

اب بوجھہ ہلکا کیا اللہ نے تمپر اور جانا کہ تم مین سستی ہے سو اگر ہون تم مین سو شخص ثابت غالب

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

ہون دو سو پر اور اگر ہون تم مین ہزار شخص غالب ہون دو ہزار پر اللہ کے حکم سے اور اللہ ساتھہ ہی ثابت رہنیوالو

جمہور مفسرین کے نزدیک پہلا ٹکڑا آیۃ کا جسمین ایک مسلمان کو دس کافرونسے مقابلہ کرنیکا حکم تھا آیۃ کے اس ٹکڑے سے منسوخ ہی اور اب یہی حکم ہے کہ ایک مسلمان دو کافرونسے مقابلہ کرے صحیح بخاری اور مسلم کی ابو ہریرہ کی روایۃ مین جہاد سے بھاگنے والے کو

کبیرہ گناہ کا گنہ گار جو آنحضرت نے فرمایا ہی اسکا مطلب بھی یہی ہے کہ اس قدر مقابلہ سے آدمی نہ بھاگے ورنہ کبیرہ گنہ کا گنہ گار ٹہریگا اور اس قدر سے زیادہ دشمنون سے مقابلہ آن پڑے تو لڑنے کی صورت مین اجر ہے بھاگنے کی صورت مین گناہ نہین صحیح بخاری اور ابوداؤد مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہی کہ جب اللہ تعالی نے ایک سے دس کے مقابلہ کا حکم منسوخ فرمایا اوسوقت سے مسلمانون کی ہمت اوسی قدر کم ہوگئی حضرت عبداللہ بن عباس کی اس قول کی تائید خود آیۃ کے مضمون سے ہوتی ہی کیونکہ اللہ تعالی نے خود فرمایا ہی کہ یہ تخفیف کا حکم تمہارے ضعف ہمت کے سبب سے اللہ تعالی نے نازل فرمایا ہی کسی شخص کو کسی کام پر ارادہ کیا جاوے تو عربی زبان مین ایسے موقع پر تحریض بولتے ہین اسی واسطے حرض کا مرادی ترجمہ شاہ صاحب نے شوق دلانا کیا ہی۔ اس تفسیر مین ایک جگہ گذر چکا ہی کہ ایک دفعہ ایک خبر دیکر پہر اوسکے برخلاف دوسری خبر دینے سے جھوٹ لازم آتا ہی اسلئے ناسخ منسوخ خبر کی آیتون مین نہین ہوتا فقط امر ونہی کی آیتون مین ہوتا ہی اس بنا پر مفسرین نے یہان صابرون کے معنے فلیصبروا کے کئے ہین جسکا مطلب یہ ہی کہ پہلے حکم کے منسوخ ہونے سے پہلے ایک مسلمان کو دس مخالفون کے مقابلہ مین ثابت قدم رہنا چاہیئے تہا اور اب پہلے حکم کے منسوخ ہوجانے کے بعد ایک مسلمان کو دو مخالفون کے مقابلہ مین ثابت قدم رہنا چاہیئے امر کی جگہ خبر کو جو رکہا گیا ہی اوس سے تاکید نکلتی ہی گویا یون فرمایا گیا ہی کہ اللہ تعالی اس بات کی خبر دیتا ہی کہ جس کام کا تمہین حکم دیا گیا ہی وہ ضرور تم کروگے مشرک لوگ عقبی کے عذاب ثواب کی سمجھ نہین رکہتے اسلئے انکو ناسمجھ فرمایا ہے مطلب یہ ہی کہ عقبے کے ثواب کے قائل لوگ دین کی لڑائی مین عقبی کے اجر کے لالچ سے ثابت قدم رہ سکتے ہین مشرکون مین یہ بات نہین ہی واللہ مع الصابرین کا یہ مطلب ہی کہ دین اللہ کا ہے اسلئے اللہ کا دین پھیلانے کی نیت سے جو شخص دین کی لڑائی مین ثابت قدم رہیگا ہر دم ایسے شخص کی مدد کے لئے اللہ تعالی موجود ہی صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضعف اسلام کے سبب سے جب مسلمانون مین یہ طاقت نہ رہے کہ وہ ہاتھ پاؤن سے لڑکر شریعت کی باتونکو قائم کرسکین تو ایسے وقت مین زبانی نصیحت کافی ہی۔ سفیان ثوری اور بعضے علمائے سلف نے ضعف اسلام کے وقت کو وعظ نصیحت کو جہاد کا قائم مقام ٹہہراکر یہ شرط آسمان بہی معتبر ٹہہرائی ہی کہ دو مخالف لوگونکے مقابلہ مین ایک واعظ وعظ و نصیحت چہوڑدیگا تو نہ گنہ گار ہوگا اس سے زیادہ کے مقابلہ مین نہیں

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا

کیا چاہیئے نبی کو اوسکے یہان قیدی آوین جب تک نہ خون کرے ملک مین تم چاہتے ہو جنس دنیا کی

وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ

اور اللہ چاہتا ہے آخرت اور اللہ زور آور ہے حکمت والا اگر نہ ہوتی ایک بات کہ کہہ چکا اللہ آگے تو تمکو پڑتا اس لینے مین

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٦٩﴾

بڑا عذاب سو کہاؤ جو غنیمت لاؤ حلال ستہری اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ ہے بخشنے والا مہربان

جب بدر کی لڑائی میں کفار قریش میں سے ستر کافر گرفتار ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو فدیہ لیکر بعض اصحاب
کے مشورہ کے موافق چھوڑ دیا تو یہ آیہ اوتری اللہ پاک نے فرمایا کہ نبی کو یہ بات لائق نہیں ہی کہ جب قیدی اُسکے یہان گرفتار
ہوکر آئین تو بغیر قتل کئے ہوئے اونہیں چھوڑ دیا جاوے پھر اور مسلمانون کو خطاب کرکے فرمایا کہ تم دنیا کی دولت کو پسند کرتے
ہو اور اللہ یہ چاہتا ہی کہ آخرت درست ہو خدا کا بول بالا تمام روئے زمین میں ہوکر اوسکا خالص دین ہو معتبر سندسے
مسند امام احمد ترمذی وغیرہ مین عبداللہ بن مسعود اور انس بن مالک سے روایتین ہیں جنکا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے بدر کے قیدیون کے بارہ مین صحابہ سے مشورہ لیا اور کہا کہ اللہ نے تم لوگونکو اپر قدرت دی ہے حضرت عمر نے
کھڑے ہوکر کہا کہ انہین قتل کرڈالئے آپنے کچھ خیال نہ کیا پھر دوبارہ ارشاد فرمایا کہ اے لوگو تمہین اپر آج قابو ہے کل یہ
تمہارے بھائی تھے آج قیدی ہیں پھر حضرت عمر نے کہا انکی گردنین مارئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر وہی سوال کیا تو
حضرت ابوبکر صدیق نے کھڑے ہوکر کہا میری رائے یہ ہی کہ انکو معاف کیجئے اور فدیہ لیکر چھوڑ دیجئے اس بات پر حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک سے غم کے آثار دور ہوئے اور آپنے فدیہ لیکر اون قیدیون کو چھوڑ دیا اسپر اللہ تعالی نے
فرمایا کہ اگر اللہ ایک بات پہلے نہ لکھ چکا ہوتا تو تم پر بہت بڑا عذاب آجاتا مفسرون نے اسکی تفسیر مین اختلاف کیا ہی لیکن
حضرت عبداللہ بن عباس کے صحیح قول کے موافق آیہ کی تفسیر یہ ہے کہ اللہ تعالی لوح محفوظ میں پہلے سے یہ لکھ چکا تھا کہ
منزل ۲ کہ اس امت کے ہاتھ بہت سا مال لگے گا اور یہ اُنکے واسطے حلال ہوگا بخلاف اگلی امتون کے کہ مال غنیمت اُنپر حرام تھا اگر
علم الٰہی کے موافق لوح محفوظ مین یہ بات لکھی ہوئی نہ ہوتی تو فدیہ کا مشورہ دینے والونپر عذاب نازل ہوجاتا اس عتاب
کو سنکر مسلمانون نے فدیہ لینے سے ہاتھ روک لیا اور جی مین ڈرے تو اللہ پاک نے لوح محفوظ کے لکھے کے موافق پھر یہ فرمایا
کہ جو مال تمہین غنیمت میں حاصل ہوا ہے وہ بالکل پاک وحلال ہے اوسے اچھی طرح کھاؤ پیو اسی آیہ سے اس امت کے
واسطے غنیمت کے مال کا حلال ہونا سمجھا گیا ہے اس آیہ کی تفسیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یون فرمائی ہے کہ پانچ
چیزین مجکو عطا ہوئین جو مجھسے پہلے کسی نبی کو نہین عطا ہوئین اون پانچ مین ایک غنیمت ہے جو میرے لئے حلال کی گئی
اور کسی امت کیلئے پہلے مجھسے حلال نہ تھی یہ حدیث صحیحین مین جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہے اور کئی جگہ اس سے پہلے گذر چکی ہی
پھر اللہ پاک نے ارشاد فرمایا کہ آیندہ خدا سے ڈرتے رہو پھر کوئی ایسی بات نہونے پائے کہ حکم الٰہی کے نازل ہونے سے پہلے کوئی
کام کر بیٹھو اور جو باتین گذر چکین وہ گذر چکین اللہ غفور رحیم ہے اُس سے مغفرت کی امید رکھو ترمذی نسائی وغیرہ کے حوالہ
سے حضرت علی کی ایک حدیث اوپر گذر چکی ہے جسکا حاصل یہ ہی کہ جب صحابہ کا ارادہ بدر کے قیدیون سے فدیہ لینے کا مضبوط
ہوگیا تو حضرت جبرئیل آئے اور اونھون نے اللہ تعالی کا یہ پیغام سنایا کہ اگر ان ستر قیدیون سے فدیہ لیا جاویگا تو مسلمان
کی پہلی لڑائی مین یہ فدیہ اللہ کی مرضی کے موافق نہیں ہی اس لئے اس فدیہ کا معاوضہ یہ ہوگا کہ آیندہ کی لڑائی میں لشکر اسلام
کے ستر آدمی شہید ہونگے تنگ دستی کے سبب سے صحابہ کا ارادہ فدیہ کے لینے پر جم گیا تھا اسواسطے اُنھون نے اس شرط کو

منظور کیا ان آیتون مین خفگی کے طور پر صحابہ کو یہ جو فرمایا کہ تم دنیا کے مال و متاع کو چاہتے ہو اور اللہ آخرت کو چاہتا ہے
اس خفگی کی تفسیر اس حدیث سے اچھی طرح سمجھ مین آسکتی ہے حضرت علیؓ کی اس حدیث کو ترمذی نے حسن اور حاکم نے
صحیح کہا ہی حضرت علی کی حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کی جس پیغام الٰہی کا ذکر ہے تیرہ مہینے کے بعد اُحد کی لڑائی
میں اسکا ظہور ہوا کہ اس لڑائی میں ستر آدمی لشکر اسلام کے شہید ہوئے چنانچہ اسکی تفصیل سورہ آل عمران مین گذر چکی ہی

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّمَن فِي أَيْدِيكُم مِّنَ الْأَسْرَىٰ إِن يَعْلَمِ اللَّهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا

اے نبی کہہ دے اونکو جو تمہارے ہاتھ میں ہیں قیدی اگر جانے گا اللہ تمہارے دل مین کچھ نیکی تو دیگا بہتر اس سے

مِّمَّا أُخِذَ مِنكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧٠﴾ وَإِن يُرِيدُوا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا

جو تم سے چھن گیا اور تمکو بخشے گا اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان اور اگر چاہین گے تجھسے دغا کرنی سو دغا کر چکے ہین

اللَّهَ مِن قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٧١﴾

پہلے اللہ سے پھر اوسنے پکڑا اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا

حضرت عبداللہ بن عباس اس آیۃ کی تفسیر میں یہ فرماتے ہیں کہ جب عباس بن عبدالمطلب اور حضرت عباسؓ کے دونون
بھتیجے عقیل بن ابی طالب اور نوفل بن الحرث بدر کی لڑائی میں قید ہوکر آئے تو حضرت عباسؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے کہا کہ مین تو مسلمان تھا زبردستی لوگ مجھے لے آئے تھے آپ نے فرمایا کہ اگر یہ بات سچ ہے تو اللہ آپکو بدلا دیگا آپ اپنا منزل ۲
اور اپنے ساتھیون کا فدیہ دین تو چھوڑ دئے جائین انھون نے کہا ای رسول صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس اتنا کہان ہی آپ
نے فرمایا کہ وہ مال کہان گیا جو آپ مکہ سے چلتے وقت ام الفضل کو دفن کرنیکو دے آئے تھے اور یہ کہا تھا کہ خدانخواستہ اگر
کوئی حادثہ مجھپر گذرے تو یہ مال تمہارا اور بیٹیون کا ہی حضرت عباس نے کہا کہ ہم اس بات کی گواہی دیتے ہین کہ آپ سچے اللہ کے رسول
ہین اور کلمہ پڑھا اور کہا کہ یہ بات وہ ہی جسکو سوائے میرے اور ام الفضل کے تیسرا کوئی نہیں جانتا مین نے اندھیری
رات میں وہ مال اسکو سپرد کیا تھا ام الفضل حضرت عباس کی بی بی کی کنیت ہی اسکے بعد حضرت عباس نے یہ بھی کہا کہ
مجھے اب تک تو آپکی نبوت مین شک تھا مگر اسوقت کی باتون سے سارا شک جاتا رہا پھر حضرت عباسؓ نے یہ کہا کہ جو مال
میرا لوٹا گیا ہے وہ اس فدیہ میں سے آپ مجرا دین آپ نے فرمایا یہ نہیں ہوسکتا وہ مال تو اللہ پاک نے ہمین غنیمت میں دیا ہی
غرضکہ حضرت عباس نے فدیہ اپنا اور اپنے ہمراہیونکا دیا اور اسوقت اللہ پاک نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور فرمایا کہ خدا تمہارے دلون
کی بات تمکو اچھی طرح جانتا ہی اللہ پاک اس سے بھی زیادہ دیگا جتنے مال کا نقصان ہوا ہے اور آخرت میں بخشش بھی کریگا حضرت
عباس کہتے ہین کہ اللہ پاک نے اسلام لانے کے بعد اپنا وعدہ مجھسے پورا کیا اسوقت میرے پاس بیس غلام ہین جنکے ہاتھ مین
ابتک سارا کاروبار ہے اور آخرت میں امید رکھتا ہون کہ خدا مجھے بخشے گا مستدرک حاکم مین حضرت عائشہ کی ایک صحیح حدیث
اسی مضمون کی ہی اوس سے حضرت عبداللہ ابن عباس کے قول کی پوری تائید ہوتی ہی معتبر سند سے مستدرک حاکم میں ابوموسےٰ

اشعری سے روایت ہی کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بحرین کا مال آیا جو اسی ہزار کا تھا آپ نے فرمایا کہ مسجد مین اسکو پھیلا دیا جاوے پھر آپ نماز کی طرف متوجہ ہوگئے بعد فراغت نماز کے ہر شخص کو اُس مین سے دیا جسکو دیکھا اُسکو دیا کسی کو چھوڑا نہیں اتنے مین حضرت عباس آئے اور کہا مجھے بھی اس مین سے کچھ دو مین نے ایک وقت اپنا اور اپنے بھتیجو کا فدیہ دیا تھا آپ نے فرمایا لے لو اُنھون نے یہ لیں بھر بھر کر وہ مال لینا شروع کیا اور اپنی چادر مین اُسکو باندھکر اوٹھانے لگے تو نہین اوٹھا سپر کہنے لگے حضرت کسی کو حکم دو کہ وہ لے چلے آپ نے کہا کہ نہین پھر اونھون نے کہا کہ تو آپ ہی اوٹھا دو آپ نے فرمایا نہین آخر انھون نے کچھ اسمین سے گرا کر اور باقی کا ندھے پر رکھکر چلے گئے حضرت اُنکی طرف دیکھکر تعجب کر رہے تھے جب وہ نظر ونسے پوشیدہ ہو گئے تو حضرت بھی وہان سے اوٹھے اُسوقت ایک درہم بھی باقی نہین رہا تھا سب مال ختم ہو چکا تھا پھر اللہ جل شانہ نے یہ فرمایا کہ اگر یہ لوگ خیانت کرینگے تو پہلے بھی خیانت کر چکے ہین مگر اسکا نتیجہ بھی دیکھ لیا کہ خدا نے کس طرح اونکو مسلمانون کے قبضہ مین کر دیا گرفتار ہو کر آئے مطلب یہ ہے کہ ابو طالب کی زندگی مین بنی ہاشم پہلے اس بات کا ارادہ کر چکے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قرابتہ کے لحاظ سے ہمیشہ مدد دینگے مگر اپنے قول پر قائم نہین رہے عہد شکنی کی اور کافرون سے جا ملے اور اُنکے ساتھہ لڑائی کو آئے اسپر فرمایا کہ وعدہ توڑ ڈالا تو کیا ہوا آخر گرفتار ہوئے ایسا ہی اگر پھر عہد شکنی کرینگے تو خدا اپر قادر ہے تو اُس سے بچکر کہان جاوگے قتادہ کہتے ہین کہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح جب مرتد ہو کر مشرکون سے ملگیا تو یہہ آیہ اوتری یہ عبداللہ بن سعد وہی ہے جو مسلمان ہو کر کچھہ دنون کاتب وحی رہا اور بعد اسکے اسلام سے پھر گیا اور مدینہ سے مکہ مین جاکر مشرکین مکہ سے ملگیا فتح مکہ کے وقت آٹھہ مرد اور چھہ عورتون کے مار ڈالنے کا حکم جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا اُنمین عبداللہ بن سعد کا نام بھی تھا لیکن یہ عبداللہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دودھ کا بھائی تھا اسلئے حضرت عثمان علیہ السلام نے اُسکی سفارش کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سفارش منظور فرماکر عبداللہ کا اسلام قبول فرمالیا آیہ کے لفظ عام ہین اسواسطے حاصل مطلب آیہ کا یہ ہے کہ عبداللہ بن سعد کی طرح جو کوئی اللہ اور اللہ کے رسول سے بدعہدی کریگا وہ بدعہدی کے جرم مین پکڑا جاویگا جس طرح ان بدر کے قیدیون نے ابو طالب کے زمانہ کے عہد کو توڑا اور اُسکی سزا مین پکڑے گئے ان آٹھہ مرد اور چھہ عورتون کے قصہ کی جو حدیثین نسائی ابوداؤد وغیرہ مین ہین یہ حدیثین اور اہل مکہ نے صلح حدیبیہ کے برخلاف جو بدعہدی کی جسکی سزا مین مکہ پر چڑھائی ہوئی یہ سب حدیثین بدعہدی کی پکڑ اور سزا کی تفسیر ہین حضرت علی۔ عباس۔ عقیل۔ جعفر۔ اور حارث کی اولاد کو بنی ہاشم کہتے ہین

مترجم ۲

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا

جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑا اور لڑے اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ مین اور جن لوگون نے جگہ دی

وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم مِّن

اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے رفیق ہین اور جو ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا تم کو اون کی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ

رفاقت سے کچھہ کام نہین جب تک گہر نہ چھوڑ آوین اور اگر تم سے مدد چاہین دین مین تو تمکو لازم ہے مدد کرنی

اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

مگر مقابلہ مین ایسون کے جن مین اور تم مین عہد ہے اور اللہ جو کرتے ہو وہ دیکھتا ہے

مدینہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ جتنے مسلمان تھے وہ دو فرقے تھے ایک وہ لوگ تھے جو مکہ کے باشندہ تھے مگر کفار کی تکلیف اور ایذا رسانی سے اپنا وطن چھوڑکر محض خدا کے واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہ مدینہ مین چلے آئے تھے اور یہان بود و باش اختیار کی تھی یہ لوگ مہاجرین کہلاتے ہیں اور ایک وہ لوگ تھے جو خاص مدینہ کے رہنے والے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے تھے اور آپسے ہجرت سے پہلے اونہون نے وعدہ کیا تھا کہ اگر آپ مدینہ مین آکر وہان رہنا اختیار کرین گے تو ہر طرح سے آپکی خبر گیری ہم کرینگے جان سے مال سے دریغ نکرین گے اگر کفار آپ پر حملہ کرینگے اور لڑائی پر آمادہ ہونگے تو ہم لوگ سینہ سپر کرنیکو تیار رہیں یہ لوگ انصار کہلاتے ہیں ہجرت کے بعد اونھون نے اپنے وعدہ کے موافق اپنے بھائی مہاجرین کو اپنے گہرون مین رکھا جنکی بیویان نہ تھین اُنکا نکاح کردیا انہین دونو گروہ مہاجرین و انصار کی شان میں یہ آیۃ اوتری اور فرمایا کہ جو لوگ اپنا گہر چھوڑ چھوڑکر آئے اور اپنی جان و مال سے خدا کی راہ مین جہاد کیا اور وہ لوگ جنہون نے ان مہاجرین کی ہر طرح سے مدد کی اور رہنے کو جگہ دی لڑائی میں انکے ساتھہ شریک ہوکر لڑے یہ لوگ آپس مین ایک دوسرے کے وارث ہین ایک پر ایک کا حق ہی اسلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مہاجرین اور انصار کے درمیان میں بھائی بندی کرادی تھی ایک دوسرے کا وارث بن گیا تہا اور کنبے رشتہ سے بھی بڑھکر انکے تعلق بڑھ گئے تھے ایک دوسرے کا ترکہ پاتا تھا پھر جب یہ آگے کی آیۃ اوتری واولوا الارحام بعضھم اولی ببعض تو یہ حکم بدل گیا یہ روایۃ صحیح بخاری مین حضرت عبداللہ ابن عباس سے ہی پھر اللہ پاک نے تیسری قسم کے لوگونکا حال بیان فرمایا جو مسلمان ہوگئے تھے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ مدینہ نہ آئے مکہ مین ہی رہنا پسند کیا اُنکے حق مین فرمایا کہ جو لوگ ایمان لاچکے ہیں اور تمہارے ساتھہ ہجرت کرکے نہین آئے وہ لوگ ان مہاجرین اور انصار کے وارث نہیں ہوسکتے ہین اور نہ اُنکو مال غنیمت مین سے کچھہ حصہ مل سکتا ہی ہان اگر یہ لوگ کسی لڑائی مین تمہارے ساتھہ شریک ہون تو بیشک انکا بھی حق غنیمت مین ہوسکتا ہے صحیح مسلم مین یزید بن خصیب اسلمی کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اون لوگون کو اونکے گہرون سے مدینہ کے گہرون کی طرف بلاؤ اور جتلاؤ کہ اگر وہ مدینہ آجائینگے تو غنیمت کے مال میں جس طرح مہاجرین کا حصہ ہے اُنکا بھی ہوگا اور اگر نہ آئین اور اپنے گہرون مین رہنا پسند کرین تو یہ خوب جان لیوین کہ اُسوقت تک غنیمت اور فی میں انکا کوئی حصہ نہ ہوگا جب تک یہ مدینہ کے مسلمانون کے ساتھہ ملکر جہاد نکرین پھر اللہ جل شانہ نے انہین مسلمانون کے متعلق فرمایا کہ جو ہجرت کرکے نہیں آئے اگر یہ لوگ کفار سے دین کے واسطے لڑین اور تم سے مدد چاہیں تو تمپر واجب ہے کہ انکی مدد کرو کیونکہ آخر یہ لوگ بھی تمہارے

منزل ۲

بھائی ہیں اور اگر یہ لوگ ایسی کسی قوم سے جہاد کرین جس سے اور تم سے عہد و پیمان ہو گیا ہے تو اونکی مدد کی خاطر سے اپنے قول و قرار کو نہ توڑو اللہ تمہارے سارے عمل دیکھتا ہے کہ کون حد شرع پر قائم رہتا ہے اور کون نہین رہتا مہاجرین جب مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ مین آئے تو رشتہ کنبے کے لوگون کے مکہ مین رہجانے کے سبب سے پریشان رہتے تھے ان لوگون کی اس پریشانی کے رفع ہوجانے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انمین اور انصار مین بھائی بندی کرادی تھی اس بھائی بندی کا ذکر صحیح بخاری وغیرہ کے متفرق روایتون مین ہے صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کی بعد مہاجرین کے رشتہ کنبے کے لوگ جب مدینہ مین آگئے تو پھر اس بھائی بندی کی ضرورت باقی نرہی مہاجرین میں کچھ اوپر اسی صحابہ ایسے تھے جنھون نے دو دفعہ ہجرت کی ایک دفعہ مکہ سے حبشے کو گئے اور پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی صحابہ کا مدینہ کو ہجرت کرکے جانا سنا تو حبشہ سے مدینہ آئے حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے ان حبشہ کے جانے والے صحابہ کو بہت آرام سے رکھا تھا یہی بات مشرکین مکہ کو شاق گذری تھی جسپر اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ ایذا پہونچانے کا ارادہ کیا ابوطالب کو مشرکین مکہ کے اس ارادہ کی جب خبر پہونچی تو ابوطالب نے بنی ہاشم اور بنی مطلب کو جمع کرکے انسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت کا عہد لیا اوپر اسی عہد کا یہ ذکر تھا کہ ابوطالب کی زندگی مین بنی ہاشم ذی قدرت کے لحاظ سے ہمیشہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مدد دینے کا عہد کیا تھا اور پھر یہ لوگ اس عہد پر قائم نہین رہے مشرکین مکہ کے ساتھ بدر کی لڑائی مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑنے کو آئے ۔ انصار کے معنے مددگارون کے ہین اہل مدینہ کا نام انصار جو قرار پایا اسکا تفصیلی قصہ تو سورہ حشر مین آویگا مگر حاصل اس قصہ کا یہ ہے کہ ہجرت سے پہلے مدینہ کے کچھ لوگ موسم حج مین مکہ کو آئے اور قرآن شریف کی آیتین سنکر اُنکے دل نرم ہوئے جس سے اونھون نے منیٰ کی گھاٹیون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھہ پر اسلام کی بیعت کی اور اس بیعت کے وقت اونھون نے جب یہ سنا کہ مشرکین مکہ آپکو طرح طرح کی تکلیف دیتے ہین اور کلام الٰہی لوگون کو نہین سنانے دیتے تو اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ وعدہ کیا کہ اگر آپ مدینہ مین چلے رہین تو یہ لوگ آپکی ہر طرح سے مدد کرین گے اسی دن سے ان لوگونکا لقب انصار قرار پایا چنانچہ معتبر سند سے مستدرک حاکم مین حضرت علی کی ایک حدیث ہے جسمین اسکا ذکر تفصیل سے ہے یہ اوپر گذر چکا ہے کہ بدر کی لڑائی اسلام کی پہلی لڑائی ہے اسلئے اس لڑائی کے زمانہ تک جو مہاجرین اور انصار تھے اونکو مہاجرین اور انصار اولین کہتے ہین جسکا مطلب یہ ہے کہ یہ مہاجرین ہجرت مین انصار دین کی مدد مین اور لوگونسے مقدم ہین مہاجرین اور انصار کی تعریف مین بہت سی صحیح حدیثین آئی ہین ۔

منزل ۲

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ

اور جو لوگ کافر ہین وہ ایک دوسرے کے رفیق ہین اور اگر تم یون نکروگے تو دھوم مچے گی ملک مین اور بڑی خرابی ہوگی

اللہ پاک مسلمانون کے درمیان مین باہمی میل جول کرنے کا ذکر فرماکر کفار کے ساتھہ قطع تعلق کرنے کا حکم فرماتا ہے اسلئے یہ ارشاد کیا کہ کفار آپسمین ایک دوسرے کے وارث ہین اور سب کے سب ایک ہین اگر تم بھی آپسمین اتفاق نہ پیدا کروگے اور ایک نہ بنجاؤگے اور کفار سے تعلق نہ قطع کروگے تو بڑا فتنہ و فساد دنیا مین پھیل جاویگا تم مین کمزوری آجاویگی ایک سے ایک جدا

ہوجاوگے اور کفار کا زور بڑھ جاویگا حاکم نے اسامہ بن زید سے ایک حدیث روایت کی ہی کہ دو ملت کے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے نہ مسلمان کافر نہ کافر مسلمان کا اہی مضمون کی حدیث اسامہ بن زید سے صحیح بخاری و مسلم مین بھی ہی یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے کہ مسلمان کافر کا وارث نہیں ہی اور نہ کافر مسلمان کا اسامہ بن زید کی جس حدیث کا ذکر اوپر گذرا یہ حدیث سوا صحیح بخاری و مسلم کے صحاح کی باقی کتابون میں بھی ہی اگرچہ صاحب منتقی نے یہ لکھا ہی کہ اسامہ بن زید کی حدیث صحیح مسلم اور نسائی میں نہیں ہی اور صاحب جامع الاصول نے لکھا ہی کہ یہ حدیث نسائی میں نہیں ہی لیکن یہ سہو نظری ہی اسامہ بن زید کی یہ حدیث ان دونون کتابون مین موجود ہے ۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ

اور جو لوگ ایمان لائے اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے اللہ کی راہ مین اور جن لوگون نے جگہ دی اور مدد کی وہی ہیں

الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَّهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيمٌ وَالَّذِينَ آمَنُوا مِن بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

مسلمان ٹھیک اونکو بخشش ہے اور روزی عزت کی اور جو ایمان لائے پیچے اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے تمہارے

مَعَكُمْ فَأُولَٰئِكَ مِنكُمْ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

ساتھ ہوکر سو وہ تمہارے مین ہیں اور ناتے والے آپسمین حقدار زیادہ ہیں ایک دوسرے کے اللہ کے حکم مین تحقیق اللہ ہر چیز سے خبردار ہی

منزل ۲

اللہ تعالی نے مہاجرین اور انصار اور ہجرت نکر نیوالے مسلمان ان سب کا ذکر فرماکر ان آیتون میں فرمایا جو لوگ ہجرت کرکے اور اپنا اپنا وطن چھوڑ کر مدینہ مین چلے آئے اور جو لوگ ان مہاجرین کے ہر طرح مددگار ہی بیشک وشبہ وہ کامل مومن ہیں انکا عقبی کا انجام بیان کیا کہ انکے واسطے آخرت میں بخشش ہے کیونکہ ان لوگون نے اپنی جان اور مال سے کسی طرح دریغ نہ کیا ہر طرح سے خدا کے دین مین کوشش کی کفار سے لڑے بھڑے غرض دنیا و آخرت دونون مین انکے لئے بہبودی ہے دنیا مین غنیمت انکے واسطے حلال ہے اور آخرت میں جو نعمتین انکو ملیں گی وہ بے مشقت ہونگی پھر اللہ پاک نے اون لوگونکو بھی جو بعد میں ہجرت کرکے آئے انہین مہاجرین اور انصار کے حکم مین داخل کیا کہ یہ لوگ پہلے اگرچہ مہاجرین کے ساتھ نہین آئے مگر بعد مین تو آئے اپنے گھر بار چھوڑ دئے مال چھوڑا کنبہ رشتہ چھوڑا محض خدا کے واسطے آئے ہیں اسلئے انکے واسطے بھی مغفرت ہے جس طرح غنیمت مین اگلے لوگونکا حصہ ہی اوسی طرح ان پچھلے مہاجرین کا بھی حصہ ہی پھر اللہ پاک نے قرابت کا ذکر فرمایا کہ جن لوگون کے درمیان میں ناتہ رشتہ نہین ہی ہجرت کی وجہ سے جو بھائی بندی ہوئی ہے اوس سے اوسے قرابت کا رشتہ ہی کیونکہ یہی باتین لوح محفوظ کے موافق قرآن مجید میں ہیں پھر فرمایا کہ اللہ پاک ہر شے کا جاننے والا ہی اسلئے جتنے احکام اُس نے لوح محفوظ کے موافق قرآن مجید مین نازل فرمائے ہین انمین سے کوئی بے فائدہ نہیں ہے ایک آیۃ میں کسی خاص سبب سے کوئی حکم ہوا اور پھر اوس سبب کے نہ پائے جانے سے دوسرا کوئی حکم نازل ہوجاوے تو اکثر سلف اسکو ناسخ منسوخ نہیں قرار دیتے جس طرح مثلاً ابتدائے اسلام مین جبتک مسلمانون کے پاس لڑائی کا سامان نہیں تھا تو مخالف لوگون کے ایذا دینے کی حالت پر مسلمانون

کو درگذر کا حکم تھا پھر جب مسلمانوں کے پاس لڑائی کا سامان ہوگیا تو لڑائی کا حکم نازل ہوا جس کا مطلب یہ ہی کہ پھر جب مسلمان ابتدائے اسلام کی حالت میں ہون تو وہی درگذر کا پہلا حکم قائم ہوجاویگا اسی طرح جب تک مہاجرین کے رشتہ دار مکہ سے مدینہ مین نہین آئے تھے تو مہاجرین کے دینی بھائی انصار مہاجرین کے وارث قرار دئے گئے تھے پھر جب مہاجرین کے رشتہ دار مدینہ مین آگئے تو آیت اولوالارحام نازل ہوکر اسکے موافق رشتہ دارون کی وراثت قائم ہوگئی لیکن اس آیۃ کے نازل ہونے کے بعد بھی پہلے حالت کے موافق جب کبھی کوئی مسلمان لاوارث فوت ہوا تو اسکے مسلمان بھائی اوسکے مال کے حقدار قرار دئے گئے اور بیت المال میں وہ مال داخل ہوکر اسکے دینی بھائیون کی ضرورتون مین صرف ہوا چنانچہ معتبر سند سے مسند امام احمد ابوداؤد وغیرہ میں مقدام بن معدی کرب کی جو روایۃ ہی اسمین اسکا ذکر ہی ان ہی وجوہات سے علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے اتقان مین اور شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ نے فوز الکبیر مین آیۃ اولوالارحام سے کسی پہلے حکم کو منسوخ نہین ٹھہرایا سورہ نساء کی آیۃ ولکل جعلنا موالی کی تفسیر مین بھی یہ ناسخ منسوخ کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَسِتُّ عَشَرَةَ كَلِمَاتٍ

منزل ۲

حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق یہ سورت مدنی ہی براء بن عازب کی روایۃ سے بخاری کہتے ہیں یہ سب سے پچھلی سورت ہے جو پوری اتری ہی سورہ برائۃ کے نام کے علاوہ اسکو سورہ توبہ بھی کہتے ہیں کیونکہ اس مین مومنونکی توبہ کا ذکر ہے اس سورت کے اور بھی نام ہیں جو بڑی تفسیر نیمن ہین اس سورۃ کی ابتدا میں جو بسم اللہ نہین ہی اس مین علما کا اختلاف ہی مالک بن انس کہتے ہیں کہ یہ سورہ توبہ سورہ بقر کے برابر تھی جب اول سورۃ ساقط ہوگئی تو اسکے ساتھہ بسم اللہ بھی ساقط ہوگئی اور بعضے یہ کہتے ہین کہ حضرت عثمان غنی کی خلافت کے وقت مین جب قرآن شریف لکھے گئے تو صحابہ میں اختلاف ہوا بعضے سورہ انفال اور سورہ توبہ کو ایک سورۃ شمار کرنے لگے اور کوئی کہتا تھا کہ دو سورتین علیحدہ علیحدہ ہیں اسلئے دونون فریق کی رضامندی کے لئے سورہ توبہ کی ابتدا مین بسم اللہ کی جگہ چھوڑدی گئی اور جو لوگ ان دونون سورتون کو ایک سورت شمار کرتے ہین انکا بیان یہ ہی کہ سورہ انفال اور سورہ توبہ دونون مین جہاد کا ذکر ہے اور دونون مشرکین کی لڑائی کے باب مین نازل ہوئی ہیں اسواسطے گویا یہہ ایک ہین کل آیتین دونو سورتون کی ملاکر دو سو پانچ ہیں اور یہ دونون سورتین قران مجید کی لمبی سورتون میں سا تون سورتین ہیں مستدرک حاکم مین حضرت عثمان کی روایۃ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہین فرمایا کہ یہ دونون ایک سورت ہین یا دو اور آپکی وفات ہوگئی اس لئے مین نے ان دونون کے درمیان مین بسم اللہ نہین لکھی ترمذی نے بھی اس حدیث کو روایۃ کیا ہی اور اسکو حسن کہا ہی بخاری مین براء بن عازب سے روایۃ ہی کہ حضرت عثمان نے اس سورہ مین بسم اللہ نہین لکھی اور آنحضرت نے بھی یہ نہین فرمایا کہ یہ سورہ علیحدہ ہے یا انفال کا ٹکڑہ ہے اس سورہ کی ابتدا جب ہوئی جب غزوہ تبوک سے واپس آئے اور حج کا زمانہ تھا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر ملی کہ مشرکین اپنی عادت کے موافق ننگے بدن ہوکر طواف کرینگے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پسند نہ آئی اور آپ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج مقرر کرکے روانہ فرمایا کہ مشرکون کو جاکر روکین

اور حج کے مناسک شرعی پر اونہین قائم کرین اور مشرکون کو یہ بات بھی جتلا دین کہ آیندہ پھر وہ لوگ حج کرنے نہ پائین گے اور لوگون مین اس طرح سے پکار دین براءۃ من اللہ ورسولہ الخ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چلے جانے کے بعد آپنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ یہ حکم جاکر اون لوگونکو پہونچا دو اور اسی بنا پر بعضے سلف کا قول ہے کہ جب عرب اور دوسرے کسی قوم کے درمیان میں عہد و پیمان ہوتا تھا اور پھر وہ اُسے توڑنے کے لئے خط لکھتے تھے تو بسم اللہ نہیں لکھتے تھے یہ اُنکی عات تھی اسیواسطے جب یہ سورت اُنکے درمیان کے مقررہ عہد کے توڑنے کے لئے اتری اور حضرت نے علی رضی اللہ عنہ کو مشرکین کے پاس اس سورہ کو پڑھ کر سنانے کو کہا تو موافق اوس عادت کے بسم اللہ نہیں لکھی کیونکہ بسم اللہ امان ہے اور سورہ برات مین حکم قتال کا ہے +۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ

جواب ہے اللہ کی طرف اور اوسکے رسول سے اون مشرکون کو جن سے تمکو عہد تھا سو پھرو اس ملک میں چار مہینے

اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور جان لو کہ تم نہ تھکا سکوگے اللہ کو اور یہ کہ اللہ رسوا کرتا ہے منکرونکو

تفسیر ابن ابی حاتم میں حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق تفسیر آیۃ کی یہ ہے کہ اللہ پاک نے اون لوگون کے ساتھ چار مہینے کی مدت مقرر کردی تھی جن لوگون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا مثلاً جیسے قبیلہ خزاعہ و مدیج اور جن لوگونسے کچھ عہد نہین تھا اونکے واسطے پچاس رات کی حد باندھی اور اللہ کے رسول کو یہ حکم دیا کہ جن کفار سے تمہارا قول و قرار نہیں ہے اُنسے دسوین ذالحجہ سے لیکر آخر محرم تک لڑو جب محرم کا مہینہ ختم ہوجاوے تو اُنسے لڑو پھر اگر وہ مسلمان ہوجاوین تو بہتر ہے ورنہ اونکو قتل کرو اور جن کفار سے عہد و پیمان ہوچکا تھا اونکے واسطے یہ حکم دیا کہ چار مہینے دسوین ذالحجہ سے ربیع الآخر کی دسوین تاریخ تک نہ لڑو اور جب یہ مدت ختم ہوجاوے تو پھر اُنسے جہاد کرو یہانتک کہ وہ مسلمان ہوجائین سورہ تبرا مین گذر چکا ہے کہ جمہور کے قول کے موافق حج ۶ھ ہجری مین فرض ہوا ہی لیکن فتح مکہ سے پہلے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سبب سے حج نہین کیا کہ کعبہ اور صفا مروہ مین بت رکھے ہوئے تھے ۸ھ مین مکہ کی فتح ہوئی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ھ ہجری مین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور اُنکے پیچھے حضرت علی کو دس آیتین سورہ برات کی دیکر روانہ فرمایا کہ مشرکون کو جاکر یہ آیتین سنا دو اور یہ بھی جتا دو کہ ۹ھ ہجری سے کوئی مشرک یا ننگا شخص طواف نکرنے پاویگا پھر اُس سال آپنے حج کیا جسکو حجۃ الوداع کہتے ہین اسی حکم مین یہ بھی تھا کہ دسوین ذالحجہ سے دسوین ربیع الآخر تک تمہین مہلت دی گئی ہی پھر کوئی عذر تمہارا نہین سنا جائے گا اگر ایمان لائے تو خیر ورنہ آمادہ جنگ ہوجاؤ یہ حکم حضرت علی نے سبکو سنا دیا اور اعلان جنگ دیدیا یہی قول اکثر مفسرین کا ہے اور اس تقرر مدت سے غرض یہ تھی کہ یہ لوگ خوب اچھی طرح سے جان لیوین کہ اس مدت کے بعد یا لڑنا ہی یا مسلمان ہونا ہی پھر اس بات کو سوچ سمجھکر شاید وہ مسلمان ہوجائین معتبر سند سے صحیح ابن حبان مین ابوسعید خدری

منزل ۲

کی حدیث ہی جسمین یہ ہی کہ جب حضرت ابو بکر صدیق سفر حج سے مدینہ کو واپس آئے تو اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ کیا حضرت مجھہ سے اس کام مین کچھہ کوتاہی ہونے کا اندیشہ تھا جو اپنے اس کام کے لئے حضرت علی کو میرے پیچھے روانہ فرمایا۔ اسکے جواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے روانہ کرنے کے بعد جبرئیل علیہ السلام آئے اور اونھون نے اللہ تعالی کا یہ حکم پہونچایا کہ اس صلح کے عہد کو توڑنے کے پیغام کو یا تو مین خود مکہ جاکر مشرکین کو پہونچادون اور اگر مین خود نہ جاؤن تو کوئی میرا خاص رشتہ دار اس کام کو کرے اسلئے مین نے تمہارے پیچھے حضرت علی کو روانہ کیا اس مین اور کوئی بات اندیشہ کی نہیں ہی اس حدیث سے یہ بات اچھی طرح سمجھہ مین آسکتی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے حضرت ابو بکر صدیق کو اور پھر اونکے پیچھے حضرت علی کو اس سفر مین کیون اور کسواسطے بھیجا۔ صلح حدیبہ کے وقت مشرکین مکہ سے جس طرح صلح ہوئی تھی اوسی طرح اطراف مکہ مین جو قبیلے رہتے تھے اون سے بھی صلح ہوئی تھی اب فتح کے سبب سے مشرکین مکہ کی صلح حدیبہ تو خود ٹوٹ گئی اور باقی قبیلونکی صلح سورہ برأۃ کی دس آیتین سناکر توڑ دی گئی دس آیتونکی قید مسند امام احمد کی حضرت علی کی روایۃ میں ہے اس حدیث کی سند مین ایک راوی محمد بن جابر سحیمی کو اگرچہ بعضے علمانے ضعیف کہا ہی لیکن باقی کے علمانے محمد بن جابر کو ثقہ قرار دیا ہے۔

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ

اور سنا دینا ہے اللہ کی طرف سے اور اُسکے رسول سے لوگونکو دن بڑے حج کے کہ اللہ الگ ہے مشرکون سے اور اُسکا رسول

منزل ۲

فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ

سو اگر تم توبہ کرو تو تمہارے لئے بھلا ہی اور اگر نہ مانو تو جان لو کہ تم نہ تھکا سکوگے اللہ کو اور خوشخبری دے منکرونکو تو دکھہ والی مار کی

اس آیۃ میں یہ ارشاد فرمایا کہ چار مہینے کی مدت دیکر کفار سے یہ کہدو کہ ایسے دن یہ حکم دیا جارہا ہی کہ حج اکبر کا دن ہی یہ بھی فرمایا کہ چار مہینے کے بعد خدا اور اوسکا رسول صلح سے بری ہی تم اپنا سوچ سمجھہ لو اگر تم کفر سے تائب ہوگئے تو تمہارے واسطے بہتری ہی اور اگر نہیں تو یاد رکھو تم خدا کو نہین تھکا سکتے ہو جہان جاؤگے پکڑے آؤگے کہین بھاگ نہین سکتے دنیا مین قتل وغارت کے سوا آخرت میں بھی تمپر دردناک عذاب ہوگا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کفار مکہ اور چند فرقہ کے لوگون سے ۶ سنہ ہجری میں صلح ہوئی تھی جو حدیبہ کی صلح مشہور ہی اسکا ذکر انا فتحنا میں ہی پھر جب مکہ فتح ہوگیا تو یہ حکم ہوا کہ کسی مشرک اور کافر سے صلح نہ رکھو اور نہ عہد وپیمان کرو اور عرفات سے پھر کر قربانی کے مقام میں جب یہ سب جمع ہون تو یہ حکم قربانی والے دن پکار دو اور صلح کے جواب مین چار مہینے کی مہلت اسلئے دیدو کہ اس عرصہ میں وہ لوگ ایمان قبول کرین تو بہتر ہے اور نہین تو اپنا اپنا گھر چھوڑ کر چلے جائین اور اگر یہ بھی نکرین تو لڑائی کا انتظام کرین اور جنگ کے واسطے آمادہ ہوجائین پھر کچھہ بھر کی فرصت نہ دو بعض مفسرون نے یوم الحج الاکبر کی تفسیر مین یہ بیان کیا ہی کہ حج اکبر کے دن سے مراد عرفہ کا دن ہی مگر اکثر مفسرین کا یہ قول ہی کہ اس سے دسوین ذالحجہ مقصود ہی جس روز منیٰ میں آنکر سب لوگ قربانی کرتے ہین بخاری ومسلم مین

ابو ہریرہؓ کی ایک حدیث ہی کہ اوس حج مین جسمین یہ حکم سنایا گیا مجھے بھی ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھیجا تھا وہ قربانی کا دن تھا ہلوگ منی مین یون پکارتے پھرتے تھے کہ اس سال کے بعد پھر کوئی مشرک حج کرنے نہ پائے گا اور نہ ننگے بدن کسی مشرک کو طواف کرنا ملیگا اس حدیث سے پچھلے قول کی پوری تائید ہوتی ہی۔ مجاہد کا قول یہ ہی کہ حضرت ابو بکرؓ صدیق اور حضرت علیؓ کے سبب سے اس حج مین یہ ایک بڑی بات ہوئی کہ عرفات سے منی میں واپس آنے کے بعد دسوین ذالحجہ سے آیندہ کے لیئے مشرکون کا طواف بند اور حرم مشرکون کی ناپاکی سے پاک صاف ہوگیا اسی واسطے اس حج کو بڑا حج فرمایا طبرانی مین معتبر سند سے سمرۃ بن جندب کی اس مضمون کی ایک حدیث ہی جس سے مجاہد کے قول کی تائید ہوتی ہی۔ اس حج میں دوسری یہ بات بھی ہوئی جس کا ذکر اوسط طبرانی مین عبداللہ بن عمرو بن العاص کی صحیح روایت سے ہی کہ مشرکین مکہ اپنی ضرورتون سے سال کے مہینون مین کچھ ردوبدل جو کر لیا کرتے تھے وہ ردوبدل اس سال مین نہیں ہوا بلکہ اس سال کا حج عین وقت پر ادا کیا گیا سال کے مہینون کی ردوبدل کی تفصیل اس سورۃ مین آگے آوے گی۔

إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنقُصُوكُمْ شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا

مگر جن مشرکون سے تمکو عہد تھا پھر کچھ قصور نہ کیا تمہارے ساتھ اور مدد نہ کی تمہارے مقابلے مین کسی کی

فَأَتِمُّوا إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝

منزل ۲

سو پورے کرو انسے عہد اونکے وعدے تک اللہ کو خوش آتے ہین احتیاط والے

اوپر کی آیتون میں صلح کا عہد توڑنے کا حکم دیکر اور چار مہینے کی مہلت کا ارشاد فرما کر اس آیۃ میں استثنا کے طور پر یہ فرمایا کہ جنہون نے تم سے صلح کا عہد کیا اور صلح کے عہد کی کسی شرط کو نہیں توڑا انکے عہد کو پورا کرو اگرچہ وہ چار مہینے سے زیادہ تک کا عہد ہو کیونکہ اللہ پاک کو احتیاط بہت پسند ہے یہ لوگ اپنی زبان کا پاس رکھتے ہیں اور بے موقع عہد و پیمان نہیں توڑتے۔ حاصل کلام یہ ہی کہ بعضے قبیلہ خزاعہ وغیرہ ایسے بھی تھے جو حدیبیہ کی صلح کے عہد پر قائم رہے اونکو مستثنیٰ فرما کر یہ فرمایا کہ اوپر کا حکم فقط اون لوگون کے حق میں ہی جن سے یا تو کچھ عہد نہیں ہے یا عہد تو ہے لیکن وہ عہد کے پابند نہیں رہی جیسے مثلاً بنی بکر کہ انھون نے عہد توڑا یا جیسے مشرکین مکہ کہ انھون نے عہد کے برخلاف بنی بکر کو مدد دی غرض جو لوگ عہد کے پابند ہیں انکی صلح کے لئے چار مہینے کی مدت نہیں ہی بلکہ انکے عہد کی پوری مدت ختم کی جاوے حدیبیہ کی صلح دس برس تک کی تھی اس صلح میں قبیلہ خزاعہ مسلمانون کی امان مین تھا اور قبیلہ بنی بکر مشرکین مکہ کی امان مین اس صلح کے دو برس کے بعد قبیلہ بنی بکر نے یہ بدعہدی کی کہ قبیلہ خزاعہ سے لڑائی شروع کر دی اور مشرکین مکہ نے یہ بدعہدی کی کہ قبیلہ بنی بکر کو اندرونی مدد دی انہی بدعہدیون کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کی چڑھائی کا قصد کیا اور مکہ فتح ہوگیا اب بدعہدی کی سزا مین اوپر کی آیتون کے موافق بنی بکر کو فقط چار مہینے کی مدت ملے گی اور قبیلہ خزاعہ کو اس استثنا کے حکم سے صلح حدیبیہ کی باقی کی مدت مل سکتی ہی ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر مین مجاہد کے قول کے موافق آیۃ کی یہی تفسیر لکھی ہی جو بیان کی گئی۔ صحیح بخاری و مسلم مین انس بن مالک سے اور صحیح مسلم مین

ابو سعید خدری سے جو روایتین ہین اس مین بدعہدی کی بڑی مذمت ہے - ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیت اور حدیثون کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شریعت الہی میں بدعہدی بڑی مذمت کے لائق ہی اس لئے اللہ تعالی نے آیۃ میں عہد پر قائم رہنے والے مشرکون کے ساتھ بھی عہد کے نباہنے کا حکم مسلمانونکو فرمایا ہی -

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ

پھر جب گذر جاوین مہینے پناہ کے تو مارو مشرکون کو جہان پاؤ اور پکڑو

وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا

اور گھیرو اور بیٹھو ہر جگہ اونکی تاک پر پھر اگر وہ توبہ کرین اور کھڑی رکھین نماز اور دیا کرین

الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

زکوۃ تو چھوڑ دو انکی راہ اللہ ہے بخشتا مہربان

اس آیۃ مین اللہ پاک نے حکم دیا کہ جب سوین ذیحجہ سے دسوین ربیع الآخر تک چار مہینے گذر جاوین تو خوب دل کھولکر مشرکونسے لڑو اور جہان کہین پاؤ انکو قتل کرو ظاہر آیۃ سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ مسلمانونکو اللہ پاک نے ہر جگہ قتل کا حکم اس آیۃ مین دیا ہی مگر بعض جگہ انکو قتل کرنا منع ہے جیسا کہ اللہ پاک سورہ بقر مین فرماتا ہی ولا تقاتلوہم عند المسجد الحرام - اس آیت کے موافق بیت الحرام میں خونریزی منع ہے اس آیۃ کی تفسیر میں صحیح بخاری و مسلم کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس کی حدیث بھی گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حرم کی حد کے اندر قیامت تک لڑائی حرام ہی فتح مکہ کے دن فقط تھوڑی دیر کے لئے اللہ تعالی نے اپنے رسول کو حرم کے اندر لڑائی کی اجازت دی تھی پھر فرمایا کہ ہر جگہ انکی تاک میں رہو اور انکو گرفتار کرو اور انکا محاصرہ کرو کہ نکلنے نہ پائین پھر گرفتار کرنے پر خواہ انکو مار دیا قید رکھو تمہین اختیار ہے اور اگر یہ مسلمان ہو جائین اور نماز پڑھنے لگین اور زکوۃ دین تو انکو چھوڑ دو کیونکہ حکم شرع ظاہر پر ہی دل کی بات خدا جانتا ہی اسی آیت سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ بات نکالی ہی کہ جو شخص زکوۃ نہ دے اوسسے جنگ کرنا چاہیے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے صحیح بخاری و صحیح مسلم مین روایت ہی کہ ہمین حکم ہوا ہی کہ ہم لوگونسے اوسوقت تک لڑین جب تک یہ لوگ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ زبان سے نہ کہین اور نماز نہ پڑہین اور زکوۃ نہ دین حضرت عبداللہ بن عباس کہتے ہین کہ جب سے یہ آیت اوتری کسی مشرک اور کافر کیلئے کوئی عہد و پیمان نہ رہا جو کچھ قول و قرار پہلے اُنسے ہوا تھا وہ سب ٹوٹ گیا اور پہلی کل شرطین جاتی رہین اور اللہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ جن لوگون سے پہلے قول و قرار ہو چکا ہی اگر وہ لوگ ایمان نہ لاوین تو اونپر تلوار نکالو اگر اسلام قبول کرین تو بہتر ورنہ انکو قتل کرو صحیح بخاری وغیرہ میں جو روایتین ہین ان مین ہی کہ مکہ کے گرد و نواح میں جو مشرک قبیلے رہتے تھے اُنھون نے یہ بات ٹہرا رکھی تھی کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوم قریش پر غالب آجاوین اور مکہ فتح ہو جاوے تو پھر دائرہ اسلام میں داخل ہو جانا چاہیے ہی واسطے اللہ تعالی نے اس آیۃ مین اسلام کی ترغیب لائی تاکہ انہیں یاد آجاوے

منزل ۲

کہ جو بات اُنھون نے ٹھہرا رکھی تھی وہ پوری ہو گئی مکہ فتح ہو گیا مکہ کے سب بت ٹوٹ پھوٹ کر برابر ہو گئے اب دائرہ اسلام مین داخل ہونے کے بغیر کوئی صورت بہبودی کی نہیں ہے۔

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ

اور اگر کوئی مشرک تجھسے پناہ مانگے تو اُسکو پناہ دے جب تک وہ سن لے کلام اللہ کے پہر پہنچا دے

مَاْمَنَهٗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ ع ۱

اُسکو جہان وہ نڈر ہو یہ اسواسطے کہ وہ لوگ سمجھ نہین رکھتے

اس آیۃ مین اللہ پاک نے یہ ارشاد فرمایا کہ جن مشرکونسے تمھین لڑنیکا حکم دیا ہی اگر انمین کا کوئی شخص امان چاہے تو اُسکو امان دو تاکہ وہ اللہ کا کلام سن لیوے اور دین کی حجت اسپر تمام ہو جائے پہر اسکو اسکے گھر تک امن وامان سے پہونچا دو جب وہ امن کی جگہ پہونچ جائے تو تمھین اختیار ہی اُس سے لڑائی لڑو کیونکہ اپنے گھر پہونچ جانے کے بعد وہ تمہاری امان سے نکل گیا اور وہ اپنی پچھلی حالت پر آگیا اب اُس سے لڑنا تمہارے واسطے مباح ہی یہ امان اس لئے مشروع ہی کہ یہ لوگ خدا کے دین کو پہچان لین اور اسلام کا چرچہ تمام لوگون مین پھیل جائے مجاہد اس آیۃ کی تفسیر مین یہ بیان کرتے ہین کہ جو شخص تمہارے پاس اس غرض سے آیا ہی کہ تمہاری بات سنے اور جو کلام تمپر خدا نے اُتارا ہی اُسکو معلوم کرے تو وہ امان مین ہے اور جب تک امان مین ہی کہ وہ اپنے گھر صحیح و سلامت پہونچ جائے اسی واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُس شخص کو امان دیتے تھے جو ہدایت کے لئے آتا تھا یا کسی کا کوئی پیغام لاتا تھا چنانچہ جنگ حدیبیہ کے دن ایک جماعت قاصدونکی قریش کی طرف سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تھے اوس مین عروہ بن مسعود اور سہل بن عمرو وغیرہ تھے یہ لوگ صلح کے اُس معاملہ کے واسطے جو انکے اور رسول خدا کے درمیان مین تھا امن سے اسکی بات چیت کے لئے آتے جاتے تھے صحیح بخاری وغیرہ مین صلح حدیبیہ کی جو روایتین ہین ان مین اس کا ذکر تفصیل سے ہے۔ معتبر سند سے مسند امام احمد ابو داؤد و نسائی اور مستدرک حاکم مین عبداللہ بن مسعود سے روایۃ ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ مسیلمہ کذاب نے دو شخصونکو قاصد بنا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تھا جب ان دونون شخصون نے مسیلمہ کذاب کو اللہ کا رسول کہا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر قاصدون کا مار ڈالنا شریعت الٰہی مین جائز ہوتا تو مین تم دونون کے مار ڈالنے کا حکم دیتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ قاصد کے منہ سے اگر کوئی کفر کا کلمہ بھی نکل جاوے تو بھی اسکے امن وامان مین خلل نہین پڑتا ان حدیثونکو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیۃ اور حدیثون کو ملا کر یہ مطلب قرار پاتا ہے کہ شریعت مین جس طرح کلام الٰہی سننے کو آنے والے شخص کے لئے امن وامان کا حکم ہے اوسی طرح قاصد کے لئے بھی امن وامان کا حکم ہے۔

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ

کیونکر ہووے مشرکون کو عہد اللہ پاس اور اُس کے رسول پاس مگر جنسے تم نے عہد کیا

منزل ۲

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝

مسجد حرام کے نزدیک سو جب تک تم سے سیدھے رہیں تم اونسے سیدھے رہو اللہ کو خوش آتے ہیں احتیاط والے

اس آیۃ مین اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ کیونکر ان مشرکون کا عہد قائم رہ سکتا ہے انکی حالت تو یہ ہے کہ خدا اور اسکے رسول کے یہ لوگ منکر ہیں پھر فرمایا کہ جو لوگ اپنے عہد پر قائم رہیں انکے ساتھ تم بھی ویسا ہی کرو کہ اپنے عہد پر قائم رہو کیونکہ خدا کو احتیاط کرنے والے لوگ بہت پسند ہین خدا انکو دوست رکھتا ہی جو اپنے قول پر قائم رہیں اسواسطے کہ یہ صفت متقی لوگونکی ہے وہ لوگ جنھون نے عہد کو نباہا بنی خزاعہ ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنسے حدیبیہ کے دن حرم پاک کے نزدیک عہد ہوا تھا اور یہ عہد دس برس کا تھا انہین کے متعلق یہ حکم ہوا کہ انسے عہد پورا کرو جب تک یہ لوگ اپنے قول و قرار پر قائم ہیں یہ صلح سنہ ۶ ہجری میں ہوئی اس صلح کے دو برس کے بعد جب بنو بکر نے خزاعہ پر چڑھائی کی اور قریش نے انکا ساتھ دیکر ان لوگونکو حرم مین قتل کیا تو انھون نے سنہ ۸ ہجری مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان لوگون سے لڑنا پڑا کہ ان لوگون نے اپنا عہد توڑ ڈالا تھا اس جنگ مین حرم کے اندر لڑائی جائز ہو گئی تھی آخر مکہ فتح ہو گیا قریب دو ہزار کے آدمی ایمان لائے اور باقی لوگ بھاگ گئے انکے باب مین یہ حکم ہوا کہ چار مہینہ تک انکو امان دو پھر اس میعاد کے ختم ہونے پر انسے جنگ کرو ان باقی لوگون مین صفوان بن امیہ اور عکرمہ بن ابوجہل وغیرہ تھے خدا نے انکے دلون مین بھی اسلام کی ہدایت ڈالی اور یہ لوگ مسلمان ہو گئے اس صلح حدیبیہ کی ابتدا یون ہوئی کہ سنہ ۶ ہجری مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چودہ سو کے قریب صحابہ کی جماعت کے ساتھ ذیقعدہ کے مہینے مین عمرہ کے قصد سے مکہ کا ارادہ کیا اور مشرکین مکہ نے راستہ مین ایک مقام پر جس کا نام حدیبیہ ہے آپکو روکا اور آخر صلح ہوئی جس کا تفصیلی قصہ سورہ انا فتحنا مین آویگا اس صلح مین تحریری صلح نامہ جو لکھا گیا تھا اسکے موافق قبیلہ خزاعہ مسلمانونکی حمایت اور امان مین رہا اور قبیلہ بنی بکر مشرکین مکہ کی حمایت اور امان مین۔ ان دونون قبیلون مین قدیمی عداوت چلی آتی تھی اسلئے صلح کے دو برس کے بعد بنی بکر نے خزاعہ پر یہان تک زیادتی کی کہ حرم کی حد کے اندر بھی بنی خزاعہ کے کچھ آدمیونکو قتل کیا یہ بدعہدی تو قبیلہ بنی بکر کی ہوئی مشرکین مکہ نے یہ بدعہدی کی کہ بنی بکر کو ہتیارونکی بھی مدد دی اور خفیہ طور پر لڑائی مین بھی انکا ساتھ دیا اس بدعہدی کی خبر سنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دس ہزار صحابہ کی جماعت کے ساتھ مکہ پر چڑھائی کی اور مکہ فتح ہو گیا۔ سورہ انا فتحنا مین اس صلح حدیبیہ کو اللہ تعالی نے فتح جو فرمایا اس کا مطلب یہی ہے کہ یہ صلح آخر کو فتح مکہ کا سبب قرار پائی اور اس صلح کے سبب سے لشکر اسلام مین یہ ترقی ہوئی کہ دو برس مین لشکر اسلام کی تعداد چودہ سو سے دس ہزار تک پہونچ گئی حاصل کلام یہ ہے کہ اس آیۃ مین مشرکین مکہ اور قبیلہ بنی بکر کو بدعہد فرمایا اور قبیلہ خزاعہ کو عہد پر قائم رہنے والے لوگون مین شمار فرمایا اور حدیبیہ کے صلح نامہ کو عہد فرمایا۔ حدیبیہ کی صلح کو صاف طور پر حرم کی حد کے اندر کا عہد جو نہین فرمایا اس سے یہ معلوم ہوا کہ حدیبیہ حد حرم کے باہر ہے۔ حدیث کی کتابون مین صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کی بابت مین جو بہت سی صحیح روایتین ہیں وہ گویا آیۃ کی تفسیر ہین۔

منزل ۲

كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ

کیونکر ملے رہتے اور اگر وہ تمپر پا پائین نہ لحاظ کرین تمہاری خویشی کا اور نہ عہد کا تمکو راضی کر دیتے ہین اپنے مونہ

وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝

کی بات سے اور اُنکے دل نہیں مانتے اور بہت ان مین بیحکم ہین

اوپر مشرکون کی ظاہری بد عہدی کا ذکر فرماکر اس آیۃ مین اللہ تعالی نے مشرکون کے دل کی باتون سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبردار کیا کہ کیون کر ان لوگون سے صلح قائم رکھہ سکوگے انکی حالت تو یہ ہی کہ فقط منہ سے قول و قرار کرتے ہین اور انکے دل مین تو یہ ہی کہ اگر مسلمانونپر انکا قابو پڑجاوے تو ایک کو بھی زندہ نہ رکھین نہ قرابت کا لحاظ کرین اور نہ اپنے عہد کا یہ لوگ بڑے ہی بے حکم ہین ان کے دل کب مانتے ہین جو یہ اپنے قول پر قائم رہین گے حضرت عبداللہ بن عباس نے الا ولا ذمہ کی تفسیر مین یہ بیان کیا ہے کہ اس سے مراد قرابت اور عہد ہے اوپر گذر چکا ہے کہ صلح حدیبیہ کے عہد پر بعضے مشرک قبیلے قائم تھے اس لئے سب صلح والون کو بے حکم نہین فرمایا اکثر کو فرمایا۔ صحیح بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسے شخص سے زیادہ برا کوئی آدمی نہین جسکو اپنی زبان کا پاس نہ ہو ایک ہی بات کو کسی سے ایک طرح پر کہدیوے اور کسی سے دوسری طرح پر۔ معتبر سند سے مسند امام احمد ابوداؤد نسائی اور صحیح ابن حبان مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردہ ابو رافع سے روایت ہے جس مین ابو رافع کہتے ہین کہ اسلام لانے سے پہلے مجھکو اہل مکہ نے قاصد بنا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تھا مدینہ مین آکر میرا دل اسلام کی طرف اور مدینہ مین رہجانے کی طرف مائل ہوگیا لیکن صلح حدیبیہ مین یہ شرط ہوئی تھی کہ صلح کے زمانہ تک جو کوئی مکہ سے مدینہ کو آویگا اوس کو واپس کر دیا جاویگا اس شرط کے موافق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا مدینہ مین رہجانا پسند نہین کیا اور فرمایا کہ اللہ کے رسول سے بد عہدی نہین ہوسکتی آیۃ مین زبان کا پاس نہ کرنے اور بد عہدی کی جو مذمت ہے یہ حدیثین گویا اسکی تفسیر ہین۔ منزل ۲

اشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

بیچے انھون نے حکم اللہ کے تھوڑی قیمت پر پھر روکا اسکی راہ سے بُرے کام ہین جو وہ لوگ کر رہے ہین

لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۝ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا

نہ لحاظ کرین کسی مسلمان کے حق مین خویشی کا نہ عہد کا اور وہی ہین زیادتی پر سو اگر توبہ کرین اور کھڑی

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

رکھین نماز اور دیتے رہین زکوۃ تو تمہارے بھائی ہین حکم شرع مین اور ہم کھولتے ہین پتے جاننے والے لوگونکے واسطے

ان آیتون مین فرمایا کہ ان لوگون نے عہد کے پورا کرنے کے احکام الٰہی کو بہت ہی تھوڑی قیمت پر فروخت کر ڈالا یہ سوا اسکے فرمایا کہ جن لوگون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد و پیمان کیا تھا کہ کچھہ مدت تک آپ لڑائی موقوف کرین اور ہم کو

مہلت دین اون لوگونکو ابوسفیان نے کچھ الچ دیکر اس بات پر آمادہ کیا کہ عہد توڑ ڈالو اسی طرح طائف کے باشندون نے بھی مال سے ان بدعہدون کی مدد کی تہی - اس لیے فرمایا کہ یہ لوگ آپ تو عہد توڑتے ہی ہیں مگر دوسرونکو بھی راہ حق سے روکتے ہین کہ دین اسلام قبول نکرو پھر فرمایا کہ یہ کام انکا بہت ہی برا ہے اپنے قرابت کے لوگون کا بھی خیال نہیں کرتے ہیں کہ مسلمانون مین انکے کنبے کے آدمی بھی ہیں آخر کچھ تو قرابت کا پاس انہین کرنا چاہیئے تھا پھر فرمایا کہ یہ لوگ اپنے قول پر کیونکر قائم رہتے یہ لوگ توحید سے تجاوز کرنے والے لوگ ہیں نہ اونکی زبان کا ٹھیک ہے نہ اُنکے فعل کا ٹھیک ہی پھر فرمایا کہ اگر یہ لوگ شرک وکفر سے باز آکر اسلام مین داخل ہوجائین تو پھر یہ لوگ تمہارے دینی بھائی ہوجائین گے اور ہر قسم کے نفع ونقصان مین تمہارا انکا ساتھ ہوجاویگا اور یہ باتین جو تفصیل کرکے اللہ نے بتلائی ہیں یہ علم والون کے لئے ہیں کیونکہ جو جاہل مطلق ہیں اونہین سمجھ ہی کیا ہے کہ کسی بات کو سمجھین بوجھین قرابتہ کا پاس نہ رکھنے والونکی مذمت مین بہت سی صحیح حدیثین آئی ہیں وہ حدیثین اور بدعہدی کی مذمت کی صحیح حدیثین یہ سب حدیثین ان آیتونکی گویا تفسیر ہین -

وَإِنْ نَّكَثُوٓا أَيْمَانَهُم مِّنۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوا فِى دِينِكُمْ فَقَٰتِلُوٓا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ

اور اگر توڑین اپنی قسمین عہد کے پیچھے اور عیب دیوین تمہارے دین مین تو لڑو کفر کے سردارون

إِنَّهُمْ لَآ أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنتَهُونَ ۝

سے اونکی قسمین کچھ نہین شاید وہ باز آوین

منزل ۲

اس آیت مین اللہ جل شانہ نے مسلمانون کو یہ حکم دیا کہ یہ مشرک لوگ اگر اپنا عہد توڑدین اور تمہارے سچے دین مین نقص نکالین اور عیب لگائین تو اونکے سردارون کو چن چن کر مارو اور قتل کرو کہ یہ سب فساد ان ہی کی وجہ سے ہے کیونکہ بچارے غریب لوگ کیا سر اوٹھا سکینگے جب تک انہیں بڑے بڑے لوگ کچھ مدد نہ دین حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہین کہ یہ آیۃ ابوسفیان وغیرہ قریش کے رئیسونکے باب مین اتری ہے کیونکہ یہ لوگ اپنی قوم مین منتخب لوگون مین شمار کئے جاتے تھے اور اپنے اپنے قبیلہ کے سردار مانے جاتے تھے اور انہیں لوگون نے صلح کرکے پھر اپنے عہد کو توڑا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ سے نکالا پھر فرمایا کہ ان لوگونکا قول وقرار قسما قسمی کچھ معتبر نہیں ہے ورنہ یہ لوگ اس طرح کی بدعہدی کبھی نہ کرتے آخر کو یہ فرمایا کہ ان مشرکونمین سے جو لوگ اپنا عہد توڑدین اور دین مین عیب نکالین انسے لڑنے کو اسواسطے حکم دیا گیا ہے کہ شاید اس جنگ کی وجہ سے یہ لوگ اپنی حرکت سے باز آئین اور پھر کبھی نہ عہد توڑین اور نہ دین مین عیب نکالین اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے مکہ کی چڑھائی سے پہلے مثلاً خالد بن ولید کی مخالفت کا یہ حال تھا کہ غسان کی لڑائی کے وقت نماز کی حالت مین مسلمانونپر حملہ کرنے کا ارادہ جو ان خالد بن ولید نے کیا تھا اوسکا قصہ سورہ نسا مین گذر چکا ہے اب صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے مابین کی مدت مین خالد بن ولید دائرہ اسلام مین داخل ہوئے اور لشکر اسلام مین اللہ کے رسول نے اللہ کی تلوار انکا لقب قرار دیا چنانچہ صحیح بخاری کی انس بن مالک کی روایۃ مین یہ

قصہ تفصیل سے ہے یا مثلاً مکہ کی چڑہائی سے پہلے ابو سفیان کی مخالفت کا یہ حال تھا کہ انھون نے مشرکین مکہ کو طرح طرح کا لالچ دیکر صلح حدیبیہ مین خلل ڈالا اور مکہ کی چڑہائی کیوقت اسلام قبول کیا اور حنین کی لڑائی کے وقت اللہ کی رسول کی جو کچھہ رفاقت کی صحیح بخاری وغیرہ کے روایتون کے حوالہ سے اُسکا ذکر اوپر گذر چکا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ صحیح حدیثون مین اسطرح کے بہت سے قصے ہین جو آیۃ کے ٹکڑے لعلیم ینتہون کی پیشین گوئی کی گویا تفسیر ہین۔

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ

کیون نہ لڑو ایسے لوگونسے کہ توڑین اپنی قسمین اور فکر مین رہین کہ رسول کو نکالدیوین اور اونہون نے پہلے

مَرَّةٍ ۭ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

چھیڑکی تم سے کیا انسے ڈرتے ہو سو اللہ کا ڈر چاہیئے تمکو زیادہ اگر تم ایمان رکھتے ہو

منزل ۲

سنہ ۶ مین جو صلح حدیبیہ ہوئی اُسی صلح مین آنحضرت سے اور قریش سے یہ معاہدہ تھا کہ دس برس تک لڑائی موقوف رکھنی چاہیئے اور اس دس برس کے امن مین خزاعہ قبیلہ حضرت کی امان مین تھا اور بنو بکر قبیلہ قریش کے امن مین تھا بنو بکر قبیلہ نے خزاعہ پر چڑہائی کی اور قریش نے خلاف معاہدہ بنو بکر کو مدد دی اس بدعہدی کے ذکر مین اللہ تعالے نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور مسلمانونکو ترغیب لانے کے لئے اللہ تعالی نے اس آیۃ مین قریش کی دوسری شرارت بنی وقت کو مکہ سے نکال دینے کی جو ذکر فرمائی ہے صحابہ کے قول کے موافق اوس قصہ کا حال یہ ہے کہ حدیبیہ کی صلح کے وقت مشرکین مکہ نے اپنے دلمین یہ بات ٹھان لی تھی کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ عمرہ کی نیت سے مکہ مین داخل ہون تو انکو زبردستی مکہ سے نکال دیوین قبیلہ خزاعہ کے لوگ اس مشورہ مین شریک نہیں ہوئے اور صلح کے زمانہ مین اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانونکی حمایت اپنے حق مین بہتر خیال کی اس عداوت کے سبب سے مشرکین مکہ نے قبیلہ بنی بکر کو خزاعہ سے لڑنے پر آمادہ کیا اور خود قبیلہ بنی بکر کی مدد کی اسی کو مشرکین مکہ کی پہلی چھیڑ فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ ایسے بدعہد لوگون سے لڑنے مین کسی ایماندار شخص کو کچھہ تامل اور ڈر نہ چاہیئے کیونکہ ایماندار لوگونکو دلمین سوا اللہ کے ڈر کے اور کوئی ڈر نہ ہونا چاہیئے کس لئے کہ جس شخص کے دلمین اللہ کا ڈر ہوتا ہے اسکو عقبے کے سب مشکل کام آسان ہوجاتے ہین معتبر سند سے ترمذی مین ابو ہریرہؓ کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے دلمین اللہ کا خوف ہوگا اسکو عقبے کی بہبودی کا راستہ آسان ہوجاویگا۔ آیۃ مین ایماندار لوگونکو اللہ سے ڈرنے کا جو ارشاد ہے اسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے۔

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ

لڑو انسے تا عذاب کرے اللہ اونکو تمہارے ہاتھون اور رسوا کرے اور تمکو اونپر غالب کرے اور ٹھنڈے کرے دل کتنے مسلمان

مُّؤْمِنِيْنَ ۙ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ

لوگونکے اور نکالے اونکے دلکی جلن اور اللہ توبہ دیگا جسکو چاہے گا اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا

اوپر ذکر تھا کہ ان مشرکون نے اپنا عہد توڑا اور یہ بھی ارادہ کیا کہ رسول خدا کو مکہ سے نکالدینا چاہیئے اور پھر باوجود ان باتون کے چھیڑ
اونہین کی طرف سے شروع ہوئی کہ نبو بکر سے اور نبو خزاعہ سے جب لڑائی ہوئی تو نبی بکر کی مدد کو یہ لوگ آمادہ ہوگئے اور خود
بھی نبی خزاعہ کو قتل کرنے لگے تو اب انسے لڑنا بلاشک ضرور ہے اور اگرچہ اللہ انکے نیست و نابود کرنے کو کافی ہی لیکن علم الٰہی میں
یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ تم انسے لڑو اور اللہ اپنی مدد سے تمہین انپر غالب کرے جس سے مسلمانون کے خیر خواہ نبی خزاعہ کا بدلہ لینے
سے مسلمانون کے دل کی بھڑاس نکلے اور اونکے دل ذرا ٹھنڈے ہون پھر اللہ پاک نے پیشین گوئی کے طور پر فرمایا کہ ان کفار
مین سے بعضے بعضے اپنے کفر سے توبہ بھی کرینگے وہ لوگ خدا کے علم مین ہیں وہ جسکو چاہتا ہی ہدایت کا راستہ دکھلاتا ہی اور
جسکی چاہتا ہی توبہ قبول کرتا ہی وہ بڑا جاننے والا اور سے اگلی پچھلی سب باتونکی خبر ہی اور بڑا ہی حکمت والا ہے جتنی باتین اسکی
ہوتی ہیں کوئی حکمت سے خالی نہیں ہوتی چنانچہ یہ سب باتین پوری ہوئی ہیں نبی خزاعہ کا پورا بدلہ مشرکین سے لیا گیا مشرکین
مکہ کو بے انتہا ذلت ہوئی مکہ فتح ہوا اور مشرکین کے سردارون مین سے بڑے بڑے لوگ ایمان بھی لائے ابوسفیان بن حرب
اور عکرمہ بن ابوجہل و سہیل بن عمرو جو چیدہ سردار اپنے اپنے قبیلے کے تھے آخر کو مسلمان ہوگئے و للہ الحمد معتبر سند سے
مسند امام احمد مین انس بن مالک سے روایت ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مظلوم شخص اگرچہ کافر بھی ہو
تو اسکی بدعا کا اثر ظالم کو نظر آجاتا ہے۔ یہ حدیث قبیلہ نبی خزاعہ کی حالت کی گویا تفسیر ہے کیونکہ اہل مکہ نبی خزاعہ کیساتھ
ظلم و زیادتی سے پیش آئے اللہ تعالی نے نبی خزاعہ کی بددعا کے اثر سے تمام ملک الٹ پلٹ کردیا۔

منزل ۲

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ

کیا جانتے ہو کہ چھوٹ جاؤگے اور ابھی معلوم نہین کیا اللہ نے تم مین سے جو لوگ لڑے ہیں اور نہین پکڑا اونھون نے سوائے

ع ۱۰

اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

اللہ کے اور اسکے رسول کے اور مسلمانون کے کسی کو بھیدی اور اللہ کو سب خبر ہے تمہارے کام کی

اوپر کی آیتون میں بدعہد لوگونسے لڑنے کی ترغیب دیکر اس آیۃ مین اللہ تعالی نے مسلمانونکو مخاطب ٹھہراکر فرمایا کہ کیا
تمہارا یہ گمان ہے کہ دین کی لڑائی سے تمہاری آزمائش نہوگی یون ہی چھوڑ دئے جاؤگے مطلب یہ ہے کہ جہاد اسیواسطے
فرض کیا گیا ہی کہ خدا مسلمانونکا امتحان لے اور جانچے کہ کون اسکے حکم کا مطیع ہے اور کون اسکی نافرمانی کرتا ہے حاصل
ہے کہ اگرچہ اللہ تعالی کو نیک و بد سب کا حال معلوم ہے لیکن اس دنیا عالم اسباب مین ابھی تک ہر ایک مسلمان کے
ظاہر و باطن کا پورا پورا حال نہین کھلا ہے اس جہاد کی غرض یہی ہے کہ اصل حال معلوم ہوجائے کہ کون مشرکون کی طرفداری
کرتا ہے اور کون اونکا پاس نہیں کرتا اس حاصل مطلب کو آیۃ کے آخر مین یون فرمایا کہ اللہ کو تمہارے کل عملون کی خبر ہی وہ
منافق اور مومن کو خوب جانتا ہی مگر اللہ تعالی نے سزا و جزا کا دارمدار اپنے علم ازلی پر نہیں رکھا ہے اس لئے اس نے اس جہاد
کا حکم دیا ہے تاکہ ہر ایک شخص کے اصلی حال سے لوگونکو واقفیت ہوجاوے صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرو بن

العاص کی حدیث گذر چکی ہے کہ دنیا مین جو کچھ نیک و بد ہو رہا ہے اپنے علم ازلی کے نتیجہ کے طور پر دنیا کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے وہ سب اللہ تعالی نے لوح محفوظ مین لکھ لیا ہے صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ اور ترمذی وغیرہ مین انس بن مالک سے جو روایتین ہین انکا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی نے جنت کو نیک کامون کی آڑ سے اور دوزخ کو بری کامونکی آڑ سے گھیر رکھا ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ اس دنیائے عالم اسباب مین اللہ تعالی نے نیک کامونکو جنت مین جانے کا اور برے کامونکو دوزخ مین جانے کا سبب ٹھیرایا ہے صحیح بخاری وغیرہ کے حوالہ سے سورہ ممتحنہ مین حضرت علی کی حدیث آویگی کہ مکہ کی چڑہائی کے ارادہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے راز کے طور پر مشرکین مکہ سے پوشیدہ رکھا تھا لیکن ایک بدری صحابی حاطب بن ابی بلتعہ نے مشرکین مکہ سے دوستی قائم رکھنے کے لئے ایک خط مشرکین مکہ کے نام لکھا جو راستہ مین پکڑا گیا ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے جس تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ اللہ کے علم سے کوئی چیز باہر نہین ہے مگر اوسنے اپنے علم کے موافق اس دنیا عالم اسباب کے اندر جنت اور دوزخ مین جانے کے جو سبب ٹھہرائے ہین جب تک اون سببون کے ظہور کی پوری پوری جانچ نہ ہوجائے تو نیک و بد کا امتحان نہیں ہوسکتا مثلاً بدر کی لڑائی نہوتی تو بدری صحابہ نے جو کوشش اس لڑائی مین کی اسکا امتحان نہ ہوسکتا تھا اور نہ وہ کوشش لوگون کے نزدیک اُن کے قطعی جنتی ہونے کا سبب قرار پاسکتی تھی اسی طرح مکہ کی چڑہائی نہوتی تو حاطب بن ابی بلتعہ نے جو مشرکون کی طرفداری کی اوس کا امتحان کس طرح ہوتا اور ایسے موقعون پر قرآن شریف کی آیتون کا نازل کیا جانا جو علم الٰہی مین قرار پاچکا تھا اوس کا موقع کیونکر پیش آتا۔ منزل ۲

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَنْ يَعْمُرُوا مَسَاجِدَ اللَّهِ شَاهِدِينَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۚ أُولَٰئِكَ

مشرکون کا کام نہین کہ آباد کرین اللہ کی مسجدین اور مانتے جاوین اپنے اوپر کفر کو وہ لوگ

حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۖ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ ۝ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَ

خراب گئے اونکے عمل اور آگ میں رہیں گے وہ ہمیشہ وہی آباد کرے مسجدین اللہ کی جو یقین لایا اللہ پر اور

الْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّهَ ۖ فَعَسَىٰ أُولَٰئِكَ أَنْ يَكُونُوا

پچھلے دن پر اور کھڑی کی نماز اور دی زکوۃ اور نہ ڈرا سوائے اللہ کے کسی سے سو امید وار ہین وہ لوگ کہ ہوویں

مِنَ الْمُهْتَدِينَ ۝ أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللَّهِ

ہدایت والون مین کیا تم نے ٹھہرایا حاجیون کو پانی پلانا اور مسجد حرام کو جانا برابر اسکے جو یقین لایا اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا يَسْتَوُونَ عِنْدَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اور پچھلے دن پر اور لڑا اللہ کی راہ مین نہین برابر اللہ کے پاس اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف

الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وقف لازم

لوگونکو جو یقین لائے اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے اللہ کی راہ مین اپنے مال اور جان سے اونکو

اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ

بڑا درجہ ہے اللہ کے پاس اور وہی مراد کو پہنچے خوشخبری دیتا ہے اونکو پروردگار انکا اپنی طرف سے مہربانی کی

وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

اور رضامندی کی اور باغون کی جن مین اونکو آرام ہے ہمیشہ کا رہا کرین اونمین مدام بیشک اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے

صحیح مسلم ابو داؤد صحیح ابن حبان تفسیر ابن ابی حاتم مین جو شان نزول ان آیتونکی بیان کی گئی ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ بدر کی لڑائی مین قریش کے ستر آدمی جو گرفتار ہوئے جنمین حضرت عباس بھی تھے تو مسلمانون نے اون ستر آدمیون کے روبرو بت پرستی اور شرک کی مذمت بیان کی یہ مذمت سنکر حضرت عباس نے کہا ہم بھی کعبہ مین اچھے کامون مین لگے ہوئے تھے مسجد حرام کو آباد رکھتے تھے حاجیون کو پانی پلاتے تھے اوسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمادیا کہ بغیر اسلام خالص کے یہ اچھے کام اللہ کے نزدیک کچھہ قبول نہیں اس سے معلوم ہوا بغیر صفائی عقیدہ کے کوئی ظاہری عمل قبول نہیں ہوتا۔ مسند امام احمد صحیح مسلم اور ابن ماجہ مین ابو ہریرہؓ اور بریدہؓ کی روایتین ہین جنکا حاصل یہ ہے کہ ایک صحابی کا اونٹ جاتا رہا تھا اور وہ صحابی اپنے اونٹ کو ڈھونڈنے کے طور پر اپنے اونٹ کو آواز دے رہے تھے اللہ کے رسول نے اُن کو منع کیا اور فرمایا کہ مسجدین ایسے کامونکے لئے نہین بنی ہین بلکہ مسجدین تو خاص اللہ کی عبادت کے لئے بنی ہین اور صحابہ کو مخاطب کرکے آپنے یہ بھی فرمایا کہ آیندہ جو شخص اس طرح مسجد مین اونٹ کو آواز دیتا ہوا اور بلاتا ہوا نظر آوے تو اسکے حق مین یہ بددعا کرنی چاہیئے کہ اس کا کھویا ہوا اونٹ کبھی نہ ملے ان حدیثونکو آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ شریعت الٰہی کے موافق تو مسجدین کھوئے ہوئے اونٹ کا بھی پکارنا منع ہے یہ بت پرست لوگ مسجد حرام مین طواف کے وقت اللہ کے نام کے ساتھہ بتونکو پکارتے ہین ایسے لوگونسے اللہ کی مسجدین کیا آباد ہوسکتی ہین اللہ کی مسجدین تو ایسے لوگون سے آباد ہوسکتی ہین جو خالص دل سے اللہ کی ہر طرح کی عبادت کرتے ہین اور یہ بت پرست لوگ حاجیونکو پانی پلانے اور مسجد حرام مین آنے جانے کو اللہ و حدانیت اور حشر پر ایمان لانے کے اور دین کی لڑائی کے برابر جو سمجھتے ہین یہ اُنکی بے انصافی ہے کیونکہ ہر عبادت کرنے والیکو ضرور ہے کہ پہلے صحیح طور پر اپنے معبود کو پہچان لیوے بت پرستی کے سبب سے ان لوگونمین جب یہ بات نہین ہے تو اللہ کے نزدیک نہ یہ لوگ اللہ کے پہچاننے والونکے برابر ہوسکتے ہین نہ اُنکی کوئی عبادت خدا شناس لوگونکی عبادت کے برابر ہوسکتی ہے اس لئے اللہ کی بارگاہ مین تو اونہی لوگونکے نیک کامونکے بڑے بڑے اجر ہین جو اللہ کو معبود حقیقی جانتے ہین اور خالص دلسے اوسی کی ہر طرح کی عبادت کرتے ہین جنکی عبادت مین شرک یا دنیا کے دکھاوے کا کچھہ لگاؤ ہو اونکی عبادت لائقان ہے مسند امام احمد اور صحیح مسلم مین ابو ہریرہ کی روایت سے حدیث قدسی ہے جسمین اللہ تعالی

منزل ۲

فرماتا ہی کہ جس شخص نے کسی نیک عمل مین سوا اللہ کے کسی دوسرے کو شریک کیا اللہ کی بارگاہ مین ایسے عمل کا ہرگز کچھ اجر نہیں ہے کیونکہ شرک اللہ تعالی کو بہت ناپسند ہے ان آیتون مین شرک کے سبب سے نیک عملون کے رائگان اور خراب ہوجانے کا جو ذکر ہے یہ حدیث گویا اسکی تفسیر ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا آبَاءَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى

اے ایمان والو نہ پکڑو اپنے باپونکو اور بھائیونکو رفیق اگر وہ عزیز رکھین کفر کو

الْإِيمَانِ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

ایمان سے اور جو تم مین ادنکی رفاقت کرین سو وہی لوگ ہین گنہگار

اس آیۃ کی شان نزول مین مفسرون نے اختلاف کیا ہے مجاہد کہتے ہین کہ اس آیۃ کو اوپر کی آیتونسے لگاؤ ہے عباسؓ اور طلحہؓ کے متعلق یہ آیۃ نازل ہوئی کہ جب یہ دونون مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے رک گئے تو یہ فرمایا کہ تم لوگ جب ایمان لاچکے تھے تو تمکو اپنے باپ بھائی کے سبب سے ہجرت کو نہ چھوڑنا چاہیے تھا کیونکہ وہ رشتہ دار تو ایسے ہین جو کفر پر جمے ہوئے ہین اور ایمان کے مقابلہ مین کفر کو اچھا جانتے ہین اسلئے جو کوئی انکی رفاقت کریگا تو وہ ظالم ہے اور حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہی کہ اس آیۃ کی شان نزول یون ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون کو مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنیکا حکم دیا تو انکے بال بچون نے قسمین دلائین اور کہنے لگے کہ کیا ہمکو اکیلا چھوڑے جاتے ہو اسلئے انکے دل مین بھی الفت پیدا ہوگئی اور وہ لوگ مکہ مین رہ گئے اوسپر یہ آیۃ اتری تفسیر مقاتل مین یہ ہی کہ وہ نو شخص جو مرتد ہوکر مدینہ سے مکہ چلے گئے تھے انکے حق مین یہ آیۃ اوتری جسمین اللہ تعالی نے مومنون کو منع کیا کہ انسے تعلق نہ رکھو حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے حوالہ سے جو شان نزول پہلے بیان کی گئی یہ قول حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا تفسیر خازن وغیرہ مین ہے اور اسی شان نزول کی ایک روایۃ حضرت عبداللہ بن عباس کی معتبر سند سے ترمذی مین بھی ہی مگر اس روایۃ مین اس آیۃ کے نزول کا ذکر نہین ہی بلکہ اسمین سورہ تغابن کی آیۃ یاایہا الذین آمنوان من ازواجکم واولادکم عدولکم فاحذروہم کا ذکر ہے۔ رفع اس اختلاف کا یہ ہی کہ جن علمانے ہجرت سے رک جانے والے لوگونکی شان مین آیۃ کا نازل ہونا بیان کیا ہی اسکا مقصد یہ ہے کہ ایسے لوگون کی شان مین بھی آیۃ کا مضمون صادق آسکتا ہی ورنہ یہ تو اوپر گذر چکا ہے کہ مکہ ۸ھ مین فتح ہوا اور فتح مکہ کے سال ۸ھ کے بعد ۹ھ مین یہ ساری سورۃ نازل ہوئی اور اوس سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق اور حضرت علی کو مکہ بھیجا کہ وہ اس سورۃ کی دس آیتین مشرکین مکہ کو سنادیون پھر فتح مکہ کے بعد ہجرت کی تاکید مین کوئی آیۃ کیونکر نازل ہوسکتی ہے کیونکہ صحیح بخاری وغیرہ کی حضرت عبداللہ بن عباس کی روایۃ مین یہ صاف آچکا ہے کہ فتح مکہ کے بعد مکہ سے ہجرت کرنے کی ضرورت باقی نہین رہے حاصل کلام یہ ہی کہ اس آیۃ کی شان نزول عام ہی اور اس مین سب یا مذارون کو حکم ہے کہ وہ اپنے مخالف شریعت رشتہ دارون سے ایسی رفاقت نہ رکھین جس سے ان ایمانداروں کے دین مین فتور پڑے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوموسی اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے برے رفیق کی مثال

منزل ۲

کمال دہونکنے والے شخص کی فرمائی ہی صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوسعید خدری کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مخالف شریعت بات سے دلی نفرت کا رکھنا یہ آدمی کے ضعیف ایمان کا ایک درجہ ہی ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی جسکا حاصل یہ ہے کہ ضعیف الایمان شخص کو بھی مخالف شریعت رشتہ دارون سے دلی نفرت کا رکھنا اور انکی رفاقت سے بچنا ضرور ہے ورنہ کمال دہونکنے والے شخص کے رفیق ہونیکا ایک نہ ایک دن جس طرح آگ کی چنگاری اڑکر آن پڑنے کا خوف ہے اسی طرح مخالف رشتہ دارون کی رفاقت سے ہر ایماندار آدمی کے دین کو ایک نہ ایک دن کچھ نہ کچھ ضرر پہونچنے کا خوف ہے ایسی رفاقت کے نباہنے والونکو ظالم اسلئے فرمایا کہ انھون نے اپنی جان پر ظلم کیا جو مخالف شریعت رشتہ دارونکی رفاقت سے اپنے آپ کو گنہ گار بنایا۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ

تو کہہ کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتین اور برادری اور مال

اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ

جو کمائے ہیں اور سوداگرے جسکے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور حویلیان جو پسند رکھتے ہو تمکو عزیز ہین اللہ سے اور

رَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۲۴

ع ۳ منزل ۲

اور اسکے رسول سے اور لڑنے سے اسکی راہ مین تو راہ دیکھو جب تک بھیجے اللہ حکم اپنا اور اللہ راہ نہین دیتا نافرمان لوگون کو

اللہ پاک نے اس آیۃ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ تم ان لوگون سے کہدو کہ اگر تم ایمان لانے کے بعد قرابتدارون کی ترقی مال وتجارت اور اچھے اچھے مکانون کے آباد رکھنے کی الفت مین ایسے گرفتار رہوگے کہ ان چیزونسے زیادہ خدا اور اسکے رسول اور اسکی راہ مین جہاد کرنے کو عزیز نہ جانوگے تو ایسی حالت مین تمہارا ایمان پورا نہین ہوسکتا اور اگر انہی چیزونکی محبت مین پڑے رہوگے تو پھر خدا کے عذاب کے منتظر رہو مسند امام احمد اور بخاری مین عبداللہ بن ہشام کی ایک روایت ہے کہ ایک روز ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ تھے اور آپ حضرت عمرؓ کا ہاتھہ پکڑے ہوئے تھے حضرت عمرؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ دنیا مین ہر شے سے مجھے زیادہ عزیز ہین مگر جان سے زیادہ عزیز نہین ہین آپ نے فرمایا کہ کوئی کامل مومن نہین ہوسکتا جب تک مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ محبوب نہ سمجھے یہ سنکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اب آپ جان سے بھی زیادہ عزیز ہین۔ اکثر حدیثین اس مضمون کی ہین کہ جب تک حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی اپنے باپ بھائی بال بچے مال ودولت اور اپنی جان سے زیادہ عزیز نہ رکھے گا تو وہ ایمان مین کامل نہین ہوسکتا پھر اللہ پاک نے اس آیت کو اسپر ختم کیا کہ جو لوگ خدا کے حکم کی تعمیل اور اسکے امرونہی کی بجاآوری سے باہر ہین اون کو اللہ پاک ہدایت کا راستہ نہین دکھاتا سورہ آل عمران مین گذر چکا ہے کہ اللہ کی محبت اُس کے احکام کے ماننے سے ظاہر ہوتی ہے اور وہ احکام بغیر وسیلہ رسول کے معلوم نہیں ہوسکتے اسلئے اللہ کے رسول کی فرمانبرداری کو دنیا کی سب چیزون سے

زیادہ عزیز جاننا یہی اللہ کے حکم پر ایمان لانا ہے اور اسی کو محبت الٰہی کہتے ہیں عبداللہ بن ہشام کی حدیث جو اوپر گذری اوسکا مطلب یہی ہے جو بیان کیا گیا۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث سورہ آل عمران مین گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اطاعت عین اطاعت الٰہی ہے اور میری نافرمانی عین اللہ کی نافرمانی اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ احکام الٰہی اللہ کے رسول کے ذریعہ سے معلوم ہوتے ہیں اسواسطے اللہ کے رسول کی اطاعت عین اللہ کی اطاعت ہے آخر آیت مین فرمایا جن لوگون مین یہ اطاعت کا مادہ نہیں ہے وہ نافرمان لوگ ہیں اور ایسے نافرمان لوگونکو زبردستی راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہے اسلئے ایسے لوگونکو نافرمانی کی سزا کا منتظر رہنا چاہیئے۔ صحیح بخاری و مسلم مین زینب بنت جحش کی حدیث ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بستی مین عام طور پر گنہ گاری پھیل جاویگی تو ایسی بستی پر عذاب الٰہی نازل ہوگا ترمذی اور ابوداؤد کے حوالہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صحیح حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی بستی کے بُرے لوگونمین نافرمانی اور گنہ گاری زیادہ پھیل جاویگی اور اُس بستی کے اچھے لوگ اُن نافرمان لوگون کو نصیحت کا کرنا بھی چھوڑ دین گے تو ایسی بستی پر کچھہ نہ کچھہ عذاب الٰہی ضرور نازل ہوگا۔ یہ حدیثین آیۃ کے ٹکڑے فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ کی گویا تفسیر ہے۔

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِي مَوَاطِنَ كَثِيرَةٍ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ

مدد کر چکا ہے تمکو اللہ بہت میدانون مین اور دن حنین کے جب اترائے تم اپنی بہتایت پر پھر وہ

منزل ۲ عَنكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُم مُّدْبِرِينَ

کچھہ کام نہ آئے تمہارے اور تنگ ہو گئی تم پر زمین ساتھہ اپنی فراخی کے پھر ہٹے تم پیٹھہ دے کر

فتح مکہ کے بعد قریب دو ہفتہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مین مقام کیا اسی اثنا مین آپکو خبر پہونچی کہ حنین کے میدان مین ہوازن اور ثقیف قبیلہ کے چار ہزار آدمی اپنے اونٹ اور بکریان لیکر مسلمانونکی لڑائی کی نیت سے جمع ہوئے ہیں آپنے یہ سنتے ہی مسکرا کر فرمایا کہ کل انشاء اللہ تعالی وہ سب اونٹ اور بکریان مسلمانون کا مال غنیمت ہو جاویگا مدینہ سے جب فتح مکہ کی نیت سے آپ نکلے تھے تو آپکے ساتھہ دس ہزار کا لشکر تھا وہی لشکر آپنے اپنے ساتھہ لیا اور حنین کی چڑھائی کا ارادہ کیا اب فتح مکہ کے وقت دو ہزار کے قریب جو لوگ مسلمان ہوئے تھے وہ بھی ساتھہ ہو گئے اسی واسطے مفسرین مین اختلاف ہے بعضے حنین کے وقت دس ہزار کا لشکر بتلاتے ہیں اور بعضے زیادہ لیکن اصل مین کچھہ اختلاف نہین ہے مدینہ کا آیا ہوا لشکر جنہون نے معتبر رکھا انھون نے دس ہزار کی تعداد قائم رکھی اور جنہون نے مکہ کے لوگون کو بھی گنتی مین لے لیا انھون نے تعداد بڑھادی بعضے صحابہ کی زبان سے یہ کلمہ بھی نکل گیا تھا کہ آج ہمارا لشکر بہت ہے اسلئے ہم کسی سے اب مغلوب نہ ہون گے اسلئے اول مین مسلمانونکی فتح ہو کر جب مسلمان لوٹ کی طرف متوجہ ہوئے تو دشمنون نے موقع پاکر ایسے تیر برسائے کہ مسلمانے پیر اکھڑ گئے اتنے مین آنحضرت نے حضرت عباس سے جو بہت بلند آواز تھے لوگونکو آواز دلوائی اور پکروایا اور پھر صف بندی کرکے

مقابلہ کیا اور بدر کی طرح خاک کی ایک مٹھی دشمنون کی طرف پھینکی اور اللہ تعالی سے فتح کی دعا کی آسمان سے کچھ فرشتے بھی تسکین کے لئے آئے اور اللہ نے فتح دی۔ دشمنون کے تیر برسانے اور مسلمانون کے پیر اوکھڑ جانے کا ذکر تو صحیح بخاری و مسلم مین براربن العازب کی روایت سے ہے اور خاک کی مٹھی کے دشمنو پر پھینکے کا ذکر مسند امام احمد اور صحیح مسلم مین سلمۃ بن الاکوع کی روایت سے ہے۔ اس لڑائی مین چھ ہزار لونڈی غلام چوبیس ہزار اونٹ اور چالیس ہزار بکریان یہ لوٹ مسلمانون کے ہاتھ لگی تھوڑے روز کے بعد ہوازن قبیلہ کے لوگ اسلام لائے اور اپنا مال انھون نے آنحضرت سے واپس مانگا آپنے انکے اہل و عیال کی واپسی کا حکم تو دیا مگر مال مسلمانون ہی کے پاس رہا اگرچہ بعضے مفسرن نے کہا ہی کہ حنین کی لڑائی مین بھی فرشتے لڑے ہین لیکن صحیح قول یہی ہی کہ سوا بدر کی لڑائی کے اور کسی لڑائی مین فرشتے نہین لڑے اسی حنین کی لڑائی کے ذیل مین پہراو طاس اور طائف کی لڑائی بھی ہوئی ہے لیکن اس آیۃ مین اللہ تعالی نے فقط حنین کی لڑائی کا ہی ذکر فرمایا ہی۔ حاصل مطلب آیۃ کا یہ ہی کہ مثلاً بدر کی لڑائی بنی قریظہ کی لڑائی مکہ کی چڑہائی ایسی لڑائی کے بہت سے میدانون میں اللہ تعالی نے لشکر اسلام کی طرح طرح سے مدد کی ہی اس حنین کی لڑائی مین اگرچہ سب شکست کے آثار مسلمانونکے لشکر مین پھیل چکے تھے بارہ ہزار آدمیونکا لشکر تھا اور پھر بھی اسطرح انکے پیر اوکھڑ گئے تھے کہ دشمنون کے تیرون کی بھرمار سے بچنے کے لئے اتنا بڑا میدان جنگ انکو تنگ نظر آتا تھا ایسی صورت میں یہ اللہ ہی کی مدد تھی جو بگڑی ہوئی لڑائی ایک دم مین پھر بن گئی اور جھٹ پٹ فتح کے آثار نمودار ہوگئے اس مین مسلمانونکو یہ ہدایت ہے کہ اس عالم اسباب مین اسباب سے کام تو لینا چاہیئے مگر اصل بھروسہ اللہ پر رکھنا چاہیئے منزل ۲
کہ وہی اسباب مین تاثیر کا پیدا کرنے والا ہی اسباب ظاہری مین اگر کچھ ذاتی تاثیر ہوتی تو بدر کی کچھ اوپر تین سو آدمیون کی فتح اور اس لڑائی مین بارہ ہزار آدمیون کے لشکر کی شکست کا کوئی موقع نہ تھا معتبر روایتون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رزق کا سبب اپنے برچھے کو ٹھہرایا ہے جسکا مطلب ہی کہ ہتیارون کے سبب سے فتح ہوکر غنیمت کا مال ہاتھ آتا ہی جس سے رزق ملتا ہی اسی طرح معتبر روایتون مین یہ بھی ہی کہ دشمن کے مقابلہ سے پہلے آپ اللہ تعالی سے فتح کی دعا مانگا کرتے تھے ان سب روایتون کو ملانے سے ظاہری اسباب کو کام مین لانے کا اور اصل بھروسہ اللہ کی ذات پر رکھنے کا مطلب اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہی

ثُمَّ أَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنْزَلَ جُنُودًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِينَ

پہر اوتاری اللہ نے اپنی طرف سے تسکین اپنے رسول پر اور ایمان والو پر اور اوتارین فوجین جو تم نے نہین دیکہین اور ماردی

كَفَرُوا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ثُمَّ يَتُوبُ اللَّهُ مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

کافرونکو اور یہی سزا ہے منکرونکی پہر توبہ دیگا اللہ اسکے بعد جسکو چاہے اور اللہ بخشتا ہے مہربان

اوپر کی آیت مین اللہ پاک نے جنگ حنین کا یہ قصہ بیان فرمایا تہا کہ مسلمانون کو اوس روز اپنی فوج کی زیادتی پر یہ خیال ہوا تہا کہ اب ہم کسی سے مغلوب نہ ہون گے کیونکہ اوسوقت کل مسلمان قریب بارہ ہزار کے تھے فتح مکہ کے بعد کل لوگ مکہ اور مدینہ کے مسلمان جب جمع ہوئے تو سب نے ملکر یہ سوچا کہ اب ہم خوب لڑین گے اب ہم پر کوئی غالب نہیں ہوسکتا حضرت کو

انکا یہ کہنا برا معلوم ہوا تھا۔ غرض حنین کی لڑائی میں جب ہوازن اور ثقیف کے لشکر سے مسلمانونکا مقابلہ ہوا تو کچھ ایسا خوف دشمنون کا انکے دلمین سمایا کہ پیچھے ہٹ گئے مفسرونکا بیان ہی کہ ایک سو تینتیس مہاجر اور شستر انصار کے سوا اس میدان مین کوئی بھی ثابت قدم نرہا صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکیلے رہ گئے آپ کے قدم آگے ہی کو بڑہتے چلے گئے اور مسلمانونکو پکارا کہ اے خدا و رسول کے انصار میری طرف آؤ مین خدا کا بھیجا ہوا رسول ہون اور حضرت عباس کو جو آپکے داہنی طرف رکاب تھامے ہوئے تھے فرمایا کہ لوگونکو پکارو حضرت عباس کو یہ کام اسلئے سونپا گیا کہ حضرت عباس بلند آواز تھے انکی آواز آٹھ آٹھ میل تک جاتی تھی بہرحال لوگ رفتہ رفتہ جمع ہوتے گئے اور اللہ پاک نے انکے دل مین اطمینان پیدا کردیا پھر تو یہ لوگ جمکر لڑے اور خدا نے آسمان سے فرشتے بھی بھیجے جنکے سبب سے کفار کے دل مین رعب پیدا ہوا اور کچھ کافر قتل ہوئے اور کچھ بھاگ گئے فرشتونکی تعداد مین مفسرونکا اختلاف ہی بعضے کہتے ہیں پانچہزار تھے اور بعضونکا قول ہی کہ آٹھ ہزار تھے مگر آیت یا کسی صحیح حدیث سے یہ بات نہین معلوم ہوئی کہ وہ کتنے تھے ہان صحیح طور پر اتنی بات ضرور معلوم ہوتی ہی کہ فرشتون نے اس لڑائی یا اور کسی جنگ مین سوائے جنگ بدر کی لڑائی کا کام نہین دیا اللہ تعالی نے انکو اسی واسطے بھیجا تھا کہ مسلمانون کے دل قوی ہوجائین اور کفار کے دل مین رعب پیدا ہو پھر اللہ پاک نے آیہ مین یہ فرمایا کہ مسلمانون کو تسکین عطا کرکے اور فرشتونکی کمک بھیجکر کفار پر یہ عذاب نازل کیا کہ خوب اچھی طرح قتل ہوئے بہت سا مال انکا مسلمانون کے قبضے مین آیا اتنی غنیمت ہاتھ لگی کہ مسلمان مالدار ہوگئے کیونکہ اوس قافلہ مین بارہ ہزار صرف اونٹ تھے اور بکریون کی تو کچھ گنتی ہی نہیں انکے علاوہ اور بہت سا مال تھا لوگ گرفتار بھی بہت ہوئے عورت اور بچے ملاکر چھ ہزار آدمی قید ہوئے پھر باقی لوگ ہوازن کے مسلمان ہوکر مکہ کے قریب جعرانہ مقام مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ نے انہین اختیار دیا کہ خواہ اپنے قیدیون کو لیجاؤ خواہ مال لے لو اون لوگون نے اپنے قیدیون کو لینا پسند کیا آپنے انکے قیدیون کو انہین دیدیا اور مال غنیمت غازیون کو تقسیم کردیا اور مکہ کے نومسلم لوگونکو تالیف قلوب کے لئے اسمین سے زیادہ مال دیا اس غنیمت مین سے ایک ایک شخص کو سو سو اونٹ ملے تھے سورہ بقر مین گذر چکا ہی کہ تابوت سکینہ کے ساتھ جو فرشتے رہتے تھے انکی برکت سے بنی اسرائیل کے دلون مین ایک تسکین پیدا ہوجاتی تہی یہان مسلمانون کے دلون مین اللہ تعالی نے جدا تسکین پیدا کردی اور علاوہ اس تسکین کے دوہری تسکین کے لئے آسمان سے فرشتے بھی بھیجدئے مسلمانون کے لشکر مین اس تسکین سے پہلے ایک صورت شکست کی پیدا ہوگئی تھی اسلئے اس دوہری تسکین کا یہ انتظام فرمایا گیا جس سے مسلمانون کے دل خوب مضبوط ہوگئے اور وہ دوبارہ خوب جمکر لڑے اس دوبارہ کی لڑائی مین مخالفون کے بہت سے آدمی مارے گئے اونکے بال بچے قید ہوگئے اور انکا مال لوٹ لیا گیا جس کا ذکر اوپر گذرا غرض اس سب کو مخالفونکے کفر کی سزا فرمایا یہ پوری سزا تو انہین کے حق مین ہوئی جنکا حال کفر پر قتل ہونا علم الہی مین قرار پاچکا تھا اور جنکے نصیب مین کفر و شرک سے توبہ کا کرنا لکھا تھا اونکی جانین بھی بچ گئین اور اونھون نے توبہ بھی کی اور اللہ تعالی

منزل ۲

نے اپنی مہربانی سے اُنکی توبہ قبول بھی کی اور اُنکے بال بچے بھی اُنکو واپس مل گئے صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کی توبہ کے قبول کرنے مین گنہ گارون کے حال پر اس قدر مہربان ہی کہ اگر دنیا کی یہ مخلوق گناہ نہ کرتی تو اللہ تعالی گناہ کرنے والی اور مخلوق پیدا کرتا اور پھر گنا ہون کے بعد اونکو توبہ کی توفیق دیکر اُنکی توبہ قبول کرتا آیۃ کے آخر ٹکڑے مین گنہ گارون کی توبہ قبول ہونے کا جو ذکر ہے یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَٰذَا

ای ایمان والو مشرک جو ہین پلید ہین سو نزدیک نہ آوین مسجد حرام کے اس برس کے بعد

اللہ پاک نے مشرکونکے حق مین یہ حکم فرمایا کہ یہ لوگ ناپاک ہین اسلئے سنہ ۹ ہجری کے بعد پھر یہ لوگ حرم شریف مین داخل نہونے پائین کیونکہ کفر و شرک جو اُنکے دلون مین ہی وہ نجاست سے بھی بڑھکر ہے اسلئے یہ لوگ پلید ہین حضرت عبداللہ بن عباس کا قول ہے کہ مشرکونکا بدن ناپاک ہی لیکن اس قول کی سند ضعیف ہی اسلئے قتادہ یہ کہتے ہین کہ یہ لوگ اپنی پاکی اور صفائی کی احتیاط نہین کرتے ہین اور ناپاک چیز ونسے بچتے ہین اس لئے وہ لوگ نجاست کے ساتھہ موصوف ہین خود اُنکا جسم ناپاک نہین ہی جمہور مفسرین کا قول قتادہ کے قول کے موافق ہی معتبر سند سے مسند امام احمد اور ابو داؤد مین جابرؓ بن عبداللہ سے روایۃ ہی جسمین وہ کہتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ کی لڑائیون مین مشرک لوگونکے برتن جو کبھی مل جاتے تھے تو اُن برتنون مین کھانے پینے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منع نہین کرتے تھے اس روایت سے جمہور کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہی کہ آیۃ مین مشرکون کی نجاست سے مطلب اعتقادی نجاست ہی ظاہری نجاست نہین ہی کیونکہ ظاہری نجاست اگر آیۃ مین مقصود ہوتی تو اون برتنون مین مشرکون کے ہاتھون کی رطوبت کے جذب ہوجانے کے بعد پھر وہ برتن مسلمانون کے برتنے کے قابل کیونکر رہ سکتے تھے۔ سوائے مسجد حرام کے اور مسجدون مین مشرکونکو آنے دینا منع ہی یا نہین آیت مین اس کا کچھہ حکم نہین ہی اسی واسطے اس مین علما کا اختلاف ہے جسکی تفصیل بڑی کتابون مین ہے۔ صحیح بخاری وغیرہ مین ابوہریرہؓ کی روایت ہی جسمین یہ ہے کہ اسلام لانے سے پہلے ایک شخص ثمامہ بن اثال کو مسجد نبوی کے ستون سے باندہا گیا اس روایت سے اون علماء کے قول کی بڑی تائید ہوتی ہے جن کے نزدیک سوائے مسجد حرام کے اور مسجدون مین مشرکون کا آنا منع نہین ہے۔

وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ إِنْ شَاءَ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ

اور اگر تم ڈرتے ہو فقر سے تو آگے غنی کریگا تمکو اللہ اپنے فضل سے اگر چاہے اللہ ہے سب جانتا حکمت والا

تفسیر ابوالشیخ ابن جریر اور ابن ابی حاتم مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور سعید بن جبیر وغیرہ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہی اُسکا حاصل یہ ہی کہ جب سنہ ۹ مین آنحضرت نے موسم حج کے وقت حضرت علی کو مکہ بھیجکر عام حکم سورہ براۃ کا سنوادیا کہ آیندہ سال سے کوئی مشرک حج کو نہ آسکے اور مکہ مین انہی لوگون کے سبب سے تجارت ہوکر اور کھانے پینے کا سامان آکر اہل مکہ کی گذر چلتی تھی اب جب اُنکا حرم کا آنا بند ہوگیا تو اُنکا مکہ کا سفر بھی باقی نرہا کیونکہ اسم جاہلیت کے موافق

منزل ۲

حج کے ارادہ سے یہ لوگ موسم حج پر مکہ کو آیا کرتے تھے اسلئے اِن لوگون کے مکہ مین نہ آنے سے مکہ کے لوگونکو بڑا تردد ہوا کہ اب کھانے پینے کی گذر کیونکر چلے گی ۸ھ مین فتح مکہ ہوکر اکثر اہل مکہ مسلمان ہوچکے تھے اسلئے اللہ تعالی نے اونکی تسکین اور اونکا تردد رفع کرنے کی غرض سے یہ آیۃ نازل فرمائی اور پھر جس طرح اللہ تعالی نے اون سے وعدہ فرمایا تھا بہت جلد اس کا سبب بھی یہ پیدا کردیا کہ اہل یمن جو مسلمان ہوگئے تھے وہ ہر طرح کا تجارت کا سامان مکہ مین لانے لگے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو آنحضرت نے یہ حکم سنانے کی غرض سے بھیجا کہ آیندہ سال سے کوئی مشرک حج نکرسکے گا پھر حضرت ابوبکر صدیق کو تو لوگونکو مسائل حج سکھانے کا کام سپرد رکھا اور مشرکونکی ممانعت حج کا حکم اور عہد کا ذکر جو اس سورہ مین ہی یہ حکم سنانے کی غرض سے خاص طور پر حضرت ابوبکر صدیق کے پیچھے حضرت علی کو بھیجا اس سے بعضے لوگون نے حضرت علی کی فضیلت جو حضرت ابوبکر صدیق پر نکالی ہے وہ غلط ہی کیونکہ یہ اوپر گذر چکا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اس بات کی صراحت فرمادی تھی کہ حضرت علی کو آپ نے صرف اس غرض سے بھیجا تھا کہ عرب کے دستور کے موافق آپکے ایک رشتہ دار کے ذریعہ سے عہد کا حکم مشرکون کو پہنچ جاوے کس لئے کہ عرب کے لوگ عہد کے پیام میں رشتہ دار کا ذریعہ ہونا ضروری خیال کرتے ہیں - صحیح ابن حبان ابن ماجہ اور مستدرک حاکم مین جابرؓ بن عبداللہ کی روایتین ہین جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کی گزران کے ایک سہارے کچھ فتور پڑجاوے تو اوس شخص کو اوس سے گھبرانا نہیں چاہیے اللہ تعالی گذران کا کوئی دوسرا سہارا ضرور پیدا کردیگا کیونکہ ہر شخص کا رزق اللہ کے ذمہ ہے اسلئے ہر شخص کا عمر بھر کا مقررہ رزق کا ایک ایک دانہ جب تک پورا نہیں ہوجاتا تو گذران کا سہارا بند ہوکر کوئی شخص نہیں مرسکتا - مکہ کی تجارت کا ایک ذریعہ بند ہوکر دوسرا ذریعہ جو قائم ہوگیا اس حدیث سے اسکا مطلب اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہی اور یہ بھی ہر شخص کی سمجھ مین آسکتا ہے کہ گذران کے ایک سہارے پر آدمی کا رزق منحصر نہیں ہے ایک سہارا اگر بند ہوجاویگا تو اللہ کی قدرت سے ضرور کوئی دوسرا سہارا پیدا ہوجاویگا جابرؓ بن عبداللہ کی اس حدیث کو حاکم نے صحیح کہا ہے اور ابن حبان کی سند بھی معتبر ہے۔

منزل ۲

قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَلَا

لڑو اون لوگون سے جو یقین نہیں کرتے اللہ پر نہ پچھلے دن پر نہ حرام جانین جو حرام کیا اللہ نے اور اسکے رسول نے اور نہ

يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ

قبول کرین دین سچا وہ جو کتاب والے ہین جب تک دیوین جزیہ سب ایک ہاتھ سے اور وہ بے قدر ہون ع ۵ ۱۰

اوپر کی آیۃ مین مشرکون کو حرم مین آنے سے منع فرماکر مسلمانونکو اس بات کی تسلی دی تھی کہ اللہ تعالی تمہیں اسوہ حال کردیگا مشرکونکے مکہ مین نہ آنیکا کوئی غم نہ کیا جاوے اسکے بعد اب یہ فرمایا کہ مشرکونسے اسواسطے لڑو کہ یہ لوگ بت پرست اور قیامت کے منکر ہین اور اہل کتاب کے حق مین یہ فرمایا کہ یہ لوگ مومن نہیں ہین کیونکہ یہودی نے عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہا اور نصارای نے عیسے علیہ السلام کے حق مین خدا یا خدا کا بیٹا ہونے کا گمان کیا مجاہد اس آیۃ کی شان نزول یہ بتلاتے ہیں

کہ یہ آیت اُس وقت اوتری ہی جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جنگ روم کا حکم ہوا تھا اور اسی بنا پر آپنے غزوہ تبوک کا قصد کیا تھا اور کلبی یہ بیان کرتے ہیں یہ آیت بنی قریظہ اور بنی نضیر کے حق میں اوتری ہی اور آپ نے اُنسے صلح کی تھی اور جزیہ مقرر کیا تھا سب سے پہلے یہی جزیہ مسلمانون کے ہاتھ لگا تھا پھر فرمایا اگرچہ یہ لوگ اس بات کے بظاہر قائل ہیں کہ دوزخ جنت ہی مگر حقیقت مین اُنکا ایمان اُسپر نہیں ہی کہتے ہیں کہ جنت مین کھانا پینا کچھ نہ ہوگا تو پھر اس اعتقاد کا آدمی کیونکر مومن ہو سکتا ہی علاوہ اسکے خدا نے جن چیزون کو حرام بتایا ہی یہ لوگ اُسکو حرام نہیں سمجھتے سور کا گوشت شراب اور توریت و انجیل کا تحریف کرنا اُنکے نزدیک کوئی بڑی بات نہین ہی پھر فرمایا کہ یہ اہل کتاب دین اسلام کو اختیار نہیں کرتے ہیں حالانکہ یہ دین سارے پچھلے دینونکا ناسخ ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کل پہلے کے دین منسوخ ہو گئے اہل کتاب سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں یہی قول جمہور مفسرین کا ہی باقی رہی پارسی لوگ وہ بھی اہل کتاب کے حکم مین شامل ہیں عبدالرحمن بن عوف کی حدیث مسند امام احمد صحیح بخاری ابوداؤد ترمذی اور مسند شافعی مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان لوگون کے ساتھ وہی طریقہ برتو جو طریقہ اہل کتاب کے ساتھ برتنا چاہیئے پھر اللہ پاک نے ان لوگونسے دین کی لڑائی کی حد جزیہ کو ٹھہرایا اور فرمایا کہ جب تک یہ لوگ جزیہ ندین اُنسے لڑے جاؤ جزیہ اوس مال کا نام ہی جو ہر سال مشرکون سے صلح کی شرط کے طور پر واجب الادا ٹھہر جاتا ہی جزیہ کے ہاتھ سے دینے کے معنے یہ ہین کہ بزور اونسے وصول کیا جائے یا وہ خود ہاتھ نیچے رکھکر پیش کرین مطلب یہ ہی کہ یہان تک لڑو کہ یہ لوگ جزیہ دینے پر بخوشی رضامند ہو جائین اور ہمیشہ بلا جبر ادا کرین عبدالرحمن بن عوف کی جس حدیث کا ذکر اوپر گزرا اوسکی بعض روایتون مین یہ بھی ہی کہ پارسی لوگون کی بستیان فتح ہو جانے کے بعد حضرت عمر علیہ السلام یہ کہا کرتے تھے کہ ان لوگونسے کسی شرط پر صلح قائم رکھی جاوے مجھکو کوئی حکم اس باب مین معلوم نہین ہی حضرت عمر علیہ السلام کا یہ مقولہ سنکر عبدالرحمن بن عوف نے یہ شہادت ادا کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجر بستی کے پارسیون سے جزیہ لیا ہی عبدالرحمن بن عوف کی اس شہادت پر پارسیون سے جزیہ لینے کا فیصلہ تو ہو گیا مگر یہ خدشہ حضرت عمر علیہ السلام کو اسکے بعد بھی باقی رہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجر بستی کے پارسیونسے جزیہ لیا اور امت کے لوگونکو یہ حکم دیا کہ پارسیون کے ساتھ آئندہ اہل کتاب کا سا برتاؤ رکھا جاوے لیکن اس سے صاف طور پر یہ بات نہیں کھلی کہ پارسی لوگ اہل کتاب ہین یا نہین معتبر سند سے تفسیر عبد بن حمید مین عبدالرحمن بن ابزی صحابی کی روایت ہی جسکا حاصل یہ ہی کہ پارسیون کے اہل کتاب ہونے یا نہ ہونے کے خدشہ کو رفع کرنے کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن صحابہ کو جمع کیا اور اس مسئلہ مین گفتگو شروع ہونے کے بعد حضرت علیؓ نے فرمایا پارسی لوگ اہل کتاب تھے لیکن اُنکے ایک بادشاہ نے اپنی بیٹی سے بدفعلی کی اوسکے وبال مین اُنکی آسمانی کتاب اٹھ گئی معتبر سند سے حضرت علیؓ کی یہ روایت تفسیر عبدالرزاق اور مسند امام شافعی مین بھی ہی لیکن اُس مین بجائے بیٹی کے بہن سے بدفعلی کے کرنے کا ذکر ہے حضرت علی کی روایت کی یہ شان نہیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اُنھون نے یہ مسئلہ نہ سنا ہو اور خود بخود اپنی رائے سے صحابہ کے مجمع مین یہ اپنا قول پیش کر دیا ہو اسلئے حضرت علی کی اس روایت کو حدیث نبوی جانکر اوس مجمع مین کے کسی صحابی نے پھر پارسیون کی اہل کتاب ہونے پر کچھ اعتراض نہیں کیا ہجر یمن کی بستیون مین

منزل ۲

ایک بستی بحرین کے قریب ہی صحیح بخاری و مسلم مین عمرو بن عوف کی روایۃ ہی جسمین یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو عبیدہ بن الجراح کو جزیہ کی رقم لانے کے لئے بحرین بھیجا تھا اس سے بھی پارسیون سے جزیہ کا لینا ثابت ہوتا ہی کیونکہ اسوقت بحرین کے باشندے بھی اکثر پارسی لوگ تھے جمہور کے نزدیک کم سے کم مقدار جزیہ کی ہر بالغ مرد سے فی سال ایک اشرفی ہے یہ اشرفی اسوقت دس درہم کی تھی اس سے زیادہ تفصیل جزیہ کی مقدار کی بڑی کتابون مین ہی تورات کی نبوت اشعیا کے باب میں اور دوسرے باب سفر اول مین اسی طرح انجیل لوقا کے سولہوین باب مین جنت کے کھانے پینے کا اور دوزخ کے عذاب جسمانی کا ایسا ہی ذکر ہی جس طرح قرآن شریف مین ان باتونکا ذکر آیا ہی اہل کتاب عقلی حجتون سے آسمانی کتابون کی ان باتون کو نہیں مانتے ہی واسطے فرمایا کہ اس طرح کی عقلی باتون کے پابند شخص کو آسمانی کتابونکا پابند نہین قرار دیا جا سکتا اس تفسیر مین یہ بات کئی جگہ بیان کردی گئی ہے کہ لڑائی کا حکم اوسی وقت مسلمانون کے حق مین واجب العمل ہی کہ جب مسلمانونکے پاس لڑائی کا پورا سامان پایا جائے ورنہ ضعف اسلام اور بے سروسامانی کی حالت میں درگذر کی اون آیتون پر عمل ہوگا جو لڑائی کے حکم سے پہلے مسلمانونکے بے سروسامانی کے وقت نازل ہوئی ہیں۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللَّهِ ذَٰلِكَ قَوْلُهُم بِأَفْوَاهِهِمْ

اور یہود نے کہا عزیر بیٹا اللہ کا اور نصاری نے کہا مسیح بیٹا اللہ کا یہ باتین کہتے ہیں اپنے منہ سے

منزل ۲ يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ ۖ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

ریس کرنے لگے انکے منکرون کی بات کی مار ڈالے انکو اللہ کہان سے پھرے جاتے ہیں

تفسیر سدی اور تفسیر کلبی مین ہی کہ جب بنی اسرائیل پر بخت نصر بابلی کا غلبہ ہوا اور اس لڑائی مین علمائے بنی اسرائیل کچھ قتل ہوئے اور کچھ قید کرلئے گئے صرف حضرت عزیر باقی رہ گئے انکی عمر کچھ زیادہ نہ تھی اس لئے انکو کسی نے نہ مارا نہ قید کیا علمائے بنی اسرائیل کا یہ حال دیکھکر عزیر علیہ السلام رونے اور یہ کہنے لگے کہ افسوس بنی اسرائیل میں کوئی عالم باقی نہ رہا اب علم جاتا رہے گا اور اس قدر روئے کہ انکی پلکین گرگئین ایک روز انکا گزر عیدگاہ پر ہوا وہان ایک عورت قبر پر ایک قبر کے پاس رو رو کر یہ کہہ رہی تھی کہ اے میرے کھانا کھلانے والے اے میرے کمائی کرنے والے حضرت عزیر نے اس عورت سے کہا کہ اے عورت تو یہ بتلا اس مرنے والے سے پہلے تجھے کون روٹی کپڑا دیتا تھا اوسنے کہا اللہ یہ سنکر حضرت عزیر نے کہا کہ پھر تجکو افسوس کس بات کا ہے خدا تو ہمیشہ زندہ رہیگا وہ کبھی مرنے والا نہیں ہی تو کیون روتی ہی اوس عورت نے کہا ای عزیر بنی اسرائیل کے علما سے پہلے لوگون کو کون علم سکھلاتا تھا حضرت عزیر نے کہا کہ اللہ پھر اس عورت نے کہا کہ تم کس لئے اونکے مرنے سے روتے ہو اور غم کھاتے ہو اللہ اپنی مخلوق کو کسی نہ کسی طرح پھر علم سکھاویگا اس سے عزیر علیہ السلام نے جان لیا کہ یہ مجھے نصیحت کی گئی ہے پھر اونہیں حکم ہوا تم نہر پر جاؤ وہان غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھو پھر ایک بوڑھے آدمی سے تمہاری ملاقات ہوگی وہ جو کچھ تمکو کھلاوے تم کھالینا یہ بموجب حکم کے وہان گئے اور نہا دھو کر دو رکعت نماز سے جب فارغ ہوئے اور بوڑھے آدمی سے ملے اوسنے کہا کہ اپنا منہ کھولو انھون نے

جب منہہ کھولا تو اُس بڈھے نے ایک چیز مثل انگارے کے دہکتی ہوئی اُنکے منہہ مین ڈالدی اور تین مرتبہ ایسا ہی کیا عزیر علیہ السلام
جب وہان سے واپس ہوئے تو تورات اُنکو یاد ہوگئی اونھون نے بنی اسرائیل سے آکر کہا کہ مین تمہارے پاس توراۃ لایا ہون وہ کہنے لگے
کہ عزیر تم جھوٹے آدمی نہ تھے یہ کب سے جھوٹ بولنا اختیار کرلیا عزیر علیہ السلام نے یہ بات سنکر ساری توراۃ لکھدی جب باقی بنی اسرائیل
دشمن کے پھندے سے چھٹے تو اس بات کا تذکرہ ہوا ان لوگون نے توراۃ کے نسخے جو پہاڑون مین پوشیدہ رکھے تھے اُنکو نکال کر
عزیر علیہ السلام کی لکھی ہوئی توراۃ سے مقابلہ کیا تو بالکل صحیح پایا اُسوقت جاہلون نے یہ بات کہی کہ عزیر نے جو یہ توراۃ لکھدی اسلئے
کہ یہ خدا کے بیٹے ہین ورنہ اور کسی مین یہ طاقت کب تھی غرضکہ یہ بات بہت مشہور ہوگئی اور اکثر یہود اُنکو خدا کا بیٹا کہنے لگے۔ اسی طرح
نصاریٰ نے جب دیکھا کہ مسیح مردون کو جلاتے ہین اور کوئی باپ اُنکا نہین ہے تو بعضے اُنکو خدا کا بیٹا کہنے لگے اور بعضے اللہ مسیح اور مریم
ان تینون کو ملاکر خدا کہنے لگے اسلئے فرمایا کہ اونکی یہ باتین صرف زبانی ہین کوئی دلیل اُنکے قول کی آسمانی کتابون مین نہین ہے جو کچھ
اُنکی زبان پر آیا وہ کہہ دیا جس طرح اگلے لوگون نے کفر کیا تھا اسی طرح یہ یہود و نصاریٰ بھی کفر کرنے لگے اور بعض مفسرون نے یضاہؤن
قول الذین کفروا من قبل کی یہ تفسیر بیان کی ہے کہ نصاریٰ اوسی طرح عیسےٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہنے لگے جس طرح اُن سے پہلے
یہود نے عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہا تھا بہرحال خدا تعالیٰ نے خفگی سے یہ فرمایا کہ خدا اونہین غارت کرے یہ کیونکر ایسی باتین
کہتے ہین اور کس طرح راہ حق سے بھٹکتے پھرتے ہین آسمانی کتابون مین بہت سی دلیلین اللہ کی وحدانیت کی اُنکے پیش نظر ہین اور بہت
منزل ۲ سی حجت اس بات پر قائم ہوچکی کہ خدا اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہین نہ اُسکی بی بی ہے نہ اُسکا بیٹا یہ باتین تو مخلوق کے ساتھہ مخصوص
ہین خالق جل شانہ ان باتون سے بالکل پاک ہے ذالک قولھم بافواھھم اسکا حاصل مطلب یہ ہے کہ یہود عزیر علیہ السلام کو اور نصاریٰ
عیسےٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا جو کہتے ہین یہ اُنکی ایک ایسی ایجادی بات ہے جسکو اپنی کتابون سے یہ لوگ ہرگز ثابت نہین کرسکتے اللہ
سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے کیونکہ اصلی توراۃ اور انجیل مین اگرچہ اہل کتاب نے کچھہ ردوبدل کردیا ہے لیکن اس ردوبدل کے بعد بھی
قرآن شریف کی پوری صداقت موجودہ توراۃ اور انجیل سے نکل سکتی ہے توراۃ سے تو یہ صداقت یون نکل سکتی ہے کہ مثلاً سفر
اول کے ساتوین باب اور آٹھوین باب مین جب اختلاف پایا گیا تو علماء یہود نے اپنی کتابون مین اس بات کا صاف اقرار کرلیا کہ ان
دونون بابون مین سے ایک باب مین عزیر علیہ السلام سے ضرور غلطی ہوئی ہے اب اس اقرار کے ساتھہ اونہین یہ اقرار بھی لازم ہے
کہ عزیر علیہ السلام اللہ کے بیٹے نہ تھے کیونکہ ایسی غلطی اللہ کے بیٹے کی شان سے بہت بعید ہے انجیل سے یہ صداقت یون نکل سکتی ہے
کہ انجیل یوحنا کے ۱۰ باب مین حضرت عیسےٰ علیہ السلام فرماتے ہین کہ یا اللہ تو میرا معبود ہے اور مین تیرا رسول حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے
اس قول کے بعد جو عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا کہتا ہے گویا وہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے جھٹلانے کے درپے ہے اور
ایسے عیسائی کے جھٹلانے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ قول کافی ہے حاصل کلام یہ ہے کہ شریعت موسوی اور شریعت عیسوی
کی اسی طرح کی غلطیون کو قرآن شریف مین جگہ جگہ جتلایا گیا ہے اسپر بھی اہل کتاب مین سے جو لوگ اپنی پچھلی غلطیون پر اڑے رہینگے
عقبیٰ مین اُنکی نجات مشکل ہے۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا اہل کتاب مین سے جو شخص شریعت محمدی کی پیروی نکریگا اُسکی نجات ممکن نہین ہے۔ آیۃ مین اہل کتاب کی جو حالت بیان کی گئی ہے اُسکے انجام کی یہ حدیث گویا تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہی کہ اہل کتاب میں شرک کا مرض جو پھیل گیا ہی سوائے شریعت محمدی کی پیروی کے اور کوئی علاج اوس مرض کا دنیا مین نہیں ہی اور جب تک دنیا مین یہ علاج نہو تو عقبے کی بہبودی مشکل ہی۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا

ٹھیرائے ہین اپنے عالم اور درویشونکو خدا اللہ کو چھوڑکر اور مسیح مریم کے بیٹے کو اور حکم یہی ہوا

اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

تھا کہ بندگی کرین ایک صاحب کی کسی کی بندگی نہین اُسکے سوا وہ پاک ہے انکے شریک بتانے سے

اس آیۃ کی تفسیر عدی بن حاتم طائی کی حدیث سے اچھی طرح ظاہر ہوتی ہی اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی وغیرہ نے چند طریقون سے روایۃ کیا ہی اگرچہ ترمذی نے اس حدیث کو حسن غریب کہا ہی لیکن اس حدیث کی کئی سند ہین جسکے سبب سے ایک سند کو دوسری سند سے قوت ہوجاتی ہی ترمذی کی سند مین حسین بن یزید کوفی اور عفیف بن اعین ان دو راویون میں اگرچہ بعضے علما کو کلام ہی لیکن ابن حبان نے ان دونون کو ثقہ راویون مین شمار کیا ہی اس صورت مین یہ حدیث معتبر ہے۔ عدی بن حاتم اپنی قوم کے سردار تھے جب یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین پہونچے تو اونہون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ یہی آیت پڑھ رہی ہین عدی نے کہا کہ نصارٰی احبار و رہبان کو تو نہیں پوجتے ہیں آپ نے فرمایا کیا احبار و رہبان نے اپنی عقل سے خدا کی حلال کی ہوئی چیزونکو حرام نہین کیا اور حرام چیزون کو حلال نہیں کیا اور نصارٰی نے اسکو قبول نہین کیا اور اونکی پیروی نہیں کی یہی عالم اور درویشونکی عبادت ہوئی غرض آنحضرت نے عدی کو اسلام کی رغبت دلائی اور عدی نے اسلام قبول کیا اور کلمہ حق کی شہادت دی جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر خوشی کے آثار ظاہر ہوئے۔ اسی طرح حضرت عبداللہ بن عباس سے بھی روایت ہی کہ اہل کتاب نے حلال و حرام مین عالم اور درویشون کی پیروی کی اور جسکو اُنکے عالمون نے حلال بتلایا اوسے حلال جانا اور جسکو حرام کہدیا اوسے حرام سمجھ لیا پھر اللہ جل شانہ نے درویشون اور عالمون کا ذکر کرنے کے بعد عیسٰے علیہ السلام کا ذکر کیا کہ اُنکو بھی لوگون نے ارباب ٹھہرایا کہ اُنکو بھی اللہ کہنے لگے حالانکہ یہ مریم علیہا السلام کے شکم مبارک سے پیدا ہوئے اور جس طرح اور آدمی کھاتے پیتے چلتے پھرتے ہین وہی حال اُنکا ہی جس سے یہ صاف طور پر انسان معلوم ہوتے ہیں مگر پھر بھی یہ لوگ مسیح ابن مریم کو خدا ماننے لگے پھر فرمایا کہ انکو اور کسی بات کا حکم ہی نہیں دیا گیا تھا بلکہ آسمانی کتابون مین انکو یہی بتلایا گیا تھا کہ تمہارے اللہ ہی کی عبادت کرو اور اللہ کی ذات کا کوئی شریک نہیں ہی وہ تو اکیلا ہے اور شرک سے بالکل بری ہی۔ احبار یہود کے علما کو کہتے ہیں اور رہبان نصارٰی کی پادریونکو اسلامی اور عیسائی قدیمی تاریخون مین لکھا ہی کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے بعد جب پولس یہودی اور عیسائیونکی لڑائی ہوئی اور اوس لڑائی مین یہودیون کا غلبہ ہوا تو نصارٰی کے پادریون نے اوسوقت ترک دنیا کرکے جنگلون مین رہنا اختیار کرلیا تھا اسواسطے اُنکا لقب درویش مشہور ہوگیا یہود اور نصارٰی کے علمانے بعضے حکم توراۃ اور انجیل کے برخلاف دے رکھے تھے جن حکمون

منزل ۲

کے سبب سے توراۃ اور انجیل پر عمل کرنا بند ہوگیا تھا۔ یہواسطے فرمایا کہ جب ان لوگون نے اللہ کے حکمون کو چھوڑکر اپنے عالمون اور پادریون کے حکمون کو مانا تو وہی عالم اور پادری گویا انکے خدا ہین۔ توراۃ مین بدکار مرد اور عورت کے سنگسار کرنے کا حکم ہے لیکن یہود کے علمانے توراۃ کے برخلاف ایسے مرد اور عورت کا منہہ کالا کرنے اور کچھہ کوڑے مار دینے کا فتوی دے رکھا تھا جسپر یہود لوگ عمل کرتے تھے۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمرؓ اور ابوہریرہؓ کی روایتون مین جس طرح ختنہ کرنے کا حکم ہے اُسی طرح توراۃ کے سفر احبار کے آٹھارون باب مین بھی ختنہ کرنے کا حکم ہے اس حکم کی تعمیل مین حضرت عیسے علیہ السلام نے اپنا ختنہ جو کرایا اوسکا عیسائیون کو اقرار ہے مگر حضرت عیسے اور حواریون کے زمانہ کے بعد بعضے عیسائی علما کی عقلی وجوہات کی بنا پر اس حکم کی تعمیل عیسائیون مین باقی نہین رہی۔ ان بعضے عیسائی علما سے مقصود وہی بولس یہودی اور اُس کے ساتھی ہین یہ قصہ ایک جگہ اس تفسیر مین بیان کردیا گیا ہے کہ بولس پہلے یہودی تھا اور پھر فریب سے عیسائی ہوا اور شریعت عیسوی کے بہت سے احکام مین اس بولس کے سبب سے خرابی پڑگئی۔ اس آیۃ مین یہ جو ذکر ہے کہ بعضے عیسائی لوگ حضرت عیسے علیہ السلام کو خدا کہتے ہین بولس کے وقت کی بعض تاریخون سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیون مین یہ مسئلہ بھی اسی بولس نے پھیلایا ہے حاصل کلام یہ ہے کہ یہود نصارا کے علمانے اکثر ایسے فتوے دیے جس سے توراۃ اور انجیل کے احکام متروک العمل ہوگئے اوسی کا ذکر اس آیۃ مین ہے صحیح بخاری کے حوالہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی ایک حدیث سورۃ النسا مین گذر چکی ہے جس مین عبداللہ بن حذافہ کا قصہ ہے وہ حدیث اس آیت کی گویا تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حاکمون اور علما کی اطاعت شریعت کی حد تک جائز ہے شریعت کی حد کے باہر نہیں انجیل یوحنا کی سترہوین باب کے حوالہ سے حضرت عیسے علیہ السلام کا قول گذر چکا ہے جسمین اُنھون نے اللہ کو اپنا معبود اور اپنے آپ کو اللہ کا رسول کہا ہے جو عیسائی حضرت عیسے علیہ السلام کو خدا یا خدا کا بیٹا کہتے ہین اونکے قائل کرنے کیلئے حضرت عیسے علیہ السلام کا یہی قول کافی ہے۔

منزل ۲

يُرِيدُونَ أَنْ يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ۝ هُوَ

چاہتے ہین کہ بجھادین روشنی اللہ کی اپنے منہہ سے اور اللہ نہ رہے بن پورے کئے اپنی روشنی پڑے برا مانین منکر اوسی

الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝

نے بھیجا اپنا رسول ہدایت لے کر اور دین سچا تا اوسکو اوپر کرے ہر دین سے پڑے برا مانین مشرک

اللہ پاک نے اس آیۃ مین یہود و نصارا اور مشرکین مکہ کی ایک اور حالت بیان فرمائی کہ یہ سب ملکر خدا کا دین جو نہایت سچا ہے اور اوسکی روشنی آفتاب سے بھی کہین زیادہ ہے اوسکو اپنی ان ایجادی باتون سے اسطرح بجھانا چاہتے ہین جسطرح کوئی پھونک سے چراغ کو بجھانا چاہے پھر فرمایا کہ انکی ان باتون سے کیا ہوتا ہے اللہ تو اپنے دین کو پھیلا کر رہے گا یہ لوگ اگر برا مانین تو برا مانا کرین پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ اللہ نے اپنے رسول برحق خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو دین حق دیکر بھیجا ہے تاکہ اس دین کو تمام روئے زمین کے دینون پر غالب کرکے ظاہر کردے اسپر یہ مشرک برا مانین تو مانا کرین۔ اللہ سچا ہے اور اس کا وعدہ

سچا ہی اہل اسلام اور اونکے سردار جب تک شریعت الٰہی کے پابند رہے انکے ہاتھون سے اللہ تعالی نے دن بدن اسلام کی روشنی کو بڑہایا مثلاً خلفائے عباسیہ مین سے ہارون رشید کے زمانہ تک اتنہی شریعت کی پابندی باقی تہی کہ ہارون رشید نے جب بشر مریسی کا یہ حال سنا کہ یہ شخص قرآن شریف کے کلام ازلی ہونے کا قائل نہین ہی تو فوراً بر سر دربار ہارون رشید نے بشر کے قتل کا ارادہ ظاہر کیا اس پابندی شریعت کی برکت بھی یہ تھی کہ جب یقفور بادشاہ روم نے صلح کے توڑنے کا خط ہارون رشید کے نام لکھا تو ہارون رشید نے فوراً یقفور پر چڑہائی کی جس مین ہارون رشید کو بہت بڑی کامیابی حاصل ہوئی اب تھوڑے ہی عرصہ کے بعد ہارون رشید کی اولاد مین پابندی شریعت کا یہ حال ہوگیا کہ مامون رشید اس بشر مریسی کا معتقد ہوگیا اور اسوقت کے مشہور علما کو اپنا ہم عقیدہ کرنا چاہا اور اس باب مین علما کو طرح طرح کی تکلیفین دین امام احمد جیسے امام الوقت کو اسی جگہ قید مین قید کر دیا اس مامون رشید کے زمانہ مین یونانی فلسفہ کا علم اہل اسلام مین آیا اور اس فلسفہ کے سبب سے قرآن شریف کے کلام ازلی نہ ہونے کا مسئلہ اہل قبلہ مین پہیلا غرض پہلا ضعف تو لشکر بغداد مین مامون اور اوس کے بھائی کی خونخوار لڑائی سے پیدا ہوا اسکے بعد علویون کی کثرت سے بغداد پر حملے رہے اسکے بعد ابو شجاع دیلمی کے خاندان کا غلبہ بغداد اور نواح بغداد پر ۳۳۴ھ مین ایسا ہوا کہ یہ دیلمی لوگ عماد الدولہ وغیرہ بادشاہ بن گئے اور بغداد کی خلافت برائے نام رہگئی لیکن خلفاء عباسیہ کے شرعی مسائل مین دخل دینے کا فقط اسی قدر نتیجہ نہین ہوا جو بیان کیا گیا بلکہ دیلمی بادشاہت کے بعد بغداد سلجوقی خوارزمی وغیرہ بادشاہتون کا کا زیر دست اور برائے نام خلافت کا مستقر رہا اور سب سے آخری نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بغداد جہان سے خلفا عباسیہ کے بڑے بڑے لشکر دور دور چڑہائیان کرکے جاتے تھے خلیفہ معتصم باللہ عباسی کے زمانہ مین مویدالدین علقمی شیعہ وزیر کی سازش سے ۶۵۶ھ مین ہلاکو خان تاتاری نے اسی بغداد پر چڑہائی کی جس چڑہائی سے بغداد کی خلافت کا ایسا خاتمہ ہوگیا کہ چالیس دن کے قریب تک تاتاریون نے بغداد مین قتل عام جاری رکھا جس مین خلیفہ اُنکے رشتہ دار غرض سب ملا کر لاکہہ بغدادیون سے زیادہ قتل ہوئے اور کسی بغدادی مین تاتاریون کے ہاتھہ پکڑنے تک کا حوصلہ باقی نرہا یہ ہلاکو خان تولے خان کا بیٹا اور چنگیز خان کا پوتا ہی چنگیز خان امیر تیمور کا رشتہ کا نانا ہوتا ہے یہ شیعہ وزیر عباسیون کی خلافت کو مٹا کر علویون مین خلافت کا قائم ہوجانا چاہتا تھا اور اسی ارادہ کے پورا کرنے کی غرض سے اوس نے تاتاریون سے سازش کی تہی لیکن اسکا یہ ارادہ پورا نہین ہوا کیونکہ ہلاکو خان نے اسکے اس ارادے کو پسند نہین کیا سازش کے سبب سے اگرچہ یہ شیعہ وزیر بغداد کے حادثہ مین بچ گیا لیکن اس حادثہ کے بعد ہلاکو خان نے اسکو بڑی بے عزتی سے رکھا بغداد کی خلافت کے مٹ جانے کے بعد پہر عباسیون کی خلافت کچھہ دنون مصر مین قائم ہوئی لیکن نہایت کمزور۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہ رض کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کی نظر انسان کے تن بدن اور صورت شکل پر نہین ہے بلکہ اللہ تعالی کی نظر تو ہمیشہ انسان کے دل پر لگی رہتی ہے کہ انسان نے جو کام کیا وہ دل کے کس ارادہ اور نیت سے کیا اس حدیث کو آیۃ کے پہلے ٹکڑے کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیۃ کے پہلے ٹکڑے اور حدیث کو ملانے سے یہ مطلب ہوا کہ اہل اسلام اور اونکے سردارون نے جب تک خالص دل اور نیک نیتی

منزل ۲

اسلام کی روشنی کے بڑہانے کا دل مین ارادہ رکہا اللہ تعالی نے اپنے وعدے کے موافق اون ارادون مین اونہین کامیاب کیا اور پہر جب اُنکی دلی اعتقاد اور نیک نیتی مین فرق آگیا تو وہ کامیابی باقی نہین رہی اور آخر کو اُنکی سلطنت مین زوال آگیا آیۃ کے ٹکڑے اور حدیث کے مطلب کے ساتھ خلفائے عباسیہ کی حالت کو بھی مثال کے طور پر ملالیا جاوے تو آیۃ کے ٹکڑے کا یہ مطلب اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہی کہ اسلام کے آخری زمانہ مین اللہ تعالی کے وعدہ کا ظہور کم کیون ہوگیا۔ صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی شریعتون کی مثال ادہورے مکان کی بیان کرکے پہر فرمایا ہے کہ اون شریعتون مین جب شریعت محمدی مل گئی تو وہ مکان پورا ہوگیا۔ مطلب یہ ہی کہ پہلی شریعتون کے غیر منسوخ احکام اور شریعت محمدی کے احکام مل جانے سے ایک پوری عمارت کی طرح یہ آخری شریعت ایسی پوری ہوگئی جس مین اب قیامت تک کسی تکمیل کی ضرورت نہین آیۃ کے آخری ٹکڑے مین اور شریعتون پر اسلام کے غالب رہنے کا جو ذکر ہی یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہی اسی مطلب کو پورا کرنیکے لئے مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے جابرؓ کی صحیح حدیث جو ایک جگہ گذر چکی ہی اُس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس آخری زمانہ مین موسی علیہ السلام اگر زندہ ہوتے تو ان پر بھی اس شریعت کی پیروی لازم ہوتی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَ

اے ایمان والو بہت عالم اور درویش اہل کتاب کے کہاتے ہیں مال لوگون کے ناحق اور

منزل ۲ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ

روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور جو لوگ گاڑ رکہتے ہین سونا اور روپا اور خرچ نہین کرتے اللہ کی راہ مین

اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ

سو اونکو خوشخبری سنا دکہہ والی مار کی جسدن آگ دہکا دینگے اوسپر دوزخ کی پہر داغین گے اسی سے انکے ماتھے اور کروٹین

وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝

اور پیٹھین یہ ہے جو تم گاڑتے تھے اپنے واسطے اب چکھو مزہ اپنے گاڑنے کا

یہ اور ایک مذمت اہل کتاب کے عالمونکی بیان کی گئی ہے کہ اکثر علمائے یہود اور علمائے نصاری سچ میں جھوٹ ملاکر لوگون کے مال کہا لیتے ہیں اور لوگونکو راہ حق سے روکتے ہین ناحق سے مقصد اونکی وہ کتابین ہیں جو اونھون نے لکہہ رکہی ہیں خدا نے نہین اوتاریں اونہین کتابون کے حوالہ سے لوگون کی مرضی کے موافق فتوے دیتے تھے اور اون فتوون کے بدلہ مین لوگون سے مال لیکر کہاتے تھے اور اون ایجادی فتوون کے سبب سے عام لوگون کو توراہ اور انجیل کے حکم سے روکتے تھے مثلاً یہود کے علمائے جس طرح سنگ ساری کے حکم اور علمائے نصاری نے ختنہ کے حکم سے عام لوگونکو روکا جس کا ذکر اوپر گذر چکا ہے اب آگے یہ جو فرمایا کہ جو لوگ سونے چاندی کو گاڑتے ہیں اسکی تفسیر مین صحابہ کا اختلاف ہے لیکن اکثر سلف کا قول یہی ہے کہ جس مال کی زکوۃ ادا نہ کیجاوے آیۃ مین اوسی مال کا ذکر ہے۔ مسند امام احمد اور صحیح مسلم مین ابوہریرہؓ کی اس مضمون کی ایک حدیث ہے جس سے

اس قول کی پوری تائید ہوتی ہے پھر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ ان سارے لوگونکو آخرت کے دن کے دردناک عذاب کی یہ خبر سنادو کہ اس مال کو دوزخ کی آگ میں تپایا جاویگا اور اُس سے انکی پیشانیان اور پہلو اور پیٹھ داغے جائینگے اور کہا جائیگا لو اب مال جمع کرنے کا مزہ چکھو مطلب یہ ہے کہ ایسے لوگونکا جسم آگے پیچھے دونون کروٹین گویا چارون طرف سے داغا جاویگا۔ ابوہریرہؓ کی جس حدیث کا ذکر اوپر گزرا اوس مین یہ بھی ہے کہ قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہے اس تمام دن مین جنتیون کے جنت اور دوزخیون کے دوزخ مین جانیکا فیصلہ ہونے تک زکوۃ نکے ادا کرنے والے لوگ اس جسم کے داغے جانے کی سزا میں گرفتار رہینگے جب جنتی جنت مین اور دوزخی دوزخ مین جاچکینگے تو پھر ان زکوۃ کے ندینے والے لوگونکا فیصلہ اون کے باقی کے عملون کے موافق جدا ہوگا یہ حدیث آیۃ کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہے کیونکہ آیت کے ٹکڑے مین جس عذاب کا ذکر ہے حدیث سے اوس عذاب کی مدت معلوم ہوجاتی ہے آیۃ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ علمائے اہل کتاب اپنے مال کی زکوۃ بھی نہین دیتے تھے اسی واسطے اون کے ذکر مین یہ زکوۃ کے ندینے کے عذاب کا تذکرہ فرمایا ہے +۔

إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ

مہینون کی گنتی اللہ کے پاس بارہ مہینے ہیں اللہ کے حکم مین جس دن پیدا کئے آسمان و

الْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ ۚ وَ

زمین ان مین چار ہیں ادب کے یہی ہے سیدھا دین سو انمین ظلم نکرو اپنے اوپر اور

قَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝

لڑو مشرکونسے ہر حال جیسے وہ لڑتے ہیں تم سے ہر حال اور جانو کہ اللہ ساتھ ہے ڈر والون کے

منزل ۲

اس آیۃ کی شان نزول یہ ہے کہ مشرکین مکہ ایام جاہلیت مین ادب کے مہینون کی کچھ خصوصیت باقی نہین رکھتے تھے بلکہ لڑائی کے زمانہ مین اگر محرم کا مہینہ آتا تھا تو بے دسواس جنگ کرتے تھے اور اسکے عوض مین مثلاً صفر کے مہینہ کو محرم قرار دے لیتے تھے اسی کو نسئی بھی کہتے ہیں جس کا ذکر آگے آویگا غرضکہ اسی امر کا اللہ پاک نے ذکر فرمایا کہ خدا کے نزدیک مہینے گنتی مین بارہ ہین محرم صفر ربیع الاول ربیع الثانی جمادی الاول جمادی الثانی رجب شعبان رمضان شوال ذیقعدہ ذالحجہ ان مہینون کو قمری مہینہ کہتے ہین کیونکہ انکا حساب چاند کی گردش سے واقع ہوتا ہے ان بارہ مہینون کے دن سال مین تین سو پچپن ۳۵۵ ہوتے ہیں اور یہی مہینے اہل عرب کے یہان مروج چلے آتے ہیں اور مسلمانون کے نماز روزہ حج وغیرہ کے معاملات انہین کے حساب سے ہوتے ہین اور شمسی سال جس کا شمار آفتاب کی گردش سے ہے تین سو پینسٹھ دن کا ہوتا ہے اسواسطے قمری سال شمسی سال سے ہر برس دس روز کم مین تمام ہوجاتا ہے اور ہر سال مین یہی دس روز کی کمی سے قمری مہینے مختلف موسمون مین واقع ہوا کرتے ہیں اور رمضان و بقرہ عید بلکہ کل مہینے کسی سال جاڑے مین اور کبھی گرمی مین اور کبھی برسات میں ہوتے ہیں اور یہی طرح خدا کی کتاب لوح محفوظ مین یہی حساب واقع ہے اور جبکہ خدا تعالی نے آسمان و زمین ساری مخلوقات کو پیدا کیا اوسی وقت سے یون ہی حساب

چلا آتا ہی پھر یہ حکم فرمایا کہ ان بارہ مہینون مین سے چار مہینے ادب کے ہین ذیقعدہ ذالحجہ محرم لگاتار اور ایک مہینہ سال کے درمیان مین رجب کا ملت ابراہیمی کے موافق ان چار مہینے کی اہل عرب نہایت ہی حرمت وعظمت کیا کرتے تھے اللہ پاک نے اس حرمت کو برقرار رکھا بلکہ اور بھی تاکید کردی کہ ان مہینون مین گناہ کا بدلہ بھی زیادہ ہی جس طرح نیکی کا ثواب بھی ان مہینون مین زیادہ کردیا جاتا ہی پھر فرمایا کہ یہی دین ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام واسمعیل ؑ کا دین ہی جسکو بطور وراثت کے اہل عرب نے پایا ہی صحیح بخاری ومسلم مین ابی بکرہؓ سے روایۃ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے خطبہ مین فرمایا کہ خبردار ہوجاؤ زمانہ پھر اپنی اوس اصلی شکل پر آگیا ہر ایک سال بارہ مہینہ کا ہوتا ہی اون مین چار مہینے ادب کے ہین تین تو لگاتار ہین ذیقعدہ ذالحجہ محرم اور ایک رجب حاصل اس حدیث کا یہ ہی کہ یہ بارہ مہینے اپنی اصلی حالت پر آگئے اور حج اسی ذالحجہ مین ہوا کریگا اور جاہلیت کے زمانہ میں جو کفار نے نسی کو جائز کر رکھا تھا وہ سب حساب جاتا رہا چنانچہ آپکا یہ حجۃ الوداع بھی ذالحجہ مین واقع ہوا تھا پھر اللہ پاک نے فرمایا کہ ان ادب کے مہینون مین لڑائی کی ابتدا کرکے اپنی جانون پر ظلم نکرو کیونکہ ان مہینون مین معصیت کے کرنے پر سخت عقاب ہوگا حضرت عبداللہ بن عباس فلا تظلموا فیھن انفسکم کی تفسیر میں یہ فرماتے ہین کہ ان بارہ مہینون مین سے کسی مہینہ مین اپنے نفس پر ظلم نکرو اس سے مقصود یہ ہی کہ انسان کبھی بھی اپنی مدت العمر میں فساد پر پیش قدمی نکرے مگر جمہور علما نے اول معنے کو اختیار کیا ہے مطلب یہ ہی کہ یون تو ہمیشہ اللہ پاک نے معصیت سے منع فرمایا ہی مگر ان چار مہینون مین تاکید کے ساتھ منع فرمایا کہ کسی طرح کا ظلم نکرو۔ پھر یہ حکم فرمایا کہ جس طرح کفار تم سے قتال کرتے ہین تم بھی ان سے قتال کرو اور یہ جان رکھو کہ خدا پرہیزگارون کے ساتھ ہے اونہین کی مدد ونصرت کرتا ہی سورہ بقر مین گذر چکا ہے کہ صلح حدیبیہ کے موافق ہجرت کے ساتوین سال ذیقعدہ مین جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمرہ کے قصد سے مکہ کا ارادہ کیا تو صحابہ کرام کے دل میں یہ خدشہ پیدا ہوا تھا کہ سال حدیبیہ کی طرح اس سال بھی اگر مشرکین مکہ نے عمرہ مین مزاحمت کی تو ذیقعدہ ادب کے مہینے مین لڑنا پڑیگا لیکن اللہ تعالی نے آیت الشہر الحرام بالشہر الحرام نازل فرماکر یہ خدشہ یون رفع فرمادیا کہ حدیبیہ کے سال جب مشرکین مکہ نے ذیقعدہ کے ادب کا کچھ پاس نہیں کیا تو بدلہ کے طور پر تم کو بھی ذیقعدہ میں لڑائی کی اجازت ہی سورہ بقر کی آیۃ گویا اس آیت کی تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہی کہ ان چار مہینے مین لڑائی کی ابتدا سے تو ہر ایماندار کو پرہیز لازم ہی ہان مخالف لوگ اگر ان مہینون مین لڑائی چھیڑ بیٹھین تو بدلہ کے طور پر لڑنے کا مضائقہ نہیں مسند امام احمد ترمذی ابوداؤد اور نسائی مین عمرو بن عبسہ کی صحیح حدیث ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صلح کی مدت کے اندر لڑائی جائز نہین ہی فتح مکہ کے ذکر میں یہ اوپر گذر چکا ہی کہ مشرکین مکہ نے جب صلح حدیبیہ کی شرط کا پاس نہیں رکھا تو آپ نے مدت صلح کے اندر مکہ پر چڑھائی کی ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جس طرح صلح کا پاس لحاظ نرکنے سے صلح کی مدت کے اندر لڑائی جائز ہے اسی طرح جب مخالف لوگ ان چار مہینے کی عزت وحرمت کا لحاظ نرکہین تو ایسے مخالف لوگون سے بھی ان چار مہینے کے اندر لڑائی جائز ہی۔

منزل ۲

اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْکُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّیُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوْا

یہ جو مہینا ہٹا دینا ہے سو بڑھائی بات ہے کفر کے عہد مین گمراہی مین پڑتے ہیں اس سے کافر چٹا گنتے ہیں اسکو ایک برس اور اوسکو ایک برس گنتے ہین

عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ زُیِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ ع ۱۱

کر لین گنتی جو اللہ نے رکھی ادب کی پھر حلال کرتے ہین جو منع کیا اللہ نے بھلے دکھاتے ہیں اونکو اونکے برے کام اور اللہ راہ نہین دیتا منکر قوم کو

اس آیۃ مین اللہ پاک نے مشرکین عرب کی یہ ایک اور گمراہی بیان فرمائی کہ اگرچہ ان لوگون نے ان چار مہینون کی توقیر ملت ابراہیمی سے بطور وراثت کے پائی تھی مگر اکثر عرب کے معاش اور زندگی کا دارومدار لوٹ مار پر تھا اور غارتگری سے جو کچھ حاصل ہوتا تھا اُس پر گذراوقات کیا کرتے تھے اس لئے متصل تین مہینے تک ان لوگونکو لوٹ مار سے باز رہنا شاق گذرا سو اسطے ان مہینون مین بھی یہ لوگ ان باتون سے باز نہ آتے تھے اور ان مہینون مین لوٹ مار کو انھون نے اپنے اوپر حلال کر لیا تھا اور انکے عوض دوسرے مہینونکو ان مہینون کا قائم مقام کر کے چار مہینے کی گنتی پوری کر دیا کرتے تھے نسیٔ کے معنے تاخیر کے ہیں یہان مطلب یہ ہے کہ مثلاً محرم کی گنتی مین تاخیر کر کے صفر کو محرم قرار دیدیا کرتے تھے یہ نسیٔ قبیلہ بنی کنانہ کے لوگون نے نکالی تھی ان مین کا ایک شخص اس باب مین بہت مشہور تھا جسکا نام قلمس حذیفہ بن عبد فقیم بن عدی بن عامر تھا اہل عرب جب حج سے فارغ ہوکر اوسکے پاس جمع ہوتے تھے تو یہ خطبہ پڑھتا تھا رجب اور ذیقعدہ اور ذالحجہ کو حرام کر دیتا تھا اور ایک سال محرم کو حلال کرتا اور اسکے عوض صفر کو حرام مقرر کر دیتا تھا دوسرے سال محرم کو حرام اور صفر کو حلال کرتا تھا تاکہ چار مہینے کی گنتی پوری ہو جائے اسی کو اللہ پاک نے فرمایا کہ یہ نسیٔ گناہ پر گناہ ہے اور کفر مین ایک بڑی زیادتی ہے جسکے سبب سے کفار گمراہ ہو رہے ہیں اپنی خوشی سے کسی سال ایک مہینہ کو حرام کر لیتے ہیں اصل مین شیطان نے انکی نظرون مین اس کام کو اچھا کر کے دکھایا ہے مگر خداوند جل شانہ ایسے کفار کو کبھی ہدایت پر نہین لاتا معتبر سند سے مسند بزار اور مستدرک حاکم میں ابوبکرہ سے روایت ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال وہ چیز ہے جسکو اللہ تعالی نے حلال کیا اسی طرح حرام وہ چیز ہے جس سے اللہ تعالی نے منع فرمایا مطلب یہ ہے کہ شریعت الٰہی مین سوائے اللہ تعالی کے کسی دوسرے کو کسی چیز کے حرام یا حلال ٹھہرانے کا حق نہیں ہے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابی بکرہ کی حدیث اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین گذر چکی ہے جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمانہ اپنی اوسی اصلی شکل پر آگیا کہ سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے جس بارہ مہینے مین خاص چار مہینے ادب کے ہیں کہ اُنمین لڑائی منع ہے یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے جس تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ جب شریعت الٰہی مین سوائے اللہ تعالی کے کسی دوسرے کو حرام حلال ٹھہرانے کا حق نہیں ہے تو عرب کے مشرکون نے مہینے کے ہٹا دینے کی جو رسم ٹھہرا رکھی تھی جس سے خلاف مرضی لڑائی کی ممانعت کے مہینون مین یہ لوگ لڑائی ٹھان لیتے تھے اور سوائے ذالحجہ کے اور مہینون مین حج کو ڈالکر لوگونکے حج کو بے موسم کر دیتے تھے مکہ مین اسلام پھیل جانے کے بعد اب وہ جاہلیت کی رسم قائم نہیں رہ سکتی بلکہ اسلام کے بعد تو مہینون کی وہی گنتی قائم رہے گی جو زمین و آسمان کے پیدا کرنیکے وقت اللہ تعالی نے قرار دی ہے کیونکہ لڑائی کی ممانعت کے اسطرح کے چار مہینے شریعت الٰہی مین نہیں ہیں کہ بارہ مہینے مین جونسے چار مہینے یہ لوگ چاہیں مقرر کر لین بلکہ وہ خاص چار مہینے ہیں جنکو زمین و آسمان کے پیدا کرنے کے وقت اللہ تعالی نے اپنی

منزل ۲

حکمت سے اونہین بزرگ ٹہرایا ہی ان لوگونکو اللہ کی حکمت کا حال تو معلوم نہیں پہر ان لوگون نے شیطان کے بہکانے سے یہ حیلہ جو نکالا رکہا ہے کہ جس سال چاہتے ہین صفر کو محرم کی جگہ گن لیتے ہین اور محرم کو صفر کی جگہ یہ حیلہ ان لوگونکا اس سبب سے ہے کہ یہ لوگ احکام الٰہی کے منکر ہین اور ایسے منکر لوگون کو زبردستی راہ راست پر لانا انتظام الٰہی کے برخلاف ہی۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ

اے ایمان والو کیا ہوا ہے تمکو جب کہے کوچ کرو اللہ کی راہ مین ڈہے جاتے ہو زمین پر

أَرَضِيتُمْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ۝ إِلَّا تَنْفِرُوا

کیا ریجے دنیا کی زندگی پر آخرت چھوڑکر سو کچھ نہین دنیا کا برتنا آخرت کے حساب مین مگر تھوڑا اگر نہ نکلوگے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

تمکو دیگا دکہہ کی مار اور بدل لاویگا اور لوگ تمہارے سوا اور کچھ نہ بگاڑوگے اسکا اور اللہ سب چیز پر قادر ہی

منزل ۲

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ماہ رجب ۹ھ ہجری مین غزوہ تبوک کا ارادہ کیا تبوک شام کی طرف ایک جگہ ہے جو دمشق کے راستہ پر مدینہ سے چودہ منزل پر واقع ہے اوسوقت گرمی بڑی سخت پڑ رہی تہی اور موسم بھی ایسا تہا کہ درخت پھلون سے لدے پڑے تھے آپ نے بڑے سفر کا یہ ارادہ کیا تہا اس لئے پہلے سے لوگونکو طیار ہونے کو کہا اکثر لوگ آپ کے ساتھہ ہوگئے اور تھوڑے سے اپنے گہرون مین رہ گئے آپکے ساتھہ نہیں گئے انہیں لوگون کی شان مین یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا کہ اے ایماندار لوگو تم اللہ اور رسول پر ایمان لاکر پہر اللہ کے رسول کے حکم سے سرتابی اور دین کی لڑائی مین شریک ہونے سے سستی کرتے ہو اور حیلے بہانے کرکے فقط ان خیالات سے گہرون میں بیٹہہ رہے ہو کہ گرمی سخت ہے اور دور دراز کا سفر ہے اور مدینہ مین درخت بار دار ہو رہے ہین جن کی خبر گیری ضرور ہے پہر فرمایا کہ کیا تم لوگ آخرت کے مقابلہ مین دنیا کی زندگی کو بہتر جانتے ہو کیا تم نہین جانتے کہ دنیا فانی ہی اسکی نعمتین ہمیشہ باقی نہیں رہین گی تو پہر یہ دنیا کیونکر آخرت کے مقابل ہو سکتی ہے آخرت کی نعمتین ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی ہین اسواسطے دنیا کا مال و متاع عقبیٰ کی نعمتون کے آگے محض حقیر اور بے حقیقت ہے اس آیت مین اللہ پاک نے صاف طور پر دین کی لڑائی کو اون لوگون کے حق مین ہر وقت مین واجب ٹہرایا جنکو اللہ کے رسول نے لڑائی پر چلنے کا حکم دیا تہا اسی واسطے اسکے بعد یہی فرمایا کہ اگر تم کسی دین کی لڑائی مین پیچہے رہجاؤگے اور شریک نہوگے تو تمپر سخت سخت عذاب آنے لگین گے آخرت مین بھی عذاب کئے جاؤگے اور دنیا مین بھی طرح طرح کی مصیبتین اوٹہاؤگے قحط پڑنے لگے گا بارش نہین ہوگی بھوک و پیاس کے مارے تمہاری جانین تلف ہونے لگین گی حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہین کہ اس غزوہ مین عرب کے تھوڑے سے آدمی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ نہین گئے تھے اللہ پاک نے اونسے پانی کو روک لیا کال کا سامنا ہوگیا یہی عذاب تہا جس کا ذکر اس آیۃ مین فرمایا حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ روایت ابوداؤد مین ہے اگرچہ ابوداؤد اور منذری نے اس حدیث کی سند پر سکوت اختیار کیا ہے لیکن اس حدیث کی سند مین ایک راوی نجدہ بن نفیع ہے جسکو بعضے علما نے نامعلوم الحال لکہا ہے

اسواسطے آیۃ مین جس عذاب کا ذکر ہے اُسکی خصوصیت کسی خاص عذاب کے ساتہ نہیں کی جاسکتی - پہر عذاب کے بعد دوسری آیۃ مین بیان فرمائی کہ اللہ تم لوگونکا محتاج نہیں ہے اوسے تو بہت بڑی قدرت حاصل ہے اگر تم اللہ کے رسول کا ساتہہ ندوگے تو تمہاری جگہ وہ دوسری قومون سے کام لے گا اور وہ لوگ اللہ کے رسول کا ساتہہ دین گے اور خدا اور رسول کو تم کچہہ ضرر نہین پہونچا سکتے ہو کیونکہ اللہ کو ہر طرح کی قدرت حاصل ہی تم نہین اور سہی اور نہین اور سہی غرضکہ وہ اپنے رسول سے مدد کا وعدہ کرچکا ہی اُسکو ضرور پورا کرکے رہیگا اگرچہ صحیح بخاری مین اس تبوک کی لڑائی کا باب حجۃ الوداع کے بعد ہے لیکن حافظ ابن حجر نے اسکو کاتب کا سہو ٹہہراکر یہ کہا ہے کہ سب کے نزدیک تبوک کی لڑائی حجۃ الوداع کے پہلے سنہ ۹ ہجری کے ماہ رجب مین ہی اس لڑائی مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رض کو اپنا جانشین مقرر کرکے مدینہ مین چھوڑا تھا جس کا ذکر آگے آتا ہے یہ حضرت علی رض کا قصہ صحیح بخاری مین سعد بن عبادہ کی روایت سے ہے اس لڑائی مین دو سو اونٹون کی اور بعضی روایتون مین تین سو اونٹون اور ہزار اشرفی نقد کی مدد حضرت عثمان رض نے لشکر اسلام کو دی ہے جسکی معتبر روایتین مسند امام احمد ترمذی اور مستدرک حاکم مین ہین جس سبب سے یہ لڑائی پیش آئی اُسکی تفصیل طبرانی کی عمران بن حصین کی روایت سے آگے آتی ہے صحیح مسلم کے حوالہ سے مستورد بن شداد حجازی کوفی کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبیٰ کی نعمتونکی مثال ایک دریا کی اور دنیا کی نعمتونکی مثال ایک قطرہ کی فرمائی ہے آیۃ مین عقبیٰ کی نعمتون کے مقابلہ مین دنیا کی نعمتون کو تھوڑا جو فرمایا ہے اُسکی یہ حدیث گویا تفسیر ہے - حضرت عبداللہ بن عباس سے ابوداؤد مین جو روایۃ ہی کہ آیۃ الا تنفروا یعذبکم عذابا الیما اس سورۃ کی آیندہ کی آیۃ وما کان المومنون لینفروا کافہ سے منسوخ ہے اس روایۃ کی سند مین ایک راوی علی بن الحسین بن واقد کے ثقہ ہونے مین بعضے علما کو کلام ہے اسواسطے حافظ ابوجعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر مین اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین یہی فیصلہ کیا ہی کہ یہ آیۃ منسوخ نہین ہی بلکہ یہ آیۃ خاص اون لوگون کے حق مین ہی جنکو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک کی لڑائی پر چلنے کا حکم دیا تھا اور پہر بھی وہ لوگ سستی کرکے نہین گئے اور آیندہ کی آیۃ عام صحابہ کے حق مین ہی آیۃ کے ٹکڑے یا ایہا الذین آمنوا اذا قیل لکم انفروا فی سبیل اللہ اثاقلتم الی الارض سے حافظ ابوجعفر ابن جریر اور حافظ ابن حجر کے قول کی پوری تائید ہوتی ہے کیونکہ آیۃ کے اس ٹکڑے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ خفگی اُنہین لوگون پر ہے جنکو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑائی مین چلنے کا حکم دیا تھا اور پہر بھی وہ لوگ سستی کرکے اس لڑائی مین نہین گئے ویستبدل قوما غیرکم کی تفسیر بعضے سلف نے اہل فارس کو ٹہہرایا ہے اور بعضون نے اہل یمن کو لیکن آگے کی آیۃ مین فرشتون کی مدد کا ذکر ہے اس واسطے سلف مین سے جو مفسرین آیۃ کی تفسیر کسی خاص قوم کو نہین ٹہہراتے اون کا قول قوی معلوم ہوتا ہے -

منزل ۲

الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ اذ اخرجہ الذین کفروا ثانی اثنین اذ ہما فی الغار اذ یقول

اگر تم نہ مدد کروگے رسول کی تو اوسکی مدد کی ہے اللہ نے جسوقت اوسکو نکالا کافرون نے دو جان سے جب دونون تھے غار مین

لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا

تو غم نہ کھا اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر اللہ نے اوتاری اپنی طرف سے تسکین اسپر اور مدد کو بھیجین اسکے وہ فوجین کہ

وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

اور نیچے ڈالی بات کافرون کی اور اللہ کی بات ہمیشہ اوپر ہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا

جب تبوک کی لڑائی کے وقت موسم گرمی کی سختی اور سفر کی درازی کے سبب سے بعضے اہل مدینہ نے آنحضرت کے ساتھ سفر کو ٹال دیا تو اوس پر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی اور اس آیۃ مین ہجرت کے وقت کا ذکر فرماکر لوگونکو یہ تنبیہ کردی کہ اگر تم لوگ نبی وقت کی مدد مین کوتاہی کروگے تو اللہ تمہاری مدد کا محتاج نہین جس طرح اوس نے اپنے نبی کی مدد ہجرت کیوقت کی ہے اب بھی وہ مدد کریگا ہجرت کا قصہ ابو موسی اشعری اور حضرت عائشہؓ کی روایتون سے صحیح بخاری مین بصراحت مذکور ہے حاصل اوس کا یہ ہے کہ ہجرت سے پہلے آنحضرت نے یہ خواب دیکھا تھا کہ دو پہاڑون کے بیچ مین کنکریلی زمین ہے اور اوس سرزمین پر کھجورین بہت ہین وہان ہجرت کا حکم ہوا ہے آنحضرت کا یہ خواب سنکر کچھ لوگ مدینہ کو اور کچھ حبشہ کو چلے گئے جب حضرت ابو بکر صدیق کو کفار نے بہت تنگ کیا اور اُنھون نے اپنے گھر کے صحن مین ایک چبوترہ مسجد کی طرح جو بنا لیا تھا اوسپر نماز پڑہنے اور تلاوت قرآن سے اُنکو منع کیا تو اونھون نے بھی مدینہ کا قصد کیا لیکن آنحضرت نے اُنسے فرمایا تھوڑے دنون تامل کرو شاید مجھکو بھی ہجرت کا حکم ہوجاوے ایک روز خلاف عادت ٹہیک دوپہر کو آنحضرت حضرت ابو بکر صدیقؓ کے گہر تشریف لائے اور فرمایا کہ مجھکو مدینہ کی ہجرت کا حکم ہوگیا حضرت ابو بکر صدیقؓ نے کہا مجکو بھی ساتھ لیچلیے آپ نے فرمایا اچھا حضرت ابو بکر صدیقؓ نے کہا میرے پاس دو اونٹنیان ہین ایک آپ کیلئے آپنے فرمایا ہان وہ اونٹنی قیمت سے مین لیلونگا پھر حضرت ابو بکر اور آنحضرت جبل ثور کے غار مین تین راتین رہے حضرت ابو بکر کا ایک غلام عامر بن فہیرہ بھی جنگل مین بکریان چراتا تھا اور اندھیری کے وقت کچھ بکریون کا دودھ لیکر آنحضرت اور ابو بکر صدیق کو پلاجاتا تھا پھر حضرت ابو بکر صدیق نے مدینہ تک ایک شخص کو راہ بر مقرر کیا وہ دونون اونٹنیان لیکر چوتھے روز غار پر آیا آنحضرت اور حضرت ابو بکر صدیق اونٹنیون پر سوار ہوئے اور عامر بن فہیرہ اور وہ راہ بر پیدل ساتھ ہوئے اور مدینہ کو دریا کے کنارہ کے راستہ سے روانہ ہوئے جس رات کو آنحضرت پہلے پہل مکہ سے نکلکر غار میں رہے اوس صبح کو کفار مکہ نے آپکی تلاش مین آپکا پیچھا بھی کیا یہانتک کہ جب غار کے قریب یہ لوگ آئے اور حضرت ابو بکر صدیق کو ان کفار کے قدم غار مین سے نظر آئے تو حضرت ابو بکر صدیق کو بڑا اندیشہ ہوا لیکن آنحضرت نے حضرت ابو بکر صدیق کی تسکین کی اور فرمایا کہ اندیشہ کی کوئی بات نہین اللہ ہمارے ساتھ ہے اوسی کا ذکر اللہ تعالی نے آیۃ مین فرمایا ہے اسیواسطے علمانے لکھا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق کی صحابیت کا منکر قرآن کا منکر اور کافر ہے اور صحابہ کے صحابی ہونے کا منکر بدعتی ہے حضرت عمر کی روبرو جب حضرت ابو بکر صدیق کا ذکر آیا کرتا تھا تو حضرت عمر فرمایا کرتے تھے کہ اونکی ایک غار کی رات پر اور زکوۃ کے منکرین سے جو اونھون نے جہاد کیا ہے اوس دن پر غرض ان دونون مین سے ایک پر عمر کی ساری عمر کی عبادت تصدق ہے غار سے روانہ ہونے کے بعد کفار مکہ نے آنحضرت یا حضرت ابو بکر صدیق کے مارنے یا پکڑ

منزل ۲

لانے والے کا انعام سو سوا اونٹ قرار دئے تھے اس لالچ سے ایک شخص سراقہ بن جعشم نے گھوڑے پر چڑھ کر آپکا پیچھا کیا اور جب آپکے قریب پہونچا تو اوسکا اور اوسکے گھوڑے کا پیر زمین مین دہنس گیا جب اُسنے پکار کر آنحضرت سے امان مانگی تو اوسکا گھوڑا نکلا وہ خالی سمندہ ہو کر واپس آیا مدینہ پہونچکر پہلے آپ بنی عمر بن عوف مین دس روز کے قریب رہے اور مسجد قبا بنائی اور پھر مدینہ کے اندر اونٹنی پر تشریف لے گئے مسجد نبوی جہان ہے یہان آنکر وہ اونٹنی بیٹھ گئی آپ نے فرمایا انشاء اللہ تعالی یہی مقام کی جگہ ہے پھر وہ جگہ خرید کر وہان مسجد نبوی بنائی اس قصہ مین بجائے غار ثور کے غار حرا کا نام جو بعضی روایتون میں آیا ہے وہ کسی راوی کی غلطی سے ہے کیونکہ صحیح بخاری کی حضرت عائشہ کی روایۃ مین ضاف غار ثور کا نام موجود ہے تفسیر ابن مردویہ وغیرہ مین معتبر سند سے جو روایتین ہیں اون مین ہے کہ حضرت عائشہ جس کسی کو اس قصہ مین غار حرا کا نام لیتے ہوئے سنا کرتے تھین تو اُسکو جتلایا کرتی تھین کہ اس قصہ مین غار ثور کا نام صحیح ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ غلطی تابعیون کے زمانہ سے شروع ہوئی ہے صحیح بخاری ومسلم مین حضرت ابوبکر صدیق رض کی روایۃ ہے جس مین وہ فرماتے ہیں کہ جب مشرکین مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش مین ثور پہاڑ پر چڑھے اور مین نے مشرکون کے قدم غار میں سے دیکھ لئے تو مجکو بڑا اندیشہ ہوا جب مین نے اپنا یہ اندیشہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپنے میری تسکین کی اور فرمایا کچھ اندیشہ کی بات نہیں اللہ ہماری مدد کو موجود ہے یہ حدیث اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا کی گویا تفسیر ہے حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ ادہر تو اللہ کے رسول نے ابوبکر صدیق کی تسکین کی اور ادہر اللہ تعالی نے ابوبکر صدیق رض کے دل میں ایک طرح کی تسکین پیدا کر دی جس سے اونکی پریشانی جاتی رہی محمد بن شہاب زہری سب علما کے نزدیک ایک جلیل القدر ثقہ تابعی ہیں صحاح کی سب کتابون میں اونکی روایتین ہیں انہی زہری کا قول ہے کہ غار ثور کے منہہ پر کبوترون نے انڈے دیدئے تھے اور مکڑی نے جالا پورد یا تھا جس سے مشرکین مکہ کے دلمین یہ خیال بالکل باقی نہیں رہا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس غار کے اندر ہیں ابن شہاب زہری کے اس قول کی تائید انس بن مالک اور زید بن ارقم صحابیون کے قول سے بھی ہوتی ہے کیونکہ مختصر طور پر ان صحابیون کے قول بھی ابن شہاب کے موافق ہیں واید بخنود لم تروہا کی تفسیر مین اکثر سلف نے لکھا ہے کہ جب تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوس غار مین رہے اوسوقت تک اللہ تعالی نے اوس غار کے گرداگرد فرشتے تعینات کر دئے تھے ان فرشتونکی تعیناتی کے سبب سے ایک تو مشرکون کے دلون پر ایسا رعب چھا گیا تھا کہ اوس غار کے اندر جھانک کر کسی نے نہیں دیکھا دوسرے اگر کوئی مشرک دور سے بھی غار کی طرف دیکھتا تھا تو وہ فرشتے اوس مشرک کی آنکھون کے سامنے اپنے پرون کی آڑ کر دیتے تھے جس سے غار کے اندر تک کسی مشرک کی نگاہ نہین پہونچ سکتی تھی سلف کے اس قول مین غار مین رعب کے پیدا ہو جانے کا جو ذکر ہے اوسکی تائید تو اصحاب کہف کے قصہ سے ہوتی ہے کہ اوس غار مین بھی اللہ تعالی نے ایسا رعب پیدا کر دیا ہے کہ اوس غار کو جھانک کر کوئی شخص نہیں دیکھ سکتا چنانچہ یہ اصحاب کہف کا قصہ سورہ کہف مین تفصیل سے آویگا فرشتون کے پرون کے آڑ کر دینے کی تائید اسماء بنت ابی بکر صدیق کی اوس روایۃ سے ہوتی ہے جو معتبر سند سے حلیہ ابونعیم میں ہے حاصل اس روایۃ کا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

حاشیہ ۲

تلاش مین تو پہاڑ پر جو مشرک چڑھے ہوے تھے اون مین کا ایک شخص غار کے منہ کے سامنے پیشاب کو بیٹھ گیا تھا اسکی یہ حالت دیکھکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے فرمایا ان مشرکون کی آنکھون کے سامنے فرشتون نے اپنے پرون کی آڑ کردی ہے جس سے ان لوگونکی نگاہ غار کے اندر تک نہیں پہونچتی ورنہ اس طرح بے پردہ یہ شخص ہمارے روبرو پیشاب کو نہ بیٹھ جاتا وجعل کلمۃ الذین کفروا السفلٰی وکلمۃ اللہ ہی العلیا کی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس کے صحیح قول کے موافق یہ ہے کہ اپنی زبردست حکمت سے اللہ تعالی نے دن بدن شرک کو گھٹایا اور توحید کو بڑہایا۔ صحیح بخاری مین عبداللہ بن مسعودؓ سے اور صحیح مسلم مین ابوہریرہؓ سے جو روایتین ہیں اُنکا حاصل یہ ہے کہ فتح مکہ کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کیے بتون کو لکڑیان مار مار کر گراتے جاتے تھے اور جاء الحق وزہق الباطل فرماتے جاتے تھے جس کا مطلب یہ ہے کہ اب مکہ مین توحید پھیلی اور شرک یہان سے گیا آیہ مین شرک کے گھٹنے اور توحید کے بڑھنے کا جو ذکر ہے یہ حدیثین گویا اُسکی تفسیر ہین جس کا حاصل یہ ہے کہ توحید کے غلبہ نے مشرکونکو یہان تک بے بس کردیا کہ اونھون نے اپنے جھوٹے معبودون کی مدد اپنی آنکھون سے دیکھی اور اونکی کچھ حمایت نہ کرسکے۔

انْفِرُوا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ

نکلو ہلکے اور بوجھل اور لڑو اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ مین یہ بہتر ہے تمہارے

خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○

حق مین اگر تمکو سمجھ ہے

ع ۱۴

اس آیۃ مین اللہ پاک نے جہاد مین جانے کا حکم فرمایا کہ تم کسی حال مین ہو خواہ تمپر جہاد ہلکا ہو خواہ بھاری ہو تم اپنی جان ومال سے خدا کی راہ میں جہاد کرو مفسرون کے قول خفافا وثقالا کی تفسیرون بہت مختلف ہیں لیکن صحیح تفسیر وہی ہے جو تفسیر ابن ابی حاتم مین حضرت عبداللہ بن عباس کے صحیح قول کے حوالہ سے ہے کہ جن لوگون کو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم لڑائی پر جانے کا حکم دین اون لوگون کا دل خواہ چاہے یا نہ چاہے لیکن اونکو اللہ کے رسول کے حکم کی تعمیل کرنی چاہیے اور ہر سمجھدار کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اللہ کے رسول کی فرمانبرداری مین اوسکی بہتری ہے کیونکہ اس طرح کے لوگ اگر شہید ہوگئے تو جنت مین جاوین گے اور اگر صحیح وسلامت رہے تو عقبی مین اللہ انھین اجر دیگا اور دنیا مین مال غنیمت جدا حاصل ہوگا ابوہریرہؓ رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح بخاری ومسلم مین ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص محض خدا اور رسول کی فرمانبرداری کے طور پر دین کی لڑائی مین شریک ہوتا ہے اوس کا خدا ضامن ہوجاتا ہے اگر وہ واپس آیا تو اجر وغنیمت لیکر پھرا یا شہید ہوا تو جنت مین داخل ہوگا یہ حدیث ذالکم خیر لکم ان کنتم تعلمون کی گویا تفسیر ہے جس سے دین دنیا کی بہتری کا حال اچھی طرح معلوم ہوجاتا ہے جو علما اس بات کے قائل ہیں کہ جہاد تو خود فرض کفایہ ہے لیکن اللہ کے رسول یا اللہ کے رسول کے قائمقام جن لوگونکو لڑائی پر جانے کا حکم دیوین تو اون لوگون کے ذمہ لڑائی پر جانا فرض عین

ہوجاتا ہی ان آیتونکی ترتیب سے اون علما کے قول کی پوری تائید ہوتی ہی کیونکہ پہلے اللہ تعالی نے اُن لوگون پر خفگی فرمائی جو حکم کے بعد بھی لڑائی پر نہین گئے اور پھر اس آیۃ مین لڑائی پر جانے کی تاکید فرمائی اس ترتیب سے معلوم ہوا کہ جن لوگو پر اوپر کی آیۃ مین خفگی فرمائی تھی اس آیۃ مین یہ تاکید بھی ان ہی لوگون کو فرمائی ہی صحیح بخاری مین حضرت عبداللہؓ بن عباس سے روایۃ ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا کہ اب ہجرت تو باقی نہین رہی ہان خالص نیت سے دین کی لڑائی باقی ہی اسلئے جن لوگو نکو دین کی لڑائی کا حکم دیا جاوے اونہین اُس حکم کی تعمیل ضرور ہے حاصل اس حدیث کا یہ ہے کہ جس طرح فتح مکہ سے پہلے ہجرت کا سفر فرض تھا اسی طرح فتح مکہ کے بعد دین کی لڑائی کے لئے سفر کرنا اُن لوگو پر فرض ہی جنکو دین کی لڑائی پر جانے کا حکم دیا جاوے ہجرت سے پہلے سفر ہجرت کے فرض عین ہونے مین سب علما متفق ہین اسواسطے اس صحیح حدیث کے موافق یہی مسئلہ صحیح قرار پاتا ہی کہ جن لوگون کو اللہ کے رسول دین کی لڑائی پر جانیکا حکم دیتے تھے اُنکے حق مین لڑائی پر جانا فرض عین تھا اور باقی لوگون کے حق مین فرض کفایہ معتبر سند سے ابوداؤد اور صحیح ابن حبان مین ابوسعید خدری سے روایۃ ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ یمن سے ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آیا اور اوس نے جہاد مین جانیکی اجازت چاہی آپ نے اُس شخص سے پوچھا کہ یمن مین تیرا کوئی رشتہ دار ہی اُس شخص نے جواب دیا یمن مین میرے ماں باپ ہین یہ سنکر آپنے فرمایا کہ پہلے اپنے ماں باپ سے جہاد مین جانیکی اجازت حاصل کرے پھر جہاد مین جانے کا قصد کیجو اس حدیث سے اکثر علما نے یہ بات نکالی ہی کہ ماں باپ کی خدمت فرض عین ہی اور جہاد فرض کفایہ ہی اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر اجازت ماں باپ کے جہاد پر جانیکی اجازت اوس شخص کو نہیں دی۔ حاصل کلام یہ ہی کہ ان آیتون کی ترتیب اور صحیح حدیثون کے موافق اون علما کا قول صحیح معلوم ہوتا ہی جو اس بات کے قائل ہین کہ جہاد خود تو فرض کفایہ ہی لیکن شرعی سردار جن لوگونکو جہاد کا حکم دیوے اوپر فرض عین ہوجاتا ہے اس صحیح قول کے موافق آیۃ کی صحیح تفسیر وہی ہے جو اوپر بیان کی گئی فرض عین وہ ہی جس کا ادا کرنا ہر مسلمان کے ذمہ لازم ہی مثلاً جیسے پنجگانہ نماز فرض کفایہ وہ ہے جسکو بعضے مسلمان بھی ادا کرلیوین تو سب مسلمانون کے ذمہ سے اوس کا بوجھ اُتر جاوے جیسے مثلاً جنازہ کی نماز۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۭ وَسَيَحْلِفُوْنَ

اگر کچھ مال ہوتا نزدیک اور سفر ہلکا تو تیرے ساتھ چلتے لیکن دور نظر آتے اونکو طرف اور اب قسمین کھا دینگے

بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

اللہ کی کہ ہم مقدور رکھتے تو نکلتے تمہارے ساتھ وبال مین ڈالتے ہین اپنی جان اور اللہ جانتا ہے وہ جھوٹے ہین

اوپر اون مسلمانونکا ذکر تھا جو فقط سستی سے لڑائی مین نہیں گئے اس آیۃ مین اون منافقون کا حال ہی جو منافق اپنے نفاق کے سبب سے جھوٹے عذر کرکے غزوہ تبوک مین شریک ہوئے اور گھرون مین بیٹھ رہے اون کے حق مین فرمایا کہ یہ لوگ اس خیال سے رہ گئے کہ دور و دراز کا سفر ملک شام کی طرف کرنا پڑیگا اور وہان غنیمت کا مال خدا جانے ملے

یا نہ ملے غرض کہین نزدیک جانا ہوتا اور غنیمت بھی آسانی سے دستیاب ہوتی تو یہ لوگ تمہارے ساتھہ جاتے مگر لانبے سفر کو انھون نے مشقت خیال کیا پھر یہ فرمایا کہ جب تم مدینہ کو واپس جاؤگے تو قسمین کہا کہا کر یہ لوگ عذر بیان کرین گے کہ ہمارے پاس راہ خرچ نہین تہا اسواسطے ہم جہاد مین نہین شریک ہوئے پھر فرمایا کہ یہ لوگ جھوٹ بول بول کر اپنی جان کو ہلاکت مین ڈالنا چاہتے ہین کیونکہ خدا خوب جانتا ہی کہ یہ لوگ اپنے قول مین جھوٹے ہین انہین جہاد مین شریک ہونے سے کوئی امر مانع نہ تہا انکے پاس بہت کچھہ تہا مگر جھوٹ بول کر پیچھا چہڑانا چاہتے ہین ۔

شقہ وہ سفر ہے جس مین مشقت زیادہ ہو گرمی کے موسم مین یہ دور کا سفر بڑی مشقت کا سفر تہا اسلیے اسکو شقہ فرمایا شاہ صاحب نے شقہ کا ترجمہ طرف کے لفظ سے جو کیا ہے اوس سے مقصود سفر کا آخری سرا اور کنارہ ہی جس کا مطلب یہ ہی کہ اس مشقت کے سفر کا آخری کنارہ اون لوگونکو دور معلوم ہوا صحیح بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جھوٹ بولنا منافق کی نشانی ہی انہی عبداللہ سے صحیح بخاری مین روایت ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹی قسم کھانے کو کبیرہ گناہ فرمایا ہی یہ حدیثین یحلفون باللہ کی گویا تفسیر ہین جن کا مطلب یہ ہی کہ ایک تو ان لوگون نے اپنے عذرون سے جھوٹ بولکر اپنی منافقانہ عادت ظاہر کی اور پھر جھوٹی قسمین کہا کر اپنے آپکو کبیرہ گناہ مین مبتلا کیا اس طرح سے گناہ پر گناہ کرکے ان لوگون نے اپنی جان کو عقبیٰ کی ہلاکت مین پہنسایا ۔

صفحہ ۱۹

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ۝

اللہ بخشے تجکو کیون رخصت دی تو نے انکو جب تک معلوم ہوتی تمپر جنہون نے سچ کہا اور جانتا تو جھوٹون کو

جس طرح بدر کے قیدیون سے وحی کے نازل ہونے سے پہلے آنحضرت نے فدیہ لے لیا اور اسپر اللہ تعالی کی خفگی کا حکم آیا اسی طرح تبوک کی لڑائی کے وقت جن منافقون نے بناوٹ کے عذر آنحضرت کے روبرو پیش کئے اور آپ نے اُن لوگونکو مدینہ میں رہجانیکی پروانگی دیدی اوسپر خفگی کا حکم نازل ہوا مگر یہ خفگی کا حکم ایسا پیار کا ہی کہ جسمین خفگی سے پہلے معافی کا ذکر ہے خفگی کا حاصل یہ ہی کہ پروانگی مین اسقدر جلدی نکرنی تھی بلکہ ذرا عذرون کی دریافت کرنی تھی تاکہ معلوم ہوجاتا کہ کس کس کے عذر سچے ہین اور کس کس کے بناوٹی بعضے مفسرین نے اس آیۃ کو سورۃ نور کی آیۃ فاذن لمن شئت منہم سے منسوخ کہا ہی لیکن صحیح قول یہ ہی کہ دونون آیتون میں کوئی آیۃ منسوخ نہین ہی کیونکہ دونون آیتون مین سچے عذر والون کو پروانگی دینے کا حکم ہے فرق اسی قدر ہی کہ اس آیۃ مین مجمل حکم ہی اور سورہ نور مین صاف ہی اس صورت مین ایک آیۃ دوسری آیۃ کا بیان ہی ۔ حاصل مطلب یہ ہے کہ ان لوگون نے جو عذر کیا تہا کہ انکے پاس راہ خرچ نہین تہا اس عذر کی ذرا بھی دریافت کی جاتی تو انکے اُس عذر کا جھوٹا ہونا ثابت ہوجاتا کیونکہ ان لوگون کے پاس سواری راہ خرچ سب کچھہ تہا فقط منافقانہ عادت کے سبب سے انھون نے جھوٹے عذر پیش کئے اور اگرچہ ان جھوٹے عذرون کے سبب سے یہ لوگ دنیا مین گرمی کے موسم کے سفر سے بچ گئے لیکن جھوٹ اور جھوٹی قسمون کے سبب سے عقبیٰ مین انھون نے اوس آگ مین اپنا ٹھکانا بنایا

جسکے مقابلہ مین دنیا کی گرمی کے موسم کی گرمی تو درکنار دنیا کی آگ بھی اُس آگ کے آگے کوئی چیز نہین ہی صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کی آگ سے دوزخ کی آگ مین اونہتر ۶۹ درجے حرارت زیادہ ہی یہ حدیث تو دوزخ کی آگ کے حال کی ہی اور ان لوگون کے اوس آگ کے قابل عمل کرنے کا حال آیۃ کے ٹکڑے یہلکون انفسہم سے اور عبداللہ بن عمرو بن العاص کی اوپر کی روایتون سے اچھی طرح معلوم ہوسکتا ہے ۔

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ

نہین رخصت مانگتے تجھے جو لوگ یقین رکھتے ہین اللہ پر اور پچھلے دن پر اس سے کہ لڑین اپنے مال اور جان سے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اور اللہ خوب جانتا ہے ڈر نیوالونکو رخصت وہی مانگتے ہین تجھسے جو نہین یقین کرتے اللہ پر اور پچھلے دن پر

وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ۝

اور شک مین پڑے ہین دل اونکے سو وہ اپنے شک ہی مین بھٹکتے ہین

جب منافقون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد مین نہ شریک ہونے اور گھرون مین بیٹھہ رہنے کی اجازت چاہی اور آپ نے اونہین اجازت دی جس کا ذکر اوپر گذرا تو اب اسکے بعد یہ بات بیان فرمائی کہ جو لوگ ایمان دار ہین خدا پر اور آخرت پر یقین رکھتے ہین وہ کبھی گھر مین بیٹھہ رہنے کی اجازت نہین چاہتے ہین اونہین تو یہی بات پسند ہے کہ جس طرح ممکن ہو جان سے مال سے جہاد مین شریک ہون بلکہ اگر اونہین بیٹھہ رہنے کا حکم بھی دیا جائے تو اُنپر شاق گذرتا ہی چنانچہ صحیح بخاری کے حوالہ سے سعد بن عبادہ کی حدیث اوپر گذر چکی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی لڑائی پر جاتے وقت یہ حکم فرمایا تھا کہ تم مدینہ مین رہو اور پیر یہ حکم نہایت گران گذرا اور راضی نہ ہوتے تھے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونسے یہ بات کہی کہ کیا تم اس بات سے خوش نہیں ہو کہ مجھسے تمہین وہ خصوصیت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کو موسےٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی کہ ہارون موسےٰ کے نائب اور قائم مقام تھے غرضکہ یہ بات سنکر حضرت علی مدینہ کے رہجانے پر رضامند ہوئے پھر اللہ پاک نے مومنون کا حال بیان فرماکر یہ ذکر کیا کہ خدا سبکو جانتا ہے کون کون اُن مین متقی ہی اور پھر یہ فرمایا کہ جو لوگ خدا پر پورا ایمان نہین رکھتے اور نہ آخرت پر یقین رکھتے ہین وہی لوگ بیٹھہ رہنے کو پسند کرتے ہین اور گھرون مین رہجانے کی اجازت بھی چاہتے ہیں کیونکہ اُنکے دلون مین دین کی طرف سے شک ہے اور یہ لوگ ہمیشہ شک کی حالت مین متردد ہین معتبر سند سے مسند امام احمد صحیح ابن حبان وغیرہ مین ابوامامہ سے روایت ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آدمی کے نیک وبد ہونے کی نشانی پوچھی تھی جسکے جواب مین آپ نے فرمایا جس شخص کا دل نیک کام سے خوش ہو اور بُرے کام سے غمگین ہو

ع ۱۲ منزل

تو ایسا شخص ایماندار ہی۔ حاصل مطلب اس حدیث کا یہ ہی کہ ایماندار لوگون کے دل مین عقبے کے ثواب اور عذاب کا پورا یقین ہوتا ہی اسلیے نیک کام کا ثواب یاد کرکے انکا دل خوش ہوتا ہی اور برے کام کا عذاب یاد کرکے انکے دل مین ایک طرح کا غم پیدا ہوجاتا ہی۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جن لوگونکے دل مین عقبے کے ثواب کا پورا یقین نہین ہے انکی حالت اس کے برخلاف ہی یہ حدیث ان آیتونکی گویا تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہی کہ جن لوگون کے دل مین عقبے کے ثواب کا پورا یقین ہی وہ اپنے دین کی لڑائی چھوڑکر گھر مین بیٹھے رہنے کی خواہش کبھی نہ کرین گے بلکہ انکی خواہش اور خوشی تو ہمیشہ ایسے نیک کامون مین لگے رہنے کی ہوگی یہان جن لوگون کے دل مین یہ یقین پورا نہین ہی وہ سخت مشقت کے نیک کامونکی جرات نہین کرسکتے

وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا لَهُ عُدَّةً وَلَٰكِن كَرِهَ اللَّهُ انبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيلَ

اور اگر چاہتے نکلنا تو تیار کرتے کچھ اسباب اوسکا ولیکن خوش نہ آیا اللہ کو اونکا اوٹھنا سو بوجھل کردیا اونکو اور حکم

اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ ۝ لَوْ خَرَجُوا فِيكُم مَّا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا وَلَأَوْضَعُوا خِلَالَكُمْ

ہوا کہ بیٹھو ساتھ بیٹھنے والونکے اگر نکلتے تم مین کچھ نہ بڑہاتے تمہارا مگر خرابی اور گھوڑے دوڑاتے تمہارے اندر

يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ ۖ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

بگاڑ کرنے والے کی تلاش مین اور تم مین بھیجے جاسوس ہین اونکے اور اللہ خوب جانتا ہی بے انصافونکو

منزل ۲

اس آیۃ میں بھی اللہ پاک نے منافقون کا حال بیان فرمایا کہ ان لوگونکا ارادہ پہلے ہی سے اس لڑائی مین شریک ہونے کا بالکل نہ تھا اگر یہ لوگ لڑائی مین شریک ہونا چاہتے تو ضرور سامان جنگ کرتے جس طرح اور لوگون نے اسکی طیاری کی تھی پھر یہ فرمایا کہ اللہ کو بھی انکا شریک ہونا پسند نہین تھا اسی واسطے اوس نے اونکے دلون میں نامردی پیدا کردی اور یہ عذر وحیلہ کرکے رہ گئے اور جس طرح عورتین بچے بیمار اور معذور گھرون مین رہجاتے ہیں انہین بھی رہجانا پڑا یہ خدا کی بہت بڑی مصلحت تھی کیونکہ اگر یہ لوگ بھی لڑائی مین جاتے تو بجائے مدد کے فتنہ وفساد برپا کرتے مسلمانونکو خوف دلاتے اور ایسی ایسی باتین کرتے جس سے مومنون کے جی چھوٹنے لگتے کیونکہ تم مین وہ لوگ بھی ہیں جو تمہاری باتین سن سنکر ان منافقون کو اسکی خبر دیتے رہتے ہیں جاسوسی کرتے ہیں۔ واللہ علیم بالظالمین۔ اس کا مطلب یہ ہی کہ لشکر اسلام مین جو لوگ ان منافقون کے دوست ہین جس دوستی کے سبب سے وہ لشکر اسلام کی باتین جاسوسی کے طور پر ان منافقونکو پہونچاتے ہیں وہ کسی کا کچھ نہیں بگاڑتے بلکہ وہ اپنی جان پر ظلم کرتے ہیں کہ اس جاسوسی اور منافقون کی مدد کے گناہگار بنتے ہیں کیونکہ اللہ کے علم سے کوئی چیز باہر نہین ہے وہ اوسکو ان جاسوسون کا اور انکے دوست منافقون کا سب کا حال خوب معلوم ہی وہ اپنے علم کے موافق وقت مقررہ پر انکے عملون کی پرسش کریگا قتادہ کے قول کے موافق اگرچہ بعضے مفسرین نے وفیکم سماعون لہم کی تفسیر یہ بیان کی ہے کہ مسلمانون مین کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ان منافقونکی باتین سنتے اور مانتے ہیں لیکن حافظ ابوجعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر مین قتادہ کے اس قول کو ضعیف ٹھہرایا ہی اسواسطے مجاہد کے صحیح قول کے موافق آیۃ کی وہی تفسیر صحیح معلوم ہوتی ہی

جو اوپر بیان کی گئی کیونکہ اس تفسیر کے مقدمہ مین یہ بات بیان کردی گئی ہی کہ حضرت عبداللہ ابن عباس کے شاگردون
مین جہان اختلاف ہو وہان مجاہد کا قول زیادہ معتبر قرار پاتا ہی کعب بن مالک بھی اون لوگون مین ہین جو تبوک کے سفر مین
شریک نہین ہوئے اون کا قصہ تفصیل سے آگے آویگا صحیح بخاری مین کعب بن مالک کے بیٹے عبداللہ کی روایت سے جو
ان کعب بن مالک کا قصہ ہی اسمین یہ ہی کہ کعب بن مالک ہر روز اس سفر کی تیاری کا ارادہ کرتے تھے لیکن پھر سستی سے
وہ ارادہ ادھورا رہجاتا تھا سورہ آل عمران میں گزر چکا ہے کہ عبداللہ بن ابی منافقون کا سردار احد کی لڑائی کے میدان مین
سے لشکر اسلام کے تین سو آدمیون کو بہکا کر مدینہ کو واپس لے آیا تھا اذ جارک المنافقون مین آویگا کہ اسی عبداللہ بن
ابی نے بنی مصطلق کی لڑائی کیوقت اپنے قبیلہ کے انصار کو یہ بہکایا تھا کہ اس لڑائی سے واپس جانیکے بعد مہاجرین کو
مدینہ سے نکال دیا جاوے آیۃ مین یہ جو ذکر ہے کہ اگر ان منافقون کے دل مین اس سفر کا ارادہ ہوتا تو یہ لوگ سفر کی
کی تیاری کا ارادہ پہلے سے کرتے اسکی تفسیر کعب بن مالک کے قصہ سے یون ہو سکتی ہی کہ کعب بن مالک اگرچہ سستی
کرکے اس سفر مین نہیں گئے لیکن ان منافقون کی طرح اس سفر کے ارادہ سے وہ غافل نہین تھے یہ منافق لوگ اس لڑائی
سے بھی غافل تھے جس سے معلوم ہوا کہ ان کا ارادہ پہلے ہی سے اس سفر کا نہین تھا اسی طرح آیۃ مین یہ جو ذکر ہے کہ
اگر یہ منافق لوگ اس لڑائی مین جاتے تو طرح طرح کے فساد برپا کرتے احد اور بنی مصطلق کا قصہ اس فساد کی برپا کرنیکی تفسیر ہے

منزل ۱ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّىٰ جَاءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ ۴۸

کرتے رہے تلاش بگاڑ کی آگے سے اور الٹتے رہے ہیں تیرے کام جبتک آپہنچا سچا وعدہ اور غالب ہوا حکم اللہ کا اور وہ ناخوش ہی ہیں

اس آیۃ مین بھی اونہین منافقون کا حال بیان فرمایا کہ کچھ اسی لڑائی پر موقوف نہین ہے یہ لوگ پہلے ہی سے فتنہ وفساد
برپا کرنے کی فکر مین لگے ہوئے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ خدا کا دین دب جائے پھر فرمایا کہ انکی کوئی تدبیر کارآمد نہین ہوئی
آخر اللہ ہی کا بول بالا رہا اور یہ ناخوش ہی ہوتے رہے حاصل مطلب یہ ہی کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت
کرکے مدینہ مین آئے تھے تو مدینہ کے یہود و منافق جنگ پر آمادہ ہوئے تھے پھر جب بدر کی لڑائی مین آپکو بہت بڑی فتح ہوئی
تو ابن ابی اور اسکے ساتھیون نے کہا کہ اب کیا کرنا چاہیے انکا دین سچا معلوم ہوتا ہی اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہی کہ ظاہر
طور پر اسلام مین داخل ہوجاؤ غرضکہ یہ لوگ دل مین کینہ رکھکر ظاہری مسلمان ہوگئے اور جب جب مسلمانونکو لڑائیون
مین فتح ہوتی گئی انکا غصہ اور نفاق بڑہتا گیا اور دین حق کی ترقی انکو بری معلوم ہوتی گئی اسی کو اللہ پاک نے فرمایا کہ
حتی جاء الحق وہم کرہون اس آیۃ مین یہ جو فرمایا کہ یہ منافق لوگ اس تبوک کی لڑائی سے پہلے بھی فتنہ وفساد اور لشکر
اسلام کے انتظام مین بگاڑ ڈالنے کی تلاش مین لگے رہے ہیں اسکی تفسیر بنی مصطلق کی لڑائی کے وہی عبداللہ ابن ابی
منافقون کے سردار کے قصہ مین ہی جسکا ذکر اوپر گذرا علاوہ ان قصون کی سورہ حشر کی وہ آیتین بھی اس آیۃ کی
تفسیر ہین جن آیتون مین یہ ذکر آویگا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر اور بنی قریظہ پر ہاتھ ڈالنا چاہا تو ان

مدینہ کے منافقونے ان یہود کے دونون قبیلونسے خفیہ طور پر یہ کہلا بھیجا تہا کہ جلاوطنی مین اور مسلمانونسے تمہاری لڑائی اگر ٹھن گئی تو اوس لڑائی مین غرض ہر طرح ہم تمہارے ساتھہ ہین لیکن آخر پہر اُنھون نے اپنی وہی منافقانہ بدعہدی برتی کہ وقت پر ان دونون قبیلون مین سے ایک کا بہی کچہہ ساتھہ نہدیا اور ادن دونون قبیلو پر مسلمانونکا جو غلبہ ہوا اوس سے یہ منافق دل مین اگرچہ ناخوش ہوئے لیکن انکی ناخوشی سے کیا ہوتا ہے اللہ کو جو منظور تہا آخر اوسکا ظہور ہوا کہ ان دونون قبیلون مین سے بنی نضیر کا اخراج ہوا اور بنی قریظہ کا قتل۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝

اور بعضے انمین کہتے ہین مجکو رخصت دی اور گمراہی مین نہ ڈال سنتا ہی وہ تو گمراہی مین پڑی ہین اور دوزخ گہیر رہی ہے منکرونکو

طبرانی ابو نعیم ابن مردویہ مغازی محمد بن اسحاق اور ابن ابی حاتم مین جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہی اُسکا حاصل یہ ہی کہ منافقین مدینہ میں ایک شخص قبیلہ بنی سلمہ کا سردار جد بن قیس تہا جسکی کنیت ابو وہب تہی تبوک کی لڑائی پر جانے اور نصرانیون سے لڑنے کا جب آنحضرت نے اس سے ذکر کیا تو اُسنے کہا کہ سب لوگونکو معلوم ہے کہ مین عورتون سے زیادہ رغبت رکہتا ہون شام کے ملک مین جاکر مین نصرانیون کی عورتونکو دیکہونگا تو نہواہ مخواہ فتنہ مین پڑجاؤنگا اسلئے مجہکو تو مدینہ مین ہی چہوڑ جایئے اُسپر اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی اور فرمادیا کہ بڑا فتنہ نفاق کا ہی جسمین یہ لوگ پڑے ہوئے ہین اُس فتنہ کے سبب سے یہ ایسے جہوٹے عذر کرتے ہیں اور دنیا مین تو یہ لوگ اپنی ان دغابازی کی باتون کو ہوشیاری اور دوراندیشی جانکر عمر بہر اسی حالت کو یہانتک اچہا جانتے کہ عقبے مین بہی اپنی اس دغابازی سے کام لینا چاہین گے لیکن اللہ تعالی کو ہر ایک کے دل کا حال معلوم ہی اُسکے سامنے انکی دغابازی کچہہ نہ چل سکے گی اور آخر ایسے لوگونکا ٹہکانہ جہنم کے ساتویں طبقے مین ہوگا صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمر کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منافق شخص کی مثال ایسی ہے جس طرح ریوڑ مین کی بہکی ہوئی بکری دو ریوڑ بکریون کے دیکہکر کبہی ایک ریوڑ مین جاتی ہی کبہی دوسرے مین مطلب یہ ہی کہ اپنی جان اپنا مال بچانیکی غرض سے منافق لوگ جب مسلمانونمین آتے ہین تو انکی سی کہنے لگتے ہین اور جب منافقون مین جاتے ہین تو انکی سی کہنے لگتے ہیں غرض دونون طرف زبانی دغابازی سے کام لیتے ہیں حقیقت مین دلسے یہ لوگ کسی طرف بہی نہین ہین بنی نضیر اور بنی قریظہ سے کہدیا کہ ہم ہر طرحسے تمہارے ساتھہ ہین اور وقت پر صاف الگ ہوگئے مسلمانونکا ساتھہ دینے پر ہمیشہ قسمین کہاتے رہے اور احد کی لڑائی مین عین وقت پر تین سو آدمیونکا لشکر اسلام سے جدا کر دیا۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ اور انس بن مالک کی روایتین بہی گذر چکی ہین جسکا حاصل یہ ہی کہ منافق لوگ قیامت کے دن اپنے ظاہری سلام کا حال اللہ تعالی کے روبرو ظاہر کرکے اپنی نجات کی توقع رکہین گے جس سے اللہ تعالی اُنکے منہہ پر مہر لگادیگا اور اُنکے اعضا کو اُنکی اصلی حالت کی گواہی کے ادا کرنے کا حکم فرمادیگا اور اعضا کی گواہی اُنکی دغابازی کی حالت پر گذر جانے کے بعد یہ لوگ آخر دوزخی قرار پاوین گے یہ حدیثین منافقون کی دنیا اور عقبی کی دغابازی اور اُس دغابازی کے نتیجہ کی گویا تفسیر ہیں اسی واسطے فرمایا کہ یہ لوگ عورتون کے سبب سے گمراہی مین

پڑجانے کا کیا جھوٹا عذر کرتے ہیں انکے پیچھے تو دنیا اور عقبیٰ مین ایسی گمراہی لگی ہوئی ہے کہ جس کے سبب سے ہر وقت دوزخ کو چار دنطرف سے گویا انھون نے اپنے سر پر کھڑا کر رکھا ہی۔

إِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِنْ تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُوا قَدْ أَخَذْنَا أَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ

اگر تجکو پہنچے کچھہ خوبی وہ بُری لگی اونکو اور اگر پہنچے سختی کہیں ہمنے سنبھال لیا تھا اپنا کام آگے ہی

وَيَتَوَلَّوْا وَهُمْ فَرِحُونَ ۝ قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اور پھر کر جاوین خوشیان کرتے تو کہہ ہمکو نہپہنچے گا مگر وہی جو لکھ دیا اللہ نے ہمکو وہی ہی صاحب ہمارا اور اللہ ہی پر چاہیے

الْمُؤْمِنُونَ ۝ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ أَنْ يُصِيبَكُمُ

بھروسا کرین مسلمان تو کہہ تم کیا چیتوگے ہمارے حق مین مگر دو خوبی مین سے ایک اور ہم امید وار ہین تمہارے حق مین کہ ڈالے

اللَّهُ بِعَذَابٍ مِنْ عِنْدِهِ أَوْ بِأَيْدِينَا فَتَرَبَّصُوا إِنَّا مَعَكُمْ مُتَرَبِّصُونَ ۝

تمپر اللہ کچھہ عذاب اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھون سے سو منتظر رہو ہم بھی تمہارے ساتھہ منتظر ہین

تفسیر ابن ابی حاتم مین جابر بن عبداللہ کی روایت سے جو شان نزول ان آیتونکی بیان کی گئی ہے اوسکا حاصل یہ ہی کہ عبداللہ بن ابی وغیرہ منافقین لڑائی کے وقت بناوٹی عذر کرکے جس لڑائی مین شریک نہین ہوتے تھے اور گھرون مین بیٹھہ رہتے تھے اگر اوس لڑائی مین مسلمانونکی فتح ہوتی اور مال غنیمت کا ہاتھہ آتا تو دو طرحسے ان منافقین پر یہ امر شاق گزرتا تھا ایک تو یہ کہ انکے دل مین مسلمانون کی طرف سے عداوت تھی اسواسطے مسلمانون کی بہبودی انکے دلکو اچھی نہین معلوم ہوتی تھی دوسرے انکو یہ افسوس ہوتا تھا کہ ہم کیون نہ گئے جو ہمارے ہاتھہ بھی مال لگتا اور اگر مسلمانونکو کسی لڑائی مین کچھہ ضرر پہونچتا تو یہ منافقین اپنی دوراندیشی اور عقلمندی پر نازان ہوکر کہتے کہ ہم تو ضرر سے بچنے کے لئے پہلے سے ہی عذر کرکے نہین گئے اللہ تعالی نے انکے دونون منصوبون کے جواب مین یہ آیتین نازل فرمائین اور پہلے منصوبہ کا جواب یہ دیا کہ یہ منافق مسلمانونکی بہبودی پر یون ہی جلتے رہین گے اور الدون بدن مسلمانونکو بہبودی دیتا رہے گا اور قریب ہی کہ اللہ کے عذاب آسمانی سے یا مسلمانونکے ہی تسلط سے یہ منافق نیست و نابود ہوجاوین گے چنانچہ ویسا ہی ہوا کہ تھوڑے دنون مین منافقونکا نام مدینہ مین باقی نرہا دوسرے منصوبہ کا جواب یہ فرمایا کہ مشیت الہی مین جسکو جو ضرر پونہچنا ہوتا ہے وہ گھر بیٹھے بھی پہونچتا ہی مشیت آلہی کے آگے دوراندیشی کچھہ کام نہین آتی یہ ان لوگون کی خام خیالی ہے جو دوراندیشی کو مشیت آلہی سے بچنے کا سبب قرار دیتے ہین اور مسلمانونکو تسکین فرمائی اور مسلمانونسے فرمایا کہ تمکو کچھہ ضرر نہین ہمارے گئے تو شہید ہوئے اور اگر زندہ واپس آئے تو دنیا کا مال غنیمت اور عقبے کا اجر کمایا صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے عبداللہ بن عمر اور صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ اور انس بن مالک کی حدیثین جو اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین گذر چکی وہی حدیثین منافقون کے دنیا اور عقبے کے انجام کی تفسیر ہین اور صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ کی حدیث جو اوپر گذر چکی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور رسول

منزل ۲

کی فرمانبرداری کے اعتقاد سے دین کی لڑائی مین شریک ہوتا ہی اُسکی دین و دنیا کی بہبودی کا اللہ تعالی ضامن ہوجاتا ہی۔ یہ حدیث مسلمانون کے دنیا و عقبی کے انجام کی تفسیر ہے اسی واسطے فرمایا کہ ہر ایک گروہ کو اپنے اپنے انجام کا انتظار کرنا چاہیئے ہل تربصون بنا کا ترجمہ شاہ صاحب نے تم کیا چتیوگے ہمارے حق مین جو کیا ہی یہان چتینے کا مطلب انتظار کرنے کا ہے۔ وتیولوا وہم فرحون اس کا مطلب یہ ہی کہ بازار یا کسی محفل میں یہ لوگ مسلمانون کی شکست یا کسی اور مصیبت کی خبر سن پاتے ہین تو اپنے اپنے گھرون کو گویا بڑی خوشوقتی کی خبر سنکر پلٹتے ہین۔

قُلْ أَنفِقُوا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا لَّن يُتَقَبَّلَ مِنكُمْ إِنَّكُمْ كُنتُمْ قَوْمًا فَاسِقِينَ ○ وَمَا مَنَعَهُمْ

تو کہہ مال خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہ ہوگا تم سے تحقیق تم ہوئے ہو لوگ بے حکم اور موقوف نہیں ہوا

أَن تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقَاتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ وَلَا يَأْتُونَ الصَّلَاةَ إِلَّا

قبول ہونا اونکے خرچ کا مگر اسی پر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اُسکے رسول سے اور نہیں آتے نماز کو مگر

وَهُمْ كُسَالَىٰ وَلَا يُنفِقُونَ إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ

جی ہارے اور خرچ نہیں کرتے مگر بُرے دل سے

تفسیر ابن جریر مین حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت سے جو شان نزول ان آیتونکی بیان کی گئی ہی اوس کا حاصل یہ ہی کہ قبیلہ بنی سلمہ کے سردار جد بن قیس منافق نے تبوک کی لڑائی مین جانے سے جب یہ عذر پیش کیا کہ وہان جاکر مین خوبصورت عورتون کے فتنہ مین پڑجاؤنگا اس عذر کے ساتھہ اوس نے دنیا سازی کے طور پر یہ بھی کہا تھا کہ اس لڑائی مین کچھہ روپے کی ضرورت ہو تو مین مدد دیسکتا ہون اوسپر اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور فرمادیا کہ جب ان لوگونکا عقیدہ ہی درست نہین ہے تو اون کی کوئی عبادت مالی یا بدنی مقبول نہین اسواسطے انکا مد خرچ ہرگز قبول نہیں کیا جاسکتا طبرانی کے حوالہ سے معتبر سند کی انس ابن مالک کی روایت ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن سر بمہر اعمال نامے جب اللہ تعالی کے روبرو کھولے جائینگے تو اون مین سے بعضے عمل اللہ تعالی کے حکم سے بیکار ٹھہرائے جاوینگے اسپر فرشتے عرض کرینگے یا اللہ ان عملون مین کیا خرابی ہی اللہ تعالی فرماویگا یہ عمل خالص دل سے نہیں کئے گئے اس لئے بیکار ہین منافقون کے عملون کے علاوہ اگر آدمی منافق نہو لیکن اوسکے نیک عملون مین ریاکاری کا میل ہو تو تھوڑی ریاکاری سے بھی جو عمل کیا جاوے حدیث مین اُسکو شرک فرمایا ہی چنانچہ بیہقی اور مستدرک حاکم کی معاذ بن جبل کی روایت مین اس کا ذکر ہے اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہی غرض یہ حدیثین ان آیتونکی تفسیر ہین جس تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ اللہ کی بارگاہ مین وہیں کی پروا نہین نیت کی پروا ہے خالص نیت تنکا پہاڑ کے برابر ہے اور بغیر خالص نیت کے پہاڑ تنکے سے بھی کم ہے۔ حاصل کلام یہ ہی کہ منافقون کے دل مین دین کی باتون کی طرف سے شک و شبہ رہتا ہی اور ریاکارون کے دل مین دنیا کے دکھاوے کا خیال رہتا ہے اور بدعتیون کا عمل شریعت کے موافق نہین ہوتا اسواسطے ایسے عمل بارگاہ الٰہی مین مقبول نہین

منزل ۲

بارگاہ آلہی مین تو وہی عمل مقبول ہی جو خوش اعتقادی کے ساتھہ خالص نیت سے شریعت کے موافق ہو۔

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الْحَيَاةِ

سو تو تعجب نہ کر اونکے مال اور اولاد سے یہی چاہتا ہے اللہ کہ انکو عذاب کرے اون چیزون سے

الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ

دنیا کے جیتے اور نکلے انکی جان جبتک وہ کافر رہے ہین

اوپر ذکر تہا کہ جد بن قیس نے اپنی مالداری کے گھمنڈ پر یہ کہا تہا کہ اگر اس لڑائی مین کچہہ خرچ کی ضرورت ہو تو مین دے سکتا ہون اس لئے اس آیۃ مین فرمایا کہ یہ لوگ اگر کثرت سے مال اور اولاد رکہتے ہین تو اے رسول اللہ کے تم اسے دیکہکر تعجب نہ کرو یہہ بہی خدا کی طرف سے ایک ڈہیل ہی کہ اللہ پاک انہیں چیزون کے ذریعہ سے دنیا ہی مین انپر عذاب کریگا زکوۃ کو یہ لوگ جرمانہ خیال کرینگے انکو کبھی کچہہ مالی نقصان پہونچے گا تو اوسکے سبب سے انہیں نہایت غم اور صدمہ ہوگا کیونکہ یہ مال ان لوگون نے بہت جانفشانی اور مشقت سے جمع کیا ہی اس لئے جب اس مال مین کچہہ نقصان کی صورت انہین نظر آویگی تو اس نقصان کی مصیبت پر ان لوگون سے صبر تحمل اس سبب سے نہ ہوسکے گا کہ عقبی مین صبر پر اجر کے ملنے کا انہین پورا یقین نہیں ہے اس لیے اُس مال کے ضائع ہوجانے سے انپر ایسا صدمہ ہوگا کہ گویا انپر عذاب ٹوٹ پڑا یہی حال انکا جانی نقصان کی صورت مین ہی کیونکہ عقبی کی سزا و جزا پر ان لوگون کا اعتقاد نہین اس واسطے انکے دلون مین اسلام کی یا اسلام کے احکام کی تو کچہہ عظمت نہین فقط مسلمانون کے ہاتہہ سے جان و مال بچانے کے لئے دغابازی کے طور پر ظاہری اسلام اونہون نے اختیار کیا ہے اور اسی دغابازی کو یہ لوگ اچہا جانتے ہین اسواسطے مرتے دم تک یہ اسی حالت مین رہین گے صحیح مسلم اور ترمذی مین ابو ہریرہؓ سے روایۃ ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان دار شخص کی مثال کہیتی کے چھوٹے چھوٹے درختون کی اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی فرماکر یہ فرمایا ہی کہ جس طرح روزمرہ کی معمولی ہوا کہیتی کے چھوٹے چھوٹے درختون کو الٹ پلٹ کرتی رہتی ہی اسی طرح ایماندار شخص پر دنیا مین بارہا طرح طرح کی مصیبتین آتی رہتی ہین اور جس طرح صنوبر کے درخت کو معمولی ہوا سے کچہہ صدمہ نہین پہونچتا اسی طرح منافق شخص بھی روزمرہ کی آفتون سے اکثر محفوظ اور اپنی مال و اولاد مین خوش حال رہتا ہی لیکن کہوکلا ہوجانے کے بعد جیسے صنوبر کا درخت ایک دفعہ ہی آندہی مین اوکہڑ کر گر پڑتا ہی اسی طرح منافق شخص پر بھی آخر کو کوئی سخت آفت آجاتی ہی اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ اس حدیث سے ایمانداروں اور منافقون کی تفصیلی حالت معلوم ہوجاتی ہی۔ اس مضمون کی ایک حدیث صحیح مسلم مین کعبؓ بن مالک کی روایۃ سے بھی ہی۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے صہیبؓ رومی کی ایک حدیث گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مصیبت کے وقت صبر کا کرنا پکے ایماندار آدمی کا کام ہی۔ اس حدیث کو بھی آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ جانی یا مالی مصیبت کے وقت منافقون سے صبر نہیں ہوسکتا بلکہ بے صبری کے سبب سے وہ لوگ مصیبت

منزل ۲

مین گہبرا جاتے ہین اور اوس مصیبت کو ایک وبال اور عذاب گنتے ہین ۔ حاصل کلام یہ ہی کہ ان صحیح حدیثون سے آیۃ کی تفسیر ہو جانے کے بعد مفسرون کا وہ اختلاف رفع ہو جاتا ہی جو ایک مدت سے اس باب مین چلا آتا تھا کہ منافقون کے حق مین مال و اولاد کو دنیاوی عذاب آیۃ مین کس مطلب سے فرمایا ۔

وَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۭ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ۝ لَوْ يَجِدُوْنَ

اور قسمین کہاتے ہین اللہ کی وہ بیشک تم مین ہین اور وہ تم مین نہین ولیکن وہ لوگ ڈرتے ہین اگر پاوین کہین

مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ۝

بچاؤ یا کوئی گڑہی یا سرگہسا ینکی جگہ تو اوٹے بہاگ جاوین اسی طرف بہاگین دوڑتے

اللہ پاک نے یہان سے منافقون کی ایک اور دغابازی کی حالت کی تفصیل شروع فرمائی کہ یہ لوگ قسمین کہا کہا کر کہتے ہین کہ ہم تم مین سے ہین تمہارے دین پر ہین اور خدا و سول کے ہر طرح سے فرمانبردار ہین لیکن یہ غلط بات ہی انکی قسمین محض جھوٹی ہین یہ ہرگز تمہارے گروہ مین سے نہین ہین انہین دین اسلام سے کیا واسطہ خدا و رسول کے حکم کی پیروی سے انہین کیا سروکار یہ تو خوف کے مارے اسلام کا اظہار کرتے ہین جانتے ہین کہ جس طرح مشرکون کو مسلمان قتل و غارت کرتے ہین اونکے بی بی بچون کو پکڑ لیتے ہین اونکے مال غنیمت مین لوٹ لیتے ہین اسی طرح کہین ہمسے بھی نہ پیش آئین غرضکہ اسی سبب سے یہ لوگ جھوٹے اسلام کا دعوی کرتے ہین حقیقت مین یہ مسلمان نہین ہین اگر انہین کوئی بچاؤ کی صورت نظر آئے مثلاً کوئی قلعہ ملجائے جسمین پناہ لین یا کوئی غار یا گڑہا یا اور کوئی چھپنے کی جگہ ملجائے تو یہ لوگ اس طرح بھاگین کہ پھر کبھی کسی مسلمان سے واسطہ نہ کہین انہین اسلام کے ساتھہ دلی بغض ہی اسلام کی ترقی یہ دیکھنا نہین چاہتے انہین تو اسلام کی ترقی سے بجائے خوشی کے ہمیشہ رنج پہونچتا رہتا ہی یہ جو مسلمانون کے ساتھہ ملتے جلتے ہین نہایت ناخوشی سے ملتے ہین محبت اور شوق سے نہین ملتے ہین اپنی جانون کے خوف سے ظاہری میل جول رکہتے ہین ورنہ انہین کب گوارا ہی کہ یہ اسلام کی ترقی دیکہین ۔ معتبر سند سے ترمذی مستدرک حاکم وغیرہ مین زید بن ارقم کی حدیث ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ بنی مصطلق کی لڑائی کے وقت جب عبداللہ بن ابی نے یہ بات کہی کہ اس لڑائی کے سفر سے مدینہ کو واپس جانے کے بعد مہاجرین کو مدینہ سے نکالدیا جاویگا ۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کو بلاکر اسبات کی صداقت کا حال دریافت کیا عبداللہ بن ابی نے بہت سی قسمین کہائین اور اس بات کے کہنے سے صاف انکار کیا اسکی ان قسمون کو جھوٹا ٹہہرانے کے لئے اللہ تعالی نے سورہ منافقون کی آیتین نازل فرمائین اس آیۃ مین منافقونکی جھوٹی قسمون کا جو ذکر ہے یہ قصہ گویا اوسکی تفسیر ہے سورہ حشر مین اللہ تعالی نے ایماندار انصار کی یہ نشانی بیان فرمائی ہی کہ اونکے دلون میں مہاجرین کی پوری الفت اور محبت ہے سورہ حشر کی اون آیتون اور بنی مصطلق کی لڑائی کے وقت کے قصہ کو ملانے سے اس آیۃ کی تفسیر کا یہ حاصل قرار پاتا ہی کہ یہ منافق جھوٹی قسمین کہاکر زبردستی اپنے آپکو مسلمانون کے گروہ مین شریک کرتے ہین ورنہ حقیقت مین یہ لوگ مہاجر اور انصار مسلمانونکے دونون گروہ کے مخالف ہین مہاجرین سے تو انہین یہان تک مخالفت ہی کہ اونکا مدینہ مین رہنا انہین شاق گذرتا ہی سچے ایماندار انصار انکی

منزل ۲

نشانی مہاجرین کیساتھ محبت کا برتاؤ ہی نہ مخالفت کا اس صورت میں یہ منافق مسلمانونکی ساری جماعت سے خارج اور الگ ہین۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا

اور بعضے اون مین ہیں کہ تجکو طعن دیتے ہیں زکوۃ باٹنے مین سو اگر اونکو ملے اوس مین سے تو راضی ہون اور اگر اونکو نہ ملے تب ہی وہ

اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا

ناخوش ہوجاوین اور کیا خوب تہا اگر وہ راضی ہوتے جو دیا اونکو اللہ نے اور اوسکے رسول نے اور کہتے بس ہے

اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ۝

ہمکو اللہ دے رہیگا ہمکو اللہ اپنے فضل سے اور اوسکا رسول ہمکو اللہ ہی چاہیے۔

اس آیۃ کی شان نزول وہی قصہ ہی جسکا ذکر صحیحین مین حضرت ابو سعید خدری کی روایۃ سے ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت کچہہ مال لوگونکو تقسیم فرماتے تھے کہ بنی تمیم کے قبیلہ مین کے ایک شخص نے جس کا نام حرقوص ہی اور ذوالخویصرہ کے لقب سے وہ شخص مشہور ہی آنحضرت سے کہا تقسیم مین ذرا انصاف فرمایئے آپ نے فرمایا میں ہی نا انصافی کرونگا تو پہر انصاف کون کریگا حضرت عمر نے عرض کیا حضرت ارشاد ہو تو ابھی مین اس شخص کی گردن مار دون آپ نے فرمایا جانے دو اسکی نسل مین سے واجب القتل لوگ پیدا ہونگے چنانچہ پہر ویسا ہی ہوا اوسی قبیلہ اور اوسی شخص کی نسل میں خارجی لوگ پیدا ہوئے اگرچہ بعضے مفسرون نے اور شان نزول بہی اس آیۃ کی بیان کی ہی مگر اونکا مطلب یہ ہی کہ دوسرے قصون پر بھی اس آیۃ کا مضمون صادق آتا ہی ورنہ صحیح شان نزول کا یہی قصہ ہے جو صحیحین کی روایۃ مین موجود ہے۔ منزل ۲

اگرچہ ان خارجی لوگونکے حالات میں علمانے بڑی بڑی کتابین تالیف کی ہیں لیکن اس فرقہ کے قصہ کا حاصل اسی قدر ہی کہ حضرت عثمان کی شہادت کے دوسرے روز جب لوگون نے حضرت علی کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت کی تو اوس زمانہ مین حضرت عائشہ رض حج کے ارادہ سے مکہ کو گئی ہوئی تہین اُنکے مکہ سے واپسی کے وقت راستہ مین کچہہ لوگون نے حضرت عائشہ رض کو اس بات پر آمادہ کیا کہ حضرت علی کو حضرت عثمان کے قاتلون کا پتہ لگانے پر مجبور کیا جاوے اور حضرت علی اگر اس سے انکار کرین تو اونسے لڑنا چاہیے حضرت عائشہ کے یہ بہکانے والے لوگ اپنا ارادہ پورا کرنے کے لئے حضرت عائشہ کو بصرہ لے گئے اور بصرہ مین حضرت عائشہ کے ساتھہ بہت سے لوگ ہوگئے حضرت علی نے جب یہ خبر سنی تو وہ بھی بصرہ کے ارادہ سے فوج لیکر روانہ ہوئے اور ۳۶ سنہ ہجری مین حضرت علی اور حضرت عائشہ کی بڑی لڑائی ہوئی جو جمل کی لڑائی کے نام سے مشہور ہے اگرچہ یہ لڑائی بصرہ کے قریب ہوئی ہے لیکن جمل عربی مین اونٹ کو کہتے ہین اور اس لڑائی مین حضرت عائشہ پردہ دار شغدف مین اونٹ پر سوار تہین اسلئے یہہ لڑائی اس نام سے مشہور ہوگی اس لڑائی مین حضرت علی غالب رہے حضرت علی کے غلبہ اور حضرت عائشہ کی شکست کا حال سنکر پہر بہی حضرت عثمان کے قاتلون کے پتہ لگانے کا جھگڑا معاویہ نے حضرت علی سے شروع کیا اور اس جھگڑے کے سلسلہ مین آخر حضرت علی اور معاویہ کی بہت بڑی لڑائی ۳۷ سنہ ہجری مین ہوئی جو صفین کی لڑائی کے نام سے مشہور ہے صفین ملک

شام اور عراق کے مابین مین ایک جگہ ہے ایک مہینہ کے قریب یہ لڑائی رہی اگرچہ اس لڑائی مین غلبہ حضرت علی کی جانب تھا لیکن
عمرو بن العاص کی صلاح سے پنچایت پر صلح قرار پائی حضرتؓ کی طرف ابو موسےٰ اشعری اور معاویہ کی طرف سے عمرو بن العاص پنچ
مقرر ہوئے اس پنچایت کی صلح سے ناراض ہوکر جو آٹھہ ہزار آدمیون کے قریب کا ایک گروہ حضرت علی سے منحرف اور انکے لشکر سے
جدا ہوگیا اسی فرقہ کو خارجی کہتے ہیں اس فرقہ کا سرغنہ عبداللہ بن الکوا تھا پہلے تو حضرت علی نے اس فرقہ کی فہمایش کے لئے حضرت
عبداللہ بن عباس کو حروراء مقام پر بہیجا یہ حروراء وہ جگہ ہے جہان اون لوگون نے سکونت اختیار کی تہی اس سبب سے یہ فرقہ حروریہ کہلاتا
ہے حضرت عبداللہ بن عباس کی فہمائش سے یہ لوگ چند روز کے لئے راہ راست پر آگئے اور پہران لوگون نے مسلمانونکا قتل راہ زنی
اور طرح طرح کے فساد برپا کئے جنکے سبب سے حضرت علی نے انپر چڑہائی کی اور نہروان مقام پر اس فرقہ کی اور حضرت علی کی لڑائی ہوئی
اس لڑائی مین خارجی فرقہ کے لوگ یہان تک قتل ہوئے کہ صرف دس بارہ آدمی اُن مین سے بچ گئے ذوالخویصرہ بہی اس لڑائی
مین مارا گیا یہ وہی شخص ہے جس نے حنین کے مال کی تقسیم کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم پر اعتراض کیا تہا نہروان
کی لڑائی مین سے دس بارہ خارجی جو بچ گئے تھے عبدالرحمٰن بن ملجم بھی اون مین ہی تہا جس نے موقع پاکر حضرت علی کو شہید کیا
حضرت علیؓ کی موجودگی تک تو یہ خارجی فرقہ دبا رہا پہر حضرت علی کی شہادت کے بعد ان لوگونکا ایک جتھا ہوگیا اور کئی دفعہ
ان لوگون نے سر اوٹھایا خلفائے بنی امیہ مین سے عبدالملک بن مروان اور خلفائے عباسیہ مین سے محمد بن منصور مہدی کے زمانہ
مین انکی لڑائیان مشہور ہین حضرت عثمان کو اور علاوہ حضرت عثمان کے جمل اور صفین کی لڑائی مین جتنے صحابہ شریک تھے منزل ۲
اون سب کو یہ خارجی دائرہ اسلام سے خارج کہتے ہیں اور سوا اسکے اور بہت سی باتین اس فرقہ کی طریقہ اسلام کے برخلاف
ہین اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرقہ کو واجب القتل فرمایا اس سے زیادہ حال ان لوگون کا بڑی کتابون مین
ہے آخر کو فرمایا کہ جو لوگ تقسیم مال پر اعتراض کرتے ہیں اگر وہ اللہ اور اللہ کے رسول کی تقسیم پر رضامند ہوکر آئندہ کی بہبودی کا
بہروسہ اللہ پر کرین تو اون کے حق مین بہتر ہے جس مال کی تقسیم پر اعتراض کئے جانے کا ذکر آیۃ مین ہے اوس مال کو بعضے علما
تو زکوٰۃ کا مال کہتے ہیں اور بعضے حنین کی لڑائی کا غنیمت کا مال کہتے ہیں سبب اس اختلاف کا یہ ہے کہ صحیح بخاری کی ابو سعید رضؓ
خدری کی بعض روایتون مین یہ ہے کہ یمن سے کچہہ زکوٰۃ کا مال آیا تہا اسکی تقسیم پر یہ اعتراض کیا گیا تہا اور صحیح بخاری کی عبداللہ
بن مسعود کی روایۃ مین یہ ہے کہ حنین کی غنیمت کے مال کی تقسیم کے وقت ایک شخص نے اعتراض کیا تہا لیکن عبداللہ بن مسعود کی روایۃ
مین یہ ذکر نہین ہے کہ وہ شخص وہی ذوالخویصرہ حرقوص تہا جسکی نسل سے خارجیون کا سلسلہ چلے گا بلکہ بعض روایتون مین
اس حنین کے قصہ والے شخص کا نام معتب بن قشیر بتلایا گیا ہے اس اختلاف کے رفع کرنے کی غرض سے اگر ان دونون قصون
کے مجموعہ کو آیۃ کی شان نزول قرار دیا جاوے تو پہر کچہہ اختلاف باقی نہیں رہتا۔

إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ

زکوٰۃ جو ہے سو حق ہے مفلسونکا اور محتاجونکا اور اس کام پر جانے والونکا اور جنکا دل پرچانا ہو اور گردن چہڑانے مین

وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

اور جو تاوان بھرین اور اللہ کی راہ مین اور راہ کے مسافر کو ٹھیرا دیا ہے اللہ کا اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا

زیاد بن حارث حضرت کے پاس بیعت کی غرض سے گئے تھے اُسوقت ایک شخص نے آکر کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقے مین سے مجھے بھی کچھ دیجئے آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے صدقات مین کسی نبی کا حکم پسند نہین کیا ہے بلکہ اوس نے آپ ہی آٹھ قسم کے مصرف صدقہ کے بتلائے ہین اگر تم اون آٹھون مین سے ایک بھی ہو تو صدقہ کے مستحق ہوگے ورنہ نہین علما کا اس بات مین اختلاف ہے کہ یہ جو آٹھ قسم کے آدمی اللہ پاک نے بیان کئے ہیں اون مین ہر ایک کو صدقہ تقسیم کیا جائے یا جو انمین سے میسر آئے اوسے دیدیا جائے زیاد بن حارث کی اوپر کی حدیث کے موافق امام شافعی اور ایک جماعت اسکے قائل ہیں کہ ان آٹھون پر صدقہ تقسیم کرنا چاہیئے یہ زیاد بن حارث کی حدیث ابوداؤد مین ہے اور اسکی سند مین ایک راوی عبدالرحمن بن زیاد بن انعم افریقی کو اکثر علمانے ضعیف قرار دیا ہے اسی واسطے امام ابوحنیفہ رح امام مالک اور بعض سلف کا قول ہے کہ ہر ایک کو ان آٹھون مین سے دینا ضرور نہین ہے اگر ایک کو بھی دیدیا جائے تو جائز ہے کیونکہ اللہ پاک نے صدقہ کا مصرف بیان کرنے کے مقصد سے یہ آٹھ شخص بیان فرمائے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ خواہ ان سب کو خواہ ان مین کے کسی ایک کو دیدو بہرحال اللہ پاک نے پہلے فقرا کو بیان کیا کہ صدقہ لینے کے زیادہ تر مستحق یہ ہیں کیونکہ اورون کی نسبت یہ زیادہ محتاج ہیں۔ فقیر وہ ہے جو اتنا اپنی کمائی سے نہ حاصل کرسکتا ہو جو اوسکے روزانہ اخراجات کو کافی ہو مثلاً اوس کا خرچ دس روپیہ کا ہوا اور وہ دو یا تین روپیہ کماتا ہو اسکے بعد مسکین کا ذکر فرمایا مسکین کے باب مین ابوہریرہؓ کی حدیث صحیح بخاری و مسلم مین ہے کہ مسکین وہ نہین ہے جو ایک یا دو لقمہ کی خاطر در بدر پھرتا ہو بلکہ مسکین وہ ہے جو اپنی ضرورت کے موافق روزی نہین حاصل کرسکتا اور کوئی اوسے محتاج سمجھکر دیتا بھی نہین اور نہ وہ خود بھیک مانگتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ فقیر وہ ہے جو محتاج بھی ہو اور ضرورت کے وقت مانگتا بھی ہو چنانچہ معتبر سند سے طبرانی کبیر مین حبشی بن جنادہ کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر فقر و فاقہ کے کسی شخص کو مانگنا جائز نہین اس سے معلوم ہوا کہ فقر و فاقہ کے وقت فقیر مانگتا بھی ہے اسکے بعد اون لوگون کا ذکر کیا کہ جو صدقہ اوگہا اوگہا کر لاتے ہون فرمایا کہ صدقہ مین سے اونہین بھی کچھ دینا چاہیئے مگر یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقربا کے لئے جائز نہین تھی چنانچہ صحیح مسلم کی روایت مین ہے کہ عبدالمطلب بن ربیعہ اور فضل بن عباس نے حضرت کے پاس جاکر کہا کہ ہمین صدقہ اوگہانے پر مقرر کردیجئے آپنے فرمایا کہ صدقہ محمدؐ اور آل محمدؐ کے لئے حلال نہین ہے یہ تو لوگونکا میل کچیل ہے۔ پھر اللہ پاک نے چوتھا مصرف بیان فرمایا کہ بعض لوگونکا دل پرچانے کے لئے صدقہ مین سے اونکو بھی دیا جائے یہ لوگ دو تین طرح کے ہیں بعض وہ ہیں جو مسلمان نہین ہین اونہیں اس خیال سے دیا جاتا ہے کہ اسلام قبول کرلین جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صفوان بن امیہ کو جنگ حنین کی غنیمت مین سے کچھ مال دیا تھا یہ اُسوقت بحالت شرک اوس لڑائی مین شریک تھے مسلم ترمذی وغیرہ نے انہین صفوان بن امیہ کی حدیث بیان کی ہے جس مین یہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے دن مجھے اس قدر دیا کہ آپ میرے نزدیک

منزل ۲

سب سے زیادہ محبوب بن گئے حالانکہ مین آپکو سب سے برا جانتا تہا اور پہر بعد اسکے ہمیشہ مجھے دیتے رہے اور بعضے تازہ مسلمانون کو اس لیئے
دیا جاتا ہے کہ انکا اسلام قائم رہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ حنین مین تازہ مسلمانون کے ایک گروہ کو سو اونٹ دیدیئے
تھے پہر پانچوین مصرف مین اللہ پاک نے اوس غلام کا ذکر کیا جسکے آقا نے اوسے یہ بات کہدی ہے کہ اگر تو مجھے اتنا روپیہ دیدیگا
تو تو آزاد ہے اور حضرت عبداللہ بن عباس کا قول رقاب کی تفسیر مین یہ ہے کہ خواہ کسی لونڈی غلام کے آزاد کرانے مین کچھ مدد دیوے
خواہ اوس قیمت سے اور لونڈی غلام لیکر آزاد کرے کیونکہ لونڈی یا غلام آزاد کرنے کے متعلق بہت سی حدیثین وارد ہین اللہ
پاک آزاد کرنے والونکو ہر ہر عضو کو ہر ہر عضو کے بدلے مین دوزخ سے آزاد کرتا ہے امام احمد ابوہریرہؓ کی حدیث بیان فرماتے
ہین کہ تین شخصونکا حق اللہ جل شانہ پر ہے کہ اوسکی مدد کرے ایک تو غازی جو خدا کی راہ مین جہاد کو نکلا ہے دوسرا قرضدار جس کا
ارادہ قرض ادا کرنے کا بھی ہو اور تیسرا وہ غلام جسکے آقا نے کچھ روپے لیکر اوسے آزاد کرنے کا وعدہ کیا ہو یا وہ شخص جس کا
ارادہ پارسائی کے خیال سے نکاح کرنے کا ہو اس حدیث کو نسائی ابن ماجہ ابن حبان اور حاکم نے بہی روایت کیا ہے جسکے سبب سے
بعضے طریق کو بعضونسے قوت ہوجاتی ہے۔ بیہقی براء بن عازب کی روایت سے ایک حدیث بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آکر پوچھا کہ مجھے وہ کام بتلایئے جسکے سبب سے جنت مین داخل ہونون آپ نے فرمایا کہ غلام آزاد کر
اور گردن چھڑا اوسنے کہا کیا یہ دونون ایک نہین ہین آپ نے فرمایا غلام کا آزاد کرنا یہ ہے کہ تو آپ خرید کر آزاد کرے اور گردن چھوڑانا
یہ ہے کہ اسکی قیمت مین مدد کر براء بن عازب کی یہ حدیث مسند امام احمد اور صحیح ابن حبان مین بہی ہے جس سے ایک سند کو دوسری سے
تقویت ہوجاتی ہے چھٹا مصرف صدقہ کا یہ ہے کہ ایسے قرضدارونکو دیا جاوے جنکے ذمہ کسی کا دینا ہے اور اوسکے مال نے کمی کی ہو
اب وہ ادا کرنے سے مجبور ہین مسلم قبیصہ بن مخارق ہلالی سے روایت کرتے ہیں جسمین قبیصہ کہتے ہیں کہ مجھے کچھ لوگونکا دینا تھا
مین حضرت کے پاس سوال کی نیت سے آیا آپ نے فرمایا کہ ٹہر جا صدقہ آئے تو تجھے دون پہر یہ فرمایا کہ اے قبیصہ سوال کرنا سوائے
تین شخصونکے کسی کو حلال نہین ایک وہ شخص ہے جسپر قرض کا بوجھ ہو اسکو سوال کرنا حلال ہے اگر وہ اتنا پالے جس سے
اوسکا قرضہ کا بوجھ اتر جائے گا تو رک جائے اور دوسرا وہ شخص ہے جسکو کوئی ایسی آفت پہونچی جس مین اوس کا سارا مال برباد
ہوگیا اوسکو سوال کرنا حلال ہے یہانتک کہ وہ زندگی بسر کرنے کے لائق پالے تیسرا وہ شخص ہے جسپر فاقہ گذرا ہو جب
تین عقلمند آدمی اسکے فاقہ کی گواہی دین تو اسکو بھی سوال کرنا حلال ہے یہانتک کہ وہ بقدر بسر اوقات کے پالے اور
اوسکے سوا اور کسی کو سوال کرنا سخت حرام ہے پہر اللہ پاک نے ساتوان مصرف صدقہ کا بیان فرمایا کہ فی سبیل اللہ خرچ کیا
جائے مراد اس سے جہاد ہے اور بعضے علما کے نزدیک حج بھی فی سبیل اللہ مین داخل ہے پہر اللہ پاک نے آٹھوان مصرف بیان کیا
کہ ایسے مسافر کو دیا جائے جو کسی شہر مین گیا ہو اور اوسکے پاس اتنا باقی نہ رہا ہو جو سفر مین خرچ کرے یا گہر واپس آئے اسلیئے اوسکو
بقدر کفایت صدقہ مین سے دینا مناسب ہے تاکہ اوسکے زاد راہ کو کافی ہو اور گہر واپس آسکے خواہ اسکے گہر پر کتنا ہی مال ہو مگر
سفر مین اوسکی موجودہ تنگدستی کا خیال کیا جائے گا۔ اور اسی طرح اس مسافر کو بھی صدقہ اور زکوۃ مین سے دینا چاہیئے جو سفر

منزل ۲

کا ارادہ رکھتا ہو مگر مفلسی کے سبب سے مجبور ہو ابو داؤد اور ابن ماجہ مین ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ غنی آدمی کو صدقہ لینا حلال نہین ہی مگر پانچ شخصونکو ایک وہ شخص جو صدقہ وصول کرنے پر مقرر ہو دوسرا وہ شخص جس نے اپنے مال سے کسی دوسرے شخص کے صدقہ کی چیز کو خریدا ہو اور تیسرا قرض دار چوتھا خدا کی راہ مین جہاد کرنیوالا وہ مسکین جسکو صدقہ مین سے کچھ ملا ہو اگر کسی مالدار کو تحفہ کے طور پر کچھ دے تو وہ غنی شخص کے لئے جائز ہے ابو سعیدؓ خدری کی یہ روایت مسند امام احمد موطا اور مستدرک حاکم مین بھی ہی اور حاکم نے اسکو صحیح کہا ہے بہرحال یہ احکام صدقہ کے اللہ پاک نے فرض کئے ہین اور اللہ کا علم اور اسکی حکمت بہت وسیع ہے وہ اپنے بندونکی مصلحت کو اچھی طرح جانتا ہی اسلامی حکومت کے باقی نرہنے سے زکوۃ کے اوگھانے والونکا خرچ غلام لونڈی کے آزاد کرنے کا خرچ دین کی لڑائی کا خرچ ان اخراجات مین سے تو اب کوئی خرچ باقی نہیں رہا یان کوئی نومسلم شخص تنگدست ہو تو اسکو کچھ دیکر اوسکا دل پرچا دیا جاوے صحیح مسلم کی روایت کے حوالہ سے اوپر یہ جو گذرا کہ صدقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ اور آپکی آل کے لئے حلال نہین ہی ہدایہ مین اس قول کو مذہب حنفی کی ظاہر روایت کا قول ٹھہراکر صدقہ کے محض زکوۃ کے لئے ہین اور نفلی صدقہ کو آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین جائز قرار دیا ہی لیکن صاحب فتح القدیر نے صاحب ہدایہ کے اس قول سے اختلاف کیا ہے اور فرضی نفلی سب طرح کے صدقہ کو آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین ناجائز ٹھہرایا ہی۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام مالک رح کے نزدیک فقط ہاشم بن عبد مناف کی اولاد آل محمد ہی اور امام شافعی رح اور ایک روایت مین امام احمدؒ کے نزدیک بنی مطلب بھی آل محمد مین شامل ہین دلیلین ہر ایک مذہب کی بڑی کتابون مین ہین بعضے آریہ لوگون نے لکھا ہے کہ اہل اسلام کے طریقہ خیرات سے آریہ مذہب کا طریقہ خیرات بہتر ہے علمائے اسلام نے اسکا جو جواب دیا ہی اوس کا حاصل یہ ہے کہ آریہ مذہب کے طریقہ خیرات مین خیرات کا بڑا حصہ آگ مین جلا دیا جاتا ہی جو کسی جاندار کے کام نہیں آتا پھر ایسے بدتر اور بیکار طریقہ خیرات کو بہتر جاننا کسی عقلمند کا کام نہیں ہے۔

منزل ۲

وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ ۚ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَ

اور بعضے اون مین بدگوئی کرتے ہین نبی کی اور کہتے ہین یہ شخص کان ہے تو کہہ کان ہے تمہاری بھلے کو یقین لاتا ہی اللہ پر اور

يُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ ۚ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

یقین کرتا ہے بات مسلمانون کی اور مہر ہے ایمان والونکے حق مین تم مین سے اور جو لوگ بدگوئی کرتے ہین اللہ کے رسول کی انکو دکھ کی مار ہے

اس آیہ مین بھی منافقون کی یہ فضیحت بیان کی گئی ہے کہ بعضے منافق ایسے ہین جو اللہ کے رسول کو ایذا پہونچاتے ہین اور طرح طرح کی طعن تشنیع کی باتین کرتے ہین دلی نفاق کی راہ سے آپکا نام کان رکھہ چھوڑا ہی جس سے ان منافقون کا مطلب یہ ہی کہ جب کوئی مسلمان شخص ان منافقون کی کچھ باتین آکر حضرت سے بیان کر دیتا ہی وہ اوسے سچ جان لیتے ہین اور جب لوگ آپکے سامنے حاضر ہوکر قسمین کھاکر اوسکے خلاف بیان کرتے ہین تو انہین سچا جانتے ہین اللہ پاک نے اسکا یہ جواب دیا کہ انہین تم کان کہتے ہو اور یہ سمجھتے ہو کہ انہین سچ اور جھوٹ کی تمیز نہین ہی یہ تو جھوٹے اور سچے کو خوب پہچانتے ہین مگر تمہاری طرف سے جو تغافل کرتے ہین یہ محض تمہاری پردہ پوشی کے خیال سے کرتے ہین یہ بات نہین ہی کہ سچ اور جھوٹ مین فرق نہین کرتے ہین جو لوگ ایماندار ہین اور ایمان رکھکر بات کہتے ہین

اونکی باتونکو قبول کرتے ہین اور جو منافق ہین اونکی باتونکو اگرچہ دسے نہین ملتے لیکن یہ اللہ کے رسول اہل نفاق کے حق مین حجت ہین کہ زبان سے کچھ کہکر منافقونکا پردہ فاش نہین ہونے دیتے پھر فرمایا کہ منافق جو ایسی ایسی باتین کرکے اللہ کے رسول کو ایذا پہونچاتے رہتے ہین اونہین سخت دردناک عذاب پہونچے گا حضرت عبداللہ بن عباسؓ اس آیۃ کی شان نزول مین یہ بیان فرماتے ہین کہ نبتل بن حارث حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر بیٹھتا تھا اور آپکی باتین سنکر منافقون سے جاکر بیان کردیا کرتا تھا اور اوسنے یہ بات کہی تھی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو نرے کان ہی کان ہین اس کہنے سے ان لوگونکا مطلب یہ تھا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کانون کے ایسے کچے ہین کہ جو کوئی اُنسے کچھ کہدیتا ہی وہ مان لیتے ہین اور تصدیق کرلیتے ہین - صحیح بخاری مین عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہے جس کا حاصل یہ ہی کہ حنین کے غنیمت کے مال کی تقسیم کے وقت جب منافقون مین کے ایک شخص معتب بن قشیر نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم پر اعتراض کیا تو آپ نے یہی فرمایا اللہ موسے علیہ السلام پر رحمت کرے کہ اونہون نے امت کے لوگون کے ہاتھ سے اس سے زیادہ ایذا اوٹھائی ہی شروع آیۃ مین یہ جو ذکر تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منافقون کی طعن تشنیع کی باتین سنکر یہان تک درگزر فرماتے تھے کہ منافقون نے آپکا نام کان رکھدیا تھا یہ حدیث گویا اوسکی تفسیر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ کے رسول اپنی ایذا کے موقع پر پچھلے انبیا کی ایذا کا حال یاد کیا کرتے تھے جس سے اپنی ایذا پر درگزر کا کرنا آپکو ایک معمولی بات معلوم ہوتی تھی صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے نعمان بن بشیرؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن جس دوزخی شخص پر ہلکا عذاب ہوگا وہ یہ ہی کہ اوس شخص کے پیرون مین آگ کی جوتیان پہنادی جاوین گی جس سے اوس کا دماغ کھول جاویگا آخر آیۃ مین منافقون کے عذاب کو دردناک جو فرمایا اس حدیث کو اوسکی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیۃ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب اچھی طرح سمجھ مین آسکتا ہے کہ جب اوس دن ہلکے عذاب والون پر یہ آفت گذریگی جس کا ذکر حدیث مین ہے تو دردناک عذاب والونکی آفت کا پھر کیا ٹھکانا ہی -

منزل ۲

يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَاللَّهُ وَرَسُولُهُ أَحَقُّ أَنْ يُرْضُوهُ إِنْ كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّهُ

قسمین کھاتے ہین اللہ کی تمہارے آگے کہ تمکو راضی کرین اور اللہ کو اور اسکے رسول کو بہت ضرور ہے راضی کرنا اگر وہ ایمان رکھتے ہین کیا وہ جان نہین رکھتے

مَنْ يُحَادِدِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝

کہ جو کوئی مقابلہ کرے اللہ اور اسکے رسول سے تو اوسکو ہے دوزخ کی آگ پڑا رہے اسمین یہی ہے بڑی رسوائی

اس آیۃ مین اللہ پاک نے منافقون کے پوشیدہ راز کو کھولدیا کہ یہ لوگ خلوتون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنون پر طعن کی باتین کرتے ہین اور جب وہ خبر حضرت کو پہونچ جاتی ہے تو حاضر ہوکر خدا کی قسمین کھا کھا کہنے لگتے ہین کہ یہ بات ہمنے نہین کہی ہے اور اس جھوٹی قسم سے انکا منشا یہ ہوتا ہی کہ حضرت اور مومنین انسے راضی رہین اسلئے فرمایا کہ اگر یہ لوگ خدا سے ڈرکر اور ایمان لاکر باتین کرتے اور نفاق چھوڑ دیتے تو بیشک خدا اور اوس کا رسول انسے راضی ہوتا کیا انہین یہ نہین معلوم ہے کہ جو خدا اور رسول کی مخالفت کرتا ہے اوس کا ٹھکانا ہمیشہ ہمیشہ کو دوزخ مین ہے جو سخت رسوائی کی بات ہی تفسیر سدی

اور تفسیر ابن ابی حاتم میں جو قتادہ کا قول ہے اوس میں قتادہ اس آیۃ کی شان نزول میں یہ کہتے ہیں کہ ایک منافق نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ محمد کے ساتھی لوگ یوں تو صاحب عقل اور بہت شریف ہیں لیکن محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کہتے ہیں اگر یہ اوسکو سچ جانتے ہیں تو یہ لوگ گدہے سے بھی بدتر ہیں۔ بعض روایتوں میں یوں ہے کہ اس منافق جلاس بن سوید نے یہ کہا تھا کہ محمد جو کہتے ہیں اگر وہ سچ ہے تو ہم لوگ کیا گدہے ہیں جو ہماری سمجھ میں وہ حق بات نہیں آتی عامر بن قیس نے یہ بات سنی اور کہا کہ واللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ کہتے ہیں حق کہتے ہیں اور تو گدہے سے بھی بدتر ہے یہ خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچ گئی آپ نے اوس منافق کو بلا کر پوچھا تو نے یہ بات کس لئے کہی تھی وہ قسمیں کھانے لگا کہ میں نے ہرگز یہ بات نہیں کہی ہے مسلمان نے کہا یا اللہ تو سچے کو سچا اور جھوٹے کو جھوٹا کردے اوسپر یہ آیۃ اوتری۔ عربی زبان کا یہ محاورہ ہے کہ ایک بات کو سنکر کوئی شخص بھول جاوے تو ایسے موقع پر الم یعلم کہکر اوسکو وہ بات یاد دلائی جاتی ہے اس آیت سے پہلے بہت سی آیتیں منافقوں کے عذاب عقبیٰ کے باب میں نازل ہو چکی تھیں اس لئے الم یعلموا فرماکر انہیں وہ عذاب کی آیتیں یاد دلائیں۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے کہ اپنی غاباز ہی کی عادت کے موافق قیامت کے دن جب منافق لوگ اپنے عملوں سے انکار کرینگے تو انکے ہاتھ پیر انکے عملوں کی گواہی دیکر اونہیں رسوا کرینگے آیۃ میں منافقوں کی رسوائی کا جو ذکر ہے اس حدیث کو اوسکی تفسیر میں بڑا دخل ہے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

ڈرا کرتے ہیں منافق کہ نازل نہ ہو اونپر کوئی سورت کہ بتادے اون کو جو اون کے دل میں ہے

قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۝ منزل ۲

تو کہہ ٹھٹھے کرتے رہو اللہ کھولنے والا ہے جس چیز کا تمکو ڈر ہے

اس آیۃ کے دو معنے مفسروں نے بیان کئے ہیں ایک تو یہ کہ منافق سورت نازل ہونے سے ڈرتے ہیں اور آپس میں کہتے پھرتے ہیں کہ کہیں اللہ پاک ہمارا راز فاش نکردے کوئی سورۃ ہماری فضیحت میں اوتارے اور پھر باوجود اس ڈر کے اپنی مسخرا پن کی باتوں سے باز نہیں آتے اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ منافقوں کو اس آیۃ میں اللہ پاک نے خطاب کرکے بیان فرمایا خدا سے ڈرو وہ کوئی سورۃ اتارکر تمہارا بھید نہ کھولدے تمہارے دلوں میں جو بات ہے اسکی اطلاع مومنوں کو کردے پھر فرمایا اللہ بغیر اطلاع دیئے نہ رہے گا وہ ضرور تمہارے راز مسلمانوں پر کھولدیگا تم سے جہاں تک ممکن ہو دین کی باتوں میں مسخرا پن کئے جاؤ خدا تمہاری اون باتوں کو ضرور ظاہر کرکے رہے گا جسکا تمہیں ڈر لگا ہوا ہے خواہ خدا کوئی سورۃ نازل کرکے بتاویگا یا بذریعہ جبرئیل کے اپنے رسول کو خبر کریگا اور وہ مومنوں سے اوسکو کہدینگے۔ آیۃ کے دو معنے جو اوپر بیان کئے گئے انمیں پہلے معنے مجاہد کے قول کے موافق ہیں اور حافظ ابوجعفر ابن جریر نے اپنی تفسیر میں انہی معنوں کو قوی ٹھہرایا ہے۔ صحیح بخاری کے حوالہ سے جابرؓ بن عبداللہ کی حدیث گذر چکی ہے جس میں عبداللہ بن ابی منافقوں کے سردار کا یہ قصہ ہے کہ اوسنے بنی مصطلق کی لڑائی کے وقت اپنے ساتھیوں سے یہ کہا تھا کہ اس لڑائی سے واپسی کے بعد مہاجرین کو مدینہ سے نکالدیا جاویگا۔ اور پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

عبداللہ بن ابی کو بلاکر اس قصہ کی صداقت چاہی تو اوس نے قسمین کھاکر اس بات کے کہنے سے انکار کیا آخر اللہ تعالی نے سورہ منافقون کی آیتین نازل فرماکر عبداللہ بن ابی کو جھوٹا ٹھرایا جس سے وہ بہت رسوا ہوا اس حدیث کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیت اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب قرار پاتا ہی کہ ان منافقون سے جہانتک ہو سکے یہ دین کی باتون مین مسخراپن کئے جاوین اور اوس مسخراپن کو چھپا دین یہ یاد رکھین کہ انکا وہ مسخراپن چھپنے والا نہین اللہ اونکے اوس آپس کی بہید کو کہولکر انکو اس طرح رسوا کریگا جس طرح نبی مصطلق کی لڑائی کے وقت اونسے اونکے سردار عبداللہ بن ابی کو رسوا کیا۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ

اور جو تو انسے پوچھے تو کہین ہم تو بول چال کرتے تھے اور کھیل تو کہہ کیا اللہ سے اور اوسکے کلام سے اور اوسکے رسول سے تھٹھے کرتے تھے

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ إِنْ نَعْفُ عَنْ طَائِفَةٍ مِنْكُمْ نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ع ۱۴ وقف لازم

بہانے مت بناؤ تم کافر ہوگئے ایمان لاکر اگر ہم معاف کرینگے تم مین بعضون کو تو البتہ مار بھی دینگے بعضون کو اسپر کہ وہ گنہگار تھے

تفسیر ابن ابی حاتم وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباس اور قتادہ سے جو شان نزول ان آیات کی بیان کی گئی ہی اسکا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت کے زمانہ مین ایک جماعت منافقین کی تھی کبھی تو وہ آنحضرت کی شان مین خفیہ طور پر ہرزہ گوئی کرتے تھے اور کبھی قرآن شریف کی شان مین کچھ کچھ کہتے تھے اور جب اونسے دریافت کیا جاتا تو صاف مکر جاتے اور کہتے تھے کہ ہم تو اور آپس کی باتین کر رہے تھے انکا حال ظاہر ہوجانے کی غرض سے اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین تفسیر ابن مردویہ منزل ۲

تفسیر ابن ابی حاتم وغیرہ مین حضرت عبداللہ بن عباس اور قتادہ کی جو روایتین ہین اُنسے معلوم ہوتا ہی کہ یہ منافق لوگ تبوک کے سفر مین لشکر اسلام کے ساتھ تھے اور اونھون نے اپنی عادت کے موافق لشکر اسلام مین کمزوری پھیلانے اور دین اسلام مین رخنہ ڈالنے کی بہت سی باتین خفیہ طور پر آپسمین کین کوئی کہتا تھا جن لوگونسے ہم لڑنے کو جا رہے ہین اندازسے تو یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ لوگ ہم کو قید کرکے اور ہاتھ پیر رسیون سے باندہ کر ڈال دیوین گے کوئی کہتا تھا کہ اگرچہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہی کہ کبھی نہ کبھی روم کے ملک پر اہل اسلام کا قبضہ ہوجاویگا مگر ہمکو تو اوسکا یقین نہین آتا کوئی کہتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد قرآن کو لوگونکی ہدایت کے لئے کافی بتلاتے ہین لیکن ہم کو تو قرآن اللہ کا کلام نہین معلوم ہوتا ان لوگونکی ان باتون پر اللہ تعالی نے قسم کھاکر فرمایا کہ اے رسول اللہ کے اگر تم ان باتونکا حال منافقون سے دریافت کروگے تو یہ لوگ صاف کہدین گے کہ مسافر لوگ رستہ کٹ جانے کی غرض سے جس طرح راستہ مین دل لگی کی باتین کرتے ہین ہم تو اسطرح آپس مین دل لگی کی باتین کر رہے تھے لیکن ان لوگونکا یہ عذر بالکل غلط ہے دل لگی کے لئے دنیا کی اور ہزارون باتین تھین کیا یہی لشکر اسلام مین کمزوری پھیلانے اور دین اسلام مین رخنہ ڈالنے کی باتین اُنکے دل لگی کے لئے دنیا مین تھین یہ لوگ ظاہری اسلام جو جتلاتے تھے ان باتونکے مونہہ سے نکالنے کے سبب سے اب وہ بات بھی جاتی رہی کیونکہ ان باتونکے مُنہہ سے نکالنے سے یہ لوگ ظاہر و باطن سب طرح کافر ہوگئے۔ اب آخر کو فرمایا کہ علم الٰہی کے موافق جو لوگ ہمیں

خالص دلسے توبہ کرلین گے تو اُنکے پچھلے گناہ اللہ تعالیٰ معاف کردیگا اور جو لوگ اس منافقانہ حالت پر مرجاوین گے وہ اپنے ظاہری اسلام سے پہلے اور ظاہری اسلام سے پچھلے سب اعمالونکی سزا بھگتین گے صحیح مسلم مین عمرو بن العاص کی روایۃ ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام لانے سے ہر شخص کے پچھلے سب گناہ معاف ہوجاتے ہین صحیح مسلم کے حوالہ سے عبداللہؓ بن مسعود کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خالص دلسے دائرہ اسلام مین داخل ہوکر ظاہر و باطن سب طرحسے اسلامی احکام کا پابند ہوگا اسلام لانے کے سبب سے ایسے شخص کے پچھلے سب گناہ معاف ہوجاوین گے اور جو شخص دل مین کھوٹ رکھکر ظاہری اسلام قبول کریگا اُسکو اگلے پچھلے سب گناہونکا وبال عقبیٰ مین بھگتنا پڑیگا۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی نظر انسان کی ظاہری حالت پر نہین ہی بلکہ اللہ تعالیٰ کی نظر تو ہمیشہ انسان کے دلپر لگی رہتی ہی کہ نیک کام کرتے وقت انسان کے دل مین کسی طرح کی کھوٹ تو نہین ہی ان حدیثون کو ان دونو آیتونکی تفسیر مین بڑا دخل ہی کیونکہ آیتون اور حدیثون کے ملانے سے یہ مطلب ٹھہرتا ہے کہ آیتون مین جن منافقونکا ذکر ہی اُنمین سے جتنے شخصونے منافق پن کو چھوڑکر خالص دلسے ظاہر و باطن ہر طرح اسلام کی پابندی اختیار کی اُنکو تو بہ اور آیندہ کے خالص اسلام نے فائدہ پہونچایا اور اون مین کے جو لوگ دل مین کھوٹ رکھتے تھے اور ظاہر مین اپنے آپ کو مسلمان جتلاتے تھے اللہ تعالیٰ کی نظر اونکے دلپر ہی پڑی اسلئے جہاد مین اُنکا لشکر اسلام کے ساتھ رہنا اور اوپرے دلسے ارکان اسلام کا بجالانا اُن لوگونکے کچھ کام نہ آیا عمرو بن العاص کی روایۃ کو عبداللہؓ بن مسعود کی روایۃ سے ملایا جاوے تو یہ مطلب بھی اچھی طرح سمجھ مین آجاتا ہی کہ بغیر خالص دل کے اسلام لانے کے پچھلے گناہ معاف نہین ہوتے۔ منزل ۲

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

منافق مرد اور عورتین سب کی ایک چال ہے سکھاوین بات بری اور چھڑاوین بھلے کام سے

وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

اور بند رکھین اپنی مٹھی بھول گئے ہین اللہ کو سو وہ بھول گیا اونکو تحقیق منافق وہی ہے بے حکم

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین تین سو منافق تھے اور ایک سو ستر منافق عورتین تھین اللہ پاک نے اُنکا حال بیان فرمایا کہ اُنکے عمل ایک کے ایک سے مشابہ ہین کہ یہ لوگ منکر کا حکم کرتے ہین اور اُسکو بجالاتے ہین منکر اُس کام کو کہتے ہین جو شرعاً ناجائز ہو امر معروف سے باز رہتے ہین معروف اُس کام کو کہتے ہین جو شرعاً اچھا ہی یہ مطلب ہی کہ اُنکے کام مومنون کے برخلاف ہین مومن بری باتون سے بچتے ہین اور اچھے کام کرتے ہین اور یہ لوگ بُرے کام کرتے ہین اور اچھے کامون سے باز رہتے ہین پھر فرمایا کہ اپنے ہاتھون کو اللہ کی راہ مین خرچ کرنے سے اُنھون نے روک رکھا ہے نہ صدقہ دیتے ہین نہ جہاد مین خرچ کرتے ہین اور نہ دوسرے نیک کامون مین اپنا مال اُٹھانا گوارا کرتے ہین ان لوگون نے خدا کو اپنے دلسے فراموش کردیا ہی خدا بھی انہین بھولجائیگا جسکا مطلب یہ ہی کہ یہ لوگ اللہ کی نظر رحمت سے دور رہین گے یہ لوگ فاسق ہین راہ حق کو چھوڑکر گمراہی کے راستہ مین پڑے

ہوئے ہیں اُنکا فسق وفجور کامل ہی جو اپنے حال پر جمے ہوئے ہیں - معتبر سند سے ابوامامہ کی روایت مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے ایک جگہ گذر چکی ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے ایماندار آدمی کی نشانی پوچھی تھی جسکے جواب مین آپنے فرمایا نیک کام کرکے جس آدمی کا دل خوش ہو اور بُرا کام کرکے وہ پچتاوے ایسا آدمی ایماندار ہی - اِس حدیث کو آیہ کی تفسیر مین بڑا دخل ہے کیونکہ آیہ اور حدیث کو ملاکر یہ مطلب ٹھہرتا ہی کہ ایماندار شخص کے دلمین عقبیٰ کے ثواب اور عذاب کا پورا یقین ہوتا ہی اِس لئے نیک کام کرکے اُسکے ثواب کی امید سے اُسکا دل خوش ہوتا ہی اور بُرا کام کرکے عذاب کا خوف اُسکے دلمین پیدا ہوجاتا ہی اِس لئے بُرا کام کرنیکا اُسے پچتاوا ہوتا ہی - منافق شخص کے دلمین عقبیٰ کے ثواب اور عذاب کا پورا یقین نہیں ہوتا اس لئے اچھا کام کرنے اور بُرے کام سے بچنے کی اوسے خود بھی توفیق نہیں ہوتی اور دوسرونکو بھی وہ اپنے رنگ میں ملانا چاہتا ہی غلبہ اسلام کے زمانہ مین منافق وہ لوگ کہلاتے تھے جو مسلمانون کے ہاتھ سے اپنی جان اور اپنا مال بچانے کی غرض سے ظاہر مین تو اسلام قبول کرلیتے تھے مگر اُنکے دل مین کفر کا اعتقاد جما رہتا تھا اگرچہ دل کا حال سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کو معلوم نہیں لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک یہ بات تھی کہ اللہ تعالیٰ بذریعہ وحی کے اپنے رسول کو ایسے لوگونکے دل کا حال جتلادیا کرتا تھا اب وحی کا زمانہ باقی نرہنے کے سبب سے کسی کے دل کا حال تو معلوم نہین ہوسکتا ہان ظاہری عملون مین جو شخص مثلاً نماز مین سستی کریگا یا جھوٹ بولیگا یا لڑائی جھگڑے کے وقت گالی منہ سے نکالے گا یا امانت مین خیانت اُس سے ظہور مین آویگی تو ایسے شخص کو یہ کہا جاسکتا ہی کہ یہ شخص عملی منافق ہی جسکا مطلب یہ ہی کہ اِس شخص کے ظاہری عمل تو منافقون کے سے ہین لیکن اس کے دلی اعتقاد کا حال اللہ کو معلوم ہے صحیح بخاری مین حذیفہؓ بن الیمان کی جو یہ روایت ہی کہ منافق پنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک تھا اوسکا مطلب بھی یہی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک اعتقادی منافقون کا حال بذریعہ وحی کے معلوم ہوجاتا تھا وحی کے زمانہ کے بعد یہ دلی حال کسی کو معلوم نہین ان حذیفہ کو منافقون کا حال خوب تفصیل سے معلوم تھا یہانتک کہ یہ اسبات مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بہید کی حدیثونکا خزانہ مشہور تھے اعتقادی منافق اور عملی منافق مین یہ فرق ہی کہ اعتقادی منافق کافر ہے اور عملی منافق کبیرہ گناہ کا گنہگار ہے -

منزل ۲

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا هِيَ حَسْبُهُمْ

وعدہ دیا اللہ نے منافق مردا ور عورتونکو اور منکرون کو دوزخ کی آگ پڑے رہین اوس مین وہی بس ہے اونکو

وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ

اور اللہ نے اونکو پھٹکارا اور اونکو ہے عذاب برقرار

اللہ پاک نے منافق مرد اور عورتون کا حال بیان فرماکر اب یہ فرمایا کہ یہ وعدہ اللہ نے کرلیا ہی کہ منافق مرد اور عورتون اور کفار کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دوزخ مین ڈالے گا اور فرمایا کہ بس اُنکے ان افعال کی عوض مین یہی آگ کافی ہوگی اور پھر فرمایا کہ خدا نے اپنی لعنت بھی بھیجی اپنی کبھی کسی قسم کی اُسکی رحمت نہ ہوگی اور اسی لئے پھر یہ فرمایا کہ اپنی ایسا عذاب نہین کیا

جائیگا جو کبھی منقطع ہوگا بلکہ وہ عذاب اپر ہوگا جو ہمیشہ کے لیے قائم رہیگا سورہ نسا مین گذر چکا ہی کہ دوزخ کی آگ سے
جب دوزخیون کی ایک کھال جل جاویگی تو فوراً اسکی جگہ نئی کھال پیدا ہو جاویگی سورۃ الحج مین آویگا کہ جب دوزخی لوگ عذاب
سے گھبرا کر دوزخ سے نکلنا چاہین گے تو فرشتے اونہیں ڈھکیل کر پھر دوزخ کے اندر ڈالدیونگے یہ آیتین عذاب مقیم کی گویا تفسیر ہین۔

كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوا

جس طرح تم سے اگلے زیادہ تھے زور مین تم سے اور بہت رکھتے مال اور اولاد پھر برت گئے

بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِي

اپنا حصہ پھر تم نے برت لیا اپنا حصہ جیسے برت گئے تم سے اگلے اپنا حصہ اور تم نے قدم ڈالے ہین

خَاضُوا أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ أَلَمْ يَأْتِهِمْ

جیسے اونہون نے قدم ڈالے تھے وہ لوگ مٹ گئے اُنکے کئے دنیا مین اور آخرت مین اور وہی لوگ پڑے ہین زیان مین کیا پہنچا نہین انکو

نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَقَوْمِ إِبْرَاهِيمَ وَأَصْحَابِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكَاتِ

احوال اگلون کا قوم نوح کا اور عاد کا اور ثمود کا اور قوم ابراہیم کا اور مدین والونکا اور الٹی بستیونکا

أَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

پہنچے اون پاس اُنکے رسول صاف حکم لیکر پھر اللہ ایسا نہ تھا کہ اونپر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے

منزل ۲

اوپر کی آیتون مین بہت دور سے آنحضرت کے وقت کے جن منافقون کا ذکر آرہا ہی اب ان آیتون مین اللہ تعالی نے دو طرح
کے پہلے لوگونکا حال ان منافقون کو یاد دلایا اول تو مبہم طور پر یہ فرمایا کہ ان منافقون کا حال رسول اور کلام الٰہی سے
ٹھٹھا کرنے اور نافرمانی مین پہلے لوگون کا سا ہی اور باوجود اسکے کہ پہلے لوگ جسمانی قوت اور درازی عمر اور کثرت مال و اولاد
مین انسے بڑھکر تھے لیکن سوا چند روزہ شرارت کر لینے کے نہ دنیا مین اُنکو کچھ ثمرہ ملا کیونکہ اللہ کے رسول آخر کو غالب ہی
اور رسولون کے مخالف لوگ عذاب الٰہی مین گرفتار رہو کر پامال اور ہلاک ہوگئے اور عقبی مین جو کچھ ایسے لوگونکا انجام ہوگا وہ
سب کی آنکھون کے سامنے آجاویگا علاوہ اسکے عقبیٰ کے انجام کا نمونہ دنیا مین بھی بعضے موقعون پر اللہ تعالی نے لوگونکو دکھا دیا
مثلاً ایسے لوگونکے جنازہ کی نماز سے اللہ تعالی نے اپنے رسول کو منع فرمادیا جسکا ذکر آگے آتا ہی یا مثلاً بعضے منافقون کی موت
کے وقت سخت آندہی چلی جسکا ذکر صحیح مسلم مین جابر بن عبد اللہ کی حدیث مین ہی پھر اللہ تعالی نے اس مبہم خوف کے بعد قوم نوح
قوم ہود قوم صالح قوم ابراہیم قوم لوط قوم شعیب کا ذکر صراحت سے اسلئے فرمایا کہ ملک شام عراق یمن ایسی ہی بستیون
مین یہ آفت زدہ قومین رہتی تھین جہان آنحضرت کے زمانہ کے منافقونکا گذر تجارت کی غرض سے اکثر ہوتا رہتا تھا چنانچہ تبوک
کی لڑائی کے وقت راستہ مین منافقون نے چند شرارتین آنحضرت اور قرآن شریف کی بدگوئی کی جو کی تھین اسوقت ان لوگونکا
گذر قوم صالح کے وطن مین تھا غرض اس روزمرہ گذر کے سبب سے یہ منافق رات دن سنتے رہتے تھے کہ خدا اور رسول کے مخالف

لوگونکا انجام یہ ہی کہ کسی کو طوفان نے آن گیرا اور کسی کو آندہی نے کسی پر پتھر برسے اور کوئی باوجود بادشاہی قوت رکھنے کے مچھر کا کہا جا بن گیا یہ جو کچھ راتدن سنتے رہتے تھے وہی پھر اللہ تعالی نے اُنکو سنا کر اچھی طرح اِنکے کان کھول دئے کہ اگر یہ اپنی شرارت اور نافرمانی سے باز نہ آوینگے تو انپر بھی کوئی بلا اللہ کی طرف سے آنیوالی ہی پھر مسلمانونکا ذکر آیندہ کی آیۃ مین اس صراحت سے فرمایا کہ منافقونکی بُری عادت کے مقابلہ مین مسلمانونکی ایک اچھی عادت ذکر فرمائی مثلاً منافقون کی عادت ذکر فرمائی کہ شریعت مین جو باتین ناروا ہین اُنکو پھیلاتے ہین اور آپسمین اوسی کے چرچے رکھتے ہین اور جن باتونکا شریعت مین حکم ہے اونکو خود بھی نہین کرتے اور اورلوگونکو بھی اون باتون سے روکتے ہین اِسکے مقابلہ مین مسلمانونکی یہ عادت ذکر فرمائی کہ جن باتونکا شریعت مین حکم ہے اونکو وہ خود بھی کرتے ہین اور لوگونکو بھی اُنکے کرنیکی حرص اور رغبت دلاتے ہین اور شریعت کی ناروا باتونسے خود بھی بچتے ہین اور اورلوگون کے بھی بچانیکی کوشش کرتے ہین اسی طرح منافقونکی یہ بری عادت ذکر فرمائی کہ وہ صدقہ خیرات سے اپنے ہاتھونکو بند رکھتے ہین اُسکے مقابلہ مین مسلمانونکی عادت ذکر فرمائی کہ وہ زکوۃ اور صدقہ خیرات مین فراخ دست ہین پھر اسی طرح دونون فرقونکا آخرت کا مقابلہ جتلانے کو فرمایا کہ منافقون کے لئے اللہ تعالی نے جہنم کا ٹھکانا ٹھہرا رکھا ہی اور مسلمانون کے لئے جنت کا ٹھکانا ٹھہرا رکھا ہی یہ مقابلہ کے طور پر دونون فرقونکی عادتین اللہ تعالی نے اسلئے ذکر فرمائین کہ دونون فرقون کو ہدایت ہو منافق اپنے ناشائستہ عادتون سے شرماکر اون عادتون کو آیندہ ترک کرین اور مسلمانون کی عادتونکو سیکھین اور اختیار کرین اور مسلمان اپنی جگہ ہوشیار اور خبردار ہوجائین اور اونمین کوئی چھوٹی بڑی منافقون کی عادت ہو تو اوسکو فوراً چھوڑ کر سیدھے اور پکے مسلمان بنجائین کیونکہ صحیح حدیثون مین جہان منافقونکی عادت کا ذکر ہی وہان اُسکی بھی صراحت ہی کہ جس شخص مین یہ سب عادتین ہین وہ پورا منافق ہی اور جس مین ایک دو عادتین ہین وہ پورا مسلمان نہیں ادہورا منافق ہے چنانچہ صحیح بخاری ومسلم کی عبداللہ بن عمرو بن العاص کی روایۃ مین اسکا ذکر صراحت سے ہے اور بعض حدیثون سے یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ آخر زمانہ مین لوگونکا حال بہت بدل جاویگا اور منافقون کی عادتین لوگونمین بہت پھیل جاوینگی یہانتک کہ دنیا مین ایسی بے دینی اور خرابی پھیل جاویگی کہ ہزارمین ایک دیندار گہر ہوگا تو اوسکو اپنا دین سنبھالنا ایسا مشکل ہوگا جس طرح مٹھی مین آگ کا انگارہ پکڑنا مشکل ہی - یہ حدیث انسؓ بن مالک کی روایۃ سے ترمذی مین ہی اگرچہ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہی لیکن ناقابل اعتراض سند سے اس مضمون کی دوسری حدیث ابو ثعلبہؓ خشنی کی روایۃ سے ابوداؤد و ترمذی اور ابن ماجہ مین ہی جس سے اس انس بن مالک کی روایۃ کو تقویت ہوجاتی ہے صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے ابو موسیٰؓ اشعری کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھے رفیق کی مثال مشک کی اور بُرے رفیق کی مثال لوہار کے کہال دہونکنے والے شخص کی فرمائی ہی جس کا مطلب یہ ہی کہ جسطرح مشک کے پاس بیٹھنے والے شخص کو خوشبو کا فائدہ پہونچتا ہی اسی طرح اچھے رفیق کی رفاقت سے ہر شخص کو کچھہ نہ کچھہ فائدہ پہونچنے کی امید ہی اور جس طرح کہال دہونکنے والے شخص کے پاس بیٹھنے سے چنگاری اوڑکر پڑجانے اور

منزل ۲

کپڑون کے جل جانے کا اندیشہ ہے اسی طرح بُرے رفیق کی رفاقت سے دین کی خرابی کا اندیشہ ہے ان سب حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ آیۃ مین منافقون کی جن عادتون کا ذکر ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کے موافق اس آخری زمانہ مین جب وہ عادتین کثرت سے لوگون مین پھیل گئی ہین تو گویا کھال دھونکنے والے شخص جیسے رفیق کثرت سے پیدا ہوگئے ہین جنکی رفاقت سے ہر دیندار شخص کو پرہیز لازم ہی کیونکہ ایسے لوگونکی رفاقت سے جس دیندار شخص مین منافقونکی سی کوئی عادت پیدا ہوگئی تو صحیح حدیث کے موافق وہ ادھورا منافق ہی اور جس دیندار شخص مین یہ سب عادتین پیدا ہوگئین وہ پورا منافق ہی جھوٹ بولنا وعدہ خلافی کا کرنا امانت مین خیانت کا کرنا لڑائی جھگڑے کے وقت گالی کا منہ سے نکالنا یہی علامتین اور عادتین منافق لوگونکی ہین اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے موافق اس آخری زمانے مین یہ عادتین ایسی عام ہین کہ دیندار شخص کو ان عادتون سے بچنا ایسا ہی مشکل ہی جس طرح آگ کے انگارہ کو مٹھی مین لینا مشکل ہی جن لوگون مین تھوڑی یا بہت یہ عادتین ہین اُنکو اُنکے چھوڑ دینے کی اور جو اللہ کے بندے اب تک ان عادتون سے بچے ہوئے ہین اُنکو ہمیشہ اُنسے بچنے کی اللہ تعالی توفیق دیوے آمین یارب العالمین

آخر کو ہر ایک طرح کے گنہگار کو جتلا دینے کے لئے یہ فرمایا کہ اللہ تعالی کی عادت ظلم وزیادتی کی نہین ہی صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوذر کی روایۃ کی حدیث قدسی ایک جگہ گذر چکی ہی کہ اللہ تعالی نے ظلم کو اپنی ذات پاک پر حرام کر لیا ہی یہ حدیث آیۃ کی آخری ٹکڑہ کی گویا تفسیر ہے

منزل ۲ رکوع ۱۳

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

اور ایمان والے مرد اور عورتین ایک دوسرے کے مددگار ہین سکھاتے ہین نیک بات اور منع

يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَ

کرتے ہین بری سے اور کھڑی رکھتے ہین نماز اور دیتے ہیں زکوۃ اور حکم مین چلتے ہین اللہ اور

رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

اوسکے رسول کے وہ لوگ اونپر رحم کریگا اللہ البتہ اللہ زبردست ہی حکمت والا

اللہ پاک نے منافقونکے بُرے اوصاف بیان کرکے اُنکے مقابلہ مین یہ ایماندار لوگونکے اوصاف بیان فرمائے مختصر طور پر اس مقابلہ کا فائدہ اوپر کی آیۃ کی تفسیر مین بیان کردیا گیا ہی ایماندارونکے اوصاف مین سے پہلا وصف یہ بیان کیا کہ مومن آپسمین ایک دوسرے کے مددگار غمخوار رنج وغم مین ساتھ دینے والے ہیں جب ایک مسلمان کو کوئی مصیبت پہونچتی ہے تو دوسرا بے چین ہوجاتا ہی جسطرح دیوار کی حالت ہوتی ہی کہ ایک اینٹ کو دوسری اینٹ سے مضبوطی اور قیام ہوتا ہی اسی طرح سب مومن باہم ملے جلے ہین ایک کو ایک سے تقویت ہی صحیح بخاری ومسلم مین نعمان بن بشیر سے روایۃ ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومنونکی آپس کی غمخواری اور مددگاری کی مثال ایسی ہی جیسے اعضا آدمی کے آپسمین ایک دوسرے کے غمخوار اور مددگار رہین کہ جب ایک عضو کو کوئی تکلیف ہوتی ہی تو دوسرے عضو کو بھی اُسکا اثر

پہونچتا ہی مثلاً ایک انگلی دکھے تو سر سے پیر تک بخار کی حرارت ہوجاتی ہی دوسری تعریف مومنون کی یہ بیان فرمائی کہ جس طرح منافق بری باتون کو اختیار کرتے ہین اور اچھے کامون سے باز رہتے ہیں اسکے برخلاف جو یہ نیک خصلت ہی کہ اچھی باتونکو اختیار کیا جائے اور بری باتونسے پرہیز کیا جائے وہ وصف مومنون کے اندر پایا جاتا ہی کہ یہ لوگ ناجائز باتونسے بچتے ہیں اور حکم شرع کے موافق جو کرنے کی باتین ہین اُنکو چستی سے بجالاتے ہیں اور دوسرونکو بھی اسی کی نصیحت کرتے رہتے ہین پھر یہ تعریف بیان کی کہ نماز وزکوۃ کے پابند ہیں نماز بھی پڑہتے ہیں اور زکوۃ بھی دیتے ہیں بدنی اور مالی ہر طرح کی عبادت کیا کرتے ہیں پھر فرمایا کہ یہ اوصاف ان لوگون مین اسلئے ہیں کہ یہ لوگ ہر ایک امر مین خدا اور رسول کے محکوم بندے ہیں ہر وقت اُسکے فرمانبردار خدا اور رسول کا جو کچھ حکم ہوگا اوسکی بجاآوری میں کسی قسم کی کوتاہی اُنسے نہوگی پھر فرمایا کہ یہ لوگ جن مین یہ صفتین پائی جاتی ہیں اللہ اُنپر اپنی خاص رحمت نازل کریگا وہ بڑا ہی حکمت والا ہی اُسکا کوئی کام انصاف اور حکمت سے خالی نہیں زبردست وہ ایسا ہی کہ جو کچھ وہ کرنا چاہے اوسکو کوئی روک نہین سکتا۔ دو آدمیون مین ایک سی عادت کا ہونا اور بات ہی اور دو آدمیونکا ایک سی عادت پر ہوکر آپسمین غمخواری کا برتاؤ رکھنا اور بات ہی اور پھر دو آدمی جس دین پر ہون اوس دین کے موافق باتون مین دو آدمیونکا ایک سی عادت پر ہونا اور بات ہی اور اُس دین کی مخالف باتون مین ایک سی عادت پر ہونا اور بات ہی اللہ تعالی نے منافقون کی شان مین بعضہم من بعض جو فرمایا اُس کا مطلب یہی ہی کہ اپنی جان اپنا مال بچانے کے لئے اگرچہ یہ لوگ اپنے آپکو مسلمان کہتے ہیں لیکن اسلام کی مخالفت مین یہ سب کمربستہ اور ایک سی عادت کے ہیں اور ان مخالف اسلام لوگونکا جتھا قائم رکھنا اللہ کو منظور نہین ہے اس لئے اُنمین آپسکی غمخواری نہیں ہی پھر ایماندار لوگونکا حال فرمایا کہ اللہ اور رسول کے حکم پر چلتے ہین یہ سب ایک سی عادت کے ہیں اور ایسے لوگونکا جتھے کو قائم رکھنا اللہ کو منظور ہی اسلئے اللہ تعالی نے ان مین آپس کی غمخواری پیدا کردی ہی اُسکی ان حکمتونکو وہی خوب جانتا ہی صحیح بخاری اور مسلم کے حوالہ سے زینب رضؓ بنت جحش کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ عالم لوگون کے وعظ نصیحت کو چھوڑ دینے سے جس بستی کے عام لوگون مین گناہون کی کثرت ہوجاویگی تو ایسی بستی کے تمام لوگونپر کوئی عذاب آجاویگا۔ صحیح بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید کی حدیث ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن بعضے عالم لوگونکو طرح طرح کے عذاب مین گرفتار دیکھکر عام دوزخی لوگ اون عالمون سے پوچھین گے کہ تم تو ہمین گناہون سے بچنے کی نصیحت کیا کرتے تھے پھر تم کیونکر اس عذاب مین گرفتار ہوگئے وہ عالم لوگ جواب دیوین گے کہ ہم خود اُس نصیحت کے موافق عمل نہین کرتے تھے اسواسطے ہمپر یہ بلا آگئی۔ آیۃ مین ایماندار لوگونکی آپس کی نصیحت کا جو ذکر ہی یہ حدیثین گویا اُسکی تفسیر ہین جس تفسیر کا حاصل یہ ہی کہ ایماندار عالمونکی نشانی یہ ہی کہ وہ عام لوگونکو شریعت کی پابندی کی نصیحت کرتے رہین اور خود بھی اُسکے موافق عمل کرین عام لوگونکی ایمانداری کی نشانی یہ ہی کہ وہ عالمون کی نصیحت کے پابند ہون جس بستی کے عالمون اور عام لوگون مین سے یہ باتین اوٹھ جاوین گین تو اون سب پر کوئی عذاب الٰہی دنیا مین بھی نازل ہوجاویگا اور عقبیٰ مین بھی اُنکا ٹھکانا دوزخ ٹھہریگا۔ اہل سنت کے اعتقاد کے موافق اگرچہ کبیرہ گناہون کے وہ گنہگار آخر کو دوزخ سے نکل کر جنت مین جاوینگے

منزل ۲

جنکے اعتقاد مین شرک نہو گا لیکن آگ مین جلنے کا عذاب تو وہ بلا ہی جسکی گھڑی دو گھڑی کی برداشت بھی انسان سے نہین ہو سکتی پھر آگ بھی وہ آگ جو دنیا کی آگ سے اونتہر درجہ زیادہ تیز ہے اور عذاب بھی وہ عذاب جو برسون رہنے والا ہی اللہ تعالی ہر ایک مسلمان کو اس بلا سے بچاوے بعضے آریہ لوگون نے اسلام کے طریقہ نماز پر طرح طرح سے اعتراض کئے ہین اہل اسلام نے اُس کے جواب مین اہل اسلام کی نماز اور آریہ فرقہ کی سندھیا کا مقابلہ کرکے ان باتونکو تفصیل سے لکھا ہی کہ اسلام کی نماز مین اللہ کی وحدانیت اور اسی کی خالص بندگی ہی اور سندھیا مین اندر و شنو وغیرہ دیوتاؤن کی پوجا ہی نہ اوس مین اللہ کی وحدانیت ہی نہ اُسکی خالص بندگی ہے سندھیا کے سوا کوئی طریقہ نماز کا فرقہ آریہ کے مذہب مین نہین ہی اور اس سندھیا کا وہ حال ہی جو اوپر بیان کیا گیا پھر معلوم نہین ایسے فرقہ کے لوگونکو خالص وحدانیت الٰہی کے طریقہ عبادت پر اعتراض کرنے کا حق کونسے وید نے دیا ہی۔ اگر سندھیا کی حقانیت کے خیال سے یہ اعتراض کیا گیا ہی تو سندھیا کی حقانیت تو خود وید سے ہی نہیں نکلتی کیونکہ سندھیا کا پتہ ونشان کہین کسی وید مین نہین ہی چارون وید اسکے ذکر سے خالی ہین پھر ایسے بے پتہ طریقہ کی حقانیت کا خیال ہی کیا ضرور ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ

وعدہ دیا اللہ نے ایمان والے مردون اور عورتونکو باغ بہتی ہین نیچے اونکے نہرین رہا کرین اُنمین اور مکان ستھرے

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

رہنے کے باغون مین اور رضامندی اللہ کی سب سے بڑی یہی ہے مراد ملنی بڑی

ع ۹ منزل ۲

اللہ پاک نے مومنون کے اوصاف بیان کرکے عقبیٰ مین اُنکے واسطے جو جزائے خیر مقرر کی ہی اوس کا ذکر فرمایا کہ ہمنے مومنون سے اسبات کا وعدہ کرلیا ہی کہ اونہین آخرت مین جنت کے اندر داخل کرینگے وہ مومن خواہ مرد ہون خواہ عورت ہون اور جنت بھی ایسی ہوگی جس مین نہرین جاری ہین اور بہت اچھے اچھے مکان اوس مین بنے ہوئے ہین اگرچہ دوزخ کے عذاب اور جنت کی نعمتونکی تفصیل مین بہت سی صحیح حدیثین آئی ہین لیکن صحیح بخاری و مسلم مین انسؓ ابن مالک کی حدیث ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ کے عذاب کی جو تفصیل مجکو معلوم ہی اگر وہ تفصیل لوگونکو معلوم ہوجاوے تو وہ روتے روتے تھک جاوین اور اُنکا ہنسی کی بات پر ہنسنا بالکل کم ہوجاوے اسی طرح صحیح بخاری و مسلم مین ابوہریرہؓ کی حدیث قدسی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہی مینے جنت مین وہ وہ نعمتین پیدا کی ہین کہ جو نہ کسی نے آنکھونسے دیکھین نہ کانون سے سنین نہ اُنکا خیال کسی کے دل میں آسکتا ہی۔ ان صحیح حدیثون کے موافق یہ کہا جا سکتا ہے کہ دوزخ کے عذاب اور جنت کی نعمتونکی پوری تفصیل انسان کی طاقت سے باہر ہے۔ جنت مین ایک بہت بلند مقام ہے اور عرش سے بہت نزدیک اُسکا نام وسیلہ ہی یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن ہی امام احمد ابوہریرہؓ سے ایک حدیث بیان فرماتے ہین کہ حضرت نے یون فرمایا ہی کہ جب تم مجپر درود بھیجو تو میرے واسطے خدا سے وسیلہ مانگو پوچھا کہ یارسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم وسیلہ کیا چیز ہے آپنے فرمایا وسیلہ جنت مین ایک اعلیٰ درجہ ہی جسکو سوائے ایک شخص کے اور کوئی نہین پائے گا مجھے امید ہی کہ وہ مین

ہی ہون مسلم نے بھی اس حدیث کو عبداللہ بن عمرو بن العاص کی روایۃ سے یون بیان کیا ہی کہ جب مؤذن کو اذان دیتے ہوئے
سنو تو جس طرح وہ کہتا ہی تم بھی کہو پہر مجھپر درود بھیجو کیونکہ جو شخص مجھپر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ پاک اوسپر دس بار درود
بھیجتا ہی پہر میرے واسطے وسیلے کی دعا مانگو اور وسیلہ جنت مین ایک مقام ہی وہ کسی بندے کے لائق نہین ہے سوائے
ایک شخص کے مین امید کرتا ہون کہ وہ مین ہون پہر فرمایا کہ جو شخص میرے واسطے اللہ سے وسیلہ کا سوال کرتا ہی اُسکو قیامت کے
دن میری شفاعت نصیب ہوگی عبداللہ بن عمرو بن العاص کی یہ روایۃ ابوداؤد ترمذی اور نسائی مین بھی ہے پہر اللہ پاک نے
جنت کا حال بیان کرکے یہ فرمایا کہ یہ تو کچھہ بھی نہین ہے سب سے بڑی بات یہ ہی کہ مین مومنون سے راضی ہونگا صحیح بخاری
مسلم اور موطا مین ابوسعید خدری کی حدیث ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ اللہ جل شانہ جنت والون سے کہے گا کہ کیا تم راضی اور
خوش ہوئے وہ کہینگے اے رب ہمارے ہمکو کیا ہوا ہی کہ ہم راضی نہ ہون ہمین تو وہ چیزین تونے دی ہین جو کسی مخلوق کو نہین
دین اللہ پاک فرمائیگا کہ کیا اس سے بھی بہتر تمھین ندون وہ کہینگے اے رب وہ کیا چیز ہے جو اس سے بھی بہتر ہے اللہ پاک فرمائیگا
کہ مین تم پر اپنی خوشنودی نازل کرونگا اور پہر مین تمپر کبھی خفا نہ ہونگا - یہ حدیث ورضوان من اللہ اکبر کی گویا تفسیر ہے
کیونکہ آقا کی رضامندی غلام کے حق مین بڑی چیز ہے -

منزل ۲

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝

ای نبی لڑائی کر کافرونسے اور منافقونسے اور تندخوئی کر اونپر اور اونکا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ پہنچے

يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ مَا قَالُوا ۖ وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوا

قسمین کھاتے ہین اللہ کی کہنے نہین کہا اور کہا ہی لفظ کفر کا اور منکر ہوگئے ہین مسلمان ہوکر اور فکر کیا تہا

بِمَا لَمْ يَنَالُوا ۚ وَمَا نَقَمُوا إِلَّا أَنْ أَغْنَاهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ مِنْ فَضْلِهِ ۚ فَإِنْ يَتُوبُوا يَكُ خَيْرًا لَهُمْ ۖ وَ

جو نہ ملا اور یہ سب کرتے ہین بدلا اوسکا کہ دولتمند کردیا انکو اللہ نے اور اسکے رسول نے اپنے فضل سے سو اگر توبہ کرین تو بہلا ہی انکی حق مین اور

إِنْ يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ عَذَابًا أَلِيمًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝

اگر نہ مانین گے تو مار دیگا انکو اللہ دکہہ کی مار دنیا اور آخرت مین اور نہین اونکا روئے زمین مین کوئی حمایتی نہ مددگار

اللہ تعالی نے منافقونکا حال اور اونکا عقبیٰ کا انجام پہر مومنون کے اوصاف اور آخرت مین اُنکے واسطے درجات عالیہ جو ہونگے
اونکا بیان فرماکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے فرمایا کہ کفار اور منافقون سے جہاد کرو اور یہ حکم دیا کہ اپنی عادت کی
خلاف اُنسے سختی سے برتاؤ کرو آپکا شیوہ اور آپکی پیدائش اگرچہ نرمی پر ہوئی اور آپ مین بردباری کی خصلت کامل طور پر تہی
لیکن آیۃ مین گویا حکم ہی کہ اس عادت کو صرف مومنون ہی کے ساتھہ برتنا چاہیے کفار اور منافقون کے ساتھہ تو سختی ہی کرنی
زیبا ہی پہر فرمایا کہ انکا ٹھکانا دوزخ ہی علمائے سلف وخلف کے منافقون سے تلوار کے ساتھہ جہاد کرنے مین مختلف قول ہین
لیکن علی بن طلحہ کی روایۃ سے امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کا صحیح قول ہی کہ اس آیۃ مین اللہ پاک نے کافرون سے

تلوار کے ساتھہ لڑنے کا حکم دیا ہی اور منافقونسے زبان کے ساتھہ کہ اونسے نرمی کا برتاؤ چھوڑ دیا جائے۔ صحیح بخاری و مسلم
مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ظاہر مین اسلام قبول کر لیا اُسکی جان اور
اُسکے مال کی حفاظت شریعت مین ضروری ہی اور اُسکے دل کے حال کا محاسبہ اللہ تعالی کے حوالہ ہی اس حدیث سے حضرت عبداللہ
بن عباس کے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہی کہ شریعت مین منافق لوگون کے ساتھہ تلوار کی لڑائی کا حکم نہین ہی فقط زبانی وعظ
نصیحت کا حکم ہے پھر اللہ پاک نے منافقون کے اطوار بیان کئے کہ اوسی بات کو یہ زبان سے کہتے ہین اور پھر انکار کر جاتے ہین
اور جھوٹی قسمین کھانے لگتے ہین چنانچہ کفر کے کلمے زبان سے نکالے اور جب اللہ کے رسول کو اسبات کی خبر پہونچی تو بالکل انکار
کر دیا اس آیۃ کی شان نزول کے مفسرون نے کئی سبب ذکر کئے ہین ایک تو یہ ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک
مین دو مہینہ تک قیام کیا اور مدینہ مین بیٹھہ رہنے والونکو برا سمجھتے رہے تو اُسوقت جلاس بن سوید نے کہا کہ آنحضرت جو کچھہ ہمارے
اون بھائیون کے حق مین کہتے ہین جو مدینہ مین رہ گئے اگر سچ کہتے ہین تو ہم لوگ گدہون سے بھی بُرے ہین یہ سنکر قیس بن عامر
نے جو انصاری تھے جواب دیا کہ خدا کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم سچ کہتے ہین اور تم گدھے سے بھی بدتر ہو یہ بات حضرت کو معلوم ہوئی
وہان یہ دونون حاضر ہوئے جلاس نے انکار کیا اور قسم کھائی کہ مین نے یہ بات نہیں کہی ہی قیس نے اپنے ہاتھہ اوٹھا کر دعا کی
کہ اے اللہ تو سچے کی سچائی اور جھوٹے کے جھوٹ کو ظاہر کردے اوسپر یہ آیۃ نازل ہوئی جلاس نے اپنے جی مین خیال کیا کہ مین نے
بات بیشک کہی اور اللہ پاک نے اس آیۃ مین توبہ کرنیکو بھی فرمایا ہی اسلئے مناسب ہے کہ مین توبہ کرلون چنانچہ سچے دل سے منزل ۲
اور بہت ہی اچھی توبہ کرلی دوسری شان نزول اسکی یون بیان کی گئی ہے کہ عبداللہ بن ابی نے جب کہا تھا کہ مدینہ چلکر مہاجرین
کو مدینہ سے نکال دیا جاویگا جس کا ذکر سورہ منافقین مین آویگا تو زید بن ارقم نے یہ بات سنکر آنحضرت کو خبر کردی اور حضرت
عمر رض عبداللہ بن ابی کے قتل کرنے پر امادہ ہوئے اور عبداللہ بن ابی نے قسم کھائی اور کہا کہ مینے یہ بات نہیں کہی تیسری شان نزول
قتادہ نے اسکی یون بیان کی ہی کہ دو شخص قبیلہ جہینہ اور غفار کے آپسمین لڑے جہینی غفاری پر غالب ہوا تو عبداللہ بن ابی
نے قبیلہ اوس سے کہا کہ تم اپنے بھائی کی مدد نہیں کرتے اور قسم کھاکر کہا کہ ہماری اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی وہی مثل ہی جس طرح
کسی نے کہا ہی سمن کلبک یا کلک جس کا مطلب یہ ہی کہ ایک شخص نے اپنے کتے کو اسلئے کہلایا پلایا کہ آخر اُسکے کتے نے اوسی کو
کاٹ کھایا ایک شخص نے دوڑکر یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہی آپنے عبداللہ بن ابی سے پوچھا اوسنے قسم کھائی کہ مینے
یہ نہین کہا اوسپر یہ آیت اوتری لیکن اصل بات یہ ہی کہ منافقون کی بہت سی اسطرح کی باتین جمع ہوکر اُس مجموعہ پر یہ آیۃ نازل
ہوئی ہی۔ اوپر گذر چکا ہی کہ اس تبوک کے سفر مین ان منافقون نے ایسی باتین منہ سے نکالی تھین جن سے نبوت اور قرآن کا انکار
نکلتا تھا اسلئے ان باتونکو کلمہ کفر فرماکر یہ فرمایا کہ ایسے لفظون کے منہہ سے نکالنے کے سبب سے ان لوگونکا وہ ظاہری اسلام بھی
باقی نہین رہا۔ و ہموا بما لم ینالوا کا یہ مطلب ہی کہ اون باتونسے ان منافقون نے جو ارادے اپنے دل مین کئے تھے اُن مین سے
انکا کوئی ارادہ بھی پورا نہین ہوا نہ مہاجرین کو یہ لوگ مدینہ سے نکال سکے نہ لشکر اسلام مین کمزوری پھیلا سکے اب آگے فرمایا

کہ آزمایش کے طور پر اللہ تعالی نے کچھ خوش حالی تو پہلے سے دے رکھی ہی اور اللہ کے رسول کے مدینہ مین آجانے کے سبب سے بعضے خون بہا کے معاملون مین کچھ روپیہ پہلے کے خوشحالی کے علاوہ انکو ملگیا ہی اسواسطے اپنی مالداری کے نشہ مین یہ لوگ ایسی باتین کرتے ہین اگر آیندہ انھون نے ان باتون سے توبہ کرلی تو انکے حق مین بہتر ہے ورنہ دنیا اور آخرت دونون جگہ کا عذاب انکو بھگتنا پڑیگا۔ دنیا کا عذاب تو مثلاً اب انکے حق مین موجود ہی کہ انکی فضیحتی کی ہمیشہ آیتین نازل ہوتی رہتی ہین جس سے انکی ہر وقت کی ذلت ہی اور عذاب آخرت کا یہ حال ہی کہ جس تھوڑے سے مال کے نشہ مین انھون نے وہ آخرت کا عذاب مول لیا ہی اوس مال کی تو کچھ حقیقت نہین قیامت کے دن تمام دنیا کا مال بھی معاوضہ مین دیکر اگر یہ لوگ نجات چاہین گے تو اُس عذاب سے انکی نجات ممکن نہ ہوگی اور سختی اوس عذاب کی اس قدر ہوگی کہ دوزخ کے پہلے ہی جھونکے مین دنیا کے مال ومتاع کا نشہ انکو یا دتک نہ رہے گا صحیح بخاری ومسلم مین انس بن مالک سے روایت ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن کم سے کم عذاب والا دوزخی آرزو کریگا کہ اگر اُسکے پاس تمام دنیا کی دولت ہوتی اور وہ معاوضہ مین دیکر اوس عذاب سے نجات پاسکتا تو وہ اوس دولت کو بے دھڑک دیدیتا لیکن اوس دن اُسکی یہ آرزو کچھ کام نہ آویگی۔ دوسری روایۃ انس بن مالک کی صحیح مسلم مین ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بڑے بڑے مالدار دوزخیون نے دنیا مین جو راحتین اوٹھائین دوزخ کے پہلے ہی جھونکے مین اون راحتون کو یہ لوگ بھول جاوینگے ان آیتون مین آخرت کے عذاب کی سختی کا جو ذکر ہے یہ حدیثین گویا اُسکی تفسیر ہین آخر کو فرمایا دنیا کی آفتون کے وقت ان کے رشتہ دار دوست آشنا مدد کرسکتے ہین آخرت مین ایسے لوگون کی کوئی مدد نہیں کرسکتا ہے ۔

منزل ۲

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور بعضے اون مین سے وہ ہین کہ عہد کیا تہا اللہ سے اگر دیوے ہمکو اپنے فضل سے تو ہم خیرات کرین اور ہوربہین نیکی والون مین

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ

پھر جب دیا انکو اپنے فضل سے اوسمین بخل کیا اور پھر گئے ٹلا کر پھر اوسکا اثر رکھا نفاق

قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝

انکے دل مین جس دن تک اوس سے ملین گے اسپر کہ خلاف کیا اللہ سے جو وعدہ دیا اور اسپر کہ بولتے تھے جھوٹھ

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝

جان نہین چکے کہ اللہ جانتا ہی انکا بھید اور مشورہ اور یہ کہ اللہ جاننے والا ہی ہر چھپے کا

اللہ پاک نے ان آیتون مین فرمایا کہ بعضے منافق ایسے ہی ہین جو قول وقرار کرکے پھر جاتے ہین اپنا عہد وپیمان پورا نہین کرتے ہین اُنکے دلون مین مرتے دم تک منافق پنے کا اثر رہے گا مطلب یہ ہی کہ مرتے دم تک ایسے لوگونکو توبہ کی توفیق نہ ہوگی طبرانی تفسیر ابن ابی حاتم اور ابن جریر مین ابوامامہ اور عبداللہ بن عباس کی روایۃ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہی اسکا

حاصل یہ ہی کہ ایک شخص ثعلبہ بن حاطب انصاری تہا اوسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ میرے واسطے دعا کرین کہ مین مالدار ہوجاؤن آپنے فرمایا کہ تھوڑا مال جسکا شکر بندے سے ادا ہوسکے وہی بہتر ہے اور اگر خدا نے زیادہ دولت دی اور انسان غفلت مین پڑگیا تو وہ کسی طرح بھی اچہی دولت نہین ہی مگر ثعلبہ نے دوبارہ آنحضرت سے کہا کہ اگر مجھے مال ملجائے گا تو مین بہت خیرات کرونگا اور غفلت مین نہ پڑون گا آپنے اُسکے لئے دعا فرمائی اُسکی بکریون مین یہانتک برکت ہوئی کہ مدینہ کے جنگل کی زمین اون بکریون کے چرنے کو کافی نہین ہوتی تہی آخر وہ مدینہ سے نکل کر کسی گانون مین چلا گیا اور وہین رہنے لگا اور جماعت کے ساتہہ نماز پڑہنے سے محروم ہوگیا بلکہ جمعہ مین بہی حاضر ہونے سے عاجز ہوگیا حضرت نے لوگون سے پوچہا کہ ثعلبہ کا کیا حال ہی لوگون نے بیان کیا کہ وہ خراب ہوگیا مال و دولت کی محبت مین پڑگیا بہرحال جب زکوٰۃ دینے کا وقت آیا تو اُسنے نہین دی اور کہنے لگا کہ یہ مال دنیا تو گویا جٹی کا دینا ہے غرضکہ ایسی ویسی باتین کرکے ٹالدیا تہوڑے دنون بعد حضرت کے پاس زکوٰۃ لیکر آیا آپنے قبول نہ کی اور آنحضرت کے بعد حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ کی خلافت مین بہی اسکا مال زکوٰۃ مین نہ لیا گیا یہانتک کہ حضرت عثمانؓ کی خلافت مین اسکا انتقال ہوگیا ابوامامہؓ سے جو شان نزول کی روایت ہی اُسکی سند مین ایک راوی علی بن یزید الیمانی ضعیف ہے لیکن حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت کی سند مین یہ راوی نہین ہے اسواسطے یہ شان نزول صحیح ہے پہر اللہ پاک نے یہ فرمایا کہ نفاق جو اُنکے دلون مین جگہ پکڑ گیا ہی اسکی وجہ یہ ہی کہ یہ وعدہ کرکے قائم نرہے وعدہ کے خلاف کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ منافق کی تین علامتین ہین جب باتین کرے تو جہوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو اُسکے خلاف کرے اور جب اُسکے پاس امانت رکہی جائے تو خیانت کرے اس حدیث کو ابوہریرہؓ کی روایت سے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہی پہر اللہ پاک نے فرمایا یہ منافق اپنے دلون مین یہ سمجہے ہونگے کہ اللہ انکے دلون کی دغابازی کو نہین جانتا وہ تو ظاہر اور چہپی باتونکو یکسان جانتا ہی وہ بڑا ہی غیب دان ہی اوسکے نزدیک کوئی بات پوشیدہ نہیں رہ سکتی اور جب سب باتونکو اللہ جانتا ہی تو وہ ہر ایک عمل مخفی پر بندونکو جزا سزا بہی دیگا۔ صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہ کی حدیث ایک جگہ گزر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی نظر انسان کی ظاہری حالت پر نہیں ہے بلکہ اللہ کی نظر تو ہمیشہ انسان کے دل پر ہے کہ اُسکا دلی اعتقاد کیا ہی۔ معتبر سند سے طبرانی اور مسند بزار مین انسؓ بن مالک کی روایت ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن جب لوگونکے اعمال نامے اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہونگے تو بعضے نیک عمل اگرچہ فرشتون کو پورے اور لائق ثواب نظر آوین گے لیکن اللہ تعالیٰ فرماویگا کہ یہ عمل خالص نیت سے نہین کئے گئے اسواسطے ان کو اعمال نامون مین سے نکال ڈالا جاوے۔ آیۃ مین منافقون کے خفیہ مشورون اور دل کے بہیدون کا یہ جو ذکر ہے کہ وہ سب اللہ کو معلوم ہین یہ حدیثین گویا اُسکی تفسیر ہین جس تفسیر کا حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ کو انسان کے دل تک کا حال معلوم ہے اور اسی دل کے ارادہ اور نیت پر اُسنے جزا اور سزا کا مدار رکہا ہے۔

منزل ۲

الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ

وہ جو طعن کرتے ہین دل کھولکر خیرات کرنے والے مسلمانونکو اور اوپر جو نہین کرتے مگر اپنی

اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

محنت کا پھر اوپر ٹھٹھے کرتے ہیں اللہ نے اونسے ٹھٹھا کیا ہے اور اونکو دکھہ کی مار ہی

صحیح بخاری ومسلم مین حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایۃ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اُسکا حاصل یہ ہے کہ جب صدقہ کا حکم آیا تو اپنے اپنے مقدور کے موافق مسلمان لوگ آنحضرت کے پاس صدقہ تقسیم کرنے کی غرض سے لاتے تھے منافق لوگ اس صدقہ کا ٹھٹھا اوڑاتے تھے جو مسلمان زیادہ صدقہ لاتا اوسکو کہتے یہ دکھاوے کے لئے لایا ہی اور جو کم مقدور مسلمان کمتی صدقہ لاتا اوسکو کہتے کہ اللہ کو ایسے کمتی صدقہ اور خیرات کی پروا نہیں ہی اوسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی۔ معتبر سند سے مسند براز مین ابوہریرہ سے روایۃ ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ آیۃ مین جس دن کی خیرات کا ذکر ہے اوس دن عبدالرحمن بن عوف نے دو ہزار روپیہ خیرات کئے اور دوسرے کسی صحابی نے آدہ سیر کے قریب کھجورین خیرات کین اسپر منافقون نے اپنے ٹھٹھے کے طور پر یہ چرچا کیا جس کا ذکر اوپر گزرا۔ عبداللہ بن مسعود کی حدیث کے ساتھہ ابوہریرہؓ کی اس حدیث کو ملایا جاوے تو اس خیرات کے قصہ کی پوری تفسیر ہوجاتی ہے آخر آیۃ مین دوزخ کے دکھہ کا جو ذکر ہے اسکی تفسیر انس بن مالکؓ کی وہ دونون روایتین ہیں جو عذابا الیما فی الدنیا والاخرہ کی تفسیر کے طور پر قریب مین گزرین۔

منزل ۲

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ

تو اونکے حق مین بخشش مانگ یا نہ مانگ اگر اونکے واسطے ستر بار بخشش مانگے تو بھی ہرگز نہ بخشے اونکو

اللّٰهُ لَهُمْ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ع

اللہ یہ اسپر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اوسکے رسول سے اور اللہ راہ نہین دیتا بے حکم لوگونکو

ع ۱۲

اس آیۃ مین اللہ پاک نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی خبر دی کہ ان منافق لوگونکا خاتمہ کفر پر ہوا ہے اور ایسے لوگونکی مغفرت نہ ہونیکا اللہ کا وعدہ ہی اسلئے یہ لوگ ہرگز اس لائق نہیں ہیں کہ اونکے واسطے استغفار کی دعا کی جاوے کیونکہ اگر ستر بار بھی اونکے واسطے آپ استغفار کرین گے تو بھی خدا اونکو نہین بخشے گا کسواسطے کہ استغفار تو گنہگار اور خطاوار کے حق مین فائدہ مند ہے نہ جو سرے سے خدا اور رسول کے ساتھہ کفر کرکے بغیر توبہ کے مرگئے اس لئے ان مین کے جو لوگ اس حال مین مرگئے نہ تو اونکی مغفرت ہوسکتی ہے اور نہ انمین کے زندہ لوگونکو توبہ پر مجبور کیا جاویگا اسلئے اللہ تعالی کے علم کے موافق جیتے جی یہ لوگ اپنی اوسی گمراہی مین پڑے رہین گے حضرت عبداللہ بن عباس اس آیۃ کے متعلق یہ فرماتے ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ تعالی نے منافقون کے حق مین استغفار کرنے کا اور نہ کرنے کا اختیار دیا ہی تو آپ نے فرمایا مین ستر بار سے زیادہ اونکے واسطے استغفار کرونگا شاید خدا اونہین بخشدے اوسپر اللہ پاک نے غصہ ہوکر فرمایا

کہ تمہارا استغفار کرنا اور نکرنا دونون برابر ہین کیونکہ اللہ تعالی کو ان لوگونکے خاتمہ کا حال معلوم ہے اسلئے انکی مغفرت نہوگی
یہ غصہ کی آیۃ سورہ منافقون مین آویگی ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھہ شعبی سے یون روایۃ کی ہی کہ جب عبد اللہ بن ابی مرنے
کے قریب ہوا تو اسکا بیٹا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا کہ یا رسول اللہ میرا باپ قریب المرگ ہی آپ چلکر اسکے واسطے
استغفار کرین اور نماز پڑہین آپنے اوس سے پوچھا کہ تیرا کیا نام ہی اسنے کہا کہ حباب بن عبد اللہ آپ نے فرمایا کہ حباب نام شیطان کا
ہے تیرا نام عبد اللہ بن عبد اللہ ہے اور پھر آپ اسکے ہمراہ ہوئے اور اپنا کرتہ اوسے پہنادیا اور آپنے اسکے واسطے مغفرت کی دعا کی
اوسوقت یہ آیۃ نازل ہوئی آپنے سمجھا کہ ستر بار سے زیادہ دفعہ مغفرت کی دعا کیجاویگی تو شاید اللہ تعالی استغفار قبول کریگا
اوسپر یہ حکم ہوا کہ چاہے جتنی بار استغفار کرو اللہ ایسے لوگونکو ہرگز نہین بخشے گا یہ عامر بن شراحیل شعبی کوفہ کے قاضی
اور امام ابو حنیفہ رح کے اوستادون میں ہیں - یہ بڑے ثقہ اور جلیل القدر تابعی ہیں حدیث کی سب کتابون مین ان سے
روایتین ہیں اکثر روایتین انکی حضرت علیؓ حضرت عبد اللہؓ بن عباس اور ابو ہریرہؓ سے ہوا کرتی ہیں انکی حضرت علیؓ سے
جو روایۃ ہوا کرتی ہی اسکو بعضے علما مرسل کہتے ہیں لیکن ساتھہ ہی اسکے علما نے یہ بھی فیصلہ کردیا ہی کہ شعبی کی مرسل
روایتین صحیح ہوتی ہیں بغیر ذکر صحابی کے کوئی تابعی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایۃ کرے تو اسکو مرسل کہتے ہیں حاصل
کلام یہ ہی کہ حافظ ابو جعفر ابن جریر کی یہ مرسل روایۃ علما کے فیصلہ کے موافق صحیح اور حدیث نبوی ہی مجاہد نے بھی یون ہی
مرسل طور پر اس روایۃ کو بیان کیا ہی صحیح بخاری مین ابو ہریرہؓ اور سہیل بن سعد سے جو روایتین ہیں اون مین آنحضرت منزل ۲
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمر بھر آدمی خواہ کیسے ہی عمل کرے لیکن جس حالت پر آدمی کا خاتمہ ہوتا ہے شریعت مین وہی
حالت معتبر ہے خاتمہ کا حال سوا اللہ تعالی کے اور کسی کو معلوم نہین تہا اسلئے صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا
کہ خاتمہ بخیر ہونے کی آخر نشانی کیا ہی آپنے جواب دیا کہ الہ تعالی کو اپنے علم ازلی کے موافق جس شخص کا خاتمہ بخیر کرنا ہوتا ہی تو وہ
ایسے شخص کو آخر عمر مین نیک کامونکا شوق عطا فرمادیتا ہی اور اسی حالت پر وہ شخص دنیا سے اوٹھہ جاتا ہی جس سے اسکا
خاتمہ بخیر ہوجاتا ہی خاتمہ بخیر ہونے کی نشانی کی یہ حدیث انسؓ بن مالک کی روایۃ سے ترمذی مین ہی اور ترمذی نے اس حدیث کو
صحیح کہا ہی ان حدیثونکو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ شریعت مین خاتمہ کی حالت معتبر ہے اور جن منافق لوگونکا
حال آیۃ میں ہی علم الہی کے موافق آخر عمر مین وہ اپنے عقیدون سے باز آنے والے اور خالص نیت کے نیک عملون مین لگنے
والے نہین تہے اسلئے اللہ تعالی نے وہ شوق ہی انکے دلمین نہین پیدا کیا اور عمر بہر جس حالت پر یہ لوگ تہے آخر اوسی حالت
پر دنیا سے اوٹھہ گئے اب اللہ تعالی کا یہ تو وعدہ ہے کہ جس طرح سوئی کے ناکے مین ہوکر اونٹ نہین نکل سکتا اسی طرح
ایسے لوگ جنت مین نہین جاسکتے اسی واسطے اللہ تعالی نے اپنے رسول کو ان لوگونکے خاتمہ کا حال جتلاکر ایسے لوگونکے حق
مین مغفرت کی دعا کرنے سے منع فرمایا یہ سوئی کے ناکے اور اونٹ کی مثال سورہ اعراف مین گذر چکی ہی دعا مغفرت کے
ساتھہ اس آیۃ مین ستر دفعہ کی قید ہے اور سورہ منافقون مین دعائے مغفرت کے کرنے اور نہ کرنے کو یکسان فرمایا ہے

جس سے مطلب ہی کہ ستر دفعہ کی قید گنتی کی حد کے لئے نہین ہے بلکہ فقط کثرت کے جتلانے کے لئے ہے جسکے معنے یہ ہین کہ بے گنتی دعائے مغفرت بھی ایسے لوگونکو کچھہ فائدہ نہیں پہونچا سکتی۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللَّهِ وَكَرِهُوا أَنْ يُجَاهِدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

خوش ہوئے پچھاڑی والے بیٹھہ رہ کر خلاف رسول اللہ سے اور برا لگا کہ لڑین اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ مین

اللہ پاک نے اس آیۃ مین اون منافقون کے مذمت بیان کی جو غزوہ تبوک مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد مین نہیں شریک ہوئے اور حضرت کا ساتہ نہین دیا اپنے گہرون مین بیٹھہ رہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جانے پر خوشی ظاہر کی اور لڑنے سے جی چرایا اور اپنے مال و دولت کو خدا کی راہ مین خرچ کرنے سے بخل کیا اور خدا کی راہ مین اپنی جان کو ہتیلی پر رکہنا برا سمجہا حالانکہ خدا کے نزدیک بڑے بڑے مرتبے اوس شخص کے ہین جو جان و مال سے جہاد مین شریک ہو ان منافقون نے خود تو جی چرایا تو چرایا مگر اورون کو بھی منع کرتے تھے کہ ایسی گرمی مین کہان جہاد مین لڑنے کو جاؤگے جیسا کہ خود اللہ پاک نے آگے بیان فرمایا۔ صحیح مسلم مین سفیان بن عبداللہ ثقفی کی حدیث ہی جسکا حاصل یہ ہی کہ سفیان بن عبداللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دن کہا کہ حضرت مجہکو دین کے باب مین کوئی ایسی کامل بات بتلا دیجئے کہ مین اُس کا پابند رہون اور پہر مجہکو کسی اور بات کے پوچہنے کی ضرورت باقی نرہے آپنے جواب دیا کہ شرع کے احکام کو ویسے ماننا چاہیے اور پہر اُنپر جیتی سے قائم رہنا چاہیے۔ صحیح مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایتہ ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کے ساتھہ ایک فرشتہ رہتا ہی جو اوس شخص کو نیک کامونکی رغبت دلاتا رہتا ہے اور ایک شیاطین رہتا ہی جو اوس شخص کو بُرے کامون مین پہنسانے کی کوشش کرتا ہی ان حدیثون کو آیۃ کے اس ٹکڑے کی تفسیر مین بڑا دخل ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ یہ منافق لوگ شرع کے احکام کو ویسے نہین مانتے اس لئے اُن احکام کی پابندی اونپر شاق گزرتی ہی اسی واسطے دین کی لڑائی کا کوئی پاس کا سفر ہو اور اوس مین کچھہ مال ہاتھہ آجانے کی امید بھی ہو تو ایسے موقع پر یہ لوگ اوپرے دلسے لشکر اسلام کا ساتہ دیتے ہین یہ تبوک کا سفر دور کا سفر ایک سخت موسم مین تھا اس لئے جھوٹے عذر کرکے اس سفر سے بچ بچگئے اور اپنے ساتھہ کے شیاطینون نے انکو یہ بہکا دیا کہ ایسے سخت موسم مین طرح طرح کے عذرون سے سفر کو جٹال دیا تو گویا ان لوگون نے بڑی ہوشیاری کی اس بہکاوے کی ہوشیاری پر فخر کرکے لشکر اسلام کی واپسی تک یہ لوگ خوشیان مناتے تھے انہی خوشیون کا ذکر آیۃ مین ہی۔ فی سبیل اللہ کے معنے فی دین اللہ جس کا مطلب ہی کہ دین الہی کے احکام کی عظمت ان لوگونکے دلمین نہیں ہے اسلئے اُن احکام کی پابندی مین یہ لوگ اپنی جان اور اپنے مال کو خطرہ مین نہیں ڈالنا چاہتے۔

وَقَالُوا لَا تَنْفِرُوا فِي الْحَرِّ ۗ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۚ لَوْ كَانُوا يَفْقَهُونَ ۝ فَلْيَضْحَكُوا

اور بولے مت کوچ کرو گرمی مین تو کہہ دوزخ کی آگ اور سخت گرم ہے اگر اونکو سمجہہ ہوتی سو ہنسین بیوین

منزل ۲

قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًا ۚ جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

تھوڑا اور روویں بہت سا بدلا اوس کا جو کماتے تھے

بیہقی اور تفسیر ابن جریر مین کئی طریقہ سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہی اُسکا حاصل یہ ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک کی لڑائی کے لئے مدینہ سے سفر کرنے کا حکم دیا تو وہ موسم نہایت گرمی کی شدت کا تھا بعضے منافقون نے مسلمانون سے مشورہ کے طور پر اور آپس مین یہ چرچا کیا کہ ایسے گرم موسم مین سفر مناسب نہیں ہے اور خود بھی مصنوعی عذر کرکے مدینہ مین رہ گئے اوسپر اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ جھوٹے عذر کرکے یہ لوگ دنیا کی تھوڑی سی گرمی سے اگر بچ گئے تو یہ جگہ کچھ خوش ہونے اور ہنسنے کی نہیں ہی بلکہ نہایت رونے کی جگہ ہی کہ اُس مین اُنھون نے اللہ کے رسول کے حکم کی مخالفت کی جس مخالفت کی سزا مین اونکو دوزخ کی آگ کی گرمی برداشت کرنی اور سہنی پڑیگی - جس کے آگے دنیا کی گرمی کی کچھ بھی حقیقت نہین ہی - صحیح بخاری مسلم اور ترمذی مین ابوہریرہؓ سے روایۃ ہی کہ دنیا مین جو آگ لوگون کے کام آتی ہی بہ نسبت دوزخ کی آگ کے اوسنہتر درجہ حرارت اسکی گھٹادی گئی ہے مسند امام احمد بن حنبل ابن ماجہ اور بیہقی مین انسؓ بن مالک سے جو روایتین ہین اُنکا حاصل یہ ہی کہ تین ہزار برس تک دوزخ کی آگ دہونکائی گئی ہی اس لئے دہونکاتے دہونکاتے اُس کا رنگ کالا ہوگیا ہی ستر درجہ حرارت کم کرکے دو دفعہ دریا مین ٹھنڈی کی جاکر اگر وہ آگ دنیا مین نہ اوتاری جاتی تو دنیا مین نہ وہ آگ ٹھہر سکتی نہ اوس سے کوئی فائدہ اوٹھا سکتا تھا - اس حدیث کی سند کے ایک راوی یزید بن ربان رقاشی کو اگرچہ بعضے علما نے ضعیف کہا ہی لیکن ابن معین اور ابن عدی نے اُسکو ثقہ کہا ہی ہی واسطے حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہی معتبر سند سے مستدرک حاکم مین عبداللہ بن قیس کی حدیث ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ کے عذاب کی تکلیف سے دوزخی لوگ یہان تک روئین گے کہ اُنکے آنسوؤن مین اگر کشتی چلائی جاوے تو چل سکے اور جب اُنکے اصل آنسو سوکھ جاوین گے تو یہ لوگ خون کے آنسو سے روئین گے دنیا کی دھوپ کی ذرا سی تیزی اور دنیا کی ناپایدار ہستی ان دونون کے مقابلہ کے طور پر دوزخ کی آگ کی تیزی اور دوزخ کے مدتون تک کے رونے سے اللہ تعالی جو لوگون کو ڈراتا ہی یہ حدیثین سمجھدار آدمی کے حق مین اوس ڈر کی گویا تفسیر ہے -

فَإِن رَّجَعَكَ اللَّهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُلْ لَّن تَخْرُجُوا

سو اگر پھیر لیجاوے تجکو اللہ کسی فرقہ کی طرف اون مین پھر یہ رخصت چاہین تجھے نکلنے کو تو تو کہہ تم ہرگز نہ نکلوگے

مَعِيَ أَبَدًا وَلَن تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُم بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوا مَعَ الْخَالِفِينَ ۝

میرے ساتھ کبھی اور نہ لڑوگے میرے ساتھ کسی دشمن سے تمکو پسند آیا بیٹھہ رہنا پہلی بار سو بیٹھے رہو ساتھہ پچھاڑی والون کے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر ہی مین تھے تو اللہ پاک نے یہ حکم دیا کہ جب آپ مدینہ مین واپس ہوکر پہونچین اور پھر کبھی دوبارہ کسی جہاد مین جانے کا اتفاق ہو اور وہ بارہ منافق جو مدینہ مین ہیں اور اس تبوک کے سفر مین شریک نہ ہوئے گھر دن مین بیٹھے رہے اگر یہ لوگ آیندہ کہنے لگین کہ اس مرتبہ ہم چلین گے تو اُنسے کہدو کہ تم نے تو پہلی مرتبہ گھر دن مین بیٹھ رہنا پسند کیا اب تم

کبھی ہمارے ساتھ جہاد مین نہیں جا سکتے ہو اور نہ کسی دشمن سے لڑائی کر سکتے ہو تم تو بس انہیں معذور لوگون کے ساتھ بیٹھے رہو جو جہاد مین شریک ہونے سے مجبور ہیں بیمار ہیں یا کوئی اور عذر رکھتے ہیں مفسرین نے الی طائفۃ کی یہ تفسیر بیان کی ہی کہ اللہ پاک نے آپ کو یہ حکم دیا ہی کہ جب آپ مدینہ مین سے جو مدینہ مین رہ گئے ہیں ایک گروہ سے ملو اور پھر وہ لوگ جہاد مین جانے کو راضی ہون تو اونسے کہو کہ تمہارا چلنا اب ضرور نہین ہی یہ اسلئے فرمایا کہ جو غزوہ تبوک مین نہین گئے تھے وہ سب کے سب منافق نہین تھے بلکہ اُن لوگون مین سے بعضے مومن بھی تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد سے واپس آکر بعضون کے عذر کو قبول بھی کیا اور بعضون کو کچھ دنون کی مہلت ملی اور پھر خدا نے اُنکی توبہ قبول کی جسکا ذکر آگے آویگا اسلئے فرمایا کہ وہ منافق تھوڑے سے لوگ ہیں اور ایک چھوٹا سا گروہ ہی اونہیں سے یہ بات کہو کہ تم اب جہاد میں نہیں شریک ہو سکتے تفسیر ابن ابی حاتم مین قتادہ کا قول ہی کہ یہ منافق صرف بارہ شخص تھے جنکے حق مین آیہ نازل ہوئی ہی صحیح بخاری مین انس بن مالک اور صحیح مسلم مین جابر بن عبداللہ سے جو روایتین ہین اُنکا حاصل یہ ہی کہ تبوک کے سفر سے واپسی کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ بعضے لوگون نے گھر بیٹھے وہی ثواب پایا جو اور لوگون نے سفر کرکے پایا صحابہ نے پوچھا کہ حضرت یہ کیونکر آپ نے فرمایا کہ وہ لوگ مجبوری کے سبب سے مدینہ مین رہ گئے ورنہ وہ ضرور اس سفر مین شریک ہوتے ان حدیثون سے اس قول کی پوری تائید ہوتی ہی کہ جو لوگ تبوک کے سفر مین شریک نہین ہوئے وہ سب منافق نہین تھے اور یہی حدیثین الی طائفۃ کا لفظ فرمانے کی گویا تفسیر ہین۔

منزل ۲

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝

اور نماز نہ پڑھ اون مین کسی پر جو مر جاوے کبھی اور نہ کھڑا ہو اسکی قبر پر وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اسکے رسول سے اور مرے ہین بیحکم

صحیح بخاری و مسلم وغیرہ مین حضرت عمر رض اور عبداللہ بن عمر کی روایتون سے بوشان نزول اس آیہ کی بیان کی گئی ہی اوس کا حاصل یہ ہی کہ قبیلہ خزرج کا سردار منافقون کا سرگروہ عبداللہ بن ابی کا بیٹا آنحضرت سے درخواست کی کہ آپ عبداللہ بن ابی کے جنازہ کی نماز بھی پڑہین اور اپنے جسم مبارک کا ایک کرتہ بھی دیون جس مین عبداللہ بن ابی کو لپیٹ کر دفن کیا جاوے عبداللہ بن ابی کے بیٹے عبداللہ کی دلداری آنحضرت کو زیادہ منظور تھی کیونکہ یہ بدری صحابی اور آنحضرت کے بڑے فرمانبردار اور پکے مسلمان تھے اور بدر کے قیدیون مین حضرت عباس آئے تھے تو اُنکے پاس کپڑا نہ تھا اُس وقت عبداللہ بن ابی نے اپنا کرتہ حضرت عباس کو دیا تھا ان وجوہات سے آنحضرت نے اپنا کرتہ بھی عبداللہ بن ابی کے کفنانے کو دیا اور جنازہ کی نماز بھی پڑہی پھر نماز پڑہنے کے تھوڑی دیر کے بعد حضرت جبرئیل آئے اور اللہ تعالی نے یہ آیہ نازل فرمائی جب آنحضرت نے عبداللہ بن ابی کے جنازہ پر نماز پڑہنے کا قصد کیا تھا تو حضرت عمر نے آنحضرت کی چادر کا پلو پکڑ کر یہ کہا تھا کہ حضرت اس منافق کے جنازہ پر آپ کیون نماز پڑہتے ہین لیکن اوسوقت تک کوئی صریح ممانعت اس طرح کے منافق لوگون کے جنازہ پر نماز پڑہنے کی کسی آیہ مین نہیں آئی تھی اور آیہ استغفر لہم او لا تستغفر لہم مین ایک اختیار کی صورت پائی جاتی تھی کہ کسی منافق کے جنازہ پر چاہین تو آنحضرت استغفار کر بھی سکتے ہین اور ابوطالب کی وفات کیوقت

آیۃ ماکان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین جو نازل ہوئی تہی اس میں خاص مشرکون کا حکم تہا منافقون کا کوئی حکم نتہا اس سبب سے آنحضرت نے حضرت عمر کا کہنا نہ مانا اور عبداللہ بن ابی کے جنازہ کی نماز پڑہی اس آیۃ کے نازل ہونے کے بعد جب صریح ممانعت آگئی تو پہر آپنے کسی منافق کے جنازہ کی نماز نہین پڑہی چنانچہ ترمذی مین عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس کی روایتون مین اسکی تصریح ہی اور ترمذی نے اسی حدیث کو صحیح کہا ہی۔ غرض اس قصہ کے متعلق جو مطلب بیان کیا گیا ہی وہ صحیح روایتون کا مضمون ہی اسکے سوا بعضے علماء نے صحیحین کی روایۃ کو جو ضعیف کہدیا ہی یا بعضون نے عبداللہ بن ابی کے کامل ایمان کو تسلیم کر لیا ہی یہ کچہہ قابل اعتبار باتین نہین ہین۔ کیونکہ صحیحین کی روایۃ کو ضعیف ٹہہرانا جس طرح ایک بے ٹہکانے بات ہے اوسی طرح طبقات صحابہ مین جب عبداللہ بن ابی کا نام صحابہ کے ذیل مین جمہور علماء سلف نے نہین لکھا تو ایک دو متاخر عالمون کے کہنے سے عبداللہ بن ابی کامل الایمان صحابی کیونکر قرار پا سکتا ہی۔ صحیح بخاری و مسلم کی جابر بن عبداللہ کی روایۃ مین یہ جو ذکر ہے کہ عبداللہ بن ابی کے دفن کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسکی قبر پر آئے اور اوسکو قبر مین سے نکلوا کر اسکے جسم پر جگہ جگہ اپنے منہہ کا لعاب لگایا اور پہر اپنا کرتہ اسکی لاش کو پہنایا۔ اس روایۃ مین اور اوپر کی روایتون مین کچہہ اختلاف نہین ہی کیونکہ اصل قصہ یون ہی کہ پہلے عبداللہ ابن ابی کے بیٹے کی خاطر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا کرتہ بھی عبداللہ بن ابی کے کفنانے کے لئے دیدیا تہا اور اسکے جنازہ کی نماز بہی پڑہہ لی تہی اسکے بعد عبداللہ بن ابی کے بیٹے کی زیادہ خاطر داری کے خیال سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے منہہ کا لعاب بہی عبداللہ بن ابی کی لاش کو لگانا چاہا اور اسی ارادہ سے اوسکی قبر پر جاکر اسکی لاش کو قبر سے نکلوایا اور اپنا کرتہ جو لاش کو پہنا دیا گیا تہا اوسے اوتروا کر اپنا لعاب مبارک جگہ جگہ لاش پر ملا اور پہر وہی کرتہ لاش کو اپنے ہاتہہ سے پہنا کر دفن کرا دیا فاسق کے معنے بے حکم کے ہین اور کافر کے معنے دین کے منکر کے منافقون مین یہ دونون باتین ہوتی ہین کیونکہ انکے دلمین دین کا انکار ہوتا ہی اور ظاہر مین مثلاً جھوٹ بولنے امانت مین خیانت کرنے سے یہ لوگ بے حکم بہی ہوتے ہین اس لئے آیۃ مین دونون لفظ فرمائے۔ منزل ۲

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا

اور تعجب نہ کر تجہہ کو انکے مال اور اولاد سے یہی چاہتا ہے اللہ کہ عذاب کرے اونکو اون چیزون سے دنیا مین

وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ۝

اور نکلے اونکی جان جب تک کافر ہی رہین

اس آیۃ کی تفسیر بعینہ اس سے پہلے گذر چکی ہی یہ دوبارہ تاکید کے ساتہہ اللہ پاک نے حکم دیا کہ کفار کے مال و اولاد کو دیکہکر تعجب نکر و خدا اون لوگونکو انہین چیزون کے ساتہہ عذاب کریگا انکے مال انہین کے واسطے وبال جان ہو جائینگے انکی اولاد انہین کے لئے موجب ہلاکت ہوگی اور یہ لوگ مرتے دم تک کافر کے کافر ہی رہینگے کبہی ایمان نہین لائینگے بعضے مفسرین نے اس آیۃ اور اس سے پہلے کی آیۃ مین یہ فرق بیان کیا ہی کہ دونون آیتین دو قوم کے حق مین نازل ہوئی۔ مال کی زیادتی نے

ثعلبہ بن حاطب کی دینداری مین جو کچھ فتور ڈالا اُسکا ذکر حضرت عبداللہ بن عباس کی صحیح روایۃ سے اوپر گزر چکا ہی اسی طرح ترمذی اور مستدرک حاکم مین حضرت عبداللہ بن عباس کی صحیح روایۃ ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ ہجرت کے وقت کچھ صحابہ اپنے بی بی بچون کے رونے پیٹنے کے سبب سے بہت روز تک ہجرت نہ کرسکے اور بہت سے دینی باتون سے محروم رہے ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین بڑا دخل ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ مال واولاد جب پکے مسلمانون کے دین مین فتور ڈالنے والی چیزین ہیں تو کچے مسلمانون کے حق مین مال واولاد بلاشک ایک عذاب ہی اولاد کا مرجانا مال مین کسی طرح کا نقصان اوٹھانا مال کی حفاظت اولاد کی پرورش بیدینی کے سبب سے یہ سب باتین ان کے لئے ایسی عذاب ہیں جنسے مرتے دم تک انکو فرصت نہیں آخر اسی حالت مین یہ لوگ ایک دن مرجاتے ہیں اور مال اور اولاد کے چھوڑ جانے کا غم اپنے ساتھ لیجاتے ہیں اسی واسطے فرمایا ایسے لوگونکو اللہ تعالے نے مال واولاد کی زیادتی کیا دی ہی کہ گویا انکو ایک عذاب مین پہنسا دیا ہے۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا

اور جب نازل ہوتی ہی کوئی سورت کہ یقین لاؤ اللہ پر اور لڑائی کرو اُسکے رسول کے ساتھ ہوکر رخصت مانگتے ہیں مقدور والے اونمین سے اور کہتے ہیں

ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ

ہمکو چھوڑ دے رہجاوین ساتھ بیٹھنے والونکے خوش آیا اونہین کہ رہ جاوین ساتھ پچھلی عورتونکے اور مہر ہوئی اُنکے دلپر سو اُنکو بوجھ نہین

منزل ۲

اللہ پاک نے ان آیتون مین اون لوگونکی مذمت بیان فرمائی جنہین جہاد مین شریک ہونے کی ہر طرح کی قدرت حاصل تہی اور پھر بھی اونھون نے اس دینی کام سے پہلوتہی کی اسلئے فرمایا کہ جو لوگ غنی ومالدار ہین وہ بھی تو اجازت چاہتے ہیں حالانکہ اللہ تعالی نے قرآن کی اکثر سورتون مین یہ حکم نازل فرمایا ہی کہ خالص دلسے احکام الٰہی پر ایمان لاؤ اور جہاد مین شریک ہوکر لڑو مگر وہ اسبات کو بہت پسند کرتے ہیں کہ عورتون کی طرح گھر مین بیٹھے رہین انہین اس بات کی مطلق پروا نہیں کہ گھرون مین بیٹھنا عورتون کا کام ہی اور مردون کا شیوہ دشمن کے مقابلہ مین جوانمردی کے ہنر کے دکھلانے کا ہی سورہ احزاب مین انہین لوگون کے حق مین یون فرمایا ہی کہ جب لڑائی کا موقع آتا ہی تو سب سے پہلے یہ لوگ نامرد بن جاتے ہیں اور جب لڑائی کا خوف جاتا رہتا ہی تو انکی زبان خوب چلنے لگتی ہی اور سب سے زیادہ باتین بنانے لگتے ہیں پھر فرمایا کہ ایسی ہی باتون سے انکے دلون پر زنگ کی مہر لگا دیگئی ہی اسلئے یہ دین کے کام سے جی چراتے ہین انکو اپنے نفع ونقصان کا کچھ خیال نہین ہی بالکل ناسمجھ ہین گویا عقل ہی نہین رکھتے ہیں۔ صحیح بخاری ومسلم مین حضرت عمر رضہ اور ابو ہریرہ رضہ سے روایتین ہیں جنمین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چند باتونکے سوال کئے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اون باتونکے جواب دئے ہیں ان روایتون کے موافق قیامت کے دن کی جزا وسزا پر خالص دل سے ایمان لانا ایماندار کی نشانی ہے مسند امام احمد وغیرہ کے حوالہ سے ابوامامہ رضہ کی معتبر روایۃ ایک جگہ گذر چکی ہے جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایماندار شخص کی یہ نشانی بتلائی ہی کہ نیک کام سے اُسکا دل خوش ہوتا ہی اور بُرے کام سے اُسکو ایک طرح کا رنج ہوتا ہی ترمذی نسائی مستدرک حاکم وغیرہ کے حوالہ سے ابوہریرہ رضہ کی صحیح روایۃ ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر توبہ کے بُرے کامون مین لگے رہنے سے آدمی کے دلپر زنگ لگ کر اُسکا دل سیاہ ہوجاتا ہی ترمذی
اور بیہقی مین ابوہریرہؓ سے روایت ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن نیک عمل کرنے والے تو اسبات
پر پچتاوینگے کہ اونھون نے نیک عمل اور زیادہ کیون نہین کئے اور بُرے عمل کرنے والے اس بات پر پچتاوینگے کہ وہ بُرے
عملون سے باز کیون نہیں آئے اس حدیث کی سند مین ایک راوی یحییٰ بن عبداللہ بن موہب ہی جسکو بعضے علماء نے
ضعیف قرار دیا ہی لیکن ابوالحسن یحییٰ بن القطان نے یحییٰ بن عبداللہ کو ثقہ کہا ہی یہ یحییٰ بن القطان مصر کے مشہور علماء مین
ہین اور راویون کے ثقہ وضعیف قرار دینے مین اُنکے قول کا بڑا اعتبار ہے ان حدیثون کو آیۃ کی تفسیر مین دخل ہی جس کا حاصل
یہ ہی کہ اگرچہ قرآن کی اکثر آیتون مین ان لوگونکو عقبیٰ کی جزا و سزا پر خالص دلسے ایمان اور یقین لانے کا حکم دیا گیا لیکن ابتک اپنی
اس منافق پنے سے باز نہین آئے کہ دلمین کچھ اور زبان پر کچھ اسلئے بغیر سزا و جزا کے یقین لانے کے نہ اُنکے دل مین نیک کام کا
شوق ہی نہ بُرے کام کا خوف اسواسطے بیدھڑک بُرے کام کرنیسے اُنکے دلونپر زنگ کی مہر لگ گئی ہی جسکے سبب سے قرآن کی نصیحت اُنکے دلونپر کچھ اثر نہین
کرتی اور عقبیٰ کا بھلا بُرا اُنکی سمجھ مین نہین آتا لیکن اپنی اس حالت پر یہ لوگ ایسے وقت پر پچتاوینگے جسوقت کا پچتانا اُنکی کچھ کام نہ آویگا۔

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

لیکن رسول اور جو ایمان لائے ہین ساتھہ اُسکے لڑتے ہین اپنے مال اور جان سے اور اون ہی کو ہین خوبیان اور وہی پہنچے

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ع ۹ ۱۷

مراد کو تیار رکھے ہین اللہ نے اُنکے واسطے باغ بہتی ہین نیچے اونکے نہرین رہا کرین انمین یہی ہی بڑی مراد ملنی

اللہ پاک نے منافقون کی مذمت بیان کرکے یہ بات بیان فرمائی کہ یہ لوگ جو جہاد مین نہیں شریک ہوئے ہین اُس سے کوئی ضرر خدا
کے دین کو نہیں پہونچتا ہی ان لوگونسے جو بہتر اور اچھے لوگ ہین رسول اور مومنین وہ لوگ سچے دل سے اور خالص نیت سے
خدا کی راہ مین جان اور مال سے حاضر ہین اور آئے دن جہاد کرتے رہتے ہین اور جیسا کہ حق جہاد کا ہی پورا پورا ادا کرتے ہین پھر یہ
ذکر کیا کہ یہ مومنین جو اس طرح خدا کی راہ مین سرگرمی سے لڑرہے ہین تو اُنکی محنت رائگان نہیں جائے گی اسکے عوض مین
دنیا اور آخرت دونون جگہ انہین بہتری ہوگی اور بڑی فلاحیت اوٹھائینگے کیا یہ کم دنیا مین فلاحیت ہی کہ جہاد مین شریک ہونے پر
مال غنیمت کے مستحق ہوتے ہین اور عقبیٰ مین خدا تعالیٰ نے اُنکے لئے جنت بنا رکھی ہی جس مین نہرین جاری ہین اور پھر یہ لوگ
اسمین جانے کے بعد کبھی نکالے نہیں جائینگے ہمیشہ ہمیشہ کو وہین رہینگے طرح طرح کی نعمتین اُنکے واسطے جنت مین موجود ہین
یہ فوز عظیم نہین تو کیا ہی۔ صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث اوپر گزر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جو شخص اللہ اور اللہ کے رسول کی فرمانبرداری کے طور پر دین کی لڑائی مین شریک ہوتا ہی اسبات پر اللہ تعالیٰ اُس کا ضامن
ہوجاتا ہی کہ اگر وہ اپنے گھر کو واپس آیا تو اجر اور مال غنیمت لیکر آویگا اور اگر شہید ہوا تو جنت مین داخل ہوگا صحیح بخاری و مسلم
کے حوالہ سے انسؓ بن مالک کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی جنتی کو اگر ساری

دنیا کے ملجانے کا لالچ دیا جاکر دنیا مین آنیکو کہا جاویگا تو جنت کی نعمتون کو چھوڑکر کوئی جنتی دنیا مین آنے کو راضی نہ ہوگا مگر شہادت کے اجر مین شہیدونکو جنت کے عالی مقام جو ملین گے اونہین دیکھکر شہید یہ تمنا کرین گے کہ وہ پھر دنیا مین آویں اور دس دفعہ اللہ کی راہ مین پھر شہید ہون یہ حدیثین واولئک لہم الخیرات واولئک ہم المفلحون کی گویا تفسیر ہین جن کا حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالی کے ضامن ہونے کا یہ ظہور ہوا کہ ان لوگون مین سے جو زندہ رہے اونھون نے اوراون کی اولاد نے بادشاہت پائی اور جو شہید ہوگئے اون کو وہ عالی درجے ملے کہ جن کو دیکھکر انہین پھر دنیا مین آنے اور شہید ہونیکی آرزو پیدا ہوئی

وَجَاءَ الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِينَ كَذَبُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ

اور آئے بہانہ کرتے گنوار تا رخصت ملے اونکو اور بیٹھ رہے جو جھوٹے ہوئے اللہ سے اور رسول

سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

سے پہنچے گی اونکو جو منکر ہوئے اون مین دکھہ کی مار

اللہ پاک نے اس آیہ مین اُن دو گروہ کا ذکر فرمایا جنہون نے جھوٹا عذر کرکے جہاد مین شرکت نہین کی اور جنہون نے عذر بھی نہین کیا ان خدا اور رسول کے وعدونکو جھوٹا جانکر گھر ونمین بیٹھے ہے فرمایا کہ ان دونون گروہ کو سخت عذاب پہونچے گا مفسرین کا اسبات مین اختلاف ہی کہ وہ کون لوگ تھے جنہون نے عذر کیا تھا بعضون نے یہ کہا ہی کہ یہ لوگ قبیلہ اسد اور غطفان کے لوگ تھے انھون نے یہ عذر کیا تھا کہ ہمارے اہل وعیال مین جنکے واسطے ہم کو بڑی محنت ومشقت کرنی پڑتی ہے آپ ہمین گھر مین رہ جانے کی اجازت دیدین اور بعضون نے یہ بیان کیا ہے کہ عامر بن طفیل کے یہ لوگ تھے اونھون نے آکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات کہی تھی کہ ہم آپکے ساتھہ اگر چلکر لڑائی مین شریک ہون تو ہمارے بی بی بچے اور مویشی اکیلے رہ جائین گے قبیلہ طے کے گنوار آکر ہمارے پیچھے اونہین برباد کردین گے اور سب مال لوٹ کر لیجائین گے اسلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگون سے کہدیا کہ خیر خدا نے تمہاری ضرورت میرے واسطے نہین رکھی ہی۔ اور بعضون نے یہ کہا ہے کہ قبیلہ غفار کے چند آدمیون نے عذر بیان کیا تھا اللہ پاک نے اس عذر کو قبول نہیں کیا صحیح قول یہی ہی کہ اطراف مدینہ مین جو چند قبیلے رہتے تھے اون مین سے بعضے لوگ جھوٹے عذر کرکے اور بعضے بغیر کسی عذر کے پیش کرنے کے اپنے اپنے گھرون مین بیٹھہ رہے اور اس سفر مین اونھون نے لشکر اسلام کا ساتھہ چھوڑدیا مال اور اولاد کے دین مین فتور ڈالنے کی روایتین جو اوپر گذر چکی ہین وہی روایتین اس آیہ کی بھی گویا تفسیر ہین ان مین سے بعضے لوگونکو منکر دین اور لائق عذاب کے بتلایا کہ بعضے ان مین کے پھر بعد اسکے خالص دل سے پکے مسلمان ہوگئے چنانچہ صحیح بخاری ومسلم مین ابوہریرہؓ سے جو روایتین ہین اون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اون کی تعریف فرمائی ہے ۔

منزل ۲

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَى وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ

ضعیفون پر تکلیف نہین اور نہ مریضون پر اور نہ اونکو جنکو پیدا نہین جو خرچ کرین

حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِن سَبِيلٍ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

جب وے سے صاف ہون اللہ اور رسول کے ساتھ نہین نیکی والونپر الزام کی راہ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

تفسیر ابن ابی حاتم اور مغازی محمد بن اسحاق مین زید بن ثابت کی روایت سے جو شان نزول اس آیۃ کی بیان کی گئی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ قوی تندرست مالدار لوگ جو غزوہ تبوک میں نہین گئے تھے جب اوپر کی آیتون مین ایسے لوگون پر اللہ کی خفگی کی آیتیں نازل ہوئین تو ناتوان بوڑھے اور بیمار اور ایسے مفلس صحابہ جنکے پاس اتنا خرچ نہیں تھا کہ سواری اور خرچ راہ کا بندوبست کرکے آنحضرت کے ساتھ جاتے وہ بہت ہراسان ہوئے کہ شاید ہم لوگ بھی اسی خفگی مین داخل ہین اُنکی تسکین کے لئے اللہ تعالی نے یہ آیۃ نازل فرمائی حاصل معنے آیۃ کے یہ ہین کہ ایسے صاحب عذر جو لڑائی پر نہین گئے تو اون پر سرزنش اس سبب سے نہین ہے کہ عذر نے ایسے لوگون کو معذور کر رکھا ہے اور اس معذوری کے سبب سے اُنپر لڑائی مین جانا فرض نہین ہے اصل سرزنش تو اُن لوگونپر ہے جنہون نے بغیر کسی معذوری کے جھوٹے عذرون سے نبی وقت کا ساتھ چھوڑ دیا صحیح بخاری کے حوالہ سے انس رض بن مالک کی اور صحیح مسلم کے حوالہ سے جابر رض بن عبداللہ کی روایتین اوپر گزر چکی ہین جنمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت سے ہمارے ساتھی مدینہ مین ایسے ہین کہ ہر کام مین گویا ہمارے ساتھ ہین جو رستہ ہمنے طے کیا وہ گویا اونھون نے بھی طے کیا کیونکہ عذر کے سبب سے وہ ہمارے ساتھ نہیں آسکے ایسے دین کے عام کام مین عذر کے سبب سے جو شخص شریک نہ ہوسکے اوس سے اللہ تعالی نے اس آیۃ مین غیر حاضری کی سرزنش اوٹھالی ہے مگر ساتھ ہی اُسکے ایک شرط بھی لگادی ہے کہ اس طرح کا معذور آدمی گھر بیٹھے کوئی بات فساد کی ایسی نہ نکالے جس سے معلوم ہو کہ وہ دین کا خیرخواہ نہیں ہے مثلاً جو مسلمان سفر مین گئے ہوئے ہین اُنکے حق مین کوئی بدخبر اوڑا کر اُنکے رشتہ دارون کو پریشان کرو یا مخالفین دین سے کسی سازش کا کرنا محسنین وہ لوگ ہین جو ہر طرح کی بدنی اور مالی عبادت اللہ تعالی کو حاضر و ناظر جانکر ادا کرتے ہین چنانچہ صحیح مسلم کے حوالہ سے حضرت عمر رض کی حدیث جو ایک جگہ گزر چکی ہے اوس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احسان کے معنے اسی طرح کی حسن عبادت کے بتلائے ہین یہ وہی حدیث ہے جس مین جبرئیل علیہ السلام نے سائل بنکر چند مسئلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھے ہین اور آپ نے اون مسئلون کے جواب دئے ہین ان لوگونکو محسنین جو فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ لشکر اسلام کی غیر حاضری اور سفر تبوک کے زمانہ مین ان لوگون نے آیۃ کی شرط کے برخلاف کوئی بات نہیں کی اسی واسطے یہ لوگ گھر بیٹھے اُس اجر کے مستحق ہوئے جس کا ذکر اوپر کی حدیثون مین گزرا اوپر گزر چکا ہے کہ یون تو جہاد فرض کفایہ ہے - فرض کفایہ اوس فرض کو کہتے ہین کہ قوم کے تھوڑے سے لوگ بھی اوسکو ادا کرلیوین تو سب قوم سے اُسکا بوجھ ٹل جاتا ہے لیکن ساتھ ہی اسکے یہ بھی گذر چکا کہ جن لوگو کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی لڑائی پر جانے کا حکم دیا تو نماز روزہ کی طرح اوسپر فرض عین تھا کہ وہ لوگ ضرور آپ کے حکم کی تعمیل کرین یہ بات اس سبب سے تھی کہ اوس زمانہ کے سب مسلمان بیعت کے ذریعہ سے یہ معاہدہ کرچکے تھے کہ وہ ہر حال مین اسلام کی مدد کرینگے صحیح بخاری و مسلم کے حوالہ سے عبداللہ رض بن عمر کی یہ حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے کہ عہد شکنی منافق کی نشانی ہے

اسی واسطے بلا عذر قوی کے جو لوگ گھر بیٹھ رہے اس سورۃ کی آیتیں اُنپر خفگی نازل ہوئی کیونکہ صحیح بخاری میں کعب بن مالک کے قصہ کی جو حدیث ہی اُسمین یہ ذکر صاف ہی کہ سوا سچے صاحب عذر لوگون کے اور سب مسلمانونکو اس سفر میں ساتھ چلنے کا حکم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا جس سے نماز روزہ کی طرح اُنپر اس لڑائی میں جانا فرض عین تھا حاصل کلام یہ ہی کہ اس مقام پر بعضے مفسرون کو یہ شبہ جو پیدا ہوا ہی کہ جہاد جب فرض کفایہ ہی تو صرف بعضے لوگونکے تبوک کے سفر میں شریک نہونے سے اون لوگو نپر اس قدر عتاب الٰہی کیون ہوا اوپر جو آیۃ کی تفسیر بیان کی گئی اُسکے بعد اب وہ شبہ باقی نہیں رہتا۔

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ إِذَا مَآ أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ أَجِدُ مَآ أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّ

اور نہ اون پر کہ جب تیرے پاس آئے تو اونکو سواری دے تو نے کہا نہیں پاتا ہون وہ چیز کہ اُسپر تمکو سوار کرون اوٹھے پھرے

أَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ۝

اور اونکی آنکھونسے بہتے ہین آنسو اس غم سے کہ نہین پاتے جو خرچ کرین

صحیح بخاری مین ابو موسےٰ اشعری کی روایت سے جو اس آیۃ کی شان نزول اور تفسیر بیان کی گئی ہی اوسکا حاصل یہ ہی کہ ابو موسیٰ اشعری اپنے قبیلہ کے لوگونکے ساتھ آنحضرت کی خدمت مین حاضر ہوئے آپسے لڑائی پر جانے کے لئے سواری عطا فرمانے کی خواہش پیش کی اُسوقت آپ کچھ غصہ مین تھے اُس غصہ کی حالت مین آپنے سواری کے دینے سے اللہ کی قسم کھاکر انکار کیا اسلئے ابو موسےٰ اشعری اور اُنکے ساتھی مایوس ہوکر چلے آئے تھے اتنے مین آپکے پاس کچھ اونٹ مال غنیمت کے کہین سے آگئے اور آپنے اُن لوگون کو پھر بلایا اور چھ اونٹ اُنکو دئے پہلے یہ لوگ اونٹ لیکر چلے پھر اُنکو خیال آیا کہ آنحضرت کو اپکی قسم یاد دلانی چاہیئے ایسا نہ ہو کہ آپنے قسم کی حالت کو بھولکر ہمکو یہ اونٹ دیئے ہون اس خیال سے یہ لوگ راستہ مین سے پلٹے اور آپکو قسم کی حالت یاد دلائی تو آپ نے فرمایا جاؤ تمہین اللہ نے سواری دی مین جب قسم کھاتا ہون اور جس کام پر وہ قسم ہو اُس سے بہتر کوئی کام مجھکو نظر آتا ہی تو قسم کا کفارہ دیکر اُس بہتر کام کو مین کر لیتا ہون اس آیۃ کی تفسیر اور شان نزول اس حدیث کو اس سبب سے کہا گیا کہ یہ آیۃ تو بلا خلاف جنگ تبوک کے واقعہ کے بیان مین ہی اور اس حدیث کو بھی امام بخاری علیہ الرحمۃ نے غزوہ تبوک مین روایۃ کیا ہی اور اس حدیث مین یہ صراحت بھی ہی کہ ان اشعری لوگونکا آنحضرت سے سواری مانگنے کو آنا جنگ تبوک کے وقت تھا اسلئے آیۃ اور حدیث کا قصہ ایک ہی قصہ ہے امام بخاری نے جنگ تبوک مین تو ابو موسےٰ اشعری کی اس حدیث کو مختصر طور پر روایۃ کیا ہی لیکن قسم کے کفارہ کے اور باب مین اسی حدیث کو مفصل طور پر روایۃ کیا ہے اسلئے ان سب روایتون کے دیکھنے سے آیۃ کی تفسیر اچھی طرح سمجھ مین آجاتی ہی اسی واسطے اِن سب روایتون کا حاصل ایک جگہ کیا جاکر آیۃ کی تفسیر مین بیان کر دیا گیا ہے۔

إِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَأْذِنُوْنَكَ وَهُمْ أَغْنِيَآءُ رَضُوْا بِأَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ

راہ الزام کی اوپر ہے جو رخصت مانگتے ہین تجھسے اور مالدار ہین خوش لگا اونہین کہ رہ جاوین پچھلی عورتون کے ساتھ

منزل ۲

الجزء ۱۱

وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ

اور مہر کی اللہ نے اونکے دلپر سو وہ نہین جانتے بہانے لاوینگے تمہارے پاس جب پہر کر جاؤ گے اونکی طرف تو کہہ

لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

بہانے مت بناؤ ہم گز یقین نہ کرینگے تمہارا ہمکو بتا چکا ہے اللہ تمہارے احوال اور ابھی دیکھے گا اللہ تمہارے کام اور اسکا رسول

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ

پہر جاؤ گے طرف اس جاننے والے چھپے اور کھلے کے سو وہ بتاویگا تمکو جو کر رہے تھے اب قسمین کہاوینگے اللہ کی تمہارے پاس جب پہر جاؤ گے

اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

اونکی طرف تا آنسے درگزر کرو سو درگزر کرو اون سے وہ لوگ ناپاک ہین اور اونکا ٹھکانا دوزخ ہے بدلا اونکی کمائی کا

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝

قسمین کہاوینگے تمہارے پاس کہ تم اونسے راضی ہوجاؤ سو اگر تم راضی ہوگے اونسے تو اللہ راضی نہین ہے حکم لوگون سے

اوپر کی آیتون مین اُن لوگون کا ذکر اللہ تعالی نے فرمایا تھا جو آپاہج بڈھے یا مفلس ہونے کے سبب سے لڑائی پر نہین گئے اور ان لوگونکو معذور ٹہراکر یہ فرمایا تھا کہ یہ لوگ سرزنش کے قابل نہین ہین ان آیتون مین فرمایا کہ اصلی سرزنش کے قابل وہ لوگ ہین جو باوجود دولتمند ہونے اور ہٹے کٹے ہونے کے اللہ کے رسول کا ساتہ چھوڑ کر بیٹھ رہے اور آگے کی آیتون مین دور تک ان لوگونکا ذکر ہے جس سے کرمین ان لوگون کی تین قسمین ہین ایک تو وہ جنہون نے آنحضرت سے جھوٹے عذر کئے اُنکی نسبت فرمایا کہ اللہ تعالی انسے راضی نہین اور اللہ نے اُنکے لئے سخت عذاب کہا ہے دوسرا گروہ ہے جنہون نے اپنے قصور پر خود قائل ہوکر اپنے آپکو مسجد نبوی کے ستونون سے باندہ دیا تہا جنکی توبہ جلدی قبول ہوگئی تیسرا گروہ اون تین آدمیونکا ہے جنہون نے آنحضرت کے مدینہ مین واپس آنے کے بعد آنحضرت کے روبرو اپنے قصور کا سچا اقرار کیا اور کوئی جھوٹا عذر نہین گڑہا اُنکی توبہ پونے دو مہینے کے بعد قبول ہوئی۔ ان آیتون مین پہلی قسم کے لوگون کا ذکر ہے باقی کے دو قسم کے لوگونکا ذکر آگے آویگا حاصل مطلب ان آیتون کا یہ ہے کہ ان لوگونکو عقبی کے عذاب وثواب کا یقین نہین ہے اسلئے رات دن بیدہرک یہ لوگ طرح طرح کے گناہ مین گرفتار رہتے ہین اور کثرت گناہون سے اُنکے دلپر ایسا زنگ چہا گیا ہے کہ اُس زنگ کے سبب سے اُنکا دل ناپاک ہوگیا ہے جس سے بھلائی کی خوبی کی یا اور کسی نیک بات کے سمجھنے کی صلاحیت اُنکے دل مین نہین رہی ہے پہر فرمایا اے رسول اللہ کے تم اور تمہارے ساتہ کے مسلمان جب مدینہ مین جاؤ گے تو یہ لوگ طرح طرح کے عذر کرینگے اسپر ان لوگونکو یہ جواب دیدیا جاوے کہ اللہ تعالی نے تمہارے دل کا حال ہمکو بتلا دیا ہے اس لئے اب تم تمہارے عذرون کی صداقت نہین کرسکتے ہان تمہاری آیندہ کی حالت پر اللہ اور اسکے رسول کی نظر ہے کہ آئندہ تم اسلام کے ساتہ کیسا برتاؤ رکھتے ہو اور اسلام کے ساتہ جیسا برتاؤ آیندہ تم لوگ رکھوگے ویسا ہی برتاؤ قیامت کے دن اللہ تعالی تمہارے ساتہ برتے گا کیونکہ سزا وجزا کے لئے ایکدن سبکو اُس غیب دان کے روبرو حاضر ہونا ضرور ہے پہر فرمایا تمہاری واپسی کیوقت قسمین کہا کہا کر اسلئے یہ لوگ عذر کرینگے کہ تم اُنکو کوئی ظاہری سرزنش نکرو اب ان

لوگونکے دل جب بداعتقادی کے سبب سے ایسے ناپاک ہین کہ کوئی نصیحت اُنکو پاک نہین کرسکتی تو تم بھی انکو انکے حال پر چھوڑ دو کیونکہ علم الٰہی مین جو لوگ دوزخی ٹھہر چکے ہین اُنکے دلپر کسی سرزنش کا کچھہ اثر نہین ہوسکتا پھر فرمایا تمکو اُنکی بداعتقادی اور دلکی گندگی کا حال معلوم نہین اسلئے اگر بالفرض اپنی جھوٹی قسمون پر یہ لوگ تمکو کچھہ رضامند کرلین تو کرلین مگر اللہ کو تو انکے دلونکا حال ذرا ذرا معلوم ہی اسواسطے جب تک منافق پنے کی گندگی سے یہ لوگ اپنے دلونکو پاک نکرینگے اُسوقت تک ایسے ہیکم لوگونسے نہ اللہ راضی ہوسکتا ہی نہ بارگاہ الٰہی مین تمہاری رضامندی اُنکے کچھہ کام آسکتی ہی۔ معتبر سند سے ابوہریرہؓ کی ایک حدیث ترمذی نسائی ابن ماجہ وغیرہ کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر توبہ کے گناہونکی کثرت سے آدمی کے دلپر زنگ سا لگ جاتا ہی جو اُسکے تمام دل کو گھیر لیتا ہی اسیطرح صحیح مسلم کے حوالہ سے ابوہریرہؓ کی حدیث بھی گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی نظر انسان کی ظاہری حالت پر نہین ہی بلکہ اللہ تعالیٰ کی نظر تو ہمیشہ انسان کے دلپر لگی رہتی ہی کہ انسان ہر ایک کام دلکے کس ارادہ اور نیت سے کرتا ہی آیتون اور حدیثونکے ملانے سے آیتونکی وہی تفسیر قرار پاتی ہی جو اوپر بیان کی گئی کہ ان لوگون کے دلمین عقبیٰ کے عذاب کا خوف نہین ہی اسلئے ہر وقت یہ لوگ گناہونمین گرفتار رہتے ہین جسکے سبب سے اُنکے دلونپر زنگ کی سہر لگ گئی ہی اور آدمی کے دلکا حال سوا اللہ تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہین اسواسطے مسلمان لوگ ان منافقونکے اوپری دلکے عذرون اور انکی جھوٹی قسمون سے دھوکا کہا سکتے ہین مگر اللہ تعالیٰ کی نظر تو ان منافقونکے دلپر لگی ہوئی ہی اور اُسکو اُنکے ہر ایک دلی ارادہ کا حال معلوم ہی اسلئے جبتک ان لوگونکے دلسے یہ منافق پن کی گندگی نجاویگی اور یہ لوگ صاف دلسے پورے مسلمان بنکر اپنے ظاہر و باطن کو یکسان نکرینگے اُسوقت تک انکا اوپری دلکا کوئی عذر اور کوئی عمل نہ بارگاہ الٰہی مین مقبول ہوسکتا ہی نہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی انہین حاصل ہوسکتی ہے۔

منزل ۲

الْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ

وہ گنوار سخت منکر ہین اور منافق اور اوسی لائق کہ نہ سیکھین قاعدے جو نازل کئے اللہ نے اپنے رسول پر اور اللہ سب جانتا ہی حکمت والا

گنوارونکی طبیعت اور سمجھہ جیسی ہوتی ہی وہ تو ظاہر ہی ہی کہ ہٹ دھرمی گویا اُنکی گھٹی مین پڑی ہوئی ہی عقل سے اونہین کوئی [illegible] نہین علم سے کوئی واسطہ دل بھی انکے ایسے ہی سخت ہوتے ہین کفر و نفاق بھی انمین بہ نسبت شہر والونکے کہین بڑھا ہوا ہوتا ہی اسلئے وہ اسی لائق ہین کہ قرآن اور دین اسلام کے احکام کو نہ جانین کیونکہ ذاتی سخت مزاجی کے علاوہ انکو دین و اسلام کی باتین بھی نہ سیکھنے کی سکوت کے سبب سے کم معلوم ہوا کرتی ہیں۔ مسند امام احمد ابوداؤد اور ترمذی مین حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہی کہ [illegible] رہنے والے گنوار جفاکار ہوتے ہین اور یہی سبب ہی کہ گنوارونمین سے کوئی پیغمبر نہیں ہوا اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اپنا رسول شہرونمین پیدا کیا ہی وہ علیم حکیم ہی وہ جانتا ہی کہ علم اور ایمان کسکو زیبا ہی جہالت اور کفر و نفاق کس کا حصہ ہی۔ عبداللہ بن عباس کی حدیث کو ترمذی نے حسن غریب کہا ہی لیکن طبرانی مین عبداللہ بن مسعود کی اسی مضمون کی حدیث ہی اُسکی سند معتبر ہے۔

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ۗ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

اور بعضے گنوار وہ ہین کہ ٹھیراتے ہین اپنا خرچ کرنا چٹی اور تاکتے ہین تمپر زمانہ کی گردشین انہین پر پڑی گردش بڑی اور اللہ سب سنتا ہی جانتا

اس آیہ مین فرمایا وہ سری قسم کے گنوار وہ ہین کہ خدا کی راہ مین خرچ تو کرتے ہین مگر نا خوشی سے اور اُنکو ہر وقت یہ خیال لگا ہوا ہی کہ زمانہ یک طور پر نہین رہتا ممکن ہی کہ گردش زمانہ سے منہ کین غالب آجائین یا کوئی اور حادثہ درپیش ہو اسلیے فرمایا کہ بُرے وقت اگر آئین گے تو اونہین پر آئین گے رسول یا مومنین پر کیون آنے لگے اصل مین نہوا سد اور غطفان کی طرف اس آیہ مین اشارہ ہی کیونکہ یہ لوگ خرچ تو کرتے تھے مگر انکے دلمین یہی دغدغہ لگا رہتا تھا جسکا ذکر اوپر گزرا صحیح مسلم کی ابوہریرہ کی حدیث گزر چکی ہی کہ ہر نیک عمل کیوقت اللہ تعالے انسانکی دلکو دیکھتا ہی کہ کس دلسے یہ نیک عمل کیا گیا ہی یہ حدیث آیہ کی گویا تفسیر ہی حاصل یہ ہی کہ ان لوگونکا نیک عمل خالص دلسے نہیں تھا اسلیے بارگاہ الٰہی مین قبول نہین ہے

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

اور بعضے گنوار وہ ہین کہ ایمان لائے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور ٹھیراتے ہین اپنا خرچ کرنا نزدیک ہونا اللہ سے اور دعا لین

الرَّسُوْلِ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ع ۱۴

رسول کی سنتا ہے اور وہ اُنکے حق مین نزدیکی کا سبب ہے داخل کرنے پر ہے اونکو اللہ اپنی مہر مین بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

پھر فرمایا کہ تیسری قسم کے وہ گنوار ہین جو خدا پر اور قیامت کے دن پر سچے دلسے ایمان لاچکے ہین اور خدا کی راہ مین اس امید پر خرچ کر رہے ہین کہ خدا سے نزدیکی ہو اور رسول انکے لئے مغفرت چاہین کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا کی راہ مین خرچ کرنیوالے اور صدقہ دینے والون کیلئے دعا فرمایا کرتے تھے عبدالرحمن بن مغفل کہتے ہین ہم مقرن کے دس بیٹے تھے یہ آیہ ہماری شان مین اوتری ہی مجاہد نے بھی آیہ کی یہی شان نزول بیان کی ہی جو عبدالرحمن بن مغفل کہتے ہین یہ عبدالرحمن بن مغفل ثقہ تابعی ہین بعضے علمانے انکو صحابہ مین جو شمار کیا ہی وہ صحیح نہین ہی کلبی کا قول ہی کہ اسلم وغفار وجہینہ ومزینہ یہ لوگ اسی امید مین خرچ کرتے تھے کہ خدا سے نزدیکی ہو اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکے واسطے دعا فرمائین اسواسطے یہ آیہ انہین کی شان مین اتری ہی بنی مقرن قبیلہ مزینہ مین سے ہین اسواسطے مجاہد اور کلبی کے قول مین کچھ اختلاف نہین ہی صحیح بخاری ومسلم مین ابوہریرہ کی حدیث ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی نیک کمائی مین سے جو کوئی شخص ذراسی چیز بھی صدقہ خیرات مین دیوے تو اللہ تعالی اُس چیز کے اجر کو خاص اپنی سیدھی ہاتھ مین لیتا ہی اور اوس ذراسی چیز کے اجر کو ایک پہاڑ کے برابر کردیتا ہی اگرچہ اللہ تعالی کے دونون ہاتھ سیدھے ہین لیکن نیک کمائی اور نیک نیتی کے صدقہ خیرات کی شان بڑہانے کیلئے سیدھے ہاتھ کا لفظ حدیث مین فرمایا صدقہ خیرات کے سبب سے قربت الٰہی کا ذکر جو آیہ مین ہی یہ حدیث گویا اُسکی تفسیر ہے۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

اور جو لوگ قدیم ہین پہلے وطن چھوڑنے والے اور مدد کرنے والے اور جو اُنکے پیچھے آئے نیکی سے اللہ راضی ہوا اون سے

وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اور وہ راضی ہوئے اوس سے اور رکھے ہین انکے واسطے باغ نیچے بہتی نہرین رہا کرین اُسمین ہمیشہ یہی ہے مراد پانا بڑا

گنوارونکے بعد اللہ جل شانہ شہر والونکا ذکر فرماتا ہی اس مقام پر مفسرین کا اختلاف ہی کہ سابقین سے کون لوگ مراد ہین لیکن حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگردون مین جہان مجاہد کا قول نہ ہو تو سعید بن المسیب کے قول کے موافق رفع اختلاف کیا جاتا ہی سعید بن مسیب

کے قول کے موافق مہاجرین اور انصار میں سابقین وہ صحابہ ہیں جو بیت المقدس اور بیت اللہ دونوں قبلوں کی نماز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک تھے۔ عطا بن ابی رباح کا قول ہے کہ جو صحابہ بدر کی لڑائی سے پہلے اسلام لائے اور اس لڑائی میں شریک ہوئے اُن ہی کو سابقون فرمایا ہے۔ یہی قول شاہ صاحب نے اپنے فائدہ میں لیا ہے۔ دو قبلوں کی نماز اور بدر کی لڑائی یہ دونوں باتیں ایک ہی سال سنہ ۲ ہجری کے ہیں اسواسطے سعید بن المسیب اور عطا بن ابی رباح کے قول میں کچھ اختلاف نہیں ہے لیکن سعید بن المسیب عطا بن ابی رباح سے زیادہ ثقہ ہیں اس لئے اُس تفسیر میں ان ہی کا قول لیا گیا حاصل کلام یہ ہے کہ اس قول کی بنا پر والذین اتبعوہم باحسان سے باقی کے صحابہ مقصود ہونگے اور اجمال معنے یہ ہونگے کہ اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے راضی ہے اور یہ لوگ خدا سے راضی ہیں انکے لئے جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اور خدا کا وعدہ جھوٹا نہیں ہے یہ لوگ قطعی جنتی ہیں جنکے دل میں انکی طرف سے بغض ہے یا جو ان میں سے کسی ایک کو بھی برا سمجھتا ہے اُسکا ایمان باقی نہیں رہا کیونکہ اللہ تعالیٰ انکی نسبت رضامندی کی خبر دیتا ہے کہ میں ان لوگوں سے راضی ہو چکا اور ان لوگوں کے لئے جنت مقرر کر چکا حاصل یہ ٹھہرا کہ اس آیۃ میں فقط صحابہ کا ذکر ہے تابعین کا ذکر نہیں صحابہ کے ساتھ تابعین کا ذکر سورہ حشر میں آویگا صحیح بخاری و مسلم میں ابو سعید خدری کی حدیث ہے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے صحابہ کے حق میں کوئی شخص کسی طرح کی کوئی بری بات منہ سے نہ نکالے میرے صحابہ کا بڑا درجہ ہے اونکا تھوڑا نیک عمل اور دوسروں کا تو دہ عملوں سے بہتر ہے یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے جس سے صحابہ کی شان اور انکی بدگوئی سے زبان کو روکنے کی تاکید معلوم ہوتی ہے۔

منزل ۱۲

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ

اور بعضے تمہارے گرد کے گنوار منافق ہیں اور بعضے مدینہ والے اڑ رہے ہیں نفاق پر

لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝

تو اونکو نہیں جانتا ہمکو معلوم ہیں اونکو ہم عذاب کرینگے دوبار پھر پھیرے جاوینگے وہ بڑے عذاب میں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن خطبہ پڑھتے پڑھتے چار پانچ آدمیوں کو فرمایا کہ تم منافق ہو نکل جاؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آرہے تھے ان لوگوں کو مسجد سے آتے ہوئے دیکھکر سمجھے کہ نماز ہو چکی اور چھپ گئے ان لوگوں نے بھی حضرت عمر کو دیکھ لیا تھا وہ یہ سمجھکر چھپ گئے کہ اپنا حال ظاہر ہو گیا۔ جب حضرت عمر مسجد میں پہونچے تو دیکھا کہ ابھی جماعت نہیں ہوئی ہے ایک شخص نے بڑھکر کہا کہ آج تو منافق بہت ذلیل ہوئے خدا نے انکو مسجد سے نکلوا دیا حضرت ابن عباس فرماتے ہیں ایک عذاب تو یہی ہے کہ مسلمانوں کی مسجد سے یہ لوگ نکالے گئے بھری محفل میں رسوائی ہوئی اور دوسرا عذاب قبر کا عذاب ہے پھر آخرت میں عذاب عظیم ہے۔ مجاہد رح نے بیان کیا ہے کہ قحط سے بھوکے رہنا دنیا کا عذاب ہے بعضے مفسرین نے لکھا ہے کہ مدینہ میں اور مدینہ کے اطراف میں جہینہ مزینہ اشجع غفار اسلم رہتے تھے انہیں میں سے وہ لوگ ہیں جہینہ مزینہ وغیرہ کی اگرچہ تعریف گذر چکی ہے لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ ان قبیلوں میں ہر طرح کے لوگ ہوں اس سبب سے ان دونوں روایتوں میں کچھ اختلاف نہیں ہے بعض مفسرین نے ان لوگوں کے نام بھی ذکر کئے ہیں اور بعضوں نے نام نہیں بیان کئے کیونکہ اللہ پاک نے اپنے رسول کو خود آشنا

فرمایا ہی کہ تم نہیں جانتے ہم انکو جانتے ہیں پہر اور کوئی اُنکے نام کیونکر جان سکتا ہے حاصل مطلب ہی کہ نواح مدینہ مین قبیلہ جہینہ
و مزینہ وغیرہ کے کچھ لوگ اور خاص مدینہ مین عبداللہ بن ابی کی جماعت یہ منافق لوگ ہیں یہ لوگ جانتے ہیں کہ انکا حال کسی کو معلوم
نہین مگر اللہ کو انکا حال خوب معلوم ہی اسیواسطے اُسنے دنیا مین انکو رسوا کیا ابہی عذاب عقبیٰ باقی ہی صحیح مسلم مین عبداللہ بن عمرؓ
کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسطرح بکریون کے دو ریوڑون مین سے ایک ریوڑ کی بکری ریوڑ سے پیچھے رہکر
اپنے ریوڑ کو ٹٹولتی پہرتی ہے کبھی اس ریوڑ کی طرف جاتی ہی کبھی اوس ریوڑ کی یہی حال منافقون کے اعتقاد کا ہی کہ ظاہر مین مسلمانون
کے گروہ کے ساتہی معلوم ہوتے ہین اور حقیقت مین مخالف اسلام جماعت کے حامی ہین۔ یہ حدیث منافقون کے اعتقاد کی تفسیر
ہے رہے انکے عمل وہ صحیح حدیثون کے موافق یہ ہین کہ اذان سننے کے بعد جماعت کی پروا نہیں کرتے دکہاوے کے لئے نماز پڑہتے ہین تو
وقت کو ٹال کر بیوقت جلدی کے مارے ایسی کہ جس مین نہ پورا رکوع ہی نہ سجدہ اور اسی طرح دین کا جو کام کرتے ہین اپنے جان و مال
کو مسلمانونکے حملہ سے بچانیکے لئے اوپری دلسے کرتے ہین اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور عقبیٰ کے ثواب کی نیت سے کچھ بھی نہیں کرتے
کیونکہ عقبیٰ کے ثواب کا پورا یقین اُنکے دل مین نہین ہی۔ سو ان باتونکے وعدہ خلافی امانت مین خیانت جھوٹ بولنا لڑائی جہگڑی
کے وقت گالیان بکنا وغیرہ منافقونکی یہ بھی نشانیان ہین جنکا ذکر تفصیل سے اس تفسیر مین کئی جگہ آچکا ہی حاصل یہ ہی کہ جب تک
اسلام کا غلبہ تہا اُسوقت تک جان و مال کے خوف سے اسطرح کے اعتقادی نفاق کی لوگونکو ضرورت تہی کہ ظاہر مین مسلمان بنے
رہین اور باطن مین اسلام کے مخالف اب ضعف اسلام کے سبب سے وہ بات تو باقی نہین رہی کہلم کہلا جس کا جی چاہے یہودی
ہوجاوے جس کا جی چاہے نصرانی آریہ وغیرہ کوئی کسی کا پرسان حال نہین ہی لیکن ضعف ایمان کے سبب سے عملی نفاق کی باتین ضرر ۲۱
اب بہی باقی ہین اور جون جون نبوت کا زمانہ دور ہوتا جاویگا دن بدن یہ باتین بڑہتی جاوینگی اس ضعف اسلام کے زمانہ
مین ہر مسلمان کو چاہیے کہ اپنے ایمان کی قوت اور ضعف کا حال جانچنے کے لیئے ابی امامہ کی اُس حدیث کے موافق اپنے دل کا
حال ہمیشہ دریافت کیا کرے جو حدیث اس تفسیر مین ایک جگہ گذر چکی ہی جسکا حاصل یہ ہی کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم سے پوچھا کہ حضرت ایماندار آدمی کی کیا نشانی ہے آپنے جوابدیا کہ نیک کام کرکے جب تیرا دل اندسے خوش ہو اور برا کام
کرکے تیرے دلمین ایک ندامت پیدا ہو تو جان لیجیو کہ تیرے دلمین نور ایمانی کی جھلک ہی۔ اب مثلاً ایک شخص کی نماز کو اتفاق سے
ایک دن دیر ہوگئی اور اُسپر اُسکو ایک طرح کی ندامت ہوئی تو ایسے شخص کو جان لینا چاہیئے کہ اُسکے دلمین نور ایمان کی کچھ جھلک ہے
اور جس شخص کا حال اسکے برخلاف ہی اُسکا نور ایمان بلا شک دہندلا اور اُسکے دلپر نفاق عملی کا اندہیرا چہایا ہوا ہے جبتک
چند روزہ زندگانی ہی ایسے شخص کو اپنی اس عادت پر نادم ہونے کا اور آئندہ اُسکو چھوڑ دینے کا اچھا موقع حاصل ہی ورنہ پہر
آنکھ بند ہوتے ہی یہ موقع کہان اور ایسا شخص کہان۔ معتبر سند سے مسند امام احمد مین محمد بن ابی عمیرہ کی حدیث ہے جسمین
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ دنیا مین تمام عمر چستی سے نیک کامون مین لگے رہین گے قیامت کے دن اُنکو یہہ
پچتاوا ہوگا کہ انہون نے نیک عمل اور زیادہ کیون نہین کئے جو اجر مین اور زیادتی ہوتی نیک عملون مین سستی کرنے والے

لوگونکو چاہیئے کہ وہ اس حدیث کا مضمون خوب لمین کہکر اپنا اُس دن کا پچتاوا یاد کرین جس دن کا پچتاوا اُنکے کچھ کام نہ آویگا
ابی امامہ کی اس حدیث کی سند پر اگرچہ بعضے علمانے یہ اعتراض کیا ہی کہ اس حدیث کی سند مین ایک راوی مطلب بن عبداللہ ہے
جسمین کچھ کلام ہے لیکن یہ حدیث طبرانی کبیر اور اوسط مین بھی ہے جسکی سند مین مطلب بن عبداللہ نہیں ہے اسلئے ایک
سند کو دوسری سند سے تقویت حاصل ہوکر یہ حدیث معتبر سند کی حدیثون مین داخل ہوسکتی ہے۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ

اور بعضے اوروں نے مان لیا اپنا گناہ ملایا ایک کام نیک اور دوسرا بد شاید اللہ معاف کرے اونکو

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے تو اونکے مال مین سے زکوۃ کہ اُنکو پاک کرے اس سے اور تربیت اور دعا دے اُنکو

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ

البتہ تیری دعا اُنکے لئے آسودگی ہے اور اللہ سب سنتا ہے جانتا کیا جان نہین چکے کہ اللہ اب

يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندونسے اور لیتا ہے زکوتین اور اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا ہے مہربان ہے

منزل ۱۲

تفسیر ابن جریر ابن ابی حاتم ابن مردویہ اور ابوالشیخ مین جو شان نزول ان آیتون کی بیان کی گئی ہی اُسکا حاصل یہ ہی کہ جس
گروہ صحابہ نے اپنے قصور کا اقرار کرکے آنحضرت کے تبوک کے سفر سے مدینہ واپس آنے سے پہلے اپنے آپکو مسجد نبوی کے ستون
سے باندہ دیا پہلا ٹکڑا آیۃ کا اُس شان مین ہی اور پھر جب ان لوگونکی توبہ قبول ہوگئی اور اونہون نے آنحضرت کی خدمت مین اپنا
مال لاکر عرض کیا کہ حضرت جس مال کی محبت نے ہمکو آپکے ساتھ سفر مین جانیسے روکا تھا وہ مال یہ حاضر ہی اسکو آپ خیرات کردیجئے اور
آپنے بدون حکم الٰہی اس مال کے لینے سے انکار کیا تھا دوسرا ٹکڑا آیۃ کا اُس مال کے حکم مین ہے اور جن لوگونکی توبہ پونے دو مہینے کے بعد قبول ہوی
تیسرا ٹکڑا آیۃ کا اُنکی شان مین نازل ہوا ہی علمائے سلف نے اس آیۃ کے حکم سے یہ بات بھی نکالی ہی کہ کوئی گنہ گار شخص جب اپنے گناہون سے
توبہ کرے تو اُسکو کچھ صدقہ دینا بھی مستحب ہے اگرچہ بعضے مفسرون نے اس صدقہ سے مراد زکوۃ لی ہی لیکن اکثر مفسرین کا قول یہی ہی کہ اس
آیۃ مین صدقہ سے مراد کفارہ کے طور پر نفلی صدقہ ہی اور خاص اس قصہ مین صحیحین کی کعب بن مالک کی جو حدیث ہی اُسمین اس آخری
قول کی بڑی تائید ہوتی ہی کیونکہ اُس روایۃ مین کعب بن مالک کہتے ہین کہ جب میری توبہ قبول ہوی تو مینے آنحضرت سے عرض کیا کہ میری
توبہ کا جزیہ بھی ہی کہ مین اپنا مال صدقہ مین دون آپنے فرمایا کسی قدر اپنا مال رہنے دو کہ تمہارے کام آویگا اُسپر اُنھون نے عرض کیا کہ خیبر کی اُترائی
مین جو مجھکو حصہ ملا ہی وہ مین رہنے دیتا ہون اُس سے معلوم ہوا کہ کعب بن مالک نے اپنا سارا مال نفلی صدقہ کی طور پر دینے کا ذکر کیا اور اُسپر
آنحضرت نے اُنکو کسی قدر مال رہنے دینے کی نصیحت کی نہ کہ زکوۃ کا کیونکہ زکوۃ کی مقدار حسقدر مقرر ہی اُسی قدر مقرر ہی اُسی قدر مال
کا دینے کا ذکر آتا سارے مال کی ذکر کی اور آنحضرت کی نصیحت پر صرف [illegible] کے رہنے دینے کی کیا ضرورت تھی صحیح بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ

کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص گناہ کرکے فوراً توبہ استغفار کرتا ہی تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہی جبکہ میرے بندے کے دلمین اسقدر یقین ہی کہ گناہونپر گرفت کرنیوالا اور گناہون کو معاف کرنیوالا سوا اللہ کے اور کوئی نہین ہی تو مینے بھی اپنے بندے کی توبہ قبول کی اور اسکے گناہونکو معاف کردیا۔ آیہ کے ٹکڑے الم یعلموا ان اللہ ہو یقبل التوبۃ عن عبادہ کی یہ حدیث گویا تفسیر ہی آیہ ومن الاعراب من یومن باللہ کی تفسیر مین صدقہ خیرات کے سبب سے قربت الٰہی حاصل ہونیکی ابوہریرہؓ کی حدیث صحیح بخاری ومسلم کے حوالہ سے اوپر گذر چکی ہی وہ حدیث ویاخذ الصدقات کی گویا تفسیر ہی صحیح مسلم کے حوالہ سے ایک اور حدیث ابوہریرہؓ کی اس تفسیر مین ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کہا کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو گناہ ہونکے معاف کرنے کی صفت اس قدر پیاری ہی کہ دنیا کے موجودہ لوگ اگر گناہ نہ کرتے تو اللہ تعالیٰ اور گناہ گار مخلوقات کو زمین پر پیدا کرتا اور توبہ واستغفار کرنے سے انکے گناہ معاف کردیتا یہ حدیث وان اللہ ہو التواب الرحیم کی گویا تفسیر ہی۔

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۖ وَسَتُرَدُّونَ إِلَىٰ

اور کہہ کہ عمل کئے جاؤ پھر آگے دیکھے گا اللہ کام تمہارے اور رسول اوسکا اور مسلمان اور جلد پھیرے جاؤ گے

عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

اس چھپے اور کھلے کے واقف کے پاس پھر وہ جتا دیگا تمکو جو کچھ تم کرتے تھے

جہاد مین ہن لوگونسے سستی ہوئی تھی اور وہ اپنے عیش وآرام مین پڑے رہے اونھون نے اپنے قصور کا اقرار کیا تھا اُنکی نسبت یہ حکم ہوا کہ اے رسول اللہ کے تم اونسے کہدو کہ عمل کئے جاؤ ابھی تو بہتیرے جہاد ہونگے اسوقت خدا اور خدا کا رسول اور مومنین سب تمہارے کام اور مستعدی دیکھ لینگے۔ مجاہد رضی اللہ عنہ کا قول ہی کہ اس آیت مین برے کاموں سے خوف اور اچھے عمل کا شوق دلایا گیا ہے کیونکہ جبکو یہ معلوم ہوگا کہ میرے عمل اللہ سے پوشیدہ نہین ہین تو گناہ ہونسے بچے گا اور نیکی کی کوشش کریگا جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے تو انکھون سے لوگون کے عمل دیکھتے اور کانون سے سنتے تھے اب آپکی امت کے عمل آپکے اور مومنون کے سامنے پیش کئے جاتے ہین۔ چنانچہ معتبر سند سے ابن ماجہ مین ابودرداؓ کی روایت ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو جمعہ کے دن درود زیادہ پڑھا کرو کہ تمہاری درود میرے روبرو پیش ہوتی ہی اسی طرح ابوداؤد طیالسی مین جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہی کہ زندون کے عمل اُنکے کنبے اور رشتہ دار مردون کے سامنے پیش ہوتے ہین اگر اچھے عمل ہین تو وہ خوش ہوتے ہیں اگر برے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں یا اللہ انکے دلمین یہ بات ڈالدے کہ یہ تیری اطاعت کو سمجھین مسند امام احمد مین اس مضمون کی ایک روایت انس بن مالک کی بھی ہے لیکن اُسکی سند مین ایک راوی کا نام مبہم طور پر ہے اور ابوداؤد طیالسی کی سند مین ایک راوی صلت بن دینار متروک ہی اس سبب سے یہ روایتین ضعف سے خالی نہیں ہین اسلئے رشتہ دار وفات یافتہ کے سامنے زندہ رشتہ دارونکے عملونکے پیش ہونیکا مسئلہ نزدو طلب ہے لیکن اسباب مین کچھ آثار صحابہ کے ہیں۔ صحیح مسلم کی ابوموسیٰ اشعریؓ کی حدیث اس تفسیر مین ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

فرمایا ہر شخص کے دن کے عمل رات سے پہلے اور رات کے عمل دن سے پہلے اللہ تعالی کے ملاحظہ مین ملائکہ پہونچا دیتے ہیں یہ حدیث
فسیر اللہ عملکم کی گویا تفسیر ہے بخاری مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب تم کسی کو اچھے عمل کرتے دیکھو تو کہو۔
اعملوا فسیر اللہ عملکم ورسولہ والمومنون عالم الغیب و شہادۃ ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی غیب دان ہے نہ اسکو یاد داشت کیلئے
فرشتون سے لوگونکے اعمال نامے لکھوانے کی ضرورت ہے نہ صبح شام اُن اعمال نامون کے ملاحظہ فرمانے اور ملاحظہ کے بعد اُنکو
حفاظت سے سربمہر رکھوانے کی ضرورت ہے بات فقط اتنی ہی ہے کہ بنظر انصاف اللہ تعالی نے سزا وجزا کا مدار اپنے علم غیب پر نہین رکھا
ہے بلکہ سزا وجزا کا دار و مدار ظاہری حالت پر رکھا ہے اسواسطے یہ سب انتظام ظہور مین آیا ہے۔ فینبئکم بما کنتم تعلمون اس کا مطلب ہے
کہ جب اللہ تعالی نے سزا وجزا کا مدار اپنے علم غیب پر نہین رکھا تو ظاہری حالت کے موافق قیامت کے دن یہی انتظام ہوگا کہ ہر شخص
کا اعمال نامہ اسکو دیا جاکر عمر بھر جو کچھ دنیا مین اوسنے کیا ہے وہ سب اسکو جتا دیا جاویگا اس جتلانے کیوقت بعضے لوگ ایسے ہونگے کہ
اعمال نامہ مین اپنیگناہونکو پڑھکر اُن گناہونکا اقرار کرینگے اور اللہ تعالی اُنکی سچ بولنے پر ایسے خوش ہونگے کہ گناہونکو معاف فرما دیونگا۔ صحیح بخاری و مسلم
کی عبداللہ بن عمر کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہے جسمین اس معافی کا ذکر ہے بعضے لوگ ایسے ہونگے جو اعمال نامہ مین کچھ گناہونکا اقرار کرینگے اُنکا انکار کرینگے اُنکا انجام یہ ہوگا
کہ اُنکے منہہ پر سکوت کی مہر لگائی جاکر اُنکے ہاتھ پیرون کو گناہونکی گواہی دینے کا حکم ہوگا وہ سب گناہونکی گواہی دینگے اور اس گواہی پر ان لوگون کے
مخالف آخری فیصلہ ہوجاویگا۔ سورہ یٰسین مین اسکا ذکر تفصیل سے آویگا اور اس باب مین صحیح مسلم کے حوالہ انس بن مالک کی حدیث بھی ایک جگہ گذر چکی ہے

وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ

منزل ۲ اور بعضے لوگ ہیں کہ اُنکا کام ڈھیل مین ہے حکم پر اللہ کے یا اونکو عذاب کرے یا اونکو معاف کرے اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا

اوپر بیان ہوچکا ہے کہ منافق اپنے نفاق پر اڑے رہے جہاد مین نہین شامل ہوئے اور پھر دنیا مین بھی عذاب نازل ہوا اور آخرت مین
بھی ہوگا ایک وہ لوگ بھی تھے جو آرام کیواسطے لڑائی سے پیچھے رہ گئے تھے انھون نے اپنے قصور کا اقرار کیا اور حضرت سے عذر چاہا
آپ نے قبول فرمایا اللہ نے معاف کردیا اس آیۃ مین جس کا ذکر ہے یہ وہ لوگ ہین جو جہاد مین نہیں شامل ہوئے تھے انکو کوئی عذر سوجھا
جو حیلہ کرتے اسلئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکے بارے مین چپ ہورہے اللہ تعالی نے یہ آیۃ اوتاری کہ انکا کام ڈھیل مین ہے پچاس دن
کے بعد اللہ تعالی کے علم اور حکمت کے موافق جو کچھ ٹھیرا ہے وہ ظہور مین آجاویگا اس عرصہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور سارے مسلمانون
نے انسے بولنا چھوڑ دیا انکی عورتین بھی انسے علیحدہ ہوگئین بہت ہی پریشان اور حیران ہوئے پھر معافی کی آیت اوتری لقد تاب اللہ علی
النبی جو آگے آئیگی۔ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں یہ تین شخص ہیں جنہون نے معافی چاہنے اور توبہ کرنے مین دیر لگائی تھی مراد
بن ربیع کعب بن مالک ہلال بن امیہ۔ تبوک کی لڑائی مین جو لوگ نہین گئے تھے وہ سب منافق نہین تھے بلکہ بعضون کی سستی تھی
یا آرام کا خیال تھا جو وہ گئے تھے اون مین سے بعضون نے جلدی توبہ کی اور اپنے آپکو مسجد کے ستونون سے باندھا اسلئے انکی توبہ جلدی قبول ہوئی اور
ان تین شخصون نے توبہ کرنے مین دیر لگائی اور اپنے کو ستونون سے نہین باندھا اسلئے انکی توبہ قبول ہونے مین دیر ہوئی صحیح بخاری و مسلم مین
کعب بن مالک کی حدیث ہے اوس مین یہ قصہ تفصیل سے ہے اس حدیث مین ان تینون شخصونکا نام بھی ہے۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ

اور جنہون نے بنائی ایک مسجد ضد پر اور کفر پر اور پھوٹ ڈالنے کو مسلمانون مین اور تہا نگ اُس شخص کی جو لڑ رہا ہے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ

اللہ سے اور اوسکے رسول سے آگے کا اور قسمین کہا وینگے کہ ہمنے تو بہلائی ہی چاہی تہی اور اللہ گواہ ہی کہ وہ جھوٹے ہین

لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ

تو نہ کہڑا ہو اس مین کبھی جس مسجد کی بنیاد دہری پرہیزگاری پر پہلے دن سے وہ لائق ہے کہ تو کہڑا ہو اُس مین

رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى

اس مین وہ مرد ہین جنکو خوشی ہے پاک رہنے کی اور اللہ چاہتا ہی ستہرائی والونکو بہلا جسنے بنیاد دہری اپنی عمارت کی پرہیزگاری پر

مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ

اللہ سے اور رضامندی پر وہ بہتر یا جسنے نیو رکہی اپنی عمارت کے کنارے پر ایک کہائی کے جو ڈہتیلا ہے پہر اوسکو لیکر ڈہے پڑا دوزخ کی آگ مین اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّاۤ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ع ١١ ٢

راہ نہین دیتا بے انصاف لوگونکو ہمیشہ رہیگا اس عمارت سے جو بنائی تہی شبہ اُنکے دلمین مگر جب ٹکڑے ہوجاوین اُنکے دل اور اللہ سب جانتا ہی حکمت والا

منزل ٢

معتبر سند سے تفسیر ابن جریر ابن ابی حاتم ابن مردویہ مین امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق جو شان نزول ان آیتونکی بیان کی گئی ہی اوسکا حاصل یہ ہی کہ قبیلہ خزرج مین ایک شخص ابو عامر تہا جو زمانہ جاہلیت مین نصرانی ہوگیا تہا اور توریت اور انجیل اُسنے خوب پڑہی تہی اور قبیلہ کے لوگ اسکی عزت کرتے تھے جب آنحضرت مدینہ مین تشریف لائے اور قبیلہ خزرج کے لوگ بہت سے مسلمان ہوئے تو یہ ابو عامر اسلام نہ لایا اور آنحضرت سے ایسطرح کی عداوت رکہنے لگا اور مکہ کو چلا گیا احد کی لڑائی کے زمانہ مین اہل مکہ کو بہکا کر مسلمانونپر چڑہا کر لایا اور چند گڑہے اُسنے لڑائی کی صفون کے بیچ مین کہود دیئے تھے جنمین سے ایک گڑہے مین گر کر آنحضرت کے چوٹ لگ گئی تہی ہرقل بادشاہ روم کے پاس اس ابو عامر نے جاکر مدد کی خواہش کی اور اُس بادشاہ نے مدد کا وعدہ بھی کیا تہا اسی وعدہ کے بہروسہ پر اسنے اپنے قبیلہ کے چند منافقون کو خط لکہا تہا کہ تم اپنی جگہ تہیار اور سامان سے تیار رہو مین چند روز مین روم سے فوج لیکر آتا ہون اور میرے لئے کوئی ٹہکانا ایسا بنا رکہو جہان مین آنکر اطمینان سے رہون اوسی ارادہ سے چند منافقون نے مسجد نبوی اور مسجد قبا کے توڑ پر یہ مسجد بنائی اور جب آنحضرت تبوک کی لڑائی کو تشریف لیجا رہے تھے اُسوقت اُن منافقون نے آنحضرت سے ایک دفعہ اس نئی مسجد مین چلنے اور نماز پڑہنے کی خواہش کی آپ نے فرمایا ابتو سفر درپیش ہی انشاء اللہ سفر سے واپس آنیکے بعد مین اس مسجد مین آونگا واپسی کیوقت راستہ مین اللہ تعالی نے یہ آیتین نازل فرمائین اور اُس مسجد کا فریب ظاہر فرمادیا اسپر آپ نے وہ مسجد ڈہوائی اب وہان کوڑا پڑتا ہی اکثر سلف نے لکہا ہی کہ اس مسجد کے ڈہانیکے بعد اُسکے بنیاد کے گڑہون مین پہلے دہوان نکلتا تہا اس مسجد کی مذمت کے ساتہہ جس مسجد کی اللہ تعالی نے تعریف فرمائی ہی وہ مسجد قبا ہی اور مسجد نبوی بدرجہاولے اُس تعریف مین شامل ہی کیونکہ یہ دونون مسجدین آنحضرت نے بنوائین ہین اور نیک نیتی سے بنائی گئی ہین اور قیامت تک

جو مسجدین نیک نیتی اور جماعت کے قائم کرنیکی غرض سے بنائی جاوین وہ اس تعریف کے حکم مین داخل ہین اسطرح جماعت مین پھوٹ ڈالنی اور کسی فساد کی نیت سے جو مسجدین بنائی جاوین وہ مذمت کے حکم میں داخل ہین اس مسجد ضرار مین کئی باتین خرابی کی تہین مثلاً سب سے بڑی خرابی تو یہ تہی کہ دین الٰہی کے دشمن ابو عامر کا ٹھکانا جمانیکے لئے منافقون نے یہ مسجد بنائی تہی جسکے تیار ہوجانیکے بعد ان منافقونکا ابو عامر کے آنیکا اور اس مسجد مین جم جانیکا انتظار تہا اس مطلب کو اللہ تعالی نے ان لفظون مین ادا فرمایا ہی وارصادا لمن حارب اللہ ورسولہ من قبل اسی سبب سے اس مسجد کا نام مسجد ضرار فرمایا جسکا حاصل مطلب یہ ہی کہ ان منافقون نے ابو عامر کو بلاکر اس مسجد مین جمانے اور مسلمانونکو طرح طرح کا ضرر پہونچانے اور کفر و نفاق کو طرح طرح کی تقویت دینے کی نیت سے یہ مسجد بنائی تہی اس مسجد کے بنے سے پہلے قبیلہ خزرج کے اکثر مسلمان مسجد قبا مین نماز پڑہنے تہے اس مسجد ضرار کے بنانے سے منافقون کا یہ مقصد بھی ضد کے طور پر تہا کہ مسجد قبا کی جماعت مین پھوٹ پڑجاوے اس مطلب کو اللہ تعالی نے ان لفظون مین فرمایا ہی وتفریقا بین المومنین - باوجود ان خرابیون کے دلمین رکھنے کے ان منافقون نے قسمین کہاکر اللہ کے رسول کو یہ دہوکا دیا تہا کہ مینہہ بوندی اور اندہیری رات مین نماز پڑھلینے کی آسائش کیلئے یہ مسجد بنائی گئی ہی اللہ تعالی نے منافقون کو جہٹلایا اور انکی نیت مین جتنی خرابیان تہین وہ سب ان آیتونمین اپنے رسول کو جتلاکر اس مسجد مین نماز پڑہنے سے منع فرمایا اور مسجد قبا مین نماز پڑہنے کی رغبت دلائی حاصل یہ ہی کہ اس مسجد مین بہت سی خرابیان تہین اسلئے یہ مسجد جلاکر ڈہادی گئی اب بہی اگر کوئی نئی مسجد نام نمود کے لئے ایسی بنائی جاوے جس سے پہلے کی مسجد کی جماعت مین کمی اور پھوٹ پڑجاوے تو اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرب قیامت کے ضعف اسلام کی نشانیونمین شمار فرماکر اسطرح کی مسجد کی مذمت فرمائی ہی چنانچہ مسند امام احمد ابو داؤد نسائی صحیح ابن خزیمہ وغیرہ مین انس بن مالک کی روایت ہی اسمین اسکا ذکر صراحت سے ہے۔ منزل ۲

حافظ ابن خزیمہ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہی اور بغیر سند کے اس روایت کو امام بخاری نے بھی نقل کیا ہی۔ مسند امام احمد ابو داؤد اور ابن ماجہ مین ابو موسے اشعری کی روایت ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جتنی دور کی مسافت طے کرکے دور کی مسجد مین نمازی شخص نماز پڑہیگا اسی قدر اسکو ثواب زیادہ ہوگا اس حدیث کی سند مین ایک راوی عبد الرحمن بن مہران کو اگرچہ بعضے علمانے نامعلوم الحال بتلایا ہی لیکن ابن حبان نے اس عبد الرحمن کو ثقہ لوگونمین شمار کیا ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس آخری زمانہ مین پاس پاس مسجدین جو بنگئی ہین انکے بنانیمین نام نمود کا خیال نہ بہی ہو تو ان مسجدونمین اتنی خرابی ضرور ہی کہ لوگ دور کی مسجدونمین نماز کو نہین جاتے اور اس حدیث مین جس ثواب کا ذکر ہی ان پاس کی مسجدونکی بدولت اس ثواب سے محروم رہتے ہین مسجد قبا کے ذکر مین اہل قبا کی ستہرائی کی تعریف جو ان آیتونمین ہی امام المفسرین حضرت عبد اللہ بن عباس کی سند بزار کی روایت کے موافق اسکی تفسیر ہی کہ یہ لوگ جب جاے ضرور کو جاتے تہے تو ڈہیلون سے استنجا کرنے کے بعد پانی سے بہی استنجا کرتے تہے حضرت عبد اللہ بن عباس کی اس حدیث کی سند مین ایک راوی محمد بن عبد العزیز کو بعضے علمانے ضعیف کہا ہی اسلئے اکثر علماے سلف کا اسپر تو اتفاق ہی کہ ڈہیلونسے استنجا کرنے کے بعد پانی سے استنجا کرنا افضل اور اولی ہی ہان اسکے ضروری ہونے مین سلف کا اختلاف ہی جسکی تفصیل بڑی کتابون مین ہی۔ شفا کے معنے کنارہ کے ہین جرف وہ جگہ ہی جسکی جڑ پانی سے کٹ کر

کمزور ہوجاتی ہی بار وہ عمارت جو گرنے کے قریب ہو حاصل یہ ہی کہ مسجد ضرار آباد رہنے والی نہیں ایک دن گرینگی اور اپنے بدنیت بنانے والونکو جہنم مین گرادے گی کیونکہ اللہ تعالی ایسے ظالم منافقونکو مجبور کرکے راہ راست پر لانا نہین چاہتا اسلئے جیتے جی یہ لوگ شک ونفاق کی حالت مین رہوینگے مگر مرنے کے بعد انپر وہ آفت آنیوالی ہی جس سے انکے دل پھٹکر ٹکڑے اڑجاوینگے آخر کو فرمایا اللہ کو انکے سب کام معلوم ہین اور اوسنے بڑی حکمت اور انصاف سے قیامت کے دن ہر ایک کام کی میزان ٹھہرائی ہی۔

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ

اللہ نے خریدلی مسلمانون سے اون کی جان اور مال اس قیمت پر کہ انکے لیئے بہشت ہی لڑتے ہین

اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ

اللہ کی راہ مین پھر مارتے ہین اور مرتے ہین وعدہ ہو چکا اسکے ذمہ پر سچا توریت اور انجیل اور قرآن مین

وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ ۚ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ

اور کون ہے قول کا پورا اللہ سے زیادہ سو خوشیان کرو اس معاملت پر جو تم نے کی ہے اس سے اور یہی ہے بڑی مراد ملنی

منیٰ کی گھاٹی کی بیعت کے وقت جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگ بیعت کر رہے تھے تو عبداللہ بن رواحہ نے کہا کہ آپ اپنے اور خدا کیطرف سے کچھ شرط مقرر کرلین آپنے فرمایا خدا کیطرف سے شرط یہ ہی کہ اسکی عبادت مین کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور میرے لیئے یہ شرط ہی کہ جن چیزونسے تم اپنی جان اور مال کو بچاتے ہو اُس سے مجھے بھی بچاؤ عبداللہ بن رواحہ نے کہا پھر کیا ملیگا آپنے فرمایا کہ جنت۔ اوسی وقت یہ آیۃ اوتری اور یہ ارشاد ہوا کہ خدا کی راہ مین جہاد کرنیوالے خواہ قتل ہوجاوین یا کافرونکو قتل کرین ہر حالت میں اُنکے لئے جنت ہی بخاری ومسلم مین ابوہریرہؓ سے روایت ہی کہ جو شخص فقط جہاد کی خاطر اپنے گھر سے نکلا تو خدا اوسکا کفیل ہوگیا اگر اُسنے وفات پائی تو جنت مین داخل ہوگا اگر صحیح سلامت رہا تو مال غنیمت لیکر گھر آویگا توریت انجیل قرآن مجید ان سب کتابون مین یہی حکم ہے جابر بن عبداللہ روایت کرتے ہین کہ حضرت مسجد مین تھے جب یہ آیت اوتری ہی لوگ اللہ اکبر کہنے لگے ایک شخص انصار مین سے چادر اوڑھے ہوئے تھا کہنے لگا یا حضرت کیا یہ آیت نازل ہوئی ہی آپنے فرمایا ہان اوس مرد نے کہا یہ سودا تو نفع کا ہی اس سے معلوم ہوتا ہی کہ عبداللہ بن رواحہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بات چیت کی وہ بیعت عقبہ کے وقت تھی اور آیۃ ہجرت کے بعد مدینہ مین نازل ہوئی یہی قول صحیح معلوم ہوتا ہی کیونکہ بیعت عقبہ کی صحیح روایتون مین آیۃ کے نازل ہونے کا ذکر نہیں ہی یہ بیعت عقبہ ہجرت سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ کی گھاٹی مین موسم حج کیوقت انصار سے کی تھی عقبہ گھاٹی کو کہتے ہین منیٰ کے پہاڑ کی گھاٹی مین جو یہ بیعت ہوئی تھی اسلئے اس بیعت کا نام بیعت عقبہ مشہور ہوگیا سورۃ حشر مین اس بیعت کا قصہ تفصیل سے آویگا۔ تبوک کی لڑائی مین جو لوگ سستی سے پیچھے رہ گئے تھے اُنکو اولاہنا دینے کے لئے اس آیۃ مین اون لوگونکا ذکر فرمایا جو دین کی لڑائی مین چست اور جان ومال سے حاضر تھے توراۃ مین جو جہاد کا جو حکم ہی وہی حکم شریعت عیسوی مین قائم رکھا اسلئے جہاد کے مسئلہ مین توراۃ انجیل قرآن تینون کا نام فرمایا پھر اللہ تعالی نے فرمایا کہ خدا کی راہ مین دشمنونکو یہ قتل کرتے ہین

منزل ۲

آپ بھی قتل ہوتے ہیں اسلیے یہ جنت کے حقدار ہو گئے۔

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ

توبہ کرنے والے بندگی کرنے والے شکر کرنے والے بے تعلق رہنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنیوالے حکم کرنیوالے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نیک بات کو اور منع کرنے والے بری بات سے اور تھامنے والے حدین باندھی ہوئی اللہ کی اور خوشخبری سنا ایمان والونکو

یہ نو صفتین بیان کی گئی ہیں جس مین یہ صفتین ہونگی اُسکے واسطے خدا جنت مقرر کرچکا اور فرمایا کہ مومنونکو اسکی خوشی سنادو کیونکہ مومن وہی ہے جسمین یہ سب خوبیان ہون سائحون اصل میں تو اُس شخص کو کہتے ہیں جو دنیا سے بے تعلق ہوکر پہاڑون اور جنگلون مین خدا کی عبادت کرتا ہو مگر یہان روزے دار مراد ہیں کیونکہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید مین جہان کہین سیاحت کا لفظ آیا ہے اوس سے روزہ رکھنا مراد ہے حضرت عائشہؓ و حضرت ابوہریرہؓ اور اکثر صحابہ بھی یہی بیان کرتے ہیں مگر بعضونے جہاد کے معنے بھی بیان کئے ہین چنانچہ ابو داؤد مین ابوامامہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سیاحت کی اجازت چاہی آپنے فرمایا کہ میری امت کی سیاحت خدا کی راہ مین جہاد کرنا ہے اور بعضے سائحون انکو بھی کہتے ہین جو علم دین سیکھنے کو گھر سے نکلے ہون اور ابن زید نے ہجرت کرنے والون کو بھی کہا ہے لیکن طبرانی مین عبداللہ بن مسعود کی روایۃ مین سائحون کے معنے روزہ دارون کے ہیں وہ روایۃ صحیح ہے۔

منزل ۲

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ

نہین پہنچتا نبی کو اور مسلمانون کو کہ بخشش مانگین مشرکون کی اور اگرچہ ہون ناتے والے جب

مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ

کھل چکا اوپر کہ وہ ہیں دوزخ والے بخشش مانگنا ابراہیم کا اپنے باپ کے واسطے سو نہ تھا مگر وعدہ

وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝

کے سبب کہ وعدہ کرچکا تھا اُس سے پھر جب اسپر کھلا کہ وہ دشمن ہے اللہ کا اُس سے بیزار ہوا ابراہیم بڑا نرم دل ہے تحمل والا

حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین یہ فیصلہ سورہ قصص کی تفسیر مین کر دیا ہے کہ چند سببونکا مجموعہ مرکب ملکر اس آیۃ کی شان نزول صحیح ہے اول سبب ابوطالب کی وفات ہے جسکی روایۃ صحیحین میں ہے جسکا حاصل یہ ہے کہ ابوطالب کی وفات کیوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابوطالب کے پاس گئے اور ابوطالب سے کہا کہ اے چچا اسوقت بھی تم کلمہ منہہ سے کہلوگے تو مجھکو اللہ کی بارگاہ مین تمہاری شفاعت کا موقع ملیگا لیکن اسوقت ابوجہل ابن امیہ بھی وہان موجود تھے اونہونے ابوطالب کو بہکایا اور کہا کیا آخری وقت اے ابوطالب تم عبدالمطلب کے طریقہ سے پھرتے ہو اسلیے آخر وقت پر ابوطالب نے یہی کہا کہ مین عبدالمطلب کے طریقہ پر دنیا کو چھوڑتا ہون اسپر آنحضرت نے فرمایا خیر جب تک اللہ تعالی مجھکو منع نفرمائیگا مین اپنے چچا ابوطالب کے لئے مغفرت کی دعا کرتا رہونگا دوسرا سبب وہ ہے جسکی روایۃ معتبر سند سے

مستدرک حاکم دلائل النبوۃ بیہقی مسند امام احمد بن حنبل تفسیر ابن ابی حاتم ابن مردویہ اور طبرانی مین چند صحابہ سے روایتین ہین جنکا حاصل یہ ہی کہ جنگ تبوک کے بعد قبرستان مکہ مین عمرہ کے وقت آنحضرت ایک قبر پر بہت دیر تک دعا کرتے رہے آپکو روتا ہوا دیکھکر آپکے ساتھ جو اُسوقت قریب ہزار صحابہ کے تھے وہ بھی سب روئے پھر آپنے فرمایا یہ قبر آمنہ میری ماں کی ہی مینے اللہ سے اپنی ماں کی مغفرت کی دعا کا اذن چاہا تھا مگر اس آیۃ سے اُسکی ممانعت ہوئی تیسرا سبب وہ ہی جسکی روایۃ معتبر سند سے نسائی مستدرک حاکم ترمذی اور مسند امام احمد بن حنبل مین حضرت علیؓ سے ہے جس کا حاصل یہ ہی کہ ایک شخص صحابی اپنی مشرک ماں باپ کے لئے مغفرت کی دعا کیا کرتا تھا حضرت علی نے اوسکا ذکر آنحضرت سے کیا اوپر یہ ممانعت کا حکم اوترا غرض حافظ ابن حجر کے فیصلہ سے اب اُنمین سے کوئی اعتراض باقی نہین رہا جو بعضے مفسرون نے ایک سبب کو شان نزول ٹھہراکر طرح طرح کے اعتراض کئے ہین بعضے مفسرون نے حضرت کے والدین اور ابوطالب کے اسلام کی روایتین جو بیان کی ہین وہ سب روایتین ضعیف ہین کوئی روایۃ انمین بہروسہ کے قابل نہین ہی حضرت علی رضؓ کی روایۃ جو اوپر گذری اُس مین یہ بھی ہی کہ جب حضرت علیؓ نے اُس شخص کو منع کیا جو اپنے مشرک ماں باپ کے حق مین مغفرت کی دعا کیا کرتا تھا تو اُس شخص نے حضرت علیؓ کو جواب دیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے مشرک باپ کے حق مین مغفرت کی دعا کیا کرتے تھے اسلئے مین بھی اپنے مشرک ماں باپ کے حق مین مغفرت کی دعا کیا کرتا ہون اس بات کا جواب اللہ تعالی نے ان آیتون مین یہ دیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے مغفرت کی دعا کرنے کا وعدہ کیا تھا اُس وعدہ کو ابراہیم علیہ السلام نے اُسوقت تک پورا کیا جب تک اُنکو آزر کا حالت شرک پر مرنا معلوم نہیں ہوا تھا پھر جب ابراہیم علیہ السلام کو آزر کا حالت شرک پر مرجانا معلوم ہوگیا تو اُنھون نے وہ دعا چھوڑ دی۔ سورہ مریم مین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس وعدہ کا ذکر تفصیل سے آویگا اور یہ بھی ذکر آویگا کہ آزر نے تو ابراہیم علیہ السلام کو پتھر وسے کچل کر مار ڈالنے کی دھمکی دی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اُسکے جواب مین اپنے باپ آزر سے مغفرت کی دعا کا وعدہ فرمایا غرض اس اصل قصہ مین حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سختی کے برتاؤ پر بھی اپنے باپ آزر کو نرمی کا جواب دیا ہی واسطے ان آیتون مین اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نرم دل اور تحمل والا فرمایا۔

منزل ۲

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

اور اللہ ایسا نہین کہ گمراہ کرے کسی قوم کو جب اونکو راہ پر لاچکا جب تک کھول نہ دے اونپر جس سے اونکو بچنا اللہ سب چیز سے واقف ہی

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

اللہ جو ہے اوسی کی سلطنت ہی آسمان اور زمین مین جلاتا ہی اور مارتا ہی اور تمکو کوئی نہین اللہ کے سوا حمایتی نہ مددگار۔

جب اس سے پہلے کی آیت اوتری اور لوگونکو منع کیا گیا کہ مشرکون کے لئے مغفرت نہ چاہو خواہ وہ تمہارے رشتہ کنبہ والے ہی کیون نہون تو جو لوگ مغفرت چاہتے تھے اُنکے دلمین خوف ہوا کہ کبھی ہمپر عذاب آئے تو اللہ تعالی نے یہ آیۃ اوتاری اور فرمایا کہ اللہ بے انصاف نہین ہی جب کسی قوم کو ہدایت کرچکا تو اب گمراہ نہین کریگا جب تک انکو نہ بتلادے کہ کن کن باتونسے بچنا چاہیئے

مجاہد کے قول کے موافق آیتوں کی تفسیر کا حاصل یہ ہی کہ جن لوگون نے ممانعت کے حکم کے نازل ہونے سے پہلے اپنے مشرک مان باپ یا اور مشرک رشتہ دارون کے حق مین مغفرت کی دعا کی تھی اُنکے انجان ہونے کے عذر کو اللہ تعالی نے اس آیت مین قبول فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا ہی کہ جب ایک امر کی ممانعت شرعی تمکو معلوم نہین تھی اور اس لاعلمی کی حالت مین تم اُسکو کر بیٹھے اور اب تمہارے دلمین اُسکا پچھتاوا ہی کہ ایسا کام ہمنے کیون کیا تو اس تمہارے دلی پچھتاوے کا حال اللہ تعالی کو خوب معلوم ہی کیونکہ کوئی ظاہری باطنی چیز اُسکے علم سے باہر نہین ہی اسلئے تمکو تسلی دیجاتی ہی کہ انجان آدمی اللہ تعالی کے نزدیک بے راہ نہین قرار پاتا بلکہ بے راہ اللہ تعالی کے نزدیک وہ ہی کہ مناہی کے بعد اوس کام کو کرے جس سے اوسکو منع کیا گیا ہی جو لوگ اپنے مشرک مان باپ یا اور مشرک رشتہ دارون کے حق مین مغفرت کی دعا کرتے تھے اگرچہ بعضے سلف کے قول کے موافق آیۃ کے باقی ٹکڑے کی تفسیر یہ ہی کہ اس ممانعت کے حکم سے پہلے اُنمین سے بعضے لوگ جو فوت ہوگئے تھے اور اُنکے زندہ رشتہ دارون کو اپنے ان مرے ہوے رشتہ دارون کے عذاب مین گرفتار ہوجانے کا اندیشہ تھا اُنکے حق مین یہ فرمایا ہی کہ آسمان وزمین کی بادشاہت اور ہر ایک کی زیست کے زمانہ کا اور مرنے کے بعد کا سب انتظام اللہ کے ہاتھہ ہے انجانی سے جو کوئی کچھہ کرے اُسکا اور شرع الٰہی کی مناہی کو ٹال کر جو کوئی کچھہ کرے اُسکا ان سب کا اللہ تعالی خود انصاف سے فیصلہ کریگا اسمین اندیشہ کا کسی کو کچھہ موقع نہین یہ کہن قرآن شریف کے اوپر کے مضمون سے لگتی ہوئی تفسیر آیۃ کے اس ٹکڑے کی یہ ہی کہ آسمان وزمین کی بادشاہت اللہ کی ہی جس بادشاہت مین ہر ایک کا مارنا اور جلانا بھی داخل ہی اب اُسنے اپنے علم ازلی کے موافق جن لوگونکو شرک کی حالت مین دنیا سے اوٹھایا ہی اُنکے حق مین کسی کی دعائے مغفرت کچھہ کارگر نہین ہوسکتی کیونکہ اُسنے اپنی بادشاہت مین یہ حکم دے رکھا ہی کہ کسی طرح مشرک کی مغفرت نہین ہی آخر کو فرمایا کہ شرع الٰہی کے احکام کی پابندی ہر شخص کو ضرور ہی کیونکہ ان احکام کی نافرمانیکے وبال مین اگر اللہ تعالی نے پکڑ لیا تو سوا اللہ کی ذات کے ایسا کوئی حامی مددگار نہین ہی کہ بغیر مرضی الٰہی کے اُس گرفت سے کسی کو چھوڑا سکے۔ صحیح بخاری وغیرہ مین ابوہریرہ کی حدیث ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی عمر ساٹھہ برس کو پہونچ جاوے وہ اللہ تعالی کے روبرو شرع کی باتونکی انجانی کا عذر نہین پیش کرسکتا اس معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین طرح طرح کے جدید احکام نازل ہوتے تھے اسلئے اُسوقت انجانی کی صورت وہ تھی جو اس آیۃ مین ہی اب شریعت کے کامل ہوجانیکے بعد چھوٹی عمر مین کوئی شخص مرجاوے تو اُسکو احکام شرع کی انجانی کے عذر کا موقع ملے تو ملے جس شخص کی عمر ساٹھہ برس کو پہونچ گئی اور اُسنے احکام شرع کے سیکھنے کا پورا موقع پالیا اسواسطے اگر ایسا شخص احکام شرع مین انجان رہا تو یہ انجانی اُسکی غفلت سے ہوگی انجانی کا عذر مقبول نہوگا

لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ

اللہ مہربان ہوا نبی پر اور مہاجرین اور انصار پر جو ساتھہ رہے نبی کے مشکل کی گھڑی مین بعد اسکے

مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

کہ قریب ہوئے کہ دل پھر جاوین بعض کے انمین سے پھر مہربان ہوا انپر وہ آپنے مہربان ہے رحم کرنے والا

یہ آیۃ تبوک کی لڑائی مین اُتری ہی قتادہ کا قول ہی کہ تبوک کی لڑائی مین جب ملک شام کیطرف لوگ چلے تو سخت گرمی پڑ رہی تھی لوگون کو

منزل ۲

پیٹ آتی تھی کہ الامان۔ رسد کی کمی تھی پانی نہ ملتا تھا لوگون کے حال تباہ ہو رہے تھے ایک کھجور دو آدمی کھا کھا گزر کرتے تھے لشکر والے باری باری سے ایک کھجور کو چوستے اور دو دو گھونٹ پانی پیتے اور پھر چوستے اور پھر پانی پیتے حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہین مجھسے حضرت عمر بن خطابؓ نے غزوہ تبوک کی سختی کا حال دریافت کیا وہ کہنے لگے ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تبوک کی لڑائی کو چلے گرمی کا زمانہ تھا رستے میں پیاس لگی پانی کا کہین کو سون نشان نہ تھا لوگ اونٹونکی مینگنیان نچوڑ نچوڑ کر پانی نکالتے اور پیتے تھے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت سے کہا آپ خدا سے دعا فرمائین آپکی دعا مقبول ہی آپنے دعا کے لئے ہاتھ اوٹھایا ہاتھ کا اوٹھانا تھا کہ مینہہ برسا اور خوب ہی برسا لوگون نے اپنے اپنے برتن پانی سے بھر لئے بعد ایک لمحہ کا مینہہ تھم گیا لشکر کے باہر دیکھا گیا تو کہین زمین تر نہ ملی اور نہ کوئی نشانی بارش کی معلوم ہوئی یہ آپکا معجزہ تھا کہ مینہہ فقط مسلمانون ہی کے لشکر مین برسا۔ اس لڑائی مین آپکے ساتھ مہاجرین اور انصار سب ملا کر ستر ہزار آدمی تھے قریب تھا کہ اس سختی اور مشقت اور بھوک پیاس کے مارے ان لوگونکے جی چھوٹنے لگین اُس عالم الغیب نے فوراً آیہ بھیجی کسی سے کچھہ قصور ہونے بھی نہین پایا اور اُنکی توبہ قبول فرمائی تاکہ اُنکے جی خوش ہوجائین۔ مدینہ منورہ اور دمشق کے مابین مدینہ سے چودہ منزل تبوک ایک جگہ ہی ناقابل اعتراض سند سے طبرانی میں عمران بن حصین کی ایک حدیث ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ عرب کے کچھہ قبائل جو نصرانی ہوگئے تھے اُنھون نے ملک شام سے ہرقل قیصر روم کو ایک خط اس مضمون کا لکھا کہ مدینہ مین جو شخص نبی آخرالزمان ہونے کا دعوی کرتے تھے قحط کے سبب سے آجکل اُنکی اور اُنکے ساتھیونکی حالت بہت ابتر ہے اسلئے ایسے وقت مین ان لوگو پر فوج کشی کا اچھا موقع ہی اس خط کو پڑھکر ہرقل نے چالیس ہزار منزل ۲
فوج ساتھہ کرکے اپنے ایک امیر قباد کو ملک شام کیطرف روانہ کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خبر سنی تو سنہ ۹ ہجری مین ملک شام کے ارادہ سے یہ سفر کیا اور تبوک پہونچکر دس روز کے قریب وہان مقام کیا مگر وہان کوئی مقابلہ مین نہ آیا بلکہ شام کے ملک کے رہنے والے بعضے نصارے کے ایلچی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور اسی مقام پر دل پر صلح ہوگئی اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک سے لڑنے کا قصد نہین کیا اور مدینہ کو واپس چلے آئے اہل مغازی نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس مقام سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قیصر روم کے نام ایک خط بھی لکھا صحیح بخاری وغیرہ مین جو روایتین ہین اونسے معلوم ہوتا ہی کہ اس تبوک کے سفر کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو اپنا خلیفہ قرار دیکر مدینہ مین چھوڑا اور حضرت علیؓ نے اسپر جب کہا کہ حضرت مجھکو عورتون بچون مین آپ کیون چھوڑتے ہین تو آپ نے حضرت علیؓ کو یہ جواب دیا کہ علی کیا تجھکو یہ بات پسند نہین کہ تم ہر حال مین میرے ایسے مددگار رہو جیسے ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے ہر حال مین مددگار تھے مگر اتنی بات ضرور ہی کہ ہارون علیہ السلام نبی تھے اور میرے بعد کوئی نبی نہین ہی یہ اوپر گذر چکا ہی کہ اس سفر کی سختی کے سبب سے لوگ تنگ آگئے تھے اس سختی کے وقت بعضے صحابہ کے دل مین یہ خیالات بھی گذرتے تھے کہ جسطرح کچھہ اور لوگ اس سفر مین شریک نہین ہوئے مدینہ مین رہ گئے اسی طرح ہم بھی مدینہ مین رہجاتے تو اچھا تھا چنانچہ اس مطلب کو کاذبین فریق قلوب فریق منہم کے الفاظ سے اللہ تعالی نے ادا فرمایا ہی مگر پھر اُن صحابہ نے اس سختی پر صبر کیا اور ان خیالات کو اپنے دلمین زیادہ جمنے نہین دیا اور سفر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھہ نہین چھوڑا اسواسطے تاکید کے طور پر دو دفعہ ان خیالات سے درگذر فرمانے کا ذکر اللہ تعالی نے اس آیہ مین کیا اور اس درگذر

ہین اپنے رسول کا ذکر اللہ تعالی نے فرمایا تاکہ ان صحابہ کو یہ معلوم ہوجاوے کہ رسول کا ساتھہ دینے کے سبب سے اس درگزر مین اللہ تعالی ان لوگون پر
ایسا ہی مہربان ہی جو مہربانی اسکو اپنے رسول کیساتھی حاصل مطلب یہ ہی کہ توبہ کے معنے شرع مین یہ ہین کہ گناہونکو شرعی ممانعت کے سبب سے
برا جانکر آئندہ کیلئے اُنسے باز رہنا اور پچھلے گناہونپر نادم ہونا اور توبہ کے قبول ہونیکے یہ معنے ہین اللہ تعالی نے توبہ کرنیوالے شخص کو اُن گناہونکے
عذاب سے بچا دیا اب اللہ کے رسول تو گناہون سے معصوم ہین لیکن باوجود اسکے عقبی مین درجہ بڑہنے کے لئے ہر روز آپ ستر دفعہ
سے زیادہ توبہ استغفار کیا کرتے تھے چنانچہ صحیح بخاری وغیرہ کی صحیح حدیثون مین اسکا ذکر ہی اسلئے اللہ تعالی نے توبہ کے قبول کرنے کے
ذکر مین اپنے رسول کو اس بات کے سمجھانے کے لئے شریک کیا کہ جن صحابہ کی توبہ قبول ہونے کا یہ ذکر ہے اس توبہ کے قبول ہونے مین فقط
اتنی بات نہین ہی کہ اُنکے دلی خیالات کے مواخذہ سے درگزر کی گئی بلکہ ایسے سختی کے وقت مین اللہ کے رسول کا ساتھہ دینے کے سبب سے
دلی خیالات کے ترک مواخذہ کے علاوہ ان لوگون کا عقبی کا اجر بھی بڑہایا گیا ہی تاکہ جو لوگ اللہ کے رسول کا ساتھہ چھوڑکر مدینہ مین
رہ گئے تھے اور آخر کو اونکی توبہ بھی قبول ہوئی اُس توبہ کی قبولیت اور اللہ کے رسول کا ساتھہ دینے والونکی توبہ کی قبولیت مین
یہ فرق پیدا ہوجاوے کہ وہ قبولیت فقط درگزر کی ہی اور یہ قبولیت درگذر کے علاوہ عقبی کا درجہ بڑہانیکی بھی ہی اس توبہ کے ساتھہ
رؤف رحیم اور اس توبہ کے ساتھہ التواب الرحیم کے الفاظ اس مطلب کے ادا کرنے کے لئے فرمائے ہین۔

وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ

اور اُن تین شخص پر جنکو پیچے رکہا تہا یہانتک کہ جب تنگ ہوئی اوپر زمین ساتہ اسکے کہ کشادہ ہی اور تنگ ہوئی

منزل ۲

عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اوپر اپنی جان اور سمجھے کہ کوئی پناہ نہیں اللہ سے مگر اوسی کی طرف پہر مہربان ہوا اُنپر کہ وہ پہر آوین اللہ ہی سے

ع ۱۴ ۱۳

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

مہربان رحم والا اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور رہو ساتہہ سچون کے

یہ وہی تین شخص ہین مرارہ بن ربیع کعب بن مالک ہلال بن امیہ جنکی توبہ قبول کرنے مین پچاس روز کی مہلت دیگئی تہی جنکا بیان اوپر
گذر چکا ہی جب یہ مدت پوری ہوگئی اور اُنکے دل بہت ہی پریشان ہوئے زندگی سے تنگ آگئے دنیا اُنکی آنکہون مین اندہیر ہوگئی اور یہ بہی
سمجھہ لیا کہ پناہ بھی خدا ہی دیگا تو اُنکے سچ بولنے پر خدا نے یہ آیت اوتاری اور معاف فرمایا اس کا تفصیلی ذکر صحیح بخاری و مسلم مین خود کعب
بن مالک کی روایت سے ہی وہ کہتے ہین کہ مین سوائے تبوک اور بدر کی لڑائی کے ہر ایک لڑائی مین شریک ہوا ہون غزوہ تبوک مین مین
نہین شامل ہوا حالانکہ اُسوقت مین بہت آسودہ حال تہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قاعدہ تہا کہ جب کسی جنگ کا ارادہ کرتے تھے
تو بیک بیک نہین کہدیتے تھے آپنے ایک یہ بڑا سفر جنگلونکے راستے سے اختیار کیا اسلئے مسلمانونکو آگاہ کردیا کہ میرا ارادہ تبوک کا ہی تم دشمنون
کے مقابلہ کو تیار ہوجاؤ سارا لشکر تیار ہوگیا مین بہی سامان کرنے ہی کو تہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لشکر سمیت کوچ کرگئے مینے سوچا کہ ابکو آگے چلنے دو دو ایک
روز مین مین بہی جا ملونگا غرضکہ مین تو آجکل کرتا رہا اور وہان سارا لشکر منزل بمنزل مقصود کو پہونچ گیا پہر بہی میرا ارادہ بار بار یہی ہوتا تہا کہ مین بہی چلا جاؤن مگر مقدر مین نہ تہا

نہین گیا۔ مجھے بڑا رنج ہوتا تھا جب میں مدینہ مین باہر نکلا کرتا تھا کیونکہ اُسوقت سوائے اُن شخصونکے جو جہاد مین شریک ہوتے سے عذر کرتے تھے یا جو لوگ منافق تھے اور کسی کو مین مدینہ میں نہین پاتا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک پہونچکر لوگونسے پوچھا کہ کعب کیون نہین آیا بنی سلمہ مین ایک شخص تھے اونہون نے کہا کہ وہ آجکل آجکل کا ارادہ کرتے کرتے رہ گئے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لڑائی سے فارغ ہوکر واپس آئے تو مین اپنے جی مین پیش بندی کے طور پر عذر و حیلے سوچنے لگا کہ کیا بہانہ کرون جس سے حضرت کی خفگی مجھپر نہو بلکہ اس معاملہ مین اپنے گھر کے اور لوگون سے بھی مشورہ لیا مگر کوئی بات سمجھ مین نہین آئی آخر یہی منصوبہ دلمین ٹھان لیا کہ جاتے کچھ بہی ہو سچ سچ کہدونگا اگر نجات ہوگی تو اسی سے ہوگی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تھے تو پہلے مسجد مین جاکر دو رکعت نماز پڑہکر تھوڑی دیر وہان بیٹھتے تھے اس مرتبہ بھی جب آپ مدینہ واپس آئے تو دستور کے موافق مسجد مین بیٹھے جو لوگ اس لڑائی مین نہین شریک ہوئے تھے وہ قریب قریب اسی آدمی کے تھے وہ لوگ آکر عذر کرنے لگے حضرت نے قبول فرمایا اور اُنکے واسطے مغفرت کی دعا کی جب میری باری آئی تو مین نے سلام کیا آپ مسکرائے اور غصہ سے فرمایا آجا مین سامنے بیٹھ گیا فرمانے لگے تو کیون رہگیا تھا کیا تو نے سواری نہین خریدی تھی مین نے کہا اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اگر مین اور کسی کے سامنے اسوقت ہوتا تو جھوٹ بولکر عذر وحیلہ کرلیتا مگر آپکے سامنے اگر جھوٹ بھی بولونگا تو کچھ پیش نہ چلیگا کیونکہ اصل حال اللہ پاک آپ پر ظاہر کردیگا اور اگر سچ بولونگا اور آپ خفا بھی ہونگے تو یہ امید ہے کہ خدا کے بان انجام بخیر ہوگا۔ واللہ مجھے کوئی عذر نہ تھا اور مین بہ نسبت پہلے کے اسوقت بہت خوش حال تھا آپنے فرمایا تو نے سچ کہا اچھا جا خدا تیرے بارے مین کوئی حکم دیگا۔ مین چلا آیا لوگ مجھے کہنے لگے یہ تو نے کیا کیا ویسا ہی عذر تو بھی کرلیتا جیسا اور نے کیا تہا حضرت کی مغفرت کی دعا تیرے حق مین کافی ہوتی مین نے اون لوگونسے پوچھا کہ میرے بعد اور کون کون آیا تہا کہا کہ وہی دو شخص مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ آئے تھے اونھون نے بھی تمہاری طرح کہا حضرت نے اونسے بھی وہی کہا جو تم سے کہا تہا۔ پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگونکو منع کردیا کہ کوئی آدمی ہم تینون آدمیونسے بات نکرے غرضکہ ہمسے سارے لوگ پھر گئے زمین بھی بدل گئی تھی ایسا معلوم ہوتا تہا کہ وہ زمین ہی نہیں ہے پچاس روز اسی حال مین گذرے اور بیچارے وہ دونون بھی اپنے اپنے گھرون مین بیٹھے ہوئے رویا کئے مین نماز کے لئے مسجد مین جایا کرتا تہا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف سے منہہ پھیر لیا کرتے تھے ابو قتادہؓ جو میرے چچا کے بیٹے بہائی تھے مین اُنکو بھی سلام کرتا تہا تو وہ جواب نہین دیتے تھے جب چالیس راتین گذر گئین تو آنحضرت صلعم نے پیغام بہیجا کہ اپنی بیوی کو الگ کردے مین نے اُسکو میکے چلے جانے کو کہدیا ہلال بن امیہ ایک ضعیف آدمی تھے اُنکی بیوی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاکر کہا کہ کوئی خادم نہین ہے اونہین بہت تکلیف ہوگی آپنے اُنکی بی بی کو میان کی خدمت کی اجازت دیدی اور فرمایا کہ اُسکے پاس نہ جایا کرنا جب پچاس راتین پوری ہوچکین تو مین صبح کی نماز اپنی چھت کے اوپر پڑھ رہا تہا یہ آواز میرے کانو مین آئی و خوش ہو جا اے کعب بن مالک،، پھر تو مین سجدہ مین گر پڑا اور سمجھا کہ میری توبہ قبول ہوگئی صبح کو لوگ میرے پاس اور اون دونون کے پاس بھی خوشی سنانے کو آنے لگے مین حضرت کے پاس چلا تو راستہ مین جو ملتا تہا مبارکباد دیتا تہا جب مین مسجد مین آیا تو طلحہ بن عبداللہ نے مجھسے مصافحہ کرکے مبارکباد دی پھر میں نے حضرت کو سلام کیا آپنے خدا کیطرف سے یہ خوشی سنائی کہ اُسنے تمہاری توبہ قبول کرلی مین نے عرض کیا کہ مین

منزل ۲

اسی خوشی میں اپنا سارا مال خدا کی راہ مین دیدیا ہون آپنے فرمایا نہیں کچھ اپنے پاس بھی رہنے دے مینے اسوقت سے یہ جی مین ٹھان لیا کہ اب ہمیشہ سچ بولا کرونگا یہ حدیث آیۃ کی گویا تفسیر ہے۔ عکرمہ کے قول کے موافق وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا کی تفسیر ہی کہ یہ تین شخص وہی ہیں جو اپنی توبہ کے قبول ہونے مین سب سے پیچھے رکھے گئے یہ عکرمہ امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے پروردہ ہیں اور حضرت عبداللہ بن عباس نے بڑی محنت سے انکو قرآن کی تفسیر سکھائی ہے اسواسطے تفسیر کے باب میں انکے قول کا بڑا اعتبار ہے عکرمہؓ کی یہ تفسیر ان تینون شخصون کے حال کے مناسب بھی ہی کیونکہ اس سفر مین تو اسی آدمی کے قریب پیچھے رہکر اپنے گھر مین بیٹھ رہے تھے ان تین شخصون کے ساتھہ اسکی کچھہ خصوصیت نہین بلکہ ان شخصون کے ساتھہ خصوصیت ہی تو اس بات کی ہی کہ یہ تینون شخص توبہ کے قبول ہونے مین سب سے پیچھے ہین شریعت مین جن باتون کے بجالانے کا حکم ہی یا جن باتونکی مناہی ہے منافق لوگون مین ان دونون باتون کی پابندی پوری نہین تھی اسلئے ایماندار لوگو کو فرمایا کہ تم متقی بن جاؤ اور منافقون کی عادت اختیار کرنے سے اللہ سے ڈرو تاکہ تمہارا حشر سچے ایماندارون کے ساتھہ ہو۔ سورہ النساء کی آیۃ ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین اس آیت کی پوری تفسیر ہے صحاح مین صحابہ کی ایک جماعت کی حدیث المرء مع من احب مشہور ہی یہ حدیث بھی اس آیۃ کی گویا تفسیر ہے مطلب اس حدیث کا وہی ہی جو سورۃ النساء کی آیۃ کی تفسیر مین گزر چکا ہی۔

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ

نہ چاہیئے مدینہ والون کو اور جو اُنکے گرد گنوار ہین کہ رہجاوین رسول اللہ کے ساتھہ سے

منزل ۲

وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ

اور نہ یہ کہ اپنی جان کو چاہین زیادہ اوسکی جان سے یہ اسواسطے کہ نہ کہین پیاس کہینچتے ہین اور نہ محنت اور نہ بھوک

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَيْلًا إِلَّا كُتِبَ

راہ مین اور نہ پاؤن پہیرتے ہین کہین جس سے خفا ہون کافر اور نہ چیتتے ہین دشمن سے کچھہ چیز مگر لکھا جاتا ہے

لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝

اسپر انکو نیک عمل تحقیق اللہ نہین کھوتا حق نیکی والون کا

اس آیۃ کو بھی اگلی آیتونسے تعلق ہی بعض لوگ جو خاص مدینہ مین رہتے تھے یا مدینہ کے باہر گانون مین بستے تھے اون مین سے جو لوگ تبوک کی لڑائی مین نہیں شریک ہوئے تھے اُنکے حق مین خفگی کے طور پر یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا کہ انکو یہ بات لائق نہین تھی کہ اپنی جان کو رسول کی جان سے زیادہ عزیز رکھتے انکی تو بھوک پیاس ساری مشقتین خدا کی راہ میں ایک ایک قدم اٹھانا دشمنونکو ڈرانا دھمکانا اُنپر فتح پانی یہ سب نیکی مین شمار کئے جاتے گھر مین بیٹھکر اُنھون نے اپنا ہی نقصان کیا۔ حاصل یہ ہی کہ اس آیۃ مین یہ بات تاکید کے ساتھہ جتلائی گئی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب لڑائی کو نکلین تو تم لوگ بھی اُنکا ساتھہ دو اور گھر مین بیٹھہ رہنا حرام کردیا گیا ہے۔ ایک جگہ اس تفسیر مین گذر چکا ہی کہ جہاد فرض کفایہ ہی جسکا مطلب یہ ہی کہ مسلمانونکی جماعت مین سے

کچھ لوگ بھی اس فرض کو ادا کریں تو باقی کے لوگونکے ذمہ سے یہ فرض ساقط ہوجاتا ہی لیکن تبوک کے سفر کیوقت بہت بڑے مقابلہ کا
ارادہ تہا اور جن لوگونکو کچھ عذر نہ تہا اون سبکو اللہ کے رسول نے خاص طور پر اس سفر مین چلنے کا حکم دیا تہا اسلئے جو لوگ بلا عذر اس
سفر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہہ نہین گئے اور اونھون نے اللہ کے رسول کے حکم کی حکم عدولی کی اللہ تعالی نے اس آیۃ مین
ایسے لوگونکو آیندہ کیلئے تنبیہ فرماکر عقبی کا اجر اونکو یاد دلایا ہی تاکہ آیندہ وہ اس طرح کی پہلوتہی نکرین اس سے معلوم ہوا کہ یہ آیۃ آگے کی
آیۃ سے منسوخ نہین ہی بلکہ خاص ضرورت کیوقت اس آیۃ کا حکم ہی اور عام حالت مین آگے کی آیۃ کا حکم ہی مسند امام احمد نسائی اور ابوداؤد
مین انس بن مالک کی حدیث ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شرک کے رفع کرنے کیلئے ہر یا ندار شخص کو مال سے ہاتہہ پاؤن
سے زبان سے جس طرح کا موقع ہو اس طرح کا جہاد کرنا چاہیے جسکا مطلب ہی کہ جب مسلمانون مین ہاتہہ پاؤن سے لڑنے کی طاقت ضعف
اسلام کے سبب سے نہ ہو تو زبان سے وعظ نصیحت کرکے شرک کو رفع کیا جاوے۔ انس بن مالک کی اس حدیث کو نسائی نے صحیح کہا ہے۔

وَلَا يُنْفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَّلَا كَبِيرَةً وَّلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ

اور نہ خرچ کرتے ہین خرچ کرنا چھوٹا یا بڑا اور نہ گذرتے ہین کوئی میدان مگر لکہتے ہین اون کے

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

واسطے کہ بدلا دے اونکو اللہ بہتر کام کا جو کرتے تہے

منزل ۲

اوپر کی آیۃ کی تاکید مین یہ پہر فرمایا کہ غازیون کے ہر ایک چہوٹے بڑے خرچ جو صرف اللہ ہی کیواسطے کیے جاوین یہانتک کہ ایک کہجور بہی
خلوص کے ساتہہ خدا کی راہ مین کہلانا۔ چلنا۔ پہرنا۔ جنگل اور بیابانونکو طے کرنا سب انکے نامہ اعمال مین لکہے جاتے ہین اور اچہے سے اچہا اس کا بدلہ
انکو دیا جائیگا مسند امام احمد مین عبداللہ بن امام احمد اس آیۃ کے متعلق عبدالرحمن بن خباب سلمی سے روایت کرتے ہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے لشکر تبوک کیلئے خطبہ پڑہکر لوگونسے لشکر کی تنگ حالی اشخاص کی مدد کرنیکو جب فرمایا تو حضرت امیرالمومنین عثمان بن عفان رضی اللہ
عنہ نے کہا مین نے سو اونٹ معہ ساز وسامان کے دئے پہر آپنے ترغیب لائی پہر حضرت عثمانؓ نے سو اونٹ دینے کو فرمایا پہر آپنے کہا پہر سو اونٹ
حضرت عثمان غنی رہنے دئے اور ایک ہزار اشرفیان حضرت کی گود مین لاکر ڈالدین کہ اس سے اس لشکر کا سامان درست کردیا جائے عبدالرحمن
بن خباب کی یہ حدیث ترمذی اور مستدرک حاکم مین بہی ہی اور عمران بن حصین کی ایک حدیث طبرانی کے حوالہ سے اوپر جو گزر چکی ہی اسمین بہی
یہ مضمون ہی غرض اس حدیث کی روایۃ کے چند طریق ہیں جسکے سبب سے ایک سند کو دوسری سند سے تقویت حاصل ہوجاتی ہی عبدالرحمن
بن خباب صحابی ہین اونھون نے آخر کو بصرہ مین سکونت اختیار کرلی تہی۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ

اور ایسے تو نہین مسلمان کہ سارے کوچ مین نکلین سو کیون نہ نکلے ہر فرقے مین سے انکے ایک حصہ تا سمجہ

ع ۱۵ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝

پیدا کرین دین مین اور تاخبر پہنچا دین اپنی قوم کو جب پہر اونکی طرف شاید وہ بچتے رہین

یہان مفسرونکا اختلاف ہی اکثر یہ کہتے ہین کہ جب جہاد کے لئے خدانے تاکید فرمائی اور گھرون مین بیٹھے رہنا منع فرمایا تو کل مسلمانون نے یہ صلاح کرلی کہ اب جب کبھی کوئی لڑائی ہوگی تو سب کے سب شریک ہوا کرین گے چنانچہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک سے پھر آئے اور ایک لڑائی پر لشکر بھیجنا چاہا تو سارے مسلمان جانے پر طیار ہوگئے اللہ تعالی نے یہ آیہ اوتاری اور فرمایا کہ سب نہ جاؤ کچھ لوگ دین کی باتین سیکھنے کو رہجاؤ اور جو نیا حکم قرآن کا اوتارا جائے یا شریعت مین کوئی نئی بات تبلائی جائے اسکو سمجھو اور جب تمہارے دوسرے بھائی جہاد سے واپس آوین تو انہین تبلاؤ بعضے کہتے ہین کہ یہ آیت ہی الگ ہی جہاد کی آیتونسے اسکو لگاؤ نہین ہی جس طرح جہاد مین گھر سے نکلنے کی تاکید ہی اوسی طرح علم دین سیکھنے کی تاکید کی گئی ہی اور فرمایا ہی کہ دین کی باتین سیکھکر آؤ اور اپنی قوم کو ہدایت کرو اور ڈراؤ تاکہ وہ برائیون سے بچین۔ پہلی تفسیر امام المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کے موافق ہی اسلیئے اسیکو ترجیح ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

اے ایمان والو لڑتے جاؤ اپنے نزدیک کے کافرون سے اور چاہئے اونپر معلوم ہو تمہارے

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

بیچمین سختی اور جانو کہ اللہ ساتھ ہے ڈر والون کے

اس آیہ مین خدا کا یہ حکم ہوا ہی کہ پہلے اُن کافرون سے جہاد شروع کرو جو تمہارے آس پاس کے رہنے والے ہین پھر انسے لڑو جو انسے قریب ہون اسی لئے حضرت پہلے اپنے ہی قبیلہ کے مشرکون اور کافرونسے لڑے پھر عرب کے اور کافرون مشرکونسے پھر اسکے بعد اور ملکون مین جاکر جہاد کیا اور یہ بھی فرمایا کہ جوانمردی کیساتھ لڑو۔ اوپر گزر چکا ہی کہ اب ضعف اسلام کے زمانہ مین جہاد کی ایک قسم زبانی وعظ و نصیحت کی باقی رہ گئی ہی اسلئے علمائے اسلام کو چاہیئے کہ پہلے اپنی مسکونت کی بستی مین وعظ و نصیحت کرکے لوگونکو راستہ پر لاوین پھر باہر کا قصد کرین تاکہ اس آیہ کی ہدایت کا عمل باتھہ سے نہ جاوے آخر آیہ مین فرمایا کہ شریعت کے امر و نہی کو مان کر دین الٰہی کی ترقی کی نیت سے جو لڑائی لڑی جاویگی تو اللہ ایسے متقی لڑنے والون کے ساتھہ اور انکا مددگار ہی جسکا مطلب ہی کہ کسی اور غرض سے لڑائی لڑی جاویگی تو نہ اسکو دین کی لڑائی قرار دیا جاویگا نہ اُس مین اللہ کی مدد کی امید ہوسکتی ہی۔ صحاح کی چھون کتابون مین ابو موسیٰ اشعری کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عقبی کے اجر کی وہی لڑائی ہی جس مین دین الٰہی کی ترقی کی نیت ہو اسکے سوا کسی اور لڑائی مین عقبی کے اجر کی امید نہین کی جاسکتی یہ حدیث آیہ کے آخری ٹکڑے کی گویا تفسیر ہی اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کمزوری کے حال مین مسلمانونکو اپنی بہادری دکھانیکے لئے کسی ایسے قوی مخالف سے لڑنا جس سے لڑنے مین بجا دین کی ترقی کی امید نہ ہو ایسی لڑائی کو بھی دین کی لڑائی نہین کہا جاسکتا

منزل ۲

وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

اور جب نازل ہوئی ایک سورت تو بعضے انمین کہتے ہین کسکو تم مین زیادہ کیا اس سورت نے ایمان سو جو لوگ یقین رکھتے ہین انکو زیادہ کیا ایمان

وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

اور وہ خوشوقتی کرتے ہین اور جن کے دل مین آزار ہے سو اونکو بڑہائی گندگی پر گندگی اور وہ مرے جب تک کافر رہے

ان آیتونمین بھی منافقونکی فضیحت بیان کی گئی ہی کہ جب کوئی سورہ اوترتی تھی تو مومنونسے دل لگی کرتے تھے کہ کہو سورہ اونرنے سے کس کس
کا ایمان بڑھا اصل مین وہ چاہتے تھے کہ یہ لوگ بھی ہماری طرح دین اسلام سے پھر جائین مگر جو لوگ سچے مومن تھے وہ سورہ اونرنے سے
بہت خوش ہوتے تھے کیونکہ اُنکو دنیا کے اندر بھی فائدہ پہونچتا تھا اور آخرت مین بھی ثواب کے حقدار ہوتے تھے اور منافق اپنی وہ عیب سنکر جو اُس سورہ
مین بیان کئے جاتے تھے اُنکے چھپانیکی کوشش کرتے تھے اسلیئے اللہ تعالی نے فرمایا کہ مومن تو نہال نہال ہوجاتے ہین اور اُنکا ایمان بھی پکا ہوجاتا ہی
ہان جنکے دلونمین شرک اور نفاق کی بیماری ہی اُنکی خباثت اور بڑھتی چلی جاتی ہی اسلیواسطے آدمی کو چاہیئے کہ جب کوئی اُسکا عیب ظاہر کرے تو برا نہ مانے
بلکہ اُسکو چھوڑنے کی کوشش کرے کیونکہ نیک بخت وہی ہی جو عیب کی باتونکو چھوڑدے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کے قول کیموافق قرآن شریف
کی نئی سورہ یا نئی آیتہ سے ایمان کے بڑہنے کا یہ مطلب ہی کہ مثلاً جب ہجرت سے پہلے فقط نماز ہی فرض تھی تو ہر ایماندار کے دلمین نماز کے رکن
اسلام ہونیکا یقین تھا اور زبانسے بھی ہر ایماندار شخص کو نماز کے رکن اسلام ہونیکا اقرار تھا پھر ہجرت کے بعد جب مثلاً رمضان کے روزونکی فرضیت
کا حکم نازل ہوا تو اُسکو بھی رکن اسلام جاننے اور اقرار کرنیمین اُنکی پہلے کی حالت مین گویا ایک ترقی ہوگئی کیونکہ پہلے مثلاً ایک چیز کا یقین اور
اقرار تھا تو اب دو چیزونکا ہوگیا۔ جو علما ایمان کے گھٹنے بڑہنے کے قائل نہیں ہین اُنکا اعتراض اس موقع پر یہ ہی کہ دلی یقین مین کمی تسلیم
کیجاویگی تو اُسکے یہ معنے ہونگے کہ دلی یقین پورا نہین ہی بلکہ اس میں ایک شک کی حالت ہی پھر اس طرح کے شک کی حالت والے شخص کو ایماندار
کیونکر کہا جاسکتا ہی جو علما ایمان کے گھٹنے بڑہنے کے قائل ہین وہ اس اعتراض کا یہ جواب دیتے ہین کہ بغیر تفصیل کے مجمل طور پر اس بات کا
یقین جس شخص کے دلمین ہی کہ اللہ کے رسول پر جو احکام نازل ہوئے ہین وہ بلاشک احکام الہی ہین اسقدر اجمالی یقین اُس شخص کے ایماندار ہونیکے منزل ۲
لئے کافی ہی کیونکہ اُسکے اس مجمل طور کے یقین مین کوئی شک و شبہ شریک نہین ہی اسلیئے اس مجمل طور کے یقین کو یہ نہین کہا جاسکتا کہ یہ
دلی یقین پورا نہین ہی ہان مثلاً جب ہجرت سے پہلے رمضان کے روزے فرض نہین ہوئے تھے تو اس مجمل طور کے یقین مین روزونکے اسلام ہونیکا
یقین تفصیلی طور پر نہین تھا جب ہجرت کے بعد رمضان کے روزے فرض ہوگئے تو اُس اجمالی یقین میں ایک تفصیلی حالت بڑھ گئی تفصیلی
معلومات کے بڑھ جانیسے علم مین ترقی کا ہوجانا ایک ایسا ظاہری مسئلہ ہی کہ جس مین زیادہ بحث کی گنجائش نہیں ہی کس لئے کہ مثلاً طب کے
علم کا ایک ناتجربہ کار طالبعلم اجمالی طور پر یہ تو طالب علمی کے زمانہ سے جانتا ہی کہ گرم مرض کا علاج ٹھنڈی دواؤن سے ہوتا ہی لیکن
تفصیلی طور پر ابھی اُسکو یہ معلوم نہین کہ کونسی ٹھنڈی دوا مرض کے کس موقع پر کس مقدار مین برتی جاتی ہی مدت کے تجربہ کے بعد جب
اُس طالب علم کو یہ سب باتین تفصیل سے معلوم ہوگئین تو اسکا کون انکار کرسکتا ہی کہ بہ نسبت پہلے کے اب اُسکے علم طب مین ترقی
ہوگئی۔ ایمان کے گھٹنے بڑہنے کی ایک صورت تو یہ تھی جس کا ذکر اوپر گزرا دوسری صورت یہ ہی کہ دلی یقین کا حال تو سوا اللہ تعالی کے کسی کو
معلوم نہین اسواسطے اکثر علما نیک عملونکو دلی یقین کے پورا اور ادھورے ہونیکی نشانی ٹھہراتے ہین اور نیک عملون مین زیادہ مصروف رہنے
والے شخص کو کامل الایمان اور کم مصروف رہنے والیکو ناقص الایمان کہتے ہین غرض یہ ایمان کے گھٹنے بڑہنے کا مسئلہ بڑا طول طویل ایک مسئلہ ہی جسکی
تفصیلی بحث بڑی کتابونمین ہی۔ ہر نیک کام کا اجر دس سے لیکر سات سو تک ہے اسلیئے جو نئی سورہ یا آیتہ نازل ہوتی تھی صحابہ اوسپر عمل کرنے
کو زیادتی اجر کا ذریعہ سمجھکر جدید احکام کے نزول پر خوشوقتی ظاہر کیا کرتے تھے۔ منافقونکا حال اسکے برعکس تھا ایک آیتہ پر اکہرا شک تو تھا

اور دوسری نئی آیۃ پر وہ دو چار ہو گیا اسلئے فرمایا کہ مرتے دم تک انکی روز بروز کی گندگی بڑھتی جاویگی صحیح بخاری و مسلم کی ابو سعید خدری کی حدیث اس تفسیر مین ایک جگہ گزر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احکام وحی کی مثال مینہ کی اور امت کے اچھے بُرے لوگونکی مثال اچھی بُری زمین کی فرمائی ہی جس کا حاصل یہ ہی کہ جس طرح اچھی بُری زمین مین مینہ تو ایک سان برستا ہی لیکن اچھی زمین مین اُسکا نتیجہ اور اثر مفید ہوتا ہی - اور بُری زمین مین نامفید اسیطرح اللہ کے رسول کی معرفت وحی آسمانی کے نصیحتی احکام تو اچھے بُرے سب لوگون کو اُسوقت ایک سان پہونچے اور سلسلہ بہ سلسلہ قیامت تک پہونچین گے مگر اللہ تعالی کے علم ازلی مین جو لوگ نیک قرار پا چکے تھے انپر اون احکام کا اثر مرتے دم تک نیک ہوا اور جو بد قرار پا چکے تھے انپر اُن احکام کا اثر برعکس - یہ حدیث اس آیۃ کی گویا تفسیر ہے - بخار کھانسی وغیرہ جس طرح جسمانی مرض کہلاتے ہین - نفاق ریاکاری اسی طرح دلی امراض ہین اسی واسطے نفاق کو دلکا مرض فرمایا صحیح مسلم کے حوالہ سے ابو ہریرہؓ کی حدیث ایک جگہ گذر چکی ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی لوگون کے جسمون اور صورتون کو نہین دیکھتا بلکہ اللہ تعالی تو لوگونکے دلونکو دیکھتا ہے کہ قلبی امراض سے اُنکے دل کہان تک پاک و صاف ہین صحیح بخاری و مسلم مین نعمانؓ بن بشیر کی حدیث ہی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا آدمی کے جسم مین دل ایک ایسی چیز ہے کہ اگر وہ اچھی حالت مین ہے تو آدمی کا سارا جسم اچھی حالت مین ہی نعمان بن بشیر کی یہ حدیث ابو ہریرہ کی حدیث کی گویا تفسیر ہے دونون حدیثونکو ملانے سے حاصل مطلب ہوا کہ اللہ تعالی کی نظر خاص آدمی کے دلکی حالت پر ہی اگر امراض قلبی سے اُسکا دل پاک ہے تو ہاتھ پاؤن زبان سب اعضا کی عبادت اُسکی مقبول ہی نہین تو نہین یہ حدیثین بھی گویا آیۃ کی تفسیر ہین

منزل ۲

أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ

یہ نہین دیکھتے کہ وہ اتنے امتحان آزمائش مین ہر برس ایک بار یا دو بار پھر توبہ نہین کرتے اور نہ نصیحت پکڑتے ہین اور جب نازل ہوئی ایک سورۃ

نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ۝

دیکھنے لگے ایک دوسرے کی طرف کہ کوئی دیکھتا بھی ہے تمکو پھر چلے گئے پھیر دئے ہین اللہ نے دل اُنکے اسواسطے کہ وہ لوگ ہین کہ سمجھ نہین رکھتے

اللہ پاک تعجب کے ساتھ منافقونکا حال بیان فرماتا ہی کہ ہر سال ایک دو دفعہ انکی آزمائش ہوتی ہی قحط بھی پڑتا ہی بیماریونکی مصیبت جھیلتے ہین مگر یہ ہی نفاق مین الیسے ڈھیٹ ہین کہ نہ توبہ کرتے ہین نہ آیندہ خوف کرتے ہین اور جب کوئی سورۃ اترتی ہی تو انمین اپنی غیب کو سنکر ایک دوسرے کو دیکھنے لگتا ہی کہ کسی نے ہماری طرف دیکھا تو نہین اور وہان سے بکر سرک جاتے ہین اور ندمت کی آیۃ یا سورۃ کو پورے طور پر نہین سنتے ابن ماجہ مین ابن عمرؓ سے روایۃ ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تونسے کے وبال سے اکثر قحط پڑا کرتا ہی اس حدیث کی سند مین اگرچہ ایک راوی خالد بن یزید بن عبد الرحمن ضعیف ہی لیکن مستدرک حاکم اور بیہقی مین بعض روایتین اس مضمون کی ہین جنسے اس حدیث کی سند کو تقویت حاصل ہو جاتی ہی اس حدیث سے آیۃ کی یہ تفسیر ہو سکتی ہی کہ جسطرح منافقونکے نفاق کے سبب سے قحط کی بلا آتی ہی اسیطرح کم تولنے سے خالص مسلمانونپر بھی یہ بلا آتی ہی صحیح مسلم کے حوالہ عبد اللہ بن عمرؓ کی حدیث اوپر گذر چکی ہی جس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقونکا حال اُس بکری کے مانند فرمایا ہی جو اپنے ریوڑ کو چھوڑ کر ادہر اودہر بھٹکتی پھرتی ہے یہ حدیث منافقونکا نا سمجھ ہونیکی گویا تفسیر ہے کہ یہ لوگ اپنی نافہمی کے سبب سے نہ مسلمانونکے گروہ مین ہین نہ منکرین اسلام لوگونکے گروہ مین رہ مجاہد کے قول کے موافق فتنہ کے معنے یہان قحط و بیماری اور اسی طرح کی آفتون کے ہین -

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیا ہی تم پاس رسول تم مین کا ہماری ہوئی ہی اوسپر جو تم تکلیف پاؤ تلاش رکہتا ہے تمہاری ایمان والو پر شفقت رکہتا مہربان

ایسے پاک اپنے بندو پر اپنا احسان جتلاتا ہی کہ اللہ تعالی نے تمپر ایسا رسول بہیجا جو تمہاری طرح وہ بھی آدمی ہی تمہاری زبان بولتا ہی تمہارا ہمجنس ہی تمہاری تکلیف اور محنت گوارا نہیں کرتا وہ دسے چاہتا ہی کہ تم سب کے سب سچے دسے مسلمان ہو جاؤ۔ اس آیت کے متعلق حضرت ابن عباس نے جو کچہ فرمایا ہے اسکا مطلب ہی کہ عرب کے کل قبیلے نسے حضرت کا رشتہ ملتا ہی اسی لئے اللہ جل شانہ نے فرمایا ایسا رسول آیا جو تم مین سے ہی بلکہ عرب کے سارے قبیلو نسے اپ حسب نسب مین اچھے ہین کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد مین حضرت اسمعیل علیہ السلام زیادہ عزت والے تھے انکی اولاد مین بنی کنانہ کو مرتبہ حاصل ہوا بنی کنانہ مین قریش زیادہ عزت والے تھے اور قریش مین بنی ہاشم نے زیادہ مرتبہ پایا بنی ہاشم مین حضرت عبد المطلب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کو زیادہ عزت حاصل ہوئی اور حضرت عبد المطلب کے خاندان مین حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ ناقابل اعتراض سند سے امام احمد حضرت عبد اللہ ابن عباس سے یون روایت کرتے ہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک روز مین سوتا تہا دو فرشتے میرے پاس آئے ایک سرہانے دوسرا ایک پائنتی بیٹھ گیا پائنتی کے فرشتے نے سرہانے کے فرشتے سے یون کہا کہ انکی اور انکی امت کی کہاوت ایسی ہی جیسے چند مسافر مفلس ہو کر کسی جگہ بیٹھ گئے ہون انکے پاس اتنا خرچ نہو کہ وہ اپنے گہر کو پلٹ آوین یا آگے کو رخ کرین اتنے مین ایک بزرگ آدمی آکر انسے کہے کہ مین تمہین اچھے اچھے باغ اور عمدہ عمدہ مکان مین لے چلونگا اگر تم چلنے پر راضی ہو تو میری تابعداری اختیار کرو وہ لوگ تابعداری کا اقرار کرین اور وہ بزرگ مدد انکو لیکر وہین پہونچے جہان کا وعدہ کیا تہا وہ لوگ تھوڑے دنون مین عیش مین رہکر اور کہا پیکر خوب موٹے تازے ہو جائین پہر وہ بزرگ انسے کہے کہ دیکھو مینے تم سے جس جگہ کا وعدہ کیا تہا وہان پہونچا دیا اب اس سے آگے اور بھی اچھے اچھے باغ اور مکان ہین تابعداری کی شرط کرو تو میرے ساتہہ چلے چلو بعضے تو انمین سے اس شرط پر راضی ہو جائین اور بعضے کہین کہ ہم کو تو یہی جگہ پسند ہی اب یہانسے کہان جائین۔ حاصل مطلب یہ ہی کہ اللہ کے رسول کے طفیل سے مسلمانون مین ایک مدت تک دنیا کی بڑی خوشحالی رہی اب اس خوشحالی مین بعضے اللہ کے بندون نے تو دنیا کی خوشحالی کے علاوہ عقبی کی خوشحالی بھی حاصل کی اور بعضے لوگ دنیا کی خوشحالی پر اسقدر گرویدہ ہوئے کہ اونھون نے اپنی عقبی کی دائمی خوشحالی مین خاک ڈالدیا ۱۲

منزل ۲

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

پہر اگر وہ پہر جاوین تو تو کہہ بس ہے مجکو اللہ کسی کی بندگی نہین سوائے اسکے اوسی پر مین نے بہروسا کیا اور وہی ہی صاحب بڑے تخت کا

اس آیت اور اسکے اوپر کی آیۃ کی متعلق ابی بن کعب فرماتے ہین کہ قرآن مین سب آیتون سے پیچے یہ دونون آیتین اوتری ہین حضرت ابو بکر صدیق کی خلافت کے زمانہ مین جسوقت قرآن مجید اکٹہا کیا جا رہا تہا تو حضرت عمر نے فرمایا اگر اسکے ساتہہ اور ایک آیۃ بھی ہوتی یعنے تین آیتین ہوتین تو مین انکو علیحدہ ایک سورۃ کر دیتا بہرحال یہ سورۃ توبہ بڑی مبارک سورۃ ہی معتبر سند سے ابو داؤد مین حضرت ابو درداء سے روایت ہی کہ جو شخص ہر روز صبح و شام حسبی اللہ لا الہ الا ہو علیہ توکلت وہو رب العرش العظیم سات مرتبہ پڑہ لیا کرے تو خدا اسکی ساری مشکلین آسان کریگا اگرچہ ابو درداء کی یہ روایت موقوف ہی لیکن اسطرح کی موقوف روایتین حدیث نبوی کے حکم مین ہوا کرتی ہین کیونکہ صحابہ اپنی طرف سے ایسا مضمون بیان نہین کر سکتے۔ صحابہ جن روایتو کو آنحضرت صلعم تک نہین پہونچا ایسی روایتو کا سلسلہ صحابہ تک موقوف رہتا ہی اسلئے ایسی روایتو کو موقوف کہتے ہین

مختصر فہرست کتب افضل الاخبار بک ایجنسی دہلی

بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام عربی مع حواشی

ہر دو حصہ کامل

مصنفہ علامہ شیخ ابن حجر عسقلانی رح جو متون حدیث میں ایک نہایت مشہور اور مفید متن بڑی محنت اور جانفشانی سے مرتب کیا ہے اور چھپتے وقت ان چند ضروری اور مفید باتوں کی رعایت کیگئی ہے جو کسی مطبع نے اسکے چھاپنے کیوقت نہیں کی تھی سب سے بڑی مفید بات یہ ہے کہ کتاب کی تہذیب و تحشی ایسی عمدی سے کیگئی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ علامہ زمن جناب مولنا مولوی حاجی سید احمد حسن صاحب سابق اول تعلقدار حیدرآباد دکن رئیس دہلی نے اسکی تحشی و تہذیب میں جو محنت اٹھائی ہے اسکا اندازہ تو کتاب کے پڑھنے ہی سے ہوگا لیکن بطور مالا یدرک کلہ لا یدرک کلہ حواشی کی چند خوبیاں مختصر عرض کیجاتی ہیں (۱) جن کتابوں کی احادیث متن میں نقل کیگئی ہے مؤلف نے ان سب کتابوں کا انتخاب کے خیال سے متن میں نام نہیں بتلایا تھا۔ ان حواشی میں تمام کتب کا نام بتلادیا گیا ہے تاکہ حدیث کی تخریج پوری ہوجاوے (۲) بعض جگہ مؤلف نے مجمل طور پر کسی حدیث کا ضعف بتلایا تھا مگر اسکا سبب کچھ نہیں بتلایا تھا ان حواشی میں ضعف کے سبب کی پوری تفصیل کردیگئی ہے (۳) کسی ضعیف حدیث کی تقویت جہانتک دوسری حدیث سے ممکن تھی کردیگئی ہے تاکہ صحت حدیث میں کوئی حالت منتظرہ باقی نہ رہے (۴) اختصار کے خیال سے متن میں مؤلف نے کسی حدیث کو ادھورا نقل کیا تھا تو اسکو پورا کردیا گیا ہے (۵) متن کی دو حدیثوں میں جہاں تعارض تھا اسکو اچھی طرح رفع کردیا گیا ہے (۶) مجتہدین نے اپنے جس حدیث سے کچھ استدلال کیا تھا وہ بیان کردیا گیا ہے (۷) متن کی شرح کے علاوہ حدیث کی دس بارہ اور کتابوں سے مدد لیکر متن کو اس طرح حل کردیا ہے کہ طلبہ کو مطلب سمجھنے میں بہت آسانی ہوگئی (۸) متن کے تمام غریب لغات کو اچھی طرح واضح و ملخص کردیا گیا ہے (۹) جس کتاب سے ماخذ سمجھا گیا ہے حواشی کے قوسین کے آخر میں اسکا نام لکھدیا ہے تاکہ ضرورت کے وقت اصل کتاب سے رجوع کیا جاسکے (۱۰) چند اقوال میں جو قول راجح تھا وہ ان حواشی میں لکھدیا ہے تاکہ مسئلے کا قول راجح معلوم ہوجاوے (۱۱) حاشیے کے اخیر میں ایک خاتمہ لکھدیا ہے جس سے کتب ماخذہ المتن کے مؤلفین کا اور خود مؤلف کا حال معلوم ہوسکے قیمت مع

منیجر افضل الاخبار دہلی سے طلب فرمائیں